ظاہر ہے کہ اگر نفع کی مقدار کا پیمانہ اب بھی وہی رکھا جائے جو پچھلے برسوں میں رہا ہے تو مفاد عامہ کے وہ مقاصد پورے نہیں ہو سکتے جن کی طرف میں نے ابھی اشارہ کیا ۔ آمدنی اور خرچ کا جو گوشوارہ اس وقت آپ کے سامنے آئے گا اس سے اس پالیسی کی وضاحت ہو جائے گی کہ حکومت ریلوے کے محکمے کو نہ صرف ایک مضبوط نفع بخش کاروباری ادارے کی حیثیت سے چلانا چاہتی ہے بلکہ اسے مفاد عامہ کا ایک وسیع

ادارہ بھی بنانا مطلوب ہے ۔ اس پالیسی کا نتیجہ یہ ہؤا ہے کہ سال رواں میں اگرچہ آمدنی میں اضافہ ہؤا ہے اور توقع ہے کہ اگلے سال اس اضافے کی مقدار اور بھی بڑھے گی ۔ لیکن بجٹ کی رقم میں کمی آ گئی ہے نچلے درجے کے مسافروں کے لیے زیادہ سہولتیں مہیا کرنے اور ریلوے کے عملے کے لئے کام اور رہن سہن کے حالات کو بہتر بنانے پر ایک بڑی رقم خرچ ہو چکی ہے ۔ ریلوے کے جملہ ملازموں کی تنخواہوں میں سے ''نان گزٹیڈ'' عملے کی تنخواہوں میں معقول اضافہ ہو جانے کے بعد ریلوے کے شانوں کا بوجھ اور بھی بڑھ گیا ہے ۔ اس کے علاوہ ریلوے کے پرانے سامان کو ہٹا کر اس کی جگہ نیا سامان لگانے اور مختلف درجے کے مسافروں کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں اور آسائشیں مہیا کرنے میں بھی ریلوے عظیم مصارف کر رہی ہے اور یہ مصارف برابر بڑھتے چلے جائیں گے کیونکہ چیزوں کی قیمتوں میں برابر اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔

ایک اور چیز جس نے ریلوے کی مالیات پر اثر ڈالا ہے یہ ہے کہ سڑکوں کی ترقی اور ان کی وجہ سے حمل و نقل کے غیر معمولی اضافے سے ریلوے کی آمدنی پر برا اثر پڑ رہا ہے ۔ اگرچہ اس کے باوجود ریلوے نے سہولتوں کے اس اعلیٰ معیار میں نہ صرف کمی نہیں آنے دی جو وہ پبلک کو اب تک پہنچاتی رہی ہے ۔ بلکہ اس صورت حال کا ایک نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اسے جو آمدنی اونچی شرح بار برداری والی اشیاء سے ہوتی تھی اس میں بہت کمی آ گئی ہے ۔ اس کے خلاف ملک میں ترقیاتی سرگرمیوں کے اضافے کے ساتھ ساتھ کم شرح باربرداری والی اشیاء کے حمل و نقل کی مقدار میں برابر اضافہ ہوتا رہا ہے ۔ اور اس نوع کی باربرداری سے وہ خرچ بھی پورا نہیں ہوتا جو ریلوے کو اس سلسلے میں کرنا پڑتا ہے ۔ یہ بات صرف پاکستان ویسٹرن ریلوے کے لئے مخصوص نہیں ہے بلکہ دنیا کے ہر حصے میں ریلوے کو اس صورت حال کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے ۔ اس صورت حال کے باوجود ریلوے اپنی بساط کے مطابق اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے میں برابر مصروف ہے اگرچہ مقابلے کے باعث اسے نرخوں کی بعض شرحیں گھٹانی پڑ رہی ہیں ۔ سال رواں اور اگلے سال کے کاروبار کے جو مالی نتائج میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ان کے صحیح محاکمے کے لئے اس پس منظر کو نگاہ میں رکھنا ضروری ہے ۔

۱۹۶۲ء - ۱۹۶۳ء کے نظر ثانی شدہ تخمینے

سال رواں کے مالیاتی تخمینے میں آمدنی کا اندازہ ۴۷٫۲۶ کروڑ تھا - اور خرچ کا اندازہ ۳۶٫۷۱ کروڑ اور اس طرح ۱۰٫۵۵ کروڑ کی بچت ہوتی تھی - مرکزی حکومت کو اس کے بنیادی سرمائے کے نفع میں جو رقم دی جاتی ہے وہ ۴٫۷۲ کروڑ ہے چنانچہ آمدنی میں سے یہ رقم نکال دینے کے بعد خالص نفع کی رقم ۵٫۸۳ کروڑ رہ جاتی ہے اس رقم میں سے ۷۵ لاکھ روپیہ ریلوے کے ترقیاتی فنڈ Improvement Fund میں دے دیا گیا - اس کے بعد ۵٫۸ کروڑ کی جو رقم بچی وہ فرسودگی کے سرمایہ محفوظ (Depreciation Reserve Fund) میں چلی گئی

نظر ثانی شدہ تخمینے میں آمدنی کی رقم ۱٫۲۵ کروڑ کے اضافے سے ۴۸٫۵۱ کروڑ ہو گئی - اور خرچ میں ۴٫۱۵ کروڑ کے اضافے کے بعد خرچ کی رقم ۴۰٫۸۶ کروڑ ہو گئی - اس طرح مجموعی نفع بقدر ۷٫۶۵ کروڑ کے کم ہو گیا - مرکزی حکومت کو ادا کئے جانے والے سود یا نفع میں ۱۳ لاکھ کا اضافہ ہو کر وہ رقم ۴٫۸۴ کروڑ ہوگئی اور اس طرح خالص نفع کم ہو کر ۲٫۸۱ کروڑ رہ گیا - اب تجویز ہے کہ ترقیاتی فنڈ میں ۷۵ لاکھ کی بجائے ۲۱ لاکھ داخل کئے جائیں - اس عمل سے فرسودگی کے سرمایہ محفوظ میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کا مزید اضافہ ہو جائے گا -

۹- نظر ثانی شدہ تخمینے میں ۱٫۲۵ کروڑ روپے کا جو اضافہ دکھایا گیا ہے وہ آمدنی کے تمام مختلف شعبوں کے ذریعے حاصل ہوا ہے - سال رواں کے ابتدائی حصے میں آمدنی بجٹ کے تخمینے سے گر گئی تھی - لیکن اس کے بعد نقل و حمل کی کیفیت ریلوے کے بعض اقدامات سے بہتر ہو گئی - ان اقدامات میں کئی امور شامل تھے- مثلاً مسابقتی شرحوں (Competitive Rates) کا اجراء، پتھر اور لکڑی کے کوئلے اور چارے کے محصولوں میں معمولی سا اضافہ - گاڑیوں کی تعداد میں اضافہ وغیرہ مسافر گاڑیوں کی آمدنی میں اضافے کے بھی کئی اسباب ہیں - مثلاً ان کی تعداد میں اضافہ اور رفتار میں تیزی جس کے نتیجے میں اکثر بڑے بڑے اسٹیشنوں کے درمیان سفر کا وقت پہلے سے کم ہو گیا نیز پبلک کے مشوروں کے مطابق گاڑیوں کے اوقات میں تبدیلی پھر مال گاڑیوں میں بار برداری سے جو آمدنی ہوتی ہے اس میں اس لئے اضافہ ہوا کہ کپاس، چاول، تلہن اور کھریا مٹی کی بر آمد اور لوہے فولاد، جلانے کے تیل اور سال کے آخری حصے میں کھادوں اور گندم کی در آمد میں بھی اضافہ ہوا - اس کے علاوہ سیمنٹ، آٹے، لکڑی، کوئلے اور بالوں کی نقل و حمل

بھی ایک خاصی حد تک بڑھ گئی ۔ مزید بر آں مسافروں کی تعداد اور آمدنی بڑھانے کے سلسلے میں بھی بعض اور اقدامات کئے گئے ۔ مثلاً سواری گاڑیوں کے لئے بعض نئے اسٹیشن اور ہالٹ بنائے گئے ۔

۱۰ ۔ مجموعی خرچ میں ۴٫۱۵ کروڑ کا اضافہ، خصوصیت سے مندرجہ ذیل اسباب کی بنا پر ہوا ۔

(الف) فرسودگی کے سرمائے میں ۱٫۶۳ کروڑ کے اضافے کی بناء پر یہ رقم ۴٫۳ کروڑ ہو گئی ۔

(ب) کم تنخواہ پانے والے ملازموں میں ۱٫۴۵ کروڑ کا اضافہ ہو گیا ۔ اس کی تفصیل یہ ہے ۔

۱۔ سال رواں میں عارضی امداد کی منظوری ۔

۲۔ صنعتی عدالت (Industrial Court) کے اس فیصلے کا نفاذ جو اس نے اس صنعتی نزاع کے سلسلے میں دیا جو ۱۹۶۰ء میں شروع ہوا تھا ۔ اور

(ج) بڑی تعداد میں نئی سواری گاڑیوں کے جاری ہونے اور ریل کے ڈبوں کے زیادہ استعمال کے باعث ان کی مرمت اور درستی پر زیادہ روپیہ خرچ ہوا ۔

جہاں تک فرسودگی کے سرمایہ محفوظ میں روپیہ داخل کرنے کا سوال ہے اس ضمن میں عام رواج یہ تھا کہ مجموعی سرمائے کا $\frac{1}{30}$ اس سرمائے میں داخل کیا جاتا تھا ۔ اس حساب سے مالی سال رواں میں یہ رقم ۴٫۳۰ کروڑ ہونی چاہیے تھی لیکن سال رواں کے بجٹ میں اس مد میں صرف ۳٫۶۸ کروڑ رکھا گیا ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجموعی نفع کی رقم دیکھنے میں اس سے زیادہ معلوم ہونے لگی جتنی کہ وہ حقیقت میں تھی ۔ میں نے اس کی اصلاح کر دی ہے جس کی وجہ سے ۱٫۶۲ کروڑ روپے کی ایک مد خرچ کی نکل آئی ہے ۔ نتیجہ اس نسبت سے منافع میں کمی واقع ہو گئی ہے ۔ لیکن اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ منافع میں سچ مچ کمی آ گئی ہے بلکہ صحیح بات یہ ہے کہ اب صورت حال کا حقیقی تجزیہ ہوا ہے اور حساب کی ایک اہم غلطی جو پچھلے سال تھی دور ہو گئی ہے ۔

۱۹۶۳-۱۹۶۴ء کی آمدنی کا تخمینہ

۱۱۔ سال ۱۹۶۳-۱۹۶۴ء کی آمدنی کا تخمینہ ۹۷٫۶ کروڑ ہے ۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سال رواں کے نظر ثانی کردہ تخمینوں پر ۱٫۲۵ کروڑ کا اضافہ ہو گا ۔ اس تخمینے کا انحصار ٹریفک پر ہے ۔ جو ملک کی ترقیاتی سرگرمیوں کی وجہ سے بڑھ رہا ہے ۔ آئندہ سال آمدنی کے اور بڑھنے کا امکان

ہے اور اس کی وجوہ قومی اور صنعتی پیداوار میں متوقع ترقی، انڈس بیسن ریپلیسمینٹ ورکس کی تعمیر میں تیزی اور کسی حد تک ریلوے کے نرخ ناموں کی تنظیم جدید اور منطقی ہم آہنگی بھی ہے ۔ اس سلسلے میں یہ بھی ذکر کر دینا چاہیے کہ کرایوں کی شرحوں کی تنظیم جدید اور نرخ ناموں کو آسان بنانے کی ضرورت ایک عرصے سے محسوس کی جاتی رہی تھی ۔ اس مقصد کے لئے مرکزی حکومت نے ایک افسر خاص (Officer, On-special-duty) مقرر کیا تھا ۔ لیکن اس سے پہلے کہ کوئی فیصلہ ہوتا محکمہ ریلوے کو صوبائی تحویل میں دے دیا گیا ۔ اور چونکہ زیادہ کرایوں والا ٹریفک سڑکوں کے ذریعے ہوتا ہے اور کم نرخوں والا ریلوے کے ذریعے اس لئے بھی یہ نہایت ضروری ہو گیا ہے کہ کرایوں کی جدولوں پر نظر ثانی کی جائے اور شرحوں کے پورے ڈھانچے کو ایک اصولی انداز سے ایک واضح سکیم کے ماتحت بدلا جائے ۔ بہ الفاظ دیگر وہ کرائے جن سے ریلوے کو کوئی یافت نہیں ہوتی، بلکہ ان سے متعلقہ خرچ بھی پورا نہیں ہوتا ۔ قدرے بڑھا دیے جائیں ۔ تاکہ یہ اطمینان ہو جائے کہ ریلوے اپنا خرچ تو نکال رہی ہے اور دوسری طرف بعض ایسی اشیاء کے کرائے کچھ کم کر دیے جائیں جن کی شرح اونچی ہے ۔ تاکہ ریل گاڑی سڑکوں کے ٹریفک کے ساتھ کامیابی سے مقابلہ کر سکے ۔ حکومت نے یہ سفارشات منظور کر لی ہیں اور آئندہ مالی سال کے دوران میں اس پر عمل در آمد بھی شروع ہوجائے گا

ان سفارشات پر عمل در آمد ہونے کا مالی اثر یہ ہو گا کہ کم کرائے والی اشیاء میں سے بعض کے کرائے بڑھ جانے سے آمدنی میں قریباً دو فیصدی کا اضافہ ہو جائے گا ۔ اس بات کے پیش نظر کہ مصارف میں کچھ اضافہ اجرتوں کے بڑھنے سے ہوا ہے اور کچھ اضافہ ذخیرہ کرنے کے اخراجات زیادہ ہو جانے کی وجہ سے ہوا ہے، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے ۔ یہاں یہ ذکر بے محل نہ ہو گا کہ ۱۹۳۹ء کے بعد سے جب کہ چیزوں کی قیمتیں جنگ کے ہمہ گیر دباؤ کی وجہ سے ہر جگہ بڑھ رہی تھیں مال و اسباب کے کرایوں میں اوسطاً تقریباً ۵۰ فیصدی کا اضافہ ہوا ہے ۔ لیکن دوسری طرف سامان اور اشیائے کار کی قیمتیں چار پانچ گنا بڑھ گئی ہیں ۔ چنانچہ اخراجات کی بنیاد پر کرائے اور زیادہ بڑھنے چاہئیں تھے ۔ لیکن حکومت نے فقط وہی اضافے کئے ہیں جو قطعی طور پر ضروری تھے ۔ میں یہ کہنے میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ پاکستان ریلوے کے کرایوں کی شرح آج بھی دنیا بھر کے کرایوں سے کم ہے اور اس کلیے میں ہندوستان بھی شامل ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

۱۲ - ۱۹۶۳-۱۹۶۴ء کے کل اخراجات کا تخمینہ ۴۳۰۳۲ کروڑ کے درمیان ہے - یہ اخراجات سال رواں کے ۴۰۰۸۶ کروڑ کے نظر ثانی کردہ تخمینے سے بقدر ۲۰۴۶ کروڑ زیادہ ہوں گے - اس اضافے میں روز مرہ مصارف کا زائد خرچ ۱۰۶۱ کروڑ ہو گا - باقی اضافہ غیر ملکی قرضوں سے متعلقہ اخراجات کے باعث ہو گا - جن میں قرضوں کی قسط وار ادائیگی بھی شامل ہے- روز مرہ کے اخراجات میں اضافہ زیادہ تر تنخواہوں میں اضافے کے باعث ہوا ہے - جس کی منظوری حکومت نے دسمبر ۱۹۶۲ء سے دی ہے - اور جس پر عمل در آمد آنے والے مالی سال میں ہو گا - اس ضمن میں اضافے کا اندازہ ۷۵ لاکھ روپے کیا گیا ہے - نقل و حمل کی زائد سرگرمیوں اور نگرانی کے زائد انتظامات پر ۸۵ لاکھ روپے کا خرچ اور ہو گا -

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے گورنر مغربی پاکستان اور صدر پاکستان کی خواہشات اور ہدایت کے مطابق میں مسافروں کی سہولت اور عملے کی بہبود پر زیادہ توجہ کرنا چاہتا ہوں - چنانچہ میں سولہ لاکھ روپے کے زائد خرچ کی گنجائش پیدا کر رہا ہوں - جس کی ادائیگی براہ راست آمد کی مد میں سے ہو گی - بنیادی کاموں کی بڑی مرمتوں اور نئے نئے چھوٹے کاموں پر بھی زیادہ زور دیا جا رہا ہے - چنانچہ اس مد میں ۳۷,۰۰,۰۰ لاکھ کا زائد خرچ در پیش ہے - طغیانی کی وجہ سے فوری مرمتوں کے لئے دس لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے - مسافروں کی سہولت کی مد میں زیادہ مصارف کی گنجائش رکھنا اس وجہ سے ممکن ہو گیا ہے کہ ہم ایندھن کے بل میں خاص بچت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں - کیونکہ ہمیں پاکستان ریفائنری سے ایندھن کا تیل کم نرخ پر دستیاب ہونے لگا ہے - ایندھن کے تیل کے بل میں ہماری بچت (۶۵,۰۰,۰۰۰) پینسٹھ لاکھ کے قریب ہو گی -

۱۳- آئندہ سال ریلوے کے مجموعی منافع کا تخمینہ ۸۰۴۴ کروڑ ہے جس میں مرکزی امداد کی دو کروڑ کی وہ رقم بھی شامل ہے - جو مرکزی حکومت کے پاس پڑی تھی - ریلوے میں مرکزی اور صوبائی حکومت کے لگائے ہوئے سرمائے پر چار فیصد سود کی شرح سے ۵۰۱۴ کروڑ روپے کی رقم ادائیگی کے بعد ۳۰۳۰ کروڑ روپے کے خالص منافع کی صورت میں بچ جائیں گے - تجویز یہ ہے اکتالیس لاکھ ۴۱۰۰,۰۰۰ لاکھ روپے کی مزید رقم اصلاح و ترقی کے فنڈ میں ڈال دی جائے تاکہ اس فنڈ سے آئندہ سال برآمد ہونے والی وہ جملہ رقوم جو ہمارے اپنے روپوں کی صورت میں ہوں گی - ترقیاتی پروگرام منظور شدہ مصارف کے کفیل ہو جائیں-۲۰۸۹ کروڑ بقایا رقم کے متعلق تجویز ہے کہ اسے فرسودگی کے سرمایہ محفوظ کے فنڈ

کے طور پر امداد کے طور پر استعمال کیا جائے۔ تاکہ آنے والے برسوں کے اخراجات میں جو اضافہ ہو اس کے لئے گنجائش پیدا ہو جائے۔

ٹریفک کی صورت حال

۱۴۔ سال ما سبق کے مقابلے میں اس سال ٹریفک کے رجحانات میں اہم تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں ۔ جس سے ویگنوں کے استعمال پر بڑا اثر پڑا ہے ۔ بڑی بڑی تبدیلیاں یہ ہیں ۔

(ا) کراچی بندرگاہ کے علاقے میں کافی حد تک برامدی ٹریفک بڑھ گئی ہے ۔ اور درآمدی ٹریفک میں کمی واقع ہو گئی ہے ۔ جس سے سنگین قسم کا عدم توازن پیدا ہوگیا ہے۔ درآمدی اشیاء مثلاً گندم چاول کوئلہ اور برآمدی اشیاء سیمنٹ ۔ چاول ۔ کپاس کی مقدار کا فرق سال کے پہلے نو مہینوں میں خاصی حد تک بڑھ گیا ہے ۔ دوسرے لفظوں میں خالی ویگنوں کی ایک بڑی تعداد بندرگاہ سے باہر لے جانی پڑی ۔ یہی ویگنیں گزشتہ سال درآمدی اشیاء لے جانے کے لئے پوری طرح استعمال میں آتی رہی تھیں ۔ ماہ اپریل سے البتہ گندم اور کھاد وغیرہ کی درآمدی کا دباؤ پھر بڑھ گیا ہے ۔

(ب) ملکی کوئلے کی بھرائی خاص طور سے بلوچستان کے علاقے میں بہت ہو رہی ہے۔ اور انڈس ریلیسپمنٹ ورکس کی تعمیر کی وجہ سے پتھر اور بجری ڈھونے کے لئے بھی ویگنوں کی ضرورت ہے ۔ اس لئے بھی کراچی بندرگاہ کے علاقےمیں خالی ویگنوں کو باہر لے جانا ضروری ٹھہرا ۔

۱۵۔ ٹریفک کے رجحانات میں جو اہم تبدیلیاں ہوئی ہیں اور جن کا ویگنوں کے استعمال پر برا اثر پڑا ۔ یہ ویگنیں سال رواں کے پہلے چھ مہینوں میں عام طور پر آسانی سے دستیاب ہوتی رہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اوسطاً ۳ ہزار ویگنیں فالتو پڑی رہیں ۔ اگست ۱۹۶۲ء میں ویگنوں کی مانگ انتہائی کم رہی ۔ یعنی ایک ہزار سے کچھ ہی زیادہ ویگنوں کی ضرورت پڑی ۔ ان کی مانگ دسمبر میں بڑھنی شروع ہوئی اور اپریل کے آخر میں انتہا کو پہنچ گئی ۔ جب کہ مطلوبہ ویگنوں کی تعداد ۹۷۷۶ تھی ۔ ریلوے نے اس مانگ کو پورا کرنے کی پوری پوری کوشش کی ۔ اور روز مرہ کی بھرائی عموماً تسلی بخش رہی ۔ ماہ مارچ

میں بھرائی والی ویگنوں کی تعداد اتنی زیادہ ہوئی کہ آج تک کسی مہینے میں اتنی نہیں ہوئی تھی ۔ ان ویگنوں کی تعداد جن میں زیادہ تر عام استعمال کی اشیاء بھری گئیں ۔ پچھلے سال کی بہ نسبت خاصی زیادہ تھی ۔ اس طرح ان ویگنوں کی تعداد میں جن میں چاول بھرے گئے سو فیصد کا اضافہ ہوا ۔ اور سیمنٹ ۔ کپاس کی ویگنوں میں علےالترتیب ۴۰ فیصد اور ۵۰ فیصد کا اضافہ ہوا ۔ بلوچستان کے علاقے سے کوئلوں کی بھرائی کے لئے ویگنوں کی بہت مانگ رہی ۔ کوئٹہ ڈویژن سے اس سال جتنی ویگنوں میں کوئلہ بھرا گیا ۔ ان کی تعداد پچھلے سال کی بہ نسبت ۱۰ فیصد زیادہ تھی ۔ مزید برآں کوئلے کی بار برداری میں ۲۰ فیصد کا اضافہ ہوا ۔ یہ اضافہ اس وجہ سے ہوا کہ ہولان روٹ پر ڈیزل الیکٹرک انجن کام کرتے رہے ۔ جو بھاری سامان لے جانے کے لئے خاص طور پر موزوں ہیں ۔ اسی طرح عوام کے استعمال کے لئے تیل کے بیج بناسپتی گھی ۔ لوہے فولاد اور جلانے کے تیل کی بار برداری میں علےالترتیب ۳۴ فیصد ۔ ۲۵ فیصد ۔ ۲۲ فیصد اور ۲۳ فیصد کا اضافہ ہوا ۔

مسافر گاڑیوں کی تعداد میں اضافہ

۱۶- سال رواں میں ۳۹ نئی گاڑیاں چلائی گئیں جن میں ۱۲ ریل کاریں بھی شامل ہیں ۔ زیادہ اہم ایکسپریس گاڑیاں یہ ہیں ۔

ا ۔ لائل پور اور لاہور کے درمیان ۔

ب۔ حیدر آباد اور کراچی کے درمیان ۔

ج۔ لاہور اور ملتان کے درمیان ۔

یہ نئی گاڑیاں تیز ترین چلنے والی گاڑیوں میں سے ہیں ۔ ان کی وجہ سے متعلقہ اسٹیشنوں کے درمیان سفر کرنے میں وقت پہلے سے بہت کم لگا ہے ۔

ان گاڑیوں کے علاوہ متعدد خاص گاڑیاں حاجیوں ۔ سیاحوں اور بارات پارٹیوں اور خاص خاص موقوں پر مسافروں کے ہجوم کو کم کرنے لئے بھی چلائی جاتی رہی ہیں ۔

نئے اوقات نامے میں جو اپریل ۱۹۶۳ میں جاری ہوا ہے ۔ اہم میل ٹرینوں اور ایکسپریس گاڑیوں کے چلنے کا وقت اور بھی کم ہو گیا ہے ۔ اس سے صوبے کے اہم سٹیشنوں کے درمیان سفر کے وقت میں خاصی کمی ہو جاتی ہے ۔ اس امر کے اطمینان کے لئے کہ گاڑیوں کے اوقات کے متعلق تجاویز پر فوری توجہ دی جاتی ہے ۔ ایک خاص افسر مقرر کیا گیا ہے ۔ وہ گاڑیوں

کے اوقات کے متعلق آنے والی تجاویز پر غور و خوض سے کام لے گا - اور اگر ضرورت ہوئی تو ان کے متعلق باہمی گفت وشنید اور بحث و تمحیص کی آسانیاں بھی فراہم کرے گا -

مسافروں کے کرایوں میں رعایت -

۱۷- کرایوں میں رعایتیں جو پیش ازیں مسافروں کو خاص شرائط پورا کرنے کے بعد بعض معاشرتی وجوہ کی بنا پر دی جاتی رہی ہیں - ریلوے کے صوبائی بن جانے پر اور زیادہ کر دی گئی ہیں - پہلے طلباء کی کسی پارٹی کو جس میں چار یا زیادہ طالب علم شامل ہوتے تھے کرائے کی رعایت دی جاتی تھی - لیکن اب ہر طالب علم کو انفرادی طور پر بھی یہ رعایت دی جاتی ہے - اسی طرح مزید رعایتیں نابیناؤں اور ان کے محافظوں کے لئے دی گئی ہیں اور اب نئی رعایت اپاہجوں کے لئے بھی شروع کر دی گئی ہے -

ریلوے کے معمولات میں چابک دستی اور تیزی -

۱- الف - وقت کی پابندی - سال رواں میں مسافر گاڑیوں کی وقت کی پابندی میں خاصی اصلاح ہوئی ہے - میل اور ایکسپریس ٹرینوں میں وقت کی پابندی کی اوسط جو گزشتہ سال ۸۸٫۴ فیصد تھی ، اس سال بڑھ کر ۹۰٫۸ فی صد ہوگئی - اس ضمن میں بہترین نتائج اکتوبر ۱۹۶۲ء میں دیکھے گئے جب کہ میل اور ایکسپریس گاڑیاں ۹۵٫۷ فیصد صورتوں میں وقت کے عین مطابق چلتی رہیں - اس طرح مضافاتی گاڑیوں کی پابندی کی اوسط جو سال گزشتہ ۸۱٫۹ فیصد تھی - اب کے سال ۸۶٫۸ فیصد تک ترقی کر گئی -

ب - ایک مقام سے دوسرے مقام تک براہ راست چلنے والی مال گاڑیوں کی رفتار بھی پہلے سے زیادہ ہو گئی ہے - پہلے یہ ۱۳٫۸ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی تھیں - اب ۱۵٫۲ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہیں -

ج - بعض برانچ لائنوں پر البتہ ابھی اصلاح کی گنجائش ہے - یہ گاڑیاں اب بھی بسا اوقات دیر میں پہنچتی ہیں اور مسافر گاڑیاں پرانی وضع کی ہیں - اور عموماً مسافروں سے لدی ہوئی ہوتی ہیں ان گاڑیوں میں بعض مسافر بے ٹکٹ بھی سفر کرتے ہیں - امید کی جاتی ہے - کہ اگلے سال برانچ لائنوں کے سفر میں بھی نمایاں اصلاح ہوسکے گی - حکومت کی پالیسی

یہ ہے کہ آئندہ برانچ لائنوں اور ان کی کارکردگی پر زیادہ توجہ کی جائے۔ اور ان لائنوں پر سہولتوں کا معیار بڑھانے کی کوشش بھی کی جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے افسران نگرانی اور معائنہ کرنے والے عملے کے دوروں میں وسعت اور تواتر پیدا کیا جا رہا ہے۔

۱۹۔ الف۔ سال رواں میں بڑے اورچھوٹے حادثات بفضلہ خاصی حد تک کم ہوئے ہیں خطرناک حادثات میں جن کے لئے ریلوے کے اعلی افسران کی تحقیقات کی ضرورت ہوتی ہے ۲۵ فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ معمولی حادثات میں ۱۴ فیصد کمی ہوئی ہے۔ اس طرح ریلوے حادثات میں مرنے یا زخمی ہونے والوں کی تعداد بقدر دس فی صد پچھلے سال کے مقابلے میں کم ہو گئی ہے۔

ب۔ لگاتار احتیاط اور بہتر نگرانی کی وجہ سے چوری چکاری کے واقعات ریلوے کے پورے نظام میں خاص حد تک کم ہو گئے ہیں۔ پچھلے سال کے مقابلے میں چوریوں کی مجموعی تعداد جس میں وہ چوریاں بھی شامل ہیں جو ریلوے شیڈوں یارڈوں اور چلتی گاڑیوں میں ہوئیں، ۴۵ فیصد کم ہو گئی ہے۔ اس اعتبار سے دوسرے ترقی پذیر ممالک کے مقابلے میں یہاں کی حالت خدا کے فضل سے بری نہیں۔ ٹرین گاڑی میں زیادہ سے زیادہ حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی غرض سے ریلوے نے سگنل کے نظام جدید کی تنصیب کے لئے ایک بڑا وسیع پروگرام مرتب کیا ہے اور اس پر بڑی سرگرمی سے عمل ہو رہا ہے۔

ترقیاتی پروگرام کے تخمینے۔

۲۰۔ ریلوے کے ترقیاتی پروگرام میں وہ کام بھی شامل ہیں جو حکومت کی مالی امداد سے بہتر نتائج پیدا کر سکیں گے۔ ایسے کام خاص نوعیت کے سمجھے جاتے ہیں۔ مالی امداد جو حکومت دیتی ہے وہ ایک طرح کا راس المال ہی ہوتا ہے۔ جس پر ۴ فیصد فی سال کی رقم مقرر منافع ریلوے حکومت کو واپس کرتی ہے۔ اس پروگرام میں موجودہ املاک کی تجدید یا بحالی کے کام بھی شامل ہیں۔ ایسے کاموں کے لئے فرسودگی کے اس سرمایہ محفوظ کے فنڈ سے جو روپیہ ملتا ہے وہ نہ صرف ریلوے کی آمدنی میں سے اپنا حصہ لیتا رہتا ہے بلکہ ایسے غیر ملکی قرضوں سے امداد لیتا ہے جو تجدید املاک کی بنا پر لئے جاتے ہیں۔ پھر وہ خاص اخراجات جو مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانے اور عملے کی فلاح و بہبود اور دیگر ایسے کاموں

پر کئے جاتے ھیں جن سے آمدنی نہیں ھوتی ، لیکن جو عملی نقطہ ء نظر سے مفید اور لازم ھیں ۔ ان سب کا انتظام امپرومنٹ فنڈ سے کیا جاتا ھے ۔ چنانچہ ھمارا ترقیاتی پروگرام مذکورہ بالا امور پر مشتمل ھے ۔

۲۱- سال رواں کے میزانیے میں ترقیاتی پروگرام کے سلسلے میں اخراجات کا تخمینہ ۲۸٫۴۱ کروڑ لگا تھا ۔ اس کے بجائے ترمیم شدہ تخمینہ ۲۸٫۷۶ کروڑ رکھا گیا ۔ جس سے ۳۵ لاکھ کا اضافہ ھوا ۔ یہ اضافہ معمولی سا ھے اور اس کی زیادہ تر وجہ پٹریوں کی تجدید ، مسافروں کی سہولتوں میں اضافہ اور عملہ کی فلاح و بہبود ھے ۔

۲۲- آئندہ سال کے لئے ۲۱٫۷۰ کروڑ کی ایک رقم اس غرض سے علیحدہ رکھی گئی ھے کہ اس میں سے ۱۵٫۱۴ کروڑ جاری کاموں کے لئے خرچ کئے جائیں یعنی جو کام پہلے سے جاری ھیں ۔ اور باقی ان کاموں کے لئے جو اگلے سال کے دوران میں شروع ھوں گے محفوظ کر لئے جائیں ۔ اسی پروگرام کی رو سے ۹٫۱۹ کروڑ متحرک سٹاک کے لئے ۵٫۹۶ کروڑ پٹڑیوں کے لئے ۵ کروڑ انجینرنگ اور تعمیراتی امور کے لئے ۶۷ لاکھ پلوں کے لئے ۴۹ لاکھ نئی تعمیرات کے لئے اور ۳۹ لاکھ مشینری وغیرہ کے لئے خرچ کیے جائیں گے ۔

۲۳- سرمائے کے حساب میں سے نو کروڑ اکتالیس لاکھ روپے کی رقم صرف ھوگی ۔ جس میں ۵٫۸۹ کروڑ کی رقم متحرک سٹاک یعنی انجنوں اور گاڑیوں کے لئے ۲٫۴۸ کروڑ انجینرنگ کے لئے ۳۸ لاکھ پلوں کے لئے ۱۷ لاکھ مشینری کے لئے اور ۴۹ لاکھ نئی تعمیرات کے لئے تجویز کئے گئے ھیں ۔ اگلے سال کی نئی تعمیر کے سلسلے میں ۴۳ لاکھ روپے کی گنجائش کراچی سرکلر ریلوے کے لئے رکھی گئی ھے ۔ اور ۴ لاکھ روپے کی علامتی گنجائش دو نئی سکیموں کے لئے مخصوص کی گئی ھے یعنی کوٹ ادو ۔ ڈیرہ غازی خان ریلوے لائن اور حیدر آباد ، میر پورخاص میٹر گیج کو براڈ گیج میں تبدیل کرنے کے لئے دو لاکھ بیس ھزار کی ایک اور علامتی گنجائش اسلام آباد کی مجوزہ شاخ کے لئے بھی رکھ لی گئی ھے ۔

اگلے سال کے رولنگ سٹاک پروگرام کے سلسلے میں ۲۰ ڈیزل انجن ۲۰۱۹ مال گاڑی کے ڈبے (گڈز ویگن) ۲۴ ۔ بی ۔ جی ڈیزل ریل کار ۔ ۶۰ بی جی ۔ ریل کار ۔ ۱۴۲ مسافر ڈبے ، اور ۸۳ دیگر کو چنگ ڈبے بنائے جائیں گے ۔

۲۴ ۔ زیادہ سے زیادہ خود کفالتی کی غرض سے موجودہ کارخانہ جات کی توسیع و ترقی کی گئی ھے ۔ سنٹرل مکینیکل ورکشاپ مغلپورہ میں مشینری

اور ضروری سامان کی تجدید اور فراہمی کا مناسب بندوبست زیر عمل ہے ۔ جس کے نتیجے میں صنعتی کارگردگی میں خاصی وسعت پیدا ہو گئی ہے ۔ مقام مسرت ہے کہ اس وسیع صنعتی کارگردگی کی بدولت ۶ کروڑ سالانہ زرمبادلہ کی بچت ہو گئی ہے ۔

۲۵ ۔ دیگر نئے نصبیے (Installations) جو زیر تعمیر ہیں ۔

(الف) سپرنگ بنانے کا ایک کارخانہ ریلوے ورکشاپ مغلپورہ میں ۔ توقع ہے کہ یہ ۱۹۶۳ ء کے آواخر میں کام شروع کر دے گا ۔

(ب) راولپنڈی میں ڈیزل الیکٹرک انجن کی مرمت کرنے کا ایک بڑا کارخانہ جو برقی ڈیزل انجنوں کے بڑھتے ہوئے کاروان کی روز افزوں ضروریات مرمت اور دیکھ بھال کا کام سر انجام دے گا ۔

(ج) چلتی گاڑیوں میں برقی خرابیوں کی شکایت کے ازالے کے لیے مختلف سٹیشنوں پر متعدد بیٹری چارجنگ سیٹ لگائے گئے ہیں ۔ جن کا خاطر خواہ نتیجہ بر آمد ہو چکا ہے اور اب یہ شکایات بہت کم ہو گئی ہیں ۔

۲۶ ۔ پٹڑیوں کی تجدید اور مرمت کا کام پروگرام کے مطابق جاری ہے اور اس غرض سے تقریباً ۶ کروڑ کی گنجائش ۶۳ - ۱۹۶۲ ء میں رکھی گئی ہے ۔ پرانی پٹڑیوں اور شہتیروں کو بدلنے کے لیے موجودہ ۹۰ پاؤنڈ کی پٹڑیاں بھاری ۱۰۰ پاؤنڈ کی پٹڑیوں سے تبدیل کی جا رہی ہیں ۔ اور اس ضمن میں موٹے شہتیر بجری کی موٹی تہوں پر جمائے جا رہے ہیں ۔ مقصد یہ ہے کہ لالہ موسیٰ اور کراچی کے مابین گاڑیوں کی رفتار کو ۷۵ میل فی گھنٹہ تک لے جایا جا سکے ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبے کے مطابق صرف ۴۰۰ میل تک یہ پٹڑیاں بچھانے کی تجویز تھی ۔ اس میں اب تک ۱۰۰ میل کا مزید اضافہ کیا گیا ہے ۔ اس وقت تک ۲۰۰ میل میں تبدیلی کا کام ہو چکا ہے اور بقیہ کام جون ۱۹۶۵ ء کے آواخر تک مکمل ہو جائے گا ۔ پٹڑیوں کے جوڑوں کو ویلڈنگ کے ذریعے ملانے کی تجویز منظور ہو گئی ہے ۔ جس سے مسافروں کے آرام اور پٹڑیوں کی معیاد میں بھی اضافہ ہو گا ۔

۲۷ ۔ دیگر اہم زیر عمل ''ٹریک ورکس،، یہ ہیں ۔

(الف) ریلوے کے پشتوں کو اونچا کرنا اور مندرجہ ذیل علاقوں میں سیلاب سے تحفظ کے لیے پانی کے انعکاس کا انتظام کرنا ۔

۱ - ٹمپل ڈیرہ اور جھٹ پٹ کے درمیان - سکھر سبی سیکشن پر -
۲ - کراچی اور کوٹری کے درمیان
۳ - شاھدرہ اور قلعہ شیخو پورہ کے درمیان
۴ - چنیوٹ اور ھنڈیوالی کے درمیان

(ب) ٹانڈو آدم تا نواب شاہ براستہ سکرنڈ اور پدعیدن تا محراب پور براستہ تھارو شاہ فیڈر لائنز کو بجری کی تہیں فراھم کرنا - جس سے گاڑیوں کی رفتار میں اضافہ ھو جائے گا، اور گرد و غبار سے بھی نجات مل جائے گی -

۲۸ - دوسرے پنج سالہ منصوبے میں ٹریفک کی بڑھتی ھوئی ضروریات اور مال گاڑیوں کی آمد و رفت کو محفوظ مستقل رکھنے کے لیے بہت سے کاموں کا خاکہ بنایا گیا ھے تاکہ پٹڑیوں کی توسیع اور گاڑیوں میں زیادہ سے زیادہ حفاظت، سگنلوں کی ترقی و توسیع اور سٹیشن یارڈوں میں تغیر و تبدل کے ضروری کام سر انجام دئیے جائیں - ان اقدامات میں سے چند یہ ھیں - رحیم یار خان اور لودھراں کے مابین دوسری لائن پر ۳۷ لاکھ روپے کے خرچ سے برقی روشنی سے آراستہ برقی سگنل اور سٹیشن یارڈوں کی ٹریک سر کٹنگ - یہ پروگرام ۱۹۶۳ء - ۱۹۶۴ء میں مکمل ھو جائے گا - پنوں اکیل سے رحیم یار خان کے درمیانی حصے کو بھی اس قسم کے سگنلوں سے آراستہ کرنے کا پروگرام بنایا جا چکا ھے - اس قسم کا اب لانڈی سے کوٹری تک ھو رھا ھے - سال رواں میں سکھر جیکب آباد اور قلعہ شیخوپورہ - سانگلہ ھل سیکشن پر ۱۵ لاکھ کے خرچ سے بے قفل بلاک کا سلسلہ جاری کیا جائے گا - اسی طرح مین لائن لودھراں اور خانیوال کے مابین براستہ ملتان اور شاھدرہ سے چک لالہ تک کا حصہ بھی بے قفل بلاک سے آراستہ کیا جا رھا ھے - اس انتظام سے گاڑیوں کی سٹیشنوں کے باھر گاڑیاں رکنے سے پیدا ھونے والی تاخیر ختم ھو جائے گی - اور آمد و رفت زیادہ حفاظت سے ھو سکے گی -

۲۹ - (الف) اھم جنکشن سٹیشنوں مثلاً کوٹری، خانیوال سمہ سٹہ - کندیاں داؤد خیل اور کیمبلپور کے یارڈوں کی تجدید کر دی گئی ھے اور یہاں مکمل انٹر لاکنگ سیگنل لگا دئیے گئے ھیں - تاکہ یہاں کام کی رفتار میں اضافہ ھو - دیگر اھم جنکشنوں مثلاً روھڑی حیدر آباد اور راولپنڈی میں تجدید کا یہ پروگرام پوری سر گرمی سے ھو رھا ھے -

(ب) لاڑکانہ سٹیشن کا وہ حصہ جو شہر کی سمت میں ہے وہاں ۲۰ لاکھ کے خرچ سے سٹیشن کی نئی عمارت اور یارڈ کی تجدید کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ اور کھاریاں چھاؤنی میں ۱۹ لاکھ کی لاگت سے سٹیشن کی نئی عمارت کی تعمیر کی منظوری ہو چکی ہے ۔ اسی طرح ہڑپہ روڈ ۔ اور دادفتیانہ کے مابین ایک نیا کراسنگ سٹیشن زیر تجویز ہے دوسرا میاں چنوں اور کوٹ سجان سنگھ کے درمیان عنقریب بننا شروع ہو جائے گا ۔

۳۰ ۔ (الف) دریائے سندھ پر سکھر کا ریلوے پل اور دریائے چناب پر شیر شاہ کا ریلوے پل موجودہ زمانے کی رفتار اور بار کے لحاظ سے کمزور ہیں ۔ تجویز یہ ہے کہ انہیں تبدیل کر دیا جائے ۔ تاکہ ریلوے ٹریفک بلا دقت جاری رہے ۔ یہ بھی تجویز ہوا ہے کہ سڑک کی آمد و رفت کا آزادانہ سلسلہ بھی ان پلوں پر فوراً شروع کر دیا جائے ۔

(ب) ایوب پل کی تکمیل کے بعد روہڑی اور سکھر کے درمیان لینز ڈاؤن (Lans Downe)پل کو سڑک کی آمد و رفت کے لیے باقی رکھنے کی تجویز ہے ۔ پل کو مضبوط بنانے کے بعد اس پر سڑک کی تعمیر کی جائے گی ۔ فی‌الحال مضبوطی کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے ۔

(ج) جنڈ داؤدخیل سیکشن پر کئی پلوں کی تجدید کی ضرورت ہے ۔ ان میں سے سنی پل کی تجدید ہو چکی ہے اور اچھری پل پر کام شروع ہو چکا ہے ۔ وزیر آباد کے نزدیک چناب کے نکاسی پل تعمیر ہو چکا ہے اور ۱۹۶۲ء ۱۹۶۳ء میں آمد و رفت کے لیے کھول دیا گیا ہے ۔

(د) پلوں پر سڑکوں کی تعمیر : بعض ہمہ وقت ریلوے پھاٹکوں پر موٹروں وغیرہ کی آمد و رفت میں تاخیر کو دور کرنے کے لیے بالائی پل تعمیر کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ حیدر آباد ۔ ملتان اور وزیر آباد اور تارکی میں یہ کام محکمہ تعمیرات کے ساتھ مل کر کیا جا رہا ہے ۔

نچلے درجے کے مسافروں کے لیے سہولتیں

۳۱ ۔ فی الحال نچلے درجے کے مسافروں کے لیے سب سے اہم مسئلہ مسافر گاڑیوں میں ہجوم کا مسئلہ ہے ۔ صنعت کے تیز پھیلاؤ اور تعلیم کی

توسیع کے باعث شہروں کی طرف رجحان میں بہت اضافہ ہو چکا ہے۔ جس سے مسافروں کی آمد و رفت بہت بڑھ گئی ہے۔ یہ مسئلہ دنیا بھر میں ہر جگہ ہے ہمیں اس مسئلے کو اپنے وسائل کی حدود میں حل کرنا ہے۔ بظاہر اس کا حل گاڑیوں اور ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ ہے۔ لیکن یہ اس صورت میں ممکن ہے جب مزید ڈبے اور ریل کاریں حاصل کی جائیں۔ مزید برآں ڈبوں کی ایک بڑی تعداد پرانی ہو چکی۔ اور اپنی عمر طبعی سے زیادہ کام کر چکی ہے۔ ان گاڑیوں کو تبدیل کرنا بھی ضروری ہے۔ اپنے محدود ذرائع کے باعث دوسرے پنج سالہ منصوبے میں ہم نے ۳۰۰ - بی - جی اور ۱۰ - ایم - جی مسافر ڈبوں کی گنجائش رکھی اور ۲۱۱ بی - جی اور ۱۰ - ایم - جی ڈبوں کے لیے آرڈر بھی دیا جا چکا ہے یہ تعداد بھی عوام کی بڑھتی ہوئی ضروریات پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے۔ چونکہ دوسرے پنج سالہ منصوبے میں یہ مرقومہ رقم یقیناً خرچ ہو جائے گی۔ اس لئے اس ضمن میں مزید رقم حاصل کرنے کی کوشش کی گئی اور میں یہ کہتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں کہ ۱۴ مزید ڈبوں کے لیے عارضی طور پر زر مبادلہ فراہم کر دیا گیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس سے بہت حد تک مسافروں کے ہجوم اور پرانے ڈبوں کی تبدیلی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

۳۲ - باہر سے ڈبوں کی در آمد سے قطع نظر جیسا کہ اوپر مذکور ہوا - یہ تجویز زیر غور ہے - کہ مغل پورہ ریلوے ورکشاپ میں مسافر ڈبے تیار کئے جائیں - چنانچہ دو نمونے کی بوگیاں مکمل ہو کر کام کر رہی ہیں - ڈی۔ بنانے کے کے لیے ایک جدید اور مکمل پلانٹ بنانے کا منصوبہ اسی وقت زیر غور ہے جس کے لیے ۲ء۷ کروڑ روپیہ درکار ہو گا - یہ پلانٹ مزید گڈز ویگن بھی بنائے گا - جن کی تعداد کارخانے کی موجودہ کارگردگی سے زیادہ ہو گی -

۳۳ - اس کے ساتھ ساتھ نچلے درجے کے مسافروں کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولتوں اور آرام کے ذرائع کی طرف متواتر توجہ کی جا رہی ہے - نچلے درجے کے ڈبوں میں مندرجہ ذیل سہولتیں فراہم کی گئی ہیں اور یہ ڈبے اب کام کر رہے ہیں -

1 - نشستیں کشادہ کر کے زیادہ سے زیادہ آرام دہ بنائی گئی ہیں - درمیانے درجہ میں نشستیں زیادہ آراستہ کی گئی ہیں -

2 - غسل خانوں میں صفائی کا اہتمام زیادہ کیا گیا ہے اور درمیانہ

درجہ کے غسل خانوں میں ہاتھ منہ دھونے کی سلفچی اور آینہ لگایا گیا ہے ۔

3 ۔ فیصلہ کیا گیا ہے کہ تمام نچلے درجے کے ڈبوں میں پنکھے لگائے جائیں اور اس سلسلے میں حکم دیا گیا ہے کہ جو ڈبے تین سال تک کام دے سکتے ہیں ۔ ان میں برقی پنکھے لگا دیئے جائیں ۔ اس وقت میل اور ایکسپریس گاڑیوں میں جہاں زیادہ کرایہ لیا جاتا ہے نچلے درجے کے سب ڈبوں میں پنکھے پہلے ہی لگ چکے ہیں ۔

4 ۔ سونے کی سہولت کے لیئے تیسرے درجہ کے ۷۰ (ستر) زیر تعمیر ڈبوں میں سہ بستری تختے لگانے کا حکم دیا گیا ہے ۔

5 ۔ اس وقت اگرچہ اس قسم کی تجویز زیر غور نہیں کہ تیسرے درجے کے مسافروں کے لئے کوئی خاص گاڑی چلائی جائے ، جیسے کہ بھارت میں ''جنتا ایکسپریس'' چلائی جارہی ہے۔ تاہم حکومت کی واضح پالیسی ہے کہ نچلے درجے کے مسافروں کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرے۔ اس مقصد کے پیش نظر مسافروں کے درجے کم کرنے کا مسئلہ بھی زیر غور ہے ۔

۳۴ ۔ تیسرے درجے کے مسافروں کے لیے زیادہ آرام اور سہولت مہیا کرنے کی غرض سے بعض خاص اقدامات کیے گیے ہیں ۔ اگست ۱۹۶۲ء میں ایک ہنگامی جائزہ لیا گیا تھا ۔ اس جائزہ کے نتیجہ میں ، جس میں تقریباً سب بڑے اور اہم سٹیشن شامل تھے ، پروگرام بنایا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ اسٹیشنوں پر مزید پنکھے روشنیاں ، بنچ ۔ پانی کے نلکے پانی کے کولر فراہم کیے جائیں ۔ اور جدید بیت الخلاء اور انتظارگاہیں تعمیر ہوں ۔ نیز سائے کا مناسب انتظام کیا جائے ۔ ان کاموں پر خرچ کا تخمینہ ۴۵ کروڑ ۲۲ لاکھ لگایا گیا ہے ۔ اور اس رقم کے لیے اگلے سال کے میزانیے میں گنجائش رکھی گئی ہے ۔ یہ رقم اس رقم کے علاوہ ہے جو معمول کے مطابق ہر سال اسی مد پر خرچ کی جاتی ہے ۔

یہ تجویز زیر غور ہے کہ باقی ماندہ اسٹیشنوں پر اس قسم کے جائزے لیے جائیں اور جو سہولتیں فراہم کرنی ضروری ہوں وہاں فراہم کی جائیں ۔

۳۵ ۔ میری ذاتی ہدایات کے تحت لاہور ریلوے سٹیشن کے دونوں گوشوں اور پلیٹ فارم نمبر ۱ پر جہاں پاک بھارتی گاڑیاں ٹھہرتی ہیں اور کراچی اور پشاور سٹیشنوں کے دونوں طرف مسافر خانوں کی تعمیر جدید اور مرمت ہوگئی ہے یہاں زائد پنکھے اور نئی وضع کے بنچ مہیا کئے گیے ہیں

تسیرے درجے کے مسافر خانوں میں پرانے غسل خانے اور بیت الخلاء گرا کر نئی طرز کی تعمیرات کی گئی ہیں اور فلش کا باقاعدہ انتظام بھی ہو گیا ہے ۔

اسی طرح لاہور سٹیشن پر اونچے درجے کے مسافروں کے لیے دو مزید انتظار خانے تعمیر کیے گیے ہیں ۔ جن میں جدید غسل خانے اور نئی طرز کا فرنیچر رکھا گیا ہے ۔ جن شہروں میں بجلی کی سہولت موجود ہے وہاں کے اسٹیشنوں کے لیے بھی تسیرے درجے کے لیے اسی طرح کا پروگرام بنایا جائے گا ۔

۳۶ - کراچی ۔ راولپنڈی ۔ ملتان اور بعض دوسرے اہم سٹیشنوں کے تسیرے درجے کے مسافر خانوں میں بھی نئے نئے اضافے ہوئے ہیں ۔ اور اس انتظام پر دو لاکھ روپے کا زائد خرچ ہوا ہے ۔

۳۷ - پہلے درجے کے مسافروں کے طعام اور چائے پانی کے لیے ۱۳ بوفے کاریں بھی گاڑیوں میں لگائی گئی ہیں ۔ جو پہلے نہیں تھیں ان میں ۱۰ نئی ہیں جو کاریں جدید طرز کے ساز و سامان سے آراستہ ہیں ۔ اور جن میں بجلی کے پنکھے اورپانی کو ٹھنڈا رکھنے کی مشینیں بھی نصب کی گئی ہیں ۔

۳۸ - جون ۱۹۶۲ء کے آخر تک مسافروں کے پینے کے لیے ٹھنڈے پانی کا انتظام بھی کیا گیا ہے ۔ اس مقصد کے لئے بجلی سے چلنے والے پانی کے کولر بڑے بڑے اسٹیشنوں پر نصب کر دیئے گئے ہیں ۔ یہ تجویز بھی ہے کہ رائج الوقت منصوبے کی میعاد کے ختم سے پہلے مختلف اسٹیشنوں پر مزید بیس کولر لگائے جائیں ۔ گزشتہ برس کراچی چھاؤنی ۔ حیدر آباد ۔ کوٹری اور لاڑکانہ میں کولر مہیا کیے گیے ۔

۳۹ - ریل کے ڈبوں اور طعام خانوں میں غذا کا معیار بلند کرنے کے لیے بھی تدابیر ہو رہی ہیں ۔ وہ ٹھیکیدار جن کا کام اسی حیثیت سے تسلی بخش نہیں ، انہیں تنبیہ یا سزا دی گئی ہے ۔ اور جہاں ضرورت تھی وہاں ٹھیکیدار کو الگ کر کے دوسرا انتظام کر دیا ہے ۔ اس میں ریلوے حکام نے خصوصی جد و جہد کی ہے ۔ چنانچہ ۴ اپریل ۱۹۶۳ء سے ۸ اپریل ۱۹۶۳ء تک عمدہ غذا کی فراہمی کا ہفتہ منایا گیا ۔ جس میں اچھی غذا کی بہم رسانی پر خاص توجہ دی گئی ہے ۔

یہ دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا کہ غذا کا معیار بہت اچھا ہو گیا ہے ۔ لیکن ہماری کوشش یہی ہے کہ غذا کا معیار بلند ہو جائے ۔

سٹاف کی فلاح و بہبود

۴۰ - سٹاف کی فلاح و بہبود پر خاصا زور دیا گیا ہے اس کے لئے میں نے ۱۶ اگست ۱۹۶۲ء کو دو کمیٹیاں مقرر کیں - کہ وہ نئے ڈیزائن کے سٹاف کوارٹروں کی تعمیر کے امکانات کا جائزہ لیں - نیز ریلوے ملازمین کو بہتر طبی امداد مہیا کرنے کا سوال بھی زیر غور لائیں - ان کمیٹیوں کی رپورٹیں تین ماہ کے اندر مکمل ہو کر منظور ہو چکی ہیں - اور اب ان پر عمل در آمد ہو رہا ہے - یہ فیصلہ کیا گیا ہے - کہ آئندہ درجہ چہارم کا ہر کوارٹر کم سے کم دو کمروں ایک برآمدے اور ایک باورچی خانے پر مشتمل ہو گا - اور باورچی خانے میں پانی کا نل ، برتن دھونے کا دیوار گیر اور بے دخان سٹور بھی ہو گا - یہ بھی طے ہوا ہے - کہ حسب امکان بیت الخلاء میں فلش اور بجلی کا بند و بست بھی کیا جائے - نچلے درجے کے ماتحت عملے کے لئے تجویز یہ ہے کہ ان کے لئے آئندہ سے تین کمروں کا کوارٹر ہو - جس میں کمروں کے علاوہ چھوٹا سا برآمدہ ، باورچی خانہ - غسل خانہ - بیت الخلاء ایندھن کا گودام اور دوسری اشیاء کے لئے سٹور بھی ہوگا - اس میں بجلی پانی کا انتظام بھی کیا جائے گا - سٹاف کی بستیوں میں سڑکیں اور گلیوں کی مرمت بھی کی جائے گی - اور جس آبادی میں پہلے سے سڑکیں نہیں ہیں - وہاں نئی سڑکیں تعمیر ہوں گی -

۴۱ - چونکہ لاہور ریلوے ملازمین کا سب سے بڑا مرکز ہے - جہاں مغلپورہ ورکشاپ بھی قائم ہے - اس لئے میں نے ہدایات جاری کی ہیں - کہ لاہور کی ریلوے بستیوں میں زائد ٹیوب ویل لگائے جائیں - بجلی کے مزید انتظامات کئے جائیں - اور ڈسپنسریاں قائم ہوں - میں نے گزشتہ جنوری میں ان بستیوں کا معائنہ کیا - اور دیکھا کہ ان میں میرے احکامات کی پوری پوری اور فوری تعمیل ہوئی ہے - اب تک تقریباً ہر بستی میں ایک ڈسپنسری قائم ہو چکی ہے - نئے ٹیوب ویل نصب ہو گئے ہیں - اور بجلی کے مناسب انتظامات بھی موجود ہیں - میں کراچی ، حیدر آباد - راولپنڈی پشاور اور بعض دیگر مقامات کی بستیاں بھی دیکھ چکا ہوں - کوشش کی جا رہی ہے - کہ ان میں بھی صفائی ، بجلی اور دوسری ضروریات زندگی کا خاطر خواہ انتظام ہو جائے -

۴۲ - ریلوے ملازمین کے بچوں کے لئے تعلیمی سہولتیں مہیا کرنے کی طرف زیادہ توجہ کی گئی ہے - اس سلسلے میں تمام ضروریات کا جائزہ لینے کے لئے ایک افسر مامور کیا گیا ہے - تجویز ہے کہ ریلوے بستیوں میں مزید پرائمری اور ثانوی سکول کھولے جائیں - اور جہاں یونیورسٹیاں اور پیشہ

ورانہ کالج موجود ہیں ۔ وہاں ریلوے ملازمین کے بچوں کے لئے اقامت گاہیں تعمیر کی جائیں یہ اخراجات ایبٹ آباد ریلوے اسکول کی قیمت فروخت سے پورے کئے جائیں گے ۔ اس دوران میں تین نئے اسکول بھی کھولے جا چکے ہیں ۔ اور اب ریلوے اسکولوں کی مجموعی تعداد ۳۵ ہو گئی ہے ۔

۴۳ ۔ ملازمین کے لئے طبی سہولتیں بھی بہ کثرت مہیاکی جا رہی ہیں ۔ اس مقصد کے لئے راولپنڈی میں ۳۰ لاکھ روپے کے صرف سے ۱۲۰ بستروں کا ایک شفاخانہ قائم کیا گیا ہے ۔ اس طرح سردار بہادر خان سینی ٹوریم کوئٹہ میں ۴۰ لاکھ روپے کی لاگت سے ۵۰ بستر اور ایک آپریشن تھیٹر کا اضافہ کیا گیا ہے اور میں یہ اطلاع بھی دینا چاہتا ہوں کہ ان میں پبلک کو بھی سہولتیں دی جائیں گی ۔ کیرن ہسپتال لاہور میں بھی لیبارٹری کی سہولتوں اور مزید بستروں کا اضافہ ہوگا ۔

جدید لائنوں کے لئے سروے

۴۴ ۔ اسلام آباد تک ریل کی ایک پٹڑی بچھانے کے لئے سروے ہو چکا ہے مقصد یہ ہے کہ دارالحکومت کی جائے تعمیر تک سامان کی ترسیل آسان ہو جائے ۔ ٹنڈو محمد خان سے مغل بن تک ریل کی ستر میل لمبی شاخ بنانے کے لئے انجینری اور ٹریفک سروے کا جائزہ و مطالعہ بھی عنقریب شروع ہو جائے گا ۔ آئندہ سال نئے سروے بھی ہوں گے ۔ مجوزہ سروے کے کام میں امروکہ سے وساوے والا تک ایک لائن بچھانے کا پروگرام بھی زیر غور ہے ۔ اگر غور و فکر کے بعد یہ کام مالی طور پر مناسب معلوم ہوا اور حکومت نے منظوری بھی دے دی تو ۱۹۶۳ء—۶۴ء کے مالی بجٹ میں اس کی گنجائش رکھی جائے گی ۔ اسی طرح ڈیرہ نواب صاحب اور پنجند کی زرعی شاخ میں پبلک کی آمد و رفت کے لئے ایک لائن تعمیر ہوگی ۔ تسیری پٹڑی جھول سے سنگ چور تک (براستہ سانگھڑ) بنائی جائے گی ۔

انتظامیہ اور مزدوروں کے باہمی تعلقات

۴۵ (i) مزدوروں کے مسائل

الف ۔ میں یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت محسوس کر رہا ہوں کہ ہمارے ہاں منتظمین اور مزدوروں کے درمیان عام طور سے خوشگوار تعلقات موجود ہیں ۔ بعض مزدور انجمنوں اور ریلوے حکام کے مابین چند جھگڑے ضرور اٹھے تھے ۔ وہ صنعتی عدالت کے سپرد کر دیئے گئے ہیں ۔

ب ۔ ریلوے انجمنوں کو آئینی طور پر تسلیم کرنے میں کچھ تاخیر ضرور ہوئی ہے ۔ لیکن اس کا سبب یہ ہے کہ متعلقہ انجمنوں نے اپنے بارے میں ضروری معلومات اور تحریری مواد فراہم نہیں کیا اس رسمی کاروائی کی تکمیل ہوتے ہی مناسب اجازت نامے جاری کر دیئے جائیں گے ۔

(ii) شرح تنخواہ

الف ۔ اگست ۱۹۶۲ء میں حکومت مغربی پاکستان نے بنیادی تنخواہ کا دس فی صد جس کی کم سے کم حد ۵ روپے اور زیادہ سے زیادہ ۲۵ روپے ماہوار تھی ۔ اپنے مستقل ملازمین کو بطور ریلیف دینا منظور کیا تھا ۔ ان میں وہ ریلوے ملازم شامل ہیں ۔ جو ۶۰۰ روپے ماہوار تنخواہ پاتے ہیں یا جن کی تنخواہ حدود تطبیق کے بعد سابقہ آخری حد کے سکیل میں قریب قریب ہونے کی وجہ سے ۶۲۴ روپے ماہوار بنتی تھی ۔ یہ عارضی ریلیف یکم جولائی ۱۹۶۲ء سے عائد ہونا تھا ۔ اور خاص رخصت کو چھوڑ کر باقی ہر طرح کی رخصت کے دوران میں قابل وصولی تھا ۔ حتیٰ کہ پنشن پر جاتے ہوئے جو رخصت ملتی ہے ۔ اس کے ابتدائی چار ماہ میں بھی ملازم یہ اضافہ پا سکتے تھے ۔

ب ۔ پھر مارچ ۱۹۶۳ء میں مغربی پاکستان کی حکومت نے ریلوے کے نان گزٹیڈ ملازمین کی تنخواہوں کی شرح پر نظر ثانی کی ۔ (بحوالہ مغربی پاکستان نان گزٹیڈ ریلوے ملازمین کی تنخواہوں کی نظر ثانی کے قوانین مجریہ ۱۹۶۳ء) اور ان ملازمین کو جو ۳۰ نومبر ۱۹۶۲ء سے سروس میں آئے تھے ۔ یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ چاہیں تو چار ماہ کے اندر اندر اپنی تنخواہوں کے اس انضمامی شرح Consolidated Scales کے مطابق کرالیں ۔

مذکورہ بالا اقدامات کے پیش نظر پی ڈبلیو آر یونین (ورکشاپ) اور پی ڈبلیو آر یونین (اوپن لائن) کے معتمدین عمومی نے تیسرے اور چوتھے درجے کے ملازمین کی شرح تنخواہ کے انضمام کے سلسلے میں سڑائک کے نوٹس واپس لے لئے ۔

قبل اس کے کہ میں اپنی تقریر ختم کروں میں ضروری سمجھتا ہوں کہ میں ریلوے کے جملہ ملازمین کی دیانت داری اور فرائض منصبی کی بجاآوری کے سلسلے میں ان کی کار گزاری کا اعتراف کروں ۔ ان کی فرض شناسی کے بغیر مغربی پاکستان ریلوے کے معاملات اور کار کردگی میں اصلاح و اضافہ ممکن نہ تھا ۔ ملک کی ہمہ جہت ترقی کے زیر اثر مسافروں کی آمد و رفت میں بے حد اضافہ ہوا ہے ۔ ظاہر ہے کہ ریلوے ملازمین کے تعاون کے بغیر اس صورت حال سے عہدہ برآ ہونا ممکن نہ تھا محکمہ

اپنے ملازمین کی بود و باش کو بہتر بنانے کے لئے اپنی سی کوشش کر رہا ہے مجھے اس کا اقرار ہے ۔ کہ ملازمین کو ابھی تک وہ تمام سہولتیں میسر نہیں آئیں ۔ جن کے وہ بجا طور پر حق دار ہیں ۔ لیکن حکومت ان کے مسائل سے غافل نہیں ہے اور جہاں تک حکومت کے اختیار میں ہے ۔ ان کی بہبود کے لئے اقدامات جاری رہیں گے مجھے یقین ہے کہ ریلوے ملازمین آئندہ بھی اسی طرح اپنی فرض شناسی کا ثبوت دیتے رہیں گے ۔ جس طرح ماضی میں دے چکے ہیں ۔ اور ان کارناموں پر فخر کریں گے ۔ جو ان سب کے مشترکہ تعاون کا نتیجہ ہیں ۔

میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا ۔ اگر اس موقع پر اس حقیقت کا پر زور اظہار نہ کروں ۔ کہ مختلف پہلوؤں سے مغربی پاکستان ریلوے میں جو ترقی ہوئی ہے ۔ اور جس کی روئیداد آج بیان کی گئی ہے ۔ وہ بڑی حد تک جناب صدر مملکت اور گورنر مغربی پاکستان کی ذاتی توجہ اور دلچسپی کی مرہون منت ہے ۔ ملازمین کی بہبود اور نچلے درجے کے مسافروں کو سہولتیں مہیا کرنے کے سلسلے میں جو اقدامات کئے گئے ہیں وہ بیشتر ان کی ہدایات کا نتیجہ ہیں ۔ ان کی رہنمائی اور ذاتی نگرانی میرے اور محکمہ کے افسران کے لئے فی الحقیقت بڑی ہمت اور حوصلہ افزائی کا سرچشمہ ثابت ہوئی ہے ۔

جناب والا آپ کی اجازت سے میں معافی چاہتا ہوں کہ عام Speed سے میں نے تیز پڑھا تاکہ مغرب کی نماز سے پہلے پہلے ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

مسز سپیکر ۔ آپ کی Speed اچھی خاصی تھی ۔

وزیر ریلوے ۔ بلکہ تیز گام سے بھی زیادہ تھی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن کبھی کبھی پٹری سے اتر ہوئی تھی (قہقہہ)

وزیر ریلوے ۔ میں آپ کا نہایت ممنون ہوں کہ آپ میری اس تیز رفتاری کو سنتے رہے ۔

Mr. Speaker : Next item please.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT (GENERAL), 1962-63
(Presentation)

Minister of Railways and Finance : Sir, I present the Supplementary Budget Statement (General) for the year 1962-63. The demand is on the recommendation of the Governor.

Mr. Speaker : The Supplementary Budget Statement (General) for the year 1962-63 is presented. Next item please.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT (RAILWAYS), 1962-63
(Presentation)

Minister of Railways and Finance : Sir, I present the Supplementary Budget Statement (Railways) for the year 1962-63. This demand is also on the recommendation of the Governor.

Mr. Speaker : The Supplementary Budget Statement (Railways) for the year 1962-63 is presented. I think there is nothing left out.

Minister of Railways : I have finished five minutes earlier.

Mr. Speaker : The House is now adjourned till 8-30 *a.m.* tomorrow.

(*The Assembly then adjourned till* 8-30 *a.m. on Saturday, the* 8*th June,* 1963).

STATEMENT SHOWING GOVERNMENT OWNED STORAGE ACCOMMODATION IN WEST PAKISTAN

Sr. No.	Name of Region	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
		Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
1.	Lahore Region. ..	93500	45000	10000	148500	15000	—	34000	49000	74000	163500
2.	Hyderabad Region ..	34140	49500	31000	114640	17000	20000	—	37000	21500	131640
3.	Quetta Region. ..	—	23900	3550	27450	5500	1500	—	7000	14000	32950
4.	Peshawar Region. ..	20000	600	5100	25700	21000	500	—	21500	34500	46700
5.	B/pur Region. ..	84000	10500	7500	102000	16500	3500	—	20000	4000	118500
6.	Karachi Region. ..	—	200	—	200	—	500	—	500	—	200
	Grand Total :— ..	231640	129700	57150	418490	75000	26000	34000	135000	148000	493490

Sl. No.	Region	District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
				Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1		2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
				ALL FIGURES IN TONS									
1.	Lahore	Lahore	Model Godowns	10000	—	—	—	—	—	34000	—	—	10000
			Badamibagh.	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—
			Kasur.	2000	—	—	—	—	—	—	—	4500	2000
			Pattoki.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
				12000	—	—	12000	—	—	34000	34000	5000	12000
2.	„	Sheikhupura.	Sheikhupura.	2500	1000	1000	—	—	—	—	—	3000	4500
			Shahdara.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
			Nankana Sahib.	1500	—	1000	—	—	—	—	—	1000	2500
			Sangla Mill.	3000	—	—	—	—	—	—	—	500	3000
			Warburton.	500	—	—	—	—	—	—	—	—	500
			Narang.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
			Muridke.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
			Chuharkana.	1500	—	—	—	—	—	—	—	1000	1500
				9000	1000	2000	12000	—	—	—	—	7500	12000

Sl. No.	Region District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
			Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
	Gujranwala.	Gujranwala.	2000	1000	1000	—	—	—	—	—	4000	4000
		Hafizabad.	1000	—	1000	—	—	—	—	—	3000	2000
		Akalgarh.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
		Wazirabad.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
		Kamoke.	1000	—	1000	—	—	—	—	—	3000	2000
			4000	1000	3000	8000	—	—	—	—	12000	8000
	Sialkot.	Sialkot.	—	3000	—	—	—	—	—	—	5000	3000
		Pasrur.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
		Narowal.	—	1000	—	—	—	—	—	—	1500	1000
		Shakargarh.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Samberial.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
		Badomali.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
			—	4000	—	4000	—	—	—	—	9500	4000

Lyallpur.	Lyallpur.	—	2000	—	—	5000	—	—	—	—	7000
	Jaranwala.	3000	—	1000	—	—	—	—	—	—	4000
	T. T. Singh.	4500	500	1000	—	—	—	—	—	—	6000
	Chakjhumra.	3000	—	—	—	—	—	—	—	—	3000
	Gojra.	5000	—	—	—	—	—	—	—	—	5000
	Kamalia.	3000	—	1000	—	—	—	—	—	—	4000
	Tandlianwala.	4500	500	1000	—	—	—	—	—	—	6000
	Mamukanjan.	3000	—	—	—	—	—	—	—	—	3000
	Pirmahal	5500	—	—	—	—	—	—	—	—	5500
	Khanjwani.	2000	—	—	—	—	—	—	—	—	2000
		33500	3000	4000	40500	5000	—	—	5000	—	45500
Jhang.	Jhang.	1000	500	—	—	—	—	—	—	—	1500
	Chiniot.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
	Shorkot road.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
	Lalian.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
	Shahjewna.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
		5000	500	—	5500	—	—	—	—	—	5500
Rawal-pindi.	Rawalpindi.	5000	8000	—	—	5000	—	—	—	10000	18000
	Gujarkhan.	—	2500	—	—	—	—	—	—	2500	2500
	Kahuta.	—	—	—	—	—	—	—	—	2000	—
	Murree.	—	1500	—	—	—	—	—	—	500	1500
	Tayila.	—	1000	—	—	—	—	—	—	2000	1000
	Sihala.	—	1500	—	—	—	—	—	—	1500	1500
	Wah Cantt.	—	1500	—	—	—	—	—	—	—	1500
		5000	16000	—	21000	5000	—	—	5000	18500	26000
Gujrat.	Gujrat.	—	2000	—	—	—	—	—	—	2000	2000
	Lalamusa.	—	1500	—	—	—	—	—	—	1000	1500
	M.B. Din.	1000	500	—	—	2000	—	—	—	1500	3500
		1000	4000	—	5000	2000	—	—	2000	4500	7000

Sl. No.	Region District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present to at of Col. Nos. 6 & 7.
			Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
	Sargodha.	Sargodha.	5000	500	1000	—	3000	—	—	—	—	9500
		Bhalwal.	3000	—	—	—	—	—	—	—	—	3000
		Khaushab.	2000	—	—	—	—	—	—	—	—	2000
		Qaidabad.	3000	—	—	—	—	—	—	—	—	3000
		Puilarwan.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Sillanwali.	2000	—	—	—	—	—	—	—	—	2000
			16000	500	1000	17500	3000	—	—	3000	—	20500
	Jhelum.	Jhelum.	—	2500	—	—	—	—	—	—	4500	2500
		Chakwal.	—	2500	—	—	—	—	—	—	1500	2500
		P.D. Khan.	—	—	—	—	—	—	—	—	2000	—
		Soluawa.	—	1000	—	—	—	—	—	—	2000	1000
		Khewra.	—	1000	—	—	—	—	—	—	1500	1000
			—	7000	—	7000	—	—	—	—	11500	7000

	Campbellpur.	Campbellpur.	—	2000	—	—	—	—	—	—	2000	2000
		Talagang.	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Basal.	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Jand.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Lawrencepur	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Fatehjang.	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Pindigheb.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Hasanabdal.	—	—	—	—	—	—	—	—	2000	—
			—	6500	—	6500	—	—	—	—	4500	6500
	Mianwali.	Mianwali.	3000	500	—	—	—	—	—	—	500	3500
		Bhakkar.	3000	—	—	—	—	—	—	—	500	3000
		Liaqatabad.	2000	—	—	—	—	—	—	—	—	2000
		Mari Indus.	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
			8000	1500	—	9500	—	—	—	—	1000	9500
GRAND TOTAL OF LAHORE REGION :—			93500	45000	10000	148500	15000	—	34000	49000	74000	163500
II. Hyderabad.	Hyderabad.	Hyderabad.	—	17000	—	—	9500	3500	—	—	—	26500
		Matli.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Talhar.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Badin.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		A-Allyar.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Halah.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		T-Mohd. Khan	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
		Total ..	—	19500	500	—	9500	3500	—	13000	—	29500
	Sanghar.	Sanghar.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Shahdadpur.	4480	500	500	—	—	—	—	—	—	5480
		Shahpur.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
		Tandoadam.	—	—	—	—	—	2000	—	—	—	—
		Total :— ..	4480	1000	1000	—	—	2000	—	—	—	6480

Sl. No.	Region	District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
				Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1		2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
		Tharparkar.	Mirpurkhas.	6740	—	1000	—	1000	2000	—	—	—	8740
			Shahdi Pabi.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
			Nabisar Rd.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
			Pithoro.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
			Dharo Maro.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
			Jamehabad.	...	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
			Patoyun.	—	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
			Digri.	6720	—	1000	—	—	2000	—	—	—	7720
			Jhudo.	6720	—	500	—	—	1500	—	—	—	7220
			Khundri.	—	—	500	—	—	—	—	—	1500	500
			Saro. Road	—	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
			Mithi.	—	—	—	—	—	—	—	—	2000	—
			Total :— ..	20180	1500	6500	28180	1000	5500	—	—	3500	29180
		Dadu	Dadu.	—	1000	—	—	—	—	—	—	—	1000
			Khairpur.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
			Radhan.	—	2000	500	—	—	—	—	—	—	2500
			Sita Road.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
			Bhanayadbad.	—	500	500	—	—	—	—	—	—	1000
			Kotri.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
			Sahwan.	—	500	—	...	—	—	—	—	—	500
				—	5000	1000	6000	—	—	—	—	500	6000

Thatta.	Thatta.	—	2000	—	—	—	—	—	—	2000	200
	M. Sakro.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	M. Bhatharo.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	Sujawal.	—	500	—	—	—	—	—	—	1500	500
	Jati.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	Total :— ..	—	4000	—	4000	—	—	—	—	3500	4000
Nawab-shah.	Nawabshah.	4480	4000	1000	—	—	9000	—	—	—	9480
	Mero.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	N. Feroz.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	Sakrand.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
	Kandiro.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
	Total :— ..	4480	5000	2000	11480	—	9000	—	9000	—	11480
Sukkur.	Sukkur.	—	4000	—	—	1000	—	—	—	5000	5000
	Rori.	—	5000	—	—	—	—	—	—	—	500
	Gohtoki.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	Panoaki.	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
	Shikarpur.	—	500	2000	—	—	—	—	—	4500	2500
	Madaji.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
	Daharki.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
	M. Mithero.	—	—	500	—	—	—	—	—	1500	500
	Total :— ..	—	6000	3500	9500	1000	—	—	1000	11000	10500
Larkana	Larkana.	—	2000	2000	—	1000	—	—	—	—	5000
	Kamber.	—	—	1000	—	500	—	—	—	—	1500
	Neudero.	—	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
	Bakrani.	—	—	500	—	—	—	—	—	—	500
	Badah.	—	—	1000	—	2000	—	—	—	—	3000
	Shahdadkot.	—	—	1000	—	2000	—	—	—	—	3000
	Dokri.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
	Total :— ..	—	2000	6500	8500	5500	—	—	5500	500	14000

Sl. No.	Region District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
			Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
	Jaccobabad.	Jaccobabad.	—	2000	1000	—	—	—	—	—	—	3000
		Kashmore	—	500	—	—	—	—	—	—	—	500
		Thal.	—	500	1000	—	—	—	—	—	—	1500
		Ghari Kharo	—	500	1000	—	—	—	—	—	—	1500
		Khand Kot.	—	—	1000	—	—	—	—	—	1500	1000
		Total :— ..	—	3500	4000	7500	—	—	—	—	1500	7500
	Khairpur.	Khairpur.	1000	450	1000	—	—	—	—	—	—	2450
		T. Mastikhah.	1000	—	1000	—	—	—	—	—	—	2000
		Gambat.	—	900	1000	—	—	—	—	—	—	1900
		Ranipur.	1000	200	1000	—	—	—	—	—	—	2200
		Setharaja	2000	450	1000	—	—	—	—	—	—	3450
		Kot Laloo.	—	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
		Faiz Gang	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Kot Digri.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Total :— ..	5000	2000	6000	13000	—	—	—	—	1000	1300
	Grand Total :— ..		34140	49500	310000	114620	17000	20000	37000	—	215000	131649

III. Quetta	Quetta.	Quetta.	—	14000	—	—	2000	—	—	—	6500	16000
		Usta.	—	3000	—	—	—	—	—	—	—	3000
		Jatpat.	—	3000	—	—	—	—	—	—	—	3000
		Sibi.	—	11000	—	—	—	—	—	—	—	1000
		Fortsandeman	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000	1000
		Chaman.	—	—	—	—	—	—	—	—	1000	—
		Pishin.	—	1000	—	—	—	—	—	—	2000	—
	Loralai.	Loralai.	—	400	—	—	1000	—	—	—	—	1400
	Chagai.	Nushki.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Total :— ..	—	23400	—	22400	3000	—	—	3000	11000	25400
	Kalat.	Kalat.	—	150	—	—	—	—	—	—	1000	150
		Dhadar.	—	100	—	—	—	—	—	—	—	100
		Mustang.	—	450	—	—	—	—	—	—	500	450
		Sorab.	—	—	—	—	500	—	—	—	—	500
		Khuzdar.	—	200	—	—	—	—	—	—	500	200
		Baghbana.	—	—	—	—	1000	—	—	—	—	1000
		Balpat.	—	—	1400	—	—	—	—	—	500	1400
		Lindsay.	—	—	1000	—	—	—	—	—	—	1000
		Singra.	—	—	700	—	—	—	—	—	—	700
		Nuttal.	—	—	450	—	—	—	—	—	—	450
	Mekran.	Pasni.	—	200	—	—	—	500	—	—	—	200
		Jiwani.	—	100	—	—	—	500	—	—	—	100
		Gwadur.	—	—	—	—	500	—	—	—	—	500
		Turbat.	—	100	—	—	—	500	—	—	—	100
		Punjgur.	—	100	—	—	—	—	—	—	500	100
	Kaharan	Kharan.	—	100	—	—	500	—	—	—	—	600
		Total :— ..	—	1500	3550	5050	2500	1500	—	4000	3000	7550
G. Total of Quetta. Reg.			—	2900	3550	27450	5500	1500	—	7000	14000	32950

Sl. No.	Region	District	Centre.	Accommodation available before the first Five Year Plan				House Type Godowns under Construction under 1st Five Year Plan				House Type Accommodation sanctioned under the II Five Year Plan.	Accommodations available for Storage at present total of Col. Nos. 6 & 7.
				Bins	House Type Godowns	Lahore Type Sheds.	Total of Col. No. 3, 4 & 5.	Completed.	Under Construction.	Net yet started	Total of Col. No. 7, 8 & 9.		
	1		2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
				ALL FIGURES IN TONS.									
1.	Peshawar.	Peshawar.	Peshawar.	6000	—	1600	—	14000	—	—	—	3500	21600
			Nowshera.	1300	—	—	—	—	—	—	—	5000	1300
			Charsadda.	500	—	—	—	—	—	—	—	3000	500
				7800	—	1600	9400	14000	—	—	14000	11500	23400
		Mardan.	Mardan.	500	—	—	500	1000	—	—	1000	4000	1500
		Hazara.	Haripur.	—	—	—	—	1000	—	—	—	2000	1000
			Havelian.	4700	600	12000	—	2000	—	—	—	4000	8500
			Abbottabad.	—	—	—	—	1000	—	—	—	3000	1000
			Mansehra.	—	—	—	—	1000	—	—	—	1000	1000
				4700	600	12000	6500	5000	—	—	5000	10000	11500
		Kohat.	Kohat.	2500	—	1500	—	—	—	—	—	1000	4000
			Hangu.	—	—	—	—	—	—	—	—	3000	—
			Lakki.	1000	—	—	—	—	—	—	—	—	1000
				3500	—	1500	5000	—	—	—	—	4000	5000

	Bannu.	Bannu.	1000	—	800	1800	500	—	—	500	1000	2300
	D. I. Khan.	D. I. Khan.	2000	—	—	—	—	—	—	—	1000	2000
		Tank.	—	—	—	—	500	—	—	—	—	500
			2000	—	—	2000	500	—	—	500	1000	2500
	Mala-and.	Chitral.	—	—	—	—	—	500	—	—	—	—
		Dargai.	500	—	—	—	—	—	—	—	500	500
		Jamrud.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
	Khurrum.	Parachinar.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Mirali.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
		Shabqadar.	—	—	—	—	—	—	—	—	500	—
Mr. Speaker : Alright. There is one adjournment motion by Mir Abdul Baqi Baluch regarding the forcible ejectment from Tagran Tump Mekran to Hong, Iran of Mir Khan Muhammad elected member, Union Council Tump, alongwith about one thousand persons of his tribe on 26th May, 1963 who are now seeking political refuge in Iran against the West Pakistan Government Police terrorism in Tagran Area of Tump Tehsil in Mekran District. There is another adjournment motion by Mr. Baqi Baluch.....

Khawaja Muhammad Safdar : Let him read, Sir.

Mr. Speaker : I am not going to allow him to read. It is just for courtesy's sake that I am reading the adjournment motions.

The second adjournment motion by Mr. Baluch is regarding the illegal arrest of 17 persons and 47 camels carrying dates on 7th May, 1963 at Mithasing in Mekran District by Additional Police force Mand.

The third is by Mr. Abdul Baqi Baluch regarding the continuous migration of the inhabitants of Zamuran Mekran to Iran totalling now about 4000 persons seeking political assylum there against Political victimization by Mekran District authorities.

Khawaja Muhammad Safdar : We are not following what you are reading ?

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی -

Mr. Speaker : The fourth one is by Mr. Ghulam Nabi Memon regarding the colossal failure and negligence of the Railway authorities in

omitting to suitably adjust the arrival timings of the railway trains which reach Lahore at or about 11 p.m. which was the starting hour of the Curfew Orders in some of the parts of the city of Lahore, with the result that several passengers males, females and childeren who arrived at Lahore Railway Station last night at 11 p.m. were greatly inconvenienced and harrassed by the Police outside Railway Station Lahore and were not allowed to proceed to their destination and were thus constrained to pass a sleepless night outside the Railway Station Lahore in the open, on the cemented footpaths and bitumen roads, utterly helpless without drinking water in the scorching heat.

ایک ممبر - ہمیں تو کچھ پتہ نہیں چلا -

مسٹر سپیکر - میں آپ کو اردو میں بتاتا ہوں -

ریلوے سٹیشن پر رات کے گیارہ بجے گاڑی آئی - اس وقت کرفیو تھا - پولیس نے لوگوں کو بڑا harass کیا -

خواجہ محمد صفدر - جناب یہ تو ممبر کے Privilege کا سوال ہے یہ تو اور بھی ضروری ہے -

It is very important sir.

Mr. Speaker : It is not a privilege motion. It is an adjournment motion.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ان کے ساتھ پولیس نے بڑی سختی کی ہے -

Mr. Ghulam Nabi Memon is a very respected Member of this House.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : I am well aware of the ruling given by Mr. Speaker yesterday and I am here to convince him that my motion is not hit by that ruling. The inconvenience is being caused day in and day out and will continue till the discussion on the Railway Budget takes place.

Mr. Speaker : I think, it is on the 11th or the 12th that the discussion on the Railway will be taken up.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : What about this night and tomorrow and day after ? Will you permit this inconvenience to continue for ever ?

خواجہ محمد صفدر - یہ سلسلہ تو ابھی چار دن اور چلے گا - اس لئے غلام نبی میمن صاحب کو اجازت دی جائے -

Mr. Speaker : Malik Sahib have you to say something about it ?

Minister of law (Malik Qadir Bakhsh) : If the Member comes to my office ;

تو میں ان کے ساتھ discuss کر لونگا -

خواجہ محمد صفدر - یہ چھپ چھپ کر باتیں کرنے کی عادت چھوڑئیے اور ہمارے سامنے میدان میں آئیے -

Mr. Speaker : He is prepared to look into it.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : That is what I want.

خواجہ محمد صفدر - ایک ممبر کو نہ صرف inconvenience ہوئی ہے بلکہ ——

Minister of Law : He is himself satisfied now.

Khawaja Muhammad Safdar : He may be but we are not satisfied.

میر عبد الباقی بلوچ - جو لوگ آپ کی پناہ مانگ رہے ہیں آپ ان کو اجازت کیوں نہیں دیتے -

مسٹر سپیکر - جب اس کا موقع آئے گا تو آپ کو ضرور اجازت دی جائے گی -

میر عبد الباقی بلوچ - یہ تو چار ہزار لوگوں کا معاملہ ہے -

مسٹر سپیکر - میں اسے ایک بار پھر پڑھ کر سناتا ہوں - غور سے سن لیں - بار بار نہیں پڑھوں گا -

Mr. Speaker : I have received notices of four adjournment motions for today. None of them is in triplicate.....

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon : Mine is in triplicate. I sent three copies.

Mr. Speaker : I am sorry. So, I have received notices of four adjournment motions out of which three are not in triplicate. I have gone through each of them very carefully and am of the opinion that none of them is of such over-riding urgency, discussion upon which cannot be postponed to the general discussion of the Budget. For the reasons stated yesterday in my ruling the motions are not allowed.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, there is no quorum.

Mr. Speaker : The House is adjourned for fifteen minutes.

(*The Assembly then adjourned for fifteen minutes*).

(*The House re-assembled at 12.20 p.m. Mr. Speaker in the chair.*)

ORDINANCES LAID ON THE TABLE

Minister of Law (Malik Qadir Bakhsh) **:** Sir, with your permission, I lay on the Table the following Ordinances :—

1. The Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1963.

2. The West Pakistan Foodstuffs (Control) (Amendment) Ordinance, 1963.

3. The West Pakistan Maintenance of Public Order (Amendment) Ordinance, 1963.

4. The West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Ordinance, 1963.

5. The Motor Vehicles (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1963.

6. The West Pakistan Civil Courts (Amendment) Ordinance, 1963.

7. The Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1963.

8. The West Pakistan (Revenue Officers and Revenue Courts of Sheikhupura) Regulation of Proceedings Ordinance, 1963.

9. The Sind Village Officers (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1963.

10. The West Pakistan Recovery of Cost (Copies of essential Revenue Records) Ordinance, 1963.

11. The West Pakistan Abolition of Cesses (Habubs) (Amendment) Ordinance, 1963.

12. The Punjab Land Revenue (West Pakistan) Ordinance, 1963.

13. The West Pakistan Bus Stand and Traffic Control (Lahore) Ordinance, 1963.

14. The West Pakistan Bus Stand and Traffic Control (Gujranwala) Ordinance, 1963.

15. The West Pakistan Vegetable Market (Lahore) Ordinance, 1963.

16. The West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963.

17. The West Pakistan Timber Market (Lahore) Ordinance, 1963.

18. The West Pakistan Acquisition of Property (WAPDA House) Ordinance, 1963.

19. The West Pakistan Acquisition of Property (Residence of Government Officials) Ordinance, 1963.

The Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the years, 1957-58 and 1958-59. & The Audit Reports 1959-60. (*Laid on the table.*)

Minister of Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, on behalf of Finance Minister, I lay on the Table the Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the years, 1957-58 and 1958-59 and the Audit Reports 1959-60, thereon.

Report of the Rules Committee appointed to draft Rules of Procedure for the Provincial Assembly of West Pakistan. (*Presentation.*)

Minister of Law : Now, with your permission Mr. Speaker, I present the report of the Special Committee appointed to draft Rules of Procedure for the Provincial Assembly of West Pakistan.

Mr. Speaker : The report is presented. Next item.

Report of the Standing Committee on the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill 1963 (*Presentation*).

Minister of Law : Sir, I present the report of the standing Committee on revenue on the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker. The report is presented.

Report of the Standing Committee on the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill 1963 (*Presentation*).

Minister of Law : Sir, I present the report of the Standing Committee on local Government on the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Report of the Standing Committee on the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill 1963, (*Presentation*).

Minister of Law : Sir, I present the report of the Standing Committee on local Government on the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill, 1963.

Mr. Speaker : Next item please.

The Punjab Minor Canals (*West Pakistan Amendment*) *Bill*, 1963.
Minister of Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I beg to move :

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, as reported by the Standing Committee on Revenue be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, as reported by the Standing Committee on Revenue be taken into consideration at once.

There is an amendment by Mr. Baqi Baluch. Yes, Mr. Baluch, may move his amendment.

Mir Abdul Baqi Baluch (Mekran - I) : Sir, I beg to move :

That the Punjab Minor Canals (Amendment) Bill, 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th of June, 1963.

جناب والا ۔ Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill 1963.

Statement of objects and Reasons. میں حکومت فرماتی ہے ۔

In the absence of an Irrigation Law, the local tribes have their established rights in the waters of national streams, and the ownership of the waters of such streams by the State is not recognised.

دو باتیں ان کے بیان اغراض و وجوہ سے ظاہر ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ وہاں کوئی Settlement نہیں ۔ دوسرے وہ یہ بات بھی مانتے ہیں کہ قبائل نے تمام علاقے کے پانی پر اپنے حقوق مسلم کر رکھے ہیں حکومت کے اب تک تو وہاں کوئی حقوق نہیں ہیں اس کے باوجود یہ ایکٹ کوئٹہ اور قلات ڈویژن پر نافذ کر رہے ہیں گویا حکومت یہ چاہتی ہے کہ لوگوں کے حقوق کو extinct کر دیا جائے مگر ان کو معلوم نہیں ہے کہ لوگوں کے حقوق وہاں کیا ہیں۔ اور انہوں نے خود کہہ دیا ہے۔ کہ حکومت کو تو وہاں حقوق حاصل نہیں ہیں تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ قبل اس کے وہاں کے لوگوں کے حقوق کا تعین کریں یہ قانون کس طرح نافذ کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس قانون سے اگر تاریخ کی طرف نظر دوڑائی جائے تو یہ بات ظاہر ہوگی کہ اس وقت یہ قانون کوئٹہ اور قلات ڈویژن میں نافذ نہیں ہو سکتا ۔ اس بل سے ۷۴ دفعات پر مشتمل ایک قانون کو کوئٹہ قلات پر نافذ کیا جا رہا ہے اس قانون کے سیکشن ۳ میں جہاں definitions ہیں وہاں یہ لکھا ہے ۔

"3. In this Act unless there is something repugnant in the subject or context—

"Record-of-Rights" and "Revenue Officer" have the meanings assigned to them respectively in the Punjab Land Revenue Act 1887.

اور اس قانون کو نافذ کرنے کے لئے جگہ جگہ پر انہیں Record of Rights کا سہارا لینا ہو گا ۔ پھر لینڈ ریوینیو ایکٹ کو دیکھئے اس کا Chapter IV سیکشن ۳۰ سے سیکشن ۴۰ تک اس ریکارڈ سے متعلق ہے ۔ جب تک یہ پورا Chapter وہاں نافذ نہ ہو اس وقت تک آپ کا یہ قانون وہاں نافذ نہیں ہو سکتا ۔ مثال کے طور پر ریکارڈ تیار کرنے کا ایک خاص طریقہ ہے جو لینڈ ریوینیو ایکٹ آف ۱۸۸۷ء میں دیا ہوا ہے ۔ جس کے تحت سب سے پہلے ضلعوں کے حدود کا تعین کیا جاتا ہے ۔ پھر تحصیلوں کے حدود کا تعین کیا جاتا ہے اس کے بعد مواضعات کے حدود کا تعین کیا جاتا ہے ۔

لیکن انہیں اب تک یہ بھی نہیں معلوم کہ انکے ضلعوں اور ڈویژنوں کی حدود کہاں سے شروع ہو کر کہاں ختم ہوتی ہیں (حزب اختلاف کی طرف سے نعرہ تحسین) کھیتوں پر یہ قانون نافذ کرنا اور لوگوں کے پانی کے حقوق اس قانون کے ذریعے لیجانا کہاں کی عقلمندی ہے ؟

جناب والا ۔ انگریز جب پنجاب میں آئے تو اس وقت سکھوں کی حکومت تھی ۔ جو طریقہ مالیہ سے متعلق اس وقت قلات ڈویژن میں رائج ہے

وہ سکھوں کے دور حکومت میں پنجاب میں رائج تھا تو گویا جو حکومت آج سے سوسال پیچھے یہاں تھی آج موجودہ حکومت قلات ڈویژن میں اسی کے نقش قدم پر چل رہی ہے ۔ سکھوں کے زمانے میں مالیہ یہاں جس طرز سے لیا جاتا تھا وہ بٹائی کا طریقہ تھا یعنی اجناس کی وصولی ۔ کہیں ۱/۴ ۔ کہیں ۱/۶ ۱/۳- اور آج بھی قلات ڈویژن میں کہیں ۱/۲- حصہ کہیں ۱/۴ حصہ کہیں ۱/۱۰ حصہ بصورت جنس یہ مالیہ وصول کرتے ہیں ۔

انگریز ۱۸۴۹ میں جب باضابطہ طور پر سکھوں کو ہرا کر پنجاب پر مسلط ہوئے تو انہوں نے سب سے پہلا کام settlement کا کیا ۔ ۱۸۴۶ء میں ابتدائی کام settlement کا پنجاب میں شروع ہوا اور ۱۸۶۱ میں پہلا دور اس کاختم ہوا لیکن اس وقت تک انہوں نے ''مائنر کنال ایکٹ،، نافذ نہیں کیا بلکہ ۱۸۴۶ سے ۱۹۰۵ تک وہ منظم طریقہ سے کام کرتے رہے۔ اتنے سالوں کے بعد جب وہ ماحول پیدا ہو گیا تو انہوں نے ''مائنر کنال ایکٹ ۱۹۰۵'' نافذ کیا ۔ چنانچہ ان کا دوسرا دور settlement کا ۱۸۶۱ سے ۱۸۷۱ تک ہے ۔ تیسرا دور ۱۸۷۱ سے ۱۸۷۹ تک اور چوتھا دور ۱۸۷۹ سے ۱۸۸۹ تک ہے ۔ اس چوتھے دور میں settlement کا کام اس قدر منظم ہو چکا تھا کہ انہوں نے سیٹلمنٹ آفیسرز کے بجائے ریونیو آفیسرز مقرر کئے اور جو اس وقت سیٹلمنٹ افسر کہلاتے تھے ان کا designation تبدیل ہو کر ریونیو افسر ہوگیا اورسیٹلمنٹ کمشنر کا نام ریکارڈ کمشنر رکھاگیا۔ بعدازاں ۱۸۸۷ میں''لینڈ ریونیو ایکٹ،، کو نافذ کیا گیا ۔ اس سے قبل یہ بھی نہ کر سکے تھے حالانکہ ''مائنر کنال ایکٹ،، اس کے بعد کا قانون ہے۔ پہلا لینڈ ریونیو ایکٹ بھی انہوں نے ۱۸۷۱ میں نافذ کیا تھا ۔ جب وہ دو settlement پورے کر چکے تھے ۔ چنانچہ ۱۹۰۵ تک ان کا پانچواں settlement ختم ہوا اور وہ دور تھا جب water rates اور land revenue سے متعلق نئے اصول طے کئے گئے اور ان نئے اصولوں کے تحت انہوں نےپھر assessment کروائی اور ۱۹۰۵ میں یہ مرحلہ آیا کہ یہ قانون نافذ کریں ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آبپاشی اور settlement اور land revenue ان تینوں کا ایک دوسرے سے کیا تعلق ہے ۔ آیا ہم کام کئے بغیر پہلے مرحلے سے گذرے بغیر آخری مرحلے پر پہنچ سکتے ہیں یا نہیں ؟ میری گذارش ان سے یہ ہے کہ یہ ناممکن ہے ۔ جب تک آپ پہلے مراحل طے نہ کریں آپ آخری مرحلے پر کبھی نہیں پہنچ سکتے ۔ یہ قانون جو آپ آج پیش کررہے ہیں یہ یوں ہی کاغذات پر رکھا رہ جائے گا ۔ (حزب اختلاف کی طرف سے نعرہ تحسین) اور جب آپ settlement کے پورے کام وہاں کر جائیں گے جب جا کر تیس چالیس سال کے بعد یہ

قانون وہاں نافذ ہوگا ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ تیس چالیس سال آگے کیلئے آج آپ کیوں legislation کر رہے ہیں ؟ اس ایوان کا وقت کیوں خراب کر رہے ہیں ؟ بجائے اس کے کہ آپ وہ کام کریں جو آپ کو اس وقت کرنا چاہیے یعنی سب سے پہلے settlement کا کام شروع کریں آپ مائنر کینال ایکٹ نافذ کر رہے ہیں ۔ جو بعد کی بات کی ہے ۔

انہار سے متعلق اگر پچھلی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو انگریزوں کی عمل داری سے آغاز میں اس ملک میں کہیں بھی state canals کا وجود تک نہیں تھا ۔ ہر جگہ نہریں پرائیویٹ ہوتی تھیں state canals کی صرف دو مثالیں ہمیں ملتی ہیں ۔ چودھویں صدی میں فیروز شاہ نے ''نہر جمناء، نکالی تھی جس کا مقصد یہ تھا کہ اس کی حصار والی شکار گاہ میں پانی پہنچ جائے چنانچہ سولھویں صدی میں اکبر بادشاہ نے اس کی دوبارہ کھدائی کرائی اور اٹھارویں صدی کے آغاز تک وہ کار آمد تھی لیکن اس کے بعد وہ بیکار ہو گئی انگریزوں کے دور حکومت میں ۱۸۷۳ میں اس کی دوبارہ کھدائی کی گئی اور اسے جدید طرز کی نہر بنایا گیا ۔ دوسری مثال نہر ہسلی کی ملتی ہے جو شاہ جہان نے علی مردان انجینیر کے ذریعہ سے تعمیر کرائی تھی جس کا مقصد لاہور اور امرتسر پانی لیجانا تھا ۔ انگریز نے سب سے پہلے نہر سازی کا کام ۱۸۵۰ کے بعد اس کی کھدائی سے شروع کیا ۱۸۵۹ میں یہ جاری ہوئی جو اب تک اپر باری دو آب کنال کے نام سے موسوم ہے۔ ۱۸۶۰ کے بعد نہری زندگی کا آغاز پنجاب میں ہوا اور ۱۸۷۰ کے بعد اس کام پر بے حد توجہ دی گئی اور اس طرح نہروں کا جال پنجاب میں پھلایا گیا۔ ۱۸۶۰ کے بعد جب نہری زندگی کا آغاز ہوا تب لینڈ ریونیو تشخیص کرتے وقت انہوں نے water rates تشخیص کرنا شروع کیا اور اس سے پہلے یہ طریقہ نہیں تھا اور اس طرح جوں جوں ان علاقوں میں نہریں زیادہ ہوتی گئیں انہوں نے اسے زیادہ منظم کیا اور مختلف علاقوں میں land revenue اور water rates کی تشخیص کیلئے منظم کام شروع ہوا ۔ جب ۱۸۷۳ میں بڑی بڑی نہروں کی تعمیر کا کام حکومت نے شروع کیا تھا اس وقت حکومت کو ایک قانونی جواز پیدا کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور انہوں نے Northen India Canals & Drainage Act, 1873 پاس کیا جس کے تحت بڑی بڑی نہروں اور آبپاشی کی سکیموں کا انتظام حکومت کیا کرتی تھی لیکن آج قلات ڈویژن میں انہوں نے کون سی نہریں چلا دی ہیں ؟ کون سا انہوں نے کام کیا ہے ؟ کسی ایک نہر کی اگر مثال دیں تو میں مان جاؤنگا ۔ جب وہاں ایک بھی نہر نہیں ہے تو بجائے اس کے کہ Northern India Canals & Drainage Act, 1873 نافذ کریں اور بڑی

بڑی نہریں اور بند تعمیر کریں بجائے اس کے آپ اس آخری مرحلے پر یکایک آگئے ہیں اور پنجاب مائنر کنال ایکٹ نافذ کرنا چاہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس حکومت کی اندھادھند قانون سازی کی ایک اور مثال ہے اس وقت قلات ڈویژن میں جو طریقہ رائج ہے کیا آپ کو اس کا علم بھی ہے کہ وہ ہے کیا ؟ میں ابھی ابھی وہاں سے آرہا ہوں گذشتہ اجلاس میں میں نے یہاں Land Revenue کے متعلق چند باتیں کی تھیں غالباً ان سے ان کو یہ شوق ہوا ہوگا کہ پلک جھپکنے میں وہاں Land Revenue منظم کرکے مغربی پاکستان کے دیگر علاقوں کے برابر لے آئیں ۔ چنانچہ ۱۲ مارچ کو ان کی Cabinet Meeting ہوئی جس کا فیصلہ ۱۴ مارچ کو کمشنر قلات ڈویژن کو بھیجا گیا کہ Land Revenue اب وہاں سرسری بندوبست کے بغیر نہ لیں اور سرسری بندوبست فوراً کرکے ہمیں اطلاع دیں کہ یہاں سے مالیہ مقرر کردیا جائے کہ Land Revenue کیا لینا ہے۔ یہ حکم ڈپٹی کمشنروں کو بھیجا گیا جنہوں نے یہ حکم دیا۔ اور ۱۵ اپریل کو وہ حکم circulate کرکے یہاں لکھ بھیجا کہ اس سال یہ ممکن نہیں ۔ ہم تشخیص کر چکے ہیں اور اس دوران میں وہ تشخیص کر چکے تھے ۔ بعد میں ایک اور حکم موصول ہوتا ہے کہ آپ Land Revnue نئے طریقے سے لیں اور وہ assessment یوں کریں کہ ہر گاؤں کے گذشتہ پانچ سال کا Land Revenue آپ جمع کریں اور اس سے دس فیصد کم کریں اور بقایا کو سالوں پر تقسیم کرکے ہر شخص سے وصول کریں ۔ اب آپ ہی اندازہ فرمائیں کہ کہاں یہ باتیں اور کہاں Land Revenue Act جس پر ان کا Minor Canals Act depened کرتا ہے۔ آپ قلات میں کہیں چوتھا حصہ لیتے ہیں کہیں چھٹا حصہ۔ کہیں دسواں حصہ ۔ اور کہیں آدھا حصہ وصول کرتے ہیں ۔ آپ کو تو خود علم نہیں کہ آپ کہاں جارہے ہیں اور آپ کیا کر رہے ہیں اور حد تو یہ ہے کہ اس کے باوجود ان کے کانوں تک جوں تک نہیں رینگتی اور افسوس تو اس امر کا ہے کہ آج تک انہوں نے قلات ڈویژن میں قدم تک نہیں رکھا اور اس معزز ایوان میں ان کا عالم یہ ہے کہ وہ یہاں کھڑے ہو کر بڑے وثوق سے فرماتے ہیں کہ قلات ڈویژن میں صرف ایک سو سنتالیس ایکڑ زمین زیر کاشت ہے ۔ جن کا عالم یہ ہو کہ ان کی بات کا کیا اعتبار ۔ جن کو وہاں کے تشتم کے متعلق کچھ علم نہ ہو اور جو یہاں بیٹھے بیٹھے شخص ایک افسر کے خیال پر جس نے نہ جانے کس طرح اور کس حالت میں کسی میز پر سے لکھ کر بھیج دیا کہ یہاں یہ دقتیں ہیں لہذا یہاں یہ قانون ہونا چاہیے ۔ چنانچہ یہ بات وہاں سے چلتے چلاتے اس ایوان میں لے آئے ہیں اور اسے قانون بنا دیتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک لوگوں کے حقوق اور حکومت کی کار کردگی کا تعلق ہے میں یہ گذارش کرونگا کہ قلات ڈویژن میں انہوں نے جو development کا کام شروع کر رہا ہے اور بقول ان کے جس کے لئے اب وہ کوئی جواز پیدا کرنا چاہتے ہیں وہ سب لا قانونیت پر مبنی ہے ۔ نہ صرف لا قانونیت پر بلکہ غریب عوام کے حقوق بزور بازو غصب کر رہے ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں اس کی مثال پیش کرتا ہوں ۔ مکران میں ایک کاریز ہے جو رخشان کاریز کے نام سے تعمیر کیا جا رہا ہے ۔ یہ تقریباً ۱۹۶۰ء سے زیر تعمیر ہے ۔ لیکن اس کے پانی میں جو لوگوں کے حقوق تھے ان کا انہوں نے کوئی خیال نہیں رکھا ۔ چنانچہ انہوں نے یہ بند باندھا ۔ اس کے نچلی طرف پانچ مواضع ہیں جن میں پہلے پانی جاتا تھا ۔ لیکن اب انہوں نے ان مواضع کا پانی غصب کر لیا ہے ۔

علاوہ ازیں اس سکیم سے ان کے اپنے اندازے کے مطابق تقریباً تیس کیوسک پانی حاصل ہو سکے گا اور اس پر خرچ کا ابتدائی تخمینہ اٹھارہ لاکھ روپے کا تھا تا حال اس پر چوبیس لاکھ خرچ ہو چکا ہے ۔ اب ایک اور تخمینہ بنا کر بھیجا جا رہا ہے جو انتالیس لاکھ کا ہے ۔

جناب والا ۔ ابھی جب میں یہاں آیا تو چیف انجینیر وہاں بیٹھا ہوا تھا ۔ کہتا تھا کہ ایک نیا تخمینہ بناؤ تا کہ کہیں بعد میں اور روپیہ نہ مانگنا پڑے ۔ اب معلوم نہیں یہ نیا تخمینہ چالیس لاکھ کا ہو گا ۔ ساٹھ لاکھ کا یا ایک کروڑ کا ۔ لیکن اس بند سے جتنا نقصان ہوا ہے وہ اس فائدے سے کہیں زیادہ ہے ۔ تیس کیوسک ان کا ابتدئی اندازہ اور بارہ کیوسک کا اب اندازہ ہے ۔ لیکن اس بند باندھنے سے قبل جتنے کاریز اس کے نچلی طرف نکالے ہوئے تھے اور جو تعداد میں چھ تھے ان کا مجموعی پانی کوئی اٹھارہ کیوسک ہے اور وہ تمام کاریز ختم ہو چکے ہیں ۔ انہوں نے بند باندھا ۔ پانی رک گیا اور اس طرف جتنی بھی آباد زمینیں تھیں وہ اب غیر آباد ہوتی جارہی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس علاقے میں کوئی ساٹھ ہزار نخلیات یعنی کھجور کے درخت ہیں جن کا مالیہ دیا جاتا ہے ۔ وہ بھی اس سے اثر پذیر ہوئے ہیں ۔ ویسے اس علاقے میں کھجوروں کے درختوں کی کل تعداد تقریباً ایک لاکھ ہے ۔ اس لحاظ سے اگر کھجور کے ایک درخت کی قیمت سو سو روپے بھی لگائی جائے تو آپ خود ہی نقصان کا اندازہ لگا سکتے ہیں ایک کروڑ روپے کے قریب نقصان ان کے صرف اس اقدام سے ہوا ہے ۔ لوگ بیچارے چلا رہے

ھیں کہ ھمیں پانی دو ۔ لیکن ان کی آواز کوئی نہیں سنتا ۔ ان کے حقوق غصب کئے جا رھے ھیں ۔

جناب والا ۔ اس علاقے میں ھماری حکومت نے ایک نہر نکالی ھے ۔ تعجب کی بات یہ ھے کہ انہوں نے آباد زمینوں سے یہ نہر نکالنا شروع کر دی ۔ اس رقبے میں بھی کوئی اڑھائی ھزار کھجور کے درخت تھے جو انہوں نے کاٹ دیئے ۔ تین سال ھوئے درخت کاٹے جا چکے ھیں لیکن اس کا compensation ابھی تک نہیں دیا گیا ۔ ٹھیکیدار نے کٹائی کی رقم کب کی وصول کرلی ھوئی ھے اور لطف کی بات یہ ھے کہ تین سال سے جو درخت کٹ چکے ھیں حکومت اب تک ان کا مالیہ وصول کر رھی ھے کیوں کہ وہ اب تک ان کے ریکارڈ میں لکھے ھوئے ھیں اور اس وقت انہوں نے جتنے درخت گنے تھے اس لحاظ سے یہ وصول کر رھے ھیں ۔ تو جناب وہ لوگ بیچارے چلا رھے ھیں کہ کم از کم ھم سے مالیہ تو نہ لیا جائے لیکن جواب یہ دیا جاتا ھے کہ نہیں یہ تو لکھا ھوا ھے ۔ درخت ھوں یا نہ ھوں کاغذ پر تو یہ ابھی تک موجودہ ھیں ۔

جناب والا ۔ وھاں ایسے ایسے لوگ بھی تھے جن کی کل میراث سو درخت تھے ۔ وہ سو کے سو کٹ گئے ۔ ان کی کل جائداد کٹ گئی ۔ ان کے بچے جو سکولوں میں پڑھتے تھے اب اس قدر فرسودہ حال ھیں کہ وہ اس نہر پر مزدوری کرکے روٹی کماتے ھیں ۔

Mr. Speaker : The member may please try to be short.

Mir Abdul Baqi Baluch : Sir, this is legislation. On legislation people have been speaking for three continuous days.

Mr. Speaker : The member should please be short. There are other members who would like to speak. He is not the only Member to speak.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ تو جناب والا ۔ ایک تو انہوں وھاں یہ کیا کہ جو آباد زمینیں تھیں انہیں غیر آباد کیا ۔ لوگوں کے حقوق بغیر قانونی جواز کے غصب کئے ۔ بغیر کسی **compensation** کے ان کی جائیدادیں تباہ کر دیں اور اب تک ان سے ان کی تباہ شدہ جائیدادوں کا مالیہ وصول کر رھے ھیں ۔ تو جو محکمہ اور جو حکومت بغیر کسی قانونی جواز کے اتنا کچھ کر سکتی ھے ان کے ھاتھوں اس وقت یہ اختیار دے دینے سے آپ خود ھی اندازہ لگا سکتے ھیں کہ وہ کیا کیا گل کھلائے گی ۔

جناب والا ۔ یہ حکومت جو کچھ بغیر اختیار کے کر رھی ھے اس کی ایک اور مثال بڈو بند کی ھے جو خاران میں ھے ۔ انہوں نے وھاں صرف

اس غرض سے بند باندھنا شروع کر دیا کہ اس سے فلاں جگہ تک پانی لے جائیں گے حالانکہ اس پانی سے پہلے ہی آبپاشی ہو رہی تھی ۔ لوگ اپنے پرانے طریقوں سے کاشت کرتے تھے ۔ وہ پانی ان کا تھا ۔ ان کی میراث اور ملکیت تھی ۔ ان کی زمینوں پر جاتا تھا اور وہ اس سے فائدہ اٹھاتے تھے ۔ لیکن ان کو اس سے کیا کہ کوئی چیز کسی کی ملکیت ہے ۔ کہاں ہے اور کہاں نہیں ۔ ان کی تو پیسے کمانے سے غرض ہے ۔ کہیں کوئی سکیم مل جائے جو ان کی شمولیت کا باعث ہو فوراً وہاں پہنچ جاتے ہیں ۔ بند باندھنا شروع کردیتے ہیں اور روپیہ نوش جان کرتے ہیں خواہ کام کچھ ہو یا نہ ہو ۔ چنانچہ جناب والا ۔ انہوں نے جو بند باندھے لوگ بیچارے چلاتے رہے لیکن انہوں نے جواب دیا کہ ہم اس پانی کو دوسرے موضع کی طرف لے جانا چاہتے ہیں اور جس موضع کی طرف وہ لے جانا چاہتے ہیں وہ نہ تو ان لوگوں کی ملکیت تھا اور نہ ان لوگوں کا اس پانی پر کوئی حق تھا ۔ پانی کا حق ایک موضع کا تھا اور یہ اٹھا کر دوسرے موضع کو دینا چاہتے تھے ۔ چنانچہ بند تو انہوں نے باندھ دیا اور لطف کی بات یہ ہے کہ جہاں یہ پانی لے جانا چاہتے تھے وہاں یہ پانی لے جا نہ سکے ۔ لہذا یہ پانی نہ اس طرف گیا اور نہ آباد زمینیں اسے کام میں لا سکیں اور یہ پانی اب کسی اور طرف جارہا ہے جو بالکل ضائع ہورہا ہے اور بغیر کسی فائدے کے بہہ رہا ہے ۔ اس طرح انہوں ۔ آباد زمینیں بھی خراب کردیں اور آباد زمینوں کو غیر آباد کر دیا اور جس علاقے کو آباد کرنا چاہتے تھے وہاں کچھ بھی نہ کر سکے ۔ اس طرح قوم کا روپیہ برباد گیا ۔ جس کے متعلق ابھی تک کوئی سننے والا اور کوئی پرسان حال نہیں ۔

جناب والا ۔ ان حالات میں میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آخر آپ یہ قانون کیوں لانا چاہتے ہیں ۔ آپ نے آج تک یہ تکلیف گوارانہیں کی کہ آپ وہاں قدم رنجہ فرماتے اور ان لوگوں کے کرتوت دیکھتے جنہوں نے عوام پر آگ برسانا شروع کی ہوئی ہے اور جنہوں نے عوام کے حقوق کو غصب کرنا شروع کر رکھا ہے ۔ لیکن آج آپ اس قانون کو بھی پاس کر دیں گے ۔ اور اس قانون کے ہوتے ہوئے عوام کی جو رائے ہوگی اس سے آپس میں شک پیدا ہوگا کیونکہ اس میں حقوق کا تعین نہیں ۔ کوئی پانی کو اپنا حق تصور کرے گا کوئی کہے گا کہ میں یہ مانتا ہوں اور کوئی نہیں مانے گا اور اس طرح لوگوں میں Settlement کے تنازعات بڑھ جائیں گے جب تک بنیادی طور پر

Settlement نہیں ہو گی اور جب تک Records of Rights نہیں ہوں گے - Feuds بڑھیں گے اور Settlement کے کام میں من مانی ہوگی - آپ جو چاہیں گے کریں گے اور عوام آپس میں گتھم گتھا ہوں گے - لڑائیاں ہوں گی خون خرابہ ہوگا اس وقت خدا جانے آپ کہاں ہوں گے -

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کر کے بیٹھ جاتا ہوں -

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is ;

That the Punjab Minor Canals (Amendment) Bill, 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th of June, 1963.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Opposed.

میر نبی بخش خان زہری (کوئٹہ و چاغی) - زیر بحث مسئلہ کے متعلق میں اپنی رائے کوئٹہ قلات ڈویژن کے ایک نمائندہ کی حیثیت سے ریکارڈ کرانا چاہتا ہوں - اور ایک تجویز حکومت کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ آپوزیشن کی طرف سے جو نکتہ چینی یا تجاویز پیش کی گئی ہیں میں ان سے اتفاق کرتا ہوں لیکن یہ جو تجویز پیش کی گئی ہے کہ پہلے ڈویلپمنٹ ہو اور بعد میں ایکٹ نافذ کیا جائے میں اس سے اتفاق نہیں کر سکتا - جہاں تک ملک کے چلانے کے لئے یا کسی کام کے لئے آپ یہ چاہتے ہیں کسی آرگنائزیشن کے لئے آئین کو پہلے نہ بنایا جائے اس کے بنانے سے پہلے ہی کام کریں گے اور اس کے بعد ایکٹ نافذ کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں یہ بے معنی ہوگا - کوئی کام اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک اس کام کے لئے یہ تصفیہ نہ ہو کہ وہ کیسے ہوتا ہے اور کون کونسے ذرائع ہوں گے جن کے ذریعہ ڈویلپمنٹ ہو گی - چنانچہ مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے کہ پہلے ڈویلپمنٹ کی جائے اور اس کے بعد ایکٹ نافذ کیا جائے - اس طرح سے میں گورنمنٹ سے عرض کرتا ہوں جس کی پارلیمانی پارٹی کا میں ممبر ہوں اور چاہتا ہوں کہ ان الفاظ سے صحیح نمائندگی ہو جائے کہ ان کا یہ خیال کہ ایکٹ اب وہاں ہمارے علاقہ میں نافذ کیا جائے میرے نزدیک نا ممکن ہے - (ہئیر ہئیر) اس لئے کہ وہاں کی زمین اور وہاں کا ماحول اس کام کے لئے تیار نہیں ہے -

اس ہاؤس کے پچھلے سیشن میں ہی جب کرائمز ریگولیشن کو تمام صوبہ میں ایک ہی دن نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تو ہم نے بخود یعنی ہماری پارٹی نے اور حکومت نے بلوچستان کے متعلق ترمیم پیش کی کہ ایک سال تک پہلا کالا قانون ہی جاری رہے - میرا مطلب یہ ہے

کہ اس جگہ انتظامیہ کی ضرورت کے مطابق موجودہ ایکٹ اور قانون کو نافذ کرنے سے پہلے زمین ہموار کی جائے اور ایڈمنسٹریشن کے حکام اور افسروں کے کام کی درستی کی جائے ۔ مثال کے طور پر پچھلے سیشن میں جب یہ مسئلہ پیش ہوا تھا اور میں نے قلات اور کوئٹہ ڈویژن کے ایم پی اے حضرات نے اپنی پارٹی میں بھی اپنی رائے کا اظہار کیا تھا اور ایک سب کمیٹی بھی بنائی تھی تاکہ یہ التجا کی جائے کہ ملک کا مفاد اسی میں ہے کہ جس طرح سے لوگ تیار ہوں ایک قانون ان کے معیار کے مطابق اور ان کی سہولتوں کے مطابق ملک کی بہتری کے لئے لایا جائے اگرچہ یہ ایکٹ جیسا کہ میں سمجھتا ہوں بہت اچھا ہے اور بعض حضرات کے نقطہ نگاہ سے اتفاق کرتا ہوں لیکن یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی Investment کرنے سے پہلے قوم کے روپیہ کے متعلق یہ تصفیہ ہونا چاہئے کہ آئندہ جو انتظام کیا جائے اور مستقبل میں جو خدشات پیدا ہوں ان کا کس طرح حل کیا جائے ۔ ان علاقوں میں یعنی کوئٹہ قلات ڈویژن میں آج تک بند و بست اور Settlement کا کام نہیں ہوا ۔ میں جانتا ہوں کہ اس کو کافی وقت لگے گا اور پھر ریکارڈ تیار ہو گا مگر میں اس بات کے خلاف ہوں کہ آپ ایک ایکٹ نافذ کر دیں اور زبردستی لوگوں پر تھوپ دیں ۔ میں یہ حقیقت حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اس طرح سے مطلوبہ کامیابی حاصل نہیں ہوگی اور لوگوں کی حالت اچھی نہیں ہو گی ۔ کوئٹہ قلات ڈویژن میں بعض جگہوں میں $\frac{1}{6}$ اور بعض جگہوں میں $\frac{1}{4}$ حصہ مالیہ لیتے ہیں ۔ جس طرح معزز ممبر نے فرمایا ہے مجھے ان کے نقطہ نظر سے اتفاق ہے کہ ان لوگوں سے اس طرح مالیہ نہیں لینا چاہئے ۔ ان کے علاقہ کو قبائلی علاقہ قرار دے کر ریاست کے نام پر مدغم کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہاں کے حالات کا جائزہ لے کر اور ان لوگوں کو ایک معیار پر لانے کے بعد ایکٹ نافذ کریں تو اس سے فائدہ ہوگا اور یہ موزوں بھی ہو گا ۔

ایک اور بات جو قابل ذکر اور قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ زمینداروں پر ڈویلپمنٹ چارجز ۲۵ فیصد زیادہ ہو گئے ہیں چنانچہ میں یہ عرض کروں گا اور اپنے چند دوستوں اور وزرا سے درخواست کروں گا کہ ایک مختصر سا پروگرام ہمارے غریب علاقوں کے لئے بھی رکھیں ۔ چونکہ وہ اب تک بہت مصروف رہے ہیں میں امید کرتا ہوں کہ اب اس کے بعد اپنا پروگرام ہمارے علاقہ کے لئے بھی بنائیں گے تاکہ وہ اس علاقہ کے لوگوں کی پریشانیوں سے روشناس ہو سکیں نیز انہیں یہ معلوم ہو کہ

ان کے مطالبات کیا ھیں اور ان کو کیا کیا تکالیف ھیں ۔ جناب استو صاحب کوئٹہ تک گئے اور ھمیں امید تھی کہ آگے بھی جائیں گے مگر وہ نہیں جاسکے ۔

وزیر مواصلات (مسٹر در محمد استو) ۔ انشاءاللہ اب مکران بھی جائیں گے ۔

میر نبی بخش خان زھری ۔ جناب سپیکر ۔ تحصیل نوشکی ضلع چاغی کا علاقہ قبائلی علاقہ ھے اسے Settled Area قرار دیا جائے ۔ خان عبدالصبور خان جو مرکزی وزیر ھیں اور مرکز میں جمہوری پارٹی کے لیڈر بھی ھیں جب وھاں گئے تو میں ان کے ساتھ تھا اس وقت کئی قسم کی درخواستیں ان کی خدمت میں دی گئیں ۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ صوبائی حکومت کا معاملہ ھے ۔ مرکز کا اس سے کوئی تعلق نہیں ھے ۔

جہاں تک ۲۵ فیصد ڈویلپمنٹ Cess کا تعلق ھے اس میں کوئی شک نہیں اور کوئی شبہ نہیں کہ بلوچستان کو کوئٹہ قلات ڈویژن میں حکومت کی کوششوں سے کافی ترقی ھوئی ھے ۔ میں اس سے انکار نہیں کرتا ۔ مگر جہاں تک ایگریکلچر کا سوال ھے اس کی Development کا سوال ھے ۔ اور Development ٹیکس کا سوال ھے یہ ایک ایسی چیز ھے کہ اس علاقے میں خود تحصیل نوشکی میں جو ۲۵ فیصدی Development ٹیکس لگایا گیا ھے ۔ اور جس کی وصول یابی کے لئے بڑی کوششیں ھو رھی ھیں ۔ یہ وھاں نہ لگایا جائے ۔ کیونکہ ان کی آمدنی میں ۲۵ فیصدی اضافہ نہیں ھوا ۔ اس لئے میرے خیال سے یہ امر اس بات کا مقتضی ھے کہ اس پر ضرور ھی غور کرئیے ۔

اس کے علاوہ کوئٹہ اور قلات ڈویژن میں کہ جہاں پر اس ایکٹ کو حکومت Extend کرنا چاھتی ھے ۔ اس سلسلے میں میری تجویز یہ ھے کہ اسے کم از کم تین سال تک التوا میں رکھا جائے ۔ یہی میری آخری تجویز ھے ۔ اور اگر حکومت نے اس بارے میں جلد بازی سے کام لیا ۔ تو مجھے ڈر ھے کہ اس سے اس کا اصل مقصد بھی فوت ھو جائے گا ۔ اور لوگوں کے دلوں میں ایک قسم کی بدگمانی پھیلنے کا بھی خدشہ ھے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تجاویز اور تقریر ختم کرتا ھوں ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی ۔ ژوب ۔ کوئٹہ) ۔ جناب عالی ۔ جیسا کہ میں نے پچھلے سیشن میں یہ بل پیش کرتے ھوئے کہا تھا کہ ھمیں یہ موقع ملنا چاھئیے ۔ کہ ھم اپنے عوام سے رابطہ قائم کر سکیں کہ آیا یہ بل جو ھماری حکومت ھم پر ٹھونس رھی ھے ۔ انہیں قابل قبول بھی

ہے کہ نہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس بل میں کوئی فائدہ ان کے لئے نہیں ہے ہو سکتا ہے کہ اس میں ان کے لئے فائدہ بھی ہو ۔ اور میں اس امر میں اپنے ایک معزز رکن سے متفق ہوں کہ ہمارے عوام ابھی اس قابل نہیں ہیں ۔ اور وہ ابھی اتنے ہموار نہیں ہیں کہ وہ اس قانون کو اچھی طرح سے سمجھ سکیں ۔ جب یہ بل سیلکٹ کمیٹی میں پیش ہوا تھا ۔ تو میں نے اس بارے میں اپنے حلقے میں جا کر مختلف عوام سے رابطہ پیدا کیا تھا ۔ اور میں یہاں پر اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے جن عوام سے اس بل کے متعلق جس قدر بھی گفت و شنید کا موقع ملا ہے ۔ اُن سب نے کلی طور پر اس کی مخالفت کی ہے ۔ اس لئے میں وزیر متعلقہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ جلد بازی سے کام لیتے ہوئے اس قانون کو ہم پر نہ ٹھونسیں ۔ اور ہمیں موقع دیا جائے ۔ کہ ہمارے عوام اس کی اچھائی اور برائی کو اچھی طرح سے پرکھ سکیں ۔ جہاں تک سیلکٹ کمیٹی کا تعلق ہے ۔ ہمیں اس میں اتنا موقع بھی نہیں دیا گیا کہ ہم اپنا Case اس میں Plead کر سکیں ۔ وہاں ایک اور مختصر کمیٹی بنا دی گئی ۔ جہاں ہمیں سنے بغیر ہی یہ فیصلہ دے دیا گیا کہ یہ قانون ہونا چاہیئے ۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ بلوچستان میں لاگو کرنے کے لئے اس قانون کی اہمیت کیوں اتنی بڑھ گئی ہے ۔ بلوچستان میں دو قسم کے علاقے ہیں ، ایک علاقے کو قبائلی علاقہ کہا جاتا ہے اور دوسرا Settled Area ہے ۔ قبائلی علاقے میں آپ اس کو نہیں لگا رہے ہیں ۔ لیکن Settled Area میں اسے نافذ کر رہے ہیں ۔ میں اس بات کو نہیں سمجھ سکا کہ جو مشکلات Settled Area میں ہیں وہ قبائلی علاقے میں کیوں نہیں ہیں ۔ اور پھر جس طریقے پر ہم صدیوں سے کام کر رہے ہیں ۔ اسے کیوں رہنے نہیں دیا جاتا ۔ اس میں شک نہیں کہ ابھی تک وہاں F. C. R. کے تحت تمام جھگڑے فیصلے پا رہے ہیں ۔ یہ وہاں پر موجود ہے ۔ آپ اسے منسوخ نہیں کر رہے ہیں اور نہ اسے قبائلی علاقے میں Extend کر رہے ہیں ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ آپ ہمارے علاقے میں یہ دو متضاد چیزیں کس طرح کر رہے ہیں ۔ ہمیں یہ کہا گیا بلکہ یہ دھمکی دی گئی کہ اگر ہم اپنے علاقے میں F.C.R. نافذ نہ ہونے دیں گے ۔ تو ہم بلوچستان میں تمام ترقیاتی کام روک دیں گے ۔ اگر حکومت کے یہی عزائم ہیں تو ون یونٹ کا مقصد کیا رہ جاتا ہے ۔ ون یونٹ کے قیام کے وقت کہا گیا تھا ۔ کہ سب کے ساتھ مساوی سلوک ہوگا ۔ میں یہاں پر ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک اس وقت حکومت کے رقم مہیا کرنے کا تعلق ہے میرے

علاقے میں کافی Developments ہو رہی ہیں اور بالخصوص جیسا کہ میں پہلے بھی اس ہاؤس میں عرض کر چکا ہوں ۔ جب سے ہمارے نئے کمشنر انور عادل صاحب وہاں گئے ہیں ۔ ہماری Development اور تیز ہو گئی ہیں ۔ لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہوتا کہ آپ ہمیں ایک طرف سے روٹی دیں اور دوسری طرف سے ہمارا گلا گھونٹ دیں ۔ برائے مہربانی ہمیں موقع دیں ۔ کہ ہم اپنے عوام کو سمجھا سکیں کہ یہ قانون آپ کے لئے اچھا ہے اور اس میں آپ کی بہتری ہے ۔ آپ ہمیں یہ موقع بہم پہنچائیں کہ ہم اپنے عوام کو اس بل کے لئے تیار کر سکیں ۔

جہاں تک آبپاشی کے انتظام کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق ایک مثال عرض کروں گا ۔ ہمیں کہا گیا کہ .....

نوابزادہ افتخار احمد خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ یہ حضرات اس بل کی مخالفت کر رہے ہیں یا اس کی حمایت کر رہے ہیں کم از کم اس کا پتہ چلنا چاہیئے ۔

Mr. Speaker. This is no Point of order. He is a member and Should know what they are speaking about.

میر نبی بخش خاں زہری ۔ میں نے اپنی تجویز میں یہ عرض کیا ہے کہ اسے تین سال تک وہاں نافذ نہ کیا جائے ۔ لیکن جب Settlement مکمل ہو جائے ۔ تو اس وقت میں اسے خوش آمدید کہوں گا ۔ میں تو خود چاہتا ہوں کہ یہ نافذ ہو جائے ۔

بابو محمد رفیق ۔ تو جناب والا ۔ جہاں تک آبپاشی کا تعلق ہے ۔ ہماری حکومت کہتی ہے کہ ہم آپ کے لئے بڑا روپیہ خرچ کر رہے ہیں ۔ میں اس سے پیشتر بھی اس معزز ایوان میں کہہ چکا ہوں اور اب بھی حکومت کو چیلنج کرتا ہوں کہ آپ کی دی ہوئی Figures دس فیصدی بھی صحیح نہیں ہیں ۔ ہم اریگیشن سکریٹری قاضی صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ ہمارے علاقے میں پچھلے دنوں تشریف لائے تھے ۔ انہوں نے وہاں جا کر کہا تھا کہ بلوچستان کے لئے یہ اریگیشن سکیمیں بڑی کارآمد ثابت ہوں گی اور انہوں نے جو Figures اریگیشن کی دی ہیں میں اس کو چیلنج کرتا ہوں ۔ وہ دس فیصدی بھی صحیح نہیں ہیں ۔ اور نوے فیصدی Bogus figures ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے وہاں پر دو لاکھ ایکڑ رقبہ Develop کیا ہے ۔ لیکن میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہاں بیس ہزار ایکڑ رقبہ بھی Develop نہیں کیا گیا اور بلاوجہ کروڑھا روپیہ ضائع کیا گیا ہے اور اگر ہم اس کے متعلق آواز اٹھاتے ہیں تو پھر ہمیں سزا وار کیا جاتا ہے ۔ میں حکومت سے اپیل کروں گا ۔ اور

جو تجویز میر صاحب نے کی ہے اس کی تائید کرتا ہوں کہ کم از کم تین سال کی مہلت دی جائے ۔ کیونکہ اس وقت ہمارے عوام اس بل کو قبول کرنے کے لئے بالکل تیار نہیں ہیں ۔ آخر فی‌الحال وہاں پر آپ ۱/۴ یا ۱/۶ مالیہ وصول کرتے رہے ہیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ ہمیں موقع دیا جائے تاکہ اسے سمجھیں ۔ اس وقت ہمارے عوام اس بل کو قطعاً قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں ۔

میر یوسف علی خاں مگسی (قلات - I) ۔ جناب صدر ۔ یہ Punjab Minor Canals Act شاید بذات خود ایک اچھی چیز ہو ۔ لیکن اس وقت اس ایکٹ کو سابق بلوچستان میں نافذ کرنا ایسا ہے جیسے آدمی آئین پہلے بنائے اور ملک بعد میں حاصل کرے ۔ بلوچستان کی پوزیشن یہ ہے کہ وہاں نہریں تو کوئی نہیں ہیں ، البتہ کاریز ہیں اور یہ کاریز بھی یا تو قبائلیوں کی ملکیت ہیں یا پرائیویٹ لوگوں کی اور ان کو کارآمد بنانا یا اس کی شکست و ریخت کا سامان کرنا ان ہی کی ذمہ داری ہے ۔ حکومت کے کچھ بندات ہیں ۔ جو آٹے میں نمک کے برابر ہیں ۔ لیکن جو چیز کسی کی ذاتی ملکیت ہو اور اس کی دیکھ بھال اور اس پر محنت وغیرہ بھی وہ لوگ خود کرتے ہوں اور اگر وہ حکومت کے قبضے میں چلی جائے تو میرے خیال میں اس سے بدامنی کے سوا اس علاقے میں اور کچھ نہیں ہو سکتا ۔ تو میری ناقص رائے میں یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ پہلے تو وہاں یہ تصفیہ کیا جائے کہ کونسی چیز لوگوں کی ذاتی ملکیت ہے اور کونسی حکومت کی ۔ اور اس کے بعد اگر اس ایکٹ کو وہاں پر نافذ کیا جائے تو پھر کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا ۔ اب مثال کے طور پر یہ تو پراپرٹی کا معاملہ ہے ، پچھلے دنوں ریونیو کا معاملہ چلا اور ہماری حکومت وہاں کی لوکل اتھاریٹیز سے پتہ کر سکتی ہے کہ اس ریونیو کے معاملے پر وہاں کتنی بدامنی پھیلی ۔

ہر اچھی حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ پوری کوشش کرے کہ ہر علاقے میں امن قائم ہو اور ہر چیز صلح صفائی سے طے ہو ۔ ہمیں اس سے انکار نہیں ہے کہ وہاں حکومت نے Developments کی ہیں ۔ لیکن حکومت کی جلد بازی سے بعض اوقات بجائے امن قائم ہونے کے بدامنی پھیل جاتی ہے ۔ میرے دوسرے احباب جو مجھ سے پہلے بول چکے ہیں ۔ میں ان کی تائید کرتا ہوں ۔ اور اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ وہاں پر پہلے Settlement کی جائے ۔ اور اس کے بعد یہ قانون وہاں نافذ کیا جائے تو بہتر ہوگا ، بلکہ اس سے بھی زیادہ بہتر ہوگا کہ وہاں کے عوام سے اس

کے متعلق پوچھا جائے ، کیونکہ یہ ان کے فائدے کے لئے ہے - میرے خیال میں ہماری حکومت کو اس میں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے -

Haji Gul Hassan Mangi : (Sukkur - I) : Mr. Speaker, Sir.....

خواجہ محمد صفدر - جناب ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں -

We should be given an opportunity to express our feelings.

Mr. Speaker : He will be given an opportunity.

Haji Gul Hassan Mangi : Mr. Speaker, Sir, We the people of former Sind were given an assurance that no act would be done against the wishes of the representatives of that part and at the time the Guddu barrage lands were auctioned we the representatives of Sind opposed the auction of those lands but it was carried out against our wishes. The result is that now cent per cent people are against one unit.

Now, here another Punjab Act is being made applicable to Kalat and Quetta. I have seen that all representatives of Kalat and Balochistan, whether they are sitting on the Treasury Benches or on the Opposition benches, are against this Act. I think according to the assurance given and to make one unit run, that request should be accepted and this Act should be postponed for 3 years. I will request the Minister incharge not to press for passing of this Bill at this time because it should be discussed in our party. It has not been discussed before this. So I request that it should first be discussed in the Party.

Mr. Speaker : Would the Minister like to speak just now ?

Minister for Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) I think I should be the last and will speak on the amendment as well as on the main motion. But so far as this amendment is concerned, the question may now be put.

Mr. Speaker : When they have finished with this amendment then I will straigh away put the question on both the motions, *i.e.*, the amendment as well as the main motion.

راؤ خورشید علی خان (منٹگمری - ۳) - جناب والا - قبل اس کے کہ میں اپنی گذارشات شروع کروں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ عجیب نقشہ ہمارے سامنے پیش ہو رہا ہے کہ متعلقہ علاقہ کے جو نمائندے ہیں وہ شد و مد سے اس کی مخالفت کر رہے ہیں لیکن ہمارے مہربانوں کی عجیب عادت ہے کہ ڈھنڈورا اس بات کا پیٹا جاتا ہے کہ ہم تو حکومت عوام کے نام پر کررہے ہیں عوام کے مفاد کو مد نظر رکھ کر عوام کے مشورے سے کرتے ہیں لیکن کیا یہ جمہوریت کا منہ نہیں چڑایا جا رہا ہے on the floor of the House کہ ہر علاقہ کے ایک ایک نمائندے نے بلا لحاظ اس امر کے کہ وہ Treasury سے تعلق رکھتا ہو یا آپوزیشن سے سب نے اس کی تمام خامیوں کی نشاندھی کی ہے لیکن س کے باوجود یہ گھر سے فیصلہ کر کے آئے ہیں کہ ان کی تجویز چاہے

غلط ملط ہوں جائز ہوں یا نا جائز ہوں عوام کے حقوق تباہ و برباد ہوتے ہوں وہ مرجائیں یا ختم ہو جائیں لیکن ان کے کان پر جوں بھی نہیں رینگتی - خدا کے لئے عوام پر رحم کرو اور ان کے نمائندے جو بات کہتے ہیں اگر ان کی بات جائز ہو تو پھر اس کو مان لینا چاہئے اگر آپ اس کو نافذ ہی کرنا چاہتے ہیں تو اس کو تین سال کے لئے ہی ملتوی کر دیجئے اور اس عرصے میں اس کے ضروری انتظامات مکمل کر لیجئے -

جناب عجیب و غریب بات ہے اور عجیب صورت حال ہے کہ Record of Rights کا تعین نہیں ہوا کسی کے حق کا تعین نہیں ہوا لیکن ایکٹ نافذ کیا جا رہا ہے - اس کا مطلب اس Ancient Proverb کی طرح To put the cart before the horse ہو گیا - بھائی ٹھیک ہے جیسا کہ زہری صاحب نے فرمایا ہے کہ ایکٹ کی بھی ضرورت لا حق ہوتی ہے جس چیز کو عملی جا مہ پہنانا ہوتا ہے اس کے لئے قانونی شکل تو کوئی ملنی ہی چاہئے لیکن بابا قانونی شکل دینے کے لئے جب کوئی Precedents نہیں ہیں تو یہ کیسے ہو گا اور آپ اس قانون کو کیسے نافذ کریں گے - یعنی عجیب صورت کا نقشہ پیش کیا جا رہا ہے کہ آپ کے پاس ہتھیار نہیں ہیں اور آپ لڑنے جارہے ہیں -

اب جناب والا - اس سلسلے میں دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک منصوبہ بنانے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جس علاقہ میں اس منصوبے کو نافذ کیا جائے وہاں پہلے اس چیز کو Balaver کر لیا جائے کہ اس کے نقصانات زیادہ ہیں یا فوائد زیادہ ہیں - بیشتر معاملے ایسے ہوتے ہیں جن میں کچھ اچھائی کا پہلو ہوتا ہے اور کچھ برائی کا اور خالصاً اچھائی یا برائی جب قریب قریب نا یاب ہو جیسا کہ اس ہاؤس نے اس چیز کو ثابت کیا ہے کہ اس ایکٹ کے نفاذ سے کوئٹہ اور قلات ڈویژن کو فوائد سے نقصانات زیادہ ہیں تو جب یہ چیز واضح ہو گئی کہ اس چیز کو عملی جامہ پہنانے سے کوئٹہ قلات ڈویژن میں نقصانات زیادہ ہیں تو پھر اس کے لئے یہ ضروری ہے اور عقل مندی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اگر صوبائی حکومت اس کو ختم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تو کم سے کم اس کو تین سال کے لئے ملتوی کر دیا جائے - اور اس کو ملتوی کرنے میں کوئی قباحت نہ محسوس کرنی چاہئے -

اس کے علاوہ جناب میں ایک بات عرض کروں گا کہ قبل اس کے کہ اس ایکٹ کا نفاذ دوسرے علاقوں پر کیا جائے پہلے ان علاقوں کی

اصلاح کی جائے جہاں یہ ایکٹ نافذ کیا جا چکا ہے ۔ حالت یہ ہے کہ نہری پانی کا معاملہ جو ایک Scandal کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے اور اس سے لوگ بے پناہ مصائب میں مبتلا ہیں ۔ لوگ جو Water rate ادا کرتے ہیں وہ تو اس رقم کا عشر عشیر بھی نہیں ہے جو گورنمنٹ کی طرف سے مقرر ہوئی ہے اور جو غلط ذرائع سے اور Corrupt Practices سے ان سے وصول کر لی جاتی ہے ۔ تو در اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ جہاں پہلے سے اس ایکٹ کا نفاذ ہے یہ دیکھنا چاہئے کہ وہاں کیا قباحتیں ہیں اور لوگ کس کس قسم کی سختیاں جھیل رہے ہیں ۔ اور وہاں ہمیں کیا انتظامات کرنا چاہئیں ۔ میں پھر آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤں گا کہ پہلے جس رقبے پر یہ ایکٹ نافذ ہے آپ اس کی اصلاح کریں وہاں کی مشکلات پر قابو پانے کی کوشش کریں مزید رقبے کو اس کے تحت نہ لائیں ۔ یہ عقل مندی کے بالکل منافی ہے ۔ جن علاقوں پر یہ کینال ایکٹ نافذ ہے وہاں کی صورت حال یہ ہے کہ لوگوں کو اس وقت تک پانی نہیں ملتا جب تک وہ کینال کے اہل کاروں کی جیبیں گرم نہ کریں تو یہ بالکل جناب والا ۔ حقیقت ہے ۔ لوگوں کی فصلیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں ۔ اس قسم کی صورت حال ہے اور خاص طور پر کہ جس وقت بجائی کا موقع ہوتا ہے جب فصلیں پکنے کے لئے تیار ہوں اس وقت خاص طور پر پانی کی کمی کر دی جاتی ہے ۔ اس مسئلے کو میں اوکاڑہ اور رینالہ کی مثال دے کر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جن علاقوں میں کینال ایکٹ نافذ ہے وہاں لوگ کس قسم کے مسائل کے شکار ہیں ۔ جن زمینوں کی سطحیں اونچی ہیں ان کے لئے گورنمنٹ نے Lift irrigation کا انتظام کیا ہوا ہے کہ پانی کو اونچا اٹھا کر اونچی سطح والے رقبے کو سیراب کیا جاتا ہے ۔ اگر اہل کار بددیانت ہو جائیں جیسی کہ صورت حال ہے تو وہ Lift کی مشین عین اس وقت جب کہ فصل کے پکنے کا موقعہ آتا ہے اس وقت وہ دیدہ دانستہ اس میشنری کے اندر خرابی پیدا کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ پیٹتے ہوئے حکام کے پاس جاتے ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوتی ۔ جب تک ہزاروں کی رقم بجلی والوں کی جیب میں نہ ڈال دی جائے اس وقت تک مشین ٹھیک نہیں ہو سکتی وہاں Technician کی ضرورت نہیں روپیہ سب سے بڑا Technician ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کچھ کوئٹہ بلوچستان کے متعلق بتائیے آپ تو اوکاڑہ وغیرہ کے متعلق سارا وقت لگا رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب یہی وہاں کے حالات ایک سے ہیں ۔

Mr. Speaker : We would like to know if the member has anything to say about Baluchistan and Quetta.

راؤ خورشید علی‌خان - جناب جہاں یہ نافذ ہے وہاں انہوں نے کیا گل کھلائے ہوئے ہیں جناب والا - میں اسی چیز کو Expand کر رہا ہوں -

Mr. Speaker : Please be short.

راؤ خورشید علی خان - بعض علاقوں کی اونچی سطحیں ہیں جب تک رشوت کے ذریعے جیبیں گرم نہ کی جائیں وہ پانی مہیا نہیں کرتے بعض جگہوں پر گورنمنٹ نے امر قسم کا انتظام کیا ہوا ہے یعنی نیچے سے پانی کو اوپر لے جانے کے لئے وہاں پل بنائے ہیں جس سے پانی اونچا.....(قطع کلامی)

Mr. Speaker : It is a repetition. The member has already told this.

راؤ صاحب اگر کوئی اور پوائنٹ کہنا ہے تو کہہ لیجئے -

راؤ خورشید علی خان - تو میں اپنی گفتگو ختم کرتا ہوں جن علاقوں میں اونچی سطح ہونے کی وجہ سے پانی نہیں پہنچتا ان علاقوں کی سطح اونچا کرنے کا انتظام کیا جائے -

Mr. Speaker : This is not relevant to the Bill which is under consideration.

Yes, Mr. Hanif Siddiqi.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : (Larkana III) : Mr. Speaker, Sir, I rise to support the amendment of my friend from Kalat that this Bill be circulated for eliciting public opinion. Sir, nothing can be more reasonable than his request. After all, Sir, in this case all the representatives of the area concerned have opposed this measure. Public opinion there has not been consulted. What right have we sitting one thousand miles away to make a law for such a far-flung area without consulting the people of that area. Unless there are some lands which our Officers have in view I do not see any urgency for rushing through this Bill. There is no harm if this Bill is circulated for eliciting public opinion. It would be delayed at the most for a few weeks. We can direct that public opinion be received within three weeks or four weeks—before the end of this session in any case—and nothing is going to happen if this concession is granted to the people and representatives of the area to which this Bill is being extended.

Now, Sir, coming to the report of the Standing Committee. I cannot compliment the Members of the Standing Committee on the report which they have produced before the House. I doubt if they even said anything about the original Punjab Act which is now being extended by means of this Bill to Quetta-Kalat Division. I am open to correction. I would like to know if the original Act was produced before or referred to by the Committee. The only change that the Standing Committee has made is that they have added one sub-clause to clause 2. So far as I know it is absolutely unusual to put an extent clause in an amending Act. This is unnecessary repetition. In the

third and fourth clause of the Bill it is clearly stated that the principal Act will extend to these areas. In view of that it was absolutely unnecessary to put a further clause defining the extent and scope of this Bill. In my view the original Bill as it was, was much better than the Bill which the Standing Committee has produced before this House.

Coming to the Bill, I really cannot understand the object behind it. The Statement of Objects and Reasons is the most confused piece of statement that I have ever seen. It is self-contradictory. I will point out certain contradictions in it. The statement in one place says :....

"The entire Kalat Divisions is unsetteled." Mark the word 'entire'. Proceeding further the statement says :

"Such water rights vesting in the local residents have been determined whenever settlements have taken place."

It means that there has been a settlement. In fact there have been several settlements at different times.

Another contradiction. Para. 2 of the Statement says :—

"In the absence of an Irrigation Law, the local tribes have their established rights in the waters of natural streams, and the ownership of the waters of such steams by the State is not recognized."

Now, according to this Statement the people of that area have certain establishment rights.

Further on the statement says :

"In the vast unsettled areas of Quetta and Kalat Divisions the exact nature and extent of such water rights have yet to be determined."

The rights are there. They have been determined. How are these rights to be determined again ? The object behind this Bill is unholy. I say unholy because you will find that the next line says that "these are the rights which the people have acquired over ages". The object behind this Bill is no less than taking away those rights of the people for. The Bill says :

"The extinction or acquisition of such established water rights requires some legal cover."

The entire object of the Bill is brigandism, to take away the rights of the people.

Now going further Sir why do you want to extend the Punjab Act to Quetta and Kalat Division. This area of Kalat and Baluchistan is contiguous to Sind. In Sind we have very good laws. We have the Irrigation Act ; we have the Land Revenue Act. I don't understand why these Acts are not being extended to Quetta and Kalat area and why a Punjab Act, which was passed several years ago, is being extended to that area. I could have understood Sir if there had been a consolidated measure ; if one Act had been passed for the whole of West Pakistan. We in Sind Sir have been crying ever since integration that we are being heavily taxed and the Punjab Land Revenue Act should be extended to the Sind area. That Act

is not being extended in spite of the assurance given to us in this House ; in spite of a Committee on Land Assessment having been constituted in this House, although no meeting of that Committee has taken place. Inspite of our demand Sir the revenue laws of Punjab are not being extended to Sind, but the revenue laws, are being extended to Quetta and Kalat areas, where they are not required.

سردار محمد اشرف خان (پارلیمنٹری سیکرٹری) - جناب والا - میں اس مختصر سے وقت میں اس بل کے دو موضوعات پر عرض کروں گا - ایک یہ کہ مائنر کنال ایکٹ کیا ہے اور اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں اور کوئٹہ قلات ڈویژن میں اس کو نافذ کرنا ممکن ہے یا نہیں جہاں تک اس کے Object کا تعلق ہے اس کے لئے مجھے افسوس کہ میرے فاضل دوست خورشید صاحب اسے سمجھنے سے قاصر رہے ہیں انہوں نے زیادہ زور اس پر دیا کہ جہاں تک نہری پانی کا تعلق ہے تکالیف زیادہ ہیں - جہاں تک نہروں کا تعلق ہے وہ اس کنال ایکٹ کے تحت نہیں آتی ہیں - مائنر کنال ایکٹ کے تحت صرف چھوٹی ندیاں اور نالے وغیرہ آتے ہیں - مجھے افسوس ہے کہ محترم راؤ صاحب اس کے مفہوم کو سمجھنے سے قاصر رہے ہیں -

مائنر کنال ایکٹ پنجاب میں ۱۹۰۵ء میں بنایا گیا تھا - اس وقت بھی پنجاب کے مختلف علاقے اس میں رکھے گئے تھے - اس وقت کی فرائیر گورنمنٹ نے اسے بنایا تھا - بعض حالات کے تحت پنجاب کے علاقے بچ گئے تھے جہاں یہ نافذ نہیں ہوا تھا - اس کا مقصد یہ تھا کہ چھوٹے چھوٹے ندی نالوں کے سلسلے میں لوگوں کے حقوق کا تعین کیا جائے - بہت سے مسائل ہوتے ہیں ایسے معاملات پر بعض اوقات سنگین واقعات پیش آجاتے ہیں اور حکومت کا صحیح فیصلہ نافذ نہیں ہوسکتا - ان مشکلات کے پیش نظر حکومت نے ضروری سمجھا کہ جہاں جہاں Settlement ہو رہی ہے اس ایکٹ کو نافذ کیا جائے - چونکہ قلات ڈویژن کو شامل کرنے کا مقصد یہ تھا جہاں ہمارے بعض دوستوں نے یہ کہا ہے کہ یہ فوری طور پر نافذ نہیں ہوسکتا کیوں کہ وہاں کے حالات ایسے نہیں ہیں.....

میر نبی بخش خان زہری - ابھی Settlement نہیں ہوئی ہے -

سردار محمد اشرف خان - میں عرض کر رہا ہوں - جہاں تک قلات ڈویژن کا تعلق ہے وہاں Settlement ہو رہی ہے - کوئٹہ میں عنقریب شروع ہو گی اس لئے وہاں کام شروع ہونے سے پہلے اسے نافذ کرنا ضروری ہے - Settlement کے بعد نافذ کرنے میں .....

میر نبی بخش خان زہری - Settlement کا مقصد حقوق کو متعین کرنا ہے -

سردار محمد اشرف خان - جہاں تک مائنر کنالز کے تحت جو حقوق آتے ہیں اس کی نسبت محترم خورشید صاحب نے فرمایا ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے اس اورجنل ایکٹ کو پیش نہیں کیا گیا تھا میں عرض کروں گا کہ سٹینڈنگ کمیٹی میں اسے پیش کیا گیا تھا اور اس پر پورے غور و خوض کے بعد اس پر عمل کرنا طے پایا تھا - جہاں تک مائنر کنالز کا تعلق ہے اس کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی فرانٹیر میں تھی - اس ایکٹ کے نفاذ میں ہر طرح عوام کا ہی فائدہ ہے اور نقصان کوئی نہیں ہے -

میاں محمد اکبر (گجرات ۱) - میں اس بل کی مخالف میں کوئی شد و مد سے کام نہیں لوں گا کیوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ جو تقریریں اس طرف سے ہوتی ہیں وہ ہمارے وزرأ کرام کی طبع نازک پر گراں گزرتی ہیں اور وہ اسےاپنے Prestige کا معاملہ بناتے ہیں - ہم ادھر بیٹھنے والے قابل گردن زدنی ہی سہی لیکن ان کے لئے عرض کروں گا کہ ان کی پارٹی کے معزز ممبران نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے اس پر انہیں ضرور غور کرنا چاہئے اس بارے میں ان کی پارٹی کی طرف سے جو سرٹیفیکٹ انہیں عطا ہوئے ہیں وہ اس پر غور کریں - ہماری حکومت کوئٹہ قلات ڈویژن کے معزز ممبروں کو اپنے علاقے کا نمائندہ نہیں سمجھتی اگر انہیں اس سلسلے میں کچھ شک ہے - شبہ ہے تو میں گذارش کروں گا کہ وہ محترم باقی بلوچ صاحب کی ترمیم مان لیں اور اسے رائے عامہ کے حصول کے لئے مشتہر کردیں تا کہ مزید سرٹیفیکٹ مل جائیں -

وزیر مال و بحالیات (خان پیر محمد خان) - مسٹر سپیکر - جہاں تک مسٹر بلوچ کی amendment کا تعلق ہے کہ اسے رائے عامہ کے حصول کے لئے مشتہر کیا جائے میں عرض کروں گا کہ already سٹینڈنگ کمیٹی سے یہ بل ہو کر آیا ہے شاید ان کو یاد نہیں ہے کہ مارچ میں یہی بل پیش ہوا اور یہ فیصلہ ہوا کہ سٹینڈنگ کمیٹی میں جائے ... .

Syed Ahmed Saeed Kirmani : The Standing Committee is not public.

وزیر مال و بحالیات - سٹنڈنگ کمیٹی میں پیش ہوا انہوں نے سفارش کی کہ یہ ہاؤس میں لے جایا جائے اور چونکہ طے ہو چکا تھا

اس لئے اس میں کوئی amendment نہیں کی گئی جہاں تک رولز ۵۸ تا ۶۰ کا تعلق ہے ۔ ان کی compliance ہو چکی ہے ۔ لیکن جہاں تک اس کی publicity اور اس پر public opinion کا تعلق ہے ہم نے ممبر صاحبان کو confidence میں لیا ہے اور گذشتہ اجلاس سے اس وقت تک ہماری طرف سے ایسی کوئی حرکت نہیں ہوئی جو غیر ضروری ہو چنانچہ Select Committee کو مطمئن کرنے کے بعد یہ بل اس معزز ایوان کے سامنے آیا ہے ۔ لہذا میں اس بنا پر میر عبدالباقی بلوچ کی ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Minor Canals (Amendment) Bill, 1963, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 30th of June, 1963.

(*The motion was lost*).

(**Voices :** Ayes have it Sir.)

Syed Ahmed Saeed Kirmani : Sir, they are all trying to catch your eye.

Mr. Speaker : What sort of eye they want ?

Syed. Ahmed Saeed Kirmani : They want division.

Khawaja Muhammad Safdar : A majority of speakers on that side have supported us. We should, therefore, get the chance of division so that their names could be recorded.

میاں محمد اکبر ۔ جناب والا ۔ حزب اقتدار کی طرف سے بہت سے ممبران اس بل کے حق میں تقریریں کر چکے ہیں ۔ اس لئے آپ اس پر خفیہ رائے شماری کرائیں ۔

Mr. Speaker : I don't allow division but I will say that the Members who are in favour of the motion may rise in their seats.

(*Fifteen Members rose in favour of the motion while* 33 *Members opposed it.*)

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker : The question is —

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, as reported by the Standing Committee on Revenue be taken into consideration at once.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker : Now, we come to clause by clause consideration of the Bill.

(*Clause* 2.)

Mr. Speaker : The question is.

That clause 2 form part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

(*Clause* 3.)

Mr. Speaker : The question is —

That clause 3 form part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

(*Clause* 4.)

Mr. Speaker : The question is —

That clause 4 form part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

(*Preamble.*)

Mr. Speaker : The question is —

That Preamble be the Preamble of the Bill.

(*The motion was carried.*)

(*Clause* 1.)

Mr. Speaker : The question is —

That clause I form part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

(*Short Title.*)

Mr. Speaker : The question is —

That the Short Title form part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Minister of Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I beg to move:

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, be passed.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law : Is the member serious ?

Khawaja Muhammad Safdar : . . Yes. Sir.

Mr. Speaker :

The motion moved is—

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, be passed.

Khawaja Muhammad Safdar : We oppose it. Mr. Baqi Baluch will speak first and then I will speak.

Mr. Speaker : Yes. But don't be sentimental.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران - ۱) - جناب والا - اس بل کو کوئٹہ قلات ڈویژن میں نافذ کرنے سے جو پیچیدگیاں پیدا ہوں گی ان کے متعلق میں اس معزز ایوان کی توجہ حاصل کرنا چاہتا ہوں - جناب وزراء صاحبان کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ وہ اس کے متعلق کوئی واضح جواب دیں -

جناب والا - کوئٹہ قلات ڈویژن کے تین اضلاع بنام چاغی خاران اور مکران بھی ہیں - ان تین ضلعوں میں کچھ علاقے جن کا مجموعی رقبہ اڑھائی ہزار مربع میل سے کچھ زیادہ ہے جسے ہماری حکومت چاہتی ہے کہ وہ اسے اٹھا کر حکومت ایران کے حوالے کر دے -

Minister of Revenue : Has it got any relevancy to the Bill.

Mir. Abdul Baqi Baluch : I want to express that the rights of the people there are not determined and how we should determine those rights.

جناب والا - یہ علاقے افغانستان ، ایران اور پاکستان کی سرحد پر واقع ہیں - سب سے پہلے ایران کا علاقہ ہے جو ضلع چاغی سے متصل ہے - یہ دراصل ایک درہ ہے جو ایرانی ، افغانستانی اور پاکستان عوام تینوں کی گذر گاہ ہے یہ درہ بونڈری کمیشن نے ایران کو دینے کا فیصلہ کیا ہے - حالانکہ یہ اہم درہ پاکستان کا ہے -

Minister of Revenue : Point of order, Sir. Is it relevant ?

Mr. Speaker : Yes, Mr. Baluch, may tell me how is it relevant ?

Mir Abdul Baqi Baluch : Sir, that area constitutes a part of West Pakistan according to this Constitution.

اب آپ کے دستور کی پہلی دفعہ کیا کہتی ہے -

Article 1 of the Constitution says that the Republic shall consist of—

(*a*) the Province of East Pakistan and the Province of West Pakistan ; and

(*b*) such other States and territories as are or may become included in Pakistan, whether by accession or otherwise.

اس لحاظ سے جناب والا ۔ یہ علاقے مغربی پاکستان کا بالخصوص اور پاکستان کا بالعموم حصہ ہیں ۔ دستور میں یہ تو موجود ہے کہ باہر کا کوئی علاقہ تو پاکستان میں شامل ہو سکتا ہے اور اس Republic کا حصہ بن سکتا ہے ۔ لیکن اس دستور کے مطابق اس کا کوئی علاقہ اس سے الگ نہیں کیا جا سکتا ۔

Mr. Speaker : But how is it relevant to the Bill under discussion.

Mir Abdul Baqi Baluch : When the area in which these people want to impose this law is under dispute how can they determine the rights of the people and the rights of the Province of West Pakistan.

Mr. Speaker : Are these areas situated in Tribal Area ?

Mir Abdul Baqi Baluch : These are settled districts.

Mr. Speaker : It is quite irrelevant. The member should please refer only to the Bill.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am talking about the areas which are under transfer. I am referring only to those areas which are under dispute. I want to know what will be their position under this Law.

Mr. Speaker : But I will not allow the member to go beyond that.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ مجھے یہ سمجھا دیں کیونکہ میں تفصیلات معلوم کرنا چاہتا ہوں ۔ حکومت آئین کے آرٹیکل 1 کے تحت یہ علاقے کسی کو نہیں دے سکتی ۔ کسی کو حق نہیں اور نہ ہی کسی کو اختیار ہے نہ اس حکومت کو اور نہ پاکستانی عوام کو کسی قسم کا کوئی حق ہے کہ وہ آئندہ نسلوں کے حقوق بخش دیں ۔ یہ ملک آنے والی نسلوں کی ملکیت ہے اس لئے اگر کوئی علاقہ کسی غیر ملک کو دیا گیا تو وہ آئندہ نسلیں موجودہ حکام اور عوام کو کسی طرح نہیں بخشیں گی ۔

جناب والا ۔ ہم تو یہاں اپنے عوام کے مسائل پیش کرتے ہیں جس کے تحت یہ سارا معاملہ چل رہا ہے ۔ چاغی ڈسٹرکٹ ایک Settled District ہے اور یہ قانون اس پر نافذ ہو رہا ہے ۔ پیران درہ تمام پہاڑی علاقہ ہے وہاں کا پانی پاکستان میں آتا ہے اور پاکستانی عوام اسے استعمال کرتے ہیں اور ہماری حکومت یہ علاقہ ایران کو دینا چاہتی ہے یہ علاقہ ۵۰ مربع میل ہے ۔ اس کے علاوہ کچھو اور نارکی دو چوکیاں ہیں ۔ یہ نہایت اہم پہاڑ ہیں اور دفاعی اہمیت کے حامل ہیں اب یہ سب سے اونچی چوٹی ایران کے حوالے کر رہے ہیں ۔ یہ علاقہ ۲۵ میل لمبا اور ۱۲ میل چوڑا ہے ۔ کل رقبہ ۳۰۰ مربع میل ہے ۔ یہاں سرحد ہے اگر یہ

علاقے ایران کو دے دئے گئے تو مناسب نہیں ہوگا۔ ونو کا علاقہ پہلے پاکستان کا علاقہ تھا لیکن ۱۹۵۵ء میں ایرانیوں نے حملہ کیا اور پاکستانیوں نے ان کو پسپا کر دیا۔ اس سلسلہ میں جس افسر نے مقابلہ کیا اس کو فوراً بلا کر ریٹائر کر دیا گیا۔ اور بعد ازاں یہ علاقہ چپکے سے ایران کے حوالے کر دیا گیا۔

Mr. Speaker : How is all this relevant to the Bill under discussion ?

Mir Abdul Baqi Baluch : I will show you how it is relevant.

آپ ذرا سنئے تو سہی۔ جناب والا۔ ونو کا علاقہ ۱۵ میل لمبا اور ۱۵ میل چوڑا ہے کل ۲۲۵ مربع میل ہے۔ سیندھک کا علاقہ ۴۰ میل لمبا اور ۳ میل چوڑا ہے۔ یعنی کل رقبہ ۱۲۰ مربع میل ہے۔ یہ پہاڑ سب سے اونچا ہے اور دفاعی اہمیت کا حامل ہے۔

اس کے بعد ایک نہایت ضروری بات عرض کروں گا اور وہ یہ ہے کہ قلعہ سفید جو ایک مشہور قلعہ ہے وہاں سے سرحد ۶ میل ہے مگر اب قلعہ سفید کو گرا دیا گیا ہے اور اس کے ملبے پر سرحد کا نشان گاڑ دیا گیا ہے۔ یہ علاقہ ۱۵ میل لمبا اور ۳ میل چوڑا ہے کل رقبہ ۴۵ مربع میل ہے۔ خاران میں بٹ وادیا کا علاقہ ہے جہاں نمک ہے آپ کی اطلاع کے لئے میں عرض کروں گا کہ یہاں دو قسم کا نمک ملتا ہے۔ ایک اچھا اور ایک برا۔ جہاں اچھا نمک ہے وہ علاقہ ایران کو دیا جا رہا ہے اور میری اطلاع کے مطابق یہ کان میر نبی بخش زہری کے نام الاٹ شدہ ہے۔ اور میر صاحب کو یہ بھی خبر نہیں آن کی نمک کی کان ایران کو بخشی جاری ہے۔

مسٹر عبداللطیف خاں۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ کیا معزز ممبر جغرافیائی حالات بیان کر رہے ہیں یا لینڈ ریونیو بل پر بحث کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker : I quite agree with the member Mr. Baluch should be relevant. This is the last warning.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am talking about the area....

Mr. Speaker : The member should be relevant, it is the last warning. If he will go on like this, I will have to disallow him.

Mir Abdul Baqi Baluch : May I know the criteria of relevancy ? I am talking about a territory of West Pakistan which nobody has a right to give to another country and whether the Government wants the imposition of this law there or not.

Mr. Speaker : That is alright. I have heard the member.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am still speaking.

Mr. Speaker : Please be relevant.

Mir Abdul Baqi Baluch : I am quite relevant. They should tell whether they are going to impose this law there or not, whether they are encroaching upon the rights of the State there or not. How can they impose that law ? Rights of the State are more important than the rights of an individual and I am speaking about the rights of the State and individuals, both.

Mr. Speaker : That is all right, any other ponit ?

Mir. Abdul Baqi Baluch : I am speaking.

جناب والا ۔ جو علاقہ ایران سے پاکستان میں آ رہا ہے وہ ۲۰ میل لمبا اور دس گیارہ میل چوڑا ہے اب یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ۲۲۰ میل کا علاقہ پاکستان کو ملے گا اور پاکستان سے ایران کو ۲۵۰۶ مربع میل کا علاقہ جائے گا ۔

Mr. Speaker : The member is again talking about the same point.

میر عبدالباقی بلوچ ۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ یہ کون ہوتے ہیں اتنا علاقہ دوسرے ملک کو دینے والے آیا یہ اپنے فیصلہ کو Ratify کرنے اور اس مملکت کے عوام کے حقوق کو غصب کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔

میر نبی بخش خان زہری : (کوئٹہ ۔ چاغی) ۔ جناب سپیکر ۔ میں مختصر طور پر یہ عرض کروں گا کہ مجھ سے ابھی محترم وزیر پیر محمد خان صاحب نے فرمایا تھا کہ جب تک اس علاقہ میں Settlement کا کام ختم نہیں ہوتا یہ قانون نافذ نہیں کیا جائے گا ۔ ان کی یقین دھانی کے لئے میں مشکور ہوں اور چاہتا ہوں کہ یہ بات ریکارڈ پر آ جائے ۔

اس کے بعد میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ معزز ممبر نے جو آپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں اور جنہوں نے چاغی خاران کی سرحد کے حالات اور واقعات بیان کئے ہیں وہ میرے نقطہ نظر سے قطعاً اس بل کے متعلق نہیں ہیں لیکن ان میں میرے لئے پریشانی کے اسباب ضرور ہیں مجھے علم نہیں کہ میرے ضلع کے رہنے والوں کے کون کون سے حصے تقسیم ہو رہے ہیں ۔ حاشا و کلا مجھے اس کا قطعاً کوئی علم نہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ حکومت اس کی وضاحت کرے ۔ اگر کوئی ایسی بات ہے تو میں وہاں کا باشندہ ہوں ۔ معلوم نہیں میری کیا حیثیت ہوگی ۔ وادیاں میں میرے نام پر نمک کی کان اور ایک کمپنی ہے ایسا نہ ہو کہ وہ سب کچھ ''درکان

نمک رفت،، ہو جائے - مہربانی کر کے اس Confusion کو رفع کرنا چاہئے اور حکومت کو چاہئے کہ غلط فہمی دور کرے -

علاوہ ازیں میں حکومت سے یہ چاہتا ہوں کہ وزیر متعلقہ اس معزز ایوان میں یہ یقین دہانی کریں کہ ذاتی ملکیت کے کاریزوں پر یہ ایکٹ نافذ نہ ہوگا -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - میں اس بل کی مخالفت کے لئے اس معزز ایوان کا کچھ وقت لینا چاہتا ہوں - مجھے یہ توقع تھی کہ جناب پیر محمد خاں صاحب وزیر مال اپنی تقریر میں .....

ایک ممبر - الحاج پیر محمد خاں کہیئے -

خواجہ محمد صفدر - چونکہ وہ ابھی نئے نئے حاجی ہیں - اس لئے یاد نہیں رہتا - اس کے بعد آہستہ آہستہ یاد رہ جائے گا - تو میرا خیال تھا کہ الحاج پیر محمد خاں صاحب اپنی تقریر دلپذیر میں ان تمام اعتراضات کا جن میں سے کچھ اس طرف سے اور بیشتر اس طرف سے اٹھائے گئے تھے جواب دیں گے - لیکن مجھے ان کی تقریر سے انتہائی مایوسی ہوئی - انہوں نے ترمیم پر Debate کو wind up کرتے ہوئے بمشکل ایک منٹ لیا اور بغیر کسی بات کا جواب دیئے ہوئے اپنی نشست پر تشریف فرما ہو گئے -

جناب والا - میں اس پر بھی راضی تھا - کہ ان کی جانب سے کوئی اور صاحب اس بل پر اس طرف سے عائد کردہ اعتراضات کا جواب دیں - مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک صاحب نے کوشش تو کی لیکن انہیں غالباً معلوم نہیں تھا کہ اس بل کے ذریعے لوگوں کے حقوق متعین نہیں ہوں گے - بلکہ حقوق بندوبست کے ذریعے متعین ہوتے ہیں اور وہ اسی جھگڑے میں پڑے رہے اور ان کی تقریر ختم ہو گئی - مجھے حزب اقتدار سے یہ شکایت ہے کہ وہ محض اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اس علاقے کے معزز نمائندوں کی رائے کے خلاف یہ بل پاس کرنا چاہتے ہیں اور میں اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہوں کہ اس بل کے جواز میں ان کے پاس کوئی وجوہات نہیں ہیں جو کہ ان اعتراضات کا جواب ہو ، جو کہ اس معزز ایوان میں پیش کئے گئے -

دراصل معلوم ہوتا ہے - اس بل کی ڈرافٹنگ کے وقت یا کسی اور دوسری Stages پر کسی نے اس پر پوری توجہ نہیں فرمائی - میرے محترم دوست حنیف صدیقی صاحب نے اس کے اغراض و مقاصد میں جو کہ تقریباً دس سطروں کی ہیں - اتنی Contradictions بیان کی ہیں - کم از کم ان کا ہی جواب دیا ہوتا - میری رائے میں ان دس سطروں میں کم از کم بیس

تضاد ھیں ۔ کہیں یہ لکھا ھے کہ Unsettled ھیں کہیں یہ لکھا ھے ، کہ بندوبست کے ذریعے تعین ھو چکا ھے ۔ کہیں یہ لکھا ھے کہ ایک لمبے عرصے کے بعد لوگوں نے حقوق حاصل کر لئے ھیں اور وہ تسلیم شدہ ھیں ۔ اور کہیں یہ لکھا ھوا ھے کہ کسی کے حقوق کا تعین ابھی تک نہیں ھوا اور حقوق کے متعلق ھم اس قانون کے ذریعے کچھ فیصلے کرنے والے ھیں ۔

جناب والا ۔ یہ امر اظہرمن الشمس ھے کہ اس علاقے میں جہاں Punjab Minor Canals Act کے نفاذ کی خواھش اس بل کے ذریعے کرنا مقصود ھے ۔ وھاں ابھی تک کوئی بندوبست نہیں ھوا ۔ اس کا بیشتر حصہ غیر آباد ھے اور جو آباد ھے ۔ وھاں بھی Ad hoc basis پر مالیہ وصول کیا جاتا ھے ۔ وھاں کوئی پٹواری ھے نہ قانون گو۔ ھو سکتا ھے اس سے اوپر کے افسر بعض جگہوں پر ھوں ۔ مگر ان کے متعلقہ کاغذات مال جو Settled Area میں ضروری سمجھے جاتے ھیں ۔ بلکہ جن کے بغیر کسی علاقے کا انتظام و انصرام نہیں چل سکتا موجود نہیں ھیں ۔ ان کی عدم موجودگی میں آخر اس بل کو کیسے نافذ کیا جا سکتا ھے ۔ مجھے یقین ھے کہ یہ بل ایک لمبے عرصے تک ھماری Statute Book پر ھی رھے گا ۔ اور اس کا کسی قسم کا نفاد نہ ھو سکے گا ۔ ھماری حکومت گاڑی کے آگے گھوڑا نہیں باندھ رھی بلکہ گھوڑے کے آگے گاڑی باندھ رھی ھے ۔ اگر وزیر مال صاحب اپنی پارٹی کے ڈپٹی لیڈر کی تجویز قبول فرما لیتے اور تین سال تک اس کو پاس نہ کرتے جناب والا ۔ جیسا کہ ڈپٹی لیڈر نے یہ مطالبہ کیا ھے کہ حکومت ھاؤس کے سامنے یہ یقین دلائے کہ اس بل کو پاس کرنے کے بعد تین سال تک اس کو نافذ نہ کیا جائے گا ۔ تو میں زھری صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ یہ بل پاس ھونے کے بعد فوری طور پر نافذ ھو جائے گا اس کے الفاظ یہ ھیں ۔ کہ

It shall come into force at once.

زھری صاحب کے لئے میں متعلقہ کلاز پڑھ دوں ۔ یعنی کلاز (I) سب کلاز (2) پاس ھونے کے بعد یہ بل وزیر مال صاحب کی یاد دھانی سے نافذ ھونے سے رکے گا تو نہیں ۔ بہتر ھے کہ وہ اس کلاز کو Delete کروا دیں ۔ یا تبدیل کروا دیں تو بات دراصل یہ ھے کہ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ اس ایوان کو جناب وزیر مال صاحب یا ان کی جانب سے کوئی دوسرا معزز رکن یہ نہیں بتا سکے ۔ کہ اس بل کے فوائد کیا ھوں گے ۔ بلکہ ان کی طرف سے ھی اس کے نقصانات کی ایک لمبی چوڑی فہرست پیش کی گئی ھے اور اگر وزیر مال صاحب نے بحث ختم کرتے وقت اس بل کے فوائد نہیں

بتائے تو اس ہاؤس کی تسلی کے لئے نہ سہی اپنے ضمیر کی تسلی کی غرض سے اب بتادیں ۔ اپنے ضمیر کی تسلی کے لئے ہی ہمیں وہ تمام وجوہات بیان کر دیں کہ جن کی بناء پر ہمیں یہ بل پاس کرنے کے لئے کہا جا رہا ہے ۔

وزیر مال و بحالیات (خان پیر محمد خان) ۔ جناب والا ۔ میں خواجہ صفدر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں ۔ مجھے یہ موقع بہم پہنچایا کہ میں اس بل کے فوائد بھی اس ہاؤس کے سامنے بیان کروں اور وہ شکوک بھی رفع کروں جو میرے دوستوں نے کوشش کی ہے کہ لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوں جہاں تک Punjab Minor Canals Act کا تعلق ہے ۔ اس کے جو اغراض و وجوہ بیان کئے گئے ہیں ۔ اس میں کسی قسم کا کوئی تضاد بھی نہیں ہے ۔ جس کو کہ ہوا دی گئی ہے ۔ صدیقی صاحب نے کہا ہے کہ اس میں بہت سے تضاد ہیں ۔ اگر وہ اس کو غور سے پڑھیں ۔ کہ

At present there is no irrigational law applicable to the division of Quetta and Kalat. The entire Kalat division is unsettled.

میں اسے Deny نہیں کرتا ہوں ۔ وہاں اریگیشنل لاء بھی applicable نہیں ہے ۔ اور بندوبست شروع ہے ۔ اس میں کوئی تضاد نہیں ہے ۔ $\frac{3}{4}$ حصہ سے مالیہ نہیں لیا جاتا ۔ $\frac{1}{4}$ حصہ میں لیا جاتا ہے ۔ ضمناً اس بات کا بھی اشارہ کیا گیا کہ وہاں باقاعدہ ریونیو assessment نہیں ہوئی ۔ بلوچ صاحب ۔ بھی اور ان کے علاوہ دیگر ممبران نے بھی اس کا اشارہ کیا ۔ میں اس کو Meet کرنے کے لئے اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ پچھلے اجلاس میں بھی وہاں کے ہمارے منتخب نمائندوں نے پارٹی میٹنگ میں اور انفرادی طور پر بھی کہا تھا کہ وہاں جو kind میں مالیہ وصول کیا جاتا ہے اس سے لوگوں کو زیادہ تکلیف ہے ۔ لہذا ان کے جذبات اور احساسات کا خیال کرتے ہوئے گورنر صاحب نے High Level Committee از راہ مہربانی طلب کی ۔ جس میں کمشنر قلات ڈویژن کو بھی بلایا اور اس پر ہر پہلو سے سوچ بچار کیا گیا اور بالاخر ہم اس نتیجے پر پہنچے ۔ اور جیسا کہ بلوچ صاحب نے کہا ہے ۔ یقیناً اس فیصلے سے قبل کہیں $\frac{1}{4}$ بٹائی لی جاتی تھی ۔ کہیں $\frac{1}{10}$ اور کہیں $\frac{1}{6}$ ۔ یعنی جیسا جیسا علاقہ تھا اسی لحاظ سے بٹائی وصول کی جاتی تھی اور کوئی خاص شرح متعین نہیں تھی کہ ایک ہی قسم کی بٹائی لی جائے اور فیصلہ یہ ہوا کہ یہ بٹائی بھی حکومت کے نمائندگان یعنی ریونیو ڈیپارٹمنٹ والے وصول کریں ۔

فیصلہ یہ ہوا کہ گذشتہ ۵ سال کا اوسط نکالا جائے ۔ فرض کیجئے کہ ایک موضع سے گورنمنٹ کو ۵۰ من وصول ہوا تو اس پر ان کو ۱۰ فی صدی رعائت دی گئی یعنی اگر ۵۰ من وصول ہوا تو ان کو ۵ من دے دیا

جائے گا ۔ یعنی ۵۴ من وصول کیا جائے گا ۔ اس فارغ البالی پر میں سمجھتا ہوں کہ بلوچ صاحب بخل سے کام نہ لیتے اور ہماری تعریف کرتے لیکن وہ اپنی طبیعت سے مجبور ہیں جو چاہیں کہیں لیکن راؤ خورشید صاحب اور مولانا صاحب تو یہ کہتے ہیں کہ حکومت نے یہ اچھا کام کیا ۔ خیر ہم تائید کے بغیر اپنے ضمیر کو follow کرتے ہیں ۔

جہاں تک اس کے فوائد اور نقصانات کا تعلق ہے جیسا کہ میرے دوست نے کہا اور انہوں نے مجھے موقع دیا کہ میں ان کی خدمت میں عرض کروں کہ دو قسم کے ایکٹ ہیں ۔ ایک Minor کینال ایکٹ اور دوسرا Canals and Drainage Act ہے ۔ جناب میرے دوست راؤ صاحب نے اس وقت ہاؤس کا وقت ضائع کیا میرے خیال میں ان کا روئے سخن Canal and Drainage Act کی طرف تھا یا شاید ہو کہ موجودہ محکمہ ان کو Deal کرتا ہے ۔

Rao Khurished Ali Khan : Point of order.

Minister of Revenue : No point of order, Please wait and hear.

راؤ خورشید علی خان ۔ یہ جو انہوں نے کہا ہے کہ وقت ضائع کیا یہ پارلیمنٹری نہیں ہے ان کو واپس لینا چاہئے ۔

Mr. Speaker : What is wrong in it ?

راؤ خورشید علی خان ۔ ایک منتخب ممبر تو وقت ضائع کر رہا ہے اور وہ کیا کر رہے ہیں جو اس ہاؤس کے ممبر نہیں ہیں ؟

وزیر مال ۔ یہ دونوں ایکٹ ہیں ۔ ایک Canal and Drainage Act اس کا انتظام محکمہ آبپاشی سے متعلق ہے اور Minor Canals Act کا تعلق محکمہ ریونیو سے ہے اور اس کا انتظام ریونیو سے ہوتا ہے ۔ محکمہ آبپاشی سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔ جہاں تک اس غلط فہمی کا تعلق ہے کہ اس ایکٹ کے پاس ہونے سے کسی کے حق پر ڈاکہ ڈالا جائے گا ۔ یہ بات بالکل غلط ہے جیسا کہ میرے دوست نے کہا کہ گورنمنٹ کسی کا حق نہ لے لے ۔ میں اپنے دوست کی توجہ Section 43 of the Minor Canals Ac کی طرف مبذول کراؤں گا اور میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔

Section 43 of the Minor Canals Act.

43. (1) Save as provided in the preceding section, whenever a dispute arises between two or more persons (not between the Government and two or more persons) in regard to their mutual rights and liabilities in respect of the ownership, con-

struction, use or maintenance of a canal or water-course, and any such person applies in writing to the Collector stating the matter in dispute, the Collector shall give notice to the person or persons interested that on a day to be named in such notice or day such day to which the proceedings may be adjourned, he will proceed to inquire into the matter in dispute.

(2) Upon the day so named or any such subsequent day as aforesaid, the Collector shall proceed to hear and determine the dispute in the following manner, that is to say —

(a) If the dispute relates to the ownership of a canal or the mutual rights of owners in the use of the water of such canal or the construction or maintenance of a canal or the payment of any share of the costs of such construction or maintenance or the distribution of the supply, of water from a canal, the Collector shall proceed as a Revenue Court under the provisions of the Punjab Tenancy Act, 1887, and the provision of that Act regarding appeals, revisions and reviews shall be appliable.

(b) If the dispute relates to a water-course the Collector shall hear and determine the case as a revenue-officer and shall, make such order thereon as to him seems fit, and such order shall, unless set aside on appeal to the Commissioner, be conclusive as to the use or distribution of water for any crop sown or growing at the date of such order. The order of the Commissioner on appeal shall in every such case be final."

منشاء اس کا یہ ہے کہ شیڈول (۱) اور (۲) میں جن ندی اور نالوں کی فہرست دی ہوئی ہے جو سابقہ پنجاب میں آتے ہیں جہاں تک ان کی خرابیوں کا تعلق ہے جن کا ذکر میرے دوست راؤ صاحب نے کیا گذشتہ ایک سال سے ہم اس معزز ایوان میں Meet کر رہے ہیں لیکن اس ایک سال کے عرصے میں Minor کنال ایکٹ کی خلاف ورزیوں کے متعلق ان کی شکایات کے متعلق ان کے Misuse کے متعلق یا حق تلفیوں کے متعلق جہاں تک مجھے یاد ہے کوئی سوال نہیں پوچھا گیا کہ فلاں کے حق پر حکومت نے ڈاکہ ڈالا یا حکومت نے فلاں پر زیادتی کی لیکن ہم اس ایکٹ سے صرف یہ چاہتے ہیں کہ لوگوں کے حقوق کا تعین ہو جائے اور ان کے Rights determine ہو جائیں اور اس ایکٹ کے ذریعہ ہم لوگوں کو Speedy justice دے رہے ہیں بجائے اس کے کہ وہ ہائی کورٹ میں سالہا سال مقدمے لڑیں اور ان کے مقدمے سول کورٹ میں Pending رہیں وکلاء صاحبان کو engage کریں - ریونیو افیسر یا ریونیو کورٹ ان کو Dispose کر دے - جناب اس ایکٹ سے ہم یہ چاہتے ہیں کہ اگر بلوچ صاحب کو ندی سے ۵ گھنٹے پانی لینے کا حق ہے اور ایک غریب آدمی ہے جس کو ۱۰ گھنٹے کا حق ہے تو بلوچ صاحب کوشش کریں اور ۲۴ گھنٹے پانی لینے لگیں اس قسم کے مقدمات کا کلکٹر فیصلہ کرے گا اور اس فیصلے کو اس ایکٹ میں Incorporate کر دیا جائے گا -

میر نبی بخش خاں زہری - کاریز کے متعلق ابھی تک آپ نے کچھ نہیں کہا -

وزیر مال - میں اس پر بھی آتا ہوں - بہرحال یہ ایکٹ صرف اس لئے ہے کہ لوگوں کے حقوق کا تصفیہ ہو اور اس معزز ایوان کی انفارمیشن کے لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ سابق پنجاب اور جہاں تک صوبہ سرحد کا تعلق ہے خاص طور سے ڈیرہ غازی خان میں کم سے کم ۱۰۰ سے زیادہ ندی نالے ہیں اگر ان کو وہاں کوئی تکلیف ہوتی تو ڈیرہ غازی خان یا کسی اور علاقے کے لوگ شکایت کرتے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط فہمی جو ہے وہ لا علمی کی وجہ سے ہے اور Bonafide ہے اور دیدہ و دانستہ اس کی مخالفت کی جا رہی ہے - میں جانتا ہوں کہ خواجہ صاحب اس کی کیوں مخالفت کرتے ہیں - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل Innocent ہے اور اس کو لانے سے یہ غرض نہیں ہے کہ کسی کے حق پر ڈاکہ ڈالا جائے - جہاں تک ان کے ندی نالوں کے حقوق کا تعلق ہے ان کا تصفیہ بند و بست میں جاری ہو جائے گا اگر کوئی جھگڑا ہوگا تو اس علاقہ کا کلکٹر فوری طور پر تصفیہ کر کے ریکارڈ مکمل کرا دے گا - جیسی صورت ہوگی وہ بہرحال مکمل کر دی جائے گی -

رہا جغرافیائی حقوق کا معاملہ تو انشاءاللہ عوام کی ایک ایک انچ زمین کے حقوق کا خیال رکھا جائے گا -

خواجہ محمد صفدر - وہ تو آپ پہلے ہی اپنی زمین دے چکے -

وزیر مال - جی نہیں خواجہ صاحب ہم کشمیر میں لڑ رہے ہیں اور برابر لڑتے رہیں گے - ہم تو آپ کے کشمیر کے لئے لڑ رہے ہیں - آپ کے کشمیری بھائیوں کے لئے بھی لڑ رہے ہیں - پٹھانوں نے سر دیئے اور دیں گے - تو اس لئے میں عرض کرتا ہوں جناب کہ جیسے میرے دوست کا تعلق ہے کاریز کے ان کے اپنے حقوق ہیں ہم ان میں کسی قسم کا تعرض نہیں کرتے - لیکن اگر دو چار آدمیوں کا کاریز مشترک ہوگا اور ان میں کچھ dispute ہو جائے تو حقوق کے متعلق تو کلکٹر اس پہ تصفیہ دے گا کہ ان کے حقوق کیا ہیں - تو حکومت کا ان کاریزوں کا لینا اس ایکٹ کے ذریعہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اس لئے دوسرا سوال اب بھی اس میں آگیا کہ بند و بست جاری ہے اور اگر کوئی Dispute ان کے درمیان ہو جائے تو کلکٹر اس کا فیصلہ کرے گا - تب وہ incorporate ہو جائے گا - Record of Rights میں اور میں اپنے دوستوں کو اپیل کرتا ہوں کہ

انشاءاللہ ان کو کسی قسم کی شکایت نہیں ہوگی اور جیسا کہ تجربہ نے ثابت کر دیا ہے کہ سال ۱۹۰۵ء سے لے کر اس وقت تک گذشتہ ۵۸ سال سے جو پنجاب میں جاری ہے - سابق سرحد میں جاری ہے ابھی تک تو کوئی شکایت نہیں آئی تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمارے مخالفین ایسے پراپیگنڈے سے جو گمراہ کن ہوتے ہیں پرہیز کریں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ ایکٹ بہتر سوچ سمجھ کر اس کے ہر ایک Pros and cons کو دیکھ کر اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا گیا اور میں امید کرتا ہوں کہ میرے دوست مجھے Support کریں گے اور اس کی third reading پر میری حمایت کریں گے -

Mr. Speaker : The question is —

That the Punjab Minor Canals (West Pakistan Amendment) Bill, 1963, be passed.

(*The motion was carried.*)

ORDINANCE

The Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) *Ordinance*, 1963.

Mr. Speaker : Now we come to the ordinances.

Minister of Revenue (Khan Pir Muhammad Khan) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1963, promulgated by the Govenor of West Pakistan on the 30th April, 1963.

Mr. Speaker : The Resolution moved is :

> That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1963, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th April, 1963.

Mr. Ahmed Saeed Kirman : —
Mr. M. A. Hamza : —Opposed.
Nawabzada Iftikhar Ahmed Khan : —

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ - ۱) جناب والا - ایک ماہ میں ۱۹ آرڈیننس آج اس ایوان کے سامنے ہیں - افسوس اور صد افسوس کہ آج پاکستان کے بننے پر ۱۶ برس بعد ہمیں یہ ضروری محسوس ہو رہا ہے کہ ان مقاصد کو بیان کریں جن کے لئے پاکستان بنایا گیا تھا - آج ۱۹۶۳ء میں ہمیں یہ بتانے کی ضرورت ہو رہی ہے کہ پاکستان کی آزادی کے لئے کیا کام کیا گیا تھا آج ہمیں یہ ضرورت ہو رہی ہے کہ ہندوستان کے ۱۰ کروڑ مسلمانوں نے بیشمار قربانیاں دے کر یہ پاکستان انسانوں کی حکمرانی کے لئے قائم کیا تھا لیکن انیس آرڈیننسز اور ایسے موقعہ پہ آرڈیننسز کہ جب اسمبلی کا سیشن چند ہفتوں اور چند دنوں کے بعد ہونا تھا - جناب والا - نسل انسانی نے اس دنیا میں حکمرانی اور تسخیر کے صرف تین راستے دیکھے ہیں - پہلا طریقہ حکم خدا اور رسول کی اطاعت کا ہے - یہ تھا سب سے پہلا طریقہ جو خدا نے اپنے پیغمبروں کو بھیج کر اور ان کے ذریعے آسمانی کتابیں اتار کر انسانوں کے قلوب کو تسخیر کیا تھا - دوسرا طریقہ یہ تھا تسخیر ملک فتح اور شکست بزور شمشیر اور بزور بازو اور تیسرا طریقہ عوام کی حکمرانی secularism جس کو ہم کہتے ہیں جمہوریت جس کو ہم کہتے ہیں - یہ تین طریقے ہیں جو قانون سازی کے لئے اور حکمرانی کے لئے انسانیت کے لئے اس ملک میں وضع کئے گئے ہیں - میں پوچھتا ہوں کہ کیا اب نبوت کا دعویٰ کرنے لگے ہیں - کیا یہ جھوٹی نبوت کا دعویٰ کر کے ایسے قوانین کا نفاذ کر رہے ہیں - حالات پیدا ہو رہے ہیں - کاسہ لیس خوشامدی اور بھانڈ - ملک میں یہ ماحول پیدا کر رہے ہیں کہ آپ سے بڑا شخص اس دنیا میں پیدا نہیں ہوا - آج قائداعظم اور قائد ملت کے بعد کسی شخص کو وہ ہی مقام دیا جا رہا ہے جو قائداعظم اور قائد ملت کو حاصل تھا - دوسرا طریقہ جناب والا - تسخیر کا ہے فتح کا ہے - کیا انہوں نے اس ملک کو فتح کیا ؟ کیا سن ۱۹۵۸ء میں اس ملک کو فتح کیا ؟ کیا یہی ان کی بادشاہی ہے ؟ اگر یہ بھی نہیں ہے اور آپ کو معلوم ہے اور ساری دنیا کو معلوم ہے کہ اس ملک کے موجودہ حکمرانوں نے تسخیر کے ذریعے لشکر کشی کے ذریعے اس ملک کو فتح نہیں کیا تو پھر جناب والا - جب ان کو یہ حق نہیں ہے قانون سازی کا تو تیسرا طریقہ جمہوریت کا طریقہ ہے - تیسرا طریقہ عوام کی حکمرانی کا ہے - کیا وہ آپ اسی طرح سے پورا کریں گے کہ آرڈیننسز کے ذریعہ سے ایک شخص ملک پر قانون سازی کر رہا ہے - یہ ایوان - یہ آئین یہ آپ کا بنایا ہوا کنسٹیٹیوشن کیا یہ تماشہ

ہے ؟ کیا یہ ایوان آپ نے یہ دنیا کو دکھانے کے لئے بنایا ہے ؟ ہمیں تو شکایت نہیں ہے ہم تو جانتے ہیں کہ آپ کی نظر میں اس ایوان کی کیا قیمت ہے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ عوام کی آپ کی نظر میں کیا قیمت ہے ۔ آپ انسانیت کو اس ملک کے رہنے والوں کو انسان نہیں سمجھتے ۔ لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا اس وزارت پر بھی عدم اعتماد ہے ؟ کیا ان کی قابلیت پر آپ کو بھروسہ نہیں ہے کہ بل کی شکل میں جو قانون آپ بنانا چاہیں آپ اس کو پائلٹ کرسکیں گے؟ تو آپ کو یہ عدم اعتماد اس وزارت پر اور اس کی لیاقت پر ہے ۔ بنانے والا یہ سمجھتا ہے کہ یہ اس قابل نہیں ہیں کہ ان بلز کو اس ایوان میں پائلٹ کر سکیں اور اتنی بڑی اکثریت کے باوجود وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان بلز کے ذریعے پائلٹ نہیں کرسکینگے ۔ وہ آرڈیننسز جاری کر رہے ہیں ۔ اب جناب والا ۔ Disorderly Persons Ordinance کراچی پر نافذ کیا جا رہا ہے ۔ اس کا تجربہ پنجاب والوں پر کچھ عرصے سے ہے میں آپ کے سامنے ایک مثال پیش کروں گا کہ سن اٹھاون میں جب مارشل لا کی بلا اس صوبے پر نازل ہوئی تو بیشمار آدمی غنڈہ ایکٹ میں پکڑے گئے ایک صاحب ان میں وہ تھے جو آج حکومت کے چہیتے ہیں ۔ ان کو چھ سات مہینے غنڈہ ایکٹ کے تحت ــ ــ ــ ــ ــ ــ (شور و قطع کلامیاں) ــ ــ آ ھا ھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وزیر صاحب کہتے ہیں کہ وہ اعتراض کرتے ہیں پھر میں بتاتا ہوں ۔ بیٹھ جائیے آپ کا کام نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: The Member should say something about the Ordinance.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ تو اس وقت جناب غنڈہ ایکٹ میں لاکھوں کو پکڑا گیا ان پر مقدمے چلائے گئے ان کو ذلیل کیا گیا اور گرفتاریاں ان کی ہوئیں اور دو مہینوں کے بعد ان کو معلوم ہو سکا اور ان کا فیصلہ کیا کہ ہم نے ان کو غنڈہ ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا تھا ۔ دو مہینوں کے بعد دفعات غنڈہ ایکٹ لگائی گئی تھی ۔ غنڈہ ایکٹ کا استعمال کس طرح پنجاب میں ہوا ۔ کیا کراچی کے عوام کراچی کے شہری اس سے محفوظ رہ سکیں گے کیا ایسی حکومت سے محفوظ رہ سکیں گے ؟ جیسے کہ آج ۱۹۶۳ء میں ۱۲۴ ۔ الف کا استعمال محبان وطن پر ملک کے patriots پر اور قوم کے لیڈروں پر کیا ۔ کیا ایسی حکومتیں محفوظ رہ سکیں گی ؟ جس نے آج ۱۹۶۳ء میں ۱۲۴ کا استعمال محبان وطن پر ملک کے patriots پر عوام کے لیڈروں پر کیا ہے جو آج دیدہ دلیری سے یہ کہتے ہیں ۔ (حزب اختلاف سے نعرہ تحسین) آج آپ اس حکومت کے ہاتھ میں یہ

اختیار دے رہے ہیں ۔ میں اپیل کرتا ہوں ۔ معزز ممبروں سے کہ وہ سوچیں اور غور کریں اور فکر کریں ۔ آج آپ ایک ایسا قانون بنا رہے ہیں اور ایسی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں دے رہے ہیں ۔ جو آج ۱۹۶۳ء میں (۱۲۴ ۔ الف) کو جائز قانون سمجھتا ہے جو سامراجی قانون کو انسانوں پر لاگو کرنا ۔ محبان وطن پر لاگو کرنا ایک جائز فعل سمجھتا ہے اس قانون کے ماتحت میں یقین دلاتا ہوں کہ غنڈوں کا خاتمہ نہیں کیا جائے گا ۔ یہ قانون بھی کراچی کے عام شہریوں پر اور محبان وطن پر استعمال کیا جائے گا لیکن اس کا کیا علاج ہے ؟ میرے دوست دلیل سے تو یہاں اس ایوان میں ۔ یہ حکومت سننے کے لئے تیار نہیں ہے ۔ وجوہات ۔ دلائل اور براہین ان کے سامنے کوئی معنی رکھتے ۔ ایک مثال عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ مجھے ایک مثال یاد آتی ہے کہ ایک گیدڑ نے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ چلو بھئی ۔ آج مکئی کا کھیت کھائیں گے ۔ انہوں نے کہا حضور ۔ وہاں کتے ہیں ۔ وہاں تو مالک ہے کیسے ہم کھائیں گے ؟ کہنے لگا میں پروانہ لکھوا لایا ہوں۔ پہنچ گئے کھیت کھانے کے لئے ۔ لیکن کتے آئے اور انہوں نے ان کا مقابلہ کیا تو اس کے ساتھیوں نے کہا کہ بھئی وہ پروانہ دیکھلاؤ ۔ وہ کہنے لگا کہ بھئی یہاں ان کو چھوڑ دو یہ ان پڑھ ہیں ۔ یہ جانتے نہیں ہیں ۔ اس پروانے کو پڑھنا تو حضور والا ۔ اگر ان کے سامنے دلیل دی بھی جائے تو بیکار ہے ۔ رات حمزہ صاحب نے کام کیا ہے اور کل سے خواجہ صاحب لگے ہوئے ہیں کہ اس قانون کو دیکھو ۔ پرانے قوانین کو دیکھو ۔ کتابیں نکالیں ۔ دلائل دئے توجیہات دیں لیکن سوال یہ ہے کہ سمجھے گا کون ان کی دلیل کو ؟ یہ تو حکومت ہی نہیں ہے جو دلیل کو سمجھ سکے اور براہین پر عمل کر سکے تو اس لئے اس کا علاج اس آرڈیننسز کو روکنے کا علاج ۔ قانون سازی کو غلط طور پر استعمال کرنے کا علاج اس ایوان کے اندر موجود نہیں ہے ۔ کتابوں میں نہیں ہے ۔ اس کا علاج صرف ایک ہے اور وہ یہ ہے کہ ملک کو آپ متحد کیجئے ۔ قوم کو متحد کیجئے اور صرف ایک جھنڈے تلے متحد کیجئے ۔ اس کا علاج نہ مسلم لیگ کونسل کر سکے گی نہ اس کا علاج جماعت اسلامی کر سکے گی ۔ آپ نے دیکھا کہ آپ نے نقل کی مسلم لیگ کونسل کی اور اس کے مقابلے میں جھوٹی جماعت بنا دی ۔ نام چوری کر لیا اور شرم نہ آئی دوسروں کا نام لیتے ہوئے ۔ جماعت بنانا تھی تو اپنی جماعت بناتے کسی اور نام سے بناتے ۔

(At this stage, Mr. Speaker left the chamber and Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, occupied the Chair.)

Minister of Railways and Finance : (Mr. Abdul Waheed Khan) : On a point of order. Would you also permit me to give a reply to his arguments in reference to the Council Muslim League and convention Muslim League ? Has it any bearing with the motion ? It is a very interesting speech, no doubt, because the person himself is very interesting. But there are interesting persons on this side and a very appropriate reply can be given when the general discussion starts. It is no use referring to the Council Muslim League which is an obsolete body of 14 years ago. I would request the member to confine himself to the subject under discussion. There is no occasion for creating distinction or discrimination between various sects of Muslim League. Time will come when appropriate reply will have to be given from this side.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I am speaking most relevant. I have not said anything irrelevant to the motion under discussion.

میرا Issue یہ ہے جناب والا ۔ کہ آج اس ملک پر اس ٹولہ کی حکومت ہے جس نے مسلم لیگ کونسل کا لبادہ اوڑھا ہوا ہے ۔ آج یہ آرڈیننسز اس لئے جاری کئے جاتے ہیں کہ اس ٹولے کی اس ایوان میں اکثریت ہے وہ سمجھتے ہیں کہ آرڈیننسز پاس ہو جائیں گے اس لئے جب تک ہم اصل کو Expose نہ کریں جب تک ہم یہ بتلائیں کہ آپ کے ان آرڈیننسز کا استعمال غلط کیا جا رہا ہے میں اپنے فرائض میں کوتاہی کروں گا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : You need not repeat your arguments. You have made this point, so come out with other material.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ اس لئے جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس کا علاج اس قانون سازی کا علاج جو ایک فرد واحد کر رہا ہے کیا علاج ہے اور کس طرح اسے روکا جا سکتا ہے ۔ میں نے یہ عرض کیا کہ اسے تقریروں سے نہیں روکا جا سکے گا ۔ تقریر سے قانون سازی کو نہیں روکا جا سکتا ۔ یہ اس صورت میں ممکن ہے آج تمام ملک کے عوام ۔ ورکرز ۔ تمام سیاسی رہنما ایک مقام پر جمع ہوں ۔ اکٹھے ہوں ۔ آپس میں تفریق اور انتشار جو یہ ڈالنا چاہتے اور یہ حکومت مختلف ناموں سے پارٹیاں بنا بنا کر ڈالنا چاہتی ہے اس کو ختم کر کے صرف ایک جھنڈے اسلام کے جھنڈے کے نیچے ۔ جمہوریت کے جھنڈے کے نیچے آپ جمع ہو جائیں ۔ میں حسین شہید سہروردی کی تعریف کرتا ہوں جس نے ایک سال پہلے یہ کہا تھا کہ پارٹیز خدا کے لئے نہ بنائیے اگر آپ پارٹیز بنائیں گے تو اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکیں گے اور وہی ہوا ۔ آپ نے مسلم لیگ بنائی ۔ انہوں نے نقلی بنا دی اور آج حالت یہ ہے کہ ایک آدمی بکری لے

جا رہا تھا ۔ ایک شخص ملا اس نے کہا کہ یہ کتا ہے ۔ دوسرا ملا ۔ اس نے کہا یہ کتا ہے ۔ تیسرا ملا تو اس نے کہا کتا ہے ۔ چھوڑ کر چلا گیا اس طرح سے آپ مسلم لیگ مسلم لیگ کہہ رہے ہیں تو مجھے ڈر ہے کہ وہ وقت آ جائے گا جب خواجہ صاحب کہیں گے کہ خدا کے لئے اسے توڑو ۔ اس کا حل نہیں ہو سکتا ۔ تو جناب والا ۔ میں اپنے ان دوستوں سے اپیل کروں گا کہ اس قانون کو دیکھیں کہ یہ قانون کتنا مہلک قانون ہے ۔ آپ ایک سال کے لئے اس کی توسیع کر کے کراچی کے شہریوں پر ایک بہت بڑا بھاری ظلم کریں گے ۔ مجھے یقین ہے کہ کراچی کے نمائندگان جو مجھے یہاں اس وقت نظر نہیں آ رہے ہیں ۔ جس وقت یہ قانون ایوان میں پیش ہوا وہ باہر چلے گئے ہیں شاید وہ تقریر کریں گے اور اس کی مخالفت بھی کریں گے ۔ لیکن میں ان سے ایک درد مندانہ اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے یہ قلات اور کوئٹہ والے مظاہرے نہ کریں ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ قانون غلط ہے تو اس کی تقریر سے بھی مخالفت کے لئے اور اس کے ووٹ سے بھی مخالفت کیجئے اور اس حکومت کو مجبور کیجئے کہ یہ قانون واپس لے لے ۔ اب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اس قانون کی غرض و غایت جیسا کہ کریمنل لا ایمنڈ منٹ ایکٹ کی تھی یہ ہے کہ قانونی موشگافیوں میں پھنس کر بعض ایسے عناصر جو ملک کے دشمن ہیں جن کی کارروائیاں ملک کے مفادات کے منافی ہیں وہ قانون کے شکنجہ سے بچ نہ سکیں لیکن جس ــ ــ ــ ــ ــ

مسٹر افتخار احمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ پچھلے سال ٨ ۔ جون کو مارشل لا کا خاتمہ ہوا تھا اس سال اس کی برسی ہے تو اس لئے دعا مغفرت کریں کہ خدا تعالیٰ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کے ذریعہ ایسے جرائم کی روک تھام مقصود ہے جو سکشن (١٢) کے سب سکشن (٢) میں دئے گئے ہیں جن کا میں ضمنی طور پر ذکر کرتا ہوں ۔

12. (1) If the Tribunal is satisfied, as a result of enquiry held under this Act, that the person complained against —

(*i*) frequents for immoral purposes houses or localities inhabited by prostitutes ; or

(*ii*) frequents resorts of vice such as drinking or gambling dens, or places where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed ; or

(2) (*ii*) corrupts young persons, by initiating them in the practice of any vice which if established against any person to the satisfaction of the Tribunal would entail his being declared a disorderly person or a dangerous disorderly person under this section ; or

(*iii*) annoys or molests other persons, particularly women or young person ; or

(*vi*) insults the modesty of women by using foul language or making indecent sounds or gestures, or by exposure of his person or the person of any other individual or of any object or otherwise howsoever ; or

(*vii*) engages in kidnapping or seducing women or young persons or procuring women or young persons for immoral purposes ; or

(*viii*) indulges in unnatural carnal intercourse ; or

(*ix*) keeps a drinking or gambling den, or place where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed, or makes a livelihood out of such den or place by acting as a tout or otherwise howsoever, or engages in the illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs ; or

(*xi*) is by habit a smuggler of goods through custom or octroi or other tax barriers, without payment of the requisite duty or tax or in contravention of a lawful order prohibiting the export or import across such barriers ; or

(*xvii*) makes a livelihood out of, or otherwise, practices, whether by himself or in association with other persons, the receving or disposal of stolen property;"

جناب سپیکر ۔ میں نے مختصر طور پر ان تمام ممبران کی تشریح کر دی ہے جن کے خلاف اس ایکٹ کو استعمال کیا جاتا تھا ۔

Malik Sarfraz Khan : Sir there is no quorum in the House.

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned till 4 p.m. on Monday the 10th June, 1963.

(The Assembly then adjourned till 4.00 p.m. on Monday the 10th June, 1963.)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

DEBATES

10th June, 1963

Vol. IV—No. 3

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Page

Monday, the 10th June 1963

Recitation from the Holy Qur'an	1
Postponement of Questions and Answers	2
The West Pakistan Budget (General) 1963-64 (Presented) ..	2
Finance Bill, 1963 (Introduced)	29

Price : Rs. 1·37

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 10th June 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 4-25 p.m. of the clock. Mr. Speaker, Mr. Mubinul Haq Siddiqi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ط
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ج وَاِنْ
تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ط وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ
مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكَ
هُدٰهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَمَا تُنْفِقُوْا
مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ط وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ط
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

پ ۳ ص ۲ رکوع ۵ آیات ۲۷۰ تا ۲۷۲

اور تم جو کچھ خرچ کرو یا نذر نیاز کے طور پر دو پس وہ سب کچھ اللہ کے علم میں ہے اور بے جا کام کرنے والوں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

اگر تم علانیہ صدقات دو تو بھی اچھا ہے اور اگر پوشیدہ طور پر حاجتمندوں پر خرچ کرو۔ تو وہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے۔ اور اللہ تم سے تمہاری برائیوں کو دور کرے گا۔ اور اللہ ان تمام باتوں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

(اے پیغمبر) تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو بلکہ خدا جسے چاہے ہدایت کی توفیق دے۔ اور تم لوگ جو کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کروگے۔ وہ خود تمہیں فائدہ دے گا۔ اور تم تو صرف خدا کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے خرچ کرتے ہو۔ اور تم جو کچھ بھی خرچ کروگے اس کا پورا پورا اجر دیا جائے گا۔ اور تم نقصان میں نہیں رہوگے۔

POSTPONEMENT OF QUESTIONS AND ANSWERS

Minister of Agriculture and Law (MALIK QADIR BAKHSH). Sir, I beg to move that the Assembly do approve of the answers to the questions included in the list of questions for today, i.e., 10th June 1963, being allowed to be laid on the Table of the Assembly and not answered orally.

Mr. Speaker : I think if there is no objection from the members they may be laid on the Table.

(*Voices*—No objection)

مسٹر حمزہ — جناب والا—ہمیں اس پر اعتراض ہے۔ سوالات کے ذریعہ ہم گورنمنٹ کی بد عنوانیوں کو عیاں کرتے ہیں اور پبلک پر حقائق ظاہر کیا کرتے ہیں بہتر ہے کہ سوالات کے اس وقفہ کو کسی دوسرے دن تک ملتوی کیا جائے۔ بالکل منسوخ نہ کیا جائے۔

Mr. Speaker : I think it will be better. Let these be kept for some other day. On some other day they may be answered.

The next item on the agenda is the presentation of the Budget.

THE WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL), 1963-64

PRESENTATION

وزیر ریلوے و خزانہ (مسٹر عبدالوحید خاں) —جناب صدر محترم—آپ کی اجازت سے میں مغربی پاکستان کی حکومت کا میزانیہ جو سال آئندہ (۱۹۶۳-۶۴) کی متوقع آمدنی اور مجوزہ اخراجات کے تخمینوں پر مشتمل ہے۔ اس ایوان عالیہ کے اراکین کی خدمت میں پیش کرنے کا اعزاز حاصل کرتا ہوں۔

جناب والا — مجھے یقین ہے کہ اس ایوان کے سبھی ارکان جناب شیخ مسعود صادق کی غیر حاضری کو محسوس کر رہے ہیں۔ وزارت مالیات کا قلم دان اس سال کے بیشتر حصے تک صاحب موصوف کے تجربہ کار ہاتھوں میں رہا۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ اپنی ناسازی طبع کے باعث صاحب فراش ہیں اور غالباً موجودہ سیشن ان کی رہنمائی سے محروم رہے گا۔ تاہم بجٹ کے سلسلے میں ان کی تائید اور عنایت میرے لئے تقویت کا سر چشمہ ثابت ہو گی۔

جناب والا—میزانیہ سازی ایک خاصا خشک اور غیر دلچسپ کام ہے، لیکن اسے جب صوبہ کے ناظم اعلیٰ کی طرف سے ایک متعین رخ اور ایک احساس مقصد عطا ہو جائے تو یہی کام ایک بھرپور اور بامعنی تجربے کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ گورنر صوبہ نے جن کی قوت آفریں اور خیال افروز قیادت نے انتظامیہ کو ایک نیا ولولہ بخشا ہے۔

آئندہ سال کے میزانیہ کے لئے ایک قطعی واضح اور پختہ نصب العین متعین کر دیا انہوں نے ہدایت فرمائی کہ میزانیہ سازی میں سب سے بڑا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ان علاقوں کے لئے جو ماضی میں کم توجہی کا شکار بنے رہے ، زیادہ سے زیادہ مالی وسائل بہم پہنچائے جائیں ، تاکہ ان کی ترقی کی رفتار تیز تر ہو جائے اور صوبہ بھر کے لئے ایک متوازن اور ہم آہنگ ترقیاتی نقشہ قائم کیا جا سکے ، یہ نصب العین ہماری اس اصولی پالیسی کے بھی عین مطابق ہے جسے ہمارے آئین نے جنم دیا ہے اور جس کا تقاضا ہے کہ پس ماندہ علاقوں کے معاشی اور تعلیمی مفادات کے فروغ کا ہمیشہ خاص خیال رکھا جائے ۔

جناب والا ۔ امیر صوبہ کی یہ قیمتی ہدایت جب وجود پذیر ہوئی تو ظاہر ہے کہ ایک زریں تخیل کی کیفیت رکھتی تھی ، لیکن مقام مسرت ہے کہ آپ کی انتظامیہ اسے حقیقت کا جامہ میزانیہ پہنانے میں کامیاب ہو گئی سب سے پہلے صوبے کی انتظامیہ کو اس نہج پر ڈالا گیا کہ پسماندہ علاقوں کے معاشی مسائل کا پوری توجہ اور دلسوزی سے جائزہ لیا جائے ۔ اس جائزے اور امتحان نے بہت سے معاشی رخنوں کی پردہ دری کی ہے اور اب انہیں پر کرنے کے لئے ہم نے اپنے بجٹ میں ایسی متعدد ترقیاتی تجاویز شامل کر لی ہیں ، جو ان پس ماندہ خطوں کے عوام کو ان کی بنیادی ضروریات اور آسائش بہم پہنچانے میں مددگار ثابت ہوں گی ۔

جناب والا ۔ یہ اسی کاوش کا نتیجہ ہے کہ اس بجٹ کو جسے آج شام میں آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں ، حقیقی معنوں میں صوبے کے پسماندہ علاقوں کا بجٹ کہا جا سکتا ہے ۔ میزانیہ کے تخمینوں کی جو ضخیم کتابیں آپ کے سامنے دھری ہیں اور ان میں خشک اعداد و شمار کی لمبی قطاریں جو آپ کے مطالعے کا شرف حاصل کرنے کے لئے بے تاب ہیں ، یہ

سب ان صبر آزما گھڑیوں کی غماز ہیں ، جو آپ کی خدمت گزار انتظامیہ نے صوبے کے پسماندہ علاقوں میں ترقی کی رفتار کو تیز تر کرنے کی کوششوں میں صرف کیں ۔

جناب والا ۔ ہم سب کے لئے یہ امر ہمیشہ پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ ہمارے صوبے میں جا بجا ایسے مقامات پائے جاتے ہیں جہاں افلاس و نکبت اور جہالت و علالت کی کیفیتیں ناگفتہ بہ ہیں اور ان کی موجودگی حکومت اور عوام دونوں کے احساس ذمہ داری کے لئے ایک تازیانے کا حکم رکھتی ہے اور انہیں مسلسل و متواتر یاد دلا رہی ہے کہ وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی دونوں حیثیتوں سے مختلف علاقے کے باشندوں کی اس زبوں حالی کو دور کرنے کے پابند ہیں، جسے صدیوں کی غیر ملکی غلامی اور استحصال نے پیدا کیا تھا ۔ سو پیسے فی کس سے کم آمدنی پر انحصار رکھنے والا ہمارا معیار زندگی دنیا کے کمترین معیاروں میں بھی ایک ادنی مقام رکھتا ہے ، لیکن ہمارے ہاں ایسے مقامات موجود ہیں کہ جہاں یہ شرح آمدنی بھی بے شمار لوگوں کی دسترس سے باہر ہے ۔ چنانچہ دن بھر میں دو وقت معمولی دال روٹی کا میسر آ جانا ، ان لوگوں کے لئے خواب کی سی کیفیت رکھتا ہے ، جنہیں پینے کے لئے مولی صاف پانی بھی نہیں ملتا ۔

جناب والا ۔ ہم ترقی کی ان مساعی پر جو اس ملک میں عموماً اور اس صوبے میں خصوصاً ، گذشتہ چند سال کے دوران میں کی گئی ہیں ، بجا طور پر ناز کر سکتے ہیں ، لیکن ان مساعی کے بھرپور نتائج کی برآمدگی ایک ایسے عمل کی محتاج ہے جو ضرورتاً نہایت آہستہ رو ہے ، اور اس میں شک نہیں کہ اسکی یہ آہستہ روی نہایت درجہ تکلیف دہ ہے ۔ لیکن اس اثنا میں لوگوں کو زندہ رہنا اور بھوک اور افلاس سے آزاد انسانوں کی طرح زندہ رہنا ہے ۔ اس لئے یہ لازمی ہے کہ عظیم نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو مرتب کرتے وقت اور ان منصوبوں کو

عملی جامہ پہناتے وقت ، روز مرہ کی فوری ضروریات کو ہرگز فراموش نہ کیا جائے ، سال آئندہ کا میزانیہ اس طریق کار کا ثبوت مہیا کرتا ہے ، جس سے ہم اپنے وسائل کی حدود میں رہ کر عام آدمی کے بنیادی اور فوری مسائل سے عہدہ برآ ہونے کے خواہاں ہیں اور اس کے باوجود اپنی ان مساعی میں کوئی فرق نہیں آنے دیں گے جو ہمارے پنج سالہ منصوبے کی دور رس تجاویز ترقی سے تعلق رکھتی ہیں میں اس امر کی مزید وضاحت اس وقت کرونگا جب مجوزہ کاموں کے پروگرام کا ذکر آئے گا -

اس ایوان عالی مقام سے یہ نکتہ ہرگز مخفی نہیں ہے کہ ذرائع و وسائل کی گندم کو اضافۂ آبادی کا گھن ہر وقت لگا رہتا ہے اور بیشتر معزز ارکان اس نسبت سے بھی واقف ہیں ، جو ہمارے ملک میں وسائل کی ترقی ، آبادی کی ترقی سے رکھتی ہے - ۱۹۵۱ء اور ۱۹۶۱ء کے درمیان مغربی پاکستان کی آبادی دو اعشاریہ سات فی صد فی سال کی اوسط شرح اضافہ سے نوے لاکھ کے قریب بڑھ گئی - اور یہ امر باور کرنے کی بظاہر کوئی وجوہ نہیں ہیں کہ افزودگی کی یہ شرح مستقبل قریب میں گر جائے گی - چنانچہ اس حیثیت کی آبادی کی افزائش سے ہم قدم رہنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ قوم کی غذا، سکونت ، تعلیم اور صحت کے متعلق موزوں اور مناسب انتظامات کئے جائیں اور ظاہر ہے کہ یہ انتظامات جبھی ممکن ہیں کہ خود پیداوار کے عظیم وسائل کی توسیع کی جائے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ہماری اہلیتوں کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے ، لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ صوبہ اور اس صوبے کے جوان ہمت لوگ اس عظیم چیلنج کو قبول کرنے کی ایک عظیم تر قوت بھی رکھتے ہیں - شرط صرف یہ ہے کہ انفرادی قوتوں کو باہم مربوط کیا جائے اور نظم و ضبط سے کام لیکر اسے ایک عظیم الشان طاقت میں تبدیل کر دیا جائے -

جناب والا - زیر نظر سال بہت بڑی تبدیلیوں کا حامل رہا ہے - بعض اہم سرگرمیاں اور تنظیمیں جو پہلے مرکزی

حکومت کے احاطہ عمل میں تھیں صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں منتقل کر دی گئی ھیں اور آئین جدید کے تحت ایک نیا مالی ڈھانچہ تعمیر کیا گیا ھے یہ ضروری تھا کہ انتظامیہ کے معمولات نظم و نسق کو ایک نیا انداز عمل بخشا جائے تاکہ وہ آئین نو کی ضروریات اور تقاضوں کو پورا کر سکیں یہ امر باعث اطمینان ھے کہ صوبے کی انتظامیہ نے پوری رضامندی بلکہ رغبت کے ساتھ اپنی نئی ذمہ‌داریوں کو قبول کیا ھر چند کہ بعض حضرات اس خوف کا اظہار کرتے رھے کہ صوبائی حکومت اسقدر جلد اتنی اھم نئی ذمہ‌داریوں کی متحمل نہ ھو سکے گی، یہ خوف قطعاً بے بنیاد ثابت ھوا، دیکھئے کہ صوبے کی انتظامیہ نے نہ صرف اپنے نئے بوجھ کو بڑی خوش دلی سے قبول کر لیا ھے، بلکہ اس فیصلے کی دانش‌مندی کو بھی ثابت کر دیا ھے جس کی رو سے زراعت، خوراک، صنعت، صحت اور مواصلات کے مرکزی شعبوں کی تمامتر انتظامی ذمہ‌داریاں صوبے کو منتقل کر دی گئی تھیں - ان جدید ذمہ‌داریوں اور سرگرمیوں میں سے بیشتر کے لئے ایک عمدہ اور صحت مند طریق کار تجویز کر لیا گیا ھے اور مجھے پوری امید ھے - کہ ھم اپنے روز افزوں تجربات کے ساتھ اس ترقی پذیر طریق کار میں مزید اصلاح کرتے چلے جائیں گے -

جناب والا - اس سال صوبہ کے انتظامی امور میں نمایاں اصلاح اور ترقی ہوئی ھے عوام اور سرکاری حکام کے درمیان جو فاصلہ تھا وہ نئے آئین اور بنیادی جمہوریتوں کی مدد سے برابر کم ھوتا جا رھا ھے اس تسلی بخش صورت حال کے لئے یہ ایوان بھی بڑی حد تک ذمہ‌دار ھے - معزز ارکان نے نہ صرف انتظامیہ کی کار گذاری پر کڑی نظر رکھی بلکہ اپنے اپنے علاقوں کی صحیح طور پر نمائندگی کرتے ھوئے ذاتی مفاد سے بالا تر ھو کر عمومی مسائل پر جو توجہ دی اس سے ایک صحت مندانہ روایت قائم ھوئی ھے -

اس سے پہلے کہ میں ان نتائج پر تبصرہ کروں جنہیں صوبے نے سال رواں کے اندر مختلف مالی اور اقتصادی

سرگرمیوں کے حلقہ ہائے صرف و عمل سے حاصل کیا ہے میں معزز اراکین ایوان کی توجہ اس قرطاس ابیض کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں جسکے نسخے ان کی خدمت میں پیش کر دئے گئے ہیں ۔ اگر میں غلطی نہیں کرتا تو یہ پہلا موقع ہے جبکہ اتنی جامع دستاویز ، جو مختلف محکموں اور مختلف ترقیاتی ایجنسیوں کے کاروبار کی تفصیلات پر مشتمل ہے ، اس ایوان میں پیش کی گئی ہے ۔ اب میں مختصر طور پر اس منظر کی نشاندھی کرتا ہوں ، جس کی حدود میں میزانیے کی تجاویز کا جائزہ لینا مناسب ہوگا ۔ سال رواں ہمارے پنج سالہ منصوبے کا تیسرا سال ہے ۔ منصوبے کی پیش بینی کے مطابق ۱۹۶۵ء کے اواخر تک پاکستان میں تئیس ارب روپے کی رقم ترقیاتی مصارف کے طور پر خرچ کی جائے گی ، اس مجموعی رقم میں سے نو ارب پندرہ کروڑ روپے کی رقم مغربی پاکستان کے حصے میں آتی ہے ۔ اس کا ایک حصہ پرائیویٹ دائرہ کار کے لئے مخصوص ہے اور دوسرا حصہ پبلک دائرہ کار کے لئے ۔ ہمارا تعلق پبلک دائرہ کار سے ہے اور ہمارے بجٹ کی ترقیاتی تجاویز کی بنیاد قریباً سات ارب روپے کے مصارف پر ہے ، جنہیں منصوبے کے پانچ سالوں پر تقسیم کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ گذشتہ ماہ جب مرکزی پلیننگ کمیشن نے ترقیاتی منصوبے پر عملدرآمد کے پہلے دو سالوں کا جائزہ لیا تو یہ ظاہر ہوا کہ منصوبے کے پہلے دو سالوں میں قومی آمدنی میں ۱۱ فیصد کا اضافہ ہوا ہے زراعتی پیداوار کا جو تخمینہ منصوبے کے پیش نظر تھا وہ وقت سے تین سال پہلے پورا ہو گیا ۔ اس طرح صنعتی پیداوار میں کوئی ۲۳ فیصد کا اضافہ ہوا ۔

قوت پیدا کرنے کے وسائل میں ۳۰ فیصد اور بجلی کی مقدار میں کوئی ۵۴ فیصد اضافہ ہوا ۔ مواصلات کے دائرۂ کار میں منصوبے کا ایک تہائی حصہ تکمیل پا چکا ہے ۔ ابتدائی سکولوں میں پہلے سے تقریباً ۷ لاکھ زیادہ بچے داخل ہوئے ۔ نجی بچت کی رفتار جو ۱۹۵۹-۶۰ء میں ۶٫۶ فیصد

تھی ۶۲—۱۹۶۱ء میں ملکی پیداوار کے ۸ء۱ فیصد تک پہنچ گئی اقتصادی کاموں کا دائرہ وسیع ہونے کی وجہ سے مزدوری اور ملازمت کے بہت سے دروازے کھل گئے - مغربی پاکستان کی زراعتی پیداوار میں قابل قدر اضافہ ہوا - کپاس کی پیداوار ۱۶ لاکھ گانٹھوں تک پہنچ کر رک گئی تھی - یہ پیداوار اب ۲۰ لاکھ گانٹھوں تک پہنچ چکی ہے گندم کی پیداوار ۳۷۷ء۲ لاکھ ٹن سے بڑھ کر ۴۰۳ء۶ لاکھ ٹن ہو چکی ہے - گنے کی پیداوار ۱۱۴ء۹ لاکھ ٹن سے ۱۴۱ء۳ لاکھ ٹن ہو گئی ہے - چاول کی پیداوار میں ایک لاکھ ٹن کا اضافہ ہوا ہے اور موجودہ پیداوار ۱۱ لاکھ ٹن تک پہنچ چکی ہے -

صنعت و حرفت کے دائرۂ کار میں کارخانہ ساز اشیاء کا انڈکس جو ۱۹۴۸ء میں ۷۳ پر تھا - ۱۹۶۲ء میں ۵۸۳ تک جا پہنچا - رجسٹر شدہ کارخانوں کی تعداد ۱۹۴۸ء میں کل ۱۱۰۰ تھی - ۱۹۶۲ء تک یہ تعداد ۵۹۴۷ ہو گئی - سال رواں میں ۳۷۵ نئے کارخانے رجسٹر کئے گئے - شکر کی پیداوار ۶۶،۳۹۰ ٹن سے بڑھ کر ۱۹۶۲ء میں دولاکھ دس ہزار ٹن تک پہنچ گئی، وناسپتی گھی کی پیداوار میں ۱۷ فیصدی کا اور سوت بنانے میں ۶ فیصدی کا اضافہ ہوا اسی طرح مختلف کیمیائی اشیاء مثلاً سوڈا ایش - کاسٹک سوڈا اور سپرفاسفیٹ وغیرہ کی پیداوار میں بھی بہت ترقی ہوئی -

میزانیے میں منصوبے کے مقاصد کی شمولیت اور آئینہ داری کے عمل نے اب تک ایک دشوار اور محنت طلب عمل کی کیفیت اختیار کئے رکھی ہے - پرانے طور طریقے اور پرانے میلانات بجائے خود کام کے راستے میں بہت بڑی رکاوٹیں ثابت ہوئی ہیں ان کی اصلاح بعض دفعہ ترغیب اور اکثر اوقات ترتیب سے عمل میں آتی رہی ہے تاکہ سرکاری طور طریقوں اور ترقیاتی تقاضوں میں مطابقت پیدا ہو سکے -

جناب والا—سال آئندہ کا بجٹ ترقیاتی ضرورتوں اور میزانیہ کے انضباتی تقاضوں میں مکمل ہم آہنگی کا آئینہ دار ہے - ایام ماضی میں متعدد سکیموں اور منصوبوں کو بجٹ میں شامل تو کر لیا جاتا تھا مگر شمولیت سے پہلے فنی اور انتظامی زاویوں سے ان کا جائزہ مکمل نہ

ہو چکا ہوتا تھا ۔ موجودہ سال کے دوران میں ہر اہم سکیم کا جسے سال آئندہ کے بجٹ میں شامل کرنے کی تجویز ہوئی پوری طرح تجزیہ کیا گیا پھر متعدد جاری سکیموں کا جائزہ بھی لیا گیا ۔ چانچہ سال آئندہ کے بجٹ میں شامل کی جانے والی بیشتر اسکیمیں ایسی ہیں ، جنہیں فنی اور مالی نقطہ نگاہ سے درست قرار دیا جا چکا ہے یہ سکیمیں اب اس ایوان کی توثیق کی منتظر ہیں ۔ جونہی انہیں یہ شرف ملا یہ فوراً زیر عمل آ جائیں گی اور بجٹ کی چھلنی میں سے گزرنے کے بعد ان کے انتخاب و اجراء کے لئے انتظامیہ کی کسی مزید منظوری کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہے گی ۔ یہ ایک خاصی بڑی انتظامی اصلاح ہے جو ترقیاتی عمل میں تیزی اور روانی پیدا کرے گی ۔ ترقیاتی پروگرام کی زیادہ موثر تعمیل کے لئے ہم نے چند اور اقدامات بھی کئے ہیں آگے چل کر میں ان میں سے بعض کا ذکر کروں گا ۔

جناب والا ۔ اب میں نہایت اختصار سے سال رواں اور سال آئندہ کے ترقیاتی پروگراموں کا جائزہ لیکر آئندہ سال کی تجاویز پر ایک نگاہ ڈالوں گا ۔ اصلاً ایک ارب ستاون کروڑ روپے کی رقم سال رواں کے ترقیاتی پروگرام کے لئے الگ کی گئی تھی ۔ نظر ثانی شدہ میزانیے کے مطابق یہ رقم ایک ارب انتالیس کروڑ سے آگے نہیں بڑھے گی ۔ اس کے مقابلے میں ہم نے سال آئندہ کے لئے اسی مد میں ایک ارب چھیاسی کروڑ بارہ لاکھ روپے کی رقم کا خرچ تجویز کیا ہے ۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ آئندہ سال کے ترقیاتی پروگرام کی حدود موجودہ سال کے ترمیم شدہ پروگرام کی حدود سے بقدر چونتیس فی صد بڑھ جائے گی ۔ یہ اضافہ ہمارے پنج سالہ منصوبے کے آغاز سے لے کر اب تک سب سے بڑا سالانہ اضافہ ہے جو پہلے تین سال کے ترمیم شدہ تخمینوں میں ہوا ہے ۔ دوسرے سال میں اضافے کی شرح صرف بارہ فی صد تھی اور تیسرے سال میں اکیس فی صد ۔ چنانچہ موجودہ اضافہ واضح طور پر ترقی کی تیز تر رفتار کا آئینہ دار ہے اور دنیا بھر کے ان ممالک میں جہاں اس نوع کے ترقیاتی پروگرام جاری ہیں ، ایک مقام امتیاز رکھتا ہے ۔

جناب والا ۔ اب آپ فطری طور پر یہ جاننے کے مشتاق ہوں گے کہ ایک ارب چھیاسی کروڑ روپے کی مجوزہ اور مذکورہ رقم مختلف

علاقوں اور خطوں میں کس طرح تقسیم کی گئی ہے اور بجٹ میں پسماندہ علاقوں کی ضروریات کا کس حد تک خاص خیال رکھا گیا ہے ۔ وسائل و ذرائع کا رخ کم ترقی یافتہ علاقوں کی طرف موڑ دینے کے لئے یہ ضروری تھا کہ ان علاقوں میں ترقی کی رفتار محدود کردی جائے جو عام طور پر پیش رو اور فروغ یافتہ علاقے سمجھے جاتے ہیں ۔ چنانچہ سابق پنجاب اور کراچی کو نسبتاً کم رقم ملی ہے اور آئندہ سال ان علاقوں کے لئے مجوزہ رقوم میں علی الترتیب محض ۱۰ء۸۹ (دس اعشاریہ نواسی) اور ایک اعشاریہ چھپن فیصد کا اضافہ تجویز کیا گیا ہے ۔

علاوہ ازیں ایسے منصوبہ جات کے سلسلے میں بھی خاصی بچت کی گئی ہے ، جو صوبہ گیر حیثیت رکھتے ہیں ۔ چنانچہ آئندہ سال ایسے منصوبوں پر صرف اسی کروڑ روپے خرچ کرنے کی تجویز ہے ، جہاں سال رواں کے بجٹ میں اس رقم کا تخمینہ چوہتر کروڑ تھا ۔ گویا ایک سال میں یہ بڑی مد اپنا دامن نو فی صد سے بھی کم دراز کرسکی ہے ۔ جو روپیہ سابقہ پنجاب اور کراچی کے حصوں اور صوبہ گیر حیثیت کی اسکیموں سے بچا ہے ، اسے پسماندہ علاقوں کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے منتقل کر دیا گیا ہے ۔

فیصد اضافہ زر کی سب سے نمایاں اور سب سے بڑی ترقی سابق بہاول پور کے علاقے کیلئے تجویز کی گئی ہے ۔ اگر معزز اراکین ایوان قرطاس ابیض میں بہاول پور کا گراف ملاحظہ فرمائیں جو اس علاقے کے حصے میں آنے والی رقوم کی ۶۱-۱۹۶۰ء سے نشان دہی کرتا ہے ۔ تو انہیں احساس ہوگا کہ پہلے تین سال خاصے حوصلہ شکن رہے ۔ سال رواں میں صرف پینسٹھ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی تھی ۔ اور اس سے پہلے دو سال میں ترقیاتی رقم اسی لاکھ سے آگے نہیں بڑھی ۔ آئندہ سال کی یہ کیفیت ہے کہ زیادہ ترقی یافتہ علاقوں سے ان کی رقوموں کے انتقال اور اس علاقے کے لئے خصوصی ترقیاتی سکیموں کے اجراء کی بدولت بہاول پور کی ترقیاتی بہبود میں تین کروڑ سینتالیس لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے ۔ یہ رقم اپنے دامن میں چار سو ستاون فیصد کا بیش قیمت اضافہ رکھتی ہے ۔ چنانچہ مذکورہ گراف نے اب ایک حوصلہ افزا صورت اختیار کر لی ہے اور یہ کیفیت حکومت کے اس نیک ارادے کا ثبوت ہے کہ وہ پہلی کم توجہی

کا ازالہ کرنا اور اپنی توجہ اس خطے پر صرف کرنا چاہتی ہے۔

بہاول پور کے بعد ترقیاتی اضافہ زر کے اعتبار سے سابق پشاور کا علاقہ دوسرے نمبر پر ہے۔ معزز اراکین ملاحظہ فرمائیں گے کہ ۱۹۶۳-۶۴ کی مجوزہ تقسیم زر اس علاقے کی ترقیاتی کو بالا تر سطحوں پر لے جائے گی۔ سال رواں کی ترقیاتی رقم چار کروڑ چھیاسٹھ لاکھ تھی جو آنے والے سال میں بڑھ کر سات کروڑ اٹھانوے لاکھ ہو جائے گی اور اپنی اس جست میں اکھتر اعشاریہ چوبیس (۷۱٫۲۴) کا اضافہ طے کر لے گی۔ اس پر مستزاد سینتیس اعشاریہ تین کا وہ اضافہ ہے جو قبائلی علاقوں کی ترقیاتی رقم میں کر دیا گیا ہے۔

سابق سرحد سے ذرا نیچے سابق سندھ کی پوزیشن ہے، جسے ترقیاتی تخمینہ میں آئندہ سال بتیس کروڑ پینتالیس لاکھ کی رقم دی جا رہی ہے۔ گزشتہ برس یہ رقم پچیس کروڑ تراسی لاکھ کے قریب تھی۔ چنانچہ اضافے کی شرح چھبیس فیصد ہو گئی ہے۔

بلوچستان کے ترقیاتی پروگرام کے لئے گزشتہ برس کے پانچ کروڑ انسٹھ لاکھ کے مقابلے میں آئندہ سال پانچ کروڑ ستر لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اضافہ اگرچہ کم ہے لیکن انتظامیہ کے نام اس امر کی خاص ہدایات جاری ہو چکی ہیں کہ اس علاقے کے لئے مزید ترقیاتی سکیمیں تیار کی جائیں اور مجھے قوی امید ہے کہ آئندہ سال بلوچستان کے حصے میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔

یہ کہنا تحصیل حاصل ہے کہ ہر علاقے کا حصہ مقرر کرتے وقت ہر ڈویژن اور ملک کی معاشی زندگی کے ہر حلقے میں ترقیات کی کیفیت کا بغور مطالعہ کر لیا گیا ہے۔

آب و برق کا حلقہ۔

جناب والا — سب سے پہلے میں پانی اور بجلی کے حلقے کا ذکر کرنا چاہتا ہوں، کہ یہی ہمارے ترقیاتی پروگرام کا سب سے بڑا حصہ ہے اور صوبے کی معاشی زندگی کے لئے ایک بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ظاہر ہے کہ زراعت اور صنعت دونوں کا مستقبل ہمارے آبی اور برقی وسائل کی تیز رفتار ترقی سے وابستہ ہے۔ چنانچہ سیم زدہ اور تھور سے متاثر اراضی کو پھر سے زراعت کے قابل بنانے کی ایک

بہت بڑی کوشش برابر جاری ہے اور آئندہ سال اکہتر کروڑ چھہتر لاکھ روپے کی رقم اس حلقہ کار کے لئے وقف کر دی گئی ہے - سال رواں میں چون کروڑ چون لاکھ روپے اس مد کے لئے محفوظ کئے گئے تھے - مجوزہ تخصیص و تقسیم سال رواں کی منظور شدہ رقم سے بقدر اکتیس اعشاریہ ستاون فی صد زائد ہے ، جبکہ ۶۲-۱۹۶۱ء میں یہ اضافہ صرف چھبیس اشاریہ چھ اور ۶۳-۱۹۶۲ء میں تین اعشاریہ چونسٹھ فی صد کی حد تک رہا -

مجوزہ رقم کا ایک خاصا بڑا حصہ پہلے سے جاری سکیموں اور کاموں مثلاً ٹنڈا ڈیم اور قرم گڑھی کے زیر تعمیر منصوبوں اور سیم زدہ اراضی کو شور سے بچانے اور نجات دلانے پر خرچ کیا جائے گا - ملتان اور لائل پور کو ملانے والی ۲۲۰ کلوواٹ کی برقی لائن کے دوسرے سرکٹ کا قیام اور زیرین اور بالائی سندھ میں برقی لائنوں کی توسیع بھی اس پروگرام میں شامل ہیں - جاری اور زیر عمل منصوبوں کے لئے پچپن کروڑ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے - باقی ماندہ رقم نئی اسکیموں کو جامہ عمل پہنانے پر صرف کی جائے گی - ان سکیموں میں گومل ضام کا کثیرالمقاصد منصوبہ ، خان پور بند ، اور لاڑکانہ اور شکارپور نیز زیرین تھل اور بالائی رچنا کی سیم زدگی پر قابو پانے کے انتظامات شامل ہیں -

اس حلقہ کار میں کامیابیوں کا ایک علیحدہ ریکارڈ موجود ہے - مگر یہاں میں صرف رچنا دوآب کے ایک کامیاب منصوبے کا ذکر کروں گا - یہ منصوبہ پراجیکٹ نمبر ایک کے نام سے معروف ہے - یہ منصوبہ دسمبر ۱۹۶۲ میں تکمیل کو پہنچا تھا ، اور اب زیر عمل ہے - اور آج اس کے حاصل کردہ نتائج کا تعریفی تذکرہ دنیا بھر کے ماہرین کی زبان پر ہے - اس علاقے میں زیر زمین پانی کی سطح مسلسل کم ہو رہی ہے اور پچاس ہزار ایکڑ کا زائد رقبہ زیر کاشت آچکا ہے مجھے یقین ہے کہ اس منصوبے کے شاندار نتائج اس میدان میں ہمارے آئندہ منصوبوں کے لئے نمونے اور مثال کا کام دیں گے -

آپ کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ پانی اور بجلی کی ترقیات پر صرف ہونے والی مجموعی رقم یعنی اکہتر کروڑ چھہتر لاکھ میں سے باون کروڑ روپے صوبے کے کم ترقی یافتہ علاقوں میں صرف کئے جائیگے - اس حلقہ کار میں سرمائے کا سب سے بڑا حصہ یعنی بیس

کروڑ روپے کی رقم سابق سندھ کو ملے گے اس سلسلے میں سابق سرحد کے حصے میں آنے والی رقم دو کروڑ اٹھاون لاکھ روپے سے بڑھا کر پانچ کروڑ بتیس لاکھ روپے کردی گئی ہے۔

بہاول پور کو جسے سال رواں میں اس دائرہ کار کے لئے کوئی رقم نہیں ملی تھی سال آئندہ کے دوران میں ۱۸ لاکھ روپے دئے جائیں گے۔

قلات ڈویژن کے حصے میں سال رواں کے اندر چوالیس لاکھ سڑسٹھ ہزار روپے آئے تھے، آئندہ سال یہ رقم باسٹھ لاکھ تک بڑھا دی جائے گی۔

زراعتی حلقہ

جناب والا - سال رواں میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے خاصی شدید مساعی کی گئیں۔ چنانچہ صوبے کی زرعی پیداوار میں ایک ہمہ گیر اضافہ رو نما ہوا۔ اس کی تفصیلات ابھی تھوڑی دیر پہلے میں نے بیان کی ہیں۔

مغربی پاکستان کی زرعی ترقیاتی کارپوریشن نے جسے ۱۹۶۱ء میں قائم کیا گیا تھا، اپنے آبادکاری کے شعبے میں قابل تعریف نتائج حاصل کئے ہیں۔ اور آباد کاری کے وہ منصوبے جو کارپوریشن مذکور اب تک زیر عمل لا چکی ہے، تخیل کی بلندی اور کارکردگی کے حسن کے نہایت متوازن نمونے پیش کرتے ہیں۔

زراعت کے اس سارے حلقہ کے لئے آئندہ سال کے ترقیاتی پروگرام میں چوبیس کروڑ بارہ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے، جب کہ سال رواں کے ترمیم شدہ تخمینوں کی رو سے یہ رقم پندرہ کروڑ نو لاکھ روپے سے آگے نہیں بڑھی۔ گویا اس خرچ میں انسٹھ اعشاریہ چوراسی فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

زرعی حلقہ میں آئندہ سال سب سے بڑا حصہ سابق سندھ کا ہوگا، جسے اس مقصد کے لئے چار کروڑ تیس لاکھ روپے ملیں گے۔ حیدرآباد ڈویژن کی موجودہ حصہ رسدی ایک کروڑ اٹھاسی لاکھ سے بڑھ کر دو کروڑ ستاون لاکھ تک اور خیرپور کی ایک کروڑ اڑتالیس لاکھ سے زیادہ ہو کر ایک کروڑ ستر لاکھ تک پہنچ جائے گی۔

سابق صوبہ سرحد کے حصے میں بھی اچھا خاصا اضافہ تجویز کیا گیا ہے ۔ ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن اب تین لاکھ بانوے ہزار کی بجائے کہ سال رواں کی یافت ہے ، سال آئندہ گیارہ لاکھ بتیس ہزار روپے وصول کرے گی ۔

اسی طرح بہاولپور ڈویژن کو اب کے سال سات لاکھ تین ہزار روپے کی بجائے جو سال رواں میں اس کے حصے میں آئے ہیں ، چھیالیس لاکھ پچیس ہزار روپے کی رقم ملے گی ۔

صنعتی حلقہ—

۱۹۶۱-۶۲ء میں صنعتی حلقہ کو ملنے والی ترقیاتی رقم مائل بہ زوال ہو گئی تھی ۔ اس کا ازالہ ۱۹۶۲-۶۳ء میں کر دیا گیا اور آئندہ سال ، موجودہ سال میں ملنے والی آٹھ کروڑ نواسی لاکھ کی رقم بڑھ کر گیارہ کروڑ پچانوے لاکھ ہو جائے گی یہ رقمی اضافہ چونتیس عشاریہ بیالیس فی صد ترقی کی نشاندہی کرتا ہے ۔ اس ضمن میں سابق سندھ چھبیس لاکھ تہتر ہزار کی موجودہ رقم کی بجائے آئندہ سال ایک کروڑ تراسی لاکھ روپے حاصل کرے گا اور اسی طرح بلوچستان کا حصہ ایک کروڑ تیرہ لاکھ روپے سے بڑھ کر ایک کروڑ چھپن لاکھ روپے تک جا پہنچے گا ۔

پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی کے دو حصوں میں تقسیم ہو جانے اور اس کے مغربی حصے کو صوبے کے سپرد کر دئے جانے کے نتیجے میں صوبے کے شانوں پر ایک بہت بڑی ذمہ داری آن پڑی ہے ۔ اور اب ہمیں منصوبے کے پبلک دائرہ عمل میں باقی ماندہ ترقیات کے ایک وسیع پروگرام سے عہدہ برا ہونا ہے ۔ چنانچہ آئندہ مغربی پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی کو آٹھ کروڑ چھیاسٹھ لاکھ روپے کی رقم عطا کرنے کی تجویز آپ کے سامنے ہے ۔ مجوزہ رقم ۱۹۶۰-۶۱ء کے بعد اس تنظیم کو ملنے والی رقموں میں سب سے زیادہ ہے ۔

حلقہ مواصلات—

سال آئندہ کے ترقیاتی پروگرام میں مواصلات کے حلقہ کے لئے انتالیس کروڑ سڑسٹھ لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔ سال رواں کے ترمیم شدہ تخمینوں کے مطابق یہ رقم چونتیس کروڑ چودہ لاکھ روپے کی سطح تک پہنچ سکی ہے ۔ گویا اس صرف میں اب سولہ اعشاریہ دو فی صد کا اضافہ تجویز کیا گیا ہے ۔

اس حلقے میں سب سے بڑا حصہ سابق سندھ کے لئے متعین کیا گیا ہے یہ علاقہ ہمارے ترقیاتی پروگرام سے دو کروڑ اکہتر لاکھ روپے کی رقم حاصل کرے گا - سابق صوبہ سرحد کو اس سلسلے میں سال رواں کے باون لاکھ بارہ ہزار روپے کی بجائے اٹھانوے لاکھ تراسی ہزار روپے کی رقم ملے گی - بلوچستان کے حصہ میں بھی خاصا اضافہ کیا گیا ہے یعنی سال رواں کی گیارہ لاکھ اکانوے ہزار کی رقم آئندہ سال چالیس لاکھ چار ہزار روپے ہو جائے گی -

اس حلقہ میں سات کروڑ ستانوے لاکھ کی رقم سڑکوں اور شاہراہوں کی توسیع و ترقی کے لئے مختص ہے - مغربی پاکستان کی وحدت کے قیام کے وقت صوبائی سڑکوں کی مجموعی لمبائی آٹھ ہزار میل سے کم تھی اب ان کا طول تقریباً گیارہ ہزار میل ہو گیا ہے اگلے سال کے تعمیراتی پروگرام میں سڑکوں کی توسیع و ترقی ایک نمایاں مقام رکھتی ہے -

تعلیم —

جناب والا — اس حکومت کی عزیز ترین آرزوؤں میں یہ آرزو ایک مقام امتیاز رکھتی ہے کہ اس صوبے کے عوام کو زیادہ تعلیمی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں - چنانچہ آپ یہ جان کر مسرور ہوں گے کہ آئندہ سال تعلیم و تعلم کی ضروریات کے لئے سینتیس کروڑ سینتالیس لاکھ روپے کی گنجائش میزانیہ میں رکھی گئی ہے - اس مجموعی رقم میں سے ۱۳ کروڑ ۵۴ لاکھ روپے تعلیمی ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کئے جائیں گے -

گیارہ کروڑ ستر لاکھ روپے کی رقم پرائمری مدارس کے لئے مخصوص کی گئی ہے اور یونیورسٹیاں اور کالج علی الترتیب پانچ کروڑ ستر لاکھ اور چار کروڑ سڑسٹھ لاکھ روپے کی اعانت حاصل کریں گے -

جناب والا — ہم نے یونیورسٹیوں کے لئے جو خاصی بڑی رقم متعین کی ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ وہ اپنے موجودہ شعبوں کو مضبوط تر اور اپنی سرگرمیوں کو وسیع تر کر سکیں - قرطاس ابیض کے متعلقہ صفحات پر ایک نگاہ ڈالنے سے یہ امر واضح ہو جائے گا، کہ یونیورسٹیوں کے لئے مجوزہ اعانت ۵۵—۱۹۵۴ء کے بعد بیش ترین اعانت کی حیثیت رکھتی ہے -

آئندہ سال کے میزانیہ میں معاشرتی اور ثقافتی سرگرمیوں اور کھیلوں کو ترقی دینے کے لئے ، چالیس لاکھ روپے کی خطیر رقم شامل کی گئی ہے - مزید براں چھ لاکھ روپے لاہور کے عجائب خانے اور لاہور کے کتب خانوں کی موجودہ حالت کو بہتر بنانے کے لئے علیحدہ کر دئے گئے ہیں اور حسب ذیل اداروں کو حسب سابق امدادی رقوم دی جا رہی ہیں - مجلس ترقی ادب لاہور ، اردو اکیڈمی لاہور ، سندھی ادبی بورڈ ، بزم اقبال ، پنجابی ادبی اکیڈمی ، پشتو اکیڈمی اور ادارہ ثقافت اسلامیہ ایوان کو یہ سن کر مسرت ہوگی کہ حکومت نے نیشنل کالج آف آرٹس کے لئے ایک بورڈ آف گورنرز مقرر کر دیا ہے ، اب یہ ادارہ نسبتاً زیادہ آزادی سے اپنے ترقیاتی پروگرام کی تشکیل و تکمیل کر سکے گا ،

جناب والا — میں اسی معزز ایوان کو یہ بات یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اگرچہ تعلیم و تعلم کے لئے حکومت نے اپنی اعانت ایک بہت بڑی حد تک بڑھا دی ہے - لیکن اس کار خیر و کار عظیم کی مزید توسیع کے لئے نجی امداد بھی ایک امر لازم کی حیثیت رکھتی ہے ، کہ اس کے بغیر ہم مستقبل قریب میں عام ابتدائی تعلیم اور مناسب فنی تربیت کا خاطر خواہ انتظام نہیں کر سکتے -

میں یہاں لوکل باڈیز پر بھی یہ امر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ پرائمری تعلیم کی ترقی و توسیع کے پروگرام میں انہیں حکومت کا ہاتھ بٹانا ہو گا اور پرائمری مدارس پر ہر سال ہونے والے اخراجات کا آدھا بوجھ ان کو اٹھانا پڑے گا ، اور شعبوں کی بہ نسبت تعلیمی شعبہ میں حکومت اور لوکل اداروں میں مکمل تعاون کی انتہائی ضرورت ہے -

صحت —

جناب والا — آپ اگر محکمہ صحت کے ترقیاتی گراف پر ایک نگاہ ڈالیں ، تو یہ امر واضح ہو جائے گا کہ سال رواں میں گذشتہ کی بہ نسبت اس محکمے کی یافت زوال پذیر ہو گئی تھی - اس تشویش ناک میلان کا انسداد آئندہ سال کے میزانیہ میں کر دیا گیا ہے - اور اس مفید محکمے کے حصہ میں ستاون اعشاریہ تیئس فی صد کا اضافہ کر دیا گیا ہے - آئندہ مالی سال میں شعبۂ صحت کے حلقہ کی ضروریات پر جو رقم ترقیاتی اور غیر ترقیاتی ہر دو قسم کے اخراجات کی کفیل ہو گی ، اسے نو کروڑ ستاسی لاکھ

روپے سے بڑھا کر بارہ کروڑ سولہ لاکھ تک پہنچا دیا گیا ہے۔

دیہات میں مراکز صحت کی تعمیر و ترقی کیلئے بہتر لاکھ روپے کی رقم مقرر کی گئی ہے اور صوبے بھر کے ہسپتالوں کو طبی ساز و سامان کی بہم رسانی کے لئے معقول رقمیں علیحدہ کر دی گئی ہیں۔ اسی طرح صوبے میں ملیریا کے انسداد کی مختلف اسکیموں پر ستر لاکھ روپے خرچ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سال رواں میں اس مد کو پچاس لاکھ روپے کی یافت ہوئی تھی۔

پشاور اور ڈیرہ اسماعیل خان کی ڈویژنوں میں ترقی صحت کے پروگراموں کو مزید اعانت فراہم کی گئی ہے۔ اور بہاول پور ڈویژن میں اس مد کے اخراجات ایک لاکھ باسٹھ ہزار روپے سے بڑھا کر اکتیس لاکھ تین ہزار روپے کی حد تک پہنچا دیئے گئے ہیں۔ سابق سندھ میں بھی یہی کیفیت نظر آتی ہے، وہاں اس برس اس مد میں تیس لاکھ اسی ہزار روپے صرف ہوئے ہیں، آئندہ سال چالیس لاکھ باسٹھ ہزار روپے کے خرچ کی توقع ہے۔

خانہ سازی اور آباد کاری

اس حلقہ میں سال رواں کے ترمیم شدہ تخمینہ جات کے مطابق نو کروڑ اٹھاسی لاکھ روپے کی رقم ہے۔ تجویز ہے کہ آئندہ سال اس میں خاصا اضافہ کر کے اس مد میں خرچ کیلئے ساڑھے چودہ کروڑ روپے کی گنجائش پیدا کر لی جائے۔ دوسرے لفظوں میں آئندہ سال کا خرچ چھیالیس اعشاریہ چھہتر فی صد کی نسبت سے بڑھ جائیگا۔ اس سلسلے میں کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو بھی چھ کروڑ ستانوے لاکھ روپے بطور اعانت دئیے جائیں گے۔

حیدر آباد، سکھر، خیر پور اور کوئٹہ کی شہری ترقیات کے سلسلے میں ایک وسیع جائزے کا انتظام کیا گیا ہے۔ ماہرین کی ایک ٹیم ان شہروں کے ترقیاتی امکانات اور اس سلسلے کی مختلف سکیموں کی موزونیت کا جائزہ لے گی۔ سرکاری ملازمین کو مزید

سکونتی سہولتیں دینے اور لاہور کے لئے صوبائی سیکرٹیریٹ کی تعمیر کے لئے بھی بجٹ میں معقول رقوم رکھ لی گئی ہیں -

شہری اور دیہاتی آب رسانی کی سکیموں پر آئندہ سال ۲۰ کروڑ اکہتر لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے -

معاشرتی بہبود

اس حلقہ کے لئے سال رواں میں صرف اکیس لاکھ اڑتالیس ہزار روپے کی رقم منظور کی گئی تھی - سال آئندہ کے لئے یہ رقم بڑھاکر ایک کروڑ چوبیس لاکھ روپے کر دی گئی ہے - یہ اضافہ زیادہ تر اسلئے کرنا پڑا ہے کہ مرکز نے اپنی بعض ذمہ‌داریاں جو شعبہ ہائے محنت و افرادی قوت سے متعلق تھیں، صوبے کو منتقل کر دی ہیں -

صوبے میں معاشرتی بہبود کے کاموں کی نگرانی اور صحیح رہبری کی غرض سے معاشرتی بہبود کی ایک علیحدہ نظامت قائم کی جا رہی ہے - یہ نظامت بنیادی جمہوریتوں کے محکمے کے ماتحت کام کرے گی -

جناب والا— میں اس ایوان کے معزز اراکین سے معذرت کرتا ہوں کہ میں نے صوبہ کے ترقیاتی پروگرام کی تفصیلات پیش کرکے ان کا بہت سا وقت لے لیا ہے - لیکن مجھے اس بات کا بڑا واضح احساس ہے - کہ اگر میں ایسا نہ کرتا تو میرے لئے یہ ثابت کرنا مشکل ہو جاتا کہ آئندہ سال کا میزانیہ در حقیقت پسماندہ علاقوں کا میزانیہ ہے -

جناب والا— اگرچہ یہ اعداد و شمار قدرتی طور پر اس ایوان کے معزز اراکین کے دلوں میں ایک گونہ اطمینان کی سی کیفیت پیدا کریں گے لیکن میں انہیں اس امر سے خبردار کئے بغیر نہیں رہ سکتا - کہ ترقیات کے کسی منصوبے کو زیر عمل لانے کے لئے محض اس کا بجٹ تیار کر دینا کافی نہیں ہے - ہر ترقیاتی منصوبہ اپنے چند تقاضے رکھتا ہے اور ان میں سے ایک نہایت اہم تقاضا یہ ہے کہ لوگوں کی عادات - میلانات اور انتظامیہ کے نقطہ ہائے نظر میں ایک انقلاب پیدا کیا جائے - یاد رکھنا چاہئیے کہ بجٹ میں چند ترقیاتی اسکیموں کا شمول یہ معنی نہیں رکھتا کہ کل صبح جب ہم اٹھیں

گے تو ان اسکیموں کے نتائج ہماری آنکھوں میں نور اور ہمارے دلوں میں سرور پیدا کر دیں گے ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ، ہمہ گیر ترقی ایک آہستہ رد عمل ہے ۔ لیکن اہم بات یہ ہے کہ اس عمل کا آغاز نہایت صحت مند اور قوی آغاز ثابت ہوا ہے کہ ہم نے گزشتہ چند برس کے اندر عوام کے دلوں میں نئے حوصلے پیدا کر دئے ہیں اور ان حوصلوں اور ایک روشن مستقبل کی امیدوں نے انہیں ایک خاصی حد تک بیدار بھی کر دیا ہے ۔ سالہا سال کی بے عملی ، غفلت اور تقدیر پرستی کے بڑھتے ہوئے احساس نے ان سے اس حقیت کا علم چھین لیا تھا کہ اپنے مستقبل کی تاب ناکی خود انہی کے ہاتھ میں ہے یہ امر ہم سب کے لئے نہایت درجہ اطمینان کا باعث ہونا چاہئے کہ ہمارے علم و عمل کی وہ ممکنات جو برسوں سے خوابیدہ تھیں اب حرکت کرنے لگی ہیں اور اگر ہم اپنے ایمانوں کے اتحاد اور مساعی کی تنظیم کے ساتھ شاہراہ عمل پر واقعی آگے بڑھنے کا عزم کریں تو ہم اپنی گم شدہ تقدیر کو بڑی آسانی سے اور بہت جلد جا لیں گے ۔

جناب والا—میں یہ ذکر کر چکا ہوں کہ ترقیات کی بڑی بڑی سکیموں میں اپنی مصروفیت اور محویت کے باعث ہمیں عوام کی فوری ضروریات کو اپنی نگاہوں سے ہرگز اوجھل نہیں ہونے دینا چاہئے ۔ چنانچہ آپ کی حکومت نے اس امر ضروری کے پیش نظر آئندہ سال کے میزانیہ میں دس کروڑ روپے کے خرچ کی گنجائش رکھ لی ہے ۔ یہ روپیہ دیہات کی عام ترقی کے اس پروگرام پر صرف کیا جائے گا جسے عرف عام میں کاموں کا پروگرام کہا جاتا ہے ۔

جناب والا—ہمارے سال آئندہ کے ترقیاتی پروگرام کی یہ ایک نئی خصوصیت ہے ۔ ایسی سکیمیں جو بالکل مقامی اہمیت رکھتی ہیں لوکل کونسلوں کی مدد سے تیار کی جا رہی ہیں اور ان کی خوبی یہ ہو گی کہ یہ ہماری دیہاتی معیشت پر فی‌الفور اثر انداز ہوں گی ۔ اس پروگرام کی تکمیل کے لئے ہماری انتظامیہ بنیادی جمہوریتوں کے مختلف مدارج کے ساتھ تعاون اور اشتراک عمل کرے گی ۔ لیکن یاد رکھنا چاہئے کہ کاموں کا یہ پروگرام اسی حد تک کامیاب ہوسکیگا، جس حد تک مقامی آبادی اس کی کامیابی کیلئے حکومت کے اداروں سے رضاکارانہ تعاون کرے گی ۔ ان کاموں میں حصہ لینے والے مزدور اگرچہ معقول اجرتیں پائیں گے لیکن درمیانی آدمیوں اور ٹھیکہ‌داروں کیلئے کوئی معاوضہ نہیں ہوگا

ہم عزم کر چکے ہیں کہ ,,کاموں کے پروگرام،، کے تحت عمل میں آنے والی ہر سکیم کو منظم اور رضاکارانہ مساعی کا ایک نمونہ بنا دیا جائے اور ظاہر ہے کہ یہ اس وقت تک ممکن نہیں ہو سکتا، جب تک اس پروگرام میں خدمت خلق کا جذبہ شامل نہ ہو جائے -

جناب والا ـ اب میں سال رواں کے ترمیم شدہ بجٹ کے تخمینوں اور سال آئندہ کے میزانیہ کے تخمینوں کی نسبت کچھ کہنے کی اجازت چاہتا ہوں - سب سے پہلے میں صوبے کی مالی پوزیشن کا ذکر کروں گا - ہماری صوبائی بچت جو محاصل کے آڈٹ شدہ حساب سے برآمد ہوتی ہے، ۱۹۶۰-۶۱ کے آخر میں چونتیس کروڑ روپے کے لگ بھگ تھی - ۱۹۶۱-۶۲ کے اختتام پر اس کی سطح بلند ہو کر اکیاون کروڑ تک جا پہنچی صوبے کے بینک قرضوں کی مجموعی مقدار ۱۹۹ کروڑ روپے تک بڑھ گئی لیکن صوبے کی براہ راست سرمایہ کاری کی بدولت جسکی رقم ۲۱۰ کروڑ تک جا پہنچی اس کا توازن بہتر ہو گیا ،اس کے سوا صوبے نے مختلف گورنمنٹ ایجنسیوں کو تریسٹھ کروڑ روپے کے قرضے اور پیشگیاں دے رکھی ہیں وسائل و زرائع کی صوبائی پوزیشن پوری احتیاط کے ساتھ سال بھر زیر نظر رکھی گئی موجودہ مالی سال کا افتتاح ایک قدرے نا خوشگوار کیفیت میں ہوا - صوبے نے تجارتی بنکوں سے خوراک کے ذخیروں کی ضمانت پر اور سٹیٹ بنک آف پاکستان سے اپنی کفالتوں کی ضمانت پر تئیس کروڑ بارہ لاکھ روپے قرض لے رکھے تھے - خدا کا شکر ہے کہ سال رواں کے دوران میں ہم یہ قرض ادا کرنے میں کامیاب ہو گئے اور آج ہمارے ذمے تجارتی بنکوں کا کوئی قرض واجب الادا نہیں ہے - پھر سال رواں میں اس سود کی واجبات بھی نصف سے کم رہ گئیں، جو ہم قرضوں کی رقوم پر ادا کرتے ہیں اور ہمیں اسبات پر فخر ہے، کہ یہ تسلی بخش صورت حال ذرائع و وسائل کے نہایت محتاط استعمال کا نتیجہ ہے -

صوبے پر ایام قدیم سے جو مستقل قرض چلا آتا ہے امید ہے کہ اس ماہ جون کے آخر تک اس کی مقدار دو سو چونسٹھ کروڑ روپے سے کم ہو کر ۲۰۸ کروڑ روپے رہ جائے گی -

جناب والا— سال رواں کے مالی محاصل Revenue Account کا تخمینہ ایک سو پندرہ کروڑ ترانوے لاکھ روپے کیا گیا تھا لیکن اس سال کے ترمیم شدہ تخمینوں کے مطابق یہ رقم بڑھ کر ایک سو اٹھائیس کروڑ ستتر لاکھ روپے تک جا پہنچے گی یہ صورت حال ایک حد تک مرکزی حکومت کے غیر ملکی امداد سے ملنے والے حصے کی افزونی کی رہین ہے اور ایک حد تک مرکزی حکومت سے وصول ہونے والی رقوم میں اضافہ کا نتیجہ ہے محاصل کے مقابل مخارج کی نوعیت بالکل مختلف رہی اور بجٹ کے تخمینوں کے مطابق ایک سو آٹھ کروڑ اڑسٹھ لاکھ روپے کی جو رقم آمدنی میں سے خرچ ہونے والی تھی وہ ترمیم شدہ تخمینوں کی رو سے کم ہوکر ایک سو چھ کروڑ چھبیس لاکھ رہ گئی - یہ کمی اس شدید ضبط و نظم کا نتیجہ ہے جو حکومت نے غیر ترقیاتی مصارف پر رکھا اور سال بھر تک اسے کسی صورت میں کمزور نہیں ہونے دیا -

جناب والا—یہ معزز ایوان ہمارے خرچ کی اس کمی کا صحیح اور بہتر تصور اسی صورت میں کر سکتا ہے ، جب یہ امر بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے کہ اسی سال ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ حکومت کے ملازموں کو ان کی تنخواہوں کا دسواں حصہ بطور عارضی امداد کے فی‌الفور ادا کردیا جائے بعد میں حکومت نے یہ فیصلہ بھی کیا کہ تمام نان گیزیٹڈ ملازمین کی تنخواہوں کی شرح پر نظر ثانی کی جائے اور ان ملازموں میں پاکستان ویسٹرن ریلوے کے اسی درجے کے ملازم بھی شامل ہوں - اور اس نظر ثانی کا مقصد یہ ہو کہ ان کی مجموعی ماہانہ یافت میں کم از کم دس فی صد کا اضافہ ہو جائے آئیندہ سال ان اصلاحات کے باعث جو مالی ذمہ‌داریاں بڑھیں گی ان کا اندازہ چھ کروڑ دس لاکھ روپے ہے اور اس تخمینہ کو آنے والے بجٹ میں شامل کرلیا گیا ہے -

جناب والا—آپ اس اطلاع سے مسرت محسوس فرمائیں گے کہ اضافہ تنخواہ کا عمل جو ایام گذشتہ میں اپنی

تاخیرات کے باعث ملازمین کے دلوں میں ہمیشہ ایک بے اطمینانی پیدا کرتا رہا ہے اب کے بے مثال عجلت اور تیزی سے طے کیا گیا ، سرکاری ملازمین نے تنخواہوں کے ترمیم شدہ مدارج کو پہلے مدارج کی بہ نسبت معقول بلکہ فراخ دلانہ تسلیم کر لیا ہے اور مدارس کے استادوں کو بالخصوص جو اضافے ملے ہیں انہیں عام طور پر پسند کیا گیا ہے مزید یہ کہ ہم نے تنخواہوں میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ وہ عدم مساوات بھی دور کردی ہے جو صوبے کے مختلف حصوں میں پائی جاتی تھی - اور اب کیفیت یہ ہے کہ صوبے بھر میں تنخواہوں کا نظام یکساں ہو گیا ہے - اس ہمہ گیر اصلاح کی تفصیلات معزز اراکین کو ایک الگ دستاویز میں ملیں گی جو ان کی خدمت میں پیش کر دی گئی ہے -

اور اب کہ میں تنخواہوں اور معاوضوں کے موضوع کو زیر نظر لا رہا ہوں ، مناسب ہوگا اگر میں پنشن کے بارے میں بھی ایک خوشخبری سنادوں - وہ یہ ہے کہ اسی ماہ کی سات تاریخ کو پنشن کے مربوط قواعد جنکے نافذ ہونے کا کئی سال سے انتظار تھا ، نافذ کر دیئے گئے ہیں - یہ نئے قواعد سارے صوبے میں یکساں جاری ہوں گے اور ان کی رو سے تنظیمات کے ملازم بھی پنشن کے حقدار ہوجائیں گے ، جن میں اب تک پنشن کے کوئی قواعد موجود نہیں تھے -

قبل ازیں پنشن کی زیادہ سے زیادہ حدود پانچ ہزار روپے سالانہ سے لیکر سات ہزار روپے سالانہ تک قائم تھیں - اب یہ زیادہ سے زیادہ حد مختلف اصناف کے اعلے افسروں کے لئے ، سات ہزار روپے تک بڑھا دی گئی ہے - دوسرے الفاظ میں کوئی افسر جو اپنی تنخواہ کے لحاظ سے سات ہزار روپے سالانہ کی انتہائی پنشن کا حقدار ہوگا ، اپنی صنف ملازمت میں کسی کمی یا نقص کے باعث اس سے کم رقم قبول کرنے پر مجبور نہیں رہے گا - پنشن کے یہ جدید قواعد مغربی پاکستان کی

تاریخ قیام یعنی ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ء سے نافذالعمل سمجھے جائیں گے -

جناب والا - سال رواں میں موصول ہونے والی منسوب بہ سرمایہ رقوم (Capital Account)کا تخمینہ ایک ارب اکاون کروڑ تیس لاکھ روپے لگایا گیا تھا - ترمیم شدہ تخمینے کے مطابق یہ رقم کم ہو کر ایک ارب پنتیس کروڑ سڑسٹھ لاکھ رہ گئی ہے -

سرمایہ کے طور پر وصول ہونے والی اس رقم میں کمی کا زیادہ تر باعث مرکزی حکومت کی طرف سے آنے والی وہ رقم ہے جو ہمیں مختلف قرضوں کی صورت میں ملنے والی تھی اور جس کا مجموعی تخمینہ اٹھانوے کروڑ اکانوے لاکھ تھا اور جو ترمیم شدہ تخمینہ جات کی رو سے کم ہو کر تہتر کروڑ پچھتر لاکھ رہ گئی ہے - پھر اس سال جمع و ترسیل کی مد میں بھی چھ کروڑ ترپن لاکھ کی کمی واقع ہو گئی -

سرمایہ کے طور پر صرف ہونے والی رقوم ترقیاتی پروگرام کی مختلف مدوں میں خرچ ہوتی ہیں اور ان کا اصل اندازہ ایکسو ستاون کروڑ چوبیس لاکھ تھا - ترمیم شدہ تخمینوں کی رو سے سال رواں میں سرمایہ کاری کے طور پر خرچ ہونے والا روپیہ گھٹ کر ایکسو پنتیس کروڑ نوے لاکھ رہ گیا - گویا حساب سرمایہ کا خرچ تخمینے سے تقریباً سولہ فیصد کم رہا ، اسکی بڑی وجہ مکرر مد بندی رقوم کے ضمن میں دستور کے بعض مالی احکام کا نفاذ ہے میں ایوان کی خدمت میں یہ تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں کہ غیر متوقع اخراجات کی مد کے تحت مطلوبہ رقم کے علاوہ دس کروڑ روپے کی رقم بطور تکمیل ضابطہ طلب کروں تاکہ بجٹ کے دستور العمل کے مطابق منظور شدہ رقوم کی مقرر مد بندی کی جا سکے میں ایوان کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ تکمیل ضابطہ کے طور پر اخراجات کی پوری تفصیل مناسب وقت پر ایوان کی منظوری کے لئے پیش کر دی جائے گی ، مجھے یقین ہے کہ اگر انتظامیہ کو ایوان کی طرف سے یہ سہولت مل جائے تو ترقیاتی اسکیموں کو زیر عمل لانے میں بڑی حد تک آسانی ہو جائے گی -

سرمایہ کے اخراجات میں کمی آنے کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ ترقیاتی پروگرام میں تعمیراتی کام روز افزوں ہے ۔ حال ہی میں اعلیٰ اختیارات رکھنے والی ایک کمیٹی اس غرض سے مقرر کی گئی ہے ۔ کہ کوئی ایسا طریقہ تجویز کرے جس کے مطابق منتخب حلقہ ہائے کار میں تعمیراتی کاموں کا ایک حصہ تعمیراتی کام کرنے والی پرائیویٹ فرموں کے سپرد کر دیا جائے ۔ یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعمیرات کی رفتار کو تیز کر دے گا ، بلکہ قومی تعمیراتی فرموں کی حوصلہ افزائی کرکے ان کی نشو و نما میں بھی مفید ثابت ہو گا ۔

جناب والا۔ آئندہ سال محاصل کے حساب (Revenue Account) میں وصول ہونے والے روپے کا تخمینہ ایک سو چونتیس کروڑ ترپین لاکھ روپے ہے ۔ سال رواں کی ترمیم شدہ تخمینہ جات کی رو سے امسال یہ رقم ایک سو اٹھائیس کروڑ ستتر لاکھ تک پہنچی ہے ۔

مجھے اس امر کا اعلان کرتے ہوئے ایک گونہ مسرت و اطمینان کا احساس ہوتا ہے کہ محاصل کے آمد و خرچ کے حساب میں آئندہ سال گیارہ کروڑ چوراسی لاکھ روپے کی بچت ہو گی ۔ یہ معقول یافت اس امر کا ثبوت ہے کہ صوبے کی موجودہ مالی حیثیت مستحکم ہے اور نان گزٹیڈ ملازموں کی تنخواہوں میں جو اضافہ کیا گیا ہے ، صوبے کی پیٹھ اس کی چوٹ کو آسانی سے برداشت کر گئی ہے اور ہمارے لئے یہ بھی ممکن ہو گیا کہ ترقیاتی پروگرام کے لئے ایک معقول رقم ارزانی کر سکیں ۔

بجٹ کے موجودہ تخمینوں کے مطابق سرمایہ کے حساب کے تحت (Capital Account) ایک ارب چوہتر کروڑ اڑتالیس لاکھ روپے کی رقم موصول ہو گی ۔ اس میں محاصل کی آمد و خرچ سے حاصل ہونے والی گیارہ کروڑ چوراسی لاکھ روپے کی بچت بھی شامل ہے ۔ سرمایہ کے حساب کے تحت خرچ ہونے والی رقم بھی اس قدر ہے یعنی ایک ارب چوہتر کروڑ اڑتالیس لاکھ روپے

اور اس میں دس کروڑ روپے کی وہ رقم بھی شامل ہے جو غیر متوقع مصارف کے تحت آتی ہے۔

جناب والا ۔ سرمایہ کے طور پر خرچ ہونے والی رقم کا جو تخمینہ خالص خرچ کے طور پر لگایا گیا ہے ، وہ ایک ارب چھیاسی کروڑ بارہ لاکھ روپے کے مجوزہ ترقیاتی مصارف سے کم ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ سب کے سب ترقیاتی مصارف سرمایہ ہی کے فنڈ سے ادا نہیں کئے جاتے بلکہ ان کا کچھ حصہ محاصل کی آمدنی میں سے بھی دیا جاتا ہے۔

اب تک صوبہ اپنے ترقیاتی اخراجات کے لئے مرکزی قرضوں اور اعانتوں پر بہت بڑی حد تک انحصار رکھتا ہے چنانچہ اگلے برس ہمیں مرکز سے اسی سلسلے میں ایک سو اڑتیس کروڑ روپے ملنے کی توقع ہے ۔ ترقیاتی اخراجات کے لئے صوبہ اپنے پلے سے چھیالیس کروڑ تیس لاکھ روپے اور ڈالے گا اور پھر اس مجموعے کو اپنے ترقیاتی پروگراموں پر خرچ کر دے گا ۔ سال رواں میں صوبے نے اس سلسلے میں ترمیم شدہ تخمینے کے مطابق ستائیس کروڑ چونتیس لاکھ روپے شامل حساب کئے ہیں ۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ترقیاتی خرچ میں صوبہ اپنی طرف سے آئندہ سال جو رقم دے گا ، وہ اس سال کے ترمیم شدہ تخمینے سے انہتر فی صد بڑھ جائے گی ۔ ان تمام حوصلہ افزا کوششوں کے باوجود سرمایہ کے طور پر حاصل ہونے والی رقوم اور ان کے خرچ میں چھ کروڑ اٹھتر لاکھ روپے کا رخنہ رہ جائے گا ۔ میں نے میزانیہ میں ''نقد بقایا کے استعمال،، کے عنوان کے تحت اس رخنے کی نشان دہی کر دی ہے لیکن اگر یہ رقم صوبے کے نقد بقائے میں سے کھینچ لی جائے تو یہ بقایا ایک نہایت خطرناک حد تک کم ہو جائے گا اور اس مد میں صرف باسٹھ لاکھ روپے رہ جائیں گے ۔ چنانچہ اب ہم پر یہ لازم ہے کہ سرمائے سے متعلق اخراجات کی باقی رقم حاصل کرنے کے لئے مزید وسائل کی تلاش کریں ۔

جناب والا ۔ اب وہ نازک مقام آ پہنچا ہے جسکا ایوان کے بیشتر معزز اراکین بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں اب میں آئندہ سال میں ٹیکس عائد کرنے کی چند تجاویز آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، میں ایوان کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ صوبائی ٹیکسوں کے وسائل بڑے محدود اور بے لوچ ہیں اس بندش کے باوجود اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ خارجی اور غیر ملکی اعانتوں کے اثرات اپنی معشیت سے رفتہ رفتہ خارج کر دئے جائیں تو ہمیں اپنے ترقیاتی پروگرام کے لئے اپنے ملکی وسائل و ذرائع میں لامحالہ کچھ نہ کچھ اضافہ کرنا پڑے گا ۔

جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ ٹیکسوں سے متعلق تجاویز جو میں نے ایوان کے سامنے رکھی ہیں ۔ نہ صرف بدرجہ غایت نرم اور معمولی ہیں بلکہ ہم سے صرف اتنی قربانی کی طالب ہیں جو راہ ترقی پر صوبے کے قدموں کو ڈگمگانے سے بچا سکے ۔ پھر ان تجاویز کا اثر معاشرے کے صرف نہی مدارج پر پڑے گا جو انہیں جذب کرنے کے اہل ہیں ۔ دوسرے لفظوں میں ان تجاویز سے متاثر ہونے والے لوگ آسانی سے وہ مطالبات پورے کر دیں گے جو اس سلسلے میں ان سے کئے جائیں گے ۔ ان میں سے کسی بھی ٹیکس کا اثر عوام پر نہیں پڑے گا ۔

جناب والا ۔ میں آپ سے پر زور التماس کروں گا کہ مذکورہ تجاویز پر غور کرنے میں ان خاصی معقول رعائیتوں اور ان آسائشوں کو بھی مدنظر رکھا جائے جو حکومت نے اسی سال دو مرتبہ ارزانی کی ہیں یہ دونوں اقدامات حکومت کی اس خواہش کے مظہر ہیں کہ صوبے کے تمام حصوں میں ٹیکسوں کا نفاذ ایک ہموار اور ایک رنگ سطح پر کیا جائے ۔ چنانچہ تفریحی ڈیوٹی پر صرف کراچی میں جو سرچارج لگا ہوا تھا حکومت نے اپنی اس معقول اور منصفانہ پالیسی کے تحت قطعی طور پر واپس لے لیا ۔ پھر حال ہی میں شہری جائیداد غیر منقولہ پر شرح ٹیکس کو ہموار کرکے کرائے کے دس فی صد پر منتقل کر دیا گیا اور ان مالکان مکانات کو جو اپنی ان املاک میں خود سکونت رکھتے ہیں فراخ دلانہ رعائتیں دی گئیں ۔

کراچی میں جائدادوں کے کرایوں کی تشخیص سے وہاں کے اکثر باشندے مطمئن نہیں تھے - چنانچہ حکومت نے فی‌الفور ان کے مطالبات پر ہمدردانہ غور کیا اور انتظامیہ کے نام احکام جاری کر دئے کہ تشخیصات پر نظر ثانی کی جائے اور شرحوں میں کمی کا میلان پیدا کیا جائے - ان دونوں اقدامات سے خزانے پر خاصا بوجھ پڑھ گیا ہے - حقیقت یہ ہے کہ مجوزہ ٹیکسوں کی ساری آمدنی مشکل سے اس رقم کے برابر ہو گی جو ان رعائیتوں کی وجہ سے حکومت کے ہاتھ سے جاتی رہی -

جناب والا — ٹیکس کی تجاویز منظور اور عائد کرنے کے بعد بھی صوبائی مالیات میں ایک بہت بڑا رخنہ رہ جائے گا، جسے پر کرنے کے لئے میں چند انتظامی نوع کے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں ، ان اقدامات میں آب پاشی کے معاوضوں میں رد و بدل ، بعض فصلوں مثلاً چنا، باجرہ، اور دالوں کی درجہ بندی میں ترمیم تاکہ آب پاشی کی خدمات میں ہونے والے رد و بدل کو منطقی بنیادوں پر قائم کیا جائے اور بعض اہم سڑکوں اور پلوں پر ٹول کا نفاذ شامل ہیں ، سرمایہ کی کمی کا ایک قابل لحاظ حصہ، ایک ایسی ایجنسی کے عمل سے جمع ہو گا ، جو ٹیکس ادا کرنے سے گریز کو مشکل بنا دے گی ، ٹیکس جمع کرنے کے عمل میں مستعدی پیدا کرنے کی بے حد ضرورت ہے اور مجھے امید ہے کہ مناسب انتظامی اقدامات اختیار کرنے سے ٹیکسوں کی جمع شدہ رقوم میں ایک نہایت معقول اضافہ ہو جائے گا ، یہ بھی ممکن ہے کہ ان اقدامات کو بروئے کار لانے کے لئے محاصل جمع کرنے کے طریقوں میں کسی قدر رد و بدل کرنا پڑے گا -

جناب والا - میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اگر ہمیں اس صوبے کو اپنے پنج سالہ منصوبے کے تقاضوں کے مطابق واقعی ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرنا ہے ، تو مجوزہ ٹیکسوں کا نفاذ ہماری بقا کے لئے ضروری ہے اور اہم کسی صورت میں اپنے آپ کو اس قومی ذمہ داری سے علیحدہ نہیں کر سکتے -

جناب والا - اس کشور کے مختلف خطوں کا مغربی پاکستان کی صورت میں باہم مربوط ہو جانا اتحاد کے ایک ایسے تجربے کی نمائندگی کرتا ہے ، جس کا تصور ایک رفیع الشان پیمانے پر

کیا گیا ہے۔ اس کی بنیاد ایک مشترک ایمان اور مشترک نظریہ زندگی پر رکھی گئی ہے اور اسکے آساسی تصورات میں اس کے باشندوں کا وہ عزم صمیم شامل ہے کہ وہ اپنے لسانی اختلافات اور ثقافتی امتیازات سے ماورای ہو کر اسے کامیاب بنائیں گے۔ اگر وہ یورپی ممالک جو صدیوں تک ایک دوسرے سے نبرد آزما رہے ہیں ، آج ایک مضبوط معاشی اور ثقافتی اتحاد قائم کر سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم جو ایک ہی دین و ایمان رکھتے ہیں اور ایک ہی قوم کے اجزا ہیں ، اپنے عوام کی بھلائی کے لئے ایک معقول اور ہم آہنگ اقتصادی نظام قائم نہ کر سکیں۔

جناب والا ۔ آج جو میزانیہ میں نے ایوان کی خدمت میں پیش کیا ہے ، ممکن ہے کہ ایک مثالی میزانیہ نہ ہو ، لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ ہمیں اس نصب‌العین سے قریب تر ضرور لے آتا ہے ، جس کی طرف میں نے آغاز میں اشارہ کیا تھا ، اور جو واضح لفظوں میں فقط یہ ہے کہ مغربی پاکستان کے پسماندہ علاقوں میں خون زندگی کی ایک نئی رو جاری کر دی جائے اور ان کے باشندوں کو معاشی خوش حالی کی نعمت سے آشنا ہونے کے زیادہ سے زیادہ مواقع بہم پہنچائے جائیں ، پھر بھی نصب‌العین قومی تعمیر کی مساعی کے لئے ہمیں ایک مشترک مستقر عطا کرتا ہے کہ جہاں سے ہم قدم ملا کر منزل مقصود کی جانب رواں ہو سکتے ہیں دراں حالیکہ ہمارے قلوب ہم آہنگی کی لرزشوں سے معمور اور باہمی اتحاد کے نغموں سے مسحور ہو رہے ہوں۔

جناب والا—آخر میں مجھے محکمہ مالیات کے قابل افسروں کے اس کارنامے کا اعتراف کرنا ہے ، جو انہوں نے موجودہ میزانیے کی تعمیر و ترتیب کے سلسلے میں انجام دیا ۔ میں بالخصوص حکومت کے فنانس سیکرٹری جناب الطاف گوہر کا مرہون منت ہوں کہ انہوں نے دن رات ایک کرکے اپنی قابلیتیں میزانیے کی ترتیب میں صرف کیں ۔ ادائے فرض ، صبر و ثبات اور محنت و دیانت کے جو عناصر ان کے کام اور انکی شخصیت میں پائے جاتے ہیں ، اور جن کا ثبوت حکومت کی مالیات کے سربراہ ہونے کی حیثیت سے وہ دے چکے ہیں، ان کے

لئے وہ بجا طور پر تعریف و توصیف کے مستحق ہیں - اس موقع پر میں حکومت کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری جناب اکرام الحق اور ان کے محنت کش افسروں کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے منصوبہ بندی اور ترقیات کے محکمے کی تمام اہلیتیں سالانہ ترقیاتی پروگرام کی ترتیب کے لئے وقف کر دیں -

جناب والا—اب میں سال آئندہ کا بجٹ آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں -

(نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Speaker : Next item please.

FINANCE BILL, 1963

Minister of Railways and Finance : (MR. ABDUL WAHID KHAN) : Sir, I beg to introduce the Finance Bill, 1963.

Mr. Speaker : The Finance Bill, 1963 is introduced.

پیشتر اسکے کہ ہاؤس Adjourn ہو میں معزز ممبران کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ Adjournment کے فوراً بعد ہماری کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن برانچ کی میٹنگ ہو گی لہذا ممبران بیٹھے رہیں—اسی میٹنگ میں ایگزیکٹیو کا انتخاب ہو گا—

The House now stands adjourned till 8·00 a.m. on 13th June 1963.

(The Assembly then adjourned till 8·00 a.m. on Thursday the 13th June 1963).

1143 PLA—600—22-5-64—SGPWP Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 13th June, 1964.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-50 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Mr. Mobinul Haq Siddiqi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqi, Qari of the Assembly.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلَمۡ يَاۡتِهِمۡ نَبَاُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ ۙ وَقَوۡمِ
اِبۡرٰهِيۡمَ وَاَصۡحٰبِ مَدۡيَنَ وَالۡمُؤۡتَفِكٰتِ ؕ اَتَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ ۚ
فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظۡلِمَهُمۡ وَلٰكِنۡ كَانُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ۝ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ
وَالۡمُؤۡمِنٰتُ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ۘ يَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ
عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيۡعُوۡنَ اللّٰهَ
وَرَسُوۡلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرۡحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ۝

پ ۱۰ س ۹ ع ۱۵ آیات ۷۰، ۷۱

کیا اُن لوگوں کو ہلاکت خیزی کی خبر نہیں پہنچی جو اُن سے پہلے گزر چکے ہیں، جیسے قوم نوحؑ، قوم ثمودؑ، قوم ابراہیمؑ اور مدین کے لوگ، اور اُلٹی ہوئیں اُن کی بستیاں کہ اُن کے پاس اُن کے رسولؑ صاف نشانیاں لے کر آئے۔ پس اللہ نے تو اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔

اور تمام مسلمان مرد اور ساری مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں۔ اچھی باتوں کے کرنے کا حکم دیتے ہیں اور بُری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اُس کے رسول کا کہنا مانتے ہیں۔ سو یہی لوگ ہیں جن پر اللہ عنقریب رحمت فرمائے گا۔ یقیناً اللہ سب پر غالب اور حکمت والا ہے۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now, the Question Hour.

نواب زادہ افتخار احمد خاں ۔ چونکہ ہم یوں بھی آج پچاس منٹ دیر سے اکٹھے ہوئے ہیں ۔ اور اگر وقفہ سوالات آج کے دن بھی رکھا گیا تو بجٹ پر عام بحث کا وقت ضائع ہو جائے گا ، اس لئے میری تجویز ہے کہ وقفہ سوالات کو ہفتہ کے دن تک ملتوی کر دیا جائے ۔ اور آج اس معزز ایوان کی کارروائی ریلوے بجٹ پر بحث سے شروع کی جائے ۔

مسٹر سپیکر۔۔ دیکھئے۔ نواب زادہ صاحب فرما رہے ہیں کہ چونکہ آج ہم ویسے بھی پچاس منٹ تاخیر سے اکٹھے ہوئے ہیں ۔ اس لئے سوالات کو کسی اور روز پر اٹھا رکھیں ۔ اور آج کے سوالات کے جوابات ہاؤس کی میز پر رکھ دیئے جائیں ۔

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش)۔ جس طرح آپ کی اور ہاؤس کی مرضی ہو ۔ ہمیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں یہ عرض کروں گا کہ سوالات کو آئندہ کسی وقت پر ملتوی کر دیا جائے ۔ کیوں کہ یہ توقع کی جاتی ہے کہ یہ اجلاس ایک ماہ سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رہے گا ۔ اور ہمیں قانون سازی کے کام کے لئے کافی عرصہ تک بیٹھنا ہوگا ۔ ان دنوں میں موجودہ قواعد و ضوابط کی رو سے سوالات کی تعداد کم ہوجائے گی ۔ تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ بجٹ پر عام بحث کے دوران میں وقفہ سوالات کو ملتوی کردیا جائے تاکہ اس بحث میں زیادہ سے زیادہ دوستوں کو حصہ لینے کا موقع مل سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر سب ممبران اس کے حق میں ہوں تو وقفہ سوالات کو ہفتہ کے روز تک ملتوی کیا جاتا ہے ۔

Minister of Railways : (Mr. Abdul Waheed Khan): I presume that this will apply tomorrow also and on other days of general discussion. Then I have no objection.

Mr. Speaker: Only for general discussion and not on other days. So, the questions are postponed for some other day.

Questions of Privilege

Report of the Committee on Law and Parliamentary Affairs on the Question of privilege raised by Major Abdul Majid Khan regarding incorrect reply to a question. (Presentation)

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I present the report of the Committee on Law and Parliamentary Affairs on the question of privilege raised by Major Abdul Majid Khan.

Mr. Speaker: The report of the Law and Parliamentary Affairs Committee on the question of privilege raised by Major Abdul Majid Khan is presented.

Re incorrect reply to Question No. 1748

Mr. Speaker: There was a question of privilege raised by Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi on 10th June. The question of its admissibility has to be considered.

ملک صاحب اس سلسلے میں آپ نے جو information لینی تھی ۔ کیا وہ آپ کو مل گئی ہے ؟

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش)— جناب والا— عنایت الرحمن خان عباسی سے میں پھر عرض کرونگا کہ اس میں کوئی خاص بات نہیں ہے ۔ وہ اس سلسلے میں آکر میرے ساتھ بحث کر سکتے ہیں ۔ وہ تمام Files اور Relevant Papers موجود ہیں ۔ اگر انکی تسلی نہ ہوئی تو پھر وہ carry on کر سکتے ہیں ۔ لیکن میں انکی تشفی کرنے کی انتہائی کوشش کرونگا کہ یہ ہرگز ہرگز Breach of Privilege نہیں ہے ۔

He can come to me and we can sit together and discuss the matter.

سردار عنائیت الرحمن خان عباسی— میں اپنی اور انکی تسلی کیلئے جسطرح وہ کہیں کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن میں اسے withdraw کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ I am not going to withdraw it البتہ میری تسلی ہو جائے کہ Breach of Privilege نہیں ہے ۔ تو .....

Mr. Speaker : So I postpone it to Saturday.

وزیر زراعت و قانون — عباسی صاحب ۔ آج آپ میرے پاس بارہ ساڑھے بارہ بجے تشریف لے آئیں ۔

خواجہ محمد صفدر — تو جناب والا ۔ اسکے متعلق اب کیا فیصلہ ہوا ہے۔

Mr. Speaker : I have fixed Saturday for it. Now, discussion on the Railway Budget.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : On a point of order, Sir,

جناب والا ۔ لاہور میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ہے ۔ اور ریلوے منسٹر صاحب نے آج اپنے گلے میں ہار ڈلوانے کیلئے چند مزدوروں کو انکی ڈیوٹی سے غیر حاضر کرکے اسمبلی کے باہر بلوا لیا ہے۔ کیا یہ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ صرف آپوزیشن کے لئے ہے یا ان لوگوں پر بھی ہے جو ہار ڈالنے کے لئے آئے ہوئے ہیں؟ کیا دفعہ ۱۴۴ ان جلوسوں کے لئے نہیں ہے ؟

Mr. Speaker : This is no point of order.

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں) ۔ جناب والا ۔ اگر وہ لوگ مخالفت میں نعرے لگاتے تو پھر یہ خوش ہوتے ۔ اور اگر اب وہ خوش ہیں تو انہیں افسوس ہو رہا ہے۔

نوابزادہ افتخار احمدخاں ۔ آپ نے Sweepers اور gangmen کو بلایا ہے .....

Mr. Speaker : That point is finished.

RAILWAY BUDGET FOR THE YEAR 1963—64.

(*Discussion of the Railway Budget as a whole*)

Mr. Speaker: Now we start with the discussion of the Railway Budget for the year 1963—64, as a whole.

خواجہ محمد صفدر۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ اس سے قبل کہ اس بجٹ پر بحث شروع کی جائے ۔ آپ میری گذارش سن لیں ۔ آپ نے آج کے اخبارات میں دیکھا ہوگا کہ نیشنل اسمبلی نے یہ طریقہ کار اختیار کیا ہے کہ آپوزیشن کی طرف سے چار ممبران کو بجٹ پر بحث کرنے کی اجازت دی گئی۔ اور گورنمنٹ بنچز کی طرف سے صرف دو ممبروں کو اجازت دی گئی ۔ تو میں

یہ درخواست کروں گا کہ یہی طریقہ کار یہاں بھی اختیار کیا جائے۔ تاکہ اس طرف بیٹھنے والے زیادہ سے زیادہ ممبران بجٹ پر بحث میں حصہ لے سکیں۔

Mr. Speaker: Let us start with the discussion on the Budget. This is no point of order.

یہ طریقہ کار اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیوں کہ آپ کو معلوم ہے کہ میں نے اس سے پہلے بھی سب کو ہی بولنے کا موقع دیا تھا۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - پھر نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کسی کو دو منٹ ملتے ہیں۔ اور وہ صرف دو فقرے ہی بول سکتا ہے . . . .

مسٹر سپیکر - آپ مارچ سیشن کا ریکارڈ دیکھیں۔ Supplementary بجٹ پر آپوزیشن کے تقریباً ہر ممبر کو بولنے کا موقع دیا گیا تھا۔ لیکن اس وقت کوئی طریقہ کار اپنانے کے بجائے بہتر ہوگا کہ اگر آپ کو مزید بھی کچھ کہنا ہو تو بعد میں بھی کہہ سکتے ہیں۔

I will try my best to accommodate all.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱)— جناب والا۔ مجھے اجازت بخشئے۔ کہ میں آج کی بحث کا آغاز اس طرف سے کروں۔ پیشتر اس کے کہ میں بجٹ کے متعلق اس معزز ایوان میں اپنی گذارشات پیش کروں، میں ایک ضروری مسئلے کی طرف جناب والا۔ آپ کی اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کی اور اس ایوان کے ذریعے عوام کی توجہ مبذول کرانا ضروری سمجھتا ہوں۔

پرسوں بلکہ اترسوں جب یہ ایوان ملتوی ہوا تو اس وقت یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی تھی کہ یہ دو دن کی تعطیلات ہمارے یعنی آپوزیشن کے کہنے سے کی گئی ہیں۔ یہ بالکل غلط، بے بنیاد بلکہ لغو ہے اور ہم پر اتہام ہے۔ (قطع کلامیاں اور شور) جناب آپ اس کا جواب دیں گے . . . . .

Minister of Agriculture: (Malik Qadir Bakhsh): On a point of order. Is the discussion relevant to the Budget?

I expect from the Leader of the opposition that when a certain Member is on a point of order he should resume his seat. Sir, we had just started under the direction of the Chair to go on with the general discussion on the Railway Budget. My friend has stood up to criticise something which the House had decided as a whole. All the members of the House had decided to enjoy two days holiday for reasons whatever they be. This question cannot be reopened now nor was there any occasion for it. If he wanted he could send a separate motion if it was permissible under the Rules. I appeal to him that being the Leader of the Opposition he should not play to the gallery and he should not use bad words as 'behuda' and 'laghv'.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا ۔ میں نے ان کو ''بے ہودہ'' نہیں کہا ۔ بلکہ میں نے یہ کہا ہے کہ ہم پر یہ الزام بے ہودہ ہے ۔

Minister of Agriculture: I repeat that the language used by him was 'behuda' and 'laghv' (Interruptions)

Mr. Speaker: The member should be relevant to the discussion of the Railway Budget.

مسٹر محمد اکبر خاں کانجون— پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب۔ بات یہ ہے کہ بجٹ پر مجموعی بحث کے لئے دو دن مقرر ہوئے ہیں ۔ اور ہر شخص اپنے اپنے علاقے کی تکالیف اور ان کے مسائل اور دیگر چیزیں حکومت کے گوش گذار کرنے کے لئے واقعی بے تاب ہے اور ہر شخص کی کوشش ہے کہ اسے بولنے کا موقع دیا جائے ۔ لہذا میں آپ سے التماس کروں گا کہ چونکہ اس مقصد کے لئے صرف دو دن کا وقت دیا گیا ہے ، اس لئے بہتر ہوگا کہ آپ ہر تقریر کرنے والے کے لئے وقت مقرر فرمائیں تاکہ ہر شخص کو اپنے اپنے خیالات اور ضروریات اور تکالیف وزراء صاحبان اور حکومت تک پہنچانے کا موقع ملے ۔

مسٹر سپیکر— یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے ۔ لیکن یہ بہتر ہوگا کہ بجٹ پر تقریر کرنے والے معزز ممبران کی ایک فہرست دے دی جائے ۔ اس طرح مجھے بھی idea ہو جائے گا کہ کون کون سے ممبر صاحبان بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں ۔

راجہ نادر خاں— میری گذارش بھی اس سلسلے میں یہی ہے کہ وقت پہلے سے ہی مقرر کر دیا جائے ، کیوں کہ جو ممبر آخر میں رہ جاتے

ہیں ۔ اُن کو ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ پہلے پہلے بولنے والوں کو دس دس منٹ دئیے جاتے ہیں اور جو بعد میں رہ جاتے ہیں اُن کو پانچ پانچ منٹ ملتے ہیں۔

مسٹر محمد اکبر خاں کانجون— جناب والا ۔ بجٹ پر ہر شخص بولنا چاہتا ہے۔ لہذا اس کے لئے کسی فہرست کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ پہلے مقررین کو تو پندرہ پندرہ منٹ دیئے جاتے ہیں۔ لیکن جو آخر میں بچ جاتے ہیں اُن کو ایک ایک دو دو منٹ دیئے جاتے ہیں۔

Minister of Railways: I agree that there should be a time limit.

Minister of Agriculture: For the first man fifteen minutes and ten minutes for other speakers.

خواجہ محمد صفدر— جناب والا ۔ میں اس پابندی کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ ۱۰ منٹ نہایت قلیل ہیں ۔ کوئی ایک پوائنٹ اور کوئی ایک شق بھی اس ایوان میں مفصل طور پر نہیں پیش کیجا سکتی ۔ اسلئے ہم تقریر کا وقت ۱۰ منٹ مقرر کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ گورنمنٹ تو جناب صدر پاکستان کے استقبال کے لئے دو دن کی چھٹی کر لیتی ہے اور تقریروں کا وقت مقرر کرتے وقت اتنا بخل سے کام لیا جاتا ہے(قطع کلامیاں اور شور) ۔

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : Mr. Speaker, Sir, on a question of privilege. Sir I am surprised when it is said that ten minutes should be given to each of the speakers after the first speaker. I ask of you—you have got the reports of all the Assembly debates before you—for dealing with the budget, any speaker has very seldom taken less than 1/2 to 3/4th of an hour. I never spoke on a budget until I was given 45 minutes. Should we go and sit outside rather than speak only 8 or ten minutes ? How can we deal with the budget in such a short time.

Mr. Speaker : For discussion on General Budget we will give more time.

Minister of Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I think ten minutes are enough.

Mr. Speaker : I don't mind if both the sides agree.

Khawaja Muhammad Safdar : I don't agree.

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری)— جناب والا ۔ ایک صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۰ منٹ فی ممبر وقت دینا چاہئے تاکہ وہ اپنے خیالات اور تکلیفوں کو بیان کر سکے ۔ دوسری طرف proposal یہ ہے کہ یہ وقت کم ہے ۔ اسلئے میں کہتا ہوں کہ It should be put to the House

Mr. Speaker : Instead of going into this discussion at length, Khawaja Safdar may start his speech. I will keep in view the wishes of the House.

میر محمد مراد خاں جمالی— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ یہ منٹ کی جو بحث ہو رہی ہے تو یہ ۱۵ منٹ بھی بہت زیادہ ہیں اسکے لئے صرف دو ایک منٹ ہونے چاہئیں ۔ اور یہ مناسب ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ حقائق ہمیشہ تلخ ہوتے ہیں ۔ وزیر قانون میرے محترم دوست جناب ملک قادر بخش کو غالباً حقائق سننے کی تاب نہیں ہے ۔ وہ اسی لئے بار بار ادھر اُدھر کی باتوں میں ہمیں اُلجھانا چاہتے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ اصل واقعہ یہ ہے کہ ہفتہ کی شام کو ہمارے سامنے بیٹھنے والوں نے اپنی پارٹی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا کہ دو دن چھٹی کی جاوے تاکہ صدر پاکستان کے دورۂ پشاور کو بارونق بنانے میں ایم ۔ پی ۔ اے حضرات پشاور جا کر امداد کر سکیں ۔

Mr. Speaker : Please come to the budget. This is not relevant.
(interruptions)

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : If the Member insists on this point, then I will have to intervene.

Mr. Speaker : Is the House in a mood of raising points of order or discussing the Railway Budget? There are only two days and if the Members want only to raise points of order, I can't do anything.

Minister of Law : Sir, they have nothing to say against the Railway Budget. They only want to waste the time of the House.

بیگم جہاں آرا شاہ نواز — پوائنٹ آف آرڈر ۔

میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ریلوے بجٹ کا بل خواہ وہ ریلوے کا ہویا دوسرا .....

مسٹر سپیکر — آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے ؟

بیگم جہاں آرا شاہ نواز— میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کیا آج یہاں مارشل لاء نافذ ہے کہ جب ہم اپنی سیٹوں پر آئے ہیں تو ہمارے سامنے گزٹ پڑا تھا اور گزٹ میں یہ تھا کہ فائنینس بل خواہ وہ ریلوے کا ہو یا دوسرا ، Finance سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجا نہیں جائیگا ۔ اور Rules کے مطابق ایسا نہیں کیا جائیگا پہلے finance کے proposal فائنینس کمیٹی کے پاس جائیں اور وہ دس دن کے اندر ایوان کو اپنی رائے بھیج دیں ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں .....

Mr. Speaker: It is uncalled for at this stage. The lady member's point of order is with reference to the Finance Bill, and on the day when it comes under consideration she may take it up and I will give my ruling on it.

راؤ خورشید علیخاں— پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر—کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے ؟

راؤ خورشید علیخاں— میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہ غریب ملک ہے۔ یہاں پیسے پیسے کی ضرورت ہے دو دن میں ۵۰ ہزار روپیہ ضائع کر دیا گیا ہے ۔ اس ہاؤس کو ایک وزیر صاحب باربار یہ طعنہ دیتے رہے ہیں کہ ۲۵ ہزار یومیہ خرچ ہو رہا ہے اور یہ دو دن میں ۵۰ ہزار ضائع ہوا ہے۔ اسکی ذمہ داری کس پر ہے ؟

Mr. Speaker : This is no point of order.

Mian Muhammad Sharif : On a point of order. Sir, Rao Khurshid is very honourable to me but this is not a point of order.

Mr. Speaker : This is also not a point of order. Khawaja Sahib, you may now come to the Railway Budget please. Otherwise I am afraid I will have to say that the time is over.

خواجہ محمد صفدر—(سیالکوٹ۔۱) جناب والا۔ میں بجٹ پر اپنی تقریر کا آغاز جناب وزیر ریلوے کی تقریر کے صفحہ ۵ کے ایک حوالے سے شروع کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ حکومت ریلوے کے محکمے کو نہ صرف ایک مضبوط نفع بخش کاروباری ادارے کی حیثیت سے چلانا چاہتی ہے بلکہ اسے مفاد عامہ کا ایک وسیع ادارہ بھی بنانا مطلوب ہے۔ ان دو سطروں میں جناب وزیر ریلوے نے حکومت کی پالیسی کی وضاحت فرما دی ہے۔ فرماتے ہیں کہ ریلوے کا یہ ادارہ صرف مضبوط منافع بخش ادارہ ہے اور اسکا ایسا بنانا ہمارا مقصد ہے بلکہ اسے رفاہ عام کا ایک اچھا ادارہ بھی بنانا ہمارا مقصود ہے۔ میں جناب والا۔ آج اس میں صرف پہلے مقصد کیطرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں یعنی کیا یہ ادارہ ایک مضبوط اور منافع بخش ادارہ ہے یا یہ کہ اس ادارے نے اپنے منافع کو چھوڑ کر اپنا اصل سرمایہ کھانا شروع کر دیا ہے اور یہ گھاٹے میں جا رہا ہے۔ جناب والا۔ اس غرض کیلئے میں چند سطریں صفحہ ۸ پیرا ۱۰ - سے جناب وزیر موصوف کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

''مجموعی خرچ میں ۱۵ء۴ کروڑ کا اضافہ خصوصیت سے مندرجہ ذیل اسباب کی بنا پر ہوا ہے (الف) فرسودگی کے سرمائے میں ۱ء۶ کروڑ کے اضافہ کی بنا پر یہ رقم ۴ء۳ کروڑ ہوگئی۔ (ب) کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہوں میں ۱ء۴۵ کروڑ کا اضافہ ہوگیا اسکی تفصیل یہ ہے۔

(الف) سال رواں میں عارضی امداد کی منظوری :-

(ب) صنعتی عدالت کے اس فیصلے کا نفاذ جو اسنے اس صنعتی نزاع کے سلسلے میں ۱۹۶۰ء کے شروع میں دیا۔ اور

(ج) بڑی تعداد میں نئی سواری گاڑیوں کے جاری ہونے اور ریل کے ڈبوں کے زیادہ استعمال کے باعث انکی مرمت اور درستی پر زیادہ روپیہ خرچ ہوا''۔

جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب نے جو اعداد و شمار اخراجات کی مد میں دئے ہیں وہ اعداد و شمار کے ہیر پھیر کا نتیجہ ہے اور میں واضح الفاظ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اعداد و شمار غلط ہیں ۔ اور اسکے علاوہ نہ صرف یہ غلط ہیں بلکہ انکے صرف کی جو دو وجوہات دی گئی ہیں ان پر صرف ایک پر ۶ء۱ اور ایک پر ۴ء۱ یعنی تقریباً تین کروڑ خرچ آتا ہے۔ اور ان کے اپنے حساب کے مطابق ایک کروڑ پندرہ لاکھ کے روپیہ کے صرف کی کوئی وضاحت نہیں فرمائی ۔ مبہم الفاظ میں یہ کہہ دیا ہے کہ زیادہ گاڑیاں چونکہ چلانی پڑیں اس لئے انکے چلانے اور انکی مرمت پر زیادہ خرچ آیا ۔ جناب والا ۔ میں اپنے اس دعویٰ کی تائید میں جناب وزیر خزانہ اور وزیر ریلوے سے Budget at a glance white paper صفحہ نمبر ایک کیطرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اب جناب ملاحظہ فرمائیں گے کہ اس کی شق نمبر چار، پانچ، گیارہ اور بارہ یہ وہ اخراجات ہیں جنکو کم کرنے میں، اگرچہ انہوں نے دعویٰ کیا اور ان میں انہوں نے تین کو کم کیا ہے تو یہ ریلوے کی چابکدستیاں کام نہیں آتیں ۔ بلکہ یہ ایک قسم کی ونڈفال ہے جو ادائیگیاں زیادہ کرنی تھیں وہ نہیں کی گئیں ۔ جسکو تجویز زیادہ کرنے کی تھی وہ کم کی گئی ۔ جناب والا— اصل سرمایہ اصل مصارف جیسا کہ تخمینہ میں ظاہر ہے نمبر چار آئٹم اس صفحہ پر ۔

Appropriation to depreciation of Reserve Fund including the payment of foreign loans.

اس میں انہوں نے فرمایا ہے کہ ۶ء۱ کا اضافہ ہم نے کیا ہے ۔ در اصل یہ اس سے زیادہ ہے ۔ یہ چار کروڑ بتالیس لاکھ نواسی ہزار کی بجائے چھ کروڑ نو لاکھ سولہ ہزار روپیہ دیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ "Interest on foreign loans" ایک کروڑ اکسٹھ لاکھ کے بجائے ایک کروڑ اڑتالیس لاکھ دیا گیا ۔ اور ان پر Additional contribution to depreciation to Reserve Fund اور Additional contribution to Improvement Fund جہاں پانچ کروڑ آٹھ لاکھ مہیا کیا گیا تھا وہاں صرف دو کروڑ انسٹھ لاکھ دیا گیا اور جہاں دوسری رقم میں ۷۰ لاکھ دیا جانا مقصود تھا وہاں صرف اکیس لاکھ دیا گیا ہے ۔ اگر ان چار رقموں کو

estimated بجٹ اور revise estimate کو علیحدہ علیحدہ جمع کیا جائے تو بجٹ میں یہ کل رقم گیارہ کروڑ چھیانویں لاکھ اور چوبیس ہزار بنتی ہے۔ اور ادائیگی دس کروڑ اڑتیس لاکھ اور پنسٹھ ہزار ہے۔ اس طرح ان چار مدوں میں ایک کروڑ سڑسٹھ لاکھ اور انسٹھ ہزار روپیہ کی کمی ہوئی۔ یعنی یہ ایک کروڑ سڑسٹھ لاکھ بلکہ یوں سمجھیئے اسکا اضافہ ہماری آمدنی میں ہونا چاہئیے تھا کیونکہ ان چار مدوں میں ہم نے کم صرف کیا ہے۔ اور اسکے ساتھ جناب اگر آپ ہماری آمدنی کے اضافہ کو جمع کیجئیے جو ایک کروڑ بیس لاکھ ہے تو یہ رقم دو کروڑ ترانویں لاکھ بن جائے گی۔ اگر اس میں ان کے تخمینہ کے مطابق خالص منافع جمع کیا جائے۔ تو یہ رقم آٹھ کروڑ نواسی لاکھ بن جاتی ہے..... جو منافع ہم نے رکھا ہے یہ ہے دو کروڑ اسی لاکھ روپیہ یعنی اس رقم میں سے چھ کروڑ اصل اخراجات میں سے ہے۔ بجائے اس کے وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ۱۹۶۰ء کے اصل میں یہ رقم چھ کروڑ نو لاکھ بنتی ہے۔ اور اس میں انہوں نے دو رقموں کا ذکر فرمایا ہے۔ ان میں سے ایک رقم کو حساب میں شامل کر دیا گیا ہے اور ان دو رقموں میں سے ایک کروڑ پنتالیس لاکھ روپیہ منہا کیا جائے تو چار کروڑ چونسٹھ لاکھ روپیہ اس سال ریلوے نے اپنے اخراجات پر زائد خرچ کیا ہے۔ جسکے متعلق جناب وزیرصاحب نے اس ایوان میں قطعاً ارشاد نہیں فرمایا کہ کس کس مد پر اسکے مصارف ہوئے ہیں۔ جناب والا۔ یہ ہے صورت سال رواں کی آمدنی کی۔ ہماری آمدنی میں اضافہ ہوا ایک کروڑ پچیس لاکھ روپیہ اور ہمارے خرچ میں اضافہ ہوا چھ کروڑ نو لاکھ۔ آپ اندازکر لیجئیے کہ یہ ادارہ جسے منفعت بخش ادارہ کہا جاتا ہے اور جس کے متعلق یہ بیان کیا گیا ہے بلکہ یہ مقصد بیان کیا گیا کہ یہ مضبوط اور منفعت بخش ادارہ ہے۔ لیکن ایک کروڑ پچیس لاکھ روپیہ آمدنی حاصل کرنے کے لئے تقریباً چھ کروڑ زائد صرف کیا جاتا ہے۔ جناب والا۔ یہیں بس نہیں بلکہ آئندہ مالی سال کے جو تخمینہ جات ہمارے سامنے پیش کئے گئے ہیں اسمیں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ خالص منافع تین کروڑ تیس لاکھ روپیہ ہو گا۔ در اصل یہ رقم اسی اعداد و شمار کے ہیر پھیر کا نتیجہ ہے۔ اس میں دو کروڑ روپیہ وہ شامل ہیں جو سنٹرل ریلوے ریزو فنڈ سے لیکر اس میں شامل کئے گئے

ہیں ۔ اس لئے آئندہ متوقع منافع ایک کروڑ تیس لاکھ ہے ۔ اور جس لحاظ سے ہم سال بہ سال اپنے منافع میں کمی اور زیادہ اخراجات کر رہے ہیں اسکو سامنے رکھتے ہوئے ایک کروڑ تراسی لاکھ کی متوقع آمدنی کوئی آمدنی نہیں ۔ یہ ایک ہی مد میں کسی نہ کسی طرح کھپ جائیگی ۔ بلکہ میں اس ایوان کے سامنے ایک یہ عرض کرتا ہوں کہ ایک کروڑ تیس لاکھ سے زیادہ روپیہ کس طرح ہوگا ۔ جناب والا— قرطاس ابیض کے صفحہ چھتیس پر اخراجات کے تخمینہ میں ordinary working expenditure ڈیمانڈ نمبر ۳ کے نیچے انہوں نے لکھا ہوا ہے کہ ایندھن کا خرچ پچھلے سال کے مقابلہ میں چھ کروڑ چورانویں لاکھ اس سال تھا ۔ پانچ کروڑ چھیانویں لاکھ آئندہ سال میں ہو گا یعنی تقریباً ۹۷ یا ۹۸ لاکھ روپیہ انکے خیال کے مطابق آئندہ سال ایندھن پر کم خرچ آئیگا ۔ یہ رقم آمدنی کا بہت بڑا حصہ ہے مگر ڈیزل آئل وغیرہ پر مرکزی حکومت نے اتنا بڑا ٹیکس عائد کیا ہے کہ متوقع منافع بھی ایک کروڑ تیس لاکھ کا ہے وہ اس ایک رقم میں کھپ جائیگا ۔ بلکہ اس سے زیادہ انہیں خرچ کرنا پڑے گا ۔ اگر کوئی غیر متوقع خرچ جس کا کہ آمدنی میں ذکر نہیں ہے، بڑھ گیا تو آئندہ سال جو دس دن کے بعد شروع ہونے والا ہے، اس تجربہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ بجٹ گھاٹے میں چلا جائے گا ۔ ان خدشات کا اظہار میں نے اس ایوان میں پچھلے سال کیا تھا کہ یہ ادارہ در اصل منافع بخش ادارہ باقی نہیں رہا بلکہ دن بدن منافع میں کمی واقع ہو رہی ہے اور آئندہ ایک دو سال میں یا دو تین سال میں یہ گھاٹے میں تبدیل ہو جائیگا ۔ اور میرے خدشات مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ صحیح ثابت ہوئے اور آئندہ مالی سال میں اگر کوئی غیر متوقع اور خرچ آن پڑا تو دو چار کروڑ روپیہ کا اس میں سے کم ہو جائے گا ۔ جناب والا— یہ دو کروڑ روپیہ جس کو ریزرو فنڈ میں سے لیا گیا ہے ، وزیر خزانہ صاحب کے اپنے اعداد و شمار کے مطابق یہ ریزرو فنڈ آٹھ کروڑ بیالیس لاکھ ہے اگر اس سال دو کروڑ روپیہ ریزرو فنڈ میں سے ہم نکالنے پر مجبور ہیں تو آئندہ سال غالباً اس سے زیادہ رقم ریزرو فنڈ سے نکالنی پڑیگی ۔ اس طرح کا یہ فنڈ دو ایک سال میں ختم ہو جائیگا ۔ میں ان سے ایک بات پوچھتا ہوں کہ ریلوے اس کے بعد

کہاں سے سرمایہ لے گی ؟ کیا یہ قرض پر چلے گی ؟میرے اس تجزیہ سے یہ بالکل ثابت ہو چکا ہے کہ اس سال کے دوران ہی یہ ریل پٹڑی سے اتر جائیگی۔

وزیر ریلوے— (مسٹر عبدالوحید خان)— اگر ریل پٹڑی سے اترتی تو غالباً یہ یہاں نہ ہوتے۔

خواجہ محمد صفدر— جناب والا— میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ منافع کس طرح کم ہو رہا ہے اور اخراجات میں کس طرح زیادتی ہو رہی ہے۔ اس کے ثبوت میں میں ایک دو باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا۔ جب متحدہ ہندوستان تھا تو یہاں کئی ایک ریلیں چلتی تھیں۔ ان کی coordination کے لئے ہندوستان میں ایک ریلوے بورڈ قائم کیا گیا تھا۔ یہ بورڈ بڑی حد تک ایک ضرورت پوری کرتا تھا۔ پاکستان میں ایک مشرق میں اور ایک مغرب میں دو ریلوں کے انتظام ہیں۔ ان کی coordination کے لئے کسی حد تک مناسب تھا کہ ایک ریلوے بورڈ قائم کیا جائے۔ لیکن میں آپ کی وساطت سے وزیر ریلوے صاحب سے پوچھتا ہوں کیا ایک ریلوے کے انتظام کیلئے بھی ایک بورڈ کی ضرورت ہے۔ کیا صرف ایک آفیسر جس کا عہدہ جنرل مینجر کا ہے، کو صلاح و مشورہ دینے کیلئے تین آدمیوں کی ضرورت ہے۔ ریلوے بورڈ کے تین رکن ایک افسر کے کام کی نگرانی کر رہے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ آخر اس ملک میں کیا ہو رہا ہے ؟ بڑی سے بڑی آسامیاں یہاں چشم زدن میں وضع کی جاتی ہیں تاکہ اپنا کوئی دوست یا عزیز اس پر متمکن کیا جا سکے۔ ریلوے تجارتی ادارہ ہے اسے تجارتی لائنوں پر چلایا جانا چاہئے تھا لیکن یہ ایک گھریلو ادارہ بن گیا ہے۔ اور حلوائی کی دوکان پر نانا جی کا فاتحہ کے مصداق اس کاروباری ادارے کے سرمایہ کو دونوں ہاتھوں سے اڑایا جا رہا ہے۔ مجھے بے حد رنج ہوا ہے جب میں سوچتا ہوں کہ یہ وہ ریلوے ہے جس کو نو دس کروڑ سالانہ آمدنی ہوا کرتی تھی۔ اور موجودہ آمدنی آپکے سامنے ہے۔ میری رائے میں یہ آمدنی نہ صرف بالکل خش و خاشاک کی طرح بہائی جا رہی ہے بلکہ مجھے خطرہ ہے کہ آئندہ سال یہ ریلوے خسارہ میں جائیگی اور اس خسارہ کو پورا کرنے کے

لئے کسی نہ کسی ریزرو فنڈز سے نکال کر اس گھاٹے کو پورا کرنا ہوگا ۔

Mr. Speaker : The member's time is over. He may make his last point.

خواجہ محمد صفدر— دوسری بات جناب والا ۔ یہ ہے اگر ہمارے ریلوے ملازمین اور بڑے بڑے آفیسر اپنے احساس کار کردگی کو محسوس کرتے تو اور بات ہے۔ اور میں بھی جناب وزیر ریلوے کے ساتھ ان کی تعریف میں ہاں میں ہاں ملاتا۔ مگر مجھے افسوس ہے کہ کارکردگی کا جو نقشہ خود ان کے اعداد و شمار سے ظاہر ہے۔ وہ اس قابل نہیں کہ ان کی کسی قسم کی تعریف کی جائے بلکہ وہ اس قابل ہے کہ تمام ریلوے ملازمین کی وزیر ریلوے سمیت مذمت کی جائے ۔ (ہیر ۔ ہیر) ۔

جناب والا ۔ میں آپ کو صفحہ ۵۲ (ریلوے بجٹ ۔ وائٹ پیپر) کا حوالہ دیتا ہوں ۔ جناب جہاں Train performance کا ایک نقشہ دیا گیا ہے۔ ۱۹۶۱-۶۲ء میں broad-gauge ریلوے نے Actual speed per mile ۱۰ء۷ میل کے حساب سے سفر کیا ہے۔ ۱۹۶۲-۶۳ میں وہ سپیڈ کم ہو کر ۱۰ء۳ رہ گئی اور اس کے ساتھ ہی جناب Meter-gauge پر پہلے ۸ء۳۳ میل فی گھنٹہ کی اوسط رفتار تھی اس سال رفتار ۸ء۰۰ رہ گئی ہے۔ اس کے بعد اگلے صفحہ ۵۳ پر چلئے ۔ یہ ہے انجن Utilization کا نقشہ یعنی انجن ہم کس طرح استعمال کرتے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ ۱۹۶۲—۱۹۶۱ اور ۱۹۶۳ تین سالوں کے اعداد و شمار کو دیکھئے ۔ Net ton-miles per goods engine hour ۱۹۶۰—۶۱ میں ۱۹۲۴ میں ۶۲—۱۹۶۱ میں ۱،۸۱۸ رہ گئے اور اب ۶۳—۱۹۶۲ میں ۱،۰۱۰ رہ گئے ہیں اور آگے دوسرے اور تیسرے کالم یعنی Net ton miles per engine day on line اس میں جناب ۲۰،۹۱۴ سے نیچے آ کر ۱۹،۴۱۶ رہ گئے ہیں اور پچھلے سال کے دوران میں ۱۸،۷۸۵ ہے یعنی اس میں بھی کمی واقع ہوئی ۔ اس کے بعد Hours worked per day per engine available for use یعنی ایک انجن نے کتنے گھنٹے اوسطاً کام کیا ہے۔ تو جناب والا۔

۶۰—۱۹۵۹ میں ۱۲۶۸ گھنٹے کام ہوتا رہا ۔ اور اسکے بعد ۶۱—۱۹۶۲ میں ۱۲۶۷ اور اس کے بعد ۶۲-۱۹۶۱ میں ۱۲۶۳ اور اس کے بعد ۶۳-۱۹۶۲ میں ۱۱۶۹— کیا یہی کارکردگی کا معیار ہے۔ اس کے بعد جناب والا ۔ پھر صفحہ ۵۴ ملاحظہ ہو۔ اس میں لکھا ہے کہ Average turn round of wagon days یعنی ایک گاڑی کو دوبارہ کتنے دنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ ۶۲-۱۹۶۱ میں ایک گاڑی ۸۶۵ دنوں میں دوبارہ بھری جا سکتی تھی اور دوبارہ استعمال میں لائی جا سکتی تھی اور ۶۳-۱۹۶۲ میں ۸۶۷ دنوں میں یعنی اس حساب سے ایک گاڑی ایک مہینہ میں ۳ دن مزید ضائع کرتی رہی ۔ کیا جناب والا ۔ یہی کارکردگی وزیر ریلوے اور حکام کرتے رہے ہیں ۔ کیا ریلوے کی اس کارکردگی کی بنا پر ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ آپ پر توصیف کے پھول نچھاور کریں ۔

جناب والا ۔ اس سے اگلے صفحہ پر (یعنی صفحہ نمبر ۵۵) Production trends (in thousands) ملاحظہ ہو۔ (کالم نمبر ۱۱، ۱۲ اور ۳ ملاحظہ ہو) کالم نمبر ۱۱ میں Gross ton-miles per engine owned لکھا ہے۔ ۶۱-۱۹۶۰ میں ۱۴,۹۰۹ Gross ton-miles تھا۔ ۶۲-۱۹۶۱ میں اس سے گر کر ۱۴,۱۱۱ Gross ton-miles رہ گیا اور پچھلے سال ۶۳-۱۹۶۲ میں ۱۴,۰۵۹ ہے۔

جناب والا ۔ اس سے اگلی کارکردگی اوقات کے متعلق ہے۔ کالم نمبر ۱۲ میں لکھا ہے کہ Gross time-miles per employee تو اس میں درج ہے کہ ۶۲-۱۹۶۱ میں ۱۶۷ کی بجائے ۶۳-۱۹۶۲ میں ۱۶۶ رہ گئی ۔ ان اعداد و شمار سے صاف ظاہر ہے کہ یہ کارکردگی نہیں بلکہ یہ بے کارکردگی ہے۔ ان لوگوں نے سہل انگاری کو پیشہ اختیار کر لیا ہے۔ یہ اپنی ذاتی آسائش کا خیال کرتے رہتے ہیں اور اپنے ذاتی فائدوں کے پیچھے بھاگتے پھرتے ہیں۔

Mr. Speaker : The time is over.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ایک منٹ اور دے دیں ۔ جناب والا ۔ مجھے نہایت خوشی ہوتی اگر مجھے یہ الفاظ جو ابھی میں نے عرض کئے

ھیں نہ کہنے پڑتے ۔ آپ کے پیش کئے ہوئے اعداد و شمار آپ کے سامنے ھیں ۔ میں اپنی طرف سے وہ چیز نہیں کہہ رہا ھوں ۔ اگر یہ آپکی کارکردگی میں اضافہ ھے تو آپ ھی فرمائیں میں آپ پر ھی انصاف چھوڑتا ھوں ۔ جناب والا ۔ آپ کے اعداد و شمار بتا رہے ھیں کہ کارکردگی میں کمی ھوئی ھے ۔ اس پر اگر وزیر ریلوے خوش ھیں تو بڑے شوق سے خوش ھوں کئی لوگ ذھنی خیالات کی بنا پر ھی جنت میں اپنے اوقات بسر کرتے ھیں ۔ ان میں ایک وزیر ریلوے بھی ھوں گے ۔ لیکن میں اس بات میں ان کے ساتھ شامل ھونے کے لئے تیار نہیں ھوں ۔

اب چونکہ میرا وقت ختم ھو گیا ھے اس لئے میں اپنی گذارشات ختم کرتے ھوئے انشا اللہ جناب وزیر کے دوسرے دعویٰ یعنی کہ یہ ایک رفاعی ادارہ ھے کے متعلق کسی اور موقع پر کچھ عرض کروں گا ۔

مسٹر منور خان (بنوں-۱) مسٹر سپیکر— میں وزیر ریلوے صاحب کو جیسا کہ اس ھاؤس میں دستور چلا آ رہا ھے ، مبارک باد تو نہیں دوں گا لیکن اپنی طرف سے ضرور ان کا شکریہ ادا کروں گا کہ انہوں نے ایک Surplus Budget (خاص طور پر آجکل جبکہ روڈ ٹرانسپورٹ کا سخت مقابلہ ھے) پیش کیا ۔ اس میں شک نہیں کہ ریلوے کی آمدنی میں اور بھی ترقی کی جا سکتی ھے اور بھی زیادہ اس کی آمدنی میں اضافہ کیا جا سکتا ھے لیکن میں جناب وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ وہ اس بات سے نہ ڈریں کہ کہیں ان کو کوئی اغوا نہ کر لے ۔ وہ صوبہ سرحد میں ضرور تشریف لائیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب میں وھاں جا چکا ھوں ۔

مسٹر منور خان ۔ آپ وھاں نہیں گئے ۔ وھاں جا کر دیکھیں کہ ٹانک کے ریلوے سٹیشن اور بنوں اور ٹل کے سٹیشنوں سے کتنا Timber سالانہ ریلوے میں تمام مغربی پاکستان کے لئے Load کیا جاتا ھے ۔ اگر آپ وھاں تشریف لے جاتے تو آپ ضرور اس علاقہ کی ترقی کے لئے Broad gauge کی

تجویز اس بجٹ میں فرمائے ۔ آپ موقع پر جا کر دیکھیں ۔ وہاں Meter gauge ہے۔ اس لائن کی گاڑی کا یہ حال ہے کہ اگر ایک مضبوط گدھی پر آدمی سوار ہو اور وہ اسکے ساتھ دوڑائے تو وہ گدھی آگے نکل جاتی ہے اور ریل پیچھے رہ جاتی ہے۔

نمبر (۲) بنوں اور ٹانک میں جتنا Timber load کیا جاتا ہے اس کی آمدنی جنرل مینجر صاحب کو معلوم ہوگی اور اس طرح ٹل سے جتنی لکڑی Load ہوتی ہے وہ کوہاٹ آ کر پھر Unload کرکے پھر Load کی جاتی ہے۔ اور اس طرح ٹانک اور بنوں کی Timber لا کر جب کالاباغ پہنچتی ہے تو وہاں Unload کر کے پھر Load کی جاتی ہے۔ یہ صرف Timber کا قصہ نہیں۔ بلکہ باقی اشیاء جو بذریعہ ریل نہیں لیجائی جاتی اس کی وجہ بھی یہ ہے کہ وہ Meter gauge ہے اور اس Transfer میں ایک ریل سے دوسری میں لیجانے میں وہاں چوری کا خطرہ ہوتا ہے اور بہت سی چیزیں گم ہو جاتی ہیں۔ اس وجہ سے ریل کے ذریعہ اشیاء مکمل طور پر نہیں لاتے اور نہ لانا چاہتے ہیں ۔ اگر یہ Broad gauge کی جائے تو اس میں شک نہیں کہ ان ۲ اسٹیشنوں سے تقریباً پچاس لاکھ روپیہ سالانہ Timber آمدنی کا ذریعہ ہو سکتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ meter gauge انگریزوں نے کس وجہ سے لگائی تھی ۔ اس وجہ سے نہیں کہ وہ تجارت میں ترقی کرانا چاہتے تھے ۔ انہوں نے اپنی ملٹری ٹرانسپورٹیشن کیلئے یہ لائین ڈالی تھی کسی Trade کے لئے نہیں ۔ جب وہ چلے گئے اور ان کے جانے کو پندرہ سال ہو گئے اور یونٹ بن کر تقریباً دس سال ہو گئے ہیں مگر اس کے باوجود اس طرف کسی نے توجہ نہیں فرمائی ۔ اس علاقے میں صرف ٹمبر ہی نہیں ہے اس علاقے میں چمڑا ، اون اور بہت سی چیزیں ہیں جس کی ٹرانسپورٹ ریلوے کے ذریعہ ہوتی ہے۔ لوگ خوشی سے کرائیں گے۔ لیکن صورت یہ ہے کہ اس لائین کو broad gauge کئے بغیر یہ ممکن نہیں ۔ میں عرض کرونگا کہ ریلوے منسٹر صاحب خود اس علاقے کا دورہ کریں وہ اسٹیشن ماسٹروں سے پوچھیں اور اس کی تصدیق کریں بلکہ جناب جنرل منیجر صاحب سے verify کریں کہ ان تین سٹیشنوں سے ریلوے کو کتنی آمدنی ہے ۔ اگر economically sound

proposal ہے تو کیوں اس پر عمل نہ کیا جائے اور کیوں ایک neglected area کو جس کو وزیر ریلوے صاحب نے بحیثیت فائنینس backward area کہا ہے لیکن اس کی امداد کیلئے کوئی بھی قدم نہیں اٹھایا ۔ تو میں عرض کرونگا کہ یہ تینوں لائینیں broad guage بنائی جائیں اس کے لئے خواہ loan لینا پڑے لیکر کریں یہ فائدہ مند لائنز ہیں ان سے فائدہ حاصل کیا جائے ۔

سردار عنائیت الرحمان خان عباسی(ہزارہ—۱)— مسٹر سپیکر ۔ اس ایوان کی تاریخ میں جہاں تک میرا علم ہے پہلی بار جناب وزیر ریلوے صاحب نے ریلوے بجٹ کو اس قدر آسان بنایا کہ ایک عام آدمی بھی اس پر نظر ڈال کر ریلوے کی کارکردگی کو سمجھ سکتا ہے ۔ چنانچہ اس نقطہ نظر کے تحت میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں رسمی نہیں حقیقی مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں ان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ جس طرح سے انہوں نے اپنی تقریر اردو میں چھاپ کو زیادہ سے زیادہ موقع فراہم کیا ہے کہ ہر آدمی اچھی طرح سمجھے اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ کوئی مشکل نہیں تھی اگر ریلوے کے figures بھی اردو میں چھاپ دیتے اور میری طرح دوسرے اور بھائی بھی زیادہ سے زیادہ سمجھتے ۔ اور جو اچھی چیزیں ہیں اس کی تعریف کرتے اور جو بری ہیں اس کے متعلق اپنے معروضات ان کی خدمت میں پیش کرتے ۔

جناب والا ۔ بجٹ میں جو اعداد و شمار دئے گئے ہیں اور جو منافع ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کرنے کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوشش کافی حد تک کامیاب ہوئی ہیں۔ ریلوے جب سے صوبائی تحویل میں آئی ہے وہ بمقابلہ اس کے کہ جب سنٹرل گورنمنٹ کی تحویل میں تھی، اس نے زیادہ کام کیا اور اپنے لئے نفع کمایا اور اپنے مسافروں اور ملازمین کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں اس نے فراہم کیں ۔

جناب والا ۔ اس میں شک نہیں کہ صوبائی تحویل میں آنے کے بعد ۳۹ نئی گاڑیاں ہماری ریلوے نے چلائی ہیں اور ہماری گاڑیوں کو مزید تیز رفتار کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ سٹیشنوں پر زیادہ سے زیادہ انتظام اور تیسرے درجہ کے مسافروں کی فلاح و بہبود کے لئے انتظام کیا گیا ۔ میں ایک چیز کی طرف ان کی ذاتی توجہ مبذول کرانا اور گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ خود جا کر گرمی کے اس موسم میں مسافروں کی اور خصوصیت سے تیسرے درجہ کے مسافروں کی حالت زار کو دیکھیں جو اتنے rush کی وجہ سے تکلیف میں ہوتے ہیں اور ان کی عورتیں جو ان ڈبوں میں سفر کرتی ہیں ان کی کس قدر بے پردگی ہوتی ہے ۔ ان کے معصوم بچے اس گرمی میں بلک رہے ہوتے ہیں ۔ شریف آدمی ایک کونے میں دبک کر کھڑا ہو جاتا ہے کہ کہیں کوئی غنڈہ اس کے منہ پر مکہ رسید نہ کر دے ۔

جناب والا ۔ کیا وہ اس معاملہ پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں؟ کیا یہ مناسب نہ ہوگا انتظامیہ اتنی ہی ٹکٹ جاری کرے جتنی گنجائش ہے؟ کیا یہ نامناسب بات نہیں جگہ پچاس آدمیوں کی ہوتی ہے اور ٹکٹ ۱۰۰ آدمیوں کو دے دیتے ہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آدمی پر آدمی کھڑا ہوجاتا ہے ۔ آپ سٹیشنوں پر کتنے ہی کولر لگادیں اور کتنے سٹیشنوں پر فلش کا انتظام کر دیں جب تک تیسرے درجہ کے مسافروں کی نشستیں ٹھیک نہ ہوں اور ان کیلئے بیٹھنے کے لئے آرام دہ جگہ نہ ہو گی اس وقت تک ریلوے کی کارکردگی کسی صورت میں قابل تعریف نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ۔ میں اس امر کی بھی تعریف کرتا ہوں کہ ریلوے منسٹر نے اپنی تقریر میں کہا ہے کہ ویسٹرن ریلوے دنیا کی اکثر ریلوں سے بہتر ہے ۔ یہ قابل تعریف بات ہے لیکن جب تک تیسرے درجے کی نسبت جیسا کہ میں نے گذارش کی ہے، جب تک ان کے لئے اچھا انتظام نہیں کیا جاتا اس وقت تک ان کی کارکردگی عوامی نقطہ نظر سے قابل تعریف نہیں ہو سکتی ۔ اس میں شک نہیں کہ اس بجٹ میں ۲۲ کروڑ کا provision نئی ریلوے لائین کے لئے رکھا گیا ہے اور ان منصوبوں کے لئے رکھا گیا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ ان کے لئے میں گذارش کروں گا کہ خصوصیت کے ساتھ ریلوے کے ترقیاتی ضمن میں ان

علاقوں کی طرف توجہ کریں جو ریلوے لائین اور ریلوے ایڈمنسٹریشن سے محروم ہیں۔ اس ضمن میں میں ان کی خدمت میں ضلع ہزارہ کو پیش کرتا ہوں۔ جناب والا۔ آپ کو علم ہوگا کہ ایبٹ آباد ہزارہ کا صدر مقام ہے اور ۱٫۳ لاکھ آبادی کا شہر ہے۔ اس کی سہولت کے لئے جو ریلوے لائن ٹیکسلا سے حویلیاں تک بچھائی گئی ہے اگر آپ اس پر نظر رکھیں تو وہاں کے اسٹیشن جو ہری پور۔ بانگ ڈور اور حویلیاں کے نام سے مشہور ہیں میں دعویٰ سے آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ۱۸۷۵ء یا جو بھی سنہ ہو جب یہ بنے یہ اسی حال میں آج تک موجود ہیں۔ اس میں نہ کمی ہوئی نہ بیشی ہوئی۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہاں کے مسافر ان سہولتوں کے مستحق نہیں ہیں؟ کیا ان سٹیشنوں پر ان کی آسائش کا بندوبست کرنا ریلوے کے انتظامیہ کا فرض نہیں ہے؟ اگر نہیں تو ان سٹیشنوں کو بطور آثار قدیمہ کے کیا آپ رکھنا چاہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو پھر درست ہے وہ اسی حال میں رہیں جس حال میں ہیں اگر ایسا نہیں تو پھر میں حویلیاں کی اصل پوزیشن آپ سے عرض کر دوں کہ جناب یہ وہ سٹیشن ہے جس کے ساتھ ضلع ہزارہ کی ۶ لاکھ آبادی کا تعلق ہے۔ اور یہ آپ کو علم ہے کہ میں نے گذشتہ بجٹ میں بھی آپ سے گذارش کی تھی کہ حویلیاں سے ایبٹ آباد اور مانسہرہ تک ریلوے لائن بچھائی جائے۔ Business point of view کے لحاظ سے بھی اس وقت سیاحوں کا زیادہ رخ ایبٹ آباد کی طرف زیادہ ہے۔ اسی طرح ایک تجارتی منڈی کی حیثیت سے بھی یہ کافی آمدنی کی جگہ ہوجائے گی۔

مسٹر سپیکر — آپ کی تقریر کا وقت ختم ہوگیا ہے۔

سردار عنائیت الرحمان خان عباسی— جناب والا۔ ابھی تو پانچ منٹ بھی نہیں ہوئے۔ آپ نے تو دس منٹ دیئے تھے۔

مسٹر سپیکر— آپ کا جو خاص point ہے وہ آپ کہہ لیں۔

سردار عنائیت الرحمان خان عباسی— اسی طریقے سے جناب میں ایڈمنسٹریشن کے متعلق چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے تو

میرا وقت ھی ختم کردیا ھے۔ پتہ نہیں کیا بات ھے۔ میرا وقت اُس وقت ختم ھوگا جب آپ کا بھی ساتھ ھی ختم ھو جائے گا۔

مسٹر سپیکر— آپ کا وقت ختم نہیں ھوا۔ میں تو تقریر کی بات کر رھا ھوں۔

سردار عنائیت الرحمان خاں عباسی - جناب والا۔ میں ایڈمنسٹریشن کے متعلق چند گذارشات پیش کرنا چاھتا ھوں۔ وہ یہ ھیں کہ جہاں عوام اور مسافروں کی فلاح و بہبود کا تعلق ھے وھاں ایڈمنسٹریشن کی صحیح کارکردگی کی طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ھے۔ اس کی مثال میں آپ کی خدمت میں یہ پیش کرنا چاھتا ھوں کہ ایک انسپکٹر جس کا نام راجہ محمد نذر خاں تھا غالباً ۵۳-۱۹۵۴ء میں ریلوے کے محکمہ سے علیحدہ ھوا اور ۱۹۶۲ء تک اس کو ایک سال کے بقائے کی تنخواہ نہیں ملی۔ تو اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ میں اس سلسلے میں جناب وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں حاضر ھوا اور اُن کی خدمت میں عرض کی کہ جناب والا۔ اس غریب نے بارہ مہینے ریلوے کے محکمہ کے لئے کام کیا ھے جس کی تنخواہ تو اسے ملنی چاھیئے۔ تب کہیں ان کی کوشش سے اس کو ایک سال کی تنخواہ ملی۔ تو کیا میں دریافت کر سکتا ھوں کہ ایک ملازم کو تنخواہ حاصل کرنے کے لئے ھمیشہ ریلوے منسٹر صاحب تک پہنچنا پڑے گا؟ کیا وہ اس امر کے لئے تیار نہیں کہ اس معاملے کی تحقیقات کرائیں کہ اس ملازم کو ایک سال کی تنخواہ سات برسوں کے بعد کیوں ملی۔

جناب والا۔ اس طرح ایک چھوٹی سی مثال اور میں آپ کے سامنے پیش کرتا ھوں۔ گذشتہ غالباً اپریل کا واقعہ ھے کہ میں نے لاھور اور راولپنڈی کے درمیان ریل کار سے سفر کیا۔ تو اس ریل کار میں غالباً چالیس پچاس آدمیوں کی سیٹیں تھیں جہاں ڈیڑھ دو سو آدمی بھرتی تھے۔ تو میں نے گارڈ صاحب کی خدمت میں عرض کی کہ جناب والا۔ جب یہاں reservation ھے تو پھر یہ اتنی مخلوق اس ڈبے میں کیا کر رھی ھے۔ اس نے کہا جناب یہ ریلوے کے ملازم ھیں۔ میں انہیں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ میں یہ حلفیہ بیان

کر رہا ہوں This is what happened تو نتیجہ کے طور پر راستے میں غالباً ٹھیری سانسی کے سٹیشن پر گاڑی رک گئی ۔ میں نے پوچھا کہ یہاں گاڑی کیوں رکی ہے ۔ تو میری تحقیقات پر معلوم ہوا کہ آگے وزیرآباد یا لالہ موسیٰ کے سٹیشن پر ریلوے مجسٹریٹ ہے اور یہ سب بغیر ٹکٹ ہیں ۔ میں سٹیشن ماسٹر کے پاس گیا اور میں نے اس سے کہا کہ ان سے ٹکٹ چارج کرو ۔ اس نے کہا بابو صاحب ٹکٹ وغیرہ کو چھوڑو ۔ گاڑی چلی جائے گی اور یہیں رہ جاؤ گے ۔ جس وقت گاڑی اس ریلوے مجسٹریٹ والے سٹیشن لالہ موسیٰ یا وزیرآباد پہنچی تو وہاں گاڑی بالکل خالی نظر آئی ۔ ایک ایک سیٹ پر صرف وہی ایک ایک آدمی تھا جس کی ریزرویشن تھی ۔ میں نے اس مجسٹریٹ صاحب سے بھی کہا کہ ریلوے والوں کو آپس میں اتنی ہمدردی ہے ۔ ذرا ملاحظہ ہو ۔ وہ غریب بھی رونے لگا اور کہنے لگا کہ میری تو یہ حالت ہے کہ جب میں کسی سٹیشن پر جاتا ہوں تو یہ ریلوے کی ایڈمنسٹریشن پہلے ہی چل پڑتی ہے اور دوسرے سٹیشن پر اطلاع ہو جاتی ہے ۔

تو میں آپ کی خدمت میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ جس وقت تک ریلوے ایڈمنسٹریشن اس مجسٹریٹ یا کسی اردلی کے ساتھ تعاون نہ کرے گی اس وقت تک کسی صورت میں بھی بلا ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں پر قابو نہیں پایا جاسکتا ۔

Mr. Speaker: I think the member has made his point.

Sardar Inayatur Rehman Khan Abbasi: One minute more Sir, thank you.

مسٹر سپیکر — اگر کوئی بات رہ گئی ہو تو اس سے آپ اپنا جملہ پورا کرلیں ۔

سردار عنائیت الرحمان خان عباسی - جی ہاں ۔ جملہ ہی تو پورا کرنا ہے اور کیا کرنا ہے ۔

مسٹر سپیکر — لیکن جلدی فرمائیں ۔

سردار عنائیت الرحمان خان عباسی — جناب والا ۔ یہی حال آپکے Reservation Office کا ہے ۔ میں کئی دفعہ Reservation کے لئے حاضر

ہوا ۔ اور اگر دو دن پہلے بھی چلا جاتا تو جواب ملتا کہ اگر آپ چند منٹ پہلے آ جاتے تو آپ کو جگہ مل جاتی ۔ اب تو کوئی جگہ نہیں ۔ اور پھر کئی دفعہ مجھے کوئی سفارش تلاش کرکے اس شخص کے پاس جانا پڑا ۔ تو اس نے کہا اچھا بابو صاحب کوشش کرینگے ۔ اگر جگہ ہوئی تو آپ کو دے دی جائیگی ۔ تو جناب میری گذارش یہ ہے کہ یہ ایک تجارتی ادارہ ہے۔ خدا کیلئے اسکی طرف زیادہ توجہ دیجئے تاکہ یہ اپنے مسافروں کیساتھ بہتر سے بہتر سلوک کرے۔ اس بہتر سلوک کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مسافر اس محکمے سے خوش ہونگے اور اسکی تعریف کرینگے ۔

جناب والا ۔ اسیطرح ایک اور بہت ضروری بات جس کی طرف میں آپکی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ ریلوے ٹھیکیداروں کی ایک اجارہ داری ہے۔ اور یہ میں واضح طور پر عرض کر دوں کہ ریلوے کے ٹھیکیداروں کے خلاف ریلوے سٹیشنوں پر گراں فروشی کا الزام ہے۔ مسافروں تک صحیح اور درست چیز اسوقت تک نہ پہنچ سکے گی جب تک آپ یہ یقین نہ دلا دیں کہ آپکی ریلوے ایڈمنسٹریشن کے بڑے بڑے آدمی یا ریلوے ایڈمنسٹریشن سے متعلق دوسرے آدمی ان ٹھیکیداروں کے ساتھ حصہ دار نہیں ہیں ۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ستر فیصد ٹھیکیدار ایسے ہیں جنکے ساتھ آپکی ریلوے ایڈمنسٹریشن حصہ دار ہے۔ آپ ہی خیال فرمائیں کہ

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

تو جب یہ اصلاح کرنے والے ہی انکے ساتھ حصہ دار ہیں تو پھر کوئی شکایت یا ایسی ویسی بات کے خلاف کیا کارروائی ہو سکتی ہے۔

جناب والا ۔ اس دور میں اور خصوصیت کے ساتھ جب ہمارا آئین، ہمارے عوام اور ہمارے ملازموں ، کو یہ Protection دیتا ہے ۔ ریلوے ملازمین کیلئے اس وقت بھی وہی انگریزی دور کی غلامانہ شرط موجود ہے جو ریلوے ملازمین کے Agreement میں پائی جاتی ہے ۔ اس Agreement کے تحت ریلوے انتظامیہ کسی وقت بھی اپنے کسی ملازم کو ایک نوٹس

دے کر ایک مہینے کے اندر discharge کر سکتی ہے ۔ کوئی charge sheet نہیں ۔ کوئی Explanation نہیں ۔ اور اس قسم کی کوئی چیز نہیں ۔ چنانچہ اس ظلم کے خلاف ریلوے کے چند علیحدہ شدہ ملازمین نے فیڈرل کورٹ تک approach کی اور فیڈرل کورٹ کے Full Bench نے یہ فیصلہ دیا کہ ان ریلوے ملازمین کو اس agreement کی اس دفعہ کے تحت آئندہ علیحدہ نہ کیا جائے ۔ چنانچہ یہ چند ملازمین جو علیحدہ کئے گئے تھے جن میں مسٹر رفیق محمد کمرشل انسپکٹر ملتان ڈویژن ۔ محمد اسلم سب ہیڈ کلرک ۔ کراچی ڈویژن ۔ رفیق کلرک ۔ ایم ۔ اے شیخ سب ہیڈ کلرک کوئٹہ ڈویژن ۔ ان میں سے پہلے تین کو اس فیصلے کا فائدہ دے کر ملازمت پر بحال کر دیا گیا ہے ۔ لیکن مسٹر ایم ۔ اے شیخ سب ہیڈ کلرک کوئٹہ ڈویژن کو یہ کہا کہ تم فیڈرل کورٹ سے ڈگری لاؤ تو پھر تمہیں بحال کیا جائیگا ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) — وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں یہ تسلیم کیا ہے کہ ریلوے بنیادی طور پر ایک تجارتی ادارے کی حیثیت رکھتا ہے ۔ لیکن ریلوے کی کار کردگی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ادارہ اپنی اجارہ داری کا پورا پورا بلکہ ناجائز فائدہ اٹھا رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ بھارت کے وزیر ریلوے نے امسال بجٹ کی تقریر میں یہ کہا ہے ۔

> "By utilizing one gallon high speed diesel oil on diesel locomotive, one diesel locomotive will give nearly 400 net ton miles of performance against 60 net ton miles that a road truck will give for the same consumption of diesel oil."

جناب سپیکر ۔ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ ایک ٹرک جب ریلوے کے مقابلے میں چلتا ہے تو اس کے ڈیزل آئیل کی جو Consumption ہے وہ ڈیزل Locomotive کے مقابلے میں سات گنا زیادہ ہوتی ہے ۔ آپ اس حقیقت سے اندازہ لگائیے مجھے یقین ہے کہ ہمارے ڈیزل آئیل Locomotives ہندوستان کے ڈیزل آئیل Locomotives کے مقابلے میں زیادہ تیل استعمال نہیں کرتے ہوں گے ۔ کیوں کہ ہمارے وزیر بھی اچھے خاصے تیز اور ہوشیار آدمی

ھیں اور ان کا محکمہ بھی ان کی طرح اچھا کام کرتا ھوگا ۔ لیکن جب ڈیزل آئیل کی consumption میں ایک ٹرک اور Locomotive میں اتنا بڑا فرق ھے تو آج ھمارے سامنے اس بجٹ میں یہ جو رونا رویا گیا ھے کہ ریلوں کے ساتھ روڈ ٹرانسپورٹ کے مقابلے کی وجہ سے ھماری آمدنی میں کمی ھوئی ھے ، یہ قطعی طور پر حقائق کو چھپانے اور اپنے محکمے کی بد عنوانیوں کو پوشیدہ رکھنے کے لئے کیا گیا ھے۔

جناب سپیکر ۔ اپ کو اس بات کا علم ھے کہ ٹرک کے مقابلے میں ریل کے ذریعے سامان لے جانے میں زیادہ دیر لگتی ھے۔ اس سلسلے میں کچھ بنیادی رکاوٹیں ریلوے کے راستے میں حائل ھیں ۔ ریلوے پر سامان بک کرانے ، اس کو جلد منزل مقصود تک پہنچانے اور وھاں سے دوبارہ اسے چھڑانے میں کرائے کے ساتھ رشوت دینا لازمی امر ھے اور اس سے بڑھ کر آپ کو اس بات کا بھی علم ھوگا کہ ایک ٹرک کے مالک کو جہاں زیادہ depreciation charges برداشت کرنا پڑتے ھیں اس کے ساتھ ساتھ ھماری سڑکوں کی حالت ایسی ھے جس کی وجہ سے ان کو ٹرکوں کی مرمت کے اخراجات بھی بہت زیادہ برداشت کرنا پڑتے ھیں ۔

پھر accidents بھی بہت زیادہ ھوتے ھیں اور اس سے بڑھ کر یہ کہ جو رشوت انہیں مختلف محکموں کو دینی پڑتی ھے اس سے ٹرکوں کے مالکان کو لازمی طور پر زیادہ اخراجات برداشت کرنے پڑتے ھیں جو ریلوے کو قطعی طور پر برداشت کرنے نہیں پڑتے ۔ لیکن اس سے صاف ظاھر ھے کہ یہ محض ایک بہانہ ھے ۔ Rail-Road Competition کا عذرجو وزیر صاحب نے پیش کیا ھے ، یہ بالکل بے بنیاد ھے اور حقیقت کے منافی ھے۔

جناب آپ کو اس بات کا علم ھے کہ جہاں تک مسافر گاڑیوں کے کرایہ کا تعلق ھے وہ بس کمپنیوں کے کرایوں سے کسی صورت میں بھی کم نہیں۔ حالانکہ ریل کا کرایہ اگر یہ صحیح معنوں میں تجارتی ادارہ کی طرح کام کر رھا ھو ، بسوں کے کرایہ سے کافی کم ھونا چاھئے۔ یہ انتہائی افسوس کا

مقام ہے کہ اتنے، بڑے ادارے کے لئے جو کہ اپنے ملک میں اپنی مثال آپ ہے، جسکو چلانے کے لئے ایک ارب ۱۰ کروڑ ۵۰ لاکھ کی investment کی گئی ہے۔ حکومت کا ادارہ ہونے کی وجہ سے اسے کافی سہولتیں میسر ہیں لیکن اتنی بڑی investment کے باوجود آمدنی صرف ایک کروڑ ۳۰ لاکھ ہے۔ اور وزیر صاحب محکمہ کی کارکردگی پر فخر کرتے ہیں۔

جناب سپیکر۔ خواجہ صفدر صاحب نے facts & figures بتائے ہیں۔ مال گاڑیوں کی رفتار ۱۹۶۱ کے مقابلہ میں ۱۹۶۲ میں کم تھی۔ broad gauge پر مال گاڑیوں کی رفتار ۱۰٫۷ سے گر کر ۱۰٫۳ ہو گئی Meter-guage پر ۸٫۳۷ سے ۸٫۱۳ ہو گئی۔ انہوں نے اس کے علاوہ اور بھی بہت سے حقائق پیش کئے ہیں جنہیں میں دہرانا نہیں چاہتا۔ لیکن جیسا کہ پہلے عرض کر چکا ہوں وزیر موصوف کو اس محکمہ کی حسن کارکردگی پر فخر ہے مگر اس ملک کو اتنی مراعات حاصل ہونے کے باوجود موجودہ میزانیہ میں مال کی بکنگ پر ۲ فیصدی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یعنی کل آمدنی پر ۲ فیصد اضافہ ان کے نزدیک کوئی بڑی چیز نہیں۔ محکمہ کی اجارہ داری اور کرایوں میں کمی نہ کرنے کے باوجود صرف ایک کروڑ ۳۰ لاکھ کی آمدنی دکھائی ہے۔

ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے آج تک محکمہ ریلوے نے ڈبوں او انجنوں کی حالت بہتر بنانے کے لئے روپیہ صرف کیا ہے یا پرانی ریلوں کو بدلنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی ڈبوں اور انجنوں کی حالت ابھی تک اتنی اچھی نہیں ہوئی جتنی چاہئے تھی جہاں تک نئی لائین کے بچھانے کا تعلق ہے صرف ۴۹ لاکھ روپیہ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ میں یہ بات تسلیم کرتا ہوں کہ ہمارے ملک میں سٹیل کی Production نہیں ہوتی۔ اسکی ذمہ داری حکومت پر ہے۔ کیونکہ ہمارے آقا یہ بات پسند نہیں کرتے کہ اس ملک میں کوئی سٹیل مل لگا دی جائے۔

آپ کی معلومات کے لئے میں یہ عرض کر دوں کہ ہندوستان نے اپنی تقریباً تمام اہم ریلوے لائنز کو ڈبل کر دیا ہے اور تیسرے ترقیاتی منصوبہ میں ۱۲۰۰ میل لمبی نئی لائن بچھانے کی گنجائش رکھی ہے۔ اس کے مقابلہ میں آپ نے ایک سال مین نئی لائن بچھانے کے لئے صرف ۴۹ لاکھ کی رقم مخصوص

کی ہے۔ اس سے ہمارے ملک کی زبوں حالی کا اندازہ لگ سکتا ہے اور پھر ہماری حکومت فخر کرتی ہے کہ وہ ملک کے انتظام کو بہت اچھے طریقہ سے چلا رہی ہے۔ مغربی پاکستان کے تمام ذی شعور شہریوں کو یہ حقیقت معلوم ہے کہ اس سال جب کوئلہ کی مانگ بڑھ گئی تھی، تو ریلوے کا محکمہ کوئلہ کی مانگ پورا کرنے کے لئے ڈبے مہیا کرنے سے قاصر رہا تھا۔ یہ محکمہ منصوبہ بندی اور ترقیاتی پروگراموں پر گامزن ہونے کے باوجود کوئلہ وقت پر بہم نہ پہنچا سکا اور ڈبوں کی کم یابی کی وجہ سے صارفین کو بے حد دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ نرخ زیادہ ہو گئے۔ نیز کانوں سے نکلا ہوا کوئلہ پڑا ضائع ہوتا رہا۔ سندھ کے طاس کے سلسلہ میں بھی ان پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے اس کو پورا کرنے کے لئے محکمہ تیار ہے لیکن اس محکمہ کی efficiency ملاحظہ فرمائیں کہ کوئلہ کی ٹرانسپورٹ کے لئے لوگوں کو مناسب تعداد میں ویگن مہیا نہیں کر سکے۔

Mr. Speaker : Only one minute is left.

Mr. Hamza : You allowed fifteen minutes to Mr. Abbassi, Sir.

Mr. Speaker : The member may please finish his speech.

مسٹر حمزہ۔ وزیر ریلوے اپنے محکمہ میں ملازمین کی انجمنوں کو خوشی سے قبول نہیں کرتے اور ان کی منظوری میں تاخیر کرتے ہیں۔ حالانکہ ان کے ذریعے اصلاح احوال کے کافی امکانات ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ملازمین کو خاطر خواہ سہولتیں میسر نہیں آتیں۔

مجھے حیرانی ہوتی ہے حالانکہ ہماری گاڑیاں اکثر اوقات وقت کے مطابق نہیں چلتیں۔ کاغذات میں تو سب کچھ ہوتا ہے جس طرح پولیس اپنے کاغذات میں کم جرائم درج کر کے دکھا دیتی ہے کہ سب امن و امان ہے۔ محکمہ ریلوے بھی کاغذات میں سب کام پورا کر دیتی ہے۔ میں تسلیم کرتا ہوں پریذیڈنٹ صاحب کی ٹرین وقت پر چلتی ہو گی۔ لیکن یہ کہنا سراسر غلط ہے کہ ہماری ٹرینیں پہلے کی نسبت وقت پر چلتی ہیں۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں) ۔ آپ نے خود میرے کمرے میں آ کر ریلوے کے کام کی تعریف کی تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے جو تعریف کی تھی وہ اس بات کی کی تھی کہ محکمہ ریلوے نے شورکوٹ اور لاھور کے درمیان سفر کو کم عرصہ میں طے کرنے کا فیصلہ کیا تھا ۔ لیکن ھم نے دیکھا ھے کہ جس ٹرین کو گوجرہ ۴ گھنٹہ میں پہنچنا چاھئے تھا اس کو پہنچنے میں ۶ گھنٹہ لگ جاتے ھیں۔ اس وقت میں نے تو شکریہ ادا کیا تھا کہ آپ نے نیک نیتی سے گاڑی چلائی ھے لیکن اب معلوم ھوا ھے کہ نیک نیتی نہیں تھی ۔ اور جہاں تک ریلوے بجٹ میں ملازموں اور مسافروں کو دی گئی سہولتوں کا تعلق ھے جتنی سہولتیں بتائی گئی ھیں وہ ابھی کاغذات میں بند ھیں۔ جو کوارٹر مہیا کئے گئے ھیں ان میں انسان تو کیا مویشیوں کا رھنا بھی ناموزوں ھے ۔ اور پھر بہت تھوڑے درجہ چہارم کے ملازمین کو کوارٹروں کی سہولتیں دی گئی ھیں۔ علاوہ ازیں میں یہ عرض کرونگا کہ ریلوے کے تمام ملازمین کو ھڑتال کرنے کا کوئی حق نہیں دیا گیا اور اگر کوئی یونین اپنے مطالبات منوانے کے لئے جیسا کہ ایک معزز ممبر نے فرمایا تھا، کوئی مظاھرہ کرتی ھے تو فوراً دفعہ ۴۴۱ کا نفاذ کر دیا جاتا ھے اور اس کے لیڈروں کو جیل میں ٹھونس دیا جائے گا ۔ ابھی پریذیڈنٹ صاحب اپنے سفر کے دوران میں جب وہ کنوینشن مسلم لیگ کے دو آنے ممبر بنے ۔

Mr. Speaker : The member may have his seat, No personal remarks.

Mr. Hamza : It is not personal.

Mr. Speaker : I am not going to allow the member to discuss the President. He should resume his seat.

Khawaja Muhammad Safdar : He is discussing a member of the Convention Muslim League and not the President.

Mr. Speaker : But the time is over. I have already allowed him fifteen minutes instead of ten.

میاں معراج الدین (پارلیمنٹری سیکرٹری)— جناب والا ۔ میں اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ھوں کہ وزیر ریلوے کی خدمت میں مبارکباد پیش

کروں کہ انہوں نے ایک متوازن اور حقیقت پسندانہ بجٹ پیش کیا ہے ۔ میرے خیال میں یہ بجٹ بنیادی طور پر مسافروں کی سہولت اور نچلے درجے کے ملازمین کی فلاح و بہبود کا بجٹ ہے ۔ اور اس امر پر پوری کوشش کی گئی ہے کہ رقوم اُن مدات پر خرچ کی جائیں۔ جن سے عام لوگوں کو فائدہ پہنچ سکے ۔ ترقیاتی سکیموں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے ۔ اور پھر سکھر میں ایک نئے ڈویژن کے قیام کا اہم اضافہ ہوا ہے ۔ جس سے اس علاقے کے لوگوں کو بے حد سہولت میسر ہو گی ۔

ریلوے وزیر صاحب کا یہ اعلان بھی حقیقت پر مبنی ہے کہ بعض علاقوں میں ریلوے کی سہولت محض کار و باری نقطہ نظر سے نہیں دی جاتی ۔ کیونکہ آمدنی کے لحاظ سے یہ علاقے فائدہ مند نہیں ہوتے لیکن محض خدمت خلق کے جذبے کی بناء پر اور اپنے عوام کی سہولتیں مہیا کرنے کی غرض سے، باوجود وہاں خسارہ ہونے کے بھی ریلوں کی خدمات مہیا کی گئی ہیں ۔ ریلوے بجٹ کی تقریر کے صفحہ پانچ سے بھی اور اس بات سے بھی ظاہر ہے کہ کار و باری ادارہ ہونے کے باوجود ریلوے رفاہ عامہ کے کاموں میں دلچسپی لینا اپنا فرض سمجھتی ہے ۔ اور نچلے درجے کے مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانا اس بجٹ کا خاص حصہ ہیں ۔

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : Sir, he is reading a written speech.

میاں معراج الدین— لکھی ہوئی تقریر تو حمزہ صاحب پڑھ رہے تھے۔ یہ تو صرف points ہیں ۔ (اس مرحلے پر مسٹر حمزہ اُٹھ کر کھڑے ہو گئے)

مسٹر سپیکر— حمزہ صاحب ۔ آپ تشریف رکھیں۔ میاں صاحب کو سن لیں ۔

میاں معراج الدین— تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نچلے درجہ کے مسافروں کو سہولتیں دینا اس بجٹ کا ایک خاص حصہ ہے۔ اور اس کا تفصیلی اشارہ صفحہ بیس پر موجود ہے۔ جو کہ اس امر کی شہادت دیتا

ہے کہ ان مسافروں کی سہولت کا کسقدر خیال رکھا گیا ہے ۔ ریلوے ملازمین کو سہولتیں دینا اس بجٹ کا ایک شاندار باب ہے ۔ ان کی تنخواہوں میں اضافہ . . . . .

Major Sultan Ahmad Khan : On a point of order. Sir it is a recognised convention that in Parliamentary affairs, except the Ministers, no one can read a written speech.

Mr. Speaker : I quite agree with Major Sultan Ahmad Khan. The Member cannot read his speech like this. He can only refer to written points, but he can not read it as a speech.

میاں معراج الدین— نہیں جناب ۔ وہ تو کہتے ہیں کہ میں points بھی نہیں دیکھ سکتا ہوں ۔

چودھری سعی محمد— جناب والا۔ آپ ہر ممبر کو یہ ہدایات کر دیں کہ کوئی بھی کاپی سے دیکھکر نہ پڑھے ۔ اب یہی دیکھئے کہ میاں صاحب بھی کاپی دیکھ رہے ہیں۔

مسٹر سپیکر— ممبران points تو کاپی سے دیکھ سکتے ہیں ۔ لیکن باقاعدہ تقریر کوئی بھی نہیں پڑھ سکتا ۔

وزیر ریلوے— جناب والا ۔ فرق صرف اسقدر ہے کہ وہ اٹک اٹک کر پڑھ رہے تھے اور یہ صاف بول رہے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

میاں معراج الدین— یہ نواب زادہ صاحب اور حمزہ صاحب کو برا معلوم ہوا ۔ جب حمزہ صاحب تقریر کر رہے تھے تو میں نے انہیں دو تین مرتبہ point out کیا تھا کہ وہ تقریر پڑھ رہے ہیں۔ تو اس بات سے انہیں رنج ہوا ہے ۔ اس لئے وہ مجھے بھی کہہ رہے ہیں ۔ حالانکہ میں نے تو صرف points ہی لکھے ہوئے ہیں ۔ تقریر نہیں لکھی ہوئی ۔ اور نوابزادہ صاحب کو تو میں کچھ نہیں کہتا ۔ کیونکہ پھر وہ ناراض ہو جائینگے ۔ وہ تو سچے سوتی ہیں اور میں انکی قدر کرتا ہوں ۔

تو جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں اس بجٹ کو کسی لحاظ سے بھی تجارتی اور نفع والا بجٹ نہیں کہہ سکتا ۔ اور اس بجٹ کو پیش کرنے پر مجھے دلی طور پر یہ احساس ہے کہ وزیر متعلقہ مبارکباد کے مستحق ہیں ۔

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ۔م) — جناب والا ۔ جہانتک اس بجٹ کا تعلق ہے ۔ میں اسکے متعلق بعد میں ہی کچھ عرض کرونگا ۔ لیکن جہانتک ریلوے وزیر صاحب کی بجٹ تقریر کا تعلق ہے ، وہ واقعی قابل تعریف ہے۔ کیونکہ وہ ایسی بھول بھلیوں میں پیش کی گئی ہے کہ عوام اسے سمجھنے سے قاصر ہیں ۔ اور جسطرح انکی تقریر بھول بھلیوں سے پر ہوتی ہے ، اسی طرح ان کا پیش کیا ہوا بجٹ بھول بھلیوں سے خالی نہیں ۔ اور وہ اس لئے ہے کہ کوئی بھی آدمی اسے نہ سمجھ سکے ۔ اسلئے یہ کہہ دینا کہ بجٹ قطعی طور پر عوام کی ضروریات کو پورا کرتا ہے ، اور عوام کے مفادات کے لئے ہی بنایا گیا ہے ، اور اس سے عوام کی مشکلات کا حل ہو جائیگا ، غلط ہے لیکن جس علاقے میں میں رہتا ہوں ، اس علاقے کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں یہ کہونگا کہ اس بجٹ کو جو فاضل بجٹ دکھایا گیا ہے۔ یہ بالکل بوگس اور بناوٹی ہے ۔ (خوب ۔ خوب) کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو اس بجٹ کے ذریعے میرے علاقے کی مشکلات ضرور ہی حل ہو جاتیں۔

جناب والا ۔ ۱۹۲۷ء میں نارووال ، چک عمرو ، شکرگڑھ ریلوے لائین بنائی گئی تھی ۔ لیکن ابھی تک وہاں پتھر نہیں ڈلوائے گئے۔ اور وہاں پر اتنی بری طرح گرد اٹھتی ہے کہ انسان کا حلیہ بدل جاتا ہے۔ ریلوے لائین کو بہتر نہیں بنایا گیا ۔ اور وہاں پر جو turn link ہے وہ درست نہیں ہے۔ لاہور چک عمرو لائین غالباً ۷۸/۷۹ میل ہے۔ جس پر کہ میں نے آج ۸ گھنٹوں میں سفر کیا ہے۔ اس سے پہلے بھی کرتا رہا ہوں ۔ اور اکثر و بیشتر مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ آپ اندازہ لگائیں کہ کیا ریلوے کی حالت بہتر ہے یا خراب ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر ریلوے کو انکی بجٹ تقریر پر مبارکباد دیتا ہوں لیکن جہانتک بجٹ کا سوال ہے ، میں مبارکباد دینا باعث شرم سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ وہاں پر ریلوے کی حالت یہ ہے کہ ایک ویگن جسکا نمبر ۶۶۳۳۷ ہے ۱۳ مئی ۱۹۶۳ء میں کوئٹے سے چلی ہے۔ جو کہ شکر گڑھ کے لئے بک ہے اور وہ کوئلے کی ویگن ہے۔ ایک مہینہ کا عرصہ گذر جانے کے باوجود وہ ابھی اپنی منزل پر نہیں پہنچی ۔ آپ خیال فرمائیں کہ کوئلہ نہ پہنچنے پر Kiln کا کام رک جاتا ہے۔ اور بھٹے والے کو بھی مشکلات ہوتی ہیں اور عوام کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ ایک مہینے میں اگر کوئلے کی ویگن کوئٹے سے شکر گڑھ نہیں پہنچ سکتی تو پھر میں کس طرح کہہ سکتا ہوں کہ ریلوے کی حالت درست ہوگئی ہے۔

جناب والا ۔ ریلوے کے Timings کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ جو اوقات اپریل ۱۹۶۰ء میں تھے ، آجکل کے اوقات اس سے بھی زیادہ خراب ہیں۔ یہ میں نہیں کہتا بلکہ یہ عوام کی آواز ہے۔ کہ موجودہ اوقات پہلے کے اوقات سے بھی خراب ہیں ۔ میں نے ایک معزز ریلوے افسر سے ایک دوستانہ گفتگو کے دوران پوچھا کہ یہ Timing کیوں خراب ہو گئی ہیں ۔ اُسنے کہا کہ بات یہ ہے کہ جب وزیر صاحب نے چارج لیا ۔ تو انکی ذہانت اور لیاقت سے ہم یہ سمجھے ہوئے تھے کہ اب سب ٹھیک ہو جائیگا ۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ وہ بہت جلد ریلوے سے خوش ہوگئے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کیسے ۔ تو کہنے لگے ۔ کہ ایک دفعہ وہ ریلوے سٹیشن پر تشریف لائے تو وہاں پر تھرڈ کلاس کی جو ٹٹیاں تھیں وہ گندی تھیں ۔ تو وہ کچھ ناراض ہوئے ۔ اور دوسری مرتبہ جب وہ آئے ۔ تو ہم نے اُن ٹٹیوں کو Flush System میں تبدیل کر دیا تھا ۔ اس سے وہ بہت خوش ہوئے ۔ تو عرض یہ ہے کہ وہ صرف ٹٹیاں دیکھ کر ہی خوش ہو جاتے ہیں۔ صرف ٹٹیاں دیکھکر نہ خوش ہوا کریں ۔ یہ دیکھیں کہ کہاں تک عوام کی مشکلات حل ہوئی ہیں ۔

جہانتک واچ اینڈ وارڈ کے عملے کا سوال ہے۔ اسکی حالت اسقدر خراب ہے کہ اسکو تفصیل کے ساتھ بیان کرنے میں کافی وقت درکار ہوگا ۔ یہ صرف میں ہی نہیں کہتا ۔ بلکہ میرے خیال میں خود موجودہ کیبینٹ بھی اس سے

متاثر ہے۔ اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ اگر آپ واچ اینڈ وارڈ کے عملے کو درست کر دیں تو میں یہ دعویٰ کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آپکو موجودہ بجٹ میں دکھائے ہوئے فائدے سے دگنا فائدہ ہوگا۔ واچ اینڈ وارڈ کا محکمہ ایسا ہے جو ریلوے کو نقصان دے رہا ہے۔ گو کہ وہ اکیلا نہیں ہے۔ اسکے ساتھ پولیس بھی ملی ہوئی ہے۔ اسکے علاوہ ریلوے کے ذریعے جو مال بک ہو کر ایک جگہ سے دوسری جگہ ارسال کیا جاتا ہے، اس میں سے کافی مقدار میں مال بیوپاریوں کو نہیں ملتا۔ اور اس مال میں عموماً چوریاں ہوتی رہتی ہیں۔ اس دن میں مال روڈ پر ایچ۔ ایم۔ حیات اینڈ سنز کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ انکا ایک پارسل کراچی سے آیا۔ اسمیں foreign lengths تھیں۔ اسمیں سے تین lengths چوری ہو گئیں۔ ایک ایک length ۵۰۰ سو یا ہزار روپے کی ہوتی ہے۔ اسطرح تقریباً ۲/۳ ہزار روپے کا مال چوری ہوگیا۔ تو اب وہ کیسے مال ریلوے کے ذریعہ بک کرائیں گے۔ ان ہی وجہ سے عوام مال کو ٹرک پر لیجاتے ہیں۔ اسلئے عرض کرتا ہوں کہ ریلوے کے افسر اگر ٹھیک ہوں تو ریلوے کے محکمے کی کار روائی خود ٹھیک ہو جائے گی۔

صاحب صدر۔ ایک مرتبہ نارووال سٹیشن پر ایک لیڈی آئی۔ اسنے Ladies Compartment کھولنے کیلئے کہا۔ Compartment میں تالا پڑا ہوا تھا۔ چابی Watch and Ward Officer کے پاس تھی۔ اس لیڈی نے Watch and Ward Officer سے دروازہ کھولنے کیلئے کہا۔ اسنے کہا میری یہ ڈیوٹی نہیں ہے۔ میں وہاں موجود تھا۔ میں نے ان سے کہا جناب آپ کے پاس چابی ہے آپ دروازہ کھولدیجئے۔ اسنے پھر کہا کہ میری یہ ڈیوٹی نہیں ہے۔ میں اُن اشخاص میں سے ایک کو پکڑ کر سٹیشن ماسٹر کے پاس لے گیا۔ اس وقت وہاں پر اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر تھا۔ میں نے تمام ماجرا اُن کی خدمت میں عرض کیا۔ لیکن اُنہوں نے فرمایا کہ آپ شکایت لکھ دیں ہم اوپر بھیج دینگے۔ ہم تو صرف اتنا ہی کر سکتے ہیں اس سے زائد اختیارات نہیں ہیں۔ پہلے سٹیشن ماسٹروں کو اپنے سبارڈینیٹ کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار تھا، اب وہ نہیں رہا۔ سبارڈینیٹ اوپر افسروں کو کچھ نذرانہ دے

دیتے ہیں سٹیشن ماسٹر کچھ نہیں کر سکتا اور سبارڈینیٹ جو چاہے کریں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ اسی وجہ سے بد عنوانیاں بڑھ رہی ہیں۔ اس میری رپورٹ کا آج تک کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ جہاں تک Main لائین کا تعلق ہے اسپر جو کچھ اعتراض کیا گیا ہے وہ درست ہے ۔ لیکن آپ نے اس پر نظر نہیں ڈالی کہ برانچ لائین پر کیا حال ہے ۔ میں جناب سنجرانی صاحب کو داد دیتا ہوں اور انکا مشکور ہوں کہ انہوں نے زحمت گوارا کرکے ہمارے علاقہ کا دورہ کیا اور ہمارے حالات دیکھے اور وہ وہاں کے حالات دیکھکر بہت متاثر ہوئے ۔ اسلئے میں جناب ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ ہمارے حالات کو مد نظر رکھیں ۔ ہاں میں یہ بات بھی عرض کر دوں کہ آپ ٹرینوں کے ٹائم Fix کریں تاکہ عوام میں ریلوے ٹائم ٹیبل کی وجہ سے جو بد دلی پھیلی ہوئی ہے دور ہو جائے ۔ یہ میں لاہور ۔ نارووال اور چک عمرو ۔ سیالکوٹ کے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔ ان حالات میں میری یہ بھی عرض ہے کہ یہ میری گذارشات goods store میں نہ دھری رہیں ۔

اب میری گذارش بھرتی کے متعلق ہے ۔ ایک شخص نے لوکو شیڈ میں بھرتی کیلئے Apply کیا جس پر آپ کا بھی نوٹ ہے۔ لیکن ایک سال تک اسکو تاریخیں ملتی رہیں آج اور کل ہوتا رہا ۔ لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اس کو کس وجہ سے بھرتی نہیں کیا جا رہا کہ آیا اسکا قد اتنا نہیں ہے کہ بھرتی ہو سکے یا Qualification نہیں ہے جس وجہ سے بھرتی نہیں ہو سکا یا وہ تحصیل شکر گڑھ کا لڑکا ہے۔ لیکن میں عرض کرونگا کہ اسکے بعد سینکڑوں آدمی بھرتی ہوئے اور وہ کیوں نہیں بھرتی ہوا ۔ اس کی صرف یہی وجہ ہو سکتی ہے۔ صرف بد دیانتی ۔

حضور والا ۔ اب گذارش یہ ہے کہ سٹیشنوں پر جو کھانے کے ہوٹلوں اور پینے کے پانی کا انتظام ہے ان پر خاص خاص اپنے ٹھیکیدار لگائے ہوئے ہیں اور انہوں نے Monopoly کر رکھی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ سسٹم ختم ہونا چاہئے اور اسکے لئے باقاعدہ لائسنس دینا چاہئے ۔ جسکو وہ چاہتے

ھیں اچھا کھانا دیتے ھیں اور جسکو وہ چاھتے ھیں اچھا کھانا نہیں دیتے ۔ لہذا میری گذارش ھے کہ اسکا ضروری خیال رکھا جائے ۔ اور Monopoly کو دور کیا جائے ۔ بذریعہ ٹنڈر یا لائسنس انتظام کیا جائے ۔

میاں محمد اکبر (گجرات-۱)— جناب والا ۔ محترم وزیر ریلوے نے آئندہ سال کا میزانیہ پیش کرتے ھوئے اپنی تقریر میں دو المناک سانحات کا ذکر فرمایا جو ھمیں حال ھی میں در پیش آئے ۔ مجھے ان سانحات کیوجہ سے وزیر صاحب سے پوری پوری ھمدردی ھے لیکن وہ میرے سانحے کا ذکر کرنا بھول گئے جو اس ایوان میں پیش آیا ۔ میری مراد اس بے مقصد اور بیکار بجٹ سے ھے جو وزیر ریلوے نے انتہائی طمطراق کیساتھ اس ایوان میں پیش کرنے کی جسارت کی ۔ اگر جناب والا ۔ بجٹ کے محاسبہ کو صرف اعداد و شمار تک محدود کیا جائے تو اس بجٹ میں مرعوب کرنے کے مواقع ضرور ھیں لیکن اگر حق پسندانہ تجزیہ کیا جائے تو یہ بجٹ محض ایک کھوکھلا ڈھانچہ ھے جسمیں مقصدیت اور افادیت یکسر موجود نہیں ھے ۔

جناب والا ۔ بجٹ پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ھوتا ھے کہ سال رواں کے دوران ordinary working expenses کیلئے کل رقم ۳۰ کروڑ ۹۰ لاکھ روپے رکھی گئی ھے جو سال کے دوران بڑھتے بڑھتے نظر ثانی کے بعد ۳۲ کروڑ ۹۰ لاکھ روپے ھوگی ۔ گویا کہ اس ایک مد کے تحت ایک سال میں ۶ فیصدی کا اضافہ ھوگیا ۔ آئندہ سال اس مد میں موجودہ نظر ثانی شدہ تخمینہ سے ایک کروڑ اکسٹھ لاکھ روپیہ provide کیا گیا جس کے لئے آج یہ چیز پیش کی گئی کہ پے کمیشن کی سفارشات آنے کے بعد ھمیں ملازمین کو زیادہ تنخواھیں دینی پڑیں، اس وجہ سے ھمارے خرچ بڑھ گئے اور دوسری وجہ یہ پیش کی گئی کہ additional operational activities ھونے کیوجہ سے خرچ بڑھ گیا ھے ۔ تو جناب والا ۔ میں پے کمیشن کی سفارشات سے پیشتر چند گذارشات عرض کروں گا ۔ جہاں تک پے کمیشن کی سفارشات کا تعلق ھے انکا بھرم پی ڈبلیو آر یونین نے کھول دیا ھے ۔ پی ڈبلیو آر یونین نے نئے سکیلوں کو قطعاً منظور نہیں کیا اور وہ نئے سکیلوں کے خلاف agitation کر رھے ھیں ۔

انہوں نے حساب لگایا ہے اندازہ کیا ہے کہ نئے سکیلوں کے تحت انہیں تنخواہ میں ایک پیسے کا اضافہ نہیں ملا اس لئے انہوں نے سرے ہی سے نئے پے کمیشن کے سکیلز کو مسترد کر دیا ہے۔ جناب والا۔ یہ ضروری خرچہ یہ working expenditure میرا خیال ہے کہ اس محکمہ کے افسران کی روز افزوں بھرتی کی وجہ سے ہوا ہے۔ اگر محکمہ ریلوے کو دیکھا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ یہ ایک آفیسر کلب معلوم ہوتا ہے۔ جہاں ہر طرف افسر ہی افسر آپکو نظر آئیں گے۔ اس ضمن میں ریلوے بورڈ کے متعلق میں اپنی چند گذارشات جناب کے گوش گذار کرتا ہوں۔ بر صغیر ہند و پاکستان کی تقسیم سے پہلے متحدہ ہند میں بیس ریلویز تھیں جنکو ایک ریلوے بورڈ کنٹرول کرتا تھا۔ supervision اور co-ordination کے لئے متحدہ ہندوستان میں صرف ایک ریلوے بورڈ ہوا کرتا تھا۔ تقسیم ملک کے بعد ہمارے حصے میں دو ریلیں آئیں ایک P. W. R. اور ایک Pakistan Eastern Railway اور یہ بھی دونوں پوری پوری ہمارے حصے میں نہیں آئیں۔ انکا کافی حصہ بھارت کو چلا گیا۔ تو اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے ہماری مرکزی حکومت نے ریلوے بورڈ کے قیام کو مناسب نہ سمجھا اور شروع شروع میں مرکزی حکومت نے Railway Division قائم کی جو ایک سیکرٹری کے ماتحت کام کرتی تھی۔ لیکن جب مارشل لا کا زمانہ تھا تو ریلوے بورڈ کی سوغات ہمارے ماتھے منڈھ دی گئی اور Railway Division کو Railway Board میں تبدیل کر دیا گیا۔ اسوقت بھی اسکی Formation کے کئی معنی ہو سکتے تھے۔ کیونکہ ملک کے دو حصوں میں ریلیں تھیں ایک تھی مغربی حصے میں اور ایک تھی مشرقی حصے میں۔ لیکن یہ ریلوے کا محکمہ صوبائی حکومت کی تحویل میں آ جانے کے بعد ریلوے بورڈ کا قیام عمل میں آیا یہ سرا سر بوالعجبی ہے جبکہ پی ڈبلیو آر کے جنرل مینیجر اور انکا تمام عملہ بنفس نفیس موجود ہیں اور مرکز میں بھی کافی افسران جو پہلے تھے ابھی تک موجود ہیں۔ مثال کے طور پر انسپکٹرز ریلوے۔ ڈائریکٹرز ڈپٹی ڈائریکٹرز اپنے عہدوں پر دندنا رہے ہیں۔ تو یہ ریلوے بورڈ کا سفید ہاتھی ہمارے صوبہ میں کیوں باندھ دیا گیا ہے۔ یہ بورڈ چلانے کے لئے تمام طریقے اختیار کئے گئے ہیں۔ جناب والا۔ دوسری بات جو انہوں نے کی ہے یہ ہے کہ operational activities بڑھ گئیں ہیں۔

مگر جناب کسی کاروباری ادارہ کی جب operational activities بڑھتی ہیں تو لازمی طور پر آمدنی بھی بڑھنی چاہئے - تو اس ضمن میں جناب والا۔ میں گذارش کروں گا کہ سال کے دوران میں ، سال رواں میں Ordinary Expenses کی مجموعی آمدنی سے نسبت ۶۷ء۸ ہے۔ لیکن اگلے سال کے بجٹ میں یہ خرچ بڑھ گیا اور اسکی مجموعی آمدنی سے نسبت بڑھ کر ۶۹ء۳ ہو گئی ہے۔ میں یہ پوچھتا ہوں جناب والا ۔ یہ کیسے ہوا ۔ operational activities کیسا کاروبار ہے جس میں خرچ آمدنی سے بڑھ جاتا ہے۔ ہونا یہ چاہئے تھا کہ خرچ آمدنی سے کم ہو۔ اگر ان تمام باتوں کو analyse کیا جائے تو میری سمجھ میں یہ بات آتی ہے اور یہ معلوم ہوگا کہ ان افسران کی روز افزوں بھرتی سے محکمہ کا خرچ دن بدن بڑھ رہا ہے۔ اور جناب والا ۔ میں آپکی خدمت میں facts and figures پیش کرتا ہوں کہ partition سے پہلے سن ۴۶ میں N.W.R. کی وسعت ہمارے P.W.R. سے کتنی زیادہ تھی ۔ اسوقت دہلی اور فیروز پور کے ڈویژن اس میں شامل تھے ۔ میں منسٹر ریلوے کو چیلنج کرتا ہوں اور دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اُسوقت کے ریلوے افسروں کی تعداد اسوقت P.W.R. کے افسروں کی تعداد سے بہت کم تھی ۔ میں اندازہ کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اس وقت P.W.R. کے افسروں کی تعداد سن ۴۶ کے افسروں کی تعداد سے ڈھائی گنا ہے۔ یعنی دو سو پچاس فیصد ہے ۔ جناب والا ۔ اگر وزیر ریلوے صاحب کو میرے بیان میں شک معلوم ہوتا ہو تو فرمائیں۔ میں چیلنج کرتا ہوں ۔ سن ۴۶ کے اعداد و شمار افسروں کے متعلق اور موجودہ اعداد و شمار اس ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

وزیر ریلوے — ذرا اپنے بیان کی تائید میں کچھ اعداد و شمار آپ بھی پیش کریں ۔ آپ چیلنج کس بنا پر کرتے ہیں ۔

میاں محمد اکبر — میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ سن ۴۶ کے افسران کی تعداد سے اُس وقت کی تعداد سے ڈھائی گنا زیادہ ہے ۔ میرے یہ facts and figures ہیں آپ اُن کو چیلنج کریں ۔ مزید برآں ریلوے منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں ریلوے Reserve Fund کا ذکر کیا اور جیسا کہ آپ جانتے

ہیں کہ اس فنڈ میں ہمارے حصے کی بہت سی رقم مرکز کے پاس باقی ہے۔ جیسا کہ وزیر صاحب نے دو کروڑ روپے کا Surplus دکھایا۔ میرے خیال میں محض اس لئے بجٹ کو Surplus دکھایا کہ بقایا رقم کو بڑھا کر دکھا دیں مگر اس سلسلہ میں آپ کیا کر رہے ہیں کیا آپ نے Centre سے مطالبہ کیا کہ آپ کے حصہ کی رقم آپ کو واپس کر دیں۔ اگر کیا ہے تو آپ نے اس معاملہ میں کیا جد و جہد کی ہے۔ جناب والا۔ اگر اس بجٹ کے ترقیاتی پروگراموں پر نظر دوڑائیں تو وہاں بھی Planning اور دور اندیشی کا بالکل فقدان ہے۔ PWR پر عام طور پر traffic بڑھ گئی ہے اور مزید traffic کے بڑھ جانے کے امکان ہیں۔ تو اس صورت میں لازمی امر یہ تھا کہ mainline پر track کو double کر دیا جائے لیکن اس کے برعکس ہمیں یہ سنایا گیا کہ لالہ موسیٰ سے لے کر کراچی تک کی اگلی پٹڑی جو ہے اس کو اکھاڑ کر ۹۰ پونڈ کی بجائے ۱۰۰ پونڈ پٹڑی بچھائی ہے تاکہ گاڑیاں مزید تیز رفتاری کے ساتھ چل سکیں۔ میرے خیال میں یہ چاہئے تھا کہ کروڑوں کی صورت میں ہم روپیہ خرچ کر رہے ہیں ان پٹڑیوں کے بچھانے کی صورت میں اور بدلانے کی صورت میں تو کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ تھوڑا سا مزید خرچ اس میں کر کے ہم اپنے track کو double کر لیتے۔ کیوں کہ اگر اس بات کا احساس ہم نہیں کر رہے تو چند سالوں کے بعد لازمی طور پر ہمیں ان tracks کو double کرنا ہوگا۔ اس وقت ہمیں اس غلطی کا شدت سے احساس ہوگا۔ جناب والا۔ مزید برآں Planning اور دور اندیشی کا فقدان ہے اس کی مثال میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ بھارت کے ساتھ ہمارے تعلقات کشیدہ ہیں اور ان کی وجہ سے یہ چاہئے تھا کہ ہم اپنی ریلوے کو دفاعی نکتہ نگاہ سے بھی دیکھتے۔ جیسا کہ معزز ایوان کو علم ہوگا کہ خانپور جنکشن سے روہڑی جنکشن تک ہماری mainline بھارت کے بارڈر کے ساتھ ساتھ چلتی ہے اور بعض مقامات بالکل بارڈر کے نزدیک ہیں۔ اور میرا خیال ہے کہ تمام سیکشن خانپور سے روہڑی تک دشمنوں کی توپوں کی زد میں ہے۔ تو خدا نخواستہ اگر حالات مزید خراب ہو جائیں تو ہمارے لئے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہیں کہ ہم اپنی لائین بند کر دیں۔ اور بجائے اس کے ہم فضول خرچی کریں ہمارا اولین اقدام یہ ہونا چاہئے تھا کہ Defence point of

view کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم خانپور سے روہڑی تک alternate route تلاش کرتے اور اس روٹ پر ہم اپنی لائین بچھاتے تاکہ خدانخواستہ اگر کوئی ایسی صورت حال پیدا ہو جائے تو ہماری لائینیں اور ریلیں چلتی رہیں اور کھڑی نہ ہو جائیں۔

اس کے بعد جناب والا۔ میں وزیر ریلوے صاحب کی تقریر کے اس حصے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں موصوف نے یہ فرمایا ہے کہ انہوں نے کمال مہربانی سے لاہور ریلوے سٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر ۱ کو اپنی ذاتی توجہ کے تحت مرمت کروایا ہے۔ وہاں shelter بنوائے ہیں اور اسکی نوک پلک سنواری ہے۔ میں اس ضمن میں یہ تو نہیں کہتا کہ پلیٹ فارم بھارت کو جانے والے یو۔ پی کے آدمیوں کے جانے کیلئے اور آنے کیلئے بنایا گیا ہے۔ لیکن جناب والا۔ یہ گذارش ضرور کروں گا کہ جہاں آپ نے پلیٹ فارم نمبر ۱ کی طرف توجہ فرمائی تھی تو وہاں سٹیشن کے دوسرے شعبوں کی طرف بھی دیکھ لیتے۔

Partition سے پہلے جناب والا۔ لاہور ریلوے سٹیشن پر روزانہ کل ۹۴ گاڑیاں آتی تھیں اور جاتی تھیں لیکن اس وقت جناب والا۔ حالت یہ ہے کہ ریلوے سٹاف ۱۴۶ گاڑیاں handle کر رہا ہے۔ لیکن پلیٹ فارموں کی تعداد جو ہے وہ بالکل Pre-partition جتنی ہے اس میں ایک بھی پلیٹ فارم کا اضافہ نہیں کیا گیا۔ کیا یہ بہتر نہیں تھا کہ پلیٹ فارم میں اضافہ کیا جاتا اور ہماری trains جو لیٹ ہو جاتی ہیں یا باہر کھڑی رہتی ہیں وہ وقت پر آ سکتیں۔

میر حاجی محمد بخش تالپور (تھرپارکر۔۲)— صاحب صدر۔ میں جناب وزیر ریلوے کو مشروط مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اس وقت ریلوے کے بجٹ میں ہمارے ریجن کیلئے خصوصاً حیدر آباد ڈویژن کیلئے کوئی خاص سکیم اور خاص بات نہیں رکھی گئی۔ جہاں تک ریلوے لائن نئی بچھانے کا یا اس کو بڑھانے کا سوال ہے اس میں میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے منسٹر صاحب کو غلط مشورے دئیے گئے ہیں اور جو بات بتائی گئی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ اس میں ایک آئٹم یہ بھی ہے کہ میرپور خاص

سے حیدر آباد تک بڑی لائن بچھائی جائے گی اور اسکے خرچ کے تخمینہ کا اندازہ اڑھائی کروڑ ہے۔ لیکن اس کے لئے دو لاکھ کی بڑی رقم اس سال میں رکھی گئی ہے تاکہ اس لائن کو شروع کیا جائے۔ اگر جناب والا۔ یہی رفتار رہی تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی ۱۰۰ سال میں یہ لائن بن جائے گی۔ جناب والا۔ ان باتوں کی کیا مبارک باد دیں اور کیا منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کریں۔

اسکے بعد ایک اہم بات ہے وہ یہ ہے کہ میں بارڈر کے علاقے کا رہنے والا ہوں اور مجھے پتہ ہے کہ ہمارے سارے بارڈر پر انڈیا والوں نے ریلوے لائن بچھا دی ہے اور وہ کسی وقت بھی ادھر پہنچ سکتے ہیں۔ لیکن ہمارا یہ حال ہے اور خاص طور پر سندھ کے علاقے میں ہے۔ بارڈر کے ساتھ ساتھ ہماری لائن تقریباً سو یا ایک سو پچاس میل تک جاتی ہے۔ خدانخواستہ اگر کوئی ایسی ویسی بات ہو گئی تو ہمارے لئے مشکل ہو جائے گی کہ ہم اپنی فوج ادھر پہنچا سکیں۔ اس لحاظ سے بھی ہمیں ریلوے لائن کی بڑی ضرورت ہے اور ڈیفنس کے پوائنٹ سے بھی یہ بڑی ضروری ہے۔ اس لائن کے لئے سن ۱۹۴۵-۴۶ میں سروے مکمل ہو گیا تھا اور عنقریب لائن بچھائے جانے والی تھی کہ پاکستان بن گیا۔ اب میں منسٹر صاحب سے عرض کروں گا کہ یہ لائن بڑی ضروری ہے اور اس کیلئے ڈویژنل کونسل نے بھی ایک ریزولیوشن پاس کیا ہے۔ مہربانی فرما کر آپ اس طرف توجہ دیں۔

صاحب سپیکر۔ ایک اور عرض یہ ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ٹرکوں سے competition نہیں کر سکتے ہیں۔ جہاں تک ہمارے علاقے کا تعلق ہے میں نے دیکھا ہے اور حالت یہ ہے کہ جب cotton season آتا ہے تو اس وقت ریلوے افسران کی، خاص طور پر جو operating officer ہیں، عید ہو جاتی ہے اور ان کا بڑا season ہوتا ہے۔ وہ ویگن الاٹ کرتے ہیں اور اس میں بڑا گپلا چلتا ہے۔ ان کو سیزن میں کوئی ایک ڈیڑھ لاکھ کی آمدنی ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے بڑی تکالیف ہوتی ہیں۔ اس لئے لوگ ٹرک استعمال کرتے ہیں اور ریلوے کو استعمال نہیں کرتے۔ میں یہ عرض کروں

گا کہ آپ اپنے عملہ کو بھی دیکھیں اور انہیں ہدایات دیں کہ وہ اس طریقہ سے ریلوے کو نہ چلائیں کہ وہ competition میں نہ آ سکے ۔

اسکے بعد منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا ہے کہ یہ ریلوے کراسنگ کی بڑی تکلیف ہے ۔ حیدر آباد میں ہم یہ کر رہے ہیں وہ کر رہے ہیں ۔ لیکن منسٹر صاحب کو یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ جنرل مینجر صاحب نے دیکھا ہے کہ حقیقتاً میرپور خاص میں بھی ریلوے کراسنگ کی بڑی تکلیف ہے اس کے لئے بجٹ میں کچھ نہیں رکھا گیا ۔ اور اس کے بعد نئی ریلوے لائن کے متعلق گذارش تھی کہ ہمارے ہاں پھتورو سے کھپرو اور سانگڑ تک لائن بچھانے کا پروگرام تھا اس کو بھی نظر انداز کر دیا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ براہ مہربانی ہمارے ریجن اور خصوصاً حیدر آباد ڈویژن کے ساتھ جو ریلوے بجٹ میں ناانصافی کی گئی ہے اس کی درستی فرمائیں ۔ جو پروگرام ہوں یا جن کا سروے ہو چکا ہے اس کی طرف جلد توجہ دیں تاکہ لوگوں کی تکالیف میں کمی واقع ہو ۔ اسکے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

راجہ محمد اشرف (راولپنڈی-۳)— صدر محترم ۔ قومی نوعیت کے عام مسائل پر تنقید کا مقصد اصلاح احوال ہوتا ہے اور اسے اسی light میں لینا چاہئے ۔ میں ریلوے کے ادارے کے متعلق کوئی general remarks یا الزامات پیش نہیں کرنا چاہتا بلکہ میں چند ایک وہ واقعات پیش کرنا چاہتا ہوں جو خود مجھے پیش آئے ہیں ۔ ان سے آپ اندازکرلیں گے کہ ریلوے میں پچھلے سال سے ترقی ہوئی ہے یا تنزل واقع ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ میں اسی مالی سال میں سرگودھا لائلپور لائن پر سفر کر رہا تھا ۔ میں نے ایک چھوٹے سے سٹیشن سے جو کہ لائل پور سرگودھا کے درمیان ہے، راولپنڈی جانا تھا ۔ جب میں سٹیشن پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ سٹیشن ماسٹر صاحب وہاں نہیں ہے اور ایک کانٹے والا ہے جسکے پاس چند ٹکٹ تھے اور وہ لوگوں کو ٹکٹیں دے رہا تھا ۔

ایک ممبر — آپ اس سٹیشن کا نام بتا دیں ۔

راجہ محمد اشرف خاں— وہ جب پوچھیں گے میں بتا دوں گا ۔ چونکہ راولپنڈی کا ٹکٹ اسکے پاس موجود نہیں تھا ۔ اس نے کہا کہ میں آپ کو صرف سرگودھا تک کا سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ دے سکتا ہوں ۔ مجبوراً وہ ٹکٹ مجھے لینا پڑا ۔ میں نے اس سے پوچھا کہ سٹیشن ماسٹر کہاں ہوتے ہیں ۔ وہ کہنے لگا وہ روز سرگودھا چلے جاتے ہیں ۔ اور جناب ایکسپریس سے واپس آئیں گے جو کہ پسنجر گاڑی سے پہلے آتی ہے اور وہ سٹیشن پر کھڑی نہیں ہوتی تھی وہ دوسرے سٹیشن سے گاڑی سے سوار ہو کر آئیں گے ۔ جس گاڑی پر میں نے سوار ہونا تھا وہ کوئی ایک منٹ کھڑی ہوتی ہے ۔ اس لئے وہ اس کے لئے ٹکٹ نہیں دے سکتے ۔ ہم انتظار کر رہے تھے کہ اتنے میں جناب ایکسپریس آ گئی ۔ سٹیشن ماسٹر صاحب بجائے اسکے کہیں چھپے ہوئے بیٹھے ہوتے وہ باہر کھڑے سب مسافروں کو اور کانٹے والے کو بھی سلام کر رہے تھے ۔ جب میں گاڑی میں بیٹھا پہلے ایک سٹیشن پر پہنچا پھر دوسرا آ گیا ۔ وہاں دس پندرہ آدمی اور اس ڈبہ میں آ داخل ہوئے ۔ میں حیران تھا کہ اس لائن پر سیکنڈ کلاس میں اتنا رش ہوتا ہے ۔ میں نے ان سے پوچھا ۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت تلاش کیا ہے اس گاڑی کے ساتھ انٹر کلاس کا کوئی ڈبہ نہیں ہے ۔ بہر حال جب گاڑی تیسرے سٹیشن پر پہنچی تو وہ سیکنڈ کلاس کا ڈبہ جس میں نو دس آدمی کے بیٹھنے کی جگہ تھی وہاں ۳۰—۳۰ آدمی اور آ گئے ۔ وجہ یہ تھی کہ ان کے پاس بھی انٹر کلاس کے ٹکٹ تھے اور گاڑی کے ساتھ انٹر کلاس کا ڈبہ نہیں تھا ۔ اتنے میں T.T.E. صاحب آ گئے اور انہوں نے کہا کہ آپ سیکنڈ کلاس میں سفر کر رہے ہیں اس لئے زیادہ کرایہ دیں اور ٹکٹ لیں ۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مجبوراً سفر کیا ہے کیونکہ اس گاڑی کے ساتھ انٹر کلاس کا ڈبہ نہیں ہے ۔ اس نے کہا میں اس کا ذمہ دار نہیں ہوں ۔ انہوں نے بہتیری منت کی کہ آپ کسی تھرڈ کلاس کو انٹر کلاس بنا دیں مگر اس نے ایک نہ مانی اور ان سے کرایہ چارج کر لیا ۔

اس بعد جناب میں پابندی اوقات کے بارے میں عرض کرونگا ۔ گذشتہ ماہ میں سرگودھا سے لائل پور بذریعہ ریل کار آیا ۔ ریلوے سٹیشن پر معلوم ہوا کوئی گاڑی نہیں آئی ہے ۔ ریل کار کے لئے آدھا گھنٹہ باقی ہے ۔ آدھے گھنٹے

کے بعد معلوم ہوا کہ مزید آدھا گھنٹہ ریل کار لیٹ ہے۔ پھر معلوم ہوا ایک گھنٹہ لیٹ ہے۔ غرضیکہ ریل کار چار گھنٹے لیٹ آئی اور ساڑھے نو کے بجائے ہم ڈیڑھ بجے لاہور پہنچے۔

خوراک کے متعلق وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ یہ ٹھیک ہو جائے گی۔ اس سال میں نے کراچی سے حیدرآباد سفر کیا۔ مجھے میرپور خاص جانا تھا۔ کھانا میں نے وہیں حیدرآباد سٹیشن پر کھایا۔ پانچ منٹ بعد پیٹ میں درد شروع ہو گیا (قہقہہ) اور ریلوے ڈاکٹر صاحب تین گھنٹے کے بعد تشریف لائے۔ انہوں نے تشخیص کی کہ Food poisoning ہوا ہے۔ میں چار گھنٹے ہسپتال میں رہا۔ یہ تو ہے خوراک کی حالت اس سے اندازہ کیجئے کہ ریلوے نے پچھلے سال ترقی کی ہے یا اس کی کارکردگی میں تنزل واقع ہوا ہے۔ وزیر ریلوے اس کو مانتے ہیں کہ rush زیادہ ہے۔ میں مشورہ دونگا کہ ایسی تدابیر اختیار کی جائیں کہ rush کم ہو اور لوگ سہولت سے اپنا سفر طے کر سکیں۔

راؤ خورشید علی خاں (منٹگمری - ۳) جناب صدر۔ یہ تو نہیں کہنا چاہئے کہ اس ریلوے بجٹ میں کوئی بھی اچھی بات نہیں ہے لیکن اس وقت پانچ دس منٹ اس پر تقریر کرنے کے لئے ملے ہیں بہتر یہ ہوگا کہ کچھ خرابیوں کی نشان دھی کیجائے تاکہ متعلقہ وزیر صاحب ان خامیوں کو درست کر سکیں۔

اس سلسلے میں پہلی بات یہ ہے کہ اس ادارے کے دو بڑے جزو ہیں ایک Capital اور دوسرا Labour۔ اس بجٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس ادارے میں جو ایک بڑا labour sector ہے اس کی طرف اتنی توجہ نہیں دی گئی ہے جس کا یہ مستحق ہے۔ اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ یہ کروڑوں اور اربوں کا جو ہمارا ادارہ ہے اگر labour کو اس میں سے نکال لیا جائے تو ظاہر ہے کہ ہمارا Capital اور ساز و سامان اور مشینیں بیکار ہو جائینگی۔ مجھے بڑا افسوس ہے اس کا کہ labour جس کا کردار اتنی بڑی اہمیت کا حامل ہے، اس کے لئے جتنا کرنا چاہئے تھا اس کا عشر عشیر بھی نہیں کیا گیا۔ حالت یہ ہے کہ ایک طرف "working expenses" میں

۳۲ کروڑ ۳۲ لاکھ کی رقم صرف ہوئی ہے اور labour کے لئے صرف ۷۰ لاکھ روپیہ اس میں رکھے گئے ہیں۔ میں وزیر متعلقہ سے عرض کرونگا کہ labour اتنا اہم چیز ہے کہ اگر وہ اپنے فرائض منصبی اچھی طرح ادا نہ کرے تو ان کے ادارہ کی تمام کار روائی معطل ہو کر رہ جائے۔ اس کے علاوہ یہ عجیب بات ہے کہ ہم روپیہ اور کیپٹل اور مشینوں کی حفاظت کرنے اور تعمیراتی کاموں کی دیکھ بھال کے لئے کروڑوں اور اربوں روپیہ خرچ کرتے ہیں مگر انسان اور مزدور کے لئے ہم صرف چند لاکھ صرف کرتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے کہ ایک گھوڑی کو پالنے کے لئے تو ایک مربع عطا کیا جاتا ہے لیکن ایک انسان کو صرف ایک کیلا پر ٹہلا دیا جاتا ہے۔ یہ اشرف المخلوقات کی منزلت ہو رہی ہے کیوں کہ یہ مفت دستیاب ہو جاتا ہے۔ اگر مشین لینا یا ساز و سامان خریدنا ہوتا ہے تو ہمیں کھرسے خرچہ کرنا پڑتا ہے۔ انسان کو چونکہ اللہ تعالیٰ پیدا کر دیتا ہے اس لئے کم توجہ ہوتی ہے۔ میں عبدالوحید خان صاحب سے عرض کرونگا کہ وہ خود ماشاءاللہ ہوشمند انسان کی طرح سوچ سکتے ہیں کہ انسان کے ساتھ جو شرمناک سلوک ہوا ہے اس کے مقابلے میں اشیا کی نگہداشت پر کروڑھا روپیہ صرف ہوا ہے اور انسان جو سب سے بڑی اہمیت کی چیز ہے اس کا کوئی خیال نہیں کیا گیا۔ کسی کو ان کی رہائش کا خیال نہیں ہے اور نہ کوئی ان کی خوراک اور تعلیمی سہولتوں کی طرف توجہ دیتا ہے۔ اس کے علاوہ میں عرض کرونگا کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ جلد سے جلد اور تھوڑے سے تھوڑے عرصے میں اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہونا چاہیئے۔ ہم مشین اور خام مال تک دوسرے ممالک سے منگواتے ہیں۔ بھارت اور چین کی جنگ کے نتیجہ میں جس صورت حال سے ہم دو چار ہو چکے ہیں وہ ہمارے سامنے ہے کسی وقت اس قسم کی مزید پیچیدگی پیدا ہو سکتی ہے جو پریشان کن ہو۔ جب مشنیں اور خام مال تک ہم غیر ممالک سے منگواتے ہیں اگر وہ ممالک ہمیں مشینیں اور خام مال دینا بند کر دیں تو ریلوے کا عظیم ادارہ عضو معطل بن کر رہ جائے گا۔ سولہ سال گذرنے کے بعد بھی اگر ہم ایسا نہ کر سکیں تو افسوناک امر ہے۔ ابھی تک آپ دوسروں کے دست نگر ہیں۔ اس کے علاوہ تیسری بات یہ ہے کہ اس کو کاروباری ادارہ کہا گیا ہے۔ ہمیں اس سے اختلاف ہے۔ اس کو محض کاروباری ادارہ نہیں بننا چاہئے بلکہ اس کو

ایسا ادارہ بنانا چاہئے جو اس ملک کی بنیادی ضروریات سفر کو ہر ممکن طور پر پورا کرے اور ملک اور اہل ملک کی خدمت کا ذریعہ بن سکے۔

میر یوسف علی خاں مگسی— یہ جو معزز ممبر نے سات ارب روپیہ کا ذکر کیا ہے وہ کیا ہے کہاں سے آیا ہے اور کس سلسلہ میں آیا ہے۔

راؤ خورشید علی خاں— معاف کیجئے وہ ۷ کروڑ ہے۔

جناب والا۔ دراصل اس کو ایسے نہیں دیکھنا چاہئے۔ اس کی حیثیت ایک Limited ادارے کی طرح نہیں ہے۔ یہ ایک گورنمنٹ کا ادارہ ہے اور شہریوں کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ یہ ادارہ بالکل کوئی منافع حاصل نہ کرے اور اگر منافع لیں تو یہ بات اشد ضروری ہے کہ کم از کم منافع حاصل کریں اور عوام کو زیادہ سے زیادہ amenities دیں۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے غریب ملک کے متعلق عبدالوحید خاں صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمارے ہاں کرایہ ریل ساری دنیا سے کم ہے۔ یہ تو ٹھیک ہے کہ ساری دنیا سے کم ہے مگر آمدنی بھی تو ساری دنیا سے کم ہے۔ کیا آپ نے اندازہ کیا کہ ہمارے ہاں فی کس آمدنی کتنی ہے اور باقی دنیا میں اس کی کیا شرح ہے۔ ۱۹۴۷ سے اب تک جو کرایوں میں اضافہ ہوا ہے وہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ ہماری آمدنی اتنی محدود ہے کہ اس اضافہ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اس دفعہ مسافر گاڑیوں کے کرایہ جات نہیں بڑھے لیکن باربرداری کے کرائے بڑھائے گئے ہیں تاکہ اس تجارت کو فروغ دیا جائے۔

آپ جانتے ہیں کہ ریلوے کی زیادہ آمدنی تیسرے درجہ کے مسافروں کی وجہ سے ہوتی ہے لیکن ان کو سب سے کم سہولتیں دی جاتی ہیں۔ تیسرے درجہ سے جو کرایہ وصول ہوتا ہے اس کا بڑا حصہ اعلیٰ کلاس کے مسافروں کی سہولتوں میں صرف ہو جاتا ہے۔ اب میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ جو روپیہ تیسرے درجہ کے مسافروں سے کماتے ہیں اس کو درجہ اول اور درجہ دوم کے لئے کیوں خرچ کرتے ہیں۔ کسی دوسرے فنڈ سے ان کو سہولتیں کیوں نہیں دیتے اور تیسرے درجہ کے مسافروں کو مناسب سہولتیں کیوں بہم نہیں پہنچاتے۔

اس کے علاوہ خاں صاحب نے یہ بات بھی کہی ہے کہ وہ ریلوے کی انتظامیہ پر کڑی نگاہ رکھتے ہیں۔ اسکے جواب میں راجہ اشرف صاحب بھی کچھ فرما چکے ہیں۔ میں بھی اس کی کچھ مثالیں پیش کرتا ہوں۔ تیز رو گاڑی میں کھانے کی کار میں ایک جگہ لکھا ہوا ہے "Complaint Book" لیکن وہاں ایسی کوئی کتاب موجود نہیں ہوتی۔ روز مرہ کے مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کا خانہ خالی ہوتا ہے۔ ایک مرحلہ پر کسی شخص نے اسی کتاب کا مطالبہ کیا۔ Dining car کے مینجر نے پوچھا کہ اس میں کیا لکھو گے۔ اس نے کہا کہ تمہارا کیا حق ہے کہ تم مجھ سے یہ پوچھو کہ کیا لکھو گے۔ تمہارا فرض ہے کہ تم مجھے کتاب دے دو۔ چنانچہ اس نے کتاب دینے سے انکار کر دیا۔ اسی گاڑی میں مشرقی پاکستان کے ایک ایم این اے سفر رہے تھے۔ شکایت یہ تھی کہ مینجر نے چائے دینے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ ایک ہی چولہا ہے اور چائے بن نہیں سکتی۔ اس واقعہ کی شکایت منٹگمری کے ریلوے سٹیشن پر شکایت کی کتاب میں درج کی گئی۔ اس شکایت کی کتاب میں کئی اور معزز شہریوں کے دستخط ہیں ۔ مگر اس شکایت کی کبھی کوئی انکوائری نہیں ہوئی اور پھر یہ کہا جاتا ہے کہ گاڑیوں کی نگرانی کی جاتی ہے، یہ افسوس ناک بات ہے۔

آخری بات یہ ہے کہ ریناله خورد میں ایک ریلوے پھاٹک ہے جو شہریوں کو نزدیک پڑتا ہے۔ مگر معلوم نہیں کہ اسے کیوں اچانک بند کر دیا گیا ہے۔ اس سے ریناله خورد دو حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے۔ اس سے مسافروں کو وقت اور خرچ وغیرہ کی کافی تکلیف ہوتی ہے۔ عبدالوحید خاں صاحب سے عرض کیا گیا تو انہوں نے از راہ کرم فرمایا کہ دیکھیں گے۔ اس سلسلہ میں ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ صاحب سے ایک وفد ملا تھا جس کے ایک فرد نے کچھ کہا جس کو D.S. صاحب کی شان میں گستاخی پر معمول کیا گیا ۔ (بعض ان پڑھ آدمیوں میں ادب کی چاشنی نہیں ہوتی) ۔ ڈی ایس صاحب نے سمجھا کہ ان کی بے عزتی ہوئی ہے۔ چنانچہ پھاٹک نہ کھل سکا ۔ اب خان صاحب سے درخواست ہے کہ وہ اس معاملہ پر غور کریں ۔ Case ان کے پاس پہنچ چکا ہے۔ اگر ڈی ایس صاحب کے ابرو پر کوئی شکن پڑ گئی ہے تو اس ایک آدمی کو کیفر کردار تک پہنچائیں مگر سارے شہریوں کو تو تکلیف نہ ہونے دیں۔ ریناله

خورد کم از کم ایک دوسرے درجہ کا تجارتی شہر ہے۔ وہاں کوئی تیز رفتار گاڑی نہیں ٹھہرتی ۔ لاکھوں روپیہ کا غلہ وہاں سے برآمد ہوتا ہے ۔ تجارتی آدمیوں اور فوجی لوگوں کو گاڑی پکڑنے کے لئے اوکاڑہ جانا پڑتا ہے۔ اس لئے مناسب ہو گا کہ کسی تیز رو گاڑی کو وہاں ٹھہرایا جائے ۔

Haji Gul Hassan Mangi : (Sukkur 1) : Mr. Speaker, this year's budget is a very good budget and it is from a wise man and a businessman. That is a good businessman who saves little for himself.

Now, Sir, in this Budget there is an income of 49 crores and 76 lakhs. Out of this there is a net profit of two crores and eighty lakhs and much of it has been spent on the development and improvement of the Railways. In this Budget much attention has been given to the lower-class passengers and to the staff. As has been claimed and done it has been provided to run new bogies and fast trains. An order for 180 new bogies and 74 diesel cars has been placed. During the current year 16 new trains and twelve cars have been made to run. This shows that efforts are being made to give more facilities to the public. If you go through the White Paper there is a provision of facilities for lower-class passengers. Waiting rooms and passenger shelters has been provided at 20 stations. Passenger platforms have been provided at 20 stations. For the convenience of the staff, hospital buildings and dispensaries have been extended at four stations and wards have been air-conditioned at two stations.

Sir, something has been said about "third-class". But in my opinion there is no 'third-class passengers" in Pakistan. It may be said, that there are 'lower-class passengers'. We are not third-class passengers at all.

Sir, then there is conversion of the meter-gauge section to broad-gauge from Hyderabad to Mirpur Khas. I must pay compliments to the Railway Minister and the Chairman that they have made a provision of 250 lakhs for the conversion of this section from meter-gauge to broad-gauge.

Sir, it is an admitted fact that there is trouble and difficulty in getting good food-stuff. In this respect I may submit that steps are being taken to improve the situation. The Railway Department was taken over by the Province only a year back and you should not expect too much from them. However, steps are being taken to improve the situation.

Further more to provide amenities to the public the staff is being increased. In this respect I may submit that the best businessman is he who keeps more staff to maintain efficiency, gives more concessions to his customers and gets a little amount of profit. Sir at various stations 39 coolers have been provided and 22 more coolers are being provided this year. This is a good thing.

Before this there used to be watermen who were nowhere to be found. Now it will not be so.

The other thing is the behaviour of the railway staff with the public. Last year here on this floor I complained about this. After this people have been made to realize their duty and they have changed. They are now co-operative; they are accommodating and they are very polite with everybody. This is good from the business point of view.

Sir an other feature of the budget is that they have created one Division at Sukkur. It is very beneficial for our people. Before this no one paid any attention to this. Then 104 quarters have been constructed and the rest are under construction. In this context I would submit that there is only one difficulty. The staff for this Division is being transferred from Multan and Lahore, but it would be much better if a recruiting office is opened there and recruitment is made at Sukkur. In this connection Co-ordination Committees may kindly be formed so that proper share in the railway service may be given to the local population.

There are still some defects and I hope this year they will be decreased. On the Larkana-Dadu line, the condition of bogies is not good. I hope that some of the new bogies, which are coming, will be given to this section. There are some complaints that generally all the trains come late and I request the Railway Minister and Chairman and Members of the Board to visit that side and try to improve the conditions in that area.

One thing more Sir. It is the desire of the people of Sind that diesel cars should be run there. Our Railway Minister promised that we will be given three or four such cars for running between Rohri-Jacobabad, Rohri-Sukkur, Rohri-Larkana and Larkana-Dadu, and I hope he will give us the required number of diesel cars that are coming.

Sir I pay compliments to the Members of the Board and the Railway Minister because there had been complaints for thirty years from the people of Larkana about railway crossing and it is being closed. Now there is no alternative crossing but there is a provision for shifting the railway station building to the city side and I think this is a good suggestion. At the same time there is one crossing at Sukkur which is a nuisance. There is heavy traffic and it is being closed. This crossing was visited by the Railway Minister, and Sheikh Masud Sadiq, Leader of the House. I hope they will do something about it.

Sir there have been some complaints that the people of Sind have not been given due share. For instance there were 13 posts of apprentices and they say that about 600 candidates had applied for these posts from Sind area, but the 13 posts have been given to Third Class matriculates and especially

to the sons of railway employees. I don't mind Sir if they are accom modated but Sir some ratio may be fixed for these people, some ratio may be given to the backward areas so that people should not complain as they are complaining at present. I hope the Railway Minister will give attention to it.

Sir there is a proposal to have a railway line to connect two district headquarters in Khairpur Division, i.e. from Jacobabad to Larkana via Ato Dharo Garhi Yasin. This is pending since long and I hope if it is constructed the people of that area would be satisfied. The Gudu Barrage is there. This railway is very essential for the transport of commodities. There will be huge production in the Gudu Barrage Area and there is no other means of transport available.

Then Sir I come to another district, i.e. Thatta. Most of it is desert. It has no railway connection ; no motors and no lorries are available. People travel about 80 miles or 60 miles from Jungshahi station to Thatta. Sometimes they miss trains. This is very essential because in the desert areas there are no trains and no other mode of transport. The Railway Minister should consider the proposal for the constrution of railway from Jungshahi to Thatta. I hope something will be done in this connection. There is also a proposal with the Communications Department to construct a bridge over the Indus River, which should be expedited.

Then comes the Rohri bridge, the Lansdowne bridge. Now the Ayub Bridge has been constructed and your honour had visited it when you came to Sukkur. Before this the traffic passed between Sukkur and Rohri on that bridge. After this bridge became weak, they were diverted to the Sukkur Barrage eight miles away from Sukkur. When this Ayub bridge is there, I think there is no harm if they open this Lansdowne bridge for public traffic, not for heavy traffic but light traffic, just like cars, tongas etc. I think it will be a good think if they do so.

Mr. Speaker: I think the member has covered all the points by now.

Haji Gul Hassan Mangi : Alright Sir.

ماسٹر خان گل — جناب والا - بجٹ پر بحث کے لئے ناموں کی فہرست نہیں ہونی چاہئے -

Mr. Speaker: I will accommodate all. Don't worry about this.

وزیر ریلوے — آپ اس فہرست کو ignore کریں - جسے چاہیں بولنے دیں-

مسٹر سپیکر — صاحبزادی محمودہ بیگم -

صاحبزادی محمودہ بیگم— (راولپنڈی ۔ سرگودھا ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ میں آپ کی وساطت سے ریلوے وزیر صاحب کی خدمت میں اس بجٹ پر نہ صرف یہ کہ مبارکباد پیش نہیں کرونگی، بلکہ آن سے شکوہ کرونگی کہ انہوں نے ملک کی پچاس فیصد خواتین کے لئے اس بجٹ میں کوئی سہولت مہیا نہیں کی ۔ جہاں تک خواتین کا تعلق ہے، وہ بھی ملک کی پچاس فیصد آبادی ہیں اور ان کو بھی وہی سہولتیں مہیا ہونی چاہئیں جو دوسرے لوگوں کو ہیں ۔ لیکن جہاں تک محکمہ ریلوے کا تعلق ہے، انہوں نے خواتین کو مکمل طور پر فراموش کر دیا ہے۔ برانچ لائین اور مین لائنوں سے جو گاڑیاں چلتی ہیں، ان میں خواتین کے بیٹھنے کا انتظام اسقدر ناقص اور اتنا کم ہے کہ اسکی نسبت میں کیا عرض کروں ۔ برانچ لائین پر جو گاڑیاں چلتی ہیں ۔ ان میں خواتین کے لئے ایک ایک ڈبہ انٹر اور تھرڈ کلاس کا مخصوص کیا جاتا ہے۔ جس میں چھ سات Seats ہوتی ہیں ۔ چھوٹی لائین کی گاڑیوں پر سفر کرنے والی خواتین کا بیشتر حصہ ملک کی غریب آبادی سے تعلق رکھتا ہے۔ اور میں نے بارہا ان ڈبوں میں جا کر خود دیکھا ہے کہ خواتین اور بچے کتنی تکلیف میں مبتلا ہوتے ہیں ۔

پنکھے ان ڈبوں کے اکثر نہیں چلتے، چٹخنیاں خراب ہوتی ہیں ۔ لائٹ کا انتظام تو اتنا ناقص ہے کہ اگر ریلوے وزیر صاحب ان ڈبوں کو دیکھیں تو ان کو معلوم ہو کہ عورتوں کو کتنی تکلیف ہے۔ اسلئے میں التجا کرونگی کہ برانچ لائن میں اور خاص طور سے Main لائن میں کچھ ڈبے خواتین کے لئے بڑھائے جائیں ۔ مسافروں کو اور بھی بہت سی تکالیف ہیں جن میں ایک خاص تکلیف یہ ہے کہ ریلوے ملازمین اور فوجی ملازمین جو ہیں ان کو Pass issue کئے جاتے ہیں ہمیں ان سے بغض نہیں ہے ان کو ضرور Pass دئے جائیں لیکن ان کے لئے علیحدہ ڈبے مخصوص کئے جائیں ۔

جناب یہ ایک کاروباری ادارہ ہے کوئی وجہ نہیں ہے کہ جو لوگ روپیہ صرف کر کے سفر کرتے ہیں ریلوے ملازمین اور فوجی ملازمین ان کو تکلیف دیں اور انکو بیٹھنے کی جگہ نہ دیں ۔ میں نے خود Air Conditioned Coach

میں سفر کر کے دیکھا ہے کہ وہ آفیسرز فرعون بنے ہوئے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ریلوے کے مالک ہم ہیں۔ لیکن جو لوگ روپیہ خرچ کر کے سفر کرتے ہیں انکو آسائش کیوں نہ مہیا کی جائے۔ ریلوے کا محکمہ ریلوے کے ملازمین کیلئے علیحدہ ڈبے مخصوص کرے تاکہ وہ عام پبلک کو اسقدر ہراساں اور پریشان نہ کریں جس طرح وہ لوگ پبلک کو ہراساں اور پریشان کرتے ہیں۔

کھانے کی تو بے پناہ شکایات ہیں اور جسکی نسبت اس ہاؤس میں اظہار ہو چکا ہے۔ کھانا بیحد ناقص ہوتا ہے اور اس میں اتنی ملاوٹ ہوتی ہے کہ بہت سے لوگ کھا کر اکثر بیمار ہو جاتے ہیں۔ اور دوسری اہم بات جو میں کہنا چاہتی ہوں وہ سٹیشنوں پر پانی کی کمی ہے۔ وہاں دو یا ایک نل ہوتے ہیں وہ بھی کچھ چلتے ہیں اور کچھ نہیں چلتے۔ ہماری غریب آبادی یہ کیسے برداشت کر سکتی ہے کہ ہر غریب مرد یا عورت سٹیشن پر اترے اور جب پانی مہیا نہ ہو تو ۵—۶ آنے کا پاکولا اور کوکا کولا خریدے۔ اس لئے ریلوے کی انتظامیہ کو چاہیئے اور ریلوے کی انتظامیہ کے لئے ضروری ہے کہ سٹیشنوں پر نلوں کا بندوبست کرے۔ اور اُن میں پانی ہر وقت چلتا رہے۔ میں جناب خود خان پور گئی تھی میں نے وہاں سٹیشن پر اتر کر دیکھا کہ پانی کے نل نہیں چلتے تھے۔ میں نے سٹیشن ماسٹر سے کہا تو اس نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی ایسی بچت نہیں ہے کہ دو چار روپے صرف کر کے ہم نل ٹھیک کروا دیں۔ ہم محکمہ کو لکھیں گے کوئی وہاں سے آئیگا اور پھر وہ نل ٹھیک ہوگا اور پھر لوگوں کو پانی مہیا ہوگا۔

ٹرینوں کا لیٹ ہونا ایک تاریخی چیز بن گئی ہے۔ ایک یا دو گھنٹے ٹرین لیٹ ہونا تو معمولی بات ہے۔ چھ چھ اور آٹھ آٹھ گھنٹے ٹرینیں لیٹ ہوتی ہیں۔ یہ کہنا کہ ٹرینوں کے Timings پہلے کی نسبت بہتر ہو گئے ہیں مرض کا علاج نہیں ہے۔ کوشش یہ کرنا چاہئے کہ ٹرینوں کا ٹائم دوسری میل ٹرینوں سے ضرور ملے۔ کیونکہ برانچ لائن سے جو لوگ آتے ہیں انکو جس وقت دوسری ٹرین پکڑنا پڑتی ہے۔ تو وہ بسوں کے انتظار میں تین تین چار چار گھنٹے مارے مارے پھرتے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس سے نہ صرف ریلوے کے ادارے کو مالی نقصان ہوتا ہے لوگوں کو بھی بیحد تکلیف ہوتی ہے۔

ریلوے ایڈوائزری کونسل اسمبلی کے چند ممبروں پر مشتمل ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ بالکل بے فائدہ ہے۔ اس میں پبلک کے نمائندوں کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ پبلک کے نمائندوں کو اسلئے منتخب کیا جاتا ہے کہ وہ پبلک کی تکالیف ان اداروں کو جا کر بتائیں اور اس کونسل کی Meetings اتنی کم ہوتی ہیں کہ ان کو موقع ہی نہیں ملتا۔ اس ایڈ وائزری کونسل کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ پبلک کے نمائندوں کو جس وقت تک یہ حق نہ ہو کہ وہ پبلک کی تمام تکالیف کو اصل محکمہ تک پہونچا سکیں اسوقت تک اس ایڈوائزری کمیٹی کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

مسافروں کی تکالیف میں سے ایک تکلیف سب سے زیادہ یہ ہے کہ لوگ تھرڈ اور سکینڈ کلاس کے ڈبوں میں سامان اسقدر بھرتے ہیں کہ لوگوں کو بیٹھنے کیلئے جگہ مہیا نہیں ہوتی میں سمجھتی ہوں کہ Air Conditioned اور فرسٹ کلاس میں مسافروں کے لئے کوئی ایسا ڈبہ ضرور ہونا چاہئے جن میں ان کا سامان رکھا جائے۔ جناب یہ کتنی بری بات ہے کہ ایک شخص روپیہ صرف کر کے ریلوے میں اپنی سیٹ Reserve کرائے اور جب ڈبے میں داخل ہو تو اسکو بیٹھنے کے لئے بھی جگہ نہ ملے اور وہ ڈبہ سامان سے بھرا ہو۔ تھرڈ اور انٹر کلاسوں میں تو یہ حالت ہوتی ہے کہ آدمی کم ہوتے ہیں اور سامان زیادہ ہوتا ہے۔ دنیا کے ہر ترقی یافتہ ملک میں سامان کے لئے الگ گنجائش مہیا کی جاتی ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا ملک ہے جس میں انسان سامان کے ساتھ لاد دئے جاتے ہیں۔ کسی کے چوٹ لگتی ہے، کسی کا ٹرنک گر جاتا ہے۔ تو اسلئے میں ریلوے وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کرونگی کہ وہ ہمارے لائق وزیروں میں سے ہیں وہ اپنے محکمہ کو ہدایت کریں کہ سامان کے لئے الگ گنجائش مہیا کی جائے۔ اور یہ غلط طریقہ ہے اور سالہا سال سے رائج ہے۔ اس میں وزیر صاحب کا قصور نہیں ہے لیکن انہیں اس چیز کا انتظام کرنا چاہئے اور میرے خیال میں ریلوے ملازمین کے لئے الگ ڈبہ بھی فراہم کرنا چاہئے۔ پبلک کو ریلوے ملازمین اور فوجی ملازمین کے ساتھ سفر کرنے سے بہت تکلیف ہوتی ہے۔

مسٹر افتخار احمد خاں (جھنگ۔۱) مسٹر سپیکر —

تم کو آشفتہ مزاجوں کی خبر سے کیا کام
تم سنوارا کرو بیٹھے ہوئے گیسو ''ان کے''

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر محمد اسحاق خاں کندی کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا ۔ وزیر ریلوے نے اپنی تقریر دل پذیر کا آغاز اس افسوسناک سانحہ سے فرمایا ہے، جو عاشورہ محرم پر ملک کے کئی مقامات پر ہوا ہے۔ میں اپنے آپکو ان جذبات کے ساتھ اور افسوس کے ساتھ وابستہ کرنا چاہتا ہوں۔ کون محب وطن ہے اور کون صحیح پاکستانی ہے جو خون کے آنسو نہ رویا ہو گا ۔ ان واقعات نے ہمارے ملک اور قوم کا تمام دنیا میں وقار گرا دیا ہے۔ آج ہم بد نام ہو چکے ہیں۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ آج ہم میں یہ تاب نہیں ہے کہ بین الاقوامی دنیا میں، خاص طور پر مسلم دنیا میں ہم اپنا سر اونچا کر سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوام کا اعتماد حاصل کرنے کیلئے آپکو ایسے واقعات پر مستعفی ہو جانا چاہئے۔ آپکو استعفیٰ دیدینا چاہئے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کو جمہوری قدریں بتاتا ہوں ۔ ہندوستان میں ریلوے کا ایک حادثہ ہوا تو ریلوے وزیر مستعفی ہو گیا ۔ لیکن پاکستان میں انسان نے انسان کا خون بہایا ، مسلمان نے مسلمان کا خون بہایا اور آپ بیٹھے رہے ، مسلمان کا خون بہنے کے بعد آپ کو حق نہیں ہے کہ آپ وزارت کی کرسیوں پر بیٹھے رہیں ۔

بہر حال اب جناب والا ۔ اب میں اس گرم موضوع سے ہٹتے ہوئے اصل موضوع پر آتا ہوں جسکے لئے وزیر موصوف اپنی ستائش کے لئے بیچین نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی بجٹ کی تقریر میں یہ بتایا ہے کہ ریلوے ایک تجارتی ادارہ ہے ۔

تو جناب والا ۔ یہ وہ غلط نظریہ ہے جو ریلوے کے افسران نے State within State بنانے کے لئے لوگوں کے سامنے رکھا ہے ۔ یہ نہ

تجارتی ادارہ ہے نہ یہ کوئی بنئے کی دوکان ہے۔ یہ ایک رفاہ عام کی utility service ہے جسے ہمیں صحیح لائین پر چلانا چاہئے ۔ اگر آپ اسکو تجارتی ادارہ سمجھتے ہیں تو حبیب بنک کو دے دیجئیے ، سہگلوں کو دے دیجئیے وہ اسکو چلا لیں گے ۔ اور اگر یہ بھی نہ ہو تو گندھارا انڈسٹری کو دیدیں وہ کامیابی سے اس کو چلا لیں گے ۔ جناب والا ۔ یہ utility service ہے اور آپ کو اسے utility service کی بنیاد پر چلانا ہو گا ۔ یہ کیوں ذہنیت پیدا کیجارہی ہے محض کہ ریلوے کو State within State کیا جائے ۔ میں آج اس نقاب کو اٹھا دینا چاہتا ہوں ۔ میں آج اس تمام خرابی کی نشان دہی کرنا چاہتا ہوں کہ ریل کی خرابیاں کیوں پیدا ہو رہی ہیں ۔ Canal Department اور واپڈا یہ سب secretaries چلاتے ہیں ، یہ حکومت چلا سکتی ہے ۔ مگر ریلوے کے لئے بورڈ کیضرورت ہے وہ اس لئے کہ اس ایوان کے اختیارات سے باہر رہنا چاہتے ہیں اور اس ایوان کی نکتہ چینی سے بچنا چاہتے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ وزیر صاحب باہر چلے گئے ورنہ ہماری وہ باتوں کو سنتے ہم نے بھی تو انکی تقریر دل پذیر کو سنا تھا ۔ جب ہم شروع ہوئے تو وہ بھاگ گئے ۔ کیا وزرات اسی کا نام ہے ۔ اگر گھوڑے ہیں وہ ریس کے تو آؤ میدان میں ، لیکن میدان چھوڑ کر چلے جانا یہ وزارت ہے ۔ اس لئے جناب والا ۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ اس ریلوے بورڈ کو ختم کر دیا جائے ۔ پہلے بھی آپ کو کئی حضرات نے کہا ہے اور مطالبہ کیا ہے اسکو ایک جنرل منیجر چلا سکتا ہے ۔ تو آپ دیکھیں . . . . (قطع کلامی)

میر یوسف علی مگسی— پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے متحرم دوست فرما رہے ہیں کہ منسٹر صاحب بھاگ گئے وہ تو لابی میں تقریر باقاعدہ سن رہے ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خاں— میدان سے تو گئے ، وہ کسی کونے یا گوشے میں بیٹھے ہیں ۔ ہاں جناب والا ۔ اس بجٹ پر ریلوے بورڈ بھی موجود ہے ، جنرل منیجر بھی موجود ہے ۔ اگر ریلوے بورڈ کا انتظام کیا گیا ہے تو جنرل مینجر کی پوسٹ کو ختم کر دیا جائے گا ۔ لیکن آج بجٹ کا یہ عالم ہے کہ ڈپٹی مینیجر ٹرانسپورٹ اور ٹریفک کا عملہ اسی طرح موجود ہے ۔ کیا یہ

غریب ملک ، کیا یہ مفلوک ملک اس بات کو برداشت کر سکتا ہے کہ آپ ریلوے بورڈ کا سفید ہاتھی باندھے رکھیں ؟ جنرل مینیجر کا ڈیپارٹمنٹ اسی طرح قائم رکھیں؟ اس لئے میں مطالبہ کروں گا کہ ان میں سے ایک چیز کو ختم کرنا چاہئیے اور وہ ریلوے بورڈ ہے۔ اس ایوان کا پورا کنٹرول ریلوے کے اوپر ہو کوئی گزیٹڈ appointment .....(قطع کلامی)

میر یوسف علی خان مگسی— مسٹر سپیکر۔ یہ مفلوک کا لفظ کون سی لغت سے نکالا گیا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Iftikhar may go on with his speech.

مسٹر افتخار احمد خاں— تو اس لئے جناب میں دوسرے پوائنٹ کی طرف آتا ہوں ۔ ریلوے مزدوروں کے متعلق انہوں نے اپنی دل پذیر تقریر میں فرمایا کہ افسران نے نہایت اخلاق کیساتھ اور دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض کی بجا آوری کی ہے۔ لیکن کیا کیا ہے ؟ بجا آوری اور ایمانداری سے کام کرنے کا یہ صلہ ہے جو آپ مزدور کو دے رہے ہیں ۔ پورے تین سال میں ایک لاکھ پانچ ہزار ورکرز کی کوئی نمائندہ یونین صفحہ ہستی پر موجود نہیں ہے۔ آپ نے کسی یونین کو recognise نہیں کیا ۔ پی ڈبلیو آر یونین ۱۹۲۶ سے recognise چلی آرہی تھی۔ تین سال ہوئے کہ اس recognition کو annual کر دیا اور آج تک آپ نے کسی یونین کو recognise نہیں کیا ۔ نہ کوئی یونین ہو نہ اس کے نمائندے ہوں ۔ اور پھر یہ اعلان کرتے ہیں کہ مزدور خوش ہیں اور یہ جمعداروں اور گینگ مینوں کو لا کر یہ تاثر پیدا کر رہے ہیں کہ ان کو وہ ہار ڈالنے یہاں آئے تھے ۔ افسوس کہ آج ملک میں لیبر کے مسائل ، اتنے اہم مسائل درپیش ہیں لیکن ان کا علاج نہیں ڈھونڈتے اور وہ صرف یہ کرنا چاہتے ہیں کہ divide and rule کی پالیسی کے ساتھ ان کا علاج کیا جائے ۔ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ آپ ان مسائل کو سمجھئے اور صحیح طور پر ان کا حل کیجئے ۔ کمیونزم کبھی اس ملک میں نہیں آسکتا لیکن آپ اس کو لانا چاہتے ہیں ۔ تو آپ ان کو دبا کر، ان کو کچل کر، ان کے جائز مطالبات نہ مان کر کمیونزم کو جنم دے رہے

ہیں ۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ ان کی یونین کو recognise کیا جائے ۔ اس لئے کہ یہ ملک ہمارا اپنا بنایا ہوا ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ تعلقات بڑے اچھے ہیں، نہایت عمدہ ہیں ۔ لیکن آپ نے خود کہا ہے کہ آپ کے پچھلے disputes انڈسٹریل کورٹس کے سامنے ہیں ۔ تو یہ نتیجہ ہے ۔ اگر ان کی یونین ہوتی ، اگر ان کے نمائندے ہوتے تو وہ round the table بیٹھ کر یہ معاملات طے کرسکتے تھے ۔ یہ پریشانیاں یہ مصیبتیں اور یہ labour problems جو انڈسٹریل کورٹس میں جا رہے ہیں ، یہیں پر طے ہو جاتے ۔ لیکن آپ نے ملک کے مسائل کو نہ گھٹانے کی قسم کھائی ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں Pay Scales کیطرف آتا ہوں ۔ Pay Scales کو دیکھو ایک نہیں دو نہیں تین نہیں چار نہیں ہر ورکر ان Pay Scales سے غیر مطمئن ہے ۔ آپ نے شیخ عبدالغفور کی ہنگر سٹرائیک کے زمانے میں وعدہ کیا تھا کہ ہم دس فیصدی increase کریں گے اور revised scales دیں گے ۔ آپکے فائننس منسٹر نے وعدہ کیا تھا ۔ لیکن افسوس کہ وعدہ خلافی ہوئی اور فائننس منسٹر کے وعدے کو پورا نہیں کیا گیا اور آج ورکرز اسی طرح سے پریشان ہیں ۔ آپ نے کرایہ میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ اس انداز سے سنایا ہے کہ حاتم طائی کی قبر کو لات مار دی ہے ۔ اگر آپ کرایہ میں اضافہ کرتے ہیں تو اسکو وہ ہی برداشت کرتے ہیں جنہوں نے سفر کرنا ہے ۔ لیکن آپ نے باربرداری کے کرایہ میں اضافہ کرکے ملک کا زبردست نقصان کیا ہے ۔ تمام چیزوں کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔ مجھے یہ شک ہے کہ آپ کو یہ تجویز ٹرانسپورٹ یونین کیطرف سے موصول ہوئی ہے ۔ موٹر لاریز کے مقابلہ میں انکا کرایہ کم کرتے اور کمپیٹیشن کرتے اور آپ زیادہ کاروبار کرتے لیکن آپ کرایہ بڑھا رہے ہیں ۔ اسلئے مجھے شک پڑتا ہے کہ آپ Goods Transporters کے کہنے پر یہ کرایہ بڑھا رہے ہیں ۔ (ہئیر ہئیر) ۔ اور جناب میں کیا کہوں ۔ اردو نوازی کی مثال ہمارے وزیر صاحب کی سنئے اور واہ واہ کیجئے ۔ ریلوے کے دو سکول ہیں ایک سینٹ انڈریوز اور دوسرا ریلوے ہائی سکول ۔ ایک سکول پہلے سے انگریزی چلا آتا ہے اور دوسرا اردو ہائی سکول تھا ۔ اسکا medium of instruction اس سال سے منسٹر صاحب نے انگریزی کر دیا ہے ۔ یہ ہے آپکی اردو نوازی ۔ یہ اس لئے کیا گیا ہے کہ ورکرز کے بچے وہاں نہ پڑھ سکیں اور وہی بچے پڑھ سکیں جو کنڈر گارٹن کلاس

اور کیمبرج کلاسز سے آتے ہیں اور آپ نے سکول کو محدود کر دیا ہے افسروں کے لئے اور غریب ورکرز کو اس سے خارج کر دیا ہے۔ یہ ہے آپکی اردو نوازی۔ کیا ڈھنڈورے پیٹتے ہیں آپ اپنی اردو نوازی کے؟ کیا یہی آپکا عمل ہے۔ شرم نہیں آتی۔ افسوس ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member's time is over.

مسٹر افتخار احمد خاں — اب میں ورکرز کے dues کیطرف آتا ہوں۔ ورکرز کا بڑا زبردست مطالبہ ہے کہ انکو dues وقت پر نہیں دیئے جاتے۔ انہیں کئی سال دفتر کے دھکے کھانے پڑتے ہیں۔ میں یاد دلاتا ہوں رسول کریم کا فرمان حدیث ہے۔ کہ ''مزدور کی مزدوری اس کے پسینہ سوکھنے سے پہلے دو''۔ مگر یہاں یہ حال ہے کہ چار چار پانچ پانچ سال سے انکے dues صاف نہیں کرتے۔ پھر Confirmation کے مسائل ہیں۔ دس دس سال تک Confirm نہیں کرتے۔ Second Grade کا آدمی Grade I میں کام کر رہا ہے مگر Confirmation نہیں کرتے۔

جناب والا۔ آخر میں میں اپنے ضلع کے مسائل کیطرف آتا ہوں۔ انکو آپ نے ریلوے سے محروم کیا ہوا ہے۔ وہ دس گیارہ لاکھ انسان لاریوں کے حادثوں کا شکار ہوتے ہیں۔ نہ سڑکیں چوڑی کیجاتی ہیں نہ ریل کا کوئی انتظام کیا جاتا ہے۔ ایسی افسوس ناک حالت ہے۔ کوئی through passengers گاڑی وہاں سے نہیں گذرتی اور لائلپور سے پاس کی جاتی ہے۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ ایک گاڑی وہاں سے لاہور تک چلائیے اور ایک ڈایریکٹ ریل کراچی سے پشاور تک پاس کرائیں۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو (رحیم یار خان۔۱)— مسٹر سپیکر۔ ریلوے بجٹ مجموعی طور پر ایک اچھا بجٹ ہے اور میں وزیر ریلوے کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مسافروں کو اور خاص طور پر نچلے درجے کے مسافروں کو زیادہ سہولتیں مہیا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ جو سہولیتں مہیا کی گئی ہیں وہ نا کافی ہیں۔ ابھی اس سلسلے میں بہت جدوجہد کی ضرورت ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ اس سلسلے میں

برابر کوششیں جاری رکھی جائیں گی گاڑیوں میں مسافروں کو جگہ نہیں ملتی - تھرڈ کلاس کو دیکھیں ، انٹر کلاس میں چلے جائیں کہیں کوئی جگہ نہیں ملتی - اگر ایک مسافر کو ساری رات یا اس سے بھی زیادہ سفر کرنا ہو تو آپ اندازہ لگائیں کہ یہ سفر اس کیلئے کتنا تکلیف دہ ہوگا اس لئے میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ زیادہ سے زیادہ گاڑیاں چلائی جائیں تاکہ مسافر آرام سے سفر کر سکیں -

اب میں ریلوے کے ملازمین کے متعلق بھی کچھ عرض کروں گا--یہ ٹھیک ہے کہ تنخواہیں قدرے بڑھائی گئی ہیں مگر اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ یہ تنخواہیں ناکافی ہیں - امید ہے کہ اس سلسلے میں ریلوے وزیر صاحب بھی برابر کوشش کریں گے اور اپنے محکمہ کے ملازمین کی تکالیف کا بھی احساس فرمائیں گے- وقت کی کمی کی وجہ سے اب میں کچھ اپنے علاقے کی تکالیف جناب وزیر ریلوے اور ریلوے کے اعلیٰ ذمہ دار افسران کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں--

گر قبول افتد زہے عز و شرف

جناب والا - میں رحیم یار خان کے ضلع سے تعلق رکھتا ہوں - رحیم یار خان زرعی، صنعتی اور تجارتی لحاظ سے بہت بڑا شہر ہے - مگر وہاں مسافروں کے پینے کیلئے ٹھنڈے پانی کا کوئی انتظام نہیں ہے- سکھر سے لیکر رحیم یار خان تک جس کا فاصلہ ۱۰۰ میل ہے، اس کے درمیان بھی کہیں ٹھنڈے پانی کا کوئی انتظام نہیں ہے- اور رحیم یار خان میں بھی کوئی ٹھنڈے پانی کا کولر نہیں ہے- چھوٹے سٹیشنوں پر واٹر مین جو ہوتے ہیں (اگر ریلوے کے افسران مجھے معاف کریں تو میں بتاؤں) ، ریلوے کا جو سٹیشن ماسٹر ہوتا ہے اسکا نجی کام کرتے ہیں - اور مسافروں کو پانی پلانے کا کوئی کام نہیں کرتے - اس سلسلے میں اصلاح کی ضرورت ہے- دوسرے جناب والا - تیز گام بھی رحیم یار خان میں نہیں ٹھہرتی حالانکہ وہاں کے عوام اس سلسلے میں بہت دفعہ مطالبات پیش کر چکے ہیں - وہاں کے اخبارات بھی چیختے رہے ہیں - مگر اس طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی - میں پھر کہوں گا کہ رحیم

یار خان ایک صنعتی شہر ہے دیگر وہاں بڑی بڑی ملیں ہے اور اس امر کی ضرورت ہے کہ تیزگام کو رحیم یار خان میں ٹھہرایا جائے۔

جناب والا ۔ ہمارے شہر کی ایک سب سے بڑی تکلیف جس کی طرف فوری توجہ کی ضرورت ہے ، وہ یہ ہے کہ رحیم یار خان کے سٹیشن پر جو Inner سگنل ہے اسکے اندر ایک ریلوے پھاٹک ہے یعنی کراسنگ ہے۔ یہی ہمارے شہر کو لاہور ، کراچی اور دیگر علاقوں سے ملاتا ہے۔ اور وہ پھاٹک چونکہ ریلوے سٹیشن اور Inner سگنل کے اندر کیطرف ہے اس لئے گاڑیوں کے ٹھہرنے کی وجہ سے اکثر بند رہتا ہے اور ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹہ دو دو گھنٹہ تک ٹریفک رک جاتا ہے۔ اسکے علاوہ کراسنگ کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ ہم مطالبہ کر چکے ہیں کہ جناب والا ۔ یہ جو پھاٹک ہے وہ Outer سگنل سے دوسری طرف لے جائیں۔ وہاں کی میونسپل کمیٹی سڑکیں بنانے کیلئے تیار ہے۔ تاکہ مسافر دو دو گھنٹہ ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹہ گرمیوں کے موسم میں یا دوسری اہم ضرورتیات کے باوجود جو انتظار کرتے ہیں ، اس سے ان کو نجات مل جائے گی — مگر اس طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی — رحیم یار خان میں تھرڈ کلاس کی انتظار گاہ بنائی گئی ہے مگر وہاں باقی جو انتظار گاہیں ہیں یعنی انٹر کلاس یا دیگر ان کے انتظامات بالکل ناکافی ہیں ۔ اس سلسلے میں بھی توجہ کریں -- رحیم یار خان کی اہمیت کے پیش نظر وہاں کے مسافروں کیلئے انتظار گاہیں تعمیر کی جائیں۔ رحیم یار خان سٹیشن پر ایک پل ہے جو ایک پلیٹ فارم کو دوسرے پلیٹ فارم کے ساتھ ملاتا ہے۔ اس کی حالت انتہائی نا گفتہ بہ ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ ریلوے کا محکمہ اس پل کو اکھاڑ کر آثار قدیمہ کے طور پر رکھ لے تو زیادہ مناسب ہوگا -- میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ جس وقت رحیم یار خان کی آبادی ۱۰ ہزار تھی اس وقت یہ پل بنایا گیا تھا — آج تک اس میں کوئی ترمیم نہیں کی گئی کہ اس کو زیادہ اچھا بنایا جائے دوسرے رحیم یار خان کے سٹیشن پر مسافروں کیلئے پلیٹ فارم پر جو شیلٹر ہے وہ بھی میرے خیال میں اس وقت کا بنا ہوا ہے جب رحیم یار خان کی آبادی ۱۰ ہزار تھی ۔ تو اس سلسلے میں میں عرض کروں گا کہ وہاں ان چیزوں کی طرف توجہ کی جائے —

جناب والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ بجٹ مجموعی طور پر ایک اچھا بجٹ ہے اور وزیر ریلوے اس کے لئے مبارکباد کے مستحق ہیں ۔

مسٹر **خالد بن جعفر** (پارلیمنٹری سیکرٹری)— معزز سپیکر۔ میں جناب کے توسط سے وزیر ریلوے کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ وقت کی قلت کو مد نظر رکھتے ہوئے اختصار کے ساتھ چند معروضات پیش کروں گا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ریلوے کا ایک تجارتی ادارے کا بجٹ نہیں ہے بلکہ ایک رفاہ عامہ اور فلاح و بہبود کا جو ادارہ ہوتا ہے اس کا بجٹ کہا جا سکتا ہے۔ میرے بعض معزز دوستوں نے یہ فرمایا ہے کہ پہلے بجٹ میں آٹھ آٹھ نو نو کروڑ کی بچت ہوا کرتی تھی تو انہوں نے اس چیز کا خیال نہیں رکھا کہ یہ ریلوے کا صوبائی بجٹ ہے اور اب مشرقی پاکستان کی ریلوے بھی ہم سے علیحدہ ہو گئی ہے۔ اس لئے ضرور فرق آنا چاہئے۔ جہاں تک ہمارے ریلوے کی سہولتوں اور اخراجات کا تعلق ہے تو میں اس کے متعلق یہ عرض کرتا کہ ریلوے وزیر صاحب کو بچت بالکل نہیں دکھانی چاہئے تھی۔ ان کو surplus بجٹ نہیں دکھانا چاہئے تھا۔ آزاد ملکوں میں اور آزاد قوموں میں روپیہ ان کے عوام کی سہولتوں کے لئے اور ان کو زیادہ سے زیادہ آسانیاں بہم پہنچانے کے لئے خرچ کیا جاتا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ جہاں تک انہوں نے Class IV employees کے لئے quarters تیار کئے ہیں میرا خیال تھا آپوزیشن کم از کم اس کے لئے تو ضرور وزیر ریلوے کو مبارک باد دیتی۔ کیونکہ ان کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ عوام کے زیادہ ہمدرد ہیں بہ نسبت اس طرف کے لوگوں کے (یعنی گورنمنٹ کے)۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے اس چیز کو نظر انداز کرتے ہوئے ایک صحیح کام جو کیا گیا ہے اور جس سے زیادہ تر غریب ملازمین کو فائدہ پہنچا ہے۔ اور اکثریت اس سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ جو پہلے کوارٹرز تھے ان میں ایک ایک کمرہ تھا اس میں ان کی تمام families اور ان کا تمام اسباب بھی رہا کرتا تھا۔ اب اسکی بجائے دو کمروں، برآمدہ۔ غسل خانہ، پاخانہ flush system والے کوارٹرز تیار کئے گئے ہیں۔ اس لئے وہ قابل مبارک باد ہیں۔ (ہیئر۔ہیئر) اسکے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں جہاں مسافر خانے بنائے گئے ہیں اور ایکسپریس ٹرینیں چلائی گئی ہیں اس سے بھی ہم نے یہ دیکھا ہے کہ عوام کو بہت فائدہ پہنچا ہے۔ جس طریقے سے ۳۰۰ ڈبوں کا آرڈر دیا گیا ہے اور وہ اس سال آرہے ہیں تو تھرڈ کلاس

کی یہ جو تکالیف ہیں یہ بھی دور ہو جائیں گی ۔ اب میں وقت کی قلت کو دیکھتے ہوئے جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جس شہر کا میں نمائندہ ہوں وہ مغربی پاکستان کا تیسرا بڑا شہر ہے جس کی آبادی ۷ لاکھ ہے۔ وہاں کی چند چیزوں کے متعلق مجھے گذارشات پیش کرنی ہیں۔

جناب والا ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جو کالی روڈ کا کراسنگ کا پل ہے۔ اس کی چھ سال سے محض اسکیم ہی چلی آ رہی ہے۔ اس کو جلد از جلد تیار کیا جائے ۔ ریلوے بورڈ نے یہ تقاضا کیا تھا کہ حیدر آباد میونسپلٹی اپنا حصہ چھ لاکھ روپیہ دے۔ ہم کو وہ روپیہ بھی دئے ہوئے ایک سال کا عرصہ ہوتا ہے لیکن ابھی وہ عمل میں نہیں آیا۔ وہ اتنا اہم کراسنگ ہے کہ ابھی گذشتہ ماہ جب آگ لگی تھی اور فائر بریگیڈ کے انجن کو رکنا پڑا تو بڑا وقت اس طرح ضائع ہوا جس کے نتیجہ میں کئی جانیں تلف ہو گئیں ۔ اس طرح لطیف آباد کا بھی کراسنگ ہے ۔ لطیف آباد کی آبادی تقریباً ۸۰ ہزار ہے ۔ وہاں بھی ٹرینوں کی وجہ سے کافی دیر لوگوں کو انتظار کرنا پڑتا ہے اور ان کا وقت ضائع ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو بھی مد نظر رکھیں۔ جہاں انہوں نے bridges اور projects کیلئے گنجائش رکھی ہے وہاں وہ اس چیز کو بھی اپنے پروگرام میں شامل کریں۔ نمبر تین ۔ ٹنڈو یوسف کا جو کراسنگ ہے وہاں بہت بڑا قبرستان ہے اور لوگ جنازہ لئے ہوئے دو دو تین تین گھنٹے دھوپ میں کھڑے رہتے ہیں۔ میں وزیر ریلوے سے گذارش کرونگا کہ وہ غور سے سنیں اور وزیر مال سے گفتگو بعد میں کر لیں کیوں کہ یہ وہ ضروری چیزیں ہیں جن پر انہیں توجہ دینی چاہئے ۔ اس کیلئے میں عرض کرونگا کہ اس اسکیم کو وہ جلد سے جلد عمل میں لائیں۔ میں نے گذشتہ اجلاس میں کہا تھا کہ وہاں ریل کاریں چلائی جائیں۔ حیدر آباد سے کراچی اور حیدر آباد سے سکھر۔ اسی طرح سے جیسے سابق پنجاب میں کثرت سے ٹرینیں اور ریل کاریں چلتی ہیں۔ وہاں بھی ان کی بہت ضرورت ہے۔ ان سے پبلک کو کافی سہولتیں ہو جائینگی۔ اسی طریقہ سے گذشتہ اجلاس میں میں نے عرض کیا تھا کہ وہاں ایک ریلوے سکول قائم کیا جائے کیوں کہ ابتک سابق سندھ میں کوئی ریلوے سکول نہیں ہے۔ اس قطعہ کو بھی نظر انداز نہ کیا جائے اور یہ سہولتیں مہیا کیجائیں۔

اسکے علاوہ میں نے گذشتہ اجلاس میں عرض کیا تھا کہ جہاں تک موجودہ فرسٹ کلاس، سیکنڈ کلاس اور تھرڈ کلاس کا تعلق ہے، یہ ختم کرکے اپر کلاس اور لوئر کلاس کی جائے - اس کے ساتھ ساتھ جیسا کہ وزیر ریلوے نے کئی دفعہ بیانات دئے ہیں کہ وہ air conditioned ریل چلانا چاہتے ہیں جس میں زیادہ تر تھرڈ کلاس کے ڈبہ ہونگے اور اس بارے میں انہوں نے ہندوستانی ٹرین ''جنتا'' کی بھی مثال دی ہے - میں ان سے گذارش کرونگا کہ وہ ضرور چلائیں کیونکہ لوگ جو اس ریگستانی علاقے سے گذرتے ہیں گرد وغبار سے ان کی صحت پر برا اثر پڑتا ہے - یہ ایک اچھا تجربہ ہوگا - اس کی وجہ سے زیادہ سے زیادہ لوگ سفر کرینگے - اور ہماری پبلک اس کی عادی بھی ہو جائے گی - چند صاحبان نے ٹرینوں کی شکایت کی ہے کہ وقت پر نہیں آتی ہیں - اور سارے علاقوں کی نسبت تو میں عرض نہیں کر سکتا - لیکن حیدر آباد سے کراچی اکثر و بیشتر مہینے میں دس پندرہ دفعہ جانے کا مجھے اتفاق ہوتا ہے جب سے حیدر آباد کراچی سڑک خراب ہوئی ہے اکثر ریل سے ہی سفر کرنا پڑتا ہے - تیز رو، تیز گام، مہران، کراچی ایکسپریس - شاہین کو میں نے دیکھا ہے کہ یہ تمام ٹرینیں نہایت پابندی کے ساتھ آتی ہیں اور ایک پاکستانی ہونے ہوئے خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ پاکستان میں ایک محکمہ ایسا تو ہے جو اپنی ڈیوٹی صحیح انجام دیتا ہے - سوائے ایک دفعہ کے - مئی یا اپریل کا مہینہ تھا - ہمارے جنرل مینیجر صاحب اور چیئرمین صاحب سفر کر رہے تھے تو تیز گام بیشک پونے دو گھنٹے دیر سے پہنچی تھی تو یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے ایسا ہوا ہی کرتا ہے (قہقہہ) لیکن جہاں تک اور ٹرینوں کے اوقات کا تعلق ہے وہ بہت صحیح ہوتی ہیں - میں اس پر وزیر ریلوے کی efficiency مستعدی اور punctuality پر انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ - ۱) — جناب سپیکر - ریلوے کے وزیر صاحب کی تقریر کو میں نے بہت غور سے پڑھا اور میزانیہ کی شقوں کو بہت غور سے دیکھا - میرے اور دوستوں نے مبارکباد دی ہے میں نے بھی جستجو کی کہ میں بھی غوطہ لگا کر کوئی چیز ڈھونڈ لاؤں جس کی بنا پر میں انہیں

مبارکباد پیش کر سکوں ۔ لیکن مجھے ایسی کوئی چیز نہیں ملی جس کے لئے میں انہیں مبارکباد دوں ۔ میں اپنے فاضل بھائی کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ صوبہ دنیا کے بہت سے ملکوں سے بڑا ہے۔ آبادی کے لحاظ سے کینیڈا ، آسٹریلیا ، ویسٹ جرمنی سے بھی بڑا ہے۔ وہاں بھی یہ محکمہ موجود ہے۔ وہاں بھی وزیر موجود ہیں۔ میں ان کی خدمت میں دست بستہ عرض کرونگا کہ ان کا طرز خیال اور ہے ان کی بجٹ سازی اس سے مختلف ہے۔ وہ تمام خوشی ٹی خانے سے منسلک نہیں کیا کرتے ، وہ تمام خوشی چند پنکھوں سے منسلک نہیں کیا کرتے۔ وہ تمام کوشش اپنی بینچوں سے وابستہ رہنے کی نہیں کرتے ۔ یہاں ہمارے ایک فاضل بھائی نے بڑے فخر سے صفحہ نمبر ۳۶ پر اپنی تقریر کا نچوڑ جو دیا ہے۔ بجٹ میں اپنی کار کردگی جو بتلائی ہے ۔ انہوں نے اپنی نظر خاص سے ستائیسویں ڈائرکشن سے انڈیا کو جانے والے پلیٹ فارم پر ۱۲ پنکھوں کے بجائے ۸۲ پنکھے لگا دئے ۔ وہاں کی سیٹوں کو بہترین بنا دیا اور وہاں کے ٹٹی خانے بہتر کر دئے ۔ اس کے علاوہ حیدرآباد تشریف لیگئے۔ وہاں کے بیت الخلا بھی ٹھیک کر دئیے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک یہ چھوٹی چیزیں ہیں ان کیلئے میں جنرل مینیجر کو نہیں انسپکٹر کی ڈیوٹی لگا سکتا ہوں کہ وہ ان کی طرف دیکھے ۔ ہمارے وزیر کا تعلق پانچ کروڑ کے نمائندگان سے ہے .....

وزیر ریلوے — جہاں آپ نے یہ پڑھا ہے وہاں صفحہ ۲۱ بھی پڑھ لیں ۔

میاں عبداللطیف — پانچ کروڑ کے نمائندے کا یہ بجٹ نہیں ہے۔ پاکستان کے ایک با وقار اور غیور پاکستانی کا یہ بجٹ نہیں ہے۔ میں آگے بتلاؤنگا کہ اس میں کیا کچھ ہے۔ اس صوبہ کے وزیر سے میں یہ توقع کرتا ہوں کہ وہ ان سیٹوں اور پنکھوں سے، پانی کی ٹونٹیوں سے اونچا ہو کر سوچے کہ ہمارا محکمہ کیا ہے۔ اس کے تین ضروری حصے ہیں بلکہ چار ۔ نمبر ایک انجن، نمبر دو اسکے پیچھے گاڑی، نمبر تین انکے نیچے پٹڑی اور نمبر چار ان سب کو چلانے کے لئے ان کی پشت پر انڈسٹری ۔ میرے فاضل بھائی نے اپنے اس بجٹ میں ان basic ضروریات کے متعلق جہاں صرف پانچ فیصد reference دیا ہے وہاں اپنا سارا زور پلیٹ فارموں پر پنکھوں اور ٹٹی خانوں پر صرف کر دیا ہے۔

جہاں تک ہماری basic ضروریات کا تعلق ہے ہمارا جو plan ہے اس کا جو objective ہے اس کو ہمارے بھائی جس طرح پورا کرتے ہیں وہ یہ ہے۔

"Continuing replacement of rolling stock, rehabilitation of other equipment, improvement of the capacity, removing traffic bottlenecks, modernization of signalling."

یہ ہے میرے فاضل بھائی کا objective ۔ ان objective کے ساتھ وہ کر رہے ہیں یہ چیز کہ آئندہ آنے والے دنوں میں یعنی جب یہ چارج چھوڑ جائینگے تو ہماری کیا پوزیشن بنا کر جائیں گے۔ آج ہم ایک ارب روپیہ کے مقروض ہیں اور سات کروڑ روپیہ سالانہ یہ محکمہ سود کی شکل میں ادا کرتا ہے۔ جب یہ چارج چھوڑینگے تو ایک ارب روپیہ کے ہم اور مقروض ہو جائینگے ۔ ممکن ہے دس کروڑ اور سود دینا پڑے گا اور ستاون کروڑ قرضہ ہوگا ۔ نتیجہ کیا ہوگا ؟ Rolling Stock جہاں جناب ہم import کر رہے ہیں ان آنے والے تین سالوں میں چھتیس کروڑ کا ، Track ہم import کر رہے ہیں گیارہ کروڑ کا ، اور bridges کیلئے ہم سامان باہر سے امپورٹ کر رہے ہیں ۲۳ کروڑ کا، engineering structure سات کروڑ کا ۔ نئے ڈویژنل construction کیلئے ۳ کروڑ ۔ اس طرح کل خرچ جو ہم کر رہے ہیں ۹۷ یعنی تقریباً ایک ارب روپیہ ہے جس میں ۷۲ کروڑ کا foreign exchange ہے جو قرضہ لیکر ہم کرینگے۔ اس سارے میں سے جو چیز ہمیں اونچا کرے گی وہ محض ایک آئیٹم ہے ، پلانٹ اور مشینری ۔ وہ جناب سو کروڑ میں سے محض سولہ کروڑ کی ہے۔ میرا کہنے سے مطلب یہ ہے .....

وزیر ریلوے— صرف ایک کارخانہ ۷۰ لاکھ کا ہے۔

میاں عبداللطیف — ۷۰ لاکھ کا ہے ؟ مجھے شرم آتی ہے کہ سو کروڑ میں سے ۷۰ لاکھ آپ کو بہت زیادہ معلوم ہوتے ہیں۔

وزیر ریلوے— صرف ایک فیکٹری ۷۲ لاکھ کی ہے۔

میاں عبداللطیف—اس سال میں بھی ہم ۱۵ کروڑ روپیہ کا سامان import کر رہے ہیں ۔میرا ان ساری گذارشات سے مطلب یہ ہے کہ یہاں

investment کی کمی نہیں ہے۔ ہمارا ملک روپیہ دے سکتا ہے۔ باہر کے ممالک تیار ہیں کہ ہم سے امداد لو۔ آپ ہم کو اس غلامی سے نجات دیجئے۔ دوسرے ممالک جو آپ کے ساتھی بنے ہوئے ہیں، آپ کو اقتصادی لحاظ سے مکمل طور پر دو تین سال میں باندھ دیں گے۔ پھر آپ ان کے پنجے سے نہیں نکل سکیں گے۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ڈیزل انجن آپ manufacture نہیں کر سکتے تو کیا Rail Tracks بھی کوئی خاص technical چیز ہے کہ آپ اس کو بھی نہیں بنا سکتے ہیں۔ آپ اس کے لئے بھی امریکہ سے روپیہ لیتے ہیں۔ جاپان اور دوسرے ممالک سے چیزیں لیتے ہیں۔ مگر میں یہ درخواست کروں گا کہ خدا کے لئے ۵ سال کی یا ۶ سال کی سکیم بنائیں اور اپنے آپ کو independent کر لیں باہر کی import سے۔ ورنہ ۴ یا ۳ سال میں سو کروڑ روپیہ خرچ کرنے کے بعد ہم کو ۱۰۰ کروڑ روپیہ کا مقروض اور ۱۷ کروڑ کے سود کا مقروض چھوڑ جائینگے اور position یہ ہوگی کہ میں پھر بھی دوسرے ممالک کے دست نگر ہوں گا۔

ایک دفعہ مجھے ریلوے ورکشاپ جانے کا اتفاق ہوا تو میں چھوٹے کاریگروں سے ملا۔ میں نے ان سے دریافت کیا کہ آیا آپ لوکو انجن تیار کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہاں البتہ تین چیزوں کے سوا یہاں پر ہر پرزہ تیار ہو سکتا ہے۔ میں نے پوچھا تو پھر کیوں نہیں کرتے۔ وہ کہنے لگے کہ حضور حکم نہیں۔ میں حیران ہوں کہ جب اس قسم کی چیزیں یہاں بن سکتی ہیں تو کیوں حکم نہیں دیا جاتا۔ اس کے بعد اور ایک چیز کے متعلق عرض کروں گا کہ گاڑیوں کو اور ریل کی لائین کو modernize اور improve کیا جا رہا ہے۔ پہلے جو گاڑی ۶۰ میل فی گھنٹہ چلتی تھی اب اس کو ۷۵ میل فی گھنٹہ چلایا جا رہا ہے۔ اور اس کے لئے ۴ کروڑ ۷۰ لاکھ خرچ ہوا ہے۔ اب ۹۰ پونڈ کی بجائے ۱۰۰ پونڈ والی لائین بچھائی گئی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہم اتنا خرچ کرنے کی بجائے دوسری اچھی گاڑیوں میں گذارہ کرسکتے تھے ۳ یا ۴ سال تک انتظار کر سکتے تھے مگر اپنے ملک کو دوسروں کا محتاج نہ ہونے دیتے بلکہ آزاد ہونا پسند کرتے۔ بہتر تو یہ تھا کہ ہم باہر سے خریدنے کی بجائے خود ریل بناتے، انجن بناتے اور ٹریک بناتے۔ یہاں تک تو ہم کر نہیں سکے کہ وزیر آباد سے لاہور تک ڈبل لائین بنا دیتے۔ ہمارا عجیب قسم کا حساب ہے۔

۵ کروڑ روپیہ خرچ کر کے کراچی کے ایک ٹھیکیدار کے پاس وہی سامان ۱۱ لاکھ میں فروخت کر دیا۔ اگر دس سال کے بعد پھر کوئی demand ہوئی تو ۵ کروڑ کا خرچ دوبارہ کرنا پڑے گا۔

اس کے بعد میں، ریلوے بورڈ کے متعلق عرض کروں گا اور وہ یہ کہ انڈیا میں ۲۱ اور ۲۲ ایجنسیز میں co-ordination پیدا کرنے کے لئے ریلوے کا ایک بورڈ بنا ہوا ہے۔ ہماری دو سروسز کے لئے ایک بورڈ کا قیام تو کسی حد تک ٹھیک تھا۔ لیکن یہ پی ڈبلیو آر جب خود مختار ہے پھر کونسی ایجنسی ہے جس میں co-ordination پیدا کرنے کے لئے ایک بورڈ کی ضرورت باقی رہتی ہے۔ اس پر ایک کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ کا صرف کرنا چار چار ہزار کے white elephants کو رکھنا بے جا ہے اور گناہ عظیم ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ صوبہ کے ساتھ ایک قسم کی غداری ہے۔ ریلوے ورکشاپ میں تقسیم سے قبل ۸۴ انجن مرمت کرنے کی capacity تھی جو اب گھٹا کر ۲۴ کر دی گئی ہے۔ کچھ سٹاف بھی کم کیا گیا ہے مگر وہ چھوٹے طبقہ کا سٹاف ہے۔ Controlling Authorities بڑھ گئی ہیں۔ اپر سٹاف وہی ہے۔ دوسری ایجنسیز پہلے سے کم ہیں۔ اسلئے ہر ایجنسی میں ۲۲۵ اور ۲۳۵ فیصد اپر کلاس کے افسر رکھنے کی قطعاً کوئی justification نہیں ہے۔

اگرچہ یہ کوئی بڑا معاملہ نہیں لیکن میں عرض کروں گا کہ انڈیا میں ریلوے گارڈ اور ڈرائیور کی پوزیشن باقی ملازمین سے الگ ہے۔ ان کو Touring Officers سمجھا جاتا ہے اور ان کو میلوں کے حساب سے ادائیگی ہوتی ہے۔ وہاں پر Train Examiners گارڈ کے برابر نہیں ہوتے۔ پچھلے ۱۱ برس میں انہوں نے مطالبہ کیا تھا کہ انہیں گارڈز کے برابر تسلیم کیا جائے۔ مگر انڈیا ریلوے بورڈ نے نہیں مانا۔ اس کے برعکس ہماری پوزیشن کچھ ایسی ہے کہ اس سلسلہ میں جب ایک ٹریبونل بیٹھا تو ۵۰۰ S.T.E.S نے ۱۰۰ روپیہ فی آدمی اکٹھے کئے۔ مجھے پتہ نہیں یہ صحیح ہے یا غلط بہر حال ۵۰ ہزار روپیہ اکٹھا کیا گیا اور ۲ مہینے کے بعد اعلان ہوا کہ ان کا درجہ گارڈز کے برابر ہو جائیگا جس کے لئے جناب ۳۰۰ روپیہ ماہوار ایک ایک S.T.E. کو Indian administration کے ضابطہ کے خلاف ہم یہاں دے رہے

ھیں ۔ اس حالت میں میری گذارش یہ ھے کہ اس بجٹ میں چھوٹے item کے متعلق توجہ ریلوے کے جنرل مینیجر پر چھوڑ دیجئے۔آپ اس سے اونچا دیکھئے۔ اس طرح دیکھئے جس طرح ایک باوقار اور خود دار پاکستانی کو دیکھنا چاھیئے۔ (تالیاں)

مسٹر اجون خان جدون (مردان-۴)— جناب صدر۔ ریلوے بجٹ میں وزیر ریلوے نے دو نہایت ھی قابل ستائش چیزوں کا ذکر کیا ھے۔ ایک تو یہ کہ درجہ چہارم کے ملازمین کو جو سہولتیں پہلی دفعہ بہم پہنچانے کی منصوبہ بندی کی ھے۔یعنی مکانات اور تنخواھوں میں اضافہ،اس کے لئے حکومت قابل ستائش ھے ۔ دوسری چیز یہ ھے کہ جب ریلوے صوبہ کی تحویل میں آئی تو یہ تجویز کی گئی کہ پس ماندہ علاقوں کو مناسب نمائندگی دی جائے ۔ یہ چیز قابل تعریف ھے ۔ اب میں یہ دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ آیا اس پر عمل بھی ھو رھا ھے یا نہیں ۔ ایک اور بات جو میں قابل ذکر سمجھتا ھوں یہ ھے کہ ان علاقوں کے لئے کوٹا مقرر کرنے کی طرف توجہ مبذول کرنا چاھئے ۔ ھمارے صوبہ کی حکومت کو چاھئے کہ وہ قبائلی اور شامل شدہ علاقوں کے لئے علیحدہ کوٹا مقرر کرے ۔ تعلیم اور عمر کی رعایت تو دی گئی ھے۔ میں ان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاھتا ھوں کہ اس طرف توجہ دیں اور قبائل اور شامل شدہ علاقوں میں تمام سہولتیں دے۔ ریلوے کے ملازمین کو اگرچہ آپ نے کچھ رعایتیں دی ھیں مگر ریلوے کی ترقی کو دیکھ کر مجھے مایوسی ھوئی ھے کیونکہ ترقی کے منصوبوں کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ھے ۔ ابھی تک میں نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس سے یہ معلوم ھو کہ واقعی انھوں نے کوئی منصوبہ بندی کی ھے یا جس سے پس ماندہ علاقوں کیلئے کوئی منصوبہ بندی ھوئی ھو۔ مثال کے طور پر ھمارے صوبہ سرحد میں انگریزوں کے زمانہ سے meter guage لائین کوھاٹ ٹل وغیرہ کی طرف چلتی ھے ۔ یہ تجارتی علاقے ھیں اور یہاں سے لاکھوں روپیہ کی لکڑی برآمد ھوتی ھے ۔ مجھے یہ امید تھی کہ یہ محکمہ صوبہ کی تحویل میں آنے کے بعد ضرور کوئی منصوبہ بندی کرے گا ۔ لیکن میں نے دیکھا ھے کہ کچھ بھی نہیں کیا گیا ۔ اگر meter guage کو ھی broad guage لائین بنا دیتے تو پھر بھی کوئی بات ھوتی ۔

دوسرا یہ کہ جتنی نئی ریلوے لائنیں بچھائی جا رہی ہیں ان میں سابق صوبہ سرحد کو قطعی طور نظر انداز کیا گیا ہے۔ نہ وہاں کی ضروریات کا جائزہ لیا گیا ہے اور نہ ہی وہاں کے لئے کوئی نیا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ میں نے پچھلے سیشن میں بھی مطالبہ کیا تھا کہ صوابی تحصیل کو ریلوے لائین سے منسلک کر دیا جائے۔ یہ اس لئے بھی اہم ہے کہ صوابی ایک بڑا علاقہ ہے۔ اور اس طرح وہاں کافی صنعتی ترقی بھی ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ وہاں پر ریلوے لائین بچھا دی جائے۔ اور میں نے پچھلے سیشن میں یہ مطالبہ بھی کیا تھا کہ ایبٹ آباد کو بھی ریلوے لائین سے منسلک کر دیا جائے۔ ویسے بھی حویلیاں تک تو ریلوے لائین موجود ہی ہے۔ اور چونکہ ایبٹ آباد ایک صحت افزا مقام ہے۔ اس لئے اسے ریلوے لائین سے منسلک کرنا بے حد ضروری ہے۔ لیکن مجھے یہ دیکھکر دکھ ہوا ہے کہ اٹک پار کے علاقوں کے لئے کسی قسم کا کوئی بھی نیا منصوبہ موجود نہیں ہے۔

تیسری چیز جسکی طرف میں معزز وزیر ریلوے کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ ہے گاڑیوں میں بھیڑ کے متعلق میں نے دیکھا ہے کہ پشاور سے جو خیبر میل چلتی ہے اس میں عام طور پر انٹر اور تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں اس قدر بھیڑ ہوتی ہے کہ مسافر ایک دوسرے پر چڑھے ہوتے ہیں۔ اور اس طرح جو خیبر میل لاہور سے پشاور کے لئے چلتی ہے اس میں بھی یہی حالت ہوتی ہے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جب کراچی جانے والی گاڑیوں میں اکثر Seating Reservation کا انتظام ہے۔ تو پھر وہ کونسی وجہ حائل ہے کہ پشاور جانے والی گاڑیوں میں اس قسم کا انتظام نہیں ہو سکتا۔ پشاور سے لاہور اور لاہور سے پشاور جانے والی گاڑیوں میں یہ انتظام کچھ مشکل تو نہیں ہے۔ اس لئے میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ایک حکم اس بارے میں جاری کیا جائے کہ جسکی رو سے Seating Reservation کا ٹکٹ ان شہروں کے لئے جاری ہو سکے تاکہ جو مسافر چاہیں کم از کم وہ بیٹھکر تو جا سکیں۔

ایک اور چیز جس کی طرف وزیر ریلوے کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ سابق صوبہ سرحد میں دیہاتی سڑکوں پر جو ریلوے کراسنگ ہیں

اُن پر رات کے وقت چوکیدار نہیں ہوتا ۔ کیونکہ وہ دن کو اُن پر ڈیوٹی دینے کے بعد رات کے وقت اپنے گھر جا کر سو جاتا ہے ۔ اس لئے اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو اس میں کافی خطرے کی بات ہے اور حادثات رونما ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں ۔ بلکہ اس طرح کافی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں ۔ اس لئے میں نے پچھلے سیشن میں بھی یہ گذارش کی تھی کہ یہ کوئی مشکل بات تو نہیں ہے کہ آپ ایسے تمام crossings کا جائزہ لیں ۔ کہ اس قسم کے کتنے gates ہیں اور یہ کہ کتنے چوکیدار اس کام کے لئے آپ کو درکار ہونگے ۔ اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ آپ اس کے لئے بجٹ میں Provision بھی رکھیں ۔ لیکن افسوس ہے کہ اس پر کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ لہذا میں دو بارہ وزیر ریلوے کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں کہ ہم عوام کے نمائیندگان اس ہاؤس میں جو کچھ عرض کرتے ہیں ، انہیں چاہئے کہ وہ اُن گذارشات کا تجزیہ تو کیا کریں کیونکہ وہ سب معروضات صدا بصحرا ثابت ہو رہی ہیں ۔

اس کے علاوہ ایک اور چیز جس کی طرف میں انکی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وہ Tank wagons کو اپنے کنٹرول میں رکھیں اور ان کی تقسیم اپنے ہی ہاتھ میں رکھیں ۔ اسے آپ نے آئل کمپنی کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے ۔ وہ کسی نہ کسی طرح manipulate کر کے بعض علاقوں میں تیل کی کمی کروا دیتے ہیں اور پھر اپنے ایجنٹوں کے ذریعے بلیک مارکیٹ کرواتے ہیں جس طرح پچھلے دنوں ڈیزل آئیل کی بلیک مارکیٹ ہوئی ہے ۔ اس لئے لازم ہے کہ وہ ٹینک ویگنوں کی تقسیم اپنے ہاتھ میں ہی رکھیں ۔ تاکہ اس طرح سے بعض علاقوں میں کمی نہ ہوئے پائے اور تیل کمپنیوں کے ایجنٹ اس میں بلیک مارکیٹ نہ کر سکیں اور لوگوں کو تیل مل سکے ۔ مجھے یہ معلوم ہے کہ مذکورہ ویگن آپ کے پاس ضرورت کے مطابق موجود ہیں ۔ لیکن چونکہ ان کی تقسیم صحیح طور پر نہیں ہوتی اس لئے کمپنی والے بعض علاقوں کو dry کر کے وہاں اپنی من مانی کروا لیتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The member may please address the Chair.

Mr. Ajoon Khan Jadoon: I am addressing you, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: He cannot do two things at one time.

Khan Ajoon Khan Jadoon: I am looking at him because I must see him and he must see me and look into the problems.

جناب سپیکر ۔ ایک اور چیز جس کی طرف میں جناب وزیر ریلوے کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ پشاور شہر ریلوے سٹیشن پر جو Oil siding ہے وہ غلط طریقے سے بنایا گیا ہے اور بہت چھوٹا ہے۔ اس کے علاوہ وہ پرانے زمانے کا بنا ہوا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The member should address the Chair. The Minister is expected to take note of all these things.

Khan AJoon Khan Jadoon: I am addressing the Chair.

تو میں پھر وزیر ریلوے کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ وہاں Oil siding پر اس سے قبل بھی derailment ہو چکی ہیں ۔ اس سٹیشن پر جگہ موجود ہے۔ اور اسے Realign کیا جاسکتا ہے۔ وہ اس پر توجہ فرمانے کی کوشش کریں ۔ اور میری ان گذارشات پر توجہ فرما کر کوئی منصوبہ اس کے متعلق بنائیں۔

میر نبی بخش خاں زہری (کوئیٹہ چاغی)— جناب سپیکر — زیر بحث ریلوے بجٹ پر بعض معزز ممبران نے اپنے نقطہ نظر سے بحث کی ہے۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ آپ کی خدمت میں اور آپ کے توسط سے اس معزز ایوان میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ سب سے پہلے میں ریلوے منسٹر کو ان کی اردو تقریر پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنی مادری زبان کا حق ادا کردیا ہے۔ اور اس ہاؤس میں ہم آئندہ بھی اس قسم کی مثال کی توقع رکھتے ہیں۔ میں یہ ضرور عرض کروں گا اور جیسے ریلوے منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں اس خیال کا اظہار کیا ہے، کہ جب مرکز سے ریلوے کو پچھلے سال صوبائی حکومت کی تحویل میں دیا گیا تھا تو بعض لوگوں کو یہ خدشہ تھا کہ صوبائی حکومت ان اختیارات کو اور اس محکمے کو بخوبی سر انجام نہیں دے سکتا ۔ چنانچہ منسٹر صاحب نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں کہ الحمدللہ وہ اس محکمے کو اچھی طرح سے چلا رہے ہیں ۔ اس

لئے میں واقعی انہیں مبارک باد کا مستحق سمجھتا ہوں۔ نہ صرف ریلوے منسٹر کو بلکہ ریلوے کے افسران اور دیگر ریلوے ملازمین کے علاوہ عوام کو بھی قابل مبارک باد سمجھتا ہوں۔ کہ جس طرح سے آنہوں نے یہ ذمہ داری قبول کی۔ اور خدا کے فضل و کرم سے ہم یہ صحیح طور پر کہہ سکتے ہیں کہ ہم میں یہ صلاحیت ہے کہ ہم ایسے بڑے Organization کو اچھی طرح سے چلاسکیں۔

ایک ممبر— وہ آپ کے کوئلے کی wagons والے معاملے کا کیا بنا؟

میر نبی بخش خان زہری—جناب سپیکر۔ جہاں تک میرے دوست نے کہا ہے کہ کوئلے کی ویگنوں کا کیا حال ہے۔ اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں جناب ریلوے منسٹر اور ان کے محکمے کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور ساتھ ہی یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ہیں صحیح کام۔ اور میں نے پچھلے سیشن میں جو درخواست کی تھی۔ اور اپنے علاقے کی تکالیف پیش کی تھیں۔ صوبائی حکومت کو اختیارات ملنے کا یہ فائدہ ہوا ہے کہ ہم اس ہاؤس میں اپنے وزراء صاحبان اور اپنے افسران سے اپنی شکایت بیان کر کے انہیں رفع کرا سکتے ہیں۔ اور میں یہ بھی یہاں اس موقع پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب سے میں نے وزیر ریلوے کو درخواست کی تھی۔ اس پر ریلوے منسٹر صاحب اور ان کے محکمے نے توجہ دی ہے۔ اور اب ہماری مشکلات کافی حد تک کم ہو گئی ہیں۔ میں بلوچستان کے لوگوں کی طرف سے اور مزدور سے لیکر mine owner تک کی طرف سے اس ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ ہماری مشکلات کا خیال رکھا جائے گا۔ اسکے نتائج سے نہ صرف ہمیں نقصان کا سامنا ہوتا ہے بلکہ مختلف علاقوں کے لوگوں کو بھی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور ہم اس بات کی قدر کرتے ہیں کہ انہوں نے immediately اور یکدم ہماری شکایات کو رفع کیا اور ہمیں موقع دیا کہ ہم انکا شکریہ ادا کر رہے ہیں۔

جناب والا۔ نہ صرف صوبائی حکومت کے حوالے سے یہ کام ہوا ہے کہ ہم خوش ہیں کہ ہم نے کامیابی سے یہ فرائض انجام دئے ہیں۔ بلکہ ہم میں صوبائی

حکومت اور صوبے کے لوگوں اور اس معزز ایوان کے ممبروں میں یہ صلاحیت موجود ہے اور ہم اس سے بھی بڑے بڑے Project اور اس سے بڑے organisations کو کامیاب کر سکتے ہیں ۔ مجھے آپوزیشن کے ایک ممبر سے اتفاق ہے کہ ہمیں Self-sufficient ہونا چاہئے ۔ اور میں وزیر صاحب کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ منصوبہ بندی کریں کہ جس حد تک ہم خود اپنی چیزیں بنا سکتے ہوں ہمیں بنانا چاہئے ۔ ہمیں ان چیزوں سے پرہیز کرنا چاہئے جن کے ہم محتاج ہیں اور جن کے لئے ہم Foreign exchange دے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کے توسط سے شکریہ ادا کر چکا ہوں ۔ اب میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں کچھ تجاویز پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ تجویزیں ہیں وجہ ناراضگی نہیں ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ ان تجویزوں پر غور فرمائیں گے ۔ اور ان کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں گے ۔ سب سے پہلی چیز پچھلے سیشن میں (جسکو ایک سال ہوا) میں نے عرض کی تھی کہ پورے ویسٹ پاکستان کا ۲۳ پرسنٹ کوئٹہ قلات ڈویژن ہے اور میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ برٹش گورنمنٹ کے زمانے میں وہاں جس جگہ پر لائین بچھی ہوئی تھی اس کے بعد سے اب تک ۱۴-۱۵ سال میں ایک فٹ کا اضافہ نہیں ہوا ہے میں یہ بات پھر دہراتا ہوں اور میں اس سے کبھی باز نہیں آونگا ۔ اگر اس ہاؤس میں میں آئندہ بھی منتخب ہو گیا تو میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ میں کسی بھی پارٹی کی گورنمنٹ کے ساتھ ہونگا تو میں ان کو آرام سے بیٹھنے نہیں دونگا جب تک وہ ان مسائل کی طرف توجہ نہ دے دیں ۔ Railway Budget Speech کے صفحہ ۱۸ پر ۵ سالہ منصوبہ بندی جو آئندہ ۵ سالہ منصوبے کے متعلق ہے، کا میں نے بغور مطالعہ کیا۔ ترقیاتی منصوبوں کے متعلق اس میں اکثر شہروں کا نام لیا ہے ۔ اس میں کراچی آیا ہے اس میں لانڈی آیا ہے قلعہ شیخوپورہ آیا ہے سانگلہ ہل آیا ہے جیکب آباد آیا ہے جو سابق بلوچستان کی سرحد کے پاس ہے ۔ لیکن اس میں بلوچستان کا کوئی ذکر نہیں ہے ۔ ہمارے ریلوے افسران منصوبہ بندی کے وقت یہ نہیں سوچتے ۔ ہمارے منسٹر صاحب کو چاہئے کہ وہ پبلک کا نمائندہ ہوتے ہوئے اس پر غور کریں کہ کیا تمام منصوبہ بندی سابق بلوچستان کے باہر ہی ہوا کریں گی ؟ کیا بلوچستان میں انسان نہیں بستے

ہیں۔ اسلئے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں اور ناانصافی کا یہ ثبوت ہے کہ جیکب آباد جو سندھ کا آخری شہر ہے اس کے لئے ترقیاتی منصوبہ بنایا جاتا ہے اور بلوچستان کے لئے کچھ نہیں۔

اس کی کیا وجہ ہے؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ وزیر ریلوے صاحب یہ فرماتے ہیں کہ انہیں مرکز سے ابھی یہ ڈیپارٹمنٹ تازہ تازہ ملا ہے۔ اور اس وجہ سے انکو موقع نہیں دیا گیا ہے۔ مگر اعتراض یہ ہے کہ ۵ سالہ منصوبے کے متعلق موجودہ اس تقریر میں گنجائش کے طور پر چند شہروں کے نام لئے گئے ہیں کیا اب بھی ہم مستحق نہیں ہیں۔ میں یہ کہونگا کہ بعض ہمارے وزراء جو کوئٹہ اور قلات جاتے ہیں ہمارے لوگوں سے یہ کہتے ہیں کہ ہم آپ کے نمائندے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ کیبنٹ میں ہمارا نمائندہ نہ ہونے کی وجہ سے یہ واقعات ہمارے ساتھ ہوتے ہیں۔

میں جناب وزیر صاحب سے کہتا ہوں کہ ہمارے پاس وہ بڑے منصوبے ہیں جو باقی سارے مغربی پاکستان میں نہیں ہیں۔ اگر آپ Aid چاہتے ہیں یا Loan چاہتے ہیں لیں لیکن آپ اس علاقے کو Develop کریں۔

جہاں تک ون یونٹ کا سوال ہے پبلک میں ون یونٹ کو فروغ دینے کا جذبہ ہے۔ اس ہاؤس میں اکثر کہا گیا ہے کہ ون یونٹ فروغ نہیں پا سکتا۔ لیکن چاہے وہ میں ہوں یا میرے وہ بھائی ہوں جو پراونشل اسمبلی کے ممبر ہیں۔ خواہ وہ اپوزیشن میں ہوں یا میری پارٹی میں ہوں پورے بلوچستان کے لوگ ون یونٹ کے حق میں ہیں۔ تو میں عرض کروں گا کہ پھر کیوں ہماری منصوبہ بندی نہیں ہوتی۔ میں ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ کوئٹہ سے لے کر ۳۰ میل کے area eastern side پر کوئٹہ کی Coal Range ہے۔ اور پندرہ میل سے لیکر ۳۰ میل کا ٹرانسپورٹ لاریوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ اور اس ٹرانسپورٹ کی Cost ۱۰ روپے ٹن سے لیکر ۲۰ روپے ٹن آتی ہے۔ جناب والا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ کوئلے کا نرخ بہت مہنگا ہے۔ پی۔آئی۔ڈی۔سی کے Range پروگرام تیار ہو جائیں تو اس طرح ۵ لاکھ ٹن سے بڑھکر ۱۰ لاکھ ٹن ہو جائے گا۔ اس کے ٹرانسپورٹ پٹرول ڈیزل اور ٹرکوں کی صورت میں سالانہ ۱۰ لاکھ ٹن کے

ٹرانسپورٹ پر ایک کروڑ Forcign Exchange خرچ ہوتا ہے اور ایک کروڑ Foreign Exchange خرچ ہونے کی صورت میں ہمارا ایک کروڑ ۸۰ لاکھ روپیہ ضائع ہوتا ہے۔ مگر تیس میل ریلوے لائن کے بنانے میں جو فوائد ہیں وہ میں عرض کرونگا ۔ ریلوے کے افسر وہاں جائیں اور میں دعویٰ سے کہوں گا کہ جو figures میں دونگا اس سے زیادہ نہیں ہونگے بلکہ اس سے کم ہونگے۔ اور میں اپنے آپ کو پیش کرتا ہوں اور میں ان کی مدد کرنے کو تیار ہوں۔ تیس میل کے area میں ڈیڑھ کروڑ زیادہ سے زیادہ خرچ ہوگا اور اگر ڈیڑھ کروڑ خرچ کیا جائے تو اس investment سے بہت زیادہ فائدہ ہوگا ۔ ریل کی آمدنی میں دس لاکھ ٹن کوئلے کے ریل کے کرایوں سے جو اضافہ ہوگا۔ وہ بیس لاکھ روپیہ سالانہ ہوگا اور ڈیڑھ کروڑ تو سات آٹھ سال تک repay ہو جائے گا۔ اس کے بعد ہم self-sufficient ہو جائیں گے ۔ اس ٹکڑے میں foreign exchange ہم خرچ نہیں کریں گے۔ کیونکہ اس عرصہ میں ریل جو کوئلہ تک چلے گی وہاں ڈیزل سے نہیں ہوگی بلکہ لوکوموٹوز کوئلے سے چلنے والے ہونگے اور وہ چل سکتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ جہاں ہم فارن ایکسچینج کی بچت کر سکتے ہیں وہاں ہمارے کوئلہ کے ریٹس ۱۰ روپیہ فی ٹن کم ہونگے۔ جسکا effect یہاں کے بھٹے والے اینٹ خریدنے والے اور استعمال کرنے والوں پر ہوگا ۔ اور میں یہ عرض کروں گا کہ یہ اس سے یہی فوائد نہیں ہونگے بلکہ سینکڑوں آدمی ملازم رکھے جا سکتے ہیں ۔ ڈیڑھ کروڑ کی investment ایک معمولی بات ہے۔ آپ نے کروڑوں کی سکیموں میں شامل نہیں کیا ۔ حالانکہ تقسیم سے پہلے اس علاقے میں ۱۴ میل کا ٹریک بچھا ہوا تھا اس کو نکالا گیا ۔ extend نہیں کیا گیا بلکہ اس کو نکالا گیا۔ میں مانتا ہوں کہ prepartition وقت میں اس کو نکال لیا گیا ۔ میں الزام نہیں لگاتا کہ وہ track کیوں نکالا گیا جبکہ انگریزوں نے یا اسوقت کے ضرورت مندوں نے اس کوئلہ کے لئے ۱۴ میل کا track ۴۰ سال پہلے بنایا۔اس وقت تھوڑا پروڈکشن تھا آج بیس گنا ہو گیا ہے۔ کیا اس وقت ضرورت نہیں ہے ؟ یہاں لوگ چیختے ہیں کہ کوئلہ کے rate زیادہ ہیں ۔ لوگوں کی مشکلات ہیں ۔ دوسری مشکل جو کہ میرے علاقے میں ہے وہ mining industry کی ہے ۔ جسکو develop کرنے سے ہزارہا آدمیوں کا روزگار بن سکتا ہے۔ ہم زندہ رہ سکتے ہیں اور گورنمنٹ کے اوپر بوجھ نہیں بن سکتے۔ اس پر جناب والا ۔

طرہ یہ کہ چند مہینوں سے کوئلہ کے ریٹ ہمارے ریلوے ڈیپارٹمنٹ نے اور میں کہتا ہوں کہ وزیر صاحب کی منظوری سے پانچ روپیہ ٹن ریٹ بڑھا دئے ہیں ۔ اس ریٹ کا اثر صرف میرے علاقے کے کوئلہ پر ہوتا ہے۔ اب Competition میں پانچ روپے ٹن کی وجہ سے کوئلہ ہمیں بیچنے میں مشکلات پیش آئیں گی۔ اور وہ پانچ روپیہ کی زیادتی کیوجہ سے یہاں مہنگا ہوتا ہے۔ میں وزیر صاحب سے عرض کروں گا کہ مہربانی کر کے اپنے وعدوں کے مطابق اس ریٹ پر نظر ثانی کریں جو صرف اس ایریا پر اثر انداز ہوتا ہے۔ انصاف سے کام لینا چاہئے۔ میں یہ نہیں کہتا گو میں یہ کہنے میں بھی حق بجانب ہوں گا کہ بالکل اس کو ختم کیا جائے۔ مگر آپ انصاف سے فیصلہ کریں ۔ میں گورنر سے اپیل کرتا ہوں کہ اس undeveloped area جس سے انہیں محبت ہے اسکا خود دورہ کرتے ہیں ۔ کیا یہ جائز نہیں کہ ہمیں منصوبہ بندی میں حصہ دیا جائے میں تجویز کرتا ہوں جناب سپیکر ۔ آپ کے توسل سے اپیل کرتا ہوں کہ منسٹر صاحب High powered Technicians اور Engineers کی کمیٹی بنائیں اور بلوچستان کے M.P.As. کو موقع دیں ۔ میں انکو بہترین تجویز جو کہ فائدہ مند ہوگی پیش کرونگا اور اگر مجھے اجازت دیں اس حصے کے لئے جہاں میں suggest کرتا ہوں سمرکلی کی ۔ ہمیں loans دیں ۔ ہم اپنی کاسٹ پر ریلوے چلائیں گے۔ جناب سپیکر ۔ میں ممنون ہوگا اگر آپ منسٹر صاحب سے سفارش کریں کہ وہ ہمارے ایریا کے مزدوروں کا بھی خیال کریں۔ ہمارے مزدوروں کا بھی سوال ہے مزدوروں کی جو کچھ حالت ہے اس کے متعلق بھی ضروری ہے کہ جو کچھ ہو سکے انکی امداد کی جائے ۔ وہ ''بی'' کلاس سٹیٹ ہے ۔ وہاں پانی کا انتظام ہونا چاہئے۔ میں منسٹر صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ کوئٹہ کے چند حصوں میں دورہ فرمائیں ۔ میں ایک مثال دیتا ہوں کہ ۱۲-۱۳ میل پر ایک لانڈھی ہے ہمارے علاقہ کے مطابق اسکو لانڈھی کہتے ہیں ۔ ۱۲ میل پر چھوٹا سا سٹیشن ہے ۔ مال گاڑی آکر اسکو پینے کا پانی دیتی ہے ۔ پینے کے پانی سے لیکر انکے رہنے کی حالت اگر وہ دیکھیں تو انکو خود افسوس ہوگا کہ وہ ایک ایسا حصہ ہے جسکو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ جو مزدور مستحق ہیں انکا حصہ بھی روکا گیا ہے ۔ ہمارے ایریا کو ڈیویلپمنٹ سکیم میں آنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میں دعوت دیتا ہوں ۔ جناب منسٹر صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ دورہ کریں تا کہ ہم ان کو دکھائیں کہ کیا ہم ایسا کہنے میں حق پر نہیں ہیں؟ ہم چیختے کیوں ہیں؟ ہم چلاتے کیوں ہیں؟ ہمیں صرف انگوٹھا لگا کر باعث عزت ہونا چاہئے مگر ہم مجبور ہیں ۔ اپنی گورنمنٹ سے اگر ہم نہیں کہیں گے تو کس سے جا کر کہیں گے ۔ ہماری زندگی کا اس میں دخل ہے تو جب جنرل بجٹ آئیگا تو میں انکی خدمت میں بحیثیت فائننس منسٹر عرض کروں گا کہ وہ ہمارے ساتھ مہربانی کریں اور میں ان سے عرض کروں گا قبل اسکے کہ میں واویلا کروں ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر — آپ کا وقت ختم ہو گیا ۔

میر نبی بخش خان زہری — آپ مجھے ایک آدھ منٹ ضرور دیں۔ کیا حرج ہے ؟

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر— باقی کمی جنرل بجٹ میں پوری کر لیں ۔

میر نبی بخش خان زہری—ابھی ساڑھے بارہ بجے ہیں ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر—ابھی اور بھی بولنے والے ہیں ۔

میر نبی بخش خان زہری۔مجھے پانچ منٹ اور دیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Alright.

Mir Nabi Bakhsh Khan Zaheri : Thank you very much, Sir.

میں نے معزز ممبران کیطرفسے چند ایک آپوزیشن ممبران کیطرفسے اور کچھ اپنی پارٹی کیطرفسے یہ شکایت سنی کہ بسا اوقات Trains اپنے وقت پر نہیں پہنچتیں ۔ لیکن میرے علاقے میں اسکے برعکس ہے وہ کیسے کہ کوئٹہ اور کراچی کی جو لائن ہے اس پر جتنا ٹائم ہے اس سے زیادہ ٹائم رکھا گیا ہے۔ ٹرینز آتے آتے رک جاتی ہیں کہ ہم ٹائم سے پہلے نہ پہنچیں ۔ میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ خدا را یہاں تو یہ مشکل ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ٹائم

پر نہیں پہنچتیں وہاں قبل از وقت پہنچنے کی گنجائش نہیں — مہربانی کر کے فاصلہ اتنا رکھیں جتنی کہ ضرورت ہے۔ اگر تیزتر جانے کے انتظامات ہوں تو میرا خیال ہے کہ نقصان نہیں ہو گا۔ بلکہ قوم کے ٹائم کی بچت ہوگی۔ میں انکی توجہ اسبات پر بھی دلانی چاہتا ہوں۔ جناب والا۔ آپکے توسل سے میں یہ عرض کروں گا کہ منسٹر صاحب نے اپنی سپیچ میں یہ فرمایا ہے کہ Trucks کا جو Competition ہے ان کی وجہ یہ ہے کہ سڑکیں بہتر ہیں اور روڈ ٹرانسپورٹ کے ساتھ مقابلہ ہوتا ہے۔ جناب اسی وجہ سے میں چاہتا ہوں کہ وہاں کوئی private ریلوے ہو پھر یہ محکمہ کسی پرائیویٹ ریلوے کو ریل کے بنانے کی اجازت دیدے تو بات واضح ہو جائے گی کہ یہ خسارہ کی بات ہے یا نہیں۔ آج ریلوے افسران کے حد سے زیادہ بنگلے ہیں تو انکے بنگلوں کی سجاوٹ ایسے ہے جو خود منسٹر صاحب کا ایسا بنگلہ نہ ہو۔ میں کہتا ہوں کہ جتنی ضرورت ہے اتنا ہی خرچ کرنا چاہئے جس سے ہمارے عام آدمی بھی سہولت کی زندگی بسر کر سکیں۔ ہمیں اپنے ملک کو ترقی کے راستہ پر لیجانا چاہئے۔ درمیانی طبقہ کو اونچا لایا جائے۔ یہ آپ کر سکتے ہیں کہ چند طبقوں پر جیسے مرکزی حکومت نے لگایا ہے۔ ویلتھ ٹیکس لگایا جائے اس میں غالباً مجھ غریب پر بھی ویلتھ ٹیکس لگ جاتا ہے۔ جناب والا۔ آپ کو اونچے طبقہ کو نیچے کرنا چاہئے کیونکہ چند خاندان ہیں ان کو نیچے کیجئے مگر نیچے سے اوپر کرنے کا کیا طریقہ ہو۔ وہ یہ نہیں ہوتا کہ بجٹ میں ٹیکس لگا کر لیں اور اس کا مصرف ایسا ہو جس کی ضرورت نہیں ہمیں اگر Development کرنی ہے اور ہمیں اپنے ملک کو Self-sufficient بنانا ہے .....

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر— آپکا وقت ختم ہو گیا ہے۔

میر نبی بخش خان زہری—اب شومئے قسمت ہے کہ میرا وقت بھی ختم ہوتا ہے اس لئے میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

میر عبدالباقی بلوچ (مکران۔۱)— جناب سپیکر۔ جناب عبدالوحید خان صاحب نے جو بجٹ اس ایوان میں پیش فرمایا ہے سب سے پہلے مجھے اس پر یہ اعتراض ہے کہ انہوں نے اپنے ریلوے کے قانون کی خلاف ورزی کی ہے سٹیٹ ریلوے جنرل کوڈ میں صاف طور پر لکھا گیا ہے بلکہ اس کے سیکشن

۳۵۸ اور ۳۱۱ میں یہ واضح طور پر موجود ہے کہ ریلوے بجٹ بنانے سے پہلے لیجسلیچر کی ریلوے سٹینڈنگ کمیٹی سے مشورہ کرے اور ایوان میں بجٹ پیش کرنے سے قبل بھی ریلوے سٹینڈنگ کمیٹی سے اس کی منظوری لے ۔ جناب والا۔ یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ آج اس ایوان کی سٹینڈنگ کمیٹی کو نظر انداز کر کے یہ بجٹ اس ایوان میں ایک بے ووٹے وزیر کی طرف سے پیش کیا جاتا ہے ۔ جناب سپیکر۔ جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے اس کے متعلق بھی میں آج یہ دعویٰ کروں گا کہ جناب وزیر ریلوے صاحب کا یہ دعویٰ ہے کہ ۳ کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ کا منافع ہوا ہے یہ سراسر غلط ہے۔ بلکہ یہ بجٹ ۲ کروڑ ۵۷ لاکھ روپیہ کے خسارے میں جارہا ہے۔ اور اب انہی کے قوانین کی رو سے انہی کے اعداد و شمار کی رو سے میں آج اس ایوان میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ ان کا بجٹ منافع کا بجٹ نہیں بلکہ ۲ کروڑ ۵۷ لاکھ روپیہ کے خسارے کا بجٹ ہے۔

جناب والا ۔ ریلوے سے متعلق تین چیزیں قابل غور ہوتی ہیں ۔ نمبر۱ جنرل ریونیو میں ریلوے کا حصہ ۔ سالانہ آمدنی جو ریلوے کو ہوتی ہے اس میں سے ہر سال Capital-at-charge (کل سرمایہ) پر ایک فی صد کی رقم کے حساب سے صوبہ کو یا مرکز کے General Revenue میں ادا کرنی پڑتی ہے۔ اور چونکہ ریلوے اب اس صوبہ کی ہو گئی ہے اس لئے وہ ایک فیصد رقم اس صوبہ کے General Revenue میں دینا چاہئے ۔ لیکن انہوں نے یہ رقم نہیں نکالی ۔ اس کے علاوہ Depreciation Reserve Fund ہے۔ Depreciation Reserve Fund میں پہلے $\frac{1}{60}$ حصہ Capital at charge کا ہوا کرتا تھا ۔ لیکن بعد میں یہ حصہ $\frac{1}{45}$ ہوا اور ۱۹۵۷ء تک یہی رہا ۔ ۱۹۵۸ء سے اسے $\frac{1}{30}$ حصہ کیا گیا جو اس وقت بھی رائج ہے ۔ لیکن جناب وزیر ریلوے صاحب ہمیں یہ اطلاع دیتے ہیں کہ ۴ کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ انہوں نے depreciation reserve fund میں اسی سال سے رکھا ہے۔ انہوں نے ہمیں اپنا capital at charge نہیں بتایا اور اس حساب سے ہم جو capital at charge ان کا نکالتے ہیں تو ان کے قول کے مطابق ایک ارب ۲۹ کروڑ روپیہ ہے جس کا ہم سود دیتے ہیں ۔ وہ سود ۶ کروڑ ۸۳ لاکھ ۸۴ ہزار روپیہ نکلتا ہے۔ جس میں مرکزی حکومت

اور صوبائی حکومت اور بیرونی حکومت کا قرضہ شامل ہے۔ انہوں نے capital at charge لگایا ہے۔ یہ صرف مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے سرمایہ پر لگایا ہے۔ بیرونی حکومتوں کا قرضہ لے رکھا ہے اس پر نہیں لگایا۔ چنانچہ بیرونی حکومت کے قرضے کے ساتھ اگر دیکھا جائے تو یہ رقم ایک ارب ۷۰ لاکھ روپیہ بنتی ہے۔ capital at charge ان کا ایک ارب ۷۰ لاکھ ہے جو انہوں نے چھپایا ہے۔ اس رقم پر $\frac{1}{30}$ کے حساب سے ان کا depreciation reserve fund ۶ کروڑ ۳۳ لاکھ روپے ہونا چاہئے۔ انہوں نے اس کی بجائے ۴ کروڑ ۱۶ لاکھ روپے جمع کئے ہیں۔ دوسری صورت میں general revenues میں ایک فیصد کا ہے اس ضمن میں ان کو چاہئے کہ ۱ کروڑ ۷۰ لاکھ روپیہ صوبہ کو دیں جو کل سرمایہ کی ایک فی صد رقم ہے۔ لیکن یہاں انہوں نے ایک پیسہ بھی نہیں دیا۔ اس سلسلے میں میں ان کی خدمت میں یہ عرض کردوں کہ ۱۹۵۵-۵۶ء اور ۱۹۵۶-۵۷ء اور ۱۹۵۷-۵۸ء میں مرکز کو ساڑھے سات کروڑ روپیہ سالانہ کے حساب سے general revenues میں ریلوے کی طرف سے ملتے رہے ہیں۔ آج ہم جب اپنے جنرل بجٹ کو دیکھ رہے ہیں تو ریلوے کی طرف سے ایک پیسہ بھی general revenues میں نہیں ہے۔ جناب والا۔ حساب کتاب سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے depreciation reserve fund میں قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ۶ کروڑ ۳۳ لاکھ جمع کرنے کی بجائے صرف ۴ کروڑ ۲۶ لاکھ جمع کئے۔ گویا انہوں نے یہ رقم مزید بچا کر فائدے میں دکھانے کی کوشش کی ہے۔ اس کے علاوہ ایک کروڑ ۷۰ لاکھ روپیہ جو general revenues کا حصہ بنتا ہے یہ نہیں دیا۔ انہیں بچا کر اپنا فائدہ دکھانا پسند کیا ہے جو ان کا فائدہ ہرگز نہیں کہلایا جائے گا۔

میر نبی بخش خان زہری — اپنے علاقے کیلئے کچھ نہیں کہوں گے۔

میر عبدالباقی بلوچ—جناب والا۔ ۴ کروڑ ۲۶ لاکھ کی جو کمی انہوں نے بیان کی ہے وہ ۳ کروڑ ۸۷ لاکھ کی کل رقم میں سے ہے۔ اس لحاظ سے ۲ کروڑ روپیہ مرکز کے Railway Reserve Fund سے لے آئے ہیں۔

اور اسے لاکر یہاں منافع دکھاتے ہیں۔ حالانکہ اس کو منافع سے کیا تعلق۔ آپکا گذشتہ Railway Reserve Fund مرکز میں جمع ہے۔ اب دو کروڑ وہاں سے لے آئے ہیں۔ آپ کو چاہئے کہ دو کروڑ یہاں Railway Reserve Fund میں رکھتے۔ گویا ان کے فائدے کی رقم ۳ کروڑ ۳۰ لاکھ میں سے یہ دو کروڑ نکال کر ایک کروڑ ۳۰ لاکھ بقول ان کے منافع ہے۔ لیکن انہوں نے قواعد کے مطابق مختلف مدوں میں رقم داخل کرنے میں جو کمی کی ہے وہ ۳ کروڑ ۸۷ لاکھ کی ہے۔ ۳ کروڑ ۸۷ لاکھ قواعد کے مطابق انہوں نے کم جمع کئے ہیں اور فائدہ گویا ۱ کروڑ ۳۰ لاکھ دکھاتے ہیں۔ ۱ کروڑ ۳۰ لاکھ کی رقم کو بھی اگر اس کم داخل شدہ رقم یعنی ۳ کروڑ ۸۷ لاکھ سے وضع کیا جائے تب بھی یہ بجٹ ۲ کروڑ ۵۷ لاکھ روپے خسارے کا بجٹ ہے کیونکہ انہوں نے قواعد کے مطابق یہ رقم داخل ہی نہیں کی اور ہمیں نقصان کی بجائے غلط طریقے سے فائدہ دکھا رہے ہیں جو نہایت نا مناسب ہے۔

میر نبی بخش خاں زہری— اگر ممبر صاحب حساب میں ماہر ہیں تو ہم ریلوے میں ان سے مشورہ لیں۔

میر عبدالباقی بلوچ—Railway Reserve Fund کے متعلق ایک اصول ہے اور وہ اصول یہ ہے کہ جب Depreciation Reserve Fund اور General Revenue کا حصہ نکال دیا جائے اسکے بعد جو رقم فائدہ میں Net Profit بچے اسے Railway Reserve Fund میں دکھایا جاتا ہے۔ انہوں نے Railway Reserve Fund کو سرے سے ہی اڑا دیا ہے۔ حالانکہ اس فنڈ کا بہت بڑا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعہ عوام کو کرائے کی سہولتیں دی جائیں۔ ریلوے کو مالی لحاظ سے مضبوط کیا جائے اور مزدوروں کو، سٹاف کو سہولتیں دی جائیں۔ Third Class Passenger کو سہولتیں دی جائیں۔ لیکن انہوں نے اس فنڈ کو خدا جانے کیا سمجھ کر اور کہاں استعمال کرنا شروع کر دیا ہے اور فائدہ میں دکھانا شروع کر دیا ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ ریلوے کو یہ اس طرح چلا رہے ہیں کہ سالانہ ۶ کروڑ ۵۷ لاکھ کے خسارے میں جا رہے ہیں۔ اور Depreciation Reseve Fund میں کم رقم جمع

ہو رہی ہے۔ Railway Reserve Fund میں بھی کوئی رقم نہیں جا رہی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس کا نقصان کس کو ہوگا۔ وہ نقصان براہ راست پس ماندہ علاقوں کے عوام کو ہوگا۔ اس لئے کہ اگر ریلوے معاشی اعتبار سے مضبوط ہوگی تو یقیناً ریلوے پسماندہ علاقوں میں قائم کریں گے اور جب تک ان علاقوں میں ریلوے نہ بچھائی جائے پسماندہ علاقے پسماندہ ہی رہینگے۔

آپکو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ یہ مرکز کو بھی تقریباً پانچ کروڑ سالانہ سود دے رہے ہیں۔ جیسے یہ ریلوے public property نہیں بلکہ یہ مرکز میں کسی بنئے کی property تھی اور یہ ٹھیکہ وہاں سے لائے ہیں اور اسے ٹھیکہ پر چلا رہے ہیں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اگر یہ public property تھی اور یہ صوبے کو منتقل ہوئی تو آپ اس پر مرکز کو سود کیوں دے رہے ہیں؟ میں عرض کرتا ہوں کہ فرض کیجئے مرکز اگر یہ کہتا ہے کہ مرکز حکومت پاکستان ہے اور یہ صوبے مرکز کے تحت ہیں۔ اس لئے دونوں صوبوں کے جتنے بھی Assets ہیں ان کی قیمت نکال کر سالانہ اتنا سود مرکز کو دیں، تو کیا آپ اسے تسلیم کریں گے۔ جو رقم وہاں بطور سود کے دی جا رہی ہے وہ نہایت غلط ہے اسے بند کیا جائے۔ اس کے علاوہ جتنا حساب ہماری ریلوے کا مرکز کے پاس ہے جتنی ہماری رقم وہاں موجود ہے اس پر ان سے سود لیا جائے اور آئندہ وہ رقم یہاں جمع کرائی جائے۔

جناب والا۔ اس کے بعد میں ایک خاص مسئلے کی طرف ایوان کی توجہ مرکوز کراؤنگا۔ وہ یہ ہے کہ ایک طرف تو ہماری ریلوے کا عالم یہ ہے کہ دو کروڑ ستاون لاکھ کے خسارے میں جا رہی ہے دوسری طرف یہ حاتم طائی بنے ہوئے ہیں۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ انہوں نے ۹۶ میل لمبی ریلوے لائین لوکنڈ سے زاہدان تک حکومت ایران کو بخش دینے کا فیصلہ فرمایا ہے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ سب کن قوانین کے تحت کر رہے ہیں؟ وہ لائین جس کی قیمت تقریباً بیس کروڑ روپے ہوگی آپ کس طرح حکومت ایران کو دے رہے ہیں؟ ہمیں یہ بھی شکایت نہ ہوگی اگر آپ یہ ریلوے لائین حکومت ایران کو دیدیں بشرطیکہ وہ اس کی قیمت ادا کریں

اور آپ اس رقم سے قلات جیسے پسماندہ علاقہ میں ریلوے لائین بچھائیں ۔ اس کے علاوہ جہاں یہ ریلوے لائین دیکر فراخ دلی کا ثبوت دے رہے ہیں وہاں ان کا حال کیا ہے ؟ ان کا حال یہ ہے کہ گوادر سے ہماری ماہی گیری کی لانچین جب ان کے علاقے میں چلی جاتی ہیں تو ان کو پکڑ کر بند کر دیتے ہیں اورہما رے ۶۰ آدمیوں کو بھی جیل میں ٹھونس دیتے ہیں ۔ گذشتہ دنوں ۔ ۔ ۔

میر نبی بخش خاں زہری— معزز ممبر کو ایسی بات نہیں کہنی چاہئے کہ اس سے ہمارے ایک بھائی ملک سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے ۔

میر عبدالباقی بلوچ— مجھے اس کا پورا احساس ہے اور میں پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ کہہ رہا ہوں تو جناب والا ۔ جہاں ان کی ریلوے کا عنقریب دیوالیہ پٹنے والا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب ایک گہری سازش کے تحت کیا جا رہا ہے ۔ اس ملک کی ہر چیز دیوالیہ کرنے کیلئے باقاعدہ اور منظم سازش ہو رہی ہے جس طرح روڈ ٹرانسپورٹ کو ختم کرنے کیلئے ۔ ۔ ۔ ۔

میر نبی بخش خاں زہری—انہیں ''سازش'' کا لفظ استعمال نہیں کرنا چاہئے ۔

Mian Muhammad Sharif : I object. This has no concern with budget.

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر—آپ تشریف رکھیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ—آپ سپیکر بننے کی کوشش نہ کریں ۔

وزیر ریلوے— آپ ریلوے کو کم از کم بد دعائیں نہ دیں ۔ اس پر تنقید کریں اور بد دعائیں اپنے لئے رکھ لیں ۔

میرنبی بخش خاں زہری— جب ممبر اس قدر نا امید ہیں تو وہ اس ہاؤس میں کیوں آتے ہیں ؟ وہ یہاں سے نکل جائیں ۔

مسٹرسینیئر ڈپٹی سپیکر —آپ تشریف رکھیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ—جناب میرے نزدیک اس ملک کا مسئلہ صرف یہ نہیں ہے کہ ریلوے کوئلہ ہی ڈھوتی پھرے ۔ (قہقہہ) میرے لئے اس سے زیادہ

اہم مسائل ہیں جس پر آپ کے اور بھائی زندہ ہیں ۔ ہاں تو جناب والا ۔ وہ سازش یہ ہو رہی ہے کہ اس ملک میں ہر چیز کو ایک کمپنی کے ہاتھ میں دینے کیلئے پلان بنائے جا رہے ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس طرح ریلوے کو خسارے میں دکھلا کر عنقریب اس کا نام ''گندھارا ریلوے'' رکھ دینگے اور جس طرح کراچی روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو ''گندھارا انڈسٹریز'' کے پاس بیچنے کی سازش کی گئی ہے ۔ جس طرح کسی کے چھوٹے داماد نے ہوٹل میٹروپول ایک کروڑ میں خریدا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member's time is over.

میر عبدالباقی بلوچ—اور جس طرح ایک shipping corporation بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اور جس طرح ایک شخص کے بیٹے نے ۳۵ لاکھ میں جنرل سٹورز کارپوریشن خریدی ہے۔اسی طرح کسی دن یہ ریلوے ''گندھارا ریلوے'' بنا دی جائے گی ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مولانا غلام غوث (ہزارہ ۔ ۴) — جناب سپیکر ۔ میں اپنی نشست سے نہیں بول رہا ہوں ۔ اجازت دیجئے کہ اس نشست سے بولوں کیوں کہ وہاں مائیکروفون نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت ریلوے بجٹ پر مختلف تقریریں ہوئی ہیں ۔ اس میں شک نہیں ہے کہ ریلوے بجٹ عرق ریزی سے تیار ہوا ہے اور محترم منسٹر صاحب نے جو تقریر کی وہ نہایت دل پذیر اور ادیبانہ تھی مگر جس طرح انہوں نے افسروں اور اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا ہے افسوس ہے میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ ان کے شکریہ کو صحیح قرار دوں ۔

محترم سپیکر ۔ ریلوے بجٹ میں منافع بتایا گیا ہے ۔ محفوظ رقم بتلائی گئی ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ڈیڑھ کروڑ سود کا ذکر بحث طلب ہے جو بیرونی ملکوں کو ہم ادا کرینگے اور پانچ کروڑ روپیہ کا سود مرکزی اور صوبائی حکومت کو دے رہے ہیں ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ

ایک ماتحت محکمہ اپنی حکومت کو سود کیوں دے رہا ہے اور حکومت سود کیوں وصول کر رہی ہے۔ یہ تو بے مروتی کا انتہائی بدترین مظاہرہ ہے کہ ماں اور بیٹی کے درمیان سودی کاروبار جاری ہو جائے۔

محترم سپیکر۔ سودی کاروبار کے سلسلے میں ڈیڑھ کروڑ اور پانچ کروڑ کا ذکر محترم وزیر صاحب نے اس انداز میں کیا ہے کہ جیسے سودی کاروبار کوئی گناہ نہیں ہے۔ حالانکہ اللہ تبارک تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر تم سود سے باز نہ آؤ تو پھر تمہارے ساتھ اعلان جنگ کیا جائیگا۔ کس طرح وہ محکمہ کامیاب ہو سکتا ہے اور وہ حکومت ''اسلامی،، کہلا کر کامیاب اور بار آور ہو سکتی ہے جو صریح احکام خداوندی کی خلاف ورزی کرے۔ اور ماں کا دودھ سمجھ کر اسے پی جائے ؟ اس چیز پر ہمیں ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئے۔ مجھے تعجب یہ ہے کہ جو محکمہ سودی قرضہ لیکر کاروبار چلائے وہ نفع کس طرح بتلا سکتا ہے ؟ وہ تو سارا کام قرض پر چلا رہا ہے۔ غیر ملکی قرض بھی اتنا کہ ڈیڑھ کروڑ اس کا سود ادا کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر۔ میں عرض کرونگا کہ یہ ریلوے جسکا پہلا نام ''این ڈبلیو آر،، تھا اور اب اس کو ''پی ڈبلیو آر،، کہا جاتا ہے یہ پہلے سات ڈویژنوں پر مشتمل تھی۔ اس میں دہلی ڈویژن بھی تھا اور فیروز پور بھی۔ تقسیم کے بعد دو ڈویژن اس ریلوے کے کم ہو جاتے ہیں لیکن افسر ہمارے تین گنا بڑھ جاتے ہیں بلکہ یہ حقیقت بجٹ کی تفصیلات سے ظاہر ہوتی ہے ریلوے افسران کی تعداد پہلے سے تین گنا بڑھ گئی ہے۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ محکمہ ریلوے وہ محکمہ ہے کہ جس میں ہمارے اعلیٰ افسر شاہ زادوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں تو بیجا نہ ہوگا۔ اور تین چار ہزار تنخواہ والے افسر جب پنشن کے قریب پہنچتے ہیں تو انہیں officer on special duty لگایا جاتا ہے۔ اسطرح انکی یہ بڑی تنخواہ جاری رہنے کا انتظام ہو جاتا ہے۔

اگر آپ اس محکمہ کو سود لینے اور دینے سے بچانا چاہتے ہیں اور اسکو خود کفیل کرنا چاہتے ہیں تو اس محکمہ کے کام کو دیانت، امانت اور کفایت سے چلائیں۔ اس سلسلہ میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ریلوے کے محکمہ کو تجارتی

کہہ لیں یا کاروباری یا رفاہ عامہ کا محکمہ کہہ لیں یا کچھ بھی کہیں ۔ یہ ایسا محکمہ ہے جو پاکستان کی بہت سی اقتصادی کمزوریوں کا علاج اور مداوا بن سکتا ہے ۔ہم نے پہلے ہی بہت سا قرضہ اور سود ادا کرنا ہے ۔ اس لئے ان پرانے شہزادوں کو (خدا ان کی عمریں طویل کرے) چاہئے کہ نوجوانوں کو کام کرنے دیں اور تین تین ہزار کی تنخواہوں والی کرسیوں سے چمٹے نہ رہیں۔ اولوالعزم نوجوان ریلوے کے کام کو بہتر طریقہ پر چلا سکتے ہیں ۔

محترم سپیکر ۔ ایک اور بات عرض کرنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ جب محکمہ ریلوے کوئی مال منظور کرتا ہے اور باہر کے ممالک فرانس یا جرمنی سے وہ مال منگوانا ہوتا ہے تو اسے خریدنے کے لئے ایک افسر کو بھیج دیا جاتا ہے۔ وہ مال بنانے والی کمپنی سے اپنا کمیشن بھی مقرر کر لیتا ہے ۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے وہ افسر اس کمیشن کی وصولی کے لئے کچھ عرصہ بعد علاج کے بہانہ ان ممالک کا سفر کرتا ہے ۔ وہاں جا کر کمیشن لی علاج کرایا اور ایک موٹر لے کر واپس آگئے۔ موجودہ جنرل مینجر صاحب نے ایسا نہیں کیا ۔ کمیشن کے سلسلہ میں انہوں نے مال کی اصل قیمت میں وہ رقم وضع کرا دی اس لئے وہ قابل مبارک باد ہیں ۔ اس وقت اعلیٰ افسر شاہانہ زندگی بسر کرتے ہیں ۔ ان کی تنخواہیں معقول ہیں، بنگلے اور کوٹھیاں ملی ہوئی ہیں اور وہ بڑے طمطراق سے زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ لیکن ادنیٰ درجہ کے ملازمین کو ان کے درجے کے مطابق ایسی سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔ حکومت نے حاتم طائی کی قبر پر لات مار کر ان کی تنخواہوں میں دس فیصد اضافہ کردیا ہے۔ اس کے مقابلہ میں گرانی ۲۰ فیصد ہوگئی ہے ۔ ۱۰ فیصد اضافہ کے مقابلہ میں ۲۰ فیصد گرانی نے ان بیچاروں کی کمر توڑ دی ہے ۔ میرے محترم دوستوں نے ریلوے کی انتظامیہ کو اور بجٹ کو سراہا ہے اور یہ ناشکر گذاری ہوگی اگر میں اس بات کا اعتراف نہ کروں کہ اس سال کچھ اچھے کام بھی ہوئے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ریلوے منسٹر صاحب اور بعض دوسرے وزراء کو اپنے فرائض کا احساس ہے اور وہ محنت سے کام کرتے ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود انتظامیہ میں ابھی بہت سی خامیاں ہیں ۔ ایک محترمہ نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ عورتوں کے لئے

ریل گاڑیوں میں ایک دو ڈبے کافی نہیں ۔ جگہ نہ ملنے کے باعث مستورات دھکے کھاتی پھرتی ہیں ۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوتا ۔ جگہ نہ ملے تو وہ مردوں کے ڈبوں میں گھس جاتی ہیں ۔ ایک بچے کو ایک طرف اور دوسرے کو دوسری طرف لٹا کر مردوں کی پانچ نشستوں کو روک لیتی ہیں ۔ اس کی طرف توجہ دینی چاہئے ۔ ان کے لئے ڈبے بڑھا دئے جائیں تاکہ وہ مردوں کو تنگ نہ کریں۔

وزیر ریلوے — (مسٹر عبدالوحید خاں) میرا خیال ہے صاحبزادی صاحبہ اور مولانا صاحب خود ہی compromise کرلیں ۔

مولانا غلام غوث— میری درخواست ہے کہ مردوں کے ڈبوں میں خواتین کو بیٹھنے سے بند کردیا جائے ۔ کیونکہ ایک خاتون پانچ مردوں کی نشستوں کو ضائع کرتی ہے اور مردوں کو تکلیف ہوتی ہے ۔

مسٹر تاج محمد خانزادہ— مکہ معظمہ میں تو مرد اور عورتیں اکٹھے ہوتے ہیں ۔

مولانا غلام غوث— جی ہاں ۳ لاکھ لوگ جمع ہوتے ہیں لیکن ایک بھی کسی جرم کا ارتکاب نہیں کرتا ۔ لیکن یہاں اس کے مقابلہ میں ایک فیصدی لوگ بھی نہیں ہوتے اور ہزاروں جرائم وقوع پذیر ہوتے ہیں ۔ الحاج پیر محمد خان صاحب میری اس بات کو تسلیم کریں گے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ عورتوں کے ڈبوں کو زیادہ کیا جائے اور ساتھ ہی عوام کی مشکلات کو دور کیا جائے ۔

وزیر مال (خان پیر محمد خان) — ملک صاحب کا خیال ہے کہ یہاں جتنے جرائم ہوتے ہیں ان میں سے ۵۰ فیصد مولانا کی تقاریر سے ہوتے ہیں ۔

مولانا غلام غوث— جناب سپیکر ۔ اگر آپ مردوں کے ڈبوں کی کمی کا مظاہرہ دیکھنا چاہیں تو کسی دن سٹیشن پر تشریف لے جائیں اور جب کوئی میل ٹرین آتی ہے تو مسافروں کو دیکھیں کہ وہ کس مشکل سے اترتے اور سوار ہوتے ہیں ۔ پولیس کے لئے ایک ڈبہ مخصوص ہوتا ہے اور اس سے

رشوت کے دروازے کھل جاتے ہیں ۔ وہ لوگ اس ڈبہ میں دو چار یا آٹھ دس آدمیوں کو بٹھا لیتے ہیں ۔ اس ڈبہ میں ۳۰ آدمیوں کی گنجائش ہوتی ہے لیکن پولیس کا ایک ہی آدمی ہوتا ہے ۔ اس کے بعد پنکھوں کے متعلق عرض کروں گا ۔ محترم وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ گاڑیوں میں پنکھوں کا اضافہ کر دیا گیا ہے یہ صحیح ہے ۔ مگر پشاور سے لاہور تک کی پسنجر گاڑی کے انٹر کلاس میں بھی پنکھے نہیں ہیں ۔ ایک بات اور عرض کروں گا ۔ وہ یہ ہے کہ برانچ لائین پر گاڑیاں گیارہ گیارہ گھنٹے لیٹ ہو جاتی ہیں ۔ لاہور سے وزیرآباد براستہ نارووال جاتے ہوئے گاڑیاں آٹھ نو گھنٹے لیٹ ہو جاتی ہیں ۔ ۱۰ جون ۱۹۶۳ کو میں نے خود سفر کیا اور گاڑی ۴ گھنٹہ لیٹ ہوگئی ۔

پشاور سے لاہور تک کی پسنجر ٹرینوں کے انٹر کلاس کے ڈبوں میں پنکھے نہیں چہ جائیکہ تھرڈ کلاس میں ہوں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ انتظام نہیں ہوا ۔ انتظامیہ کو ترقی دی گئی ہے لیکن ابھی بہت سے کام باقی ہیں جو وزیر صاحب کو کرنے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ریلوے کو وسعت دینے کے بارہ میں میں عرض کروں گا کہ اگر ضلع ہزارہ میں ریلوے سٹیشن حویلیاں کی بجائے مانسہرہ کو بنا دیا جائے تو ضلع ہزارہ سے جو کروڑوں ٹن لکڑی باہر جاتی ہے اس سے ریلوے کو لاکھوں روپیہ کا فائدہ ہوگا نیز چھ سات لاکھ مسافر سفر کریں گے ۔ جو سواریاں حویلیاں سے پشاور کو جاتی ہیں ان کے لئے ایک ڈبہ پشاور کا لگایا جائے جس کو ٹیکسلا سٹیشن پر کاٹ کر اس گاڑی کے ساتھ لگادیا جائے تو ان کو کافی آسانی ہوجائے گی ۔ نیز میل ٹرین کے ساتھ اگر چند ڈبے لگ جائیں جو حویلیاں کے لئے ہوں تو اس سے سینکڑوں مسافروں کو راولپنڈی کے سٹیشن پر آرام ہوگا ۔ وہ ڈبے کٹ کر حویلیاں کی گاڑی سے لگ جائیں گے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ پرانے اعلیٰ افسر کفایت سے کام لیں اور ملازمتوں سے چمٹے نہ رہیں بلکہ آرام فرمائیں ۔ تو ریلوے پر احسان عظیم ہوتا ۔ ہمارے ہاں سینکڑوں کارکن اور نوجوان ہیں جو پانچ پانچ سو روپیہ ماہوار پر مل سکتے ہیں اور جو نہایت عمدگی سے کام کر سکتے ہیں ۔ اگر

ان بزرگوں کو کام کا شوق ہو تو وہ یہاں اسمبلی میں آجائیں ۔ کم از کم ان لوگوں کو جو Officer on special duty بنے ہوئے ہیں چاہئے کہ وہ اوروں کا حق نہ دبائیں ۔ بعض افسران ایسے ہیں جن کی تنخواہیں ۵۰۰ روپیہ ماہوار ہیں ۔ ان کے پاس موٹریں موجود ہیں اور ۵۰۰ روپیہ تو صرف ان کی موٹروں کا خرچ ہے ۔ ان کی تنخواہ تو موٹر کھا جاتی ہے ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کیا کھاتے ہیں ۔ اس کے بعد میں محترم وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ جس طرح سے انہوں نے زبانی وعدہ فرمایا ہے کہ نماز کے لئے غور کریں گے مجھے امید ہے کہ وہ اسے پورا کریں گے ۔

میں محترم وزیر ریلوے سے درخواست کرونگا کہ آمدن اور خرچ جو اس بجٹ میں آپ نے دکھایا ہے ۔ وہ تقریباً ادھا ارب روپیہ ہے ۔ اور اس آدھے ارب روپے میں سے پانچ چھ کروڑ روپے پر سودی کاروبار بھی کرتے ہیں ۔ لیکن آپ کی سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ بڑے بڑے سٹیشنوں پر نماز کا بندوبست کر دیتے ۔ آپ پانی کی بہت سے ٹونٹیاں لگا دیتے اور نماز کے وقت کے لئے بڑے بڑے سٹیشن تجویز کرتے کہ جہاں پر گاڑی دس پندرہ منٹ کے بجائے تیس تیس منٹ ٹھہراتے جہاں مسلمان اطمینان کے ساتھ فریضۂ نماز ادا کرتے ۔ یہ ریلوے کا ایک اہم فرض ہے ۔ جس کی طرف میں نے گذشتہ سال بھی جون کے اجلاس میں اس وقت کے کمزور اور ضعیف و نحیف وزیر خزانہ جو کہ وزیر ریلوے بھی تھے ، کو توجہ دلائی تھی ۔ جس میں انہوں نے ذاتی دلچسپی لینے کا وعدہ فرمایا تھا ۔ لیکن میں سوچ رہا ہوں کہ ابھی تک اسکا انتظام نہیں ہو سکا جس کا ہمیں افسوس ہے ۔ ممکن ہے اس بارے میں حکومت کی کوئی مجبوری ہے لیکن جہاں آدھا ارب روپیہ آمدنی ہوتی ہے اور وہ خرچ بھی کیا جاتا ہے ۔ جہاں افسران اور ملازمین کو اتنی کثیر مراعات دیجاتی ہیں ان کے لئے بنگلے بنائے جاتے ہیں اور اس قسم کی اور بہت سی آسائیشوں کا انتظام کیا جاتا ہے ، وہاں چند بڑے بڑے سٹیشنوں پر نماز کی ادائیگی کا انتظام کرنا کوئی اتنی مشکل بات نہیں ہے ۔ میں ناشکری نہیں کرتا کہ جو رفاہ عامہ کا کام ہوتا ہے ۔ اور مسافروں اور ملازمین کے آرام کے لئے دیگر ضروری کام ہوتے ہیں وہ قابل قدر ہیں ۔ لیکن اگر

ہمارے منسٹر صاحب کو کبھی تھرڈ یا انٹر کلاس میں سفر کرنے کا موقع ملے تو انکو پتہ چلے کہ مسافروں کو کس قدر تکالیف در پیش ہوتی ہیں ۔ آپ نے گاڑیاں بڑھا دی ہیں اور ضرور بڑھائیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ دو تین سو ڈبوں کے لئے بجٹ میں گنجائش رکھی گئی ہے ۔ لیکن ہم حیران ہیں کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے سولہ برس گذر چکے ہیں ۔ ہمارے پاس ورکشاپ موجود ہیں اور ان کے بڑے بڑے نام ہیں ۔ لیکن اب تک ریلوے کے معاملے میں ہم خود کفیل نہیں ہوئے اور نہ آن ورکشاپوں میں ابھی تک ڈبے بننے شروع ہوئے ہیں ۔ اور اگر بننے شروع ہوئے بھی ہیں تو ابھی تک ہم اس قابل نہیں ہوئے کہ بیرونی ممالک کو اس کے لئے آرڈر نہ دیں ۔ میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ ریل کے پہیئے بنانے کا بھی فوری انتظام کرنا چاہئے ۔ کیونکہ جب آپ قرضہ بھی لیتے ہیں اور آپ کے پاس Reserve Fund بھی موجود ہے تو آپ سارا انتظام یہیں کریں ۔ کیونکہ جیسا کہ میرے ایک دوست نے فرمایا ہے کہ خطرے کے وقت ہم کیا کریں گے ۔ اس لئے سوائے اس کے اور کوئی چارۂ کار نہیں کہ سارا متعلقہ سامان اسی ملک میں تیار ہو ۔

اس کے علاوہ مسافروں کو آرام دینے کی غرض سے کوئی سکیم نہیں ہے ۔ پانی کا انتظام اچھا نہیں اور یہ کہ ڈبوں کے اندر بیت الخلاء کا انتظام ٹھیک ہو ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ سیکنڈ کلاس کے ڈبوں میں بیت الخلاء اس طرز پر بنائے گئے ہیں جیسے کہ انگریزوں کے لئے بنائے گئے ہوں ۔ یعنی کموڈ ایک جگہ پر ہے اور پانی اس سے دو گز کی دوری پر ہے لیکن وہاں کوئی لوٹا نہیں ہے ۔ تو اس صورت میں پتلون تو ضرور ناپاک ہو جاتی ہے ۔ کیونکہ جب پانی پاس نہ ہو اور کموڈ گز ڈیڑھ گز دور ہو جہاں تک کہ ہاتھ نہیں پہنچ سکتا ۔ مغربی طرز کا آرام بھی رکھیں ۔ لیکن آپ یہاں کی ضروریات کو بھی مد نظر رکھیں ۔ ہمارے معاشرے اور تہذیب و تمدن اور طرز زندگی کو بھی ملحوظ رکھیں اور ہمارے آرام اور طہارت کے لئے پانی بھی مہیا کریں ۔ بعض جگہوں میں پنکھے ٹوٹے ہوتے ہیں ۔ پانی کی ٹونٹیاں بےکار ہوتی ہیں ۔ آپ کو اس کا بھی انتظام کرنا چاہئے اور ایک آدمی اسکی مستقل

نگرانی کے لئے رکھنا چاہئے تاکہ وہ یہ دیکھے کہ ریل کے سامان وغیرہ میں کون کون سی چیز ضائع ہو گئی ہے تاکہ اسکی فوری درستی کیجائے اور مسافروں کو تکلیف نہ ہو۔

ایک اور عرض یہ ہے کہ مانسہرے تک ریلوے کے سلسلہ کو وسیع کیا جائے اور درمیان میں مسافروں کو بدلنے والی جو جگہ ہیں، وہاں مسافروں کے لئے ڈبے پشاور یا حویلیاں سے لگائے جائیں۔ دوسری عرض یہ ہے کہ مسافروں کے لئے ڈبوں کی کثرت ہو اور تمام ریلوں میں پنکھے لگائے جائیں کیونکہ جو پسنجر گاڑیاں پشاور سے لاہور تک چلتی ہیں ان کے انٹر کے ڈبوں میں بھی پنکھے نہیں ہوتے حالانکہ بعض گاڑیوں کے تھرڈ کلاس ڈبوں میں بھی پنکھے لگے ہوتے ہیں۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I think the House is prepared to sit for half an hour more.

Mian Muhammad Sharif : It is very difficult in such hot weather, sir.

خواجہ محمد صفدر—اس تقریر کے بعد اجلاس ملتوی کر دیں۔

میاں محمد شریف—میرے خیال میں بعد میں پھر کورم بھی نہیں ہوگا۔ آپ خود خیال فرمائیں تو ٹھیک ہوگا۔

مسٹر محمد ابراہیم برق (مظفر گڑھ۔۱)— جناب سپیکر۔ میں اپنے دل کی گہرائیوں سے جناب ریلوے منسٹر کو بجٹ تیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ہم لوگوں نے انکی ایک خاص مہربانی سے فائدہ اٹھایا ہے۔ اس لئے یہ رسمی مبارکباد نہیں۔ بلکہ دل کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اور وہ مہربانی یہ ہے کہ ملتان ہمارا ڈویژن ہے اور وہاں کے لوگ لاہور ڈویژن کو ایک دن میں نہیں آ جا سکتے تھے۔ اور اس ایک دن کے سفر کے لئے انہیں ہوائی جہاز پر سفر کرنا پڑتا تھا۔ لیکن اب انہوں نے ایک ایسی تیز رفتار گاڑی ان دو ڈویژنوں کے درمیان چلا دی ہے کہ جسکی وجہ سے مسافر ایک دن میں ملتان سے لاہور اور لاہور سے ملتان آ جا سکتے ہیں۔

اسکے علاوہ آج ریلوے بجٹ پر خاصی تقریریں ہوئیں ہیں ۔ اور بعض ممبران نے ریلوے کے محکمے کو ایک تجارتی ادارہ کہا ہے۔ مگر جو ہمارا سب سے بڑا فرض ہے میرے خیال میں ابھی تک اس ہاؤس میں کسی نے بھی اسے بیان نہیں کیا۔ اور وہ یہ ہے کہ اس ملک کی دفاع کے انتظام کے لئے فوج کی نقل و حرکت کا فرض بھی یہی ریلوے ادا کرتی ہے۔ اس لئے یہ محکمہ سب سے زیادہ اہم ہے۔ اب جبکہ یہ محکمہ مرکز سے ٹوٹ کر صوبے کی تحویل میں آیا ہے۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ اسکو زیادہ سے زیادہ بہتر اور attractive بنائیں ۔ تاکہ لوگ اسوقت کو بھول جائیں جبکہ یہ محکمہ مرکز کے تحت تھا ۔ اور اس صوبے کو یاد رکھیں ۔

جناب والا ۔ گذشتہ مرتبہ جب بجٹ تیار کیا گیا تھا تو میں نے گذارش کی تھی کہ پنجند سے علی پور (جوکہ ہمارے ضلع مظفر گڑھ کی ایک بہترین تحصیل ہے) ، کا الحاق ایک main line کے ذریعے ڈیرہ نواب صاحب تک کیا جائے ۔ پنجند میں ایک main line موجود ہے۔ جوکہ Irrigation والوں کی ہے۔ اگر اسے پبلک کے استعمال کے لئے کھول کر اس پر ایک گاڑی چلائی جائے تو یہ نہ صرف عوام کے لئے مفید ہوگی بلکہ تجارتی لحاظ سے بھی اس مقام کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ لیکن افسوس کہ اس بجٹ میں اسکے لئے کوئی provision نہیں رکھی گئی ۔ جناب والا ۔ گذارش ہے کہ اگر اس ڈویژن میں چھوٹے ملازمین کا سلسلہ زیادہ سے زیادہ وسیع کیا جائے تو بے روزگاری بڑی حد تک دور ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وہ پسماندہ علاقے کہ جہاں پر طلباء فسٹ ڈویژن یا سیکنڈ ڈویژن میں کامیاب نہیں ہوتے اور تھرڈ ڈویژن میں کامیاب ہوتے ہیں تو ریلوے کے محکمے میں کہ جہاں پر بہت زیادہ قابلیت کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ بلکہ کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، آن کو وہاں پر کھپایا جائے ۔اور ان تھرڈ ڈویژن والوں کو ریلوے میں ملازمتیں دیجائیں ۔

عالی جاہ ۔ آپکی توجہ ایک خاص واقعہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جوکہ میرے نوٹس میں لایا گیا ہے۔ اور آپکے ذریعے ان افسران کی توجہ اس طرف دلاؤنگا ۔کہ ریلوے quarry روہڑی اور سکھر کا ٹھیکہ ڈی ۔ایم ۔

صالح اور فصیح برادرز کے پاس ہے۔ انہوں نے ٹھیکہ تیس اور چونتیس روپے پر سو کیوبک فی فٹ کے حساب سے لیا ہے۔ لیکن ایک سال پیشتر اس quarry کا ٹھیکہ چودہ پندرہ روپے تھا ۔ اور وہ اس حساب سے کام کرواتے تھے ۔ اسطرح اسوقت لاکھوں روپے کا fraud اس روھڑی quarry میں ہو رہا ہے۔ میں آپکے توسط سے افسران کی توجہ اس طرف مبذول کراؤنگا ۔ کہ وہ اس معاملے میں enquiry کرائیں اور یہ دیکھیں کہ fraud کس طرح دور ہو سکتا ہے۔ یہی ٹھیکہ دار ۱۹۶۰-۶۲ء تک ۱۳ سے ۱۰ روپے تک فیصد کیوبک فٹ کام کرتے رہے ہیں ۔ مگر اب انہی ٹھیکیداروں کو ۳۴ روپے کے حساب سے کام دیا گیا ہے۔ ان سے lower tender بھی موجود تھے مگر ریلوے انجینیئرز نے وہ منظور نہیں کئے ۔ higher tender منظور کر لئے ۔ میں گذارش کرتا ہوں یہ تازہ واقعہ ہے اسطرف افسران محکمہ توجہ فرمائیں گے تو اس ملک کا جو روپیہ ضائع ہو رہا ہے وہ بچ جائیگا ۔

حضور والا ۔ اس محکمہ کو تجارتی نقطۂ نگاہ سے زیادہ مفید بنانا ضروری ہے۔ اسمیں جتنی تجارتی سہولتیں زیادہ سے زیادہ دیجائیں گی اتنا ہی یہ محکمہ زیادہ رقم پیدا کر سکتا ہے۔ آجکل ٹرانسپورٹ میں بھی competition ہے۔ ٹرانسپورٹ والوں نے اپنے مسافروں کیلئے جگہ جگہ اڈے اور دوسری سہولتیں بہم پہنچائی ہیں ۔ لیکن ہماری ریلوے کے پاس وہی چھوٹے چھوٹے سٹیشن ہیں جہاں پانی کا کوئی انتظام نہیں ہے اور وہی پرانے ڈبے ہیں جن میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا ہے ۔ جن سے مسافروں کو آسائش پہنچے ۔ تو میری گذارش ہے کہ ریلوے کے سفر کو زیادہ سے زیادہ convenient اور attractive بنایا جائے تاکہ لوگ اس سے سفر کریں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The House now stands adjourned till 8 a.m. tomorrow.

(*The Assembly then adjourned till* 8 *a.m. on Friday the* 14*th June*, 1963).

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 14th June, 1963.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-27 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Mr. Mobinul Haq Siddiqui, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيۡكُمۡ مَّا حُمِّلۡتُمۡ ؕ وَاِنۡ تُطِيۡعُوۡهُ تَهۡتَدُوۡا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ○ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ كَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِيۡنَهُمُ الَّذِى ارۡتَضٰى لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ اَمۡنًا ؕ يَعۡبُدُوۡنَنِىۡ لَا يُشۡرِكُوۡنَ بِىۡ شَيۡـًٔا ؕ وَمَنۡ كَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ○ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ○

پ-۱۸ س-۵۴، ۵۶ ع-۱۳ آیات-۴ تا ۶

(اے پیغمبر!) تم کہہ دو کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو۔ پھر اگر تم اطاعت سے مُنہ پھیرو گے تو سمجھ لو کہ رسولؐ کے ذمّہ وہی ہے جس کا اُن پر بار رکھا گیا ہے اور تمہارے ذمہ وہ ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا ہے اور اگر تم نے اطاعت کر لی تو راہِ راست پالو گے اور (بہرحال) رسولؐ کے ذمّہ تو صرف صاف طور پر (پیغام) پہنچا دینا ہے۔ تم میں جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے اُن سے اللہ وعدہ کرتا ہے کہ اُن کو زمین میں حکومت عطا کرے گا جیسا اُن سے پہلے لوگوں کو حکومت عطا کی تھی اور جس دین کو اللہ نے اُن کے لئے پسند کیا ہے اُس کو اُن کے لئے طاقتور بنا دے گا اور اُن کے خوف کے بعد اس کو امن سے بدل دے گا بشرطیکہ میری عبادت کرتے رہیں اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور جو شخص بغیر اس کے ناشکری کرے گا تو ایسے لوگ نافرمان ہیں اور (اے مسلمانو!) نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو۔ اور رسولؐ کی اطاعت کرتے رہو تاکہ تم پر مکمل طور پر رحم کیا جائے۔

RAILWAY BUDGET FOR THE YEAR 1963-64

(Resumption of discussion on the Budget as a whole)

Mr. Speaker : Now the House will resume discussion on the Railway Budget as a whole.

Yes, Mr. Junejo,

مسٹر محمد خان جنیجو (سانگھڑ-۱) جناب سپیکر — مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ ریلوے بجٹ میں اس سال ہمارے علاقے کے ڈویژن ہیڈ کوارٹر کو ریلوے لائین سے ملانے کیلئے کچھ رقم بجٹ میں دی گئی ہے۔ اس پر میں وزیر ریلوے کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ میں ان سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی ہمارے علاقے میں ریلوے سروے کیلئے کافی رقم دی گئی تھی اور ۱۹۴۷ء میں سروے کیلئے آرڈر کئے گئے اس سروے پر ساڑھے تین لاکھ روپیہ خرچ کرنے کے بعد ریلوے حکام نے رپورٹ کی کہ یہاں ریلوے لائن کی ضرورت نہیں ہے۔ میں گذارش کرونگا کہ اب جو سانگھڑ کو ملا رہے ہیں تو یہ علاقے یعنی ٹنڈو محمد خان وغیرہ thickly populated علاقے ہیں ان علاقہ جات کا بطور خاص خیال رکھا جائے۔ حال ہی میں ریلوے نے سفارش کی ہے کہ سانگھڑ کو لائین کے ذریعہ کراچی سے ملا دیا جائے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ بجٹ میں وزیر ریلویز ہمیں یہ لائین ملا کر دینگے۔ جہاں تک ہمارے علاقے کا تعلق ہے اسے ریلوے لائین کی کوئی سہولت حاصل نہیں ہے اس طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ میں تجویز کرونگا کہ روہڑی سے ٹنڈو محمد خان کو شامل کرکے ریلوے لائین نکالی جائے اس سے تقریباً ۲۵ لاکھ آدمیوں کو فائدہ ہوگا۔ میں امید کرونگا کہ آئندہ سال ریلوے منسٹر اس سروے کیلئے کچھ رقم بجٹ میں مختص کرینگے۔

جناب والا۔ ہمارے علاقے میں میر پور خاص۔ نواب شاہ کے درمیان ایک سو میل لمبی لائین پر پندرہ بیس ریلوے سٹیشن ہیں۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہاں کوئی ایسا سٹیشن نہیں جہاں کوئی ویٹنگ ہال اور فرسٹ و سیکنڈ کلاس ویٹنگ روم ہو۔ جہاں کی اس قدر Population ہے لیکن اس کو بجٹ میں نظر انداز کیا گیا ہے۔ میں گذارش کرونگا کہ اس لائین کو نظر انداز نہ کریں اور کم از کم تین سٹیشنوں پر ویٹنگ ہال اور ویٹنگ روم بنا دیں یعنی کھٹڑو وغیرہ سٹیشنوں پر۔

جناب والا ۔ یہ حقیقت ہے کہ جہاں تک Main Line کی ٹرینوں کا تعلق ہے وہاں reservation کیلئے کافی اچھا انتظام ہے لیکن خیر پور ڈویژن میں جہاں ایکسپریس ٹرینیں چلتی ہیں وہاں ایسا انتظام نہیں ہے ۔ مثلاً ایک ٹرین جو کراچی سے لاڑکانہ روھڑی جاتی ہے اور تقریباً ۱۰۰ میل کا فاصلہ طے کرتی ہے اس کی نسبت میرا ذاتی تجربہ ہے کہ میں آفس میں گیا اور دو تین دن کے بعد کو میں نے reservation مانگی تو بکنگ کلرک نے کہا کہ میں یہ نہیں کر سکتا آپ ٹرین سے آدھ گھنٹہ پہلے آ جائیں ممکن ہے جگہ مل جائے ۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ تیز گام ، خیبر میل وغیرہ کیلئے reservation کا انتظام کیا جائے ۔

جناب والا ۔ ہمارے صوبے میں ایک اچھی ٹرین تیز گام بھی ہے جو کراچی سے راولپنڈی کیلئے چلائی جاتی ہے ۔ جب وہ کراچی سے چلتی ہے تو اس میں فرسٹ ، سیکنڈ اور انٹر کی بوگیاں ہوتی ہیں اور ملتان سے تھرڈ کی بوگی لگائی جاتی ہے میں پوچھتا ہوں کہ اس کی کیا وجہ ہے ؟ کراچی اور ملتان کے درمیان اس میں تھرڈ کی بوگی کیوں نہیں لگائی جاتی ۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ اس درمیانی Section کیلئے تھرڈ کی بوگی ضرور لگائیں تاکہ لوگوں کو فائدہ پہنچے ۔

جناب والا ۔ میں نے یہ عموماً دیکھا ہے کہ ہمارے مغربی پاکستان میں سٹیشنوں پر خصوصاً کراچی اور لاہور وغیرہ پر لاؤڈ سپیکر کا انتظام ہے اور دوسرے بہت سے مقامات پر یہ اچھا انتظام نہیں ہے ۔ میرے علاقے میں کوٹری یا حیدرآباد سے جو مختلف مقامات کو ٹرینیں جاتی ہیں وہاں ان پڑھ لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا کہ ہم کس ٹرین پر بیٹھ رہے ہیں اور اس عدم واقفیت کی وجہ سے وہ غلط ٹرینوں پر بیٹھ جاتے ہیں اور پریشان ہوتے ہیں ۔ میں درخواست کرونگا کہ ان سٹیشنوں پر لاؤڈ سپیکرز کا انتظام کیا جائے ۔

جناب والا ۔ Main Line کے متعلق کراچی کے علاقہ میں مجھے کافی تجربہ ہے ۔ شہداد پور اور سانگھڑ میں ریلوے کراسنگ پر لوگوں کو دو دو گھنٹے انتظار کرنا پڑتا ہے ۔ اس وقت ساڑھے تین کروڑ روپیہ کا سرپلس بجٹ دکھایا گیا ہے جس میں اچھی سکیموں کو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ریلوے سٹیشنوں کے قریب کراسنگ پر پل وغیرہ بنا کر عوام کو سہولت بہم پہنچانی چاہئے تاکہ انہیں انتظار نہ کرنا پڑے ۔

شمالی علاقے میں ریل کار چلائی گئی ہے جو لاہور سے راولپنڈی اور لاہور سے ملتان وغیرہ جاتی ہے لیکن ہمارے علاقہ میں کوئی ریل کار نہیں ۔ اب اس بات کی ضرورت ہے کہ کراچی سے حیدر آباد ۔ حیدر آباد سے نواب شاہ ۔ نواب شاہ سے روہڑی اور روہڑی سے لاڑکانہ تک ریل کاریں چلائی جائیں ۔ گذشتہ سال ہم نے یہ دیکھا تھا کہ ہمارے علاقہ میں رات کے وقت ریل میں سفر کرنے کے لئے کافی پریشانی ہوئی ہے۔ ریلوے کی طرف سے کوئی حفاظت کا انتظام نہیں ہوتا ۔ جہاں Main Line پر ٹرین میں ڈاکے وغیرہ پڑتے ہیں وہاں چھوٹی لائن پر کیا حالت ہوگی جب کہ بہت تھوڑے مسافر سفر کرتے ہیں اور صرف دو چار آدمی نظر آتے ہیں ۔ پولیس کی طرف سے کوئی انتظام نہیں ہوتا ۔ پولیس کا صرف ایک آدمی ہوتا ہے جو یونیفارم میں ہوتا ہے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ جہاں رات کے وقت ریلوے میں سفر کیا جاتا ہے یعنی جہاں night trains چلتی ہیں ان کے ساتھ پولیس کے گارڈ ہونے چاہئیں ۔

آخر میں میں یہ گذارش کروں گا کہ ہمارے علاقہ کو جہاں تک ریل سروس کا تعلق ہے نظر انداز کیا گیا ہے۔ اب جب کہ سکھر میں ایک ڈویژن کھول رہے ہیں ریلوے منسٹر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہاں کے لوگوں کو بھی ریلوے سروسز کا فائدہ پہنچایا جائے ۔

Mr. Speaker : The member's time in over.

میاں محمد یسین خان وٹو (منٹگمری ۔ ۴) جناب والا ۔ جب کسی خوبی کی ستائش اور اعلیٰ کام کی خوشی یا کسی کمزوری یا نا پسندیدہ کام کی مذمت نہ ہو تو افراد میں یہ بات قومی جمود کی عکاسی کرتا ہے اور یہ تشویش ناک بات ہوتی ہے ۔ اگر ہم یہ نہ دیکھ سکیں کہ ہمارے یا حکومت کے کام میں کیا کمزوری ہے یا کیا خوبی ہے یا کیا کیا خوبی کی گنجائش ہے اور ہم اسے بالکل نظر انداز کر دیں تو اس سے ہم خود بھی حقیقت سے دور رہیں گے اور دوسروں کو بھی دور رکھینگے ۔ اس لئے میں اس اصول کی بنا پر ریلوے بجٹ پر اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔

جناب والا ۔ موجودہ بجٹ اور وزیر ریلوے کی تقریر کا اگر صحیح طور پر جائزہ لیا جائے تو ایک بات جو نمایاں طور ہمارے سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ کئی مقامات کے متعلق وزیر صاحب پوری توجہ دے سکے ہیں اور بعض کو انہوں نے درست کرنے کی کوشش کی ہے ۔ انہوں نے کئی نئی

چیزیں پیش کی ہیں جو قابل ستائش ہیں اور کئی ایسے معاملات ہیں جن کے متعلق انہوں نے اپنی تقریر میں تسلیم کیا ہے کہ وہ فلاں فلاں چیز پر پوری توجہ نہیں دے سکے۔ اب جو بات ہمارے سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ ریلوے کے بہت سے مسائل ایسے ہیں جن کے متعلق ان کو احساس ہے اور انہوں نے ان کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بات حقیقی طور پر قابل ستائش اور قابل داد ہے۔ جب مسائل کا احساس پیدا ہو جاتا ہے تو اس کے بعد حکومت کے ان مسائل کا حل ڈھونڈنے کی گنجائش اور وقت قریب آ جاتا ہے۔

اس بجٹ اور بجٹ سپیچ میں جو باتیں قابل تحسین ہیں اور جو مجھے پسند آئی ہیں وہ یہ ہیں کہ وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ ریلوے کے مسائل میں کچھ ایسے مسائل ہیں جو حل ہو گئے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو حل ہونے والے ہیں ۔ یہ بات یقیناً قابل تحسین ہے کہ ان مسائل پر وزیر ریلوے کی نظر اور توجہ ہے۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اس بجٹ میں مجھے کئی ایسی چیزیں نظر آتی ہیں جن کے متعلق گذشتہ سال بجٹ پر بحث کے دوران میں کچھ خدشات ہمارے سامنے آئے تھے کہ شاید ہمارے ریلوے بجٹ میں خسارہ ہوگا ۔ یا انتظام صحیح طور پر نہیں چل سکے گا ۔ اب وزیر ریلوے کی تقریر سے یہ بات بالکل واضح طور پر ہمارے سامنے آ گئی ہے کہ ہمارے کچھ خدشات اگرچہ ٹھیک رہے لیکن ریلوے کی آمدنی میں خسارہ نہ ہوا ۔ سال کے اختتام میں نئی چیزیں سامنے آئیں اور ایسی ترقی ہوئی کہ حکومت اس پر فخر کر سکتی ہے۔ اس کا زیادہ تر credit ہمارے وزیر ریلوے کو جاتا ہے۔ اس میں عملہ بھی شریک رہا اور وہ لوگ بھی شامل ہیں جنہوں نے ریلوے کے انتظام کو بہتر بنانے کی کوشش کی ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ ایک سال کے عرصہ میں ۳۹ گاڑیوں کا اضافہ ہوا ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ ریلوے کے حادثات میں کمی ہوئی ہے اور ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ گاڑیوں کے وقت کی پابندی میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ ساری چیزیں ایسی ہیں جس سے یقیناً خوشی ہوتی ہے۔

اس سال یہ بات بھی ہوئی ہے کہ ریلوے کے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ ہوا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ طبقہ یا سیکشن اس اضافہ سے مطمئن نہ ہو اس لئے حکومت کو اس بات کا ہر وقت خیال رکھنا چاہئے کہ مزدوروں اور کم تنخواہ پانے والوں کی تنخواہوں میں

اضافہ کرنے کی کوشش کی جائے اور ان کا معیار زندگی بلند کیا جائے۔ بہر صورت جب بھی کسی اچھے کام کی طرف کوئی قدم اٹھایا جاتا ہے تو اس کی تعریف کی جاتی ہے۔ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کے لئے ایک قدم اٹھایا گیا ہے۔ اس بارہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ بڑے بڑے افسران کو یہ احساس ضرور ہونا چاہئے کہ کس طرح سے ان آدمیوں یعنی چھوٹے ملازمین کو زیادہ سے زیادہ مطمئن رکھا جائے۔

وزیر صاحب کی توجہ ایک اور نہایت ضروری کام کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے جس کا اشارہ انہوں نے بھی اپنی تقریر میں کیا تھا کہ کئی معاملات ایسے ہیں جن میں اصلاح کی گنجائش ہے۔ اسی سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت برانچ لائین پر جو ریلوے گاڑیاں چلتی ہیں اور جو ریلوے سٹیشن ہیں وہ Main Line سے زیادہ خستہ حالت میں ہیں۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ ان سٹیشنوں کی حالت بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ برانچ لائین کی گاڑیوں کو بھی تیز رفتار کیا جائے۔ جس طرح Main Line پر رہنے والے لوگ تیز رفتار گاڑیوں میں سفر کرنا چاہتے ہیں اسی طرح اس تیز رفتار زندگی میں برانچ لائین والے بھی تیز رفتار گاڑیوں پر سفر کرنا چاہتے ہیں ان کا وقت بھی بہت قیمتی ہے اور وہ بھی چاہتے ہیں کہ ان کو وہی سہولتیں میسر آئیں جو Main Line پر چلنے والی گاڑیوں میں میسر آتی ہیں۔ اور انہیں بھی وہی مراعات دی جائیں جو Main Line والوں کو ملتی ہیں۔

پھر جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی میں وزیر صاحب کی توجہ اپنے علاقہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے اپنی تقریر میں ایک بات کی طرف اشارہ فرمایا تھا اور کہا تھا کہ کچھ مسائل ان کے زیر غور ہیں۔ جب میں نے دریافت کیا تو اس وقت واقعی کچھ مسائل ان کے زیر غور تھے۔ لیکن ان کے متعلق ابھی تک کچھ نہیں ہو سکا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ امروکا سعدے والا اور بہاولنگر کی لائین بنائی جائے ۔ یہاں کوئی پکی سڑک نہیں اور عوام کو بہت تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔یہ صرف پندرہ بیس میل کا فاصلہ ہے ۔ یہاں ایک لائین ضرور بنانا چاہئے۔ اس سے مسافروں کو بے حد سہولت ہوگی ۔ میں حکومت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا کہ اس سکیم کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے۔

جناب والا ۔ پھر ایک اور مسئلہ ہے کہ جسکی وجہ سے اکثر Main Line پر ہمیں تکلیف ہوتی ہے۔ اور اسکی طرف اور بھی بہت سے ممبر صاحبان نے اشارہ کیا ہے ۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ اس مسئلے کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس امر کی طرف دوبارہ اشارہ کروں ۔ اور وہ یہ ہے کہ Mian Line پر بڑی بڑی گاڑیوں میں جو خوراک مہیا کی جاتی ہے ، وہ بے حد ناقص ہوتی ہے ۔ اسکی طرف حکومت کو خاص طور پر توجہ دینی چاہئے ۔

جناب والا ۔ ریلوے کے محکمے کو بہت سے دوستوں نے ایک تجارتی ادارہ کہا ہے۔ اور دیگر بہت سے دوستوں نے کہا ہے کہ اسے تجارتی ادارہ کہنا غلط ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ یقینی طور پر ایک تجارتی ادارہ ہے۔ لیکن ایسا تجارتی ادارہ جسے مفاد عامہ کے تابع ہونا چاہئے ۔ کیونکہ اس طرح سے ہمیں بنیادی فائدہ یہ ہوگا کہ تجارتی ادارے کی حیثیت سے جو منافع اس محکمے کو ہوگا ۔ وہ پھر مفاد عامہ کے کاموں پر ہی خرچ ہوگا ۔ اور جسکی وجہ سے مزید منافع ہونے کی توقع ہو سکتی ہے۔ ویسے بھی کسی ملک اور کسی حکومت کا بنیادی مقصد کسی کام کے شروع کرنے کا یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ ہمیں صرف اس بات پر مطمئن نہیں ہونا چاہئے کہ ہم نے فلاں مسئلے کو کسی حد تک حل کر لیا ہے ۔ یا اسے حل کرنے کے لئے قدم اٹھایا ہے۔ بلکہ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ہم اپنے ہر معاملے میں اور ریلوے کے معاملات میں خصوصاً ایسے ideas اور خیالات لائیں ۔ اور ایسی چیزیں پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اسے ایسے ڈھب پر لانے کی کوشش کریں کہ جس سے ملک و قوم کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے ۔ ہو سکتا ہے کہ آج میری بات عجیب سی معلوم ہو ۔ لیکن جیسا کہ مجھے معلوم ہے اور میں نے پڑھا ہے۔ تو اگر ہم اپنی ریلوں کو چین کی Lines پر چلائیں یعنی جسطرح چین میں ریلوے سٹیشنوں پر اور گاڑیوں میں پبلسٹی کا انتظام اس طریق سے کیا جاتا ہے کہ عوام اور لوگ جو وہاں آتے ہیں ۔ انکے دلوں میں ایک نئی قوم کی تعمیر کا جذبہ اور عمل کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ ریلوے سٹیشنوں پر میں نے لوگوں کو انتظار کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ ان کا تو وقت گذرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اگر ہم ان منتظر لوگوں کے اس وقت کو

ایسے نظریے کی طرف اور ایک ایسے جوش عمل کی طرف ڈھال لیں ۔ اور اس پیلسٹی کو کسی ایسے رنگ میں دھکیلیں ۔ یعنی کوئی چھوٹے موٹے pamphlet ہوں ۔ یا کوئی ریکارڈ کیا ہوا مواد ہو ۔ بہر حال میں اس سلسلے میں کوئی ٹھوس بات تجویز نہیں کر سکتا ۔ لیکن یہ عرض کرونگا کہ حکومت اسکی طرف توجہ دے ۔ اور خاص طور پر جس طریقے سے چین میں کیا جاتا ہے ۔ حکومت اسکی study کرے ۔ اور اگر ہمارے علاقے اور ملک کے لئے مفید ہو تو اس بات پر زور دینا چاہئے تاکہ ہمارا زیادہ سے زیادہ وقت استعمال میں آسکے ۔

جناب والا ۔ آخر میں وزیر ریلوے کی خدمت میں ایک چیز لانا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے کہ ہمارا ملک بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے ۔ اور محکمہ ریلوے کو اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ہماری زراعت میں جو جو اشیاء ضروری ہیں ۔ مثلاً ڈیزل آئل وغیرہ ۔ تو ان زرعی ضرورت کی اشیاء کے لئے پیش از وقت اس قسم کے ڈبوں کا انتظام کرنا چاہئے تاکہ وقت آنے پر ہمیں کوئی زیادہ دقت محسوس نہ ہو ۔ کہ جس سے ہماری زراعت suffer کرے ۔

ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کرونگا کہ مجموعی طور پر یہ بجٹ قابل اطمینان اور تسلی بخش ہے ۔ جسکے لئے ہمارے وزیر ریلوے صاحب قابل ستائیش ہیں ۔ آخر میں میں انکی خدمت میں عرض کرونگا کہ ملتان جو کہ ہمارا ڈویژن ہے ۔ اور منٹگمری سے ملتان آنے جانے میں ہمیں بڑی دقت ہوتی تھی ۔ اور کوئی ایسی گاڑی وہاں پر نہیں تھی جو صبح وہاں جا کر شام کو واپس آئے ۔ اور نہ کوئی اور ہی ایسا انتظام تھا ۔ وہاں کے لوگوں نے اپنی تکالیف جناب وزیر صاحب کے سامنے رکھیں ۔ جنہیں جناب وزیر صاحب نے صحیح طور پر سنا ۔ اور انکی تکلیف رفع کرتے ہوئے ایک ایسی گاڑی چلا دی اور وہ اس پر جناب وزیر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker: Mr. Hanif Siddiqi.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi: (Larkana III). Mr. Speaker, Sir, the Railway Budget is like the flower bed..... is good in parts only. It is paved with good intentions throughout but the effort behind them is very feeble.

For instance the Budget shows throughout an anxiety to provide facilities and amenities for lower class passengers but only forty-five lakhs of rupees have been reserved for this purpose which amount is hardly adequate.

Then, Sir, coming to the South Zone, I am sorry to say that it continues to be neglected throughout the current year. No new major construction or engineering work was undertaken in this year. No new line was made, no track was renewed and no bridges were made in the Sind area, during the current year.

Then, Sir, I come to the survey for new lines during the current year in the South Zone. Only one survey was completed—the project for the conversion of Hyderabad Mirpur Khas Line from the meter gauge to broad gauge — and this scheme was included in the second 5-Year Plan. In the new Budget a token provision of two lakhs has been made which is hardly sufficient. The importance of this project has been realised and I hope, Sir, it will be expedited and completed within the next two years. The following projects which are in hand should also be expedited. I hope somebody will take note of the suggestions.

The Malir-Manghopir line, Jhol-Sinjhoro line, Dadu-Khairpur, Nathen Shah, Meher, Nasirabad, Silra, Shahdad Kot and Shikarpur line. A token provision has been made for the survey of these lines in the current Budget. I hope the survey will be completed during the next year and some concrete action will be taken in the next following year.

I make a suggestion for one more project which may be considered and that is the Karachi-Badin-Nagarparkar line. This connects the Indian border with Karachi and will also connect the barrage area and Thatta District.

Then, Sir, out of 39 new trains only one or two fall to the share of Sind. Sir, there is need for two fast morning trains—one between Kotri and Larkana, and another between Hyderabad and Rohri. There is also need for a direct train between Lahore and Larkana. Passengers, who have to travel between Lahore and Larkana, find it very difficult at Rohri to move or shift from one place to another in early hours of the morning.

Then, Sir, out of a number of railway guards, not one has so far been given to Sind.

Then new rail cars are intended to be imported during the next year. (I am subject to correction, my friend says 84 new cars.) There is no indication as to where and on what sections these new rail cars, which are being imported, will be used. I hope Sind will get a share of these new rail cars. We have great need of the rail cars between Hyderabad and Karachi, between Hyderabad and Tando Muhammad Khan, between Hyderabad and Mirpur Khas, between Hyderabad and Nawabshah and between Larkana and Shikarpur. I hope some attention will be paid to these proposals.

Then, Sir, a number of amenities have been provided for lower class passengers. The list of these is given in the White Paper. I will read some of them. They are—

Passenger shelters and waiting rooms at 20 stations;

Platforms at 20 stations;

Latrines and sanitary fittings at 16 stations:

Third Class waiting halls at several stations;

Water facilities and water coolers at several stations.

I believe Sind has not got a share in any of these amenities and I hope something will be done in the near future.

It has also been claimed that some new passenger coaches have been built for lower class passengers with wider seats, more spacious lavatories and fans and sleeping berths. We have to see if any of these coaches will be provided in Sind. In Sind, I am told, orders have been issued that fans should not be fitted in the Third Class coaches, which have lost their utility. They have lost their three years life. But I will respectfully point out that all the wagons, all the carriages used are old and have outlived their utility. They have exhausted their life. That means these carriages will not be fitted with fans. I will request the Railway Minister, Sir, to reconsider this decision and to see that either the old carriages in Sind are replaced or they are fitted with electric fans.

Then, Sir, the Dadu line and the branch lines in Sind continue to be neglected during the current year. On the Dadu section, on which I have been travelling frequently, because that happens to fall within my constituency, doors and windows refuse to shut and if somebody manages to shut them, they refuse to open. It is my own personal experience.

Then the light, fans and water on this line fails at the precise moment when you need them. These lines are the slowest. They could be speeded up. It takes ten hours to cover a distance of about 160 or 170 miles between Kotri and Larkana. The trains on this line are never regular.

Then, Sir, our most anxious concern is the services. Sind has been neglected for the last 60 or 70 years, in fact ever since the inception of the North Western Railway. The result is that we have hardly one or two per cent representation in the entire service. In the higher posts we have one or two men, who got by way of competition before the partition, and after the partition there has been no recruitment from Sind area in class I or II services. It was expected Sir that the new administration will do something but I am sorry to say that they have not lived upto our expectations at least during the current year. I welcome the decision to open the Sukkur Division and also the new recruitment rules. Under the new recruitment rules, 20% of the class I or class II posts are to be filled up by competition and the rest on regional basis, and class III or IV posts will be filled up in

the local districts. I don't know what it means. I think this should be more clearly defined and rules should be laid down that for the local posts, posts which are to be recruited on regional basis, only the residents of that area and domicile will be admitted. In the enforcement of these rules also Sir there should be some rigidity. We have seen, Sir, in the Secretariat here at Lahore the Service Rules being interpreted to our disadvantage from time to time. I hope this will not happen in Sind and due regard will be paid to the fact that for several years, for in fact 50 or 60 years, Sind has been neglected, and I hope this gap will be filled within the next few years.

Then I am grateful, Sir, for two things. One is the new station at Larkana on the city side of the railway. But I don't know if this will serve the purpose. Our demand was that there should be an over-bridge connecting the city with the official area. Now this makes no difference whether you build a station on this side or that side unless you have also got an over-bridge. Without over-bridge, Sir, there will be the same problems. I had also requested in my last budget speech that the shunting at Larkana Railway Station takes place on the city side with the result that there is a lot of noise on that side. Particularly the patients in the Civil Hospital, which is near the railway line, are disturbed. There is great annoyance to the patients as well as to the visitors.

I am, Sir, grateful for the over-bridge at Hyderabad. Recently, Sir, about 10 or 15 days back there was a fire on the other side of the railway line with the result that the Fire Brigade did not reach there in time and there was a colossal loss of life and property. I am, however, grateful that a provision has been made in the next budget, but I hope it will be expedited and this project will be completed within the shortest possible time.

Mr. Speaker : Mr. Sohail.

چودھری سعی محمد— جناب تقریر کرنے والے صاحبان اردو میں تقریر کریں تاکہ ہم بھی کچھ سمجھ سکیں۔

Mr. S.M. Sohail: (Karachi II): Mr. Speaker, as soon as I rose to speak on the subject Chaudhri Sai Muhammad again reminded that speeches should be in Urdu. Sir, there cannot be a better speech in Urdu than the one that has been delivered by the Railway Minister. The speech has been in Urdu and in chaste Urdu. I was, however, surprised to find echoes from both sections of the House in a mood of complaint that the speech was delivered in chaste Urdu. In this town of Lahore where Allama Iqbal lived, worked and died such remarks regarding a speech being made in chaste Urdu on the Floor of this House was indeed very disheartening and Allama Iqbal must have certainly turned in his grave to find that objection has been taken to the speech being delivered in chaste Urdu on the Floor of this House. I do not know what they mean exactly when they take objection to it . . .

Mr. Speaker: I hope the member's train of thought is not shifting from Railway Budget to Urdu.

Mr. S.M. Sohail: I am thankful to you, Sir, for drawing my attention towards that but Chaudhri Sai Muhammad again rose up to say that there should be speeches in Urdu and I may tell you that whenever there are speeches in Urdu they will have to be in chaste Urdu and I hope no objections will be raised to speeches in chaste Urdu.

Now, I come to the Railway Budget. The Railway has been described by the Railway Minister as a commercial utility and welfare organisation. I would suggest a slight amendment and call it a utility-cum-welfare-cum-commercial organisation and I hope the significance of this slight change in the name will be accepted by everybody in this House. Looking at the performanace of the Railways from the point of view of welfare and utility what we find is that there has been a marked improvement in the working of the railways. Trains are running much more on time now than they were doing before, pilferage and stealing have gone down very appreciably, accidents have very much decreased, amenities to third-class passengers have increased and production of bogies and wagons is now to be started and expedited inside the country. These are certainly very heartening highlights of the working of the railways and the Railway Minister certainly and the whole of his staff deserve congratulations on this proper working of the railways from the point of view of utility and welfare. It is as important to commend those who are incharge of running the administration properly as it is necessary to pull them up for their not running it properly. I particularly commend those who have contributed towards the proper and efficient working of the railways and it is due to their efforts that its working from the point of view of utility and welfare has increased. I hope this commendation will serve as an incentive to their further applying themselves for increasing the efficient and proper working of the railways so that when we next meet here on the floor of this House and the Budget is present we shall again be in a position to commend them for their efforts.

This is, however, one aspect of the matter. They have worked well and for that we commend them. We are, however, much more concerned with the broad policy and the policies to be worked on and adopted for the running of these railways. This House is well aware and everybody knows that the progress and prosperity of the different areas of this Province is to a great extent due to the fact that they are having their railway lines and railway facilities. They can send their goods at cheaper rates, as compared to other areas where such railway facilities do not exist. Now, if we look on the railway map of West Pakistan we will find that a narrow strip runs from Peshawar to Karachi and we will also find that in the ex-NWFP there are few lines which take off from this main line to feed the interior of the country. I submit that the fact of that area being not that much prosperous as the rest of the Province is to a great extent due to the fact that there are not sufficient railways in that area.

Now, Sir, when we come to Punjab, ex-Punjab I mean, we find more railways here, many more railways than we find in the ex-NWFP. You will find that this area is much more prosperous than the ex-NWFP and the reason for that is a number of factors but railways also play a very important part in it and the prosperity of this area is certainly to a great extent on account of the fact that it has much more railways than any other area.

We leave Punjab and come to Sind. We are presented with a very dismal feature. There is only one line—call it a life line, call it a death line or any other line—which runs on and on till it reaches Karachi. We all know that Sind needs much more railways than what it has. We have already listened the speech of Mr. Muhammad Hanif Siddiqi. He has suggested several new lines which can be run commercially and profitably. I am sure the Railway Minister will take notice of it. Then we go on to Baluchistan and there again, Sir, there is only one line which runs up.

So far as Baluchistan and Quetta are concerned I have to say something from my own personal experience as I visited Quetta myself some months back. I found that the colliery is situated at a distance of thirty miles from the railway station from which coal is taken off. I was surprised, I would say rather flabbergated, to know that all this coal, roughly ten million tons; is lifted from the colliery— at a distance of thirty miles from the railway station— on wagons and trucks. You can easily appreciate the volume of this work and the large amount of foreign exchange that is squandered on this venture and the fate that this commodity, which is a nation-building commodity, comes to the planes at about ten to fifteen rupees higher cost than what it would if it were lifted on railway wagons. The coal is put on trucks, loaded on them, then again it is unloaded on the railway sidings and again loaded on railway wagons—three times. If the railways were to go up to the mine pit, as is done in every respectable country of the world, then it will require only one lifting. Lifting is trebbled on account of the fact that there are no railway up to the mine pit. I submit this project for the examination of the Railway Minister. The business is already there. Ten million tons of coal have to be lifted and you have only to stretch up a line, that is all. Not many stations, not many culverts and nothing of the sort and you save all that you spend in foreign exchange on tyres, tubes, petrol, motor parts and vehicles. All this will be a saving. I hope this scheme will commend itself to the Railway Minister when next time he will have the occasion to present the Budget. Those members of the railway department who are permanent will certainly be making a note of it at least that for this matter is not overlooked in the next budget.

The railways are a utility and a welfare organisation. They lead to development and progress and it is the right of every area to have a reasonable number of railway lines spread out in that area. The ex-NWFP and the ex-Sind Provinces have been long crying for such railway lines and this right which they have got cannot be withheld from them for a longer period.

Sir, it has been stated and rightly stated by the Railway Minister that the capital outlay is the responsibility of the Government so far railways are concerned and railways are concerned with maintaining whatever lines they have and improving whatever they have. As far as that goes it is perfectly right. But I am here addressing myself to the Government, they can find so much money for the development of projects which certainly cannot have that utility unless they have a complementary railway system for that area. They will not possibly forget to provide for new railway lines, I submit in humility that I quite understand the replacement of meter-gauge by a broad-gauge and I also quite understand the jointing of the railway lines so that a gentleman may sleep in peace and may have a little more comfort. But I have no hesitation in saying that neither we have any compunction in observing all these small facilities and amenities are nothing as compared to the laying of more lines which is necessary for the development of the country. I myself would be satisfied to pass a sleepless night in the railway on account of the joints not being properly met, if I was given to understand that all the money would be spent on laying out more new line.

It is strange that you are thinking of changing meter-gauge into broad-gauge. What is that? An area has the advantage of the meter-gauge line and you want to change it into a broad gauge line. Certainly it will be a small convenience, but look at it from the point of view that if you replace all that new line you would be replacing it by taking out one and putting on another in that area. Certainly it would be doing a greater service than what you are doing by replacing one by the other. Sir, I am unequivocally for building more railway lines at the cost of inconvenience and at the cost of some discomfort and it is absolutely necessary now.

We in Karachi stand in need of a good railway station. The railway station in Karachi is not worth the name. It is a standing disgrace to the P-W.R. that Karachi does not have a better railway station than what it has. It has not been provided for even now. But I am prepared to make a present of that to the railway if all the money that is needed for putting up that railway station is utilised for the purpose of making a new railway line. I think if all that I have said on this subject is listened to and examined, we may have some new lines on the occasion of the next budget. I would submit that a plan should be prepared for laying out at least 100 miles every year. Some such thing should be planned so that year in and year out we work on that.

Now, Sir, I would place before the House 2 or 3 small suggestions. You have 12 rail-cars running in various directions from Lahore, Rawalpindi Lyallpur. Cannot some of these rail-cars be diverted to Karachi. What stops the Railway Administration from diverting some of these rail-cars to be run between Karachi and Hyderabad. I will be told that we have given you more passenger trains. This is hardly a reply. I do not want comfort and luxury. But if the Railway intends to provide comfort any luxury, this has to be evenly

distributed. There is no reason why Lahore, Lyallpur and Pindi should have more rail-cars—all the cars—and Karachi, Hyderabad should have no rail-cars.

Now, Sir, I come to a painful subject—the Railway Board. The more I have thought of Railway Board the more I have been feeling that we are nursing a white elephant. The Railways can very well do without a Railway Board. There we are spending a lot of money. We have got a General Manager, we have got a Minister. In East Pakistan we have no Railway Board.

Minister For Railways: They have got a Railway Board.

Mr. S.M. Sohail: I am corrected. In East Pakistan Railways have also got a Railway Board. They have got plenty of black elephants and they can very well afford to have a white elephant. On this side of the Province we have no elephants whatsoever and therefore, there is no justification for our having a white elephant here. I would submit that this Board should go and the money that will be saved on this Board can very well be spent on some other programme.

We very much appreciate what has been done by the Railways for their employees in the form of amenities and increment of their wages. I hope they will be satisfied with it.....

مسٹر محمد رفیق بابو (لورالائی ژوب — کوئٹہ) جناب عالی—اگر موجودہ بجٹ میں سے کوئٹہ قلات ڈویژن کے علاقے کو کاٹ دیا جائے تو یہ بجٹ مجموعی طور پر باوجود چند خامیوں کے مناسب اور موزوں ترقیاتی بجٹ ہے۔ اس میں کوشش کی گئی ہے کہ جس قدر حالات اجازت دیں اسے زیادہ سے زیادہ ترقیاتی بجٹ بنایا جائے تاکہ مسافروں کو مزید سہولتیں مہیا کی جائیں۔ ملازمین کو اچھے کوارٹرز مہیا کئے جائیں۔ اس لئے میں کہونگا کہ یہ کافی موزوں بجٹ ہے۔ سردار بہادر خان سینیٹوریم کوئٹہ میں پرائیوٹ لوگوں کو داخلہ دیا جاتا ہے اور میں بلوچستان کے عوام کیطرف سے اپنے معزز وزیر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ یہ انہوں نے نہایت ہی اہم قدم اٹھایا ہے۔

اب میں ریلوے بورڈ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں جیسا کہ میرے معزز دوستوں نے ریلوے بورڈ پر کافی تنقید کی ہے اور بعض ایم-پی-اے حضرات جو ریلوے بورڈ کے ممبر ہیں انہوں نے اس کا نام ''بے اختیار'' بورڈ رکھا ہوا ہے۔ میں اس بات سے متفق ہوں کہ جہاں باقی محکمے اپنے سیکرٹریوں کے ذریعے چلائے جا سکتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ یہ ریلوے کا محکمہ جنرل مینجر

سے نہیں چلایا جا سکتا ۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ اس ہاؤس نے جو نمائندے اس بورڈ میں بھیجے ہیں اور وہ عوام کے نمائندے ہیں پھر بھی ان کی باتوں پر بورڈ دھیان نہیں دیتا ۔ میں تو ان نمائندہ بھائی اور بہنوں سے عرض کروں گا کہ اگر آپ کی وہاں کوئی شنوائی نہیں ہے تو آپ استعفیٰ دے دیں بجائے اسکے کہ وہاں چیختے اور چلاتے رہیں ۔ اور عوام کی صحیح ترجمانی نہیں کر سکتے ۔ اگر آپ کو وہاں وقعت نہیں دی جاتی تو میرا خیال ہے کہ وہاں آپ کا رہنا موزوں اور مناسب نہیں ہے ۔ میں اس بات سے متفق ہوں کہ اس بورڈ کو سرے سے توڑ دیا جائے تاکہ لاکھوں روپیہ جو خرچ ہو رہا ہے وہ تو کم از کم کسی اور ترقیاتی پروگرام پر خرچ کیا جا سکے ۔

اب جناب والا— دوسری عرض میری ریلوے ملازمین کے بارے میں ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کی تنخواہوں میں کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور کیا گیا ہے لیکن جہاں ایک طرف اضافہ کیا گیا ہے ۔ وہاں ہماری سنٹرل اور پروانشنل گورنمنٹوں نے اتنے بھاری ٹیکس عائد کر دئیے ہیں کہ ان بیچاروں کی تنخواہ بڑھنے کی بجائے الٹی ان کیلئے وبال جان بن گئی ہے ۔ اس لئے ضرورت ہے کہ تنخواہوں میں مزید اضافہ کیا جائے اور کم سے کم تنخواہ سو روپیہ ہونی چاہئے اس کے ساتھ اچھے کوارٹرز بھی ہوں ۔ تاہم خوشی کی بات ہے کہ موجودہ بجٹ میں وزیر صاحب نے ان کے لئے اچھے کوارٹرز مہیا کرنے کا انتظام کیا ہے ۔ اگر دوسری سہولتوں کا بھی انتظام کیا جائے تو اچھا ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں اپنے علاقے کے بارے میں وزیر صاحب سے کہونگا کہ ہمارا علاقہ پسماندہ ہے ۔ اسکی پسماندگی کے پیش نظر اس پر توجہ کی جائے ۔ ہمارے علاقے میں کوئی تیز ٹرین کوئٹہ سے پشاور نہیں جاتی ہے اس لئے آدمیوں اور خصوصاً عورتوں کو تکلیف ہے ۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ کوئٹہ اور پشاور کے درمیان تیز رفتار گاڑی کی سہولت فراہم کی جائے ۔ کوئٹہ سے چلنے والی گاڑیوں میں خاص طور پر انٹر اور سیکنڈ کے ڈبے نہیں ہوتے اس سے عورتوں کو تکلیف ہوتی ہے ۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اور سہیل صاحب نے کہا ہے ہمارے علاقے میں معدنیات وغیرہ کی کوئی کمی نہیں ہے اور جیسا کہ نبی بخش زہری نے فرمایا ہے اگر ڈیڑھ دو کروڑ کے خرچہ سے ریلوے لائین ڈال دی

جائے تو اس سے فارن ایکسچینج بچ جائے گا اور آمدنی بھی بڑھ جائے گی۔

ریلوے لائین کی توسیع کیلئے میں نے ایک اسکیم بھی دی تھی اور اس جانب توجہ بھی دلائی ہے کہ تیسرے پلان میں اس کو شامل کیا جائے۔ اس علاقہ میں صرف تیس میل کے فاصلہ پر کوئلے کے عظیم ذخائر موجود ہیں جو محض ریلوے کی آسانی میسر نہ ہونے کی وجہ سے استفادہ سے محروم ہیں اور یہی نہیں بے حساب فروٹ بھی بوجہ مجبوری بسوں میں لایا جا رہا ہے اور اس طرح اس منفعت بخش صنعت کا بہت نقصان ہو رہا ہے۔ بسوں میں لانے کی وجہ سے فروٹ خراب ہو جاتا ہے۔ مہربانی فرما کر تیسرے پلان میں اس پر غور کیا جائے۔

کوئٹہ— قلات ڈویژن کے ملازموں کا بھی سوال ہے۔ اس پر بھی غور کیا جائے اس علاقے کی نیابت ریلوے میں بہت کم ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق ہمارے ساتھ تعاون کرینگے تاکہ ہمارے علاقے کے لوگوں کو ریلوے میں زیادہ سے زیادہ ملازمتیں مل سکیں۔

ایک چیز اور ہے۔ ضرورت ہے کہ ریلوے ملازمین کو اس طرح کی ٹریننگ دی جائے کہ ریلوے ملازمین عوام سے بہتر سلوک کرنا سیکھیں۔ اس غرض کیلئے ایک ٹریننگ اسکول اگر کھولنا پڑے تو ضرور کھولا جائے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ تین دن پہلے میرے بچے وغیرہ لاہور آئے۔ میں ان کو ساتھ لیکر باہر نکلا ہی تھا کہ نوکر بھاگا آیا کہ ٹی ٹی میرا سامان چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ میں واپس گیا۔ ٹی ٹی نے کہا کہ یہ سامان زیادہ ہے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے یہ ٹکٹ موجود ہیں سامان مشین پر تول لیں تو اس نے کہا کہ میں آپ کا نوکر نہیں ہوں کہ وہاں جاؤں۔ اس نے مجھے غالباً کوئی دوکان دار یا حلوائی سمجھا ہوگا کیوں کہ میں عموماً اسی لباس میں ہوتا ہوں۔ میں کوٹ پتلون نہیں پہنتا۔ ایک آدمی وہاں تھا جو مجھے جانتا تھا اس نے پوچھا تو میں نے کہا اتنے ٹکٹ ہیں۔ آخر کار انہوں نے میرا سامان جانے دیا۔ جس طرح وہ ریلوے ملازم میرے ساتھ پیش آیا وہ اگر آپ دیکھیں تو انسانیت کی گردن شرم سے جھک جائے۔ اس کے برعکس پی آئی اے میں جائیے تو آپ دیکھینگے ان کی اتنی اچھی سروس ہوتی ہے کہ جی خوش ہو جاتا ہے اور جی چاہتا ہے بار بار سفر کریں۔ بہر حال میں عرض

کرونگا ان کی ٹریننگ کا انتظام کرنا بیحد ضروری ۔ ہے اس کیلئے ایک ٹریننگ سکول قائم کیا جائے ۔ جہاں انہیں انسانوں اور حیوانوں کے درمیان فرق سکھایا جائے اور پھر وہ انسان کو انسان سمجھیں ۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ چھوٹے چھوٹے سٹیشنوں پر ٹکٹ گھر دیر سے کھلتے ہیں ۔ عین ٹرین کی آمد یا اس ذرا سی دیر پہلے کھولنے سے مسافروں میں بڑا ہراس پیدا ہو جاتا ہے اور بھیڑ ہونے کی وجہ سے کئی مسافر اپنی رقم سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ بعضے جنہیں اس ہنگامہ کے باوجود ٹکٹ نہیں ملتا وہ اس طرح بغیر ٹکٹ ٹرین میں سوار ہو جانے کیلئے مجبور ہو جاتے ہیں اور اس طرح سفری پریشانیوں سے دو چار ہو جاتے ہیں ۔ بہتر ہو گا کہ ٹکٹ گھر ٹرین کی آمد سے کافی دیر پہلے ہی کھول دئے جائیں تاکہ ہر مسافر بڑی سہولت سے اپنا ٹکٹ حاصل کرسکے ۔

ایک اور بات ہے کہ جانوروں کی بکنگ کیلئے بھی سہولتیں ناکافی ہیں ۔ میں کہونگا کہ اس طرف بھی توجہ کی جائے اور عوام کو اس بارے میں ممکنہ سہولتیں فراہم کی جائیں ۔

جہاں تک خوراک کا تعلق ہے میں نے کئی دفعہ دوران سفر کھانا کھایا ہے ۔ یقین کیجئے کہ ایک بار کھانے کے بعد تین دن تک پھر کھانا نہیں کھایا جا سکتا ۔ پینے کے پانی کی عام شکایت ہے ۔ سٹیشنوں پر کولر کا انتظام کیا جائے اگر آپ کوئی اور سہولت نہیں دے سکتے تو پینے کیلئے ٹھنڈا پانی ہی انہیں مہیا کر دیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ان معروضات پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔ میں اس کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Taj Muhammad Khanzada : (Campbellpur I) : Mr. Speaker, Sir, I have been looking through the Railway Budget and the one year of the functioning of this Railway since its transfer to the Provincial Government. I think, already so many messages of congratulations have been delivered to the Minister for Railway that he does not stand in need of another one. I am afraid that I am not in a position to congratulate him because I feel that the Railway Budegt is just a normal Budget and is not the result of far-sighted planning.

In the Railway Budget yesterday Mr. Baqi Baluch brought out some very serious points and I am sure the Railway Minister would be in a position to give proper answers to the very serious allegations and the jugglery of

figures pointed out by my friend. I am not in a position to say anything as to the correctness or otherwise of those figures because I have not gone through them. But after hearing the answer of the Railway Minister we shall form our own opinion and the people of Pak stan would be in a better position to judge the merits of the Budget which has come before this House. Sir the taste of the pudding lies in its eating. What we have to see is whether in the year that has passed the functioning of the railway has been one which has come up to the expectations of the citizens or not, and whether the one they are supposing comes upto their expectation. Although some attempt has been made to give some amenities to the poorer and the less fortunate classes in the railways, but I am afraid they have miserably failed to meet the expectations of the poor employees of the railways. Sir the poor employee of the railway continues to smart under the Jackboot of the heavy top administrative machinery of the railways. Sir all those facilities, which were being provided to him, are being taken away from him. I would give an example of the railway schools. The railway public schools, which were built by the railways to look after the intelligent children of the poor people—the intelligent boys, who can become a national asset both in science and other spheres of life—those schools have since been handed over back to the Education Department to be run as public institutions where a poor man and even a middle-class man cannot find a place. It is only for the moneyed people. If the railway had the sympathy and the welfare of the people of the lower and less fortunate people in their service in mind, they should have maintained those schools, subsidized them and looked after the future generation so that they could be an asset both to the railway and to this country. I hope the Railway Minister will be able to take this House into confidence why that privilege, which was given to the poor men—and when we want to work for a welfare state and Islamic socialism—should be denied to them. I am sure he will have some reason for having done it and will take this House into confidence. In voicing this feeling I have no doubt that I share the feelings and aspirations of every individual in this House irrespective of whatever party he may belong to.

Sir bureaucracy in Pakistan never dies. Every time a bureaucrat, when he is over-age, when he is at the end of his service by virtue of his age, he is treated like a white elephant and is employed at a higher rate of pay than what he was getting when he was in service. In every country he may be a very useful man, bureaucracy at the top level may be an asset, but it deprives the younger generation, people who have the initiative, people who have the ability, people who can render service to the country, to play their part in the development of their country. They continue to sit in their old chairs and they continue to stagnate. Their initiative and their ability is lost to the country. Through the good offices of yourself, I am sure I am voicing the feelings of a vast majority of my colleagues when I say that the younger generation should not be deprived of their chances of promotion. This is not the way of building the nation, this is depriving

the young of their rightful place in the development of its own people. I will cite an example. Though I should not go into personalities but since it concerns the railways I will take the name of the Chairman of the Railway Board, Mr. Suhrawardy. He did a marvellous work for the railways. Now he has gone to the Planning Commission. There was a post lying vacant for him. They could not make use of his services in the railways but when he left service, he was provided with a post in the Commission. I am not surprised when the Members of this House out of sheer desperation talk against the Railway Board.

I would not comment on the merits or otherwise of the Railway Board because I feel that without looking into the merits it would be unfair for me to pass any strictures on their working but one thing is obvious, that this Board has lost its usefulness.

(interruption)

The Member has broken my chain of thought Sir. Now I would come to the planning. A very insignificant amount of money has been set aside for future projects and I would say that they have done so for lack of imagination in their planning. Sir today in this country, the vast resources of power and water are being mobilized to meet the problem of salinity and other problems. Millions of kilowatts of electricity will be generated. But the railway has moved not even one step to see that the railways should also be electrified. Ever since the planning of Mangla, Tarbela and other projects, the putting up of big hydel stations with Sui Gas, they should have kept pace with them. They could have initiated investigations to see how quickly the railways in Pakistan can be electrified, they can be modernised. The communications of this country can be brought at par with other developing countries, with the most modernized countries of the world. What is happening here. On the other hand we are still running our coal engines. If anybody travels in these trains, then before you get out of a station, you need a bath. I think we should build some 'hamams' also because you are full of dust and coal as you alight from a train. We should save the foreign exchange and use the internal resources of the country to become self-sufficient and independent of foreign exchange to whatever extent it is possible to do so.

Mr. Speaker : I think the member has made his points.

Mr. Taj Muhammad Khanzada: Sir I never had an opportunity to speak. So you will please excuse me and allow me some time more.

Now I will come to the point of attaining self-sufficiency in making basic industries for the railway. I am not unconscious of the fact and the limitations placed on the railway with regard to the allocation of foreign exchange both from within and without, but some mention should have been made of what the Railway Minister intends to do with regard to making

railways depend on our own resources. Sir, I was shocked to read in the papers and also when it was last year brought out in this House that stuffed chickens are coming from America. We are making legislation for bringing in stuffed chickens. We want aid for basic industries. We want industries in this country, which are self-perpetuating, which will make us independent of foreign aid. We will bear to starve at the cost of losing our self-respect and becoming begars. Sir, if we have to take this aid I would voice the feelings of this House, and I am sure and I have no doubt that these feelings are shared by a vast majority of my colleagues, that we want this aid in the form of nation-building aid.

Mr. Speaker: Now the member's time is over. He may, however, complete his sentence.

Mr. Taj Muhammad Khanzada: Give me a few minutes more Sir. I am sure you will bear with me if I ask for a few minutes more. I shall be grateful to you and the House. I am sure they will accommodate me.

Sir the railways are not merely commercial organs. They are also primarily strategic means of communication to look after the defence of the country in case of an emergency. I am sure the House is not unaware of the forces that are working, within and without, to undo this Islamic State of Pakistan. The time has come when we should be able to offer one solid block of people in the defence of the country.

Sir, India has been adamant in allowing the people of Kashmir the right of self-determination and wishes to perpetuate her hold over Kashmir indefinitely. When America and Great Britain gave military aid to Pakistan, India was shouting at the top of her voice in spite of the assurances that the aid was meant for self-defence and for collective security in this region. Today, the same Mr. Nehru and India are accepting aid and he does not lift a single voice because it suits his purpose. He is taking the plea of using this aid against the Chinese people and the aid is being given by America and Great Britain to fit in their global strategy to fight Communism. But this very aid, I am afraid, will eventually be used to extend the imperialistic designs over Pakistan - a country to which they have yet not reconciled themselves and it is still the long-term policy of India to undo Pakistan in collaboration with other great powers at the first opportunity.

Mr. Speaker: How it is concerned with the Railway Budget? I think the member has finished all the points.

Mr. Taj Muhammad Khanzada: While talking about the expansion of railway and the internal security of Pakistan, the other day, the President of of the country has made a very good suggestion in asking for the Confederation of Muslim states in this region. I think this House should give their whole-hearted support to this noble cause. We consider no sacrifice too

great in bringing Afghanistan, Iran, Turkey and Pakistan closer to each other and we look forward to more concrete steps in the near future when this idea of Confederation of the four great Muslim powers may take a more concrete and progressive shap. Since we have got contiguous boundaries, the extension of railways into these regions would further cement our relations both materially and spiritually. I strongly recommend this extension, and hope the Railway Minister will make every effort to extend the railways.

Begum Jehan Ara Shahnawaz: I want to ask one question, Mr. Speaker, from Mr. Khanzada before he resumes his seat and that is, if retired Inspector-Generals of police can become Chairmen of the Training Commissions, why is he finding fault in a technical expert like Mr. Suhrawardy?

Mr. Taj Muhammad Khanzada: I did not make any personal attack on Mr. Suhrawardy but merely made a reference to the general policy of re-employment in Pakistan.

مسٹر عبدالرازق خان (مردان III) ۔ جناب سپیکر ۔ معزز وزیر ریلوے کہ جنہیں اب وزارت خزانہ کا چارج بھی دیا گیا ہے ۔ انہوں نے جو ریلوے بجٹ اس ایوان کے سامنے پیش کیا ہے ۔ اس میں پچھلے سال کی آمدنی سے تقریباً دو کروڑ روپے کی زیادہ آمدنی دکھائی گئی ہے ۔ جہانتک آمدنی میں اضافے کا تعلق ہے ۔ یہ نہایت اچھی بات ہے ۔ اور میں ضرور اس کیلئے وزیر ریلوے کو مبارکباد پیش کرتا ۔ لیکن جو قرطاس ابیض White Paper شائع ہوا ہے ۔ اس میں یہ دیکھکر کہ یہ اضافہ کسی حسن کارکردگی کا نتیجہ نہیں ہے ۔ بلکہ محض مال کے کرایوں میں اضافہ کرکے اس آمدنی میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ تو پھر مجھے مایوسی ہوئی ۔ اسکے علاوہ بجٹ میں نچلے درجے کے مسافروں کی سہولت کے لئے پچھلے سال سے سولہ لاکھ روپے زیادہ رکھے گئے ہیں ۔ یہ امر باعث مسرت ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیر ریلوے جن کو کہ ریلوے کا محکمہ سپرد کیا گیا ہے ۔ میں انہیں ایک مفکر سمجھتا ہوں ۔ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں ۔ خاص طور پر پاکستان بننے کے متعلق ۔ کہ پاکستان کیوں بنا اور کس مقصد کے لئے بنایا گیا ۔ انکے خیالات میں نے ان کتابوں میں پڑھے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ ریلوے جو کہ ایک Independent State ہے ۔ اور جسکے معاملات، جسکا لاء اینڈ آرڈر، جسکی ایڈمینسٹریشن اور جسکے تمام امور ریلوے منسٹر کے ہاتھ میں ہوتے ہیں ۔ تو انکو ایک امتحان میں مبتلا کیا گیا ہے ۔ اس لئے اب یہ دیکھنا ہے کہ وہ اپنی اس سٹیٹ کو ان ہی خطوط پر چلائینگے کہ جنکا اظہار انہوں نے

اپنی تصنیفات میں کیا ہے ۔ یا وہ بھی اس Red Tapism کا شکار ہوتے ہیں ۔ جیسا کہ کچھ حضرات ان جگہوں پر پہنچ کر ہو جایا کرتے ہیں ۔ ہمیں اس بجٹ میں اس چیز کو دیکھنے کا انتظار تھا کہ وہ چھوٹے ملازمین کی تنخواہوں کو ایسی سطح پر لائینگے کہ وہ پیٹ بھر کر روٹی کھا سکیں ۔ ان کے بچے تعلیم پا سکیں ۔ اور اگر ان میں سے کوئی بیمار ہوں تو انکو طبی علاج کی سہولت میسر ہوگی ۔ اور ہم اس بجٹ میں یہ بھی دیکھنے کے خواہشمند تھے کہ جو ملازمین بڑی بڑی تنخواہیں پا رہے ہیں اور جو کہ بڑی تعداد میں ہیں ۔ انکی تنخواہوں کو کم کیا جائیگا ۔ اور جو ایک سے زیادہ کام پر لگائے گئے ہیں ۔ ان میں تخفیف کی جائیگی ۔ تاکہ اس طرح سے چھوٹے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کے لئے گنجائش پیدا ہو ۔ لیکن میں نے بجٹ میں ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جسکی وجہ سے میں مایوس ہوں ۔ ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ آئندہ دو سال میں وزیر ریلوے ایسی تجاویز پر عمل کرینگے ۔ کہ کم از کم ریلوے کے محکمے میں جہاں انہیں کلی اختیار حاصل ہے ۔ جہاں وہ تمام امور کے انچارج ہیں ۔ ریلوے ملازمین میں سے کسی کی تنخواہ بھی کم از کم سو روپے سے کم نہ ہو ۔ اور جو بڑی بڑی تنخواہ پانے والے ہیں ، ان میں تخفیف کیجائے اور انکی تنخواہوں میں سے بچت کرکے ان کو دیجائے ۔ میں حیران ہوں کہ وزیر ریلوے کے ہوتے ہوئے بھی آج ریلوے ورکرز اور ریلوے کے چھوٹے ملازمین مصیبت میں مبتلا ہیں ۔ اور انکے لیڈر جیل میں ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ انکے خلاف کوئی قانونی کارروائی کی جا رہی ہو ۔ اور اس میں انہیں کوئی دسترس نہ ہو ۔ لیکن انہیں چاہئے کہ اپنے محکمے میں امن و امان قائم کرنے کے لئے ، اچھی فضا پیدا کرنے کیلئے شیخ عبدالغفور جیسے لوگوں کو جیل سے باہر لائیں ۔ اور اپنے ورکرز کو مطمئن کریں ۔ ہم یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ انہوں نے بعض بہت اچھے کام بھی کئے ہیں ۔ اور آئندہ بھی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ جیسا کہ لاہور اور دوسرے بڑے سٹیشنوں پر جو سہولتیں نچلے اور اوپر والے درجے کے مسافروں کے لئے پہلے سے موجود تھیں ۔ اور وہ چونکہ صحیح نہیں تھیں ۔ انہوں نے اس میں اصلاح کی ہے ۔ اور چھوٹے ملازمین کی تنخواہوں

میں اضافہ کیا ہے۔ میں اسکے لئے انہیں مبارکباد دیتا ہوں ۔یہ نہایت اچھی باتیں ہیں جو انکے دور میں ہوئی ہیں۔ اور آئندہ بجٹ میں بھی انہوں نے اسکے لئے گنجائش رکھی ہے۔ لیکن میں ان سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ ان اصلاحات میں مزید اضافہ کریں گے۔ اور وہ ایک ایسا لائحہ عمل پیش کے۔ جس سے کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن میں خاطر خواہ ترقی ہو۔

جناب والا۔ ریلوے میں Corruption کو مثال کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ گو کہ یہ انکی طرف سے عوام کو نہیں دیا گیا ۔ لیکن اسکی طرف توجہ دینا اب انہی کا کام ہے۔ تو عرض یہ ہے کہ کوئی بھی شخص اگر کسی قسم کا سامان بک کرنے کیلئے جاتا ہے۔ تو اسکو یہ واقعہ پیش آتا ہے کہ وہ کرایے کے علاوہ متعلقہ افسر کو رشوت بھی دیگا ۔ اور اگر وہ رشوت نہیں دیگا تو اسکا کام نہیں ہو سکتا ۔ اور میں یہ الزام لگاتا ہوں انکے اعلیٰ افسران پر ۔ کہ جہانتک میں نے سنا ہے اور میری معلومات کا تعلق ہے۔ ان افسران کو اس رشوت میں سے باقاعدہ انکا حصہ ملتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ Corruption اس محکمہ میں وہ لائے ہیں ۔ لیکن اسکو ختم کرنے کی ذمہ داری ان ہی کی ہے۔ اسکے علاوہ پندرہ کروڑ روپے کی آمدنی نچلے درجے کے مسافروں سے ہے۔ لیکن اس سال جو سہولتیں نچلے درجے کے مسافروں کے لئے رکھی گئی ہیں۔ وہ صرف تین فیصدی ہیں۔ بلکہ اس سے بھی کم ہیں۔ یعنی جو آمدنی انہیں آن سے ہوتی ہے۔ اس میں سے تین فیصدی سے بھی کم ان مسافروں کو مراعات دینے اور سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے رکھی گئی ہیں۔ گو کہ اس سلسلے میں انہوں نے پچھلے سال کے بجٹ میں سے اس مرتبہ سولہ لاکھ روپے زیادہ رکھے ہیں ۔ مگر میں یہ درخواست کرونگا کہ یہ رقم بہت کم ہے۔ آپ کو چاہئے کہ آپ پاکستانی عوام کو یہ احساس دلائیں کہ یہ ملک انکا ہے اور انکے ساتھ بھی وہی سلوک ہوگا جو ایک فرسٹ کلاس یا سیکنڈ کلاس میں سفر کرنے والے مسافر کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور یہ اسی طرح سے ممکن ہے کہ انکی دی ہوئی آمدنی میں سے آن پر اخراجات کی کوئی سبیل نکالیں۔

یہ تو بجٹ پر مجموعی طور سے میرے خیالات کا اظہار تھا ۔ اب میں

اپنے علاقائی مسائل کی طرف آتا ہوں ۔ میں تحصیل صوابی کا رہنے والا ہوں ۔ اور پاکستان بھر میں جسقدر بھی سگریٹ بنتا ہے۔ اسکے لئے تمباکو یہیں سے مہیا کیا جاتا ہے۔ یعنی سگریٹ بنانے کے دس بارہ جتنے بھی بڑے بڑے کارخانے ہیں ۔ مثلاً پاکستان ٹوبیکو کمپنی ۔ سووینر ٹوبیکو کمپنی اور پریمئیر ٹوبیکو کمپنی وغیرہ سب کو ہی صوابی سے تمباکو سپلائی کیا جاتا ہے۔ لیکن مجھے افسوس ہے خود وہاں پر ایک بھی سگریٹ سازی کا کارخانہ نہیں ہے۔۔۔۔

میں نے جو وجوہ معلوم کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ ریلوے لائن نہ ہونیکی وجہ سے صوابی میں کوئی کارخانہ نہیں بن سکتا ۔ تو یہ ہمارے علاقے کیساتھ ریلوے لائن نہ ہونیکی وجہ سے بڑا ظلم ہے۔ اسکے لئے سروے ہو چکا ہے اور مجھے توقع تھی کہ اس بجٹ میں اسکے سروے کیلئے یا کسی اور مد میں کوئی رقم ہوگی اور ہمیں توقع تھی کہ آئندہ سالوں میں ہمیں ریلوے لائن ملیگی ۔ کوئی ایسی چیز نہ دیکھکر مجھے مایوسی ہوئی ہے۔ مجھے یقین ہے ریلوے وزیر صاحب اس چیز کو منظور فرمائیں گے اور صوابی کو ریلوے لائن سے ملانے کی کوشش کرینگے ۔

صوابی تحصیل کی آمد و رفت کیلئے ایک ریلوے سٹیشن جہانگیرہ روڈ ہے اور وہاں کپڑے کے کارخانے ہیں ۔ شوگر کے کارخانے ہیں اور اس بنجر زمین کو آباد کرنے کیلئے ٹیوب ویل لگائے جا رہے ہیں ۔ لیکن اگر آپ اس سٹیشن کے پلیٹ فارم کو دیکھیں گے تو معلوم ہوگا کہ یہ سٹیشن آج سے ۱۰۰ سال پہلے کا سٹیشن ہے جہاں کوئی بھی سہولت نہ مسافروں کو ہے اور نہ کسی اور کو ہے۔ تو میری یہ درخواست ہے کہ جہانگیرہ روڈ ریلوے سٹیشن کو اسکی اہمیت کو دیکھتے ہوئے اور اسکی اہمیت کے پیش نظر وہی تمام مراعات دیجائیں جو ایک اچھے سٹیشن کو دیجا سکتی ہیں ۔ اسکے علاوہ وہاں خیبر میل کو رکوانے کا انتظام کیا جائے جہاں تقریباً ۵ لاکھ آدمیوں کیلئے اسوقت صرف یہی سٹیشن ہے ۔ خیبر میل کے نہ ٹھہرنے کیوجہ سے مسافروں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ تیزگام ایک ایسی ٹرین ہے اسکے متعلق ہمارے بعض معزز دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ صرف راولپنڈی تک چلائی

جاتی ہے۔ میری گذارش ہے کہ تیز گام کو extend کیا جائے تاکہ ہمیں فائدہ ہو سکے۔

تیز رو کے جو Timings ہیں وہ ٹھیک نہیں ہیں وہ ہم لوگوں کو Suit نہیں کرتے۔ اگر آپ اپنے محکمہ کو ہدایت کریں اور وہ وہاں علاقائی افسر سے ملکر اور عوامی نمائندوں سے ملکر انکے لئے ایسا وقت مقرر کریں جو ان لوگوں کو Suit کرے تو یہ بہتر ہوگا۔ اب میں دیکھ رہا ہوں کہ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب تقریر کرنے کیلئے بیچین ہو رہے ہیں اسلئے میں ریلوے وزیر صاحب کو بجٹ پر مبارکباد دیکر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

سردار خالد عمر (لاہور-۳) جناب سپیکر صاحب۔ ہمارے ریلوے وزیر صاحب نے ایسی سلیس اردو میں اپنا بجٹ پیش کیا کہ اس کے جتنے بھی چھوٹے موٹے عیب ہیں وہ چھپ گئے۔مگر جناب میں آپ کو اس واسطے مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ نے تھوڑے سے عرصہ میں اسقدر ریلوے کے محکمہ میں ترقی کی جسکا ہمیں خیال نہ تھا۔

میں نے پچھلے بجٹ میں بھی اسکا ذکر کیا تھا کہ جو ریلوے بورڈ ہے وہ ملک کیلئے ایک سفید ہاتھی ہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس بورڈ نے ابتک کیا کیا جس پر اتنا روپیہ خرچ ہو رہا ہے۔ جناب بجٹ پر نکتہ چینیاں تو بہت ہو سکتی ہیں لیکن میں نکتہ چینی کے خیال سے کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ مگر یہ ضرور کہوں گا کہ یہ جو ۵۰ لاکھ روپے ہم سنٹرل گورنمنٹ کو دیتے ہیں وہ بالکل ناجائز ہے۔ میرا خیال یہ تھا کہ ریلوے منسٹر صاحب اس ایوان میں ایک ریزولیوشن پیش کرتے اور سنٹرل گورنمنٹ سے کہتے کہ اتنا روپیہ ہم برائے سود نہیں دے سکتے اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلے ہی محکمہ بہت غریب ہے۔ ایک طرح سے دیکھا جائے تو یہ ایک قسم کا قرضہ ہوگیا۔ اگر صوبائی حکومت کو یہ محکمہ دیا گیا ہے تو اسکا پورا فائدہ اٹھانا چاہئے۔ ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ یہ ہمارا Suggestion گورنمنٹ کیطرفسے ریزولیوشن پاس کرکے سنٹرل گورنمنٹ میں بھیجا جائیگا۔

اب ایک بات میں چھوٹے ملازمین کی تنخواھوں کیلئے کہونگا ۔ ھمارے لئے ضروری ھے کہ انکی تنخواہ بڑھائی جائے اور بڑے ملازمین کی تنخواھیں کم کیجائیں یا بڑے ملازموں کو رھنے کیلئے بڑے بڑے مکان اور دوسری سہولتیں جو دیجاتی ھیں وہ نہ دیجائیں اور چھوٹے ملازمین کو ٹرانسپورٹ اور رھنے کیلئے مکانوں کی سہولتیں دیجائیں ۔

اب اپنے علاقے کیطرف آتا ھوں ۔ بد قسمتی سے میرا تعلق اس علاقے سے ھے جس علاقے کے لوگ سمجھتے ھیں کہ یہ علاقہ بڑا Advanced ھے ۔ یہ چراغ تلے اندھیرے والی بات ھے ۔ جناب لاھور سٹیشن جب آتا ھے تو آپ کہتے ھیں کہ اس سٹیشن میں ایسی چیز موجود ھے لیکن جب آپ اسکے Suburbs میں جائیں ۔ آپ قصور ، کوٹ رادھا کشن اور اس طرف شاھدرہ اگر آپ جائیں تو اتنی جگہ نہیں ھے کہ کوئی دھوپ میں درخت کے نیچے کھڑا ھو سکے ۔ نہ یہاں گوڈاؤن ھیں نہ یہاں ایسی آرام گاہ ھے نہ کمرے ھیں ۔ اب میں آپ سے کہوں گا کہ اسکا خاص خیال رکھیں دوسرے وھاں کی آبادی اسقدر بڑھ چکی ھے گلبرگ ، ماڈل ٹاؤن وغیرہ نئی بستیاں بن چکی ھیں اور اس صرف ایک سٹیشن صدر کا ھے ۔ اس سٹیشن پر بھی یہ حال ھے کہ وھاں کوئی ٹرین ان لوگوں کیلئے نہیں کھڑی ھوتی انکو شکایت ھے ۔ اسیطرح باداسی باغ کیطرف آبادی بڑھتی چلی جا رھی ھے لہذا میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اسطرف خیال رکھیں ۔

دوسری بات جناب والا— میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کرونگا کہ لاھور میں بالکل وقت پر ٹرین نہیں آتی وہ اسوجہ سے نہیں آتی کہ چونکہ یہ جنکشن ھے چھوٹی چھوٹی ٹرین بھی کھڑی کر دیجاتی ھے ۔

تیسری چیز میں خاص لاھور کے سٹیشن کے متعلق کہنا چاھتا ھوں ۔ جب کہ یہ بات اس سے پیشتر بھی وزیر صاحب کے نوٹس میں لایا تھا تو انہوں نے اسمیں کافی محنت کی تھی اور وہ یہ ھے کہ لاھور سٹیشن پر جو انڈیا پلیٹ فارم ھے وھاں اب نئے پنکھے زیادہ کر دئے گئے ھیں لیکن میرا خیال یہ ھے کہ Foreigner جو وھاں آتے ھیں تو وھاں بیٹھنے کیلئے کوئی انتظام

نہیں ہے اور نہ کوئی جگہ ہے۔ لوگ باہر بیٹھے ہوتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہاں پنکھے زیادہ ہونے کیوجہ سے لوگوں کو Sun Strock ہونے لگ گیا ہے۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اسکی چھت پر لکڑی ڈالدیجائے اور اس سے وہ Cover کر دیا جائے تو پھر سٹیشن اچھا ہو جائیگا۔ اور اسوجہ سے خاص foreigner جو برا impression لیکر جاتے ہیں وہ پھر برا impression لیکر نہیں جائیں گے۔ میں آپ کو خاص توجہ دلاتا ہوں اور آپ اسکا خیال رکھیں۔

Minister of Railways: (Mr. Abdul Waheed Khan): Mr. Speaker, may I draw your attention to an important matter. As you know very important points have been raised in the debate at very good level. I have noted all the points, I will take one hour and fifteen minutes. If you think that you can finish all the Members by 11.15...

Mr. Speaker: I am not going to finish my Members. (Laughter)

Minister of Railways: I mean speeches. I am making a suggestion. But I do not want to deprive any one of them. They may be given the fullest possible opportunity to express their views which I welcome. In that event I want to draw your attention to my point that you might take into consideration in advance. If it is not possible for the Members to finish their speeches today then I should be given the right of reply tomorrow morning.

Mr. Speaker: That opportunity the Minister will get. How much time does he need for giving the reply?

Minister of Railways: One hour and fifteen minutes, sir.

Mr. Speaker: I will allow him that much time tomorrow morning.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور—۲) جناب والا— ریلوے کا محکمہ صوبائی حکومت کی تحویل میں آیا تو چند تبرکات بلکہ یوں کہنا چاہیئے چند متبرک حوادث بھی اپنے ساتھ لے آیا۔ سب سے پہلا متبرک حادثہ یہ تھا کہ ہمارے معزز اور محترم وزیر ریلوے خان عبدالوحید خان صاحب اسوقت ہاؤس کے ممبر نہ تھے اور انکی وزارت اس محکمہ کے ساتھ ساتھ ایوان پر نازل ہوئی۔ پھر جناب والا۔ آپ کو معلوم ہے کہ بار بار جناب نبی بخش خان زہری انکو یہ احساس دلاتے تھے کہ میں بحیثیت ممبر کے زیادہ Superior ہوں اور آپ اس معزز ایوان کے رکن ہی نہیں— تو یہ بھی ایک متبرک حادثہ متعدی بھی ہو گیا۔

میر نبی بخش خان زہری— جناب میں نے ''باوقار'' کہا ہے۔

علامہ رحمت اللہ ارشد— آپ باوقار بھی تھےاور Superior بھی تھے اس لئے تو آپ ممبر تھے اب اللہ کے فضل سے جناب قادر بخش صاحب اور پیر محمد خان صاحب معزز وزرا سے لیکر ہمارے چندے آفتاب احمد نواز صاحب سب membership سے محروم ہو گئے ہیں۔

Mr. Speaker: It is not a Minister's Budget. It is the Railway Budget

Minister Of Railways: It is just a preliminary talk.

علامہ رحمت اللہ ارشد— نہیں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر صورت حال یہی رہی تو شاید ایک وقت ایسا آئیگا کہ خان عبدالوحید خان حاضر اور باقی ساری وزارت غائب ۔ اب میں بجٹ کے متعلق جناب وزیر ریلوے کی توجہ مبذول کرانی چاہتا ہوں۔ پہلی بات انہوں نے اپنی تقریر دل پذیر میں اردوئے معلیٰ میں لکھی ہوئی گنگا جمنا کی دھلی ہوئی زبان میں یہ فرمایا کہ ہمارے کرائے سارے ملکوں کے کرایوں سے کم ہیں خاص طور پر ہندوستان کے کرایوں سے بھی کم ہیں۔ مجھے سن ۵۴ اور ۵۷ میں دو دفعہ Middle East اور باہر کے ملکوں کو جانے کا اتفاق ہوا ۔ میرا تاثر یہ ہے۔ میں اعداد و شمار تو نہیں کر سکتا لیکن ہمارے کرایہ کی شرح تمام ملکوں سے زیادہ ہے۔ جہاں تک یہ دعویٰ ہے کہ ہندوستان سے ہمارے کرائے کم ہیں اسکے متعلق میں صرف ایک دو مثالیں آپکی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں ۔ جناب والا— کراچی سے ٹیکسلا ۹۰۸ میل ہے ۔ فرسٹ کلاس کا کرایہ ۱۶۹ روپے ۳۷ پیسے ہے ۔ سیکنڈ کا کرایہ ۷۹ روپے ۶۷ پیسے اور تھرڈ میل کا کرایہ ۲۰ روپے ۴۴ پیسے ۔ ہمارے ہاں یہ مفروضہ قائم کرلیا گیا ہے کہ ہندوستان کے سیکنڈ کلاس ہمارے انٹر کلاس کے برابر ہیں اور ان کا فرسٹ کلاس بھی ہمارے انٹر کلاس کے برابر ہے ۔ میں آپکے توسط سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ مفروضہ صحیح ہے ؟ تمام ملکوں میں دو کلاسیں باقی رہ گئی ہیں — اپر اور لوئر— جیسا کہ ہندوستان نے کیا ہے اور ہمارے ہاں Partition کے پہلے کی چار کلاسیں کیوں چل رہی ہیں ۔ لیکن اگر اسی کو صحیح تصور کر لیجئے کہ

انکی فرسٹ کلاس کا کرایہ ہمارے سیکنڈ کلاس کے برابر ہے تو میں عرض کرتا ہوں کہ لاہور سے الہ آباد کا کرایہ جو کہ پی ڈبلیو آر نے اپنے ٹائم ٹیبل میں چھاپا ہوا ہے اور لاہور سے الہ آباد کا فاصلہ ۹۰۴ میل ہے اس کے سیکنڈ کلاس کا کرایہ ۷۴ روپے ۹۴ پیسے ہے لیکن ہمارے ہاں ۷۹ روپے ۶۵ پیسے ہے اور تھرڈ کا by Mail train ۲۴ روپے ۹۹ پیسے ہیں۔ جو یہاں ۲۵ روپے ۴۴ پیسے ہیں۔ تو کس لحاظ سے اور کس طرح یہ کہتے ہیں کہ ہمارے کرائے ہندوستان کے کرایوں سے کم ہیں۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان)— میں نے یہ کہا تھا گڈز کے متعلق یعنی مال کے متعلق کہا تھا۔

علامہ رحمت اللہ ارشد— مال کا کرایہ آپ کم لیتے ہیں لیکن انسانوں کا کرایہ زیادہ لیتے ہیں۔ انسانوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے۔

وزیر ریلوے— ہم تولتے بھی ہیں۔

علامہ رحمت اللہ ارشد— اچھا— دوسری چیز جو انکی توجہ کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اگر کوئی عام آدمی خلاف واقعہ بات کہے تو اسے کہا جاتا ہے کہ اس نے جھوٹ بولا ہے سفید جھوٹ کہا ہے لیکن جب کوئی وزیر با تدبیر خلاف واقعہ بات کہے تو کہنا پڑتا ہے کہ انکا کہنا صحیح نہیں۔ انکا ارشاد بجا ہے۔ یہ انکا فرمانا ہے کہ پے کمیشن کی سفارشات کی بنا پر عملہ کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا پڑا اور ریلوے کو مزید بوجھ برداشت کرنا پڑا ہے۔ اسکا اندازہ یوں ہو سکتا ہے کہ ہاؤس کے سامنے ایک مثال پیش کرتا ہوں کہ پاکستان ویسٹرن ریلوے پریس جو اس ملک کا سب سے بڑا پریس ہے اسکے اندر Compositor کا پے سکیل ۶۰-۶-۸۰ ہے۔ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس میں اسی عہدہ کے لئے ۹۰-۵-۱۲۰ ہے۔ Rotary Machine Man کا سکیل ۶۰-۲-۸۰ اور گورنمنٹ پرنٹنگ پریس میں ۷۵-۲-۱۰۵ ہے اور یہ کہنا کہ پے کمیشن کی سفارشات کے مطابق انہوں نے کوئی کام کیا ہے یہ غلط چیز ہے۔ اول تو پے کمیشن کی سفارشات ملک قادر بخش کی رپورٹ ہی ہو گئی ہیں یعنی وہ عوام کے سامنے نہیں آئیں کہ کیا سفارشات کی تھیں۔

ایک جج بٹھایا گیا قومی سرمایہ صرف ہوا وہ ایسٹ اور ویسٹ میں پہنچے سرکاری روپیہ فراہم کیا گیا سہولتیں فراہم کی گئیں ۔جسٹس کارنیلیس نے اتنی عرق ریزی کر کے رپورٹ مرتب کی لیکن اسکو سرد خانے کی زینت بنا دیا گیا اس لئے کہ حکومت اس پر عمل نہیں کرنا چاہتی تھی ۔

دوسری بات جناب یہ ہے چونکہ میں مسجد کا بوریا نشین ملا آدمی ہوں اس لئے اس کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ جو ہمیں بجٹ کے اندر دکھایا گیا ہے کہ اتنے کروڑ روپیہ سود مرکزی حکومت کو دیا گیا ہے اور اتنا دیاجائے گا بھائی اس کے متعلق سیدھی سادی بات ہے ۔قران مجید کی نص صریح ہے ۔

واحل اللہ البیع و حرم الربوٰ

اور سب سے بڑی وعید جو حدیث شریف میں آئی ہے وہ یہ آئی ہے۔

لعن اللہ علے آکل الربوا و موکلہ و شاھد یہ و کاتبہ او کماقال

خدا تعالیٰ لعنت کرتا ہے سود کھلانے والے پر کھانے والے پر اور جو گواہ اس پر گواہی ثبت کریں ان پر بھی جو لکھے اس پر بھی لعنت ۔ خدا جانے پرنٹنگ پریس والوں نے جنہوں نے اس کو چھاپا ہے ان پر یہ لعنت عائد ہوتی ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ جو اس سود کے روپیہ میں سے daily allowance لیتا ہو ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ اس پر بھی خدا کی لعنت اور جو تین ہزار تنخواہ لے اس پر بھی خدا کی لعنت ۔ اور ممبر نہ ہوتے ہوئے Represent-ative کریکٹر نہ رکھتے ہوئے انہیں اپنیambitions کو high کرے intrigue کے ساتھ اوپر نیچے آنے جانے کی کوشش کرے اس پر بھی خدا کی لعنت ۔

اب میں عرض کرنا چاہتا ہوں باپ اپنے بیٹے سے یا جیسا کہ مولانا غلام غوث صاحب ہزاروی نے کہا ہے ماں اپنی بیٹی سے — مرکزی حکومت صوبہ سے روپیہ سود پر لے یا سود پر روپیہ دے یہ غیر اسلامی، ناشائشتہ فعل ہے اور اس اعتبار سے ہمارے دعوے کو یکسر متضاد ہے جو ہر روز ہم کہتے ہیں کہ ہمارا ایک اسلامی نظام ہے اور اسلامی نظام لائے ہیں یہ معمولی باتیں ہیں ۔ صوبہ سنٹر سے گفتگو کر کے اسے ختم کر سکتا ہے۔ بحث

کر سکتا ہے۔ آپ سود کے لین دین کے ساتھ سارے خزانے کو کیوں ملوث کرتے ہیں کیوں اس کے اندر نجاست ڈالنا پسند فرماتے ہیں۔

عیب ما جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو

میں جناب وزیر کے اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں جس میں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ آئندہ ملازمتوں کے اندر علاقہ وار نمائندگی کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ میں ان کی خدمت میں بصد ادب و احترام گذارش کروں گا کہ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے بہاول پور ایک وسیع اور پس ماندہ علاقہ ہے وہ ریلوے کی ملازمتوں سے ابھی تک محروم رہا ہے اگر کوئی percentage اسکو ملازمت میں ہے یعنی ملازمتوں میں اگر کوئی percentage ہو گی تو بالکل القلیل کا لمحدوم کے مصداق ہے۔ میں سمجھتا ہوں وہ توجہ فرمائیں اور اس پس ماندہ علاقے کو compensate کرنے کی کوشش کریں۔

Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi: (Senior Deputy Speaker): Sir, out of the total track mileage of railway in West Pakistan, which is about 7½ thousand miles, the district of D. I. Khan has got only a narrow guage strip of 20 miles. The conditions that persist on that line offer every type of discouragement to traffic. So from the performance point of view, about which I may be directly able to speak, I have got no reasons to say anything commendable, but as many other speakers have testified that the railway has been doing something, I also give the Railways Minister the benefit of doubt and congratulate him that he must have done something good.

Sir, about the general policy of the railway department, we have heard many comments. Many of the speakers might have been competent to express their opinions on this point. I, however, on the general grounds, submit for the consideration of the department one thing that they should give serious consideration to the removal of the four classes, which still persist. If it is correct, and as is often asserted in the press and the other publicity organs, that the standard of living is gradually rising in Pakistan, then I think that even on economic grounds, where they want that the sources of income should be made available to every class of population, this division into two classes also should be economically advantageous.

I submit that they should give serious consideration to this.

Next, first of all, I will congratulate the Railway Minister on two or three more tangible grounds. First, that he has been able to placate Mr. Zehri and he has been pleased to express satisfaction with the department, and the second thing, for which I will rely on the statement of Maulana Ghulam Ghaus, is that the railway department has the credit of having

such officers who can forego monetary considerations for themselves. That is a very great credit and it should be commended.

Next I will draw the attention of the Railway Minister to the situation about the Railway station of Tank and the condition persisting on the narrow gauge. I hope that the Railway Minister will take note of all these things and instead of communicating with other members in the House pay consideration to the speech. Sir in the last session I had put in a resolution about the shifting of the railway station Tank. There was an assurance by the Minister and the resolution was not pressed, and I am pleased to saw that he kept a part of his assurance by sending a team of engineers. But they instead of informing me directly about their arrival diplomatically made known their presence in the town. Though I had a chance to meet them, I will impress upon the Railway Minister that in such circumstances they should have at least taken the trouble of informing me in advance at least to prepare my case for them. I don't know what was the motive behind this but I assure the Minister and he will agree with me that nobody is impressed by such behaviour.

I will now come to certain matters of local importance. As my colleague, Mr. Munawwar Khan, had yesterday pointed out there is a narrow gauge line running from Mari to Bannu and a branch line to Tank. This narrow gauge line was brought into existence in the First World War. Up to this time no change has been made in the condition obtaining there. On this narrow gauge line, the freight rates have doubled and the speed is 1/3rd of the normal speed. Recently there have been some developments and I hope the Railway Minister will take note of this that in the context of this development it is necessary now to change it into broad gauge line. First of all the Gulkateh scheme has been sanctioned. It will cost Rs. 20 crores and is spread over a period of seven years. For this some changes will have to be made in the railway station for bringing in heavy machinery, which will be used for earthwork. I think they will now take care that if there is any proposal to make some changes in the railway station, they will make a provision for necessary sidings for the heavy machinery, which will be coming there.

Then a sugar mill has been sanctioned for Bannu. The feeding area of sugarcane for that sugar mill is not only the Bannu District alone, but the D. I. Khan District has also to transport its cane to that mill. For that it is necessary that necessary arrangements should be made to make this transportation advantageous economically, and also to see that the economic development in this area is not hampered by this fact that there is no railway arrangement. I will submit one thing more Sir. There has been a proposal many years back, and in 1957 after integration, the then Governor, Mr. Akhtar Hussain, announced in D. I. Khan that the railway line from Pezu on the right bank of Indus will be completed very soon, and that line running along the right bank of Indus will go directly to D. I. Khan. Four years after that it was announced that the scheme had been dropped because that was not economically feasible. I submit we have a feeling that in this country the feasibility of many great projects depends upon the mood of the persons in power. We have never lost hope and I will request the Railway Minister to again look into it and re-examine it. Still its importance cannot be gainsaid. Economically, I will submit, the District of D. I. Khan has the biggest drag upon itself and that is the absence of railway communications. The railway station across the Indus, namely, Darya Khan, is situated at

a distance of fourteen miles but the river has spread itself into so many branches that no one can face the horrors of this travel in rainy season. Instead of crossing these fourteen miles people have to go by bus via Kala Bagh. If they want to go to Mianwali they have to travel a distance of 130 miles via Kala Bagh instead of going straightaway to Darya Khan and going away thirty miles more. Now the difficulty is that it is sometimes said that no railway bridge can be built on Darya Khan. Supposing we agree with that still there is one other possibility. Chashma Barrage, which is some twenty or thirty miles upstream from Darya Khan, has been included in the Indus Basin Replacement Works. I hope the Railway Minister will see to it that some arrangements are made in time that barrage provides facilities for running a railway line across it. That will, to a great extent, meet the necessities of the case. In case Pezu - D. I. Khan railway line does not prove feasible then this will offer an alternative. I submit that these two things may be kept in mind and while making new surveys these considerations given due weight.

مسٹر سلطان محمد اعوان (ہزارہ—۲)— جناب والا ۔ معزز ریلوے منسٹر نے جو بجٹ پیش کیا ہے وہ لائق مبارک باد ہے مگر اس میں قابل افسوس بات یہ ہے کہ پی ڈبلیو آر کے تقریباً ایک لاکھ پانچ ہزار ریلوے ملازمین کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

وزیر ریلوے— ان کیلئے ایک کروڑ پچھتر ہزار روپے فراہم کئے گئے ہیں۔

مسٹر سلطان محمد اعوان— انہیں مناسب حصہ نہیں دیا گیا ہے۔ جہاں تک مجھے علم ہے ریلوے ملازمین نے تنخواہوں کے اسکیل کو کسی مرحلے پر بھی قبول نہیں کیا ہے۔ مگر یہاں انہوں نے کہا ہے کہ انہوں نے قبول کر لیا ہے ۔ ان بد قسمت ملازمین کے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ مارچ سے تنخواہوں کے نئے اسکیل دئے جائینگے اور بقایاجات بھی ادا کر دئے جائینگے لیکن ان وعدوں پر کوئی عمل اب تک نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ اسکے علاوہ چھوٹے ملازمین کو بعض جگہ رہنے کیلئے کوارٹرز مہیا نہیں کئے گئے ہیں اگر ان کو کوارٹرز مہیا کئے جائیں تو وہ محنت سے کام کرکے ریلوے کی آمدنی میں اضافہ کر سکتے ہیں ۔ میں وزیر صاحب سے التجا کرتا ہوں کہ وہ بڑے افسروں کے بجائے چھوٹے ملازمین سے اچھا سلوک کریں ۔

جناب والا ۔ میں نا انصافی کرونگا اگر میں ریلوے کے انتظام کو نہ سراھوں ۔ پہلے کے مقابلے میں کافی سہولتیں مسافروں کو مہیا ہوئی ھیں لیکن وہ بھی مین لائنوں پر ، چھوٹی لائنوں پر نہیں ۔ خدا نے چاھا تو وہ دن دور نہیں جب ھماری ریلیں Air-Conditioned بن جائینگی ۔ میں تجویز کرتا ھوں کہ کراچی سے حویلیاں کیلئے علیحدہ علیحدہ بوگیاں لگائی جائیں تاکہ مسافروں کو سہولت ھو ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ—۲) جناب والا ۔ وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں بعض ایسی باتوں کیطرف اشارہ کیا ھے جو خوش گوار بھی ھے اور خوش آئیند بھی ، جس کیلئے وہ مبارک باد کے مستحق ھیں ۔ مثلاً انہوں نے کہا ھے کہ مسافروں کیلئے زیادہ سہولتیں مہیا کیگئی ھیں اور مختلف سٹیشنوں اور مختلف اطراف میں مزید گاڑیاں چلائی گئی ھیں اور یہ کہ ریلوے ملازمین کی رھائش کیلئے کوارٹرز کا انتظام کیا گیا ھے لیکن ان کی بعض باتیں حقائق کی تکذیب کرتی ھیں ۔ میں فرض سمجھتا ھوں کہ اس کی نقاب کشائی کروں ۔

جناب والا۔ سب سے پہلے میں جڑاں والا ۔ لاھور ریلوے لائین کی طرف توجہ دلاتا ھوں ۔ اسے لوگ یتیم لائین بھی کہتے ھیں یہ Neglected لائین رھی ھے ۔ اور مسافروں کو اس پر کوئی سہولتیں نہیں ھیں ۔ میں نے بارھا درخواستیں کیں اور سوالات کے ذریعہ محکمہ کی توجہ اس طرف دلائی ھے لیکن مسائل حل نہیں ھوئے ۔ میں ریلوے منسٹر کی اس طرف توجہ دلاتا ھوں اس لائین پر جو گاڑیاں چلتی ھیں وہ بہت لیٹ ھو جاتی ھیں اور اگر کبھی وقت پر روانہ بھی ھوئیں تو چیچوکی جا کر ٹھہر جاتی ھیں کیوں کہ انکے انجن خراب ھوتے ھیں ۔ ڈبوں میں مسافروں کیلئے کوئی سہولتیں نہیں ھیں اور پانی تک کا انتظام نہیں ھوتا ۔ بیت الخلا نہیں ھے صرف خلا موجود ھے ۔ ڈبوں کی کھڑکیاں ، سیٹیں اکھڑی ھوئی ھوتی ھیں اور محکمہ بھی اس طرف توجہ نہیں کرتا ۔ گاڑیاں اکثر لیٹ پہنچتی ھیں ۔ واپسی میں بھی یہی حال ھے جو گاڑی بھی اس طرف آتی ھے لیٹ آتی ھے ۔ گاڑیاں بہت کم ھیں کوئی تیز گاڑی اس

طرف نہیں چلائی جاتی ۔ ایک تیز گاڑی چلائی گئی تھی معلوم نہیں اسے کیوں بند کر دیا گیا ۔

اس کے علاوہ جو ڈیزل کاریں چلائی گئی ھیں مسافروں کے لئے اس میں گذرنے کا راستہ ھی نہیں ۔ وھی پرانی ڈیزل کاریں چل رھی ھیں ۔ خدا جانے کس ماڈل کی ھیں اور کس سن کی بنی ھوئی ھیں ۔ لاھور سے جب چلتی ھیں تو پھر سارا سارا دن چلتی رھتی ھیں کیونکہ اگر ایک دفعہ انجن بند ھو جائے تو چلانا مشکل ھو جاتا ھے ۔ اگر وزیر ریلوے کبھی ان ڈیزل کاروں میں سفر کریں تو انہیں تجربہ اور مشاھدہ سے معلوم ھو جائے گا کہ مسافروں کی مشکلات کا کیا عالم ھے ۔ ان کی سنہری فریم والی عینک ٹوٹ جائے گی اور بال بکھر جائیں گے ان کا کوٹ پھٹ جائے گا اور ان کو معلوم ھو جائے گا کہ واقعی وھاں مزید گاڑیاں چلانے کی ضرورت ھے یا نہیں ۔ میں وزیر ریلوے کی توجہ واربرٹن ریلوے کراسنگ کی طرف دلانا چاھتا ھوں جس کے متعلق ایک درخواست دی گئی تھی ۔ جب میں نے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس درخواست پر محکمہ ریلوے ٹیکنیکل وجوھات کی بنا پر غور نہیں کر سکا ۔ جب وقت آئیگا غور کیا جائے گا ۔ معلوم ھوتا ھے ابھی وہ وقت نہیں آیا ۔ اگر وزیر بننے میں چند لمحے لگ سکتے ھیں اور صبح اٹھتے ھی لیلائے وزارت سے ھم آغوش ھو جاتے ھیں تو میں پوچھتا ھوں کہ اس سرعت کے ساتھ عوام کے مسائل بھی کیوں حل نہیں ھو سکتے ۔ اس کے لئے صرف توجہ کی ضرورت ھے ۔ اور یہ ناممکن نہیں ۔ اس وقت واربرٹن ریلوے کراسنگ کی اشد ضرورت ھے ۔ اسی طرف سٹیشن ھے ۔ اسی طرف ھیلتھ سنٹر ھے اسی طرف ھائی سکول ھے ۔ تمام لوگوں کو علاج کے لئے ادھر جانا پڑتا ھے ۔ بچوں کو سکول جانے کیلئے وھی راستہ اختیار کرنا پڑتا ھے ۔ اور مسافروں کو سٹیشن پر ریلوے لائین کراس کر کے جانا پڑتا ھے ۔ کئی دفعہ ایسا ھوا کہ پولیس ان کا چالان کر دیتی ھے اور ان کو جیل کی ھوا کھانا پڑتی ھے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ عوام کی سہولت کے لئے یہاں پر ایک پل بنایا جائے تاکہ مسافر آسانی سے لائین عبور کر سکیں ۔

ریلوے کراسنگ کے سلسلہ میں وزیر صاحب کی خدمت میں درخواست

دی گئی تھی مگر ابھی تک اجازت نہیں ملی ۔ محکمہ ریلوے کی طرف سے اب تک ہمیں تین چٹھیاں آ چکی ہیں جو Red Tapism کے برے اثرات کی آئینہ دار ہیں اور نوکر شاہی ذہینت کی مظہر ہیں ۔ ان میں ۲۴۰۰۰ روپیہ کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔ اس سے پہلے ایک سڑک کی تعمیر کے لئے ۳۶۰۰۰ روپیہ کی رقم منظور کی گئی تھی ۔ یہ سڑک وارہرٹن کو ملاتی ہے اگر یہ ۲۴۰۰۰ روپیہ کی رقم اس میں سے وضع کر دیں تو باقی اتنی رقم نہیں بچتی کہ ان کا مطالبہ پورا کیا جا سکے ۔ میں وزیر ریلوے اور ان کے محکمہ سے پوچھتا ہوں کہ وہ زمین کس کی ہے ۔ وہ ہائی سکول کس کا ہے ۔ وہ ہیلتھ سنٹر کس کے لئے ہے ۔ وہ سب عوام کی ملکیت ہیں بلکہ یہ محکمہ بھی عوام کا ہے اس لئے وزیر ریلوے نے جو اجازت نہیں دی اور محض ٹیکنیکل وجوہات پر انکار کر دیا ہے یہ قطعاً ناروا اور نا واجب ہے اس سے عوام کی تکالیف میں اضافہ ہو گیا ہے ۔ علاوہ ازیں ان کی توجہ چھوٹے چھوٹے سٹیشنوں کی طرف جن کو فلیگ سٹیشن کہا جاتا ہے مبذول کراتا ہوں ۔ یہاں ٹیلیفون کا کوئی انتظام نہیں ۔ خدا نہ کرے اگر سٹیشن ماسٹر کو کوئی لوٹ لے یا قتل کردے تو اس کی کوئی اطلاع نہیں دی جا سکتی ۔ اور نہ ہی وہ کسی کو بلا سکتا ہے ۔

نیز وہاں مسافروں کو کافی وقت تک بیٹھے رہنا پڑتا ہے کیونکہ گاڑیاں بہت لیٹ ہو جاتی ہیں ۔ اور وہ بیچارے یا تو پلیٹ فارم پر بیٹھے رہتے ہیں یا تنگ آ کر چلے جاتے ہیں اور بس کے ذریعہ اپنا سفر اختیار کرتے ہیں ۔ اس لئے اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ہر سٹیشن پر خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو ٹیلیفون کا انتظام کیا جائے ۔ اس سے یہ بھی فائدہ ہوگا کہ گاڑیوں کے لیٹ پہنچنے کی اطلاع بھی بہم پہنچ سکے گی ۔

ریلوے کی حسن کار کردگی کے سلسلہ میں وزیر صاحب نے جو اپنی تقریر میں ذکر کیا ہے مجھے اس سے قدرے اختلاف ہے ۔ حسن کار کردگی کا تو یہ عالم ہے کہ رشوت مل جاتی ہے تو کسی مشکل کا حل ظہور پذیر ہو جاتا ہے اور اگر نہ ملے تو وہ مسائل ناقابل حل رہتے ہیں ۔ افسران اور دیگر متعلقین قطعاً توجہ نہیں دیتے ۔

آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ اس لائین پر مزید گاڑیاں چلائی جائیں۔ اور اس لائین پر تیز رو گاڑیاں چلائی جائیں۔ اور اس لائین پر جو ڈیزل کاریں چلائی جا رہی ہیں ان میں اضافہ کیا جائے یا کسی اور گاڑی کا اضافہ کیا جائے۔

(*At this stage many members stood up to speak*)

Mr. Speaker: I will allow every member to speak. The members may please resume their seats.

Mir Yusuf Ali Khan Magsi: On a point of order. Sir you should teach the members of the Opposition not to run away after delivering their speeches.

Mr. Ahmed Saeed Kirmani: Sir, I hope you will not permit yourself to be influenced by the Majority Party.

Mr. Speaker: I am always giving opportunity to everybody. I am not influenced by any body.

چودھری محمد ابراہیم۔ (سیالکوٹ ۔۳) : جناب والا ۔ میں وزیر ریلوے کی تقریر کے اس حصہ سے جس میں انہوں نے فسادات پر رنج و ندامت کا اظہار کیا ہے، اتفاق کرتا ہوں۔ میں ان سے وہ مطالبہ نہیں کرتا جو کہ نواب زادہ افتخار احمد صاحب نے کیا ہے کہ وہ مستعفی ہو جائیں کیونکہ حقیقت میں خدا جانے انہوں نے کتنے جتن کر کے یہ وزارت حاصل کی ہے لیکن میں ان سے یہ ضرور کہوں گا کہ وہ صرف الفاظ کی حد تک نہ سمجھیں کہ ان کا فرض منصبی ادا ہو گیا ہے۔ یا چند مگرمچھ کے آنسو بہانے سے وہ لوگ جو فسادات کی زد میں آئے مطمئن ہو گئے ہیں۔ بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ وہ ایک کمیشن مقرر کریں اور ان فسادات کے اصل اور گہرے اسباب کی تحقیقات کرائیں تاکہ آئندہ کے لئے اس چیز کا انسداد ہو جائے۔ اس کے بعد میں ان کی بجٹ سپیچ کے متعلق اس وقت علامہ اقبال کا ایک قطعہ عرض کرتا ہوں۔

جہاں تست در دست خسے چند
کسان تو بدست ناکسے چند
ہنرور درمیان کار گاہاں
کشد خودرا بہ عیش کرگسے چند

کہ یہ جہاں چند خسیس لوگوں کے ہاتھ میں ہے۔ اچھے لوگوں پر کم درجہ لوگ مسلط ہیں اورجو ہنرمند لوگ ہیں وہ اس کارگاہ حیات میں ہلاک ہو رہے ہیں اور ان کی لاشوں پر چند گدھ عیش کر رہے ہیں۔

اس بجٹ میں ۹۴ کروڑ ۷۶ لاکھ روپیہ کی آمدنی دکھائی گئی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ آمدنی کن لوگوں سے حاصل کی گئی، کن ہاتھوں کے ذریعے ہوئی اور کن لوگوں کی جیبوں میں جاکر خرچ ہو رہی ہے۔ آپ شاید یہ سمجھ لیں کہ وزیر ریلوے نے کوئی حاتمانہ فیاضی کی ہے کہ انہوں نے ۷۰ ہزار مزدوروں کی تنخواہوں میں ایک دو یا تین روپیہ کا اضافہ کیا ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ وزیر صاحب نے اس بجٹ کے بنانے میں ماہر ہونے کا ثبوت دیا ہے۔کتنا ہی اچھا ہو اگر وہ کسی مزدور کے گھر میں جاکر اس کی آمدنی اور خرچ کا نمونے کےطور پر بجٹ تیار کردیں تاکہ انہیں معلوم ہوجائے کہ وہ آدمی جن کی محنت سے کمایا ہوا روپیہ ریلوے کے خزانہ میں جاتا ہے کس طرح گذارہ کرتے ہیں اور اس کے برعکس افسروں کے عشرت کدوں پر کس قدر اخراجات ہو رہے ہیں۔ ایک ادنیٰ سی مثال دیتا ہوں کہ صرف ایک کمرہ میں آرائش اورفرنیچر پر ۱۷ ہزار روپیہ خرچ ہوا ہے۔

آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ایک طرف تو وہ مزدور ہے۔ کہ جس کے بغیر ریلوے کی آمدنی کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا اور دوسری طرف ایک وہ شخص ہے کہ جس کی آسائش پر سترہ ہزار روپے خرچ ہو رہے ہیں۔ کیا ان گدھوں کی عیش وعشرت کے لئے ان لوگوں کو ہلاک نہیں کیا جا رہا ہے۔ پھر افسران جو ہیں ان کی فرعون سامانی یہی نہیں ہے کہ وہ آرام و آسائش چاہتے ہیں۔ بلکہ ان کا سلوک عوام کے ساتھ اور جو ان کے نمائندے ہیں، ان کے ساتھ اور دوسرے خاص آدمیوں کے ساتھ جو کچھ ہے، اس کا بھی اس محفل میں ذکر آ چکا ہے۔ ان کے ہاں اگر شکایت کی جاتی ہے تو وہ کسی شکایت پر کان نہیں دھرتے۔ میں آپ کو بڑا ہی معمولی سا ایک واقعہ سناتا ہوں کہ مجھے اپنے طور پر ایک شکایت کرنے کا موقع ملا۔ لیکن انکوائری کسی اور آدمی کے متعلق ہوئی۔ اور اس کی اطلاع مجھے یہ ملی کہ اس کے متعلق

کچھ نہیں کیا جا سکتا ۔ رہا کارکردگی اور حسن کارکرگی کا مسئلہ ۔ برطانوی عہد میں وقت کی پابندی ایک اولین اصول تھا ۔ لیکن اب وہ داستان پارینہ ہوگئی ہے کم از کم مجھے اتنے سفر میں کبھی بھی ایسا موقع نصیب نہیں ہوا کہ میں کبھی بھی وقت پر منزل مقصود پر پہنچا ہوں ۔ چودھری عبدالرحیم صاحب شاید بھول گئے تھے ۔ چک عمرو براستہ نارووال سے لاہور تک ستر میل کا فاصلہ ہے۔ اور وہاں سے یہ فاصلہ طے کرنے میں گاڑی بعض اوقات چوبیس گھنٹے لے لیتی ہے۔ یہ کوئی نادر واقعات نہیں ہیں بلکہ روزمرہ کے واقعات ہیں ۔ ریلوے کی کارکردگی کے متعلق مجھے یہ شکایت ہے کہ وہ وقت کی پابندی کا سرے سے خیال ہی نہیں رکھتی ۔ جب سے یہ محکمہ ان لوگوں کے ہاتھ میں آیا ہے۔ یہ بازیچۂ اطفال ہوکر رہ گیا ہے۔ اور ایک عام اور بڑی بات یہ ہے کہ اس محکمے میں کسی بھی آدمی کو بغیر رشوت کے کام کا موقع نصیب ہی نہیں ہوتا ۔ میری ملاقات ایک افسر سے ہوئی ۔ میں نے ان سے کہا کہ کم از کم ایک سٹیشن پر تو رشوت کو ختم کرنے کا تجربہ کر کے دیکھئے ۔ تو وہ کہنے لگے کہ یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ انہوں اپنے متعلق کہا کہ میں نے کوشش کی تھی کہ بغیر رشوت کے کام چلائیں۔ مجھے کہا گیا کہ join or quit ۔ یعنی دو لفظوں میں یہ کہ اگر تم یہاں رہنا چاہتے ہو تو اس لمیٹڈ کمپنی میں تمہیں بھی حصہ دار ہونا پڑیگا ۔ جہاں ایسے حالات ہوں ۔ وہاں کیا اصلاحات ہو سکتی ہیں۔ ایک اور مثال عرض کرتا ہوں ۔ مسٹر عبدالرشید ایک A. S. M. تھے ۔ ان کی جو شامت آئی تو انہوں نے ایک ریلوے افسر کی رشوت کی شکایت کی ۔ وہ بے چارہ پانچ سال سے سرگردان ہے۔ ان کو کہیں ایک جگہ ٹکنے نہیں دیا گیا ۔ وہ آرام سے اپنے گھر بیٹھے ہوئے تھے ۔ اب انہیں Relieving duty پر لگا دیا ہے تاکہ وہ کسی ایک جگہ ٹک نہ سکیں۔ یہ جو مخصوص مشکلیں ہیں ۔ جن کے مطابق ملازمین کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ رشوت لیں اور آگے رشوت دیں ۔ مجھے شیخ سعدی کا شعر یاد آگیا ہے کہ

به نیم بیضه چون سلطان ستم روا دارد
کشند لشکریانش هزار مرغ به سیخ

اور اسکا ترجمہ ایک ظریف نے اسطرح کیا ہے ۔ کہ

منسٹر اگر ایک انڈہ اڑائے

تو پی ۔ اے نہ کیوں سینکڑوں مرغ کھائے

جب اوپر والے رشوت کھائیں تو نچلے ملازمین انہیں اپنی جیب سے تو نہیں دے سکتے ۔ وہ تو دوسروں سے لے کر دینگے ۔ اسکا علاج مقصود ہے تو اسے اوپر سے شروع کرنا ہوگا جہاں کہ رشوت کا یہ چشمہ ابلتا ہے پھر رشوت کی کئی شکلیں ہیں ۔ اسکی ایک عام شکل یہ ہے کہ ایک وقت میں بہت سے تبادلوں کے احکام جاری کر دیئے جاتے ہیں ۔ اور پھر انتظار کیا جاتا ہے جو آدمی منسوخئی احکام کے لئے پیسہ دے سکتا ہے ۔ اور اسکی قیمت ادا کرسکتا ہے ۔ تو اسکے آرڈر منسوخ کر دیئے جاتے ہیں ۔ اور جو قیمت ادا نہیں کر سکتے ۔ انکو نقل مکانی کرنا پڑتا ہے ۔ اور یا پھر آسے رخصت پر جانا پڑتا ہے ۔ یہاں یہ صورت حال ایسی ہے ۔ جسکے متعلق سب کو فکر ہونی چاہیئے ۔ ایک اور بات ہے کہ جہاں سٹیشن بار آور ہو ۔ جہاں سے آمدنی زیادہ ہو ۔ اسکی باقاعدہ بولی دی جاتی ہے ۔ گویا اس بولی کے ذریعہ اس اہلکار کو لائیسنس دیا جاتا ہے کہ اپنی مرضی سے جو چاہے سو کرے ۔ اور کوئی اس سے باز پرس نہیں کر سکتا ۔ پھر اس لائیسنس کی وقتاً فوقتاً تجدید ہوتی رہتی ہے ۔ اور باقاعدہ قیمت ادا کرنے پر ہی ہوتی ہے ۔

اسکے علاوہ ہیڈ کوارٹر سے جب کوئی آفسر دورے کیلئے نکلتا ہے ۔ تو وہ ماتحتوں کو ایک لمبی چوڑی فہرست فراہم کرتا ہے ۔ کہ یہ اشیاء میرے دورے کے وقت حاضر ہونی چاہئیں ۔ اور وہ اپنے مخصوص ڈبے میں گھی ، گندم ساگ علی ہذالقیاس بھر کر گھر لے آتے ہیں ۔ یعنی وہ اپنے دورے کے سارے ایام کا راشن لے آتا ہے ۔ صورت حال یہ ہے کہ ایک پتھر کوٹنے والا مزدور جو کہ صبح سے لیکر شام تک ریل کی پٹڑی کو درست رکھنے میں مصروف رہتا ہے ۔ گرمی برداشت کرتا ہے ۔ وہ بھی یقیناً ایک مہینہ کسی جگہ کام نہیں کرسکتا ۔ جب تک اپنی کمائی کا ایک حصہ ان افسران کو نہ

دے۔ یہ تو پرچون کا سودا ہے۔ تھوک کے سودے تو اور ہوتے ہیں۔ اور وہ ٹرانسپورٹ کمپنی والوں سے کئے جاتے ہیں۔ اور انکی مرضی کے مطابق ریلوے ٹائم ٹیبل بنائے جاتے ہیں۔ اور ایک بڑے تھوک فروش کا اڈا وہ لوگ ہوتے ہیں۔ جو Vending کا کام کرتے ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب ہمارے نارووال کے سٹیشن پر ٹھیکہ پچاس ہزار روپے میں نیلام ہو سکتا ہے۔ تو پھر اسے مفت کیوں دیا جاتا ہے۔ گو کہ وہ بالکل مفت نہیں ہوتے۔ بلکہ جو روپے اس ٹھیکے کے ذریعے وصول ہوتے ہیں۔ وہ سرکاری خزانہ میں جمع ہونے کے بجائے انکی جیبوں میں چلا جاتا ہے۔ یہ جو ٹھیکہ کا سودا ہے اسکا انسداد کرنا ضروری ہے۔ یہ بات کہ وہ کسطرح کمپنیوں سے رشوت لیتے ہیں۔ یہ ہے کہ رعیہ بدوملہی اور پیجووالی کے لوگوں کو کوئی بھی ریل گاڑی بارہ بجے سے پہلے ضلع کے سرکاری دفتروں کو نہیں پہنچا سکتی۔ اس لئے لامحالہ وہ بس ٹرانسپورٹ کے رحم و کرم پر ہی ہوتے ہیں۔

ملک حاجی میر حسن شاہ اورکزئی (کوہاٹ—۳) : (پشتو)۔ جناب صدر— میں وزیر خزانہ و ریلوے کے پیش کردہ بجٹ کی تائید کرتا ہوں اور ان کو مبارکباد عرض کرتا ہوں۔ جناب والا— ہمارے علاقہ کی آبادی روز بروز بڑھ رہی ہے۔ مگر ابھی تک حکومت نے باوجود آبادی میں خاطر خواہ اضافہ ہونے کے آمد و رفت اور مال کی نقل و حمل کی مشکلات کا کوئی خیال نہیں کیا۔ اور ابھی تک وہی پرانی ریلوے کی چھوٹی لائن کوہاٹ سے ٹل تک موجود ہے۔ ان کو چاہئے کہ وہاں پر بڑی لائن بچھائی جاوے کیونکہ اس علاقہ کے عوام اور دوسرے تجارت پیشہ حضرات کو اس چھوٹی لائن کی وجہ سے کافی نقصان اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وہ اس طرح سے کہ جو مال ٹل سے چھوٹی گاڑی میں آتا ہے اسے کوہاٹ پر اتار کر بڑی گاڑی میں ڈالا جاتا ہے اس تبدیلی میں مال کے اتارنے چڑھانے میں جو نقصان ٹوٹ پھوٹ سے ہوتا ہے اس کے علاوہ ہمارا مال غبن کیا جاتا ہے اور مختلف طریقوں سے چوری کیا جاتا ہے۔ کوئی گاڑی ایسی نہیں ہوتی جس میں سے پانچ یا چھ ٹین، پوری پیٹی یا شہتیر غائب نہ ہوں۔ اس کے علاوہ میری یہ عرض ہے کہ جب سے یہ لائن بنی ہے اس دن سے آج تک اس لائن پر کوہاٹ

سے صبح ایک گاڑی ٹل جاتی ہے اور شام کو واپس کوہاٹ آتی ہے۔ اس وقت کی آبادی اور آجکل کی آبادی میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ آبادی کافی حد تک بڑھ چکی ہے اسلئے آپ کو چاہئے کہ عوام کی سہولت اور تجارت کے فروغ کے لئے روزانہ دو گاڑیاں کوہاٹ سے ٹل تک جائیں اور دو واپس آئیں۔ بلکہ میرے خیال میں کوہاٹ ٹل لائن میں توسیع کرکے اس کو پارہ چنار تک لے جایا جائے۔ جو کہ فوجی نکتہ نگاہ سے بھی کافی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اور عوام کو بھی کافی فائدہ ہوگا بلکہ آپ کو چاہئے کہ کوہاٹ سے ہنگو تک ریل کار چلائی جاوے۔

صاحب صدر— میری دوسری گذارش یہ ہے کہ میرا علاقہ کافی پسماندہ ہے ان کے لئے ریلوے میں ملازمتوں کا کوٹہ مقرر کیا جاوے۔ اس کے علاوہ میں آخر میں آپ کی وساطت سے ریلوے وزیر کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ با وجود اس اضافہ کے مہنگائی کے مقابلہ میں ابھی ان چھوٹے ملازمین کی تنخواہیں قلیل ہیں ان میں مزید اضافہ کے لئے امکانات کا جائزہ لیا جاوے اور ان کی حق رسی کی جاوے۔

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) : جناب سپیکر۔ میں ۶۳-۶۴ کے ریلوے کے میزانیہ پر آپ کے توسط سے چند معروضات اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ (قطع کلامیاں)۔

جناب والا۔ پیشتر اسکے کہ میں اس میزانیہ کو آپ کی خدمت میں پیش کروں میں یہ ..... (قطع کلامیاں)۔

مسٹر سپیکر— سب کو موقع ملے گا۔ آپ حضرات تشریف تو رکھیں۔

میاں محمد شریف — جناب والا— میں سال ۶۳-۶۴ کے میزانیہ کے متعلق اپنے خیالات آپ کے توسط سے اس ایوان میں پیش کرتا ہوں۔ پیشتر اسکے کہ میں میزانیہ کے اصل بجٹ کیطرف اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کراؤں۔ میں اس میزانیہ پر جو جناب منسٹر صاحب نے پیش کیا ہے اور جو تصریح اس سے پہلے کیگئی ہے اسکے متعلق میں کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر— قوموں پر مد و جذر آیا کرتے ھیں ۔ قومیں کبھی بلندی کی طرف جاتی ھیں کبھی پستی کیطرف کبھی قومیں سنبھلتی ھیں کبھی قومیں غلام ھوتی ھیں کبھی آزاد ھوتی ھیں ۔ جب قومیں غلامی سے آزاد ھوتی ھیں تو انکا طرز فکر بدل جاتا ھے ۔ جناب صدر — میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ ھر وہ ملک جب آزادی سے ھمکنار ھوتا ھے اسکا طرز فکر یہ ھوتا ھے کہ وہ اپنے اس ملک کی ڈولپمنٹ کیلئے اور اسے اقوام عالم کے مد مقابل بنانے کے لئے کوشش کرے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ سولہ سال کے بعد اس صوبے میں یا اس ایوان میں یہ بجٹ پراونشل basis پر پیش کیا جا رھا ھےاور پیشتر اسکے کہ میں جناب ریلوےوزیر کو اس پر مبارکباد پیش کروں میں ان چند ھستیوں کو جنکو میں جانتا تک نہیں ھوں جنھوں نے یہ ذمہ داری اس صوبہ کو سونپی ھے میں انکو مبارکباد پیش کرتا ھوں ۔ تاکہ لوگوں کو اس اصول کے مطابق کہ اپنے معاملات اپنے حالات اور اصول کے مطابق سدھارنے کا موقع مل سکے اور اس ایوان کو بھی یہ موقع دیا گیا ھے کہ ھم اسپر اپنے خیالات کا اظھار کر سکیں ۔

اسکے بعد جناب سپیکر— جس محنت شاقہ کیساتھ اور جس شبانہ روز کوشش اور محنت کیساتھ وزیر متعلقہ نے اس بجٹ کو اپنے ان ساتھیوں کے ساتھ ملکر تیار کیا ھے میں انکو بھی ھدیہ مبارکباد پیش کرتا ھوں ۔

جناب والا— میں اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دیتا ھوں کہ میں اس بجٹ کے حساب کتاب میں نہیں جانا چاھتا ھوں بلکہ میں اسکے صرف دو سیکشن پر اپنی تقریر ختم کروں گا ۔ سب سے پہلے میں اس معاملے کوآپ کے سامنے پیش کرنا چاھتا ھوں کہ غریب اور بیکس Common man کا سوال در پیش ھے کہ ۱۹۶۲ء کے جو اعداد و شمار موجود ھیں انکے لحاظ سے میں سمجھتا ھوں کہ ایک سال کے اندر ۱۱ کروڑ آدمیوں نے ریل پر سفر کیا تو سب سے پہلے میں اس پوائنٹ کو لونگا کہ ان اشخاص میں سے کتنے اشخاص ھیں جنھوں نے تھرڈ کلاس میں سفر کیا تو اسکے متعلق آپکی خدمت میں میں واضح الفاظ میں عرض کرونگا کہ اس کتاب کے ذریعے جسمیں یہ دیا گیا ھے کہ ۹۹ پرسنٹ لوگ غریب تھے جنھوں نے تھرڈ کلاس میں

سفر کیا اور سفر کرنے کیلئے ایک جگہ سے دوسری جگہ گئے پیشتر اسکے کہ میں دوسرے ملازمین کی تکالیف کا ذکر کروں میں سمجھتا ہوں کہ میں سب سے پہلے ریلوے ملازمین کے متعلق کچھ کہوں جنکی فلاح و بہبود اور بہتری کیلئے اس بجٹ میں کیا کچھ کیا گیا ہے ۔ جناب والا— جہاں تک ریلوے ملازمین کا تعلق ہے اسکے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک لاکھ ۲۰ ہزار ۳۴۵ ملازمین اسوقت ریلوے میں موجود ہیں ۔ تو انکے قریب وہ گیارہ کروڑ سے زائد اشخاص وہ ہیں جناب جو ۹۵ عشاریہ ۵ ہیں جنہوں نے تھرڈ کلاس پسنجر میں سفر کیا ہے ۔ تو سب سے پہلے بحیثیت ایک قومی کارکن کے ۔

مسٹر احمد سعید کرمانی— اسکا مطلب کیا ہے کہ تھرڈ کلاس پسنجر میں سفر کیا ہے ۔

میاں محمد شریف— میرا مطلب یہ ہے کہ غریب آدمی اگر آپ اسکو بھی نہیں سمجھتے تو پھر (قطع کلامی) میرا مطلب یہ تھا کہ پانچ فیصدی آدمی ایسے ہیں (قطع کلامیاں ۔ شور)

مسٹر احمد سعید کرمانی— جناب ریکارڈ غلط نہ رکھا جائے ۔

میاں محمد شریف— ریکارڈ غلط نہیں ہوگا تسلی رکھیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۹۵ فیصدی وہ لوگ ہیں جو غریب طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کی سہولتوں کے لئے جن کی بہتری کے لئے جن کی بہبودی کے لئے ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ ہم کہاں تک آگے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک سال کے اندر عبدالوحید خان صاحب کے پاس کوئی بجلی کا یا جادو کا تو ایسا بٹن نہیں کہ جسے دبا کر یہ سب محکمہ بیک قلم درست کر دیا جائے ۔ یہ کام غریبوں اور ملازمین کی سہولتوں کے متعلق آہستہ آہستہ کیا جاتا ہے ۔ سولہ سال سے تو ہمیں سنٹرل گورنمنٹ نے اجازت نہیں دی کہ ہم اسکو (یعنی ریلوے کو) Provincialize کر سکیں ۔ اب جبکہ Provincialize ہوئی ہے تو ان لوگوں کو شکریہ ادا کرنا چاہئے ۔ جناب والا— میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۔ ۔ ۔

Mr. Ahmed Saeed Kirmani : Some say it is a step towards disintegration.

میاں محمد شریف— جناب والا میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان باتوں کے باوجود کچھ گذارشات میری ایسی ہیں جو کہ میں منسٹر صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں (حزب اختلاف کیطرفسے ''ہیر ہیر'') ۔ جناب والا— عرض یہ ہے کہ جہاں تک ریل کاروں کا تعلق ہے کافی حد تک صوبے میں ترقی ہوئی ہے اور میں آپ کے سامنے ایک واقعہ بیان کرتا ہوں کہ ایک دفعہ میں راولپنڈی جا رہا تھا تو جب میں ریل کار میں بیٹھا تھا تو دو امریکن اور دو انگریز میرے ہم سفر تھے ۔ صرف چھ روپے کا کرایہ دیکر اس پر بیٹھے ۔ یہاں سے پنڈی ۱۸۰ میل ہے۔ ایک اور آدمی جو اس ڈبے میں بیٹھا ہوا تھا اس نے گورنمنٹ کی مخالفت میں باتیں شروع کر دیں اور کہا یہ ریلوے کیا ہے بکواس ہے اسکی مخالفت اس قسم کی آپوزیشن نہ تھی جیسی کہ گورنمنٹ کی آپوزیشن ہو رہی ہے۔ تو میں نے ان انگریزوں اور امریکن سے پوچھا کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ۱۸۰ میل کا اتنا سستا سفر Cushioned Seats پر کہیں کسی ملک میں دیکھا ہے؟ تو انہوں نے تسلیم کیا کہ اتنا سستا سفر ہم نے کسی ملک میں نہیں دیکھا ۔ (گورنمنٹ بینچز کیطرفسے ''ہیر ہیر'') (اس مرحلہ پر سید احمد سعید کرمانی نے قطع کلام کیا) شاہ جی اگر تسی مینوں Interrupt کروگے تاں میں تہانوں کراں گا ۔

Mr. Speaker : No personal attacks please.

میاں محمد شریف— جناب والا— اسکے بعد میری اور معروضات اور گذارشات بھی ہیں جو میں جناب ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہیں ۔ تھرڈ کلاس کے پسنجر کو جسوقت سفر کی صعوبتیں کرتے کرتے کھانے یا ناشتے کا وقت آتا ہے یہ نوٹ فرمالیں Refreshment Room جو ہیں۔ وہاں پر ایک بہرہ ہوتا ہے وہ کہتا ہے کہ دو روپے بارہ آنے دو فل ناشتہ ملے گا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ جو غریب آدمی تھرڈ کلاس میں سفر کرتا ہے اور جس کی جیب میں صرف آٹھ آنے ہوتے ہیں وہ کیسے دو روپے بارہ آنے دے سکتا ہے۔ ریفرشمنٹ رومز کو یہ ہدایات جاری کی جائیں ۔ یہ چیزیں بند کی جائیں ۔ اگر غریب آدمی چاہے

کہ دو آنے دیکر اسے چائے کی پیالی ملے تو اسکو دو آنے میں چائے کی پیالی دی جائے ۔ دوسری میری گذارش یہ ہے کہ وہ آدمی جسوقت کھانے کا وقت آتا ہے .....

مسٹر سپیکر— منسٹر صاحب آئے ہیں معروضات سن لیں ۔

میاں محمد شریف— دوسری عرض یہ ہے کہ جسوقت وہ تھرڈ کلاس کا پسنجر سفر کرتے ہوئے .....

ایک ممبر— پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔۔۔

Mr. Speaker : What is the point of order.

ایک ممبر— جناب والا— میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب پارلیمانی سیکرٹری سوال نہیں کر سکتے تو کیا معروضات کر سکتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر— معروضات کر سکتے ہیں ۔

میاں محمد شریف— جناب دوسری گذارش میری یہ ہے کہ جسوقت تھرڈ کلاس کے پسنجر کے لئے کھانے کا وقت آجاتا ہے تو ریفرشمنٹ روم جو ہے وہاں پر اس سے وہ مستفید کیوں نہیں ہو سکتا ۔ بہرا آتا ہے اس سے پوچھتا اور کہتا ہے کہ روٹی میرے پاس ہے دو آنے کا سالن دے دو تو وہ اس سے کہتا ہے کہ دو روپے بارہ آنے تم سے لوں گا کم نہیں چنانچہ جناب وزیر صاحب کی وساطت سے افسران کی خدمت میں جو ریلوے کے ذمہ دار افسر یہاں بیٹھے ہیں ان سے گذارش کروں گا کہ غریب تھرڈ کلاس کے پسنجر کو amenities مہیا کی جائیں انکے لئے سستا کھانا مہیا کیا جائے انہیں چھ آنے آٹھ آنے کا کھانا دیجئے کیونکہ وہ مجبور ہیں وہ دو روپیہ بارہ آنے کا کھانا اپنی گرہ سے نہیں کھا سکتے۔ اس کے علاوہ جناب والا ..... (قطع کلامیاں اور شور) ان گذارشات کے ساتھ میں جناب منسٹر صاحب کو دوبارہ مبارکباد دیتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر کئی ممبران تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : On a point of order, Sir.

مسٹر سپیکر — سب معزز ممبران بولنے کی کوشش کر رہے ہیں میں انکو بتا دوں کہ میں تو تیار ہوں ۔ اگر ریلوے منسٹر صاحب مجھے list بنا کر دیدیں تو میں یقین دہانی کرا سکتا ہوں کہ ہر معزز ممبر کو موقعہ ملے گا ۔

Mr. Ahmed Saeed Kirmani : On a point of Order. The practice is that when there is a Member who wants to raise a point of order, it must have precedence over all other business. Begum Sahiba wants to raise a point of order.

Mr. Speaker : Yes, what is the lady member's point of order.

بیگم جہاں آرا شاہنواز — صدر محترم ۔ آپ نے یہ طریقہ کار استعمال کیا ہمیں اسمیں کوئی آبجکشن نہ تھا کیونکہ پارٹی گورنمنٹس تھیں۔ میری اپنی ساری عمر میں میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کوئی بجٹ آیا تو ہر ایک ممبر نے تقریر کی ہو تو ایک آپوزیشن سے اور ایک یا دو ٹریژی بنچوں سے اٹھے اور ہر ایک ممبر اس پر تقریر کرے اور ہر ایک مطالبہ کے متعلق اپنا نکتہ نگاہ پیش کرے ایسا نہ ہو تو بحث میں ایسی الجھنیں ہونگی اور ہم آہنگی بالکل نہ ہوگی ۔ جب آنے والی نسلیں انکا مطالعہ کریں گی تو وہ ہم پر ہنسیں گی۔ قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ پارٹیز اپنے اپنے سپیکر چن لیتی ہیں ۔ لسٹیں سپیکر صاحب کو دیدیتی ہیں اور اعلیٰ تقاریر کرنے والے دونوں طرف سے کھڑے ہو کر بجٹ کے حسن و قبح پر روشنی ڈالتے ہیں ۔ میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ خدا کے لئے اس ایوان کی عزت برقرار رکھیں اور یہ نہ ہو کہ پانچ پانچ دس دس منٹ دیکر ساری ڈیبیٹ کا ستیہ ناس کر دیا جائے ۔ بارہ دن میں ہر ایک کو موقعہ مل سکتا ہے ۔ یہ آپ نے دیکھا کہ ریلوے بجٹ پیش ہوا میں نے اس لئے تقریر نہ کی کہ میری پارٹی کے اور ممبران کو موقعہ مل سکے ۔ خدا کیلئے اس ایوان کو ایک District Board کی میٹنگ بن جانے سے بچائیں ۔

Mr. Speaker : That is a good suggestion but not a point of order. It would be better if both the sides make out a list.

میجر سلطان احمد خاں (ہزارہ—۳) : صاحب صدر ۔ سن ۶۳-۶۴ کے ریلوے کے میزانیہ کو اگر قوم کی پس ماندگی اور لوازمات کے مدنظر دیکھا

جائے تو اس نتیجہ پر پہنچنا پڑتا ہے کہ اس سال میں بلکہ سن ۵۵ سے لیکر آج تک تمام نظریہ صرف منفی ارادوں کیطرف جا رہا ہے یا یوں کہا جائے کہ جسوقت اس ملک میں نوکر شاہی رجعت پسند طبقہ کا اقتدار آیا اس وقت سے ما سوائے routine کے کسی خاص ترقی کیطرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

جناب والا— ریلوے ایک بہت بڑا اہم محکمہ ہے اور قوم کی ترقی کے ساتھ اس کا بہت گہرا واسطہ ہے۔ اقتصادی صورت حال پر بھی اور دفاعی صورت حال پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے۔ پہلے اس کے کہ میں حکومت کے ارادوں کا انکشاف کروں میں اس حد تک ضرور تعریف کروں گا کہ اس ڈھانچہ کو ان ریلوے کے officials نے باوجود طرح طرح کی منسٹریوں کے اور باوجود طرح طرح کے منسٹروں کے آج تک بر قرار ضرور رکھا ہے۔ اور اس محکمے کا وہ حشر نہیں ہوا جوکہ باقی ہر اس قسم کے اداروں کا ہو چکا ہے۔

جناب والا— اقتصادی پوزیشن کا یہ عالم ہے اور جہاں میری اطلاعات ہیں ۱۹۵۵ سے لیکر آج دن تک کوئی ایسی نئی ریلوے لائن ایسے پس ماندہ یا ایسے ضرورت مند علاقے کو نہیں دی گئی جس سے اس کی اقتصادی ترقی ہو سکے۔ کل ایک معزز ممبر کوئٹہ سے کوئلے کی کانوں کے متعلق واقعات بیان کر رہے تھے۔ ان کا معیار کچھ اور ہوگا لیکن اگر یہ واقعہ ہے کہ وہاں اتنا بڑا قومی ذخیرہ ایک ریلوے سٹیشن سے صرف ۳۰ میل دور پڑا ہوا ہے اور یہ قوم آج دن تک ان کو سٹیشن نہیں دے سکی تو یہ ایک بڑی شرم اور افسوس کا عالم ہے۔

وزیر ریلوے— تین برس تک آپ کے بھائی بھی ریلوے منسٹر رہ چکے ہیں۔

میجر سلطان احمد خان— ان معزز بزرگوں کو اور ان کے پیروؤں کو میرے بھائیوں کا حوالہ دینے کا بڑا شوق ہے۔ یہ ان کی بد نصیبی ہے یا خوش نصیبی ہے لیکن میں دعویٰ کر سکتا ہوں کہ میرا ایک بھائی

جس وقت وہ ریلوے کا منسٹر تھا اس وقت اسکی پوزیشن اس کا کردار اور اسکی ہر چیز بہت بلند تھی ۔

میاں محمد شریف ۔ جناب personal level پر بات نہیں ہونی چاہئے ۔ میں معزز ممبر کی خدمت میں مودبانہ درخواست کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر— یہ بات آپ کی طرف سے شروع ہوئی ہے آپ تشریف رکھئے ۔ پہلے اپنے گھر کی خبر لیجئے ۔

میجر سلطان احمد خان— جناب والا— میں اپنے بھائیوں کے سائے کے نیچے آڑ نہیں لینا چاہتا اور نہ کبھی لی ہے ۔ لیکن جہاں اس ہاؤس میں لابی سے باہر Strategic attitude دیکھا گیا ہے جو آج کل برا کام ہو رہا ہو اور جو برے ارادے ان کے ہیں ہر ایک ان میں سے یہی کہتا ہے کہ یہ صدر کا حکم ہے لہذا ہم اس پر عمل کرنا چاہتے ہیں ۔ بہر حال یہاں بھائی چاروں کی باتیں نہیں ہیں ۔ اس وقت کے جو نا اہل لوگ تھے جن میں میرا بھائی بھی تھا ۔ آپکے نقطہ نظر سے نا اہل تھے ۔

وزیر ریلوے—میرے نکتہ نظر سے وہ اہل تھے ۔

میجر سلطان احمد خان — آپ کے پیشواؤں کے نکتہ نظر میں نا اہل زمانہ ہے ۔ اس وقت اس ملک کے حالات کچھ اور تھے آج کچھ اور ہیں ۔ جناب والا— میں عرض کر رہا تھا کہ کوئلے کی کانیں جو اس ملک کا ایک بہت بڑا نایاب ذخیرہ ہے اور جس کی وجہ سے اس قوم کو وقتاً فوقتاً بے پناہ تکلیفات بھی ہوئی ہیں ۔ کل مجھے ریلوے کا ایک افسر بتا رہا تھا کہ ایسٹ پاکستان میں کچھ دن لکڑیاں جلا کر ریلوں کو چلایا ہے ۔ آئے دن یہی رونا سنتے ہیں کہ ریلوے siding نہیں ملتا یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی اور میں کوئی اتنا ریلوے ایکسپرٹ تو نہیں ہوں بہر حال جتنا خیال کر سکتا ہوں وہ یہی ہے کہ ان کا ارادہ صرف یہی ہے کہ یہاں اس قوم کو اگر صرف روٹی مل جائے تو یہی کافی ہے کسی ترقی کی ضرورت نہیں رہتی ۔ یہ بات ہونی تھی ۔ ہونی اس لئے تھی کیونکہ جیسا

میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ اقتدار ایک ایسے طبقہ کے ہاتھ میں آ گیا ہے جنہوں نے آج سے ۸ سال پہلے اپنے ہاتھ میں کچکول اٹھایا اور وہ کچکول اب ایسا زہر بن گیا ہے اور ایسا ناسور کی شکل اختیار کر گیا ہے ان کے ہاتھوں سے اگر یہ کچھ کرنا چاہیں تو ترقی نہیں ہو سکتی ۔ کیونکہ ان کی حکومتوں میں کیا سنٹر میں کیا یہاں اپنی پالیسی کوئی نہیں ہے ۔ ہر چیز foreign control نظر آتی ہے (ہیئر۔ہیئر)

جناب والا— دفاعی حالات جو ملک کیلئے بہت بڑا اہم مسئلہ ہے جو لوگ ان باتوں کو سمجھتے ہوئے نہ صرف کم سمجھتے ہیں بلکہ نظر ایسا آتا ہے کہ یہاں سمجھنے والے ہے ہی نہیں۔ سمہ سٹہ نامی ایک سٹیشن ہے جہاں سے ہندوستان کا بارڈر ہم سے ۳۰ میل کے فاصلہ پر پڑتا ہے اگر سمجھا جائے تو ہندوستان ہمارا دشمن نمبر ایک ہے ۔ جو اس وقت تک ہے۔ خدا کرے وہ ہمارا دوست نمبر ۱ ہو سکے لیکن تاوقتیکہ ایسی صورت حال پیدا نہیں ہوتی ہمارے ملک کی دفاعی صورت حال اور خاص طور پر مغربی پاکستان ہر وقت بری طرح گرا ہوا ہے ۔ اور جو فاصلہ ۳۰ میل کا ہے آج سے نو دس سال پہلے ایک تجویز کی گئی تھی اور تونسہ بیراج کو بنانے کی غرض یہ تھی کہ سندھ کے بیچ کے پس ماندہ علاقے اور بلوچی علاقے کی صرف پس ماندگی دور کرنے کیلئے ہی نہیں بلکہ ایک غرض یہ بھی تھی کہ alternative route پیدا کرنے کیلئے ایک لنک کر دیا جائے ۔ اس کے بعد جو یار لوگ بر سر اقتدار آئے تو آج ان سکیموں کا نام سنا بھی نہیں جاتا (ہیئر ۔ ہیئر) اور جس کی کل قیمت اس وقت ۱۱ کروڑ روپیہ تھی ۔ اس کے بعد اس ملک کے چند ایک اداروں کے چیئرمینوں نے ۳۰ کروڑ روپیہ ہضم کر لیا لیکن اس قسم کی جو ریلوے لائن تھی ان کا نام تک نہیں سنا گیا ۔ (شیم شیم) ۔

جناب والا— یہ تھا اصلی مقصد ریلوے کا ۔ اس کی اہمیت کو کبھی ہم کم نہیں سمجھتے ۔ وہ دعا کریں گے کہ ان کے افسران کو کم از کم اس صورت کا پورا شکار نہ کر دے کچھ تو ہو ہی چکے ہیں لیکن پورا اگر نہ ہو تو بہتر ہی ہے گا ۔

جناب والا— مجھے ریلوے بورڈ پر خاص طور پر اعتراض ہے اس لئے نہیں کہ وہ غلط طریقے سے عمل کر رہا ہو گا بلکہ اس لئے ہے کہ ہمارے ملک میں (میں پچھلے سال بھی عرض کر چکا ہوں) یہ فیشن ہو چکا ہے اور ہمیں ایک نقال کی صورت اختیار کرائی جا چکی ہے جو کچھ باہر دیکھا وہی اپنے ملک میں بھی ٹھونس دیا خواہ اس کی ضرورت ہو یا نہ ہو۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کو اس ملک کی بہتری یا بہبودی ما سوائے اپنی کرسی کے اور کسی چیز کی شکل نظرنہیں آتی۔ جناب والا— ریلوے بورڈ میں ضروری چیزیں بھی ہوتی ہیں جیسا کہ کل میاں عبداللطیف صاحب نے فرمایا تھا کہ انڈیا میں ایک ریلوے بورڈ تھا ۔ وہاں طرح طرح کی ریلوں کی Co-ordination کی ضرورت تھی ۔ دونوں ریلوں کی کوآرڈینیشن کرنے کے لئے پاکستان کا بھی ریلوے بورڈ رہا ہے ۔ اگر یہ آفسران جو آج ریلوے بورڈ کے ممبر ہیں جو کہ ضرور اہل ہوں گے اور اسی محکمہ کے ہیں۔ یہ as Head of the Department کسی پالیسی کے ماتحت کسی قانون کے ماتحت اس سروس کی اور زیادہ بہتر خدمت کر سکیں گے ۔ اس وقت ایک autonomous ہے اور خدا نخواستہ اگر وہ بھی autonomous bodies کا رویہ اختیار کر لیں جو پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی۔ نے کیا،جو واپڈا نے کیا ، جو ٹی ۔ ڈی ۔ اے۔ نے کیا اور جو آج کل ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کیا بلا ہے انہوں نے کیا ریلوے کا یہ خطرہ ہے کہ دو ایک سال کے اندر ہمیں بیل گاڑیوں پر چڑھنا پڑ جائے گا۔

جناب والا— وزیر موصوف نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ یہ ریلوے ایک backward area کیلئے ہے مجھے علم نہیں کس دوران میں انہوں نے یہ فرمایا تھا بیک ورڈ ایریا کی ۲۰ فیصد نوکریاں merit پر رکھی گئی ہیں اور ۸۰ فیصد Quota basis پر رکھی گئی ہیں ۔ میں بھی ایک ایسے علاقے کا باشندہ ہوں جو اس پاکستان میں ہرصورت میں backward area کہلاتا ہے ۔ جب سے یہ تسلط اس ملک میں ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں تو Service سے debar کر دیا گیا ہے۔ چپڑاسی سے لیکر کلرک تک میرے ضلع کا میں نے آج دن تک بھرتی ہوتے نہیں دیکھا ہے۔

وزیر ریلوے — آپ کے ضلع کے بڑے بڑے افسر ہوتے ہیں چھوٹے افسر نہیں ہوتے ۔ ۔

میجر سلطان احمد خان — آپ ان کو بیوقوف بناتے چلے جائیے ۔ لیکن یاد رکھیں یہ آخری بار ہے اسکی حسرت دوبارہ انشا اللہ دل میں نہیں آئے گی ۔

میاں محمد شریف — مستقل ہے ۔

میجر سلطان احمد خاں — ہاں ٹھیک ہے ۔ جناب والا — اس ریلوے کا ایک بہت بڑا اہم جزو جو ہے اس قسم کے وزرا اور اس قسم کے ایوان کی نقطۂ نظر میں میرے خیال میں اسکی وقعت نظر نہیں آتی ۔ اگر حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ اس ملک میں انتشار پیدا کرنا ہے اور انتشار کے ذریعہ کوئی اپنا بچاؤ کرنا ہے تو پھر یہ جائز ہے ۔ مجھے تو ہر وقت ان کی ان حرکتوں سے یہ خدشہ رہتا ہے ۔ یہ حرکتیں دیدہ دانستہ ہو رہی ہیں ۔ ریلوے کی لیبر کلاس آپکی انجمنوں کا ایک بہت بڑاجزو ہیں ۔ اگر آج وہ کسی باہر کی طاقت یا اپنی کسی بد نصیبی سے آپ کے ساتھ تعاون چھوڑ دیں تو آپ خیال کر سکتے ہیں کہ آپ کا حشر کیا ہو گا اور آج اس کے اثرات کیا ہوں گے ۔ اس ملک میں جس میں آج گندم اور آٹا ۲۰ روپیہ من بک رہا ہے ۔ ۲۷ روپیہ تنخواہ اس وقت تھی جب نا اہلوں کے زمانے میں ۸ روپیہ من گندم بکا کرتی تھی ۔

جناب والا — یہ بڑا serious معاملہ ہے یہ بات سوچنے کی ہے ہنسنے کی نہیں ہے ۔ ان لوگوں سے گلے میں ہار ڈلوا لینا یا اس قسم کی پبلسٹی کرا لینے سے آپ اس قوم کو اور دھوکا نہیں دے سکتے ۔ یقین مانئے باہر ہر کوئی آپ کو اور ہم کو اچھی طرح جانتا ہے ۔ آپ creative and constructive کام کیجئے ۔ مانا کہ ان کو سہولتیں ہیں ان کو facilities ہونی چاہئے یہ ان پر کوئی احسان نہیں ہے ۔ ۲۷ روپیہ میں انسان آج کل کے زمانہ میں دو بچوں والا روٹی تک نہیں کھا سکتا ۔

جناب والا۔ وزیر مواصلات نے اپنی تقریر میں کہا ہے کہ ریلوے اور road transport میں سخت Competition ہو رہا ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ وہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

Minister Of Railways : (Mr. Abdul Waheed Khan) : I want to correct you. The question of competition between road and rail has been referred to in the matter of goods only.

میجر سلطان احمد خاں— میری سمجھ میں نہیں آیا کہ goods میں Competition کیوں ہو رہا ہے۔ سنا ہے کہ جب حکومت کسی کو از راہ کرم کوئی ٹھیکہ دے بیٹھتی ہے تو وہ کچھ ہی عرصہ میں لکھپتی بن جاتے ہیں۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ عوام ان چیزوں کو نہیں سمجھتے ہیں؟ آپکے ڈیپارٹمنٹ نے انہیں اس قدر بیزار کر دیا ہے کہ وہ سو دو سو زیادہ دیکر اپنا سامان اور مال وغیرہ private transporters کے ذریعہ بھجواتے ہیں۔

بد عنوانی اور Corruption کا یہ حال ہے کہ اب تو وہ ایک جزو کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ حکومت کو اس پر شرم آنی چاہئے کہ اس کے انسداد کیلئے اس نے کوئی موثر قدم نہیں اٹھایا۔ وہ اس لعنت کو دور کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے۔ نتیجہ یہ کہ یہ لعنت قوم کو ایک ناسور کی طرح کھائے جا رہی ہے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری— پوائنٹ آف آرڈر۔ آج جمعہ ہے اور اجلاس ساڑھے بارہ بجے ختم ہو جائے گا اس لئے بہتر ہو گا کہ بحث میں حصہ لینے والے معزز ممبران کے نام اور وقت کا تعین فرما دیں تاکہ گڑ بڑ نہ ہو۔

مسٹر سپیکر— میرے خیال میں ۱۴-۱۵ ممبران ہیں۔

دیوان سید غلام عباس بخاری— اس ہاؤس کے اور فاضل ممبر صاحبان کو یوں تو سیشن کے دوران مختلف بلوں وغیرہ کے سلسلے میں عموماً موقعہ مل جاتا ہے کہ وہ اظہار خیال کریں لیکن ہم لوگوں کو صرف بجٹ

سیشن ھی میں موقعہ ملتا ھے اس لئے میں عرض کرونگا کہ ھمیں پورا پورا موقعہ دیا جائے اور اگر ھو سکے تو کل بھی بجٹ پر بحث جاری رکھی جائے ۔

مسٹر سپیکر— کل تو نہیں البتہ شام کو ھو سکتا ھے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری— شام میں کورم پورا نہیں رہ سکے گا ۔

مسٹر سپیکر— اگر کورم پورا نہیں ھو سکتا ھے تو پھر مجبوری ھے ۔ ویسے میں یہ بتلا دوں گا کہ ۱۸ ۱۹ ممبران بولنا چاھتے ھیں ۔ اس لئے کہہ رھا ھوں کہ آج شام کو اجلاس کرلیں ۔

چودھری سلطان محمود (پارلیمنٹری سیکرٹری)— جناب والا ۔ میں نے ریلوے بجٹ کو غور سے دیکھا ھے اور اکثر معزز ممبران کی تنقید بھی سنی ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ وزیر مالیات نے ریلوے بجٹ پر اپنی فاضلانہ تقریر میں بڑی صاف گوئی سے کام لیکر ریلوے کی کسی کمزوری کو بالکل چھپانے کی کوشش نہیں کی ھے ۔

جناب والا ۔ موجودہ ریلوے بجٹ میں عوام پر کوئی مزید بوجھ ڈالنے کے بغیر ایک متوازن بجٹ پیش کیا گیا ھے جس کیلئے وہ شکریہ کے مستحق ھیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ اعتراف کرنے میں خوشی محسوس کرتا ھوں کہ ریلوے نے صوبائی تحویل میں آنے کے بعد مختصر عرصہ میں کافی ترقی کی اور اس نے مسافروں کو کافی آسائشیں فراھم کی ھیں ۔ ملک کے تقریباً ھر حصے میں مسافر گاڑیوں کی تعداد زیادہ ھو گئی ھے ۔ گاڑیوں کی رفتار میں اضافہ کرکے ریلوے نے مسافروں کی سہولتوں میں کافی اضافہ کر دیا ھے ۔ meter gauge اور broad gauge پر مجموعی طور پر مسافر گاڑیوں میں سفر کے لئے سہولتوں کا انتظام کر دیا گیا ھے ۔ سال رواں میں ٹرینوں نے ایک کروڑ پینسٹھ لاکھ انسٹھ ھزار میل کی مسافت طے کی ھے جو کہ گذشتہ سال کے مقابلے میں بقدر بیس لاکھ میل زیادہ ھے ۔ اس لحاظ سے موجودہ سال گذشتہ ۱۳ سالوں میں ریکارڈ سال ھے ۔ گذشتہ ۱۳ سال سے اگر مقابلہ کیا جائے تو معلوم ھوگا کہ اس سال بیس لاکھ اکیاسی ھزار میل کی مسافت زیادہ طے کی گئی

ہے جہاں تک وقت کی پابندی کا تعلق ہے ۶۲ - ۶۱ میں چھیاسی اعشاریہ پانچ فیصد کے مقابلہ میں سال زیر بحث میں نوے اعشاریہ سات فیصد گاڑیاں وقت مقرر پر جاتی رہی ہیں۔ لیٹ چلنے والی گاڑیوں کی اوسط نو اعشاریہ تین فیصد زیادہ تر برانچ لائینوں پر ہوتی ہے ۔ موجودہ بجٹ میں اشارہ کیا ہے کہ چونکہ برانچ لائینوں پر پوری توجہ نہیں دی گئی ہے انشا اللہ آئندہ سال برانچ لائینوں پر گاڑیاں وقت پر چلا کرینگی ۔ اوسط رفتار اکیس اعشاریہ آٹھ سے بڑھ کر بتیس اعشاریہ تین ہو گئی ہے جو موجودہ سال کی ا وسط رفتار جو نکلتی ہے وہ پی ڈبلیو آر کی ہسٹری میں record speed ہے ۔ یہ امر کسی سے مخفی نہیں ہے کہ نچلے درجے کے مسافروں کیلئے تھرڈ کلاس ڈبوں کو بتدریج ٹھیک کیا جا رہا ہے ۔ ریلوے ٹائم ٹیبل تیار کرتے وقت عوام کی خواہشات کا احترام کیا جاتا ہے اور علاقہ کی ضروریات پر توجہ دی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ ٹائم ٹیبل بنانے کے بعد بھی کسی علاقے سے عوام کے مطالبہ پر ہمدردانہ غور کیا جاتا ہے۔ افسروں کے رویہ میں یہ تبدیلی اچھے مستقبل کی نشان دھی کرتی ہے ۔

کئی ایک معزز ممبران نے ریلوے کے بڑھتے ہوئے اخراجات پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ۱۹۵۰ اور ۱۹۵۵ کے ایک سو روپیہ کے خرچ کے مقابلہ میں اب آئندہ سال میں خرچ کا اندازہ ۱۸۶ روپیہ ہے اور آمدنی ۱۰۰ روپیہ سے بڑھ کر صرف ۱۵۹ روپیہ تک پہنچنے کا اندازہ ہے۔ گویا آمدنی اور خرچ کا اضافہ متوازی نہیں ہے ۔ اس کی وجہ افسران کی زیادہ بھرتی بیان کی جاتی ہے۔ میں معزز ممبران کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ اس وقت ریلوے میں تقریباً سوا لاکھ ملازم کام کر رہے ہیں اور افسران کی تعداد صرف ۵۰۰ ہے جو کل ملازمین کی تعداد کا ۴ فیصد بنتا ہے۔ یعنی ہر ۲۵۰ ملازمین میں صرف ایک افسر ہے۔ کیا کسی اور محکمہ میں اس قسم کی کم افسران کی مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ اخراجات کے متوازی نہ ہونے کی اصل وجہ صرف یہ ہے کہ کئی سالوں سے ضروریات زندگی گران ہونے کے باعث ملازمین کی تنخواہوں میں بتدریج اضافہ

ہوتا رہا۔ اس کے علاوہ سامان مرمت اور دیگر ضروری سامان مہنگا ہوگیا ۔ اس کے مقابلہ میں کرایہ کی شرح میں کم اضافہ ہوا اور اس کے ساتھ ہی goods traffic یعنی باربرداری میں کم آمدنی کی وجہ سے آمد و خرچ غیر متوازی رہے ۔

پھر یہ کہا گیا کہ ریلوے اپنی ضرورت کے سامان کے لئے دیگر ممالک کی دست نگر ہے۔ اس سے کسی محب وطن کو اختلاف نہیں کہ ہمارے ملک کو خود کفیل ہونا چاہئے ۔ اس کے لئے وقت درکار ہے۔ نیز ملک میں فولادی کارخانہ کا نہ ہونا بھی اس کے راستہ میں رکاوٹ ڈالتا ہے ۔ ہماری ریلوے بوگیاں اور چھوٹی گاڑیاں اپنی ورکشاپ میں تیار کر رہی ہے۔ اور دیگر ضروری سامان بھی تیار کیا جارہا ہے ۔ ان سب باتوں کے لئے وقت درکار ہے ۔ پھر ہم آہستہ آہستہ خود کفیل ہو جائیں گے ۔ ایک اعتراض یہ بھی ہوا ہے کہ ریلوے کو اتنا منافع نہیں کمانا چاہئے بلکہ جو منافع کمارہی ہے وہ اپنے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے اور ریل کے کرایہ کی کمی میں استعمال کرنا چاہئے ۔ اگر بجٹ کے اعداد و شمار کو غور سے دیکھاجائے تو معلوم ہوگا کہ ریلوےایک عوامی ادارے کے طور No profit no loss پر کام کر رہی ہے ۔ لہذا ایسی متضاد خواہشات کا پورا ہونا ممکن نہیں۔ چند اصحاب کی طرف سے یہ اعترض ہوا ہے کہ ریلوےکو کاروباری نقطہ نظر سے دیکھنا چاہئے اور یہ بہت معمولی منافع کما رہی ہے۔ مجھے ان سے اتفاق ہے اور میں ان کی خدمت میں یہ التماس کرنا چاہتا ہوں کہ ریلوے کے لئے یہ بہتر ہے کہ منافع جوئی نہ کرے ۔ کم سے کم منافع پر کام کرے تاکہ اسے شخصی بس سروس کی سطح پر نہ لایا جائے

آئندہ سال کے بجٹ میں چھوٹے درجے کے ملازمین کے لئے ۳۳ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے اور ملازمین کی آسائش کے لئے ۱۶۲۳ لاکھ روپیہ کی گنجائش ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ ملازمین کی آسائشوں پر خرچ کیا جائے مگر میں وزیر ریلوے کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ نچلے درجے کے مسافر زیادہ توجہ کے محتاج ہیں اور عملی طور پر ان کی طرف توجہ دینی چاہئے ۔ عوام کے معیار زندگی کو نظرانداز نہیں کرنا چاہئے۔ اب میں اپنی علاقائی ضروریات کے متعلق عرض

کروں گا۔ شاہدرہ سے سیالکوٹ براستہ نارووال جانے کا راستہ برسات میں بہت خراب ہو جاتا ہے اگر اس راستہ پر لاہور گوجرانوالہ سڑک جیسے پل بنا دئے جائیں تو اس سے یہ تمام دقتیں رفع ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ پسرور اور گوجرانوالہ میں صرف ۲۰ میل کا فاصلہ ہے۔ موجودہ صورت میں گوجرانوالہ پہنچنے کے لئے ریل میں ۱۰۰ میل کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ میں وزیر ریلوے سے التجا کرتا ہوں کہ آئندہ سال اس منصوبہ پر غور کریں اور پسرور گوجرانوالہ کی ریلوے لائن بنائی جائے۔ شکر گڑھ کی Approach road ریلوے نے بند کر دی ہے۔ وہاں پکی سڑک بنانے کی ایک تجویز تھی لیکن ریلوے نے رکاوٹ ڈال دی۔ اب میں چاہتا ہوں کہ اس رکاوٹ کو دور کیا جائے۔

[illegible]

[illegible] کے لئے [illegible] میں [illegible] لیکن [illegible] چینی [illegible] چاہئے [illegible] میں [illegible] پاکستان [illegible] چینی [illegible] چینی [illegible] چاہئے [illegible] اگر [illegible] چینی [illegible] چاہئے [illegible] چینی کی [illegible] تو [illegible] کا [illegible] کا احساس [illegible] زبان [illegible] وزیر [illegible] خان [illegible] اور [illegible] کا [illegible] پر [illegible] احساس [illegible]

جناب عالی - ریلوے کا محکمہ دوسرے محکموں کی طرح ہی ہے اور اس کے بجٹ پر کڑی نکتہ چینی کرنا چاہئے اور پوری نگرانی کرنا چاہئے - اس محکمہ میں میری معلومات کے مطابق رشوت ستانی بہت زیادہ ہے اور یہ رشوت اوپر کے طبقہ سے لے کر نچلے طبقہ کے ملازمین تک عام ہے میں اس کی چند ایک مثالیں پیش کروں گا - بکنگ آفس سے جب ٹکٹ لی جاتی ہے تو اس کے بعد اسے کہیں کاٹا نہیں جاتا - اور بعد میں سالم ٹکٹ پھر اہلکاروں کے پاس چلی جاتی ہے - میں کہوں گا کہ آپ کو اب کافی محنت کرنا پڑے گی اور اس محکمہ پر بڑی نگرانی رکھنا پڑے گی جس سے یہ چیز بالکل بند ہو جائے

میں پچھلے سال بھی اپنی تقریر میں یہ کہہ چکا تھا کہ ریلوے سٹیشنوں پر نمازیوں کے لئے کوئی مسجد نہیں ہے اور نہ کوئی پانی ہے - انکے لئے یہ انتظام ہونا چاہئے - اب پاکستان بن چکا ہے - اور کچھ نہ کچھ اسلامی - بہرحال ہر محکمہ میں ہونا چاہئے سٹیشن پر جائیں تو نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ نہیں ملتی - جس وقت مسافروں کو سخت تکلیف ہوتی ہے - ہمارے سٹیشنوں پر مسجدوں اور پانی کے نلکوں کا انتظام ہونا چاہئے اور مسافروں کی سہولت کے لئے ریل گاڑیاں زیادہ ہونی چاہئیں - اور اگر ریل گاڑیوں کی تعداد میں اضافہ کرنے سے ریل حکومت کو تکلیف برداشت کرنے میں دشواری ہو تو موجودہ گاڑیوں کو تیز رفتار کر دیا جائے - اور زیادہ سے زیادہ ریل کاریں مہیا کرنی چاہئیں

جناب والا میں اپنے علاقے کا ذکر کرتا ہوں ضلع لاہور میں چوک ایک مشہور منڈی ہے اور ایک بڑی اہم جگہ ہے اور اس کے ریلوے لائن دو حصوں میں تقسیم کرتی ہے اور ان کے آر پار جانے کے لئے ایک معمولی سا پھاٹک ہے - وہاں پر بیشمار حادثات ہوتے ہیں میں نے پچھلے سیشن میں بھی اس کا ذکر کیا تھا کہ وہاں پر لوگوں کی آسانی کے لئے کہ وہ آسانی سے آر پار جا سکیں انکے لئے پل بنایا جائے - بعض اوقات یہ پھاٹک چھ گھنٹے تک بند رہتا ہے جس سے لوگوں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے اور اکثر حادثات ہوتے ہیں

سٹیشن کے پار جو ریلوے لائن ہے۔ اسکے متعلق تمام ممبران نے حکومت کی توجہ دلائی تھی ۔ اسکے علاوہ جو گاڑیاں چلتی ہیں وہ سست رفتار ہیں ۔ وہاں تیز رفتار گاڑیاں چلائی جائیں ۔ عثمان والا کا جو مسافر خانہ ہے اسے بڑا کیا جائے ۔ اسکے پلیٹ فارم کی توسیع کی جائے۔ اور وہاں Shed بنائے جائیں ۔

جناب والا ۔ اسکے علاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ پتو کی بڑی اہم جگہ ہے۔ لیکن وہاں سے جو ریل گاڑیاں گزرتی ہیں ۔ ہر ایک ریل گاڑی، وہاں کھڑی نہیں ہوتی ۔ جسطرح کہ دوسرے اضلاع میں گاڑی کھڑی ہوتی ہے۔ تو ایک دو گاڑیاں اس لائن پر بھی ایسی ہوں جو کہ کھڑی ہوں ۔

(اس مرحلہ پر کئی ممبران تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے)۔

مسٹر سپیکر— آپ حضرات صبر سے کام لیں ۔ نمبر سب کا آئے گا ۔ اور سب کو بولنے کا موقع ملیگا ۔ آپ بالکل مطمئن رہیں ۔ لیکن میرے پاس کوئی ایسی ترکیب نہیں ہے کہ پندرہ پندرہ ممبران کو ایک ساتھ بولنے کی اجازت دوں ۔ اگر آپ کے پاس کوئی ایسی ترکیب ہو تو بتا دیں میں اسے عمل میں لانے کے لئے تیار ہوں ۔ حاجی عبدالمجید صاحب ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی (دادو) جناب والا— میں یہ عرض کرونگا کہ میں اس ریلوے بجٹ کو bogus budget کہتا ہوں اسلئے کہ کسی غریب مزدور کی تنخواہ میں اضافے کیلئے اسمیں کچھ نہیں کیا گیا ۔ اور چھوٹے صوبوں میں ریلوے لائن بڑھانے کیلئے بھی اسمیں کچھ نہیں کیا گیا ہے اور جو لائینیں انگریزوں نے بچھائی تھیں اسکے ایک قدم بھی آگے نہیں گئے ہیں ۔ اور خواہ مخواہ بچت رکھکر غریب چھوٹے ملازمین کو بھوکا مار رہے ہیں اور یہ ساری بچت بڑے بڑے لوگوں کے پیٹوں میں جائیگی ۔ وہ حرام کے پیسے کھاتے ہیں ۔ اپنے صوبے کے متعلق میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جو لائین لاڑکانہ کی طرف سے جاتی ہے وہاں ایک گاڑی ساڑھے چار بجے صبح کو روہڑی سے چلتی ہے دوسری ساڑھے تین بجے شام چلتی ہے اور تیسری ساڑھے

سات بجے چلتی ہے تو یہ بتائیے کہ لاڑکانہ سے دادو کوئی کسوقت پہنچے گا - گرمیوں میں رات کے اندھیرے میں وہ وہاں پہنچے گا - میں ۳۱ مئی کو کراچی جا رہا تھا - ۳۵۴ ڈاؤن پسنجر میں تو گاڑی کوٹری تک سارا وقت اندھیرے میں چلتی رہی - میں نے گارڈ سے کہا تو اسنے کہا میں کیا کروں تو آپ کی گاڑی کی یہ حالت ہے یکم جون کو میں لاڑکانہ سے حیدرآباد جا رہا تھا تو اس گاڑی میں پانی پلانے والے اہلکار اپنے ڈبے میں بیٹھے رہے اور انہوں نے ڈبے سے اتر کر کسی کو بھی پانی نہیں پلایا - گاڑی دادو سے ساڑھے دس بجے چلتی ہے اور ساڑھے تین بجے شام کو کوٹری پہنچتی ہے اس دوران میں کوئی پانی والا اپنے ڈبے سے نہیں اترا کہ کسی مسافر کو پانی پلائے - تو میں نے گارڈ سے کہا کہ یہ کیا بات ہے - دیکھئے کسطرح عورتیں بوڑھے اور بچے شور مچا رہے ہیں - یہ سنکر وہ اپنے ڈبے کے سامنے کھڑے ہوگئے لیکن اس سے آگے نہیں بڑھے اسکی وجہ یہ ہے کہ پانی والے کا ٹھیکہ ہے اور وہ سوڈا واٹر والوں سے ملا ہوتا ہے اور وہ اپنی بوتلیں بیچتا ہے - یہانتک کہ سٹیشن پر پر بھی کوئی بالٹی والا پانی لیکر نہیں آیا کہ مسافروں کو پانی پلائے - اسیطرح رحیم یار خان میں دو مسافر عورتیں پیاس کی شدت کی وجہ سے ہلاک ہوگئیں - کل روز ایک مسافر خاتون کو سخت پیاس محسوس ہوئی اور اس گاڑی میں گرمی کی شدت کیوجہ سے جان بحق ہوگئی - اور وہ بھیڑ زیادہ ہونے کی وجہ سے پانی حاصل کرنے میں ناکام ہو گئی جسکی وجہ سے اسکی حرکت قلب بند ہوگئی تھی اور وہ مر گئی - تو یہ بات ہے آپ کی - آپ تو یزید سے بھی بد تر ہوگئے - اسنے تو سو آدمیوں پر پانی بند کیا تھا لیکن آپ نے لاکھوں آدمیوں پر پانی بند کیا ہوا ہے جس سے ہزاروں اور لاکھوں آدمی مر رہے ہیں - جسطرح مروان نے یہ سارا کام کیا تھا تو اسے گورنر بنا دیا تھا اور اب یہاں کے وزیر کو مرکز کا وزیر بنا رہے ہیں جو اپنے ظلم سے لوگوں کو مار رہا ہے -

چھوٹے سٹیشنوں کی یہ حالت ہے کہ پچھلے مہینے کی ۲۴ تاریخ کو جب میں کوٹری سے واپس دادو آ رہا تھا تو دادو سٹیشن پر ایک ٹی - ٹی - ای جسکا نام شاید یاسین ہے وہ ٹکٹ دیکھ رہا تھا اور پسنجر کو گالیاں دے رہا تھا تو یہ ذہنیت ہے انکی - سوڈا واٹر والے پبلک سے زیادہ پیسے چارج

کرتے ہیں۔ میں ۲۰ ڈاؤن میں کراچی جا رہا تھا پاکستان روڈ سٹیشن پر یہ بات ہوئی میں نے سوڈا والے سے کہا Price list کہاں ہے تو وہ کہنے لگے کہ ہمارے پاس نہیں ہے۔ میں نے کارڈ سے کہا کہ یہ کیا بات ہے سب کے پاس Price list ہوتی ہے اور انگریزوں کے زمانے میں ہر ایک ڈبے میں Price list ہوا کرتی تھی لیکن آجکل کسی ڈبے میں بھی نہیں ہے اور یہ اس لئے ہے کہ بڑے افسروں کو انکا Share ملتا ہے تو وہ اسکی طرف کیوں توجہ دینے کی تکلیف برداشت کریں تو اسوجہ کارڈ نے ابھی کہا کہ Price list نہیں ہے۔

دوسری عرض یہ ہے مال برداری کیلئے ڈبے نہیں ہیں۔ روہڑی میں ایک گڈز کلرک ہے اور وہ صرف جھوٹے نام پر گڈز کے ڈبے لیتا ہے یا پھر تین سو روپے اسکے عوض لیتا ہے اور اگر بڑی مہربانی کردے تو ایک سو پچاس روپے لے لیتا ہے تو پھر کہیں جا کر کسی بیوپاری کو ڈبہ ملتا ہے ورنہ چاول وغیرہ اور دوسرا سامان یونہی سٹیشنوں پر پڑا رہتا ہے۔ ہم نے وزیر صاحب کو چٹھی لکھی کہ گورنمنٹ کی روڈ کی بجری اٹھانے کیلئے ڈبے نہیں ملتے انہوں نے لکھا کہ واسطیدار افسر کو آپ کی چٹھی بھیج دی ہے مگر ابھی تک اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں ہوا تو اگر یہ حالت ہو گی تو پھر کسطرح اٹھائی جائیگی اور بجری کیسے اٹھائی جائیگی اور گورنمنٹ کی سڑکیں کسطرح بنیں گی اور کسطرح چھوٹے صوبوں کو ترقی ہوگی کیا چھوٹے صوبوں کو ترقی دلانے کا یہی طریقہ ہے۔ نواب شاہ سے ٹھارو شاہ - سورو - جنوئی وغیرہ جو ٹرینیں چلتی ہیں ان میں صرف تھرڈ کلاس ہے اور دو دو تین تین ویگن انہیں لگے ہوتے ہیں۔ میں نے ۲۲ مئی کو خود یہ حالت دیکھی تھی۔

میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اسمیں آدمی بیٹھتے ہیں یا بھیڑ بکریاں بیٹھتی ہیں تو یہ حالت ہے غریبوں کی۔ ریلوے لائنوں کی حالت یہ ہے کہ ان پر پتھر بالکل نہیں ہے اور گاڑی چلتے وقت اسقدر گرد اٹھتی ہے کہ مسافروں کو کھانسی ہو جاتی ہے اور انکا دم گھٹتا ہے۔ تو یہ حالت ہے ہمارے مسافروں کی جو ٹکٹ لیتے ہیں اور دوسری جو ٹکٹ نہیں لیتے ہیں۔ ہمارے ہاں روہڑی سے ایک لاڑکانہ ایکسپریس ٹرین ساڑھے چار بجے چلتی ہے جو کراچی تک جاتی ہے اسمیں ایک اے کلاس کا ڈبہ لگتا ہے ایک Coupe لیڈیز کیلئے ہے اور مردوں کیلئے کچھ نہیں ہے۔

اور ایک چار سیٹوں والا سیکنڈ کلاس کا ڈبہ Coupé ہے اور ایک
ایک سیٹ والا لیڈیز کے لئے لگانا ہے اور صرف ایک انٹر کلاس لیڈیز
ریزرو تھوڑے کلاس کے مسافروں کے لئے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی ڈبہ
انٹر کلاس کے لئے نہیں ہوتا۔ اور تھرڈ کلاس کے بارے میں خیال ہے کہ
ایک ایک تو رہنے والے اپنے ہیں اور دوسرے ایک پولیس والے ہیں
گاڑی میں صرف ایک انٹر کلاس ہے اور وہ بھی لیڈیز کے لئے کہ ہمیں ایک
ڈبے میں کتنی لیڈیز بیٹھ سکتی ہیں اور ایک تھرڈ کلاس کے لیڈیز کے لئے
ہے اس میں کتنی لیڈیز بیٹھ سکتی ہیں۔ ہم نے وزیر صاحب سے درخواست کی
کہ یہ معاملہ ہم کو دیں اور آپ ضرور لاہور لائیں کہ ٹرین ہو۔
جو کہ روانگی سے تشریف کی بات لگی اور ہم نے کوشش کی کہ یہ لائن
ہمیں واپس ملے اس طرح آپ کو معلوم ہے کہ جب ہم راستہ کو دیکھتے ہیں
تو ہمیں وہاں پر دوسری گاڑی کے انتظار میں چار گھنٹے تک بیٹھنا پڑتا ہے۔
تو انہوں نے کہا کہ ہم نے تجربہ کیا تھا مگر لوگوں کی آمد و رفت اس لائن
پر کم تھی۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ بات ان کی ٹھیک
ہے کیوں کہ یہ تجربہ انہوں نے دو برس پہلے کیا تھا جب کہ ملک میں
مارشل لا کا نفاذ تھا اور اسمبلی نہیں تھی اس لئے ٹریفک اس قدر نہیں تھی
لیکن اب تو اسمبلی بن گئی ہے اور لوگوں کی آمد و رفت بھی بڑھ گئی ہے
لیکن نہ تو کوئی Air-conditioned گاڑی ہے اور نہ کوئی تھرڈ کا ڈبہ ہے۔

ہماری برٹش گورنمنٹ کے زمانہ میں ایک ٹرین لائن نکالی گئی تھی
جو ہماری پاکستان کی گورنمنٹ نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ سارا بجٹ
لگایا لیکن اس میں کوئی لائن کا کوئی ذکر نہیں ہے اگر وہ اس لائن
کو لے جائے تو ان کا پیسہ کام میں آ جائے گا

آگیا اور اس نے کھانا کھایا تو اس سے صرف ایک روپیہ لیا جاتا ہے پوچھا بھائی یہ کیا تو کہا کہ یہ ریلوے کے بابو ہیں۔

سٹیشن والے بابو جو ہیں وہ چائے والے کو بلا کر جو چائے پیتے ہیں تو وہ چائے تازہ اچھی ہوتی ہے۔ ایک دن میں کوٹری سے گزرا میں نے کہا بھائی ہمیں بھی چائے پلاؤ۔ اس نے مجھے چائے دی میں نے اس سے کہا کہ مجھے وہ چائے دو جو اس آدمی کو دی تھی۔ اس نے کہا کہ وہ بابو صاحب کی چائے تھی۔ شرم آنی چاہئے ایسا بجٹ پیش کرنے پر۔ غریب جو مزدور ہیں اگر وہ چیختے ہیں تو ان کا پیٹ بھرنے کے لئے کچھ بھی نہیں بڑھایا جاتا لیکن بڑے آدمیوں کی تنخواہوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور چھوٹے آدمیوں کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوتا اس ملک میں کتنے ریلوے کے ایسے لوگ ہیں اور غریب ملازمین ہیں جن کے لئے اس بجٹ میں کچھ بھی نہیں ہے تو میں کہوں گا کہ یہ یزید سے بھی بدتر ہے۔

میری اب یہ عرض ہے کہ ریلوے سٹیشنوں پر پانی کا یہ انتظام ہے اور پانی اس قدر کم ہے کہ دو عورتیں گرمی میں پیاس سے تڑپ تڑپ کر مر گئیں۔ ہمارے لئے تیزگام سے ایک فرسٹ کلاس کا ڈبہ اور ایک تھرڈ اور انٹر کا لگایا جائے جو روہڑی پر لاڑکانہ ایکسپریس سے ملایا جائے۔ ہولان میل کے ساتھ فرسٹ کلاس کا ڈبہ air-conditioned کراچی سے شروع ہوتا ہے وہ کراچی سے بھرا ہوا آتا ہے اس میں لاڑکانہ اور دادو والوں کو جگہ نہیں ملتی۔ اس لئے دادو سے ایک اور ڈبہ لگایا جائے کوئٹہ کے لئے لاہور یا خیبر میل اور تیز گام سے ڈبے لگتے ہیں اور ایک پسنجر ٹرین کوئٹہ کے لئے جاتی ہے مگر ہمارے لئے کچھ نہیں کیا جاتا اور یہ ہے ون یونٹ میں چھوٹے صوبوں کے ساتھ مہربانیاں کی جاتی ہیں۔ ریلوے کالونی کوئٹہ میں بنی ہوئی کوٹھیاں ڈی۔ سی کی کوٹھی اور دوسری کوٹھیوں میں ریلوے کا سامان ہے۔ میں نے اپنے گھر سے لکھا تھا کہ ڈی ایس نے مارشل لا کے وقت میں کوئٹہ سے کپڑا Smuggle کیا تھا اور لاہور اسٹیشن پر پکڑا گیا۔ یہ حالت اسمگلروں کی ہے۔ سندھ میں بلوچستان اور صوبہ سرحد کا ایک آدمی ریلوے کی نوکری میں نہیں ہے۔ اور نہ کسی کو ریلوے میں نوکری مل رہی ہے۔

ون یونٹ میں چھوٹے صوبوں کے ساتھ یہ سلوک ہورہا ہے۔ ہمارے پیاروں گوٹ اسٹیشن اور کانوٹ اسٹیشن میں کراسنگ بنے ہوئے ہیں مگر آج تک اس کو کھولا نہیں گیا ہے ۔ کانوٹ اسٹیشن ساری بلڈنگ وغیرہ سمیت تیار ہے مگر آج تک اس کو کھولا نہیں گیا ہے اور ہمارے طرف کی ٹرین کی سپیڈ اونٹ گاڑی جتنی ہے۔ کوئی ڈیزل انجن نہیں چلتے ۔

میر یوسف علی خاں مگسی (قلات -۱) ۔ جناب صدر ۔ اس بجٹ کے متعلق آپوزیشن کے لوگ بھی جانتے ہیں اور ہر انصاف پسند آدمی اس بجٹ کو دیکھ کر اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ ایک سال کے عرصے میں جب سے یہ محکمہ صوبے کی تحویل میں آیا ہے اس بجٹ میں جو ترقیاتی اسکیمیں رکھی گئیں ہیں وہ ایک کارنامے سے کم نہیں ہے۔ یہ ہمارے آپوزیشن والے جو اس وقت آپوزیشن میں ہیں اور اب سے پہلے جب یہ گورنمنٹ پارٹی میں تھے تو انہوں نے دس سال تک کیا کارنامہ کیا تھا ۔ انہوں نے کبھی یہ بھی سوچا کہ ان کے منہ سے ابھی بو آتی ہے۔ لیکن مسٹر سپیکر— حق پسندی کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں دینا چاہئے کسی بھی انسان کے بنائے ہوئے منصوبے یا انسان کی بنائی چیز خواہ وہ کنونشن لیگ پارٹی کی ہو یا کونسل لیگ یا نیشنل عوامی پارٹی کی ہو کوئی بھی غلطیوں سے مبرآ نہیں ۔ غلطیوں سے مبرآ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس کے بنائے ہوئے قانون ہیں۔ میں یہ مانتا ہوں کہ خامیاں ہیں اور انشاءاللہ اگر ترقی کی رفتار یہی رہی تو انشاء اللہ یہ خامیاں نہیں رہیں گی ۔ اس میں رشوت ستانی کے بارہ میں جو کچھ کہا گیا میں اس کے متعلق نہیں کہوں گا بلکہ ریلوے سے جو سامان بھیجا جاتا ہے اس کے سلسلے میں بارہا اعتراض کیا گیا ہے اور میں بھی اس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ کہا جاتا ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ سے سامان اچھی طرح چلا جاتا ہے اس لئے ریلوے سے سامان نہیں بھیجا جاتا ۔ میرے خیال میں روڈ ٹرانسپورٹ سے جو سامان بھیجا جاتا ہے اس کو زیادہ سہولتیں میسر ہیں اور ریلوے کو اتنی سہولتیں نہیں ہیں ۔ میں گذارش کروں گا کہ اس پر کنٹرول کیا جائے ۔

تیسرا مسئلہ جناب والا—ریلوے کے ریونیو کا مسئلہ ہے۔ میں اس کی ایک تازہ مثال پیش کروں گا ۔ شہداد کوٹ میں ایک بڑی اناج کی منڈی ہے ۔

وہاں پر بیوپاریوں کی کنٹرولر کے ساتھ ان بن ہوگئی اس کے نتیجے میں کنٹرولر نے اناج کے لئے ویگن دینے سے انکار کر دیا ۔ اب شہداد کوٹ میں اس وقت ایک کروڑ کا اناج موجود ہے۔ یعنی پچھلے سال کی فصل بھی اب تک موجود ہے کنٹرولر کے خلاف گورنر کو تاریں دی گئیں تو اس نے کہا کہ تم نے چونکہ میرے خلاف گورنر کو تاریں دیں اس لئے میرے پاس تمہارے لئے ویگن نہیں ہے۔ لیکن وہ پاس والے گاؤں میں ویگن دے رہا ہے۔ اس کے متعلق ہم روز مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کو نکالو اور یہ ملک کی بہتری کے لئے ہے۔

لاڑکانہ سے شہداد کوٹ کے ریلوے کے ڈبوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ وہاں کے فرسٹ کلاس کے ڈبوں کی یہ حالت ہے کہ وہاں پوری رات بتیاں نہیں جلتیں اور ٹرینوں میں پانی نہیں ہوتا ۔ اس طرف خاص توجہ دینی چاہئے ۔

بیل بٹ کا ویٹنگ روم خراب حالت میں ہے ۔ یہی واحد ریلوے سٹیشن ہے جس کو پورا علاقہ استعمال کرتا ہے لوگوں کو اس سے بڑی تکلیف ہے ۔

جناب والا— کوئٹہ میں دشت کا جو علاقہ ہے وہاں کے لوگ جو ہیں ان کی عورتیں ۱۰ - ۱۰ میل دور سے ریلوے سٹیشن پر پانی لینے کے لئے آتی ہیں یہ چیز نامناسب ہے ۔ ریلوے ڈیپارٹمنٹ سے میں گذارش کروں گا کہ وہ اس کی طرف توجہ دے۔

اپنی تقریر میں جناب منسٹر صاحب نے فرمایا تھا ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے کہ بعض لائنیں ایسی ہیں جو حکومت برطانیہ نے military point of view سے بطور ڈیفنس لائنز بنائی تھیں ۔ اور درہ بولان سے جو لائن گذرتی ہے وہ حکومت برطانیہ نے اس نظریہ کے ماتحت بنائی تھی ۔ لیکن خدا کا فضل ہے کہ اب ہماری اپنی حکومت ہے ۔ لہذا اس کو بجائے اس کے ڈیفنس کے لئے استعمال کریں اس کو زیادہ سے زیادہ عوام کی فلاح کے لئے استعمال کیا جانا چاہئے ۔ تو اس ضمن میں مسٹر سپیکر— میں ایک گذارش کروں گا کہ پرانی جو لائن سبی سے کوئٹہ کی طرف جاتی ہے وہ مشقاق سے گزرتی ہے اور مشقاق ایک گاؤں ہے جس کی آبادی زیادہ سے زیادہ ایک صد ہوگی ۔ مشقاق سے کوئی سات میل دور ڈاڈر ہے جس کی آبادی بیس ہزار آدمیوں

پر مشتمل ہے اور قلات ڈویژن کا سردیوں کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے۔ تو بجائے اس کے کہ وہ لائن مشقاق سے گزرے۔ اگر وہ ڈاڈر سے گزاری جائے تو لوگوں کو بڑی سہولت ہوگی۔ ہمارے ریلوے منسٹر کے اس دعویٰ سے تقویت پہنچتی ہے کہ ریلوے جو ہے وہ صرف ملٹری پوائنٹ آف ویو سے ہی نہیں چلے گی بلکہ عوام کی فلاح کے لئے بھی چلے گی۔ بولان میل میں تھرڈ اور انٹر کلاس کے ڈبوں کی کمی ہے۔ وہاں کبھی کبھی تو انٹر کلاس ہوتا ہی نہیں اور تھرڈ کلاس کا میرے خیال میں ایک ہی ڈبہ ہوتا ہے کبھی شاید دو ہوں۔ تو وہاں کے لوگ کہا کرتے ہیں کہ جگہ ملتی نہیں ہے ایک وہاں کے لوگ ادھر سے پٹھان ادھر سے بلوچ چاقو زنی کی وارداتیں کرتے ہیں۔ ویسے تو میں جانتا ہوں کہ گورنمنٹ چاہتی ہے کہ ملک کی آبادی نہ بڑھائی جائے لیکن جناب چاقو زنی کے ذریعے سے آبادی کو کم کرنا ذرا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ آخر میں جناب والا— میں پھر آپوزیشن والے بھائیوں سے گذارش کروں گا کہ جب بھی وہ تنقید کریں تو ذرا اپنے ماضی کو دیکھ کر کریں۔شکریہ۔

Mr. Speaker: Yes, Mr. Memon.

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon (Hyderabad I) : Sir, before dealing with the Budget in its datails I would unhesitatingly agree with the Leader of the Opposition that this Budget does not give us that cent percent perfection which one could expect. But quite unhesitatingly I will disagree with him that it does give us a satisfaction on the whole. I will describe it as a satisfactory Budget. The Leader of the Opposition particulary should not expect the Railway Administration to give him that satisfaction which he could expect of the speed of Tezgam. Because after all this Department has been taken over by the Provincial Government only about a year ago.

Comparing the Budget of the Railway Department of the pre-partition days with the Budget of today we find that from 1943-44 to 1945-46 the Budget rose from twelve crores and seventy one lakhs to seventeen crores and nineteen thousand. Then, Sir, from 1955-56 uptodate i.e. 1962-63 we find that it has risen from nineteen crores forty eight lakhs and seventy six thousand to 48.51 crores. These are the figures for the year 1962-63.

And this Railway Board as it is and as it exists we find that the income is increasing from year to year rather than receding or decreasing.

The three Heads under which I would discuss this Budget would be:

(1) The income side,

(2) The establishment which the Railway Administration is maintaining and.

(3) Its ultimate resultant utility to the public.

Sir, we are all agreed that the Railway Department is a commercial public utility Department and, therefore, I would go so far as to say that even if this Department is doing its duty properly and doing its duty to the public, we should not even grudge this Department to run on a no-loss and no-gain basis without expecting any surplus, as the Leader of the Opposition would expect. And he is very unhappy about the surplus disclosed by the Budget for the next financial year.

On the income side, as I have said, the reasons for not giving that surplus which ordinarily we would expect and of which the Railway Administration itself will be proud, is due to various reasons. And I do not think any of those reasons are such as we would desire the Railway Administration to eliminate at the cost of public inconvenience.

To illustrate, the decrease in the income or increase on the expenditure side is due to various reasons. One of them is that new additional trains have been added and the income which we could expect from them is not commensurate with the expenditure incurred by the Railway Administration. Then Sir, concessions to students, concessions to bilnd persons, concessions to disabled persons and running of special trains for the Hajis. In addition we find that additional lines are being added and tracks are being replaced. The result would be that we would not expect them to cut down expenditure. If we insist on more and more income I think we will be provoking the Railway Minister who is also the Finance Minister now, to think of additional taxes even in the Railway Department which I think all of us, including the Opposition, will do all we can to oppose. My submission is that on the income side the Railway Administration is doing fairly well and we should wait and watch and see the results.

Then, Sir, on the Establishment side the greatest grievance of the Opposition is the question of maintaining the Railway Board. The figures show that the expenses on the Railway Board including the Audit Department work out to 1.36% of the total Budget for the next financial year which is 49.71 crores. Ordinary Mathematics will reveal that the expenditure on the Railway Board (which is a full-fledged Department headed by a Secretary) compared to its utility is not much. When we talk of such Departments are we not maintaing WAPDA, a parallel and a sister Department, are we not having the PIDC? I think the Railway Administration goes a step further that in addition to this Railway Board we have got two Advisory Committees—one at Lahore and the other at Karachi and so far as my information goes the advice of these bodies has seldom gone unheeded or unheard, which is not the case with other similar statutory bodies, associations, authorities or Corporations by whatever name we may choose to call them.

Then the only addition during the next year's Budget is the appointment of a Vice-Chairman to this Railway Board which, I think, we all agree, is not the luxury or the pleasure of the Railway Minister or the desire or wish

of the Railway Board. But this statutory obligation has been imposed by the Presidential Order.

Then, Sir, with regard to the other establishments which have been proposed, detailed figures would show that there are menial subordinate staff.

Then, Sir, on the side of public utility I will now refer to the various details which I have been able to gather from the Budget itself, the details thereof and the speech of the Railway Minister.

Sir, we find that 20 diesel engines, 2,019 wagons, 24 broad gauge diesel rail cars, 60 broad gauge rail cars 142 broad gauge passenger carriages, and 10 metre gauge passenger carriages have been ordered along with 38 other coaching vehicles.

Then, Sir, the total budget for the development programme for the next financial year comes to 21.70 crores, which is nearly one-half of the total yearly budget.

Then, Sir, a provision is made for a shop for the manufacture of springs at Lahore, diesel electric locomotive heavy repair shop at Rawalpindi, Rs. 6 crores for renewal of old rails and sleepers, Rs. 20 lakhs for re-modelling of yard and reconstruction of Larkana Railway Station, (I specifically mention this because this is an improvement so far as my region is concerned), an over-bridge at Hyderabad, Rs. 72 millions for a plant for manufacturing coaches, fans in Third class passenger compartments, sleeping accommodation in third class passenger compartments, 70 third class coaches have been ordered, and then additional fans, lights, benches, water-taps-water coolers, modern lavatories on passenger platforms and in waiting-halls, and shelters for passenger platforms; for which Rs. 45.22 lakhs have been provided.

Then Sir, 12 buffet cars have been provided for the facility of third class passengers, fitted with fans and water coolers. 20 more water coolers are planned to be set up. Last year I find that coolers had been provided at Hyderabad, Kotri and Larkana Railway Stations.

Then, Sir, in future class IV staff quarters will be re-modelled and each of them will have two rooms, one verandah and a kitchen. The kitchen would be provided with a water tap, a sink and a smokeless stove. Then for lower subordinates the quarters will have three rooms, a verandah, a kitchen, a bathroom, a lavatory, fuel shed and a store room, electricity and water.

Then on the education side, we find that more funds have been provided for primary and secondary education for the children of the employees, who live in railway colonies. The total number of schools are, I must say to the credit of the railway, 35.

On the health and medical side 120-bed hospital is going to be provided at Rawalpindi at a cost of Rs. 30 lakhs, and similarly additional 50 beds and one Operation Theatre at the Sardar Bahadur Khan Sanitorium at Quetta at a cost of Rs. 40 lakhs.

So far as new schemes are concerned, I must make a special mention and I am glad to compliment the Railway Minister that at least my region has attracted his attention this time that we are going to convert the metre gauge line between Hyderabad and Mirpur Khas into broad gauge at a cost of Rs. 61 lakhs, to construct a rail link from Tando Muhammad Khan to Moghalbin at a cost of Rs. 32 lakhs, and a new rail link connecting Jhol to Singjore via Sanghar, which has also been referred to by my friend from Sind, at a cost of Rs. 61 lakhs.

I must also make a mention of the policy in respect of services in the railway administration, and the speech of the Railway Minister shows that class I and class II employees will be recruited at 20% based on merit, and 80% on region-wise basis, and class III and IV employees will be recruited from the districts. Here Sir, I will make an earnest appeal to the Railway Minister, who fortunately is here, that it will be his personal responsibility to see that his Railway Board does implement this policy of the Government not only in letter but in spirit also so that there should be no cause for complaint from any region.

Then, Sir, I have a few suggestions to make to the Railway Minister but they do not pertain to my region. They pertain to certain arrangements at the Lahore Railway Station. I have been making repeated requests to him and he had promised that he will look into them, but probably it appears that he has not been able to do so. But I would not accept that as a sufficient explanation. The only direct train from Karachi to Lahore, which connects the majority of the railway stations, particularly in Sind region, are served by the Karachi Express train. Unfortunately, it reaches here at 6-00 A.M. and is stationed at platform No. 1. We know it and the Railway Minister also knows it too well that there is another platform, which serves the Indian passengers. The result is that children and families have to walk nearly a furlong to reach the main gate and this creates a lot of inconvenience. I hope the Minister will find it easy to order his subordinates if this train could be put on platform No. 2, or platform No. 4.

Then, Sir, I have another suggestion to make. I have been making great use of the railway retiring rooms. The arrangement is alright but there are still no suites of rooms. There is enough space and I don't think that it will be too hard to expect of the railway authorities to construct suites of rooms there to accommodate those people who come and stay there for a night with their families.

Then Sir, before resuming my seat, I am very happy to read in the speech of the Railway Minister that in the matters of the railway administration both

the President and the Governor are taking personal interest and I am sure under their able guidance and the guidance of the Railway Minister, this Railway Board and the railway administration will rise to the occasion and give us, including the Members of the Opposition, satisfaction and will come up to our expectation so that we will have no cause for grievance against them when we discuss Railway Budget next year.

Mr. Speaker: Before I adjourn the House, I would like to know whether the Members would like to meet in the evening. But I want an assurance that there will be quorum.

وزیر ریلوے — جناب یہ معلوم کرلیں اور اندازہ کر لیں کہ کتنے آدمیوں نے شام کو بولنا ہے -

مسٹر سپیکر — ۱۴ - ۱۵ آدمیوں سے کم نہیں ہیں-

وزیر ریلوے — جناب والا — ایک درخواست آپ کی وساطت سے مجھے آپوزیشن کے حضرات سے کرنی ہے - جہاں میں لیڈر آف دی آپوزیشن کا مشکور ہوں کہ وہ زیادہ وقت تک موجود رہے وہاں ان کو میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کل میں صرف ۵ منٹ کیلئے لابی میں گیا تھا تو نوابزادہ افتخار احمد صاحب نے کہا کہ میدان چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں - آج ساری آپوزیشن اپنی اپنی تقریریں کر کے میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں - یہ پارلیمنٹری پریکٹس کے خلاف ہے - جہاں وہ اپنے پوائنٹ بیان کرتے ہیں ادھر کے پوائنٹ بھی انہیں سننے چاہئیں - میں ان سے درخواست کروں گا کہ کل جب میں جواب دوں گا - کیونکہ مجھے ان کے ہر پوائنٹ کا جواب دینا ہے اس لئے وہ ہاؤس میں بیٹھے رہیں -

Mr. Speaker: I would like to have an assurance from both sides of the House that there will be quorum in the sitting in the evening. I hope both the sides will try to complete quorum. The House is adjourned till 4 -30 P.m. in the evening.

(*The Assembly then adjourned till* 4-30 *p.m. the same day*).

(*The Assembly met at* 5-45 *p.m. Mr. Speaker in the Chair*).

مسٹر شفقت حسین شاہ موسوی — (سکھر - ۳) جناب سپیکر - دوپہر کو جب ہاؤس adjourn ہونے کا وقت تھا تو جو کچھ ہمارے معزز

ممبر میمن صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا وہ سننے کے بعد مجھے یہ احساس ہوتا ہے کہ میں اپنی تقریر کو اس جملہ سے شروع کروں ۔

خوگر حمد سے تھوڑا سا گلہ بھی سن لے ۔

جناب والا ۔ پچھلے سال بجٹ سیشن میں میں نے کچھ شکایات کی تھیں ۔ لیکن ان شکایات کی پوچھ گچھ افسران کی بجائے مجھ سے ہوئی ۔ جن لوگوں کے متعلق میں نے کہا تھا یا جن کی شکایات تھیں انہوں نے مجھ سے دریافت کیا ۔ اب میں کیا کہہ سکتا تھا کیونکہ شکایات کے سلسلہ میں جو کچھ ہونا تھا وہ ہوا ۔ اس لئے میں اس وقت کوئی مزید شکایات کا دفتر کھولنا نہیں چاہتا ۔ البتہ اپنی معروضات پیش کروں گا کیونکہ آج کل یہی ایک نئی term نکلی ہے ۔ وہ معروضات جو میرے اپنے علاقے کے متعلق ہوں گی آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔

وزیر ریلوے کم از کم اس کے لئے مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اعلان کیا ہے کہ سکھر میں ایک ریلوے ڈویژن کھولا جائے گا اور اس میں appointments ہوں گی ۔ اب وہ کہاں ہونگی ۔ کس طرح ہونگی اس کا ہمیں علم نہیں کیونکہ انٹرویو کا دفتر یہاں ہے ۔ لوگوں کو یہیں بلایا جائے گا ۔ ان کو ٹریننگ بھی یہیں دی جائے گی کیونکہ صرف ایک ہی ریلوے کا سکول ہے جسے والٹن ٹریننگ سکول کہتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اور کوئی سکول نہیں ۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ ایک لڑکا جو میٹرک پاس تھا اس کی درخواست میں یہاں لایا ۔ اس کا چچا ریلوے میں تھا ۔ اس کا دادا ریلوے میں تھا ۔ اس کو ریلوے پر حق پہنچتا تھا ۔ لیکن مجھے یہ جواب دیا گیا کہ چچا کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ اور دادا مر چکا ہے ۔ اب اسے نوکری دلانا ہماری ذمہ داری نہیں ۔ اب میں کیا کر سکتا تھا ۔ لیکن کچھ عرصہ بعد یہ سن کر کہ اس کے باپ نے روپیہ دے کر نوکری دلا دی ہے میرا سر ندامت کی وجہ سے جھک گیا ۔ میں اس ہاؤس میں اس بات کا اعلان کرنے کو تیار ہوں ۔ ہم آپ سے requests کرتے ہیں ۔ اپنے علاقے کے لوگوں کی درخواستیں

لاتے ہیں شکایات پیش کرتے ہیں مگر آپ کا رویہ عجیب ہوتا ہے ۔ جب کسی نے جیب گرم کر دی تو اُس کا کام ہو گیا اور ہم اپنے مقاصد میں ناکام ہو جاتے ہیں ۔ اپنے علاقے میں جا کر ہم کیسے منہ دکھائیں ۔ یہاں آنے کا کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی کسی قسم کی عرضداشت پیش کرنے کا کوئی فائدہ ہے ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ میری دوسری عرض یہ ہے کہ آپ نے ہمارے لئے کولر اور پنکھے وغیرہ لگائے ہیں ۔ کھانے کھلائے ہیں ۔ آپ کا بہت بہت شکریہ لیکن کیا آپ نے کبھی اس بات پر بھی غور کیا کہ وہ کولر کام بھی کرتے ہیں یا نہیں ۔ اگر کام نہیں کرتے تو ان کا کوئی فائدہ نہیں ۔ میں ابھی کراچی سے پنڈی تک کا سفر کر کے آیا ہوں ۔ اور جہاں تک مجھے اپنے سٹیشن روہڑی کا ذاتی تجربہ ہے ۔ اس میں کبھی کولر نے کام ہی نہیں کیا ۔ اور اسے نصب کہاں پر کیا گیا ہے ۔ اس پلیٹ فارم پر جو غیر مصروف ہے ۔ اور جو غیر معمولی طور پر مصروف ہے ۔ وہ برانچ لائین ہے اور اسکے لئے پانی نیچے سے ہی آ جاتا ہے ۔اور جب پانی وہاں پہنچتا ہے تو وہ اتنا گرم ہو جاتا ہے کہ پھر چائے لینے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ آپ چائے کے بدلے وہ پانی لے لیں ۔ تو بس ٹھیک ہے ۔ اور وہاں کا کولر بالکل کام نہیں کرتا ۔ میں نے منٹگمری میں بھی دیکھا ہے اور لاہور سٹیشن پر بھی جا کر دیکھا ہے کہ وہاں کے کولر بھی کام نہیں کرتے ۔ پہلے آپ انہیں درست کروائیں ۔ اسکے علاوہ کھانے کے متعلق جب کبھی شکایات کی کتاب مانگی ہے ۔ وہ کبھی نہیں ملی ۔ اور اگر مل جاتی ہے ۔ تو اس پر جو شکایات ہم لکھ دیتے ہیں ۔ اسکا جواب بھی کبھی نہیں آیا ۔ اسکے بعد آپ نے یہ فرمایا ہے کہ یہ جو روہڑی کا Lansdowne Bridge ہے ۔ اسکا ہم جائزہ لے رہے ہیں ۔اور اسے ''مضبوط کرنے کا جائزہ لیا جائیگا'' ۔ یہ الفاظ ہیں جو بجٹ تقریر میں استعمال کئے گئے ہیں ۔ تو اسی سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ جناب اسکا جائزہ کب تک لیا جائیگا ۔ ہمیں یہ تکلیف عرصہ سے ہے ۔ اور جب ہمارے پارٹی لیڈر اور آپ کے Colleague شیخ مسعود صاحب بھی وہاں تشریف لائے تھے ۔ اور جناب وزیر صاحب خود

بھی وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ اور مجھے احساس ہے کہ انہیں یقیناً ہماری تکالیف کا احساس ہوا ہوگا کہ ایک میل پر رہتے ہوئے بھی سکھر جانے کے لئے ہمیں چودہ میل کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے ۔ اب آپ فرماتے ہیں کہ یہ راستہ کھل جائے گا ۔ آپ ہمیں یہ بتائیے کہ اس سال میں آخر یہ راستہ کھلے گا بھی کہ نہیں ۔ اسکے لئے وقت کا تعین کیجئے ۔ آپ ہمیں یہ کہہ کر نہ ٹالدیں کہ ابھی ابھی ہو جائے گا ۔ اگر نہیں کھل سکتا تو ہمیں صاف طور پر کہہ دیں تا کہ اطمینان سے بیٹھے رہیں ۔

اسکے بعد جناب والا ۔ میں یہ یہ عرض کرونگا کہ روہڑی کا سٹیشن ایک بہت ہی مصروف سٹیشن ہے ۔ اور وہاں پر کافی Dignitaries آیا کرتے ہیں ۔ اور صدر مملکت بھی آیا کرتے ہیں اور روہڑی سے دور اتر کر سکھر جایا کرتے ہیں ۔ در محمد اوستو بھی آئے دن آیا کرتے ہیں ۔ کم از کم اس approach road کو بنا دیں تو ہم مشکور ہونگے ۔ اور یہ سڑک اتنی بری ہے کہ کیا عرض کروں ۔ میں نے اسی سلسلے میں وہاں کے ریلوے حکام سے بات چیت کی ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ انہیں یہ پتہ ہی نہیں ہے کہ یہ سڑک ان کی ملکیت ہے بھی کہ نہیں ۔ کیونکہ انکے پاس ۱۹۴۷ء سے ریکارڈ ہی موجود نہیں ہے ۔ اور انہیں یہ بھی علم نہیں ہے کہ انہوں نے وہ سڑک والی زمین خریدی بھی ہے کہ نہیں ۔ انکو یہ پتہ ہی نہیں ہے کہ وہ زمین انکے پاس ہے ۔ یا اس کا قبضہ بھی انکے پاس ہے کہ نہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ انکے پاس ریکارڈ نہیں ہے ۔ لیکن چونکہ میں وہاں کا رہنے والا ہوں ۔ اسلئے مجھے معلوم ہے کہ وہ زمین انکی ہے ۔ اور وہ افسوسناک حد تک نا مناسب حالت میں ہے اور اتنی گندی ہے کہ بیان سے باہر ہے ۔ سکھر چونکہ ایک بہت بڑی جگہ ہے ۔ اور وہاں اکثر بڑے لوگ آیا کرتے ہیں ۔ اور ہمارے صدر مملکت بھی سال میں تین مرتبہ آتے ہیں ۔ اس لئے آپ اس کو ٹھیک رکھیں اور اسکا خیال رکھیں ۔ اور مجھے یہ شکایت بھی ہے کہ آپ نے کبھی بھی لاڑکانہ کشمور لائن پر جانے کی تکلیف نہیں کی ۔ کہ آپ کو پتہ ہو کہ وہاں آدھے سے زیادہ مسافر بلا ٹکٹ سفر کرتے ہیں اور وہ بلا ٹکٹ سفر کرنے والے ریلوے عملے کی زیر نگرانی سفر

کرتے ہیں ۔ اس لئے آپ انہیں Tight کریں ۔

جناب والا ۔ میرے احباب مجھ سے اتفاق کرینگے کہ روہڑی کا شیڈ بہت بڑا ہے۔ کسی زمانے میں تو وہاں زیادہ لوگ تھے ۔ لیکن اب بھی وہاں کی چار پانچ ہزار کی آبادی ہے ۔ اور جہانتک میں نے بجٹ سے اندازہ لگایا ہے وہاں کے سٹاف ویلفیئر کے لئے اس میں اشارہ تک نہیں ہے۔ اسکے علاوہ اس ڈویژن میں جتنی آسامیاں ہوں اُن پر تقرریاں وہاں کے لوگوں کو دینا آپکی ذمہ داری ہے ۔

میر نبی بخش خاں زہری۔ جناب والا ۔ اگر مجھ غریب کا کوئی ایک آدھ پوائنٹ رہ گیا ہو تو کیا آپ مجھے اسے بیان کرنے کی اجازت دینگے ۔

مسٹر سپیکر۔ آپ کسی اور ممبر کو بتا دیں ۔ کیونکہ کسی ممبر کو دو مرتبہ بولنے کی اجازت قانون نہیں دیتا ۔

میر نبی بخش خاں زہری۔ جناب والا ۔ میں بھی تو ممبر ہی ہوں ۔ اور پھر قانون آپکے ہاتھ میں ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ یہ تو مجھے معلوم ہے ۔ لیکن قانوناً دو مرتبہ بولنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر آپ مجھے کوئی ایسا قانون بتا دیں ۔ تو میں آپکو ضرور بولنے کی اجازت دونگا ۔

میجر عبدالمجید خاں (پشاور۔۳) : صدر محترم ۔ میں آپکی وساطت سے وزیر ریلوے کی خدمت میں اس جامع میزانیہ کے پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اور اسکے بعد میں اپنی چند معروضات اس ہاؤس میں پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ مجھے بڑی خوشی ہے کہ جناب وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اس ادارے کا مقصد محض حصول منفعت نہیں ہے ۔ جو کہ بنیادی طور پر عوام کی فلاح و بہبود کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ اس اصول کے پیش نظر یہ صحیح ہے کہ ریلوے کی آمدنی میں سے بڑا حصہ

کم تنخواہ پانے والے ملازمین اور نچلے درجے کے مسافروں کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے ۔

جناب والا۔ اگرچہ میزانیہ میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ نچلے درجے میں سفر کرنے والے مسافروں کی سہولت کی طرف خاص توجہ دیگئی ہے لیکن ایسا نہیں ہے۔ اور بد قسمتی سے نچلے درجے کے مسافروں کو قطعی طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک مثال پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ضلع سیالکوٹ کے چھوٹے چھوٹے سٹیشنوں پر انتظار گاہیں نہیں ہیں ۔ اور جو مسافر دور دراز دیہاتوں سے پیدل چل کر جب وہاں پہنچتے ہیں تو بسا اوقات گاڑی نکل چکی ہوتی ہے۔ اور بے چارے بچوں عورتوں اور بوڑھوں کو جاڑے کی رات دوسری گاڑی کے انتظار میں کھلے میدان میں گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے ۔ ایسی حالت میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ غریب مسافروں کو گاڑیوں میں سفر کرنے کیلئے کوئی آسانی نہیں ہے ۔ اور ایسی حالت میں ہم کیسے دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہم بجٹ میں نچلے درجے میں سفر کرنے والوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت دیتے ہیں ۔ میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں التماس کرتا ہوں کہ نہ صرف شکر گڑھ کے پسماندہ علاقوں بلکہ تمام پس ماندہ علاقوں کے غریب مسافروں کو سردی اور گرمی سے بچانے کیلئے مناسب اور موزوں ویٹنگ ہال تعمیر کرانے کیلئے جلد سے جلد انتظامات کئے جائیں ۔

جناب والا۔ میزانیہ میں کم تنخواہ پانے والوں کو سہولت دینے کیلئے وعدہ کیا گیا ہے لیکن تا حال اسکو عملی جامہ نہیں پہنایا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر ریلوے کے running staff کے رہنے کیلئے کوئی مکان نہیں ہیں ۔ تعجب کی بات ہے کہ non-essential staff کے رہنے کیلئے تو مکانات موجود ہیں لیکن essential staff کے رہنے کیلئے مکان نہیں ہیں ۔ میں وزیر ریلوے کی خدمت میں التماس کرتا ہوں کہ ان غریب کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے دل کھول کر پیسے خرچ کریں ۔ جناب والا۔ اگرچہ موجودہ گورنمنٹ نے ریلوے ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیا ہے لیکن کم تنخواہ پانے والوں کو اس اضافہ سے افاقہ نہیں ہوا ۔ مثال کے طور پر ریلوے کے ایک ملازم خاندان روزانہ کی ضروریات میں دو تین روپے کے اضافہ سے کیسے خوش

ہو سکتا ہے اور ہم کیسے یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہمنے ان کی تنخواہ بڑھا دی ۔ جناب والا— جیسے دیگر ترقی یافتہ ممالک میں رائج ہے پاکستان میں صرف دو کلاس ہونے چاہئیں ۔ یعنی upper اور lower ۔ اپر کلاس فرسٹ کلاس کے برابر ہونا چاہئے اور لوئر کلاس سیکنڈ کلاس کے برابر ہونا چاہئے اور اسکا کرایہ انٹر کلاس سے بھی کم ہونا چاہئے ۔ میرا اس سے یہ مقصد ہے کہ غریب مسافروں اور ہمارے عوام میں جو احساس کمتری موجود ہے وہ خود بخود ختم ہو جائیگا نیز ریلوے کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا اور اگر حکومت کو یہ ڈر ہے کہ اس سے ریلوے کو خسارہ ہوگا تو میری رائے یہ ہے کہ ایک یا دو ٹرینیں experiment basis پر چلائی جائیں اور جائزہ لیں اور اگر نقصان نہ ہو جو کہ یقیناً نہیں ہوگا تو تمام ٹرینوں کو اسی معیار پرلا کر چلائیں ۔

راؤ خورشید علیخاں— جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : There is quorum in the house.

راؤ صاحب آپ کی تقریر تو ختم ہو چکی ہے۔

میجر عبدالمجید خاں— جناب ہندوستان میں تقسیم کے بعد سے ابتک ہزاروں میل لمبی لائن بچھائی جا چکی ہے لیکن پاکستان یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اسنے ایک میل لمبی لائن بچھائی ہو ۔ پھر دار و مدار اسکا وسائل پر ہے اسلئے تمام ملک میں پسماندہ علاقوں کو بہتر بنانے کیلئے اسکے رسل و رسائل کا انتظام بہتر بنایا جائے ۔

جناب والا— میں پشاور کے اس دور افتادہ پسماندہ علاقے سے تعلق رکھتا ہوں جہاں عوام کو ترقی کرنے کا موقع نہیں ملا ۔ اور اگر ریلوے کی ترقی کی رفتار یہی رہی تو شاید عمر بھر ترقی نصیب نہیں ہوگی ۔ میں جناب آپ کی وساطت سے جناب ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں اپنے عوام کے احساسات کے پیش نظر اپنے پسماندہ علاقے کے رسل و رسائل کو بہتر بنانے کی غرض سے ایک تجویز پیش کرتا ہوں ۔

جناب جمرود ریلوے سٹیشن کو تمام ریلوے سٹیشنوں سے ملانے کی تجویز سے میرا یہ مقصد ہے کہ عوام کو آمد و رفت میں آسانیاں ہونگی کہ خیبر ایجنسی ، مالاکنڈ ایجنسی ، مہمند ایجنسی تینوں راستوں پر ایڈمنسٹریشن میں آسانیاں ہو جائیں گی اور اس سے عوام کو پشاور سے کوٹ ادو تک پہنچنے میں آسانی ہو جائیگی ۔ اسکے علاوہ پشاور میں حکومت کو بڑے بڑے کارخانے بنانے کے مواقع مل جائیں گے جناب ۔ پانی موجود ہے بجلی موجود ہے اور ہزاروں ایکڑ زمین سستے داموں مل سکتی ہے صرف لائن پہنچنے کی دیر ہے ۔ انگریزی دور حکومت میں یہ اسکیم زیر غور رہی اور Partition سے ذرا پہلے اسکا Investigation بھی ہوا تھا لیکن پھر یہ اسکیم ادھوری رہ گئی ۔

میں جناب وزیر ریلوے سے درخواست کرونگا کہ وہ میری تجویز پر از سر نو غور فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر— میجر صاحب آپ کا وقت ختم ہوگیا ۔

میر نبی بخش خاں زہری (کوئٹہ ۔ چغائی)— پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ جناب آج جب شام کو اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی تو اس سے پہلے کلام مجید کی تلاوت نہیں ہوئی ۔

مسٹر سپیکر— اجلاس کی کار روائی ہمیشہ کلام مجید سے شروع ہوتی ہے اور آپ کی رائے ہو تو شام کے اجلاس سے پہلے بھی کلام مجید سے ہی کارروائی شروع کیجایا کرے ۔ مجھے اسمیں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

I appreciate your proposal.

لیکن جب continued اجلاس ہوتا ہے تو صبح کے وقت تلاوت ہو جاتی ہے ۔ بہت اچھی بات ہے دو مرتبہ تلاوت کرا دیا کریں گے ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں بلکہ خوشی کی بات ہے ۔

I welcome your suggestion.

Mr. Nabi Bakhsh Khan Zehri : Thank you very much.

ملک سرفراز خاں (سرگودھا—۳)— مسٹر سپیکر— ریلوے کے بجٹ پر سارے معزز ممبران نے حصہ لیا اور اپنی بساط کے مطابق انہوں نے ہر پہلو پر

اظہار رائے فرمایا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کا معیار کافی بلند رہا ہے - اس پر میں حضور والا۔ آپ کی وساطت سے نہایت اختصار کے ساتھ منسٹر ریلوے کی خدمت میں چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں - حضور والا۔ وزیر ریلوے نے اپنی بجٹ تقریر میں اس صوبہ کے عوام کیساتھ چند وعدے فرمائے ہیں کہ وہ سال رواں کے بجٹ میں کئی تیز رفتار گاڑیاں چلائیں گے۔ ترقیاتی پروگرام پر پوری طرح عمل پیرا ہوں گے اور نچلے درجے کے ملازمین کے لئے ریلیف فنڈ اور تیسرے درجے کے مسافروں کو سہولتوں کا انتظام کریں گے - تو ان وعدوں کے چکر میں پھنس کر کافی معزز ممبران نے انکے بجٹ کی تعریف کی - تو حضور والا۔ میں انکے بجٹ کی تعریف پیشگی طور پر نہیں کرنا چاہتا - آئندہ سال اگر یہ تمام منصوبہ پایۂ تکمیل تک پہنچ گیا تو پھر یہ وزیر ریلوے مبارکباد کے مستحق ہونگے لیکن فی الحال میں پیشگی مبارکباد پیش کرنے کے حق میں نہیں ہوں - کیونکہ یہاں اس ہاؤس میں وزرا صاحبان کئی وعدے فرماتے ہیں اور بعد میں انکی تکمیل نہیں ہوتی - آج صبح باڑہ سکیم کے تحت جن مزارعین کیساتھ ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس نے وعدہ فرمایا تھا انکی زمین کی نیلامی کے حکم صادر ہو چکے اور وہ اشتہارات تقسیم کر رہے ہیں اس طرح وزرا صاحبان کئی وعدے کرتے ہیں لیکن انکی تکمیل نہیں ہوتی - میں سمجھتا ہوں کہ وہ بے بس ہیں - میں اپنے معزز ممبران کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ اس ہاؤس کے وقار و اختیارات کو بڑھانے کے لئے اس جمہور کی رائے کے تقاضا کو پورا کرتے ہوئے امداد کریں کہ اور وہ اس ہاؤس کو زیادہ سے زیادہ با وقار بنائیں - حضور والا۔ ریلوے مزدور جسکا اس بجٹ میں زیادہ سے زیادہ حصہ ہے اسکا دعویٰ ہے کہ وہ ہر سال دس کروڑ روپیہ منافع کما کر دیتا ہے لیکن انکی بہتری کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا اور انکے بچوں کے لئے کوئی تعلیمی سہولتیں، سکول وغیرہ قائم نہیں کئے گئے اور انکی تنخواہوں میں بالکل معمولی اضافہ کرکے وزیر ریلوے صاحب اس معزز ایوان سے داد لینے کے خواہش مند ہیں - لیکن وہ پہلے ان مزدوروں کی تنخواہیں کم از کم ۱۰۰ روپیہ تک بڑھا دیں تاکہ وہ محنت سے کام کریں اور اس ملک کی آمدنی بڑھا سکیں - حضور والا۔ اب میں اپنے ضلع کے متعلق چند گذارشات وزیر ریلوے کے پیش خدمت کرنا چاہتا ہوں - حضور والا۔

اس بجٹ میں انہوں نے پس ماندہ علاقے کی تعریف کی ہے۔ مجھے جسٹس کیانی مرحوم کا ایک لطیفہ یاد آ رہا ہے کہ انہوں نے یونیورسٹی ہال میں ایک کتابوں کی نمائش کا افتتاح کیا تو وہ ایک میز پر پہنچے جہاں ایک ڈکشنری پڑی تھی تو اسے اٹھا کر مطالعہ کیا اس میں ایک جگہ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کے سامنے درج تھا کہ یہ مونث ہے۔ تو وہ کہتے ہیں کہ میں نے خدا کا شکر کیا کہ یہ مذکر نہیں ورنہ اس صوبے کا کیا حشر ہوتا۔ تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ضلع سرگودھا جو ایک پس ماندہ علاقہ تصور ہوتا ہے وہ ریلوے کی ڈکشنری میں ہے یا نہیں۔ تو حضور والا۔ وہاں ایک صدی سے ریل جاری ہے۔ اور ضلع میانوالی سے ماڑی انڈس تک روزانہ ایک ٹرین لاہور کو آتی ہے اور وہی سرگودھا سے گزرتی ہے تو وہ لاہور تک کا سفر صرف ۴ گھنٹوں میں طے کرتی ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ دو تین گھنٹے لیٹ ہوتی ہے۔ تو میں گذارش کروں گا کہ اس ریل کی یا تو رفتار تیز کر دی جائے یا اسکے مقابلہ میں کوئی اور ریل ماڑی انڈس سے یا سرگودھا سے چلائی جائے تاکہ آنے جانے والے لوگوں کو سہولت ہو اور وہ جلدی لاہور کا سفر طے سکیں۔

Mr. Speaker : The Member's time is over. He may, however, make his last point.

ملک سرفراز خاں۔۔ تو حضور والا۔ پچھلے بجٹ میں وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ سرگودھا کو ڈویژنل ہیڈکوارٹر جب سے بنایا گیا ہے وہاں آمد و رفت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔تو میں نے عرض کیا تھا اور ڈسٹرکٹ کونسل اور میونسپلٹی نے تجاویز بھیجی تھی کہ وہاں پر Railway Overbridge بنایا جائے تو وزیر ریلوے صاحب نے جواب میں فرمایا تھا کہ وہ سرگودھا تشریف لے جائیں گے اور معائنہ فرمائیں گے اور اگر ضرورت ہوئی تو پل کی تعمیر کا حکم دیں گے۔ تو میں گذارش کروں گا کہ ان ضروریات کے تحت جتنا جلد ہوسکے وہاں پر پل بنایا جائے۔ وہاں جتنی جلدی ہوسکے ریلوے کے پل کا انتظام کیا جائے۔

مسٹر عطا حسین خاں : (ملتان۔۔ہ) جناب والا۔ ریلوے وزیر عبدالوحید خاں صاحب نے جو مغربی پاکستان کا پہلا ریلوے بجٹ پیش کیا ہے وہ قابل

ستائش ہے۔ انہوں نے ترقیاتی بجٹ کا نام اسکو دیا ہے۔ غریب اور تیسرے درجے کے مسافروں کے لئے آسائش و آرام کی زیادہ گنجائش رکھی ہے اور چہارم درجے کے ملازمین کے لئے کوارٹروں کا بندوبست اور انکی تنخواہوں کے اخراجات کی مد میں بھی زیادہ رقم رکھی ہے۔ مسافروں کی سہولتوں لئے ٹھنڈا پانی اور انکی رہائش کے لئے ریلوے سٹیشن کے اوپر آرام گاہوں کا اچھا انتظام فرمایا ہے۔ آنتالیس گاڑیاں نئی چلائی گئی ہیں۔ جناب والا۔ تیز رفتار نئی گاڑیوں کے چلانے سے اور رفتار میں اضافہ ہونے کی وجہ سے مسافروں کے وقت میں بچت ہوئی ہے۔ ریلوے کے ترقیاتی پروگراموں میں ۲۱ لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ رکھا گیا ہے وہ بھی قابل ستائش ہے۔ اسکے بعد جناب والا۔ میں چند گذارشات اپنے علاقے کے متعلق ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرنی چاہتا ہوں۔

نمبر ۱ - ریلوے لائن قصور تا لودھراں تقریباً ۲۵۰ میل لمبی ہے اور قصور اور لودھراں کے درمیان کسی ریلوے سٹیشن پر مسافروں کے لئے کھانے اور پینے کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ غریب مسافروں کو ٹھنڈا پانی بھی میسر نہیں آتا۔ قصور اور لودھراں کے درمیان کافی سے زیادہ ریلوے سٹیشن ہیں مگر کسی پر نچلے درجے کے مسافروں کیلئے اچھی آرام گاہ نہیں ہے۔ گاڑیاں وقت پر نہیں چلتیں۔ Goods train کے ڈبے وقت پر دستیاب نہیں ہوتے۔ لوگوں کا سامان ہفتوں تک پلیٹ فارموں کے اوپر پڑا رہتا ہے۔ گاڑیوں کی تعداد بہت کم ہے صرف قصور تا لودھراں ۴ گاڑیاں چلتی ہیں اور اتنے بڑے لمبے راستے پر عوام کی مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے کم سے کم دو گاڑیاں اور چلانے کا بندوبست فرمایا جاوے۔

جناب والا۔ میں جناب کی وساطت سے وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پیسنجر ٹرین کے ڈبوں کی حالت بہت نا گفتہ بہ ہوتی ہے اور ٹرین کی رفتار بھی بہت کم ہوتی ہے جس سے عوام کا بہت وقت ضائع ہوتا ہے۔ گاڑیاں وقت مقررہ پر نہیں چلتیں اُن کو درست کیا جاوے اور لودھراں تا قصور ایک تیز رفتار گاڑی چلائی جائے۔

جناب والا۔ خانیوال اور لودھراں ریلوے لائن کے اوپر ایک ریلوے سٹیشن جہانیاں ہے جس کے نزدیک بہت بڑی بھاری غلہ منڈی موجود ہے۔ اس ریلوے

سٹیشن کے اوپر اچھے پلیٹ فارموں کی بہت کمی ہے اور وہاں تیسرے درجے کے عوام کے بیٹھنے کا بھی انتظام نہیں ہے۔ اور خاص کر جہانیاں منڈی کی آبادی ۵۰۰۰ ہزار کے قریب ہے اور وہاں سے بہت کافی مال دوسرے اندرونی ضلعوں میں جاتا ہے۔ لہذا اس سٹیشن پر مسافروں کے آرام و آسائش کے انتظام کی طرف توجہ فرمائی جاوے۔

چودھری امتیاز احمد گل (پارلیمنٹری سیکرٹری)۔ جناب سپیکر۔ میں یہ اپنا خوش گوار فرض سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ پر جو کہ ریلوے وزیر نے پیش کیا ہے، اس پر انہیں مبارک باد دوں۔ اور اس لئے کہ یہ کافی متوازن اور حقیقت پسندانہ بجٹ ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ریلوے ایک تجارتی ادارہ ہے لیکن ہم تجارتی ادارہ کو عوام کی سہولتوں کیلئے ہمیشہ قربان کرنے کیلئے تیار ہیں۔ اور آپوزیشن کے لیڈر جناب خواجہ صفدر صاحب نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ اس تجارتی ادارے کو ہم دن بدن گھٹانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ ہمیں نقصان ہو رہا ہے اور ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہمیں نقصان ہو۔ اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ عوام کی سہولتوں اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے جتنی زیادہ سہولتیں اس سے عوام کو دے سکیں دیں۔ اس کے علاوہ میں اس بات پر بھی ریلوے منسٹر کو مبارک باد دیتا ہوں کہ گذشتہ سالوں سے واچ اینڈ وارڈ نے کھانے کے انتظام میں اور پانی کی سہولتوں میں اور ہر چیز میں یقیناً بہتری کی ہے لیکن ساتھ ہی میں یہ بھی Point out کر دینا چاہتا ہوں کہ اس بہتری کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم بالکل پایۂ تکمیل تک اسے لے گئے ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے اور بھی بہتر بنایا جائے۔ ریلوے کی ایڈمنسٹریشن جو ہے اسے دن بدن بہتر سے بہتر کیا جائے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسی سال اس محکمہ کا transfer ہوا ہے۔ اس میں انہوں نے کافی بہتری کی ہے لیکن میں ان سے یہ demand کرتا ہوں کہ آئندہ سال اس سے بھی زیادہ بہتر ہو۔

جناب والا۔ ہم لائل پور کے اہالیاں اس چیز کے بھی شکر گذار ہیں کہ انہوں نے چند ایک فاسٹ ٹرین چلا کر لائل پور تا لاہور اچھی طرح connect کیا ہے۔ تو اب میں چند ایک گذارشات کی طرف آتا ہوں جو کہ

میں نے پچھلے سال اس ایوان میں کی تھیں ۔ لیکن ان کا ابھی تک کوئی اثر نہیں ہوا ۔ تو میں ریلوے منسٹر صاحب سے یہ گذارش کروں گا کہ وہ ہماری چند معروضات اور گذارشات سن کر اس پر بھی عمل فرمائیں ۔

نمبر ۱ ۔ جو کہ میں ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ لائلپور اور جڑانوالہ کا link ایک بڑا اہم link ہے اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جب بھی لائل پور کے ممبر ایوان میں بولتے ہیں تو ایک عام تاثر ہوتا ہے کہ لائل پور ایک امیر ضلع ہے ۔ میں آپ کو آج ایک حقیقت بتانا چاہتا ہوں ۔ لائل پور بالکل امیر ضلع نہیں ہے ۔ ہو سکتا ہے وہاں چند ایک انڈسٹریل امیر ہوں لیکن اکثریت وہاں ایسی ہے جن کو دو وقت کھانا نصیب نہیں ہوتا ۔ اور لائل پور میں بھی جیسا کہ دوسرے اضلاع میں ہے ڈویلپمنٹ کی ضرورت ہے ۔ وہاں بھی دن بدن ڈویلپمنٹ کی ضرورت ہے ۔ fragmentation of holdings اتنی زیادہ ہو گئی ہے کہ آبادی کے لحاظ سے — ۳۰ لاکھ کی آبادی ہے — لائل پور ضلع کو advanced ضلع نہیں سمجھنا چاہئے ۔ کیونکہ اس کو بھی انہیں اضلاع میں آنا چاہئے جن کو آپ زیادہ امداد دیتے ہیں ۔ لائل پور اور جڑانوالہ کا link جو ہے وہ اس طرح کا ہے کہ وہاں مسافروں کو پندرہ پندرہ بیس بیس میل کی مسافت طے کرکے پکی سڑک پر آکر بس لینی پڑتی ہے ۔ تو اگر لائل پور اور جڑانوالہ کو جیسا کہ پہلے link تھا اب ملا دیا جائے تو میرا خیال ہے اس علاقے کو کافی زیادہ فائدہ ہوگا اور ہم ان کے از حد مشکور ہوں گے ۔

دوسری چیز جو کہ میں ریلوے منسٹر کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ستیانہ روڈ جو کہ لائل پور سے تھوڑا آگے لیول کراسنگ پر آتی ہے وہاں پانچ منٹ کیلئے اگر آپ پھاٹک بند کر دیں تو ایک دو میل لمبی لائن ٹریفک کی بن جاتی ہے ۔ شہر کی آبادی تقریباً کوئی سات آٹھ لاکھ کے قریب ہے ۔ وہ ایک بڑا اہم route ہے جہاں سے اکثر اصحاب گزرتے ہیں ۔ میں گذارش کروں گا کہ وہاں over bridge اگر بنا دیا جائے تو لائل پور کے باشندگان کو کافی سہولت ہو جائے گی ۔

اسکے علاوہ اور بھی امپرووومنٹ میں تجویز کرنا چاہتا ہوں مثلاً ریلوے گودام

ہیں ۔ لائل پور ایک انڈسٹریل ٹاؤن ہے اس لئے وہاں ریلوے گودام میں کافی زیادہ امپرووومنٹ کی ضرورت ہے۔

ان معروضات کے بعد پھر میں ریلوے منسٹر کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور تجویز کرتا ہوں کہ یہ جو میں نے گذارشات کی ہیں ان پر ضرور عمل فرماویں ۔

سید ذذر شاہ (نواب شاہ۔۱) صاحب سپیکر۔ مجھے اس وقت اجازت ملی ہے جب کہ میں سمجھ رہا ہوں کہ quorum نہیں ہے۔ اس وقت یہ پوزیشن ہے کہ ہاؤس میں quorum پورا نہیں ہے۔

مسٹر سپیکر - کورم نہیں ہے؟ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ہم count کر لیتے ہیں ۔

سید ذذر شاہ - جناب والا۔ ریلوے بجٹ کا Surplus ہونا خوشی کی بات ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ جب ہم دوسری طرف دیکھتے ہیں کہ عوام کو ریلوے سے جتنی تکالیف ہیں تو وہ خوشی بدل کر مایوسی بن جاتی ہے ۔

حضور والا۔ اس لئے مبارک باد دینے کے ابھی وہ مستحق نہیں جب تک عوام کی تکالیف کو دور کرنے کے بعد اپنے بجٹ کو Surplus نہ رکھیں۔ جناب عالی۔ اس معزز ایوان کے چند ممبر صاحبان نے پبلک کی تکلیف کو بیان کیا ہے اگر انہیں چند ایسی تکالیف ہیں جنہیں بار بار دہرایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ٹھیک رہے گا اور ہمارے وزیر صاحب کو خیال رہے گا کہ تکالیف کو دور کیا جائے ۔

حضور والا۔ ویسے تو برسوں سے اسمبلیاں پبلک کی تکالیف کو دور کرنے کے لئے چلاتی رہی ہیں مگر تکالیف دور ہونے کی بجائے اور زیادہ ہوتی جا رہی ہیں۔

بجٹ کا Surplus ہونا کوئی بات نہیں ہے پبلک کے آرام کے لئے اس میں اتنا خرچہ نہیں کیا گیا ہے جتنا کہ کیا جانا چاہئے تھا ۔ گاڑیوں کی حالت یہ ہے کہ لوگ بکریوں کی طرح ٹھونسے جاتے ہیں ۔ کل ایک آدمی نواب شاہ

سے تیزگام پر لاھور آیا اس کا کہنا ھے کہ میں ۶ و گھنٹے تک کھڑا ھی رھا ھوں..... جناب کورم نہیں ھے .....

Mr. Speaker : For your information the House is in quorum.

راؤ خورشید علی خاں-- پوائنٹ آف آرڈر۔ کیا وزرا کو بھی کورم کے لئے گنا گیا ھے؟

مسٹر سپیکر-- جی نہیں۔ آپ بیٹھ کر گن لیں اور پھر کہیں۔

سید نذر شاہ-- میں یہ عرض کر رھا تھا کہ سولہ گھنٹے کھڑے رھنے کے سبب وہ بیمار ھوگیا۔ آدمی بھاری کرایہ دیکر یہاں آتا ھے اور وہ بیمار ھوجاتا ھے۔ ڈاکٹر اور دوا پر مزید بیس روپے خرچہ الگ اور تکلیف کا ذکر ھی بیکار ھے۔ یہ ھے سلوک جو ریلوے اپنے مسافروں کے ساتھ کرتی ھے سب سے بری بات جو ھے وہ یہ ھے کہ ریلوے کے ملازمین کا رویہ مسافروں سے ایک تھانیدار کی طرح کا ھے جیسا کہ پاکستانی تھانیدار ھوتے ھیں۔ میں اس بارے میں وضاحت کروں گا کہ ان کے افسروں میں جو بات ھوتی ھے خاص طور پر تھانیداروں میں یہ بات ھوتی ھے کہ وہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتے۔

حضوروالا۔ اس سلسلے میں میں تھانیداروں کی ایک مثال پیش کرتا ھوں کیونکہ ایسے رجحانات پیدا ھو رھے ھیں ان کے ناجائز رعب دیکھ کر یہ چاھتے ھیں کہ ھم بھی ایسے ھی ھوجائیں۔ میں مثال پیش کروں گا۔ نواب شاہ کے ایک ڈپٹی کمشنر کے پاس ایک آدمی آیا اور عرضی دی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کام ھوجائے گا۔ تو اس غریب نے دعا دی کہ اگر میرا کام ھو جائے تو خدا آپ کو تھانیدار کرے گا۔

جناب والا۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ھے کہ مسافروں کے ساتھ نہایت شریفانہ طریقہ سے ریلوے سٹاف کو پیش آنا چاھئے۔

جناب والا۔ بجٹ کا Surplus ھونا اس وقت قابل خوشی ھوتا ھے جب عوام کے لئے سہولتیں فراھم کی جائیں۔

حضور والا۔ چند ایک چیزیں بتلاؤں گا جس پر اگر ریلوے توجہ دے تو اچھا ہے کیونکہ معزز ممبران تو ساری تکالیف بیان کر چکے ہیں۔ بڑے بڑے شہروں کی ریلوے لائن دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے۔ جہاں bridge نہیں ہیں وہاں bridge کے نہ ہونے سے عوام کو بہت تکلیف ہے۔ سندھ میں جس قدر برانچ لائنیں ہیں وہ سب کچی ہیں۔ اس سے مسافروں پر اتنی مٹی پڑتی ہے کہ مسافر پہچانا نہیں جاتا۔ اس کو پکا کیا جائے۔ بہت سے ایسے سٹیشن آپ دیکھیں گے جہاں مسافر خانے تو ایک طرف سر چھپانے کو شیڈ تک نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ پینے کے پانی کی عام شکایت ہے۔ ایک چیز اور ہے حیدرآباد سے روہڑی تک کوئی ڈائرکٹ ٹرین نہیں ہے۔ اس سے مسافروں کو بے حد تکلیف ہے۔ حیدرآباد سے روہڑی تک کسی ڈائرکٹ ٹرین کا انتظام کیا جائے۔

آخر میں عرض ہے ہمارے ایک معزز ممبر صاحب نے آپوزیشن پر ایسے حملے کئے تھے جو سب کو ناگوار گزرے۔ میں عرض کروں گا کہ آپوزیشن کی وجہ سے ہی اس ہاؤس کا وقار ہے کیونکہ آپوزیشن صحیح تعمیری تنقید کیا کرتی ہے۔ (حزب اختلاف کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)

ماسٹر خان گل (کوہاٹ۔۲) جناب سپیکر۔ ریلوے بجٹ کے سلسلے میں میرے نزدیک اس میں خامیاں ہیں اور جہاں تک اور ممبران کا تعلق ہے انہوں نے اچھائیاں بیان کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ مبارک بادوں کی بھی کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔ میں اور کچھ نہیں کہوں گا صرف اتنا کہوں گا کہ ریلوے منسٹر نے بعض تلخ ملامتوں کو جس حوصلے سے سنا ہے وہ قابل تعریف ہے۔ اور وزیر کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ ایسی چیزوں کو جو تلخ ہوں سنے۔ یہ قابل مبارک باد ہے۔ اس میں شک نہیں کہ بدعنوانیاں، رشوت، وقت پر گاڑیوں کا نہ چلنا اور نہ پہنچنا، مسافروں کی تکلیف یہ سب ٹھیک ہے مگر سوال یہ ہے کہ یہ تمام خرابیاں کیا ان کے وزیر ہونے کے بعد پیدا ہوئی ہیں یا اس سے پہلے بھی تھیں۔

اب میں ایک چیز آپ کو بتلادوں کہ جس ماحول سے سرفراز صاحب گذرے ہیں ہمیں اس کو بھولنا نہیں چاہئے۔ ماضی میں پندرہ سال تک ملک

کے ساتھ جو سلوک اور ظلم ہوا اس کو وہ بھول کر یک دم عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے دور میں چلے جاتے ہیں اور تقریریں کرنے لگتے ہیں ۔ جو وزیر اچھا کام کریں ان کا حوصلہ بڑھائیں کیوں کہ یہ بے بس وزیر ہیں۔انہیں اختیارات تک نہیں ہیں(قہقہہ) یہی غنیمت ہے کہ یہ کچھ تو کرتے ہیں ۔ ملک قادر بخش صاحب اگر ہمارے بنچوں پر بیٹھے ہوتے تو انہیں زیادہ معلوم ہوتا کہ کیا تکالیف ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ تنقید کریں ، خرابیاں بیان کریں ۔ وہ جمہوریت کے علم بردار کہ جنہوں نے ۱۹۵۸ تک رشوتوں کا بازار گرم کیا ہوا تھا تو یہ سب ان کی پھیلائی ہوئی خرابیاں ہیں جو اس حکومت کو ورثہ میں ملی ہیں ۔ اس لئے ہمیں انصاف سے دیکھنا چاہئے کہ عبدالوحید خاں کے آنے کے بعد یہ خرابیاں پیدا ہوئی ہیں یا پہلے سے چلی آرہی ہیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہم یہاں امریکہ اور لندن کی باتیں سنتے ہیں ۔ دو پیسے تو کما نہیں سکتے لیکن لاکھوں روپیہ خرچ کرتے ہیں ۔ افسروں کا بڑا طبقہ امریکہ اور لندن کے سوا اور کوئی بات ہی نہیں کرتا ۔ وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہمارے ملک میں ایک آدمی پانچ پیسے سے زیادہ نہیں کماتا ۔ اس لئے یہ کتنا بڑا ظلم ہو رہا ہے۔ پاکستان کی عوامی زندگی اس بوجھ کو کیسے برداشت کر سکتی ہے۔ جو یہاں کے افسران چار چار ہزار روپیہ تنخواہ لیتے ہیں۔ ان میں سے جو اپنے آپ کو ملک کا دوست سمجھتے ہیں ان کو چاہئے کہ وہ اپنی آئندہ نسلوں کو دیکھیں۔ وہ خود تو اتنی بڑی بڑی تنخواہیں لے کر عیش کر رہے ہیں ، مزے کر رہے ہیں ۔ لیکن ان کی نسلوں پر جو مصیبت آنے والی ہے اس کے متعلق بھی سوچیں کہ کیا ہوگا ۔ میری تو دعا ہے خدا ان وزیروں کو ایسے افسروں سے بچائے ۔ ایسا نہ ہو کہ یہ بھی کہیں ان کی طرح برائیوں میں پڑ کر رشوت کھانے لگ جائیں ۔ اگر یہ بچ جائیں گے تو یہ ہماری سب سے بڑی خوش قسمتی ہوگی ۔ آپ ان وزیروں کی تعریف بھی کریں اور برائی بھی کریں ۔

میر نبی بخش خاں زہری ۔ جناب سپیکر ۔ معلوم ہوتا ہے ماسٹر صاحب وزیر صاحب سے مل کر آئے ہیں ۔

ماسٹر خان گل ۔ زہری صاحب ۔ آپ تو سپیکر صاحب پر چڑھ رہے ہیں اس طرح قطع کلام کرنے اور تقریر کے دوران میں بولنے کی آپ کو یہ کیا بیماری ہے ۔ آپ بیٹھ جائیں ۔

میر نبی بخش خاں زہری - ہم کوئی قطع کلامی نہیں کرتے -

مسٹر سپیکر - مسٹر زہری - آپ بیٹھ جائیں اور انہیں تقریر کرنے دیں - .

چودھری عبدالرحیم - آپ نے جس طرح ان کو کہا ہے - بیٹھ جاؤ کیا یہ طریقہ درست ہے -

ملک سرفراز خاں - پوائنٹ آف آرڈر - آنہوں نے کہا ہے کہ زہری صاحب سپیکر صاحب پر چڑھ گئے ہیں ؟

میرنبی بخش خاں زہری - مجھ میں یہ جرات نہیں -

Mr. Speaker: He means something else. I agree with Master Khan Gul that Mr. Zehri should not interrupt like this.

ماسٹر خان گل - جناب والا- میں یہ عرض کر رہا تھا کہ موجودہ بجٹ میں چند ایک خوبیاں بھی ہیں - اور وہ یہ کہ ریلوے کے غریب ملازمین کے کوارٹروں کی توسیع اور تنخواہ میں ترقی کر رہے ہیں - یہ بڑی اچھی بات ہے - کرایہ ریل غریب عوام پر نہیں بڑھا - ہم ساری چیزیں اچھی طرح جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں - اس کے ساتھ ہی جو کوتاہیاں بیان کی گئی ہیں آئندہ ان کا علاج کریں - اس سلسلہ میں میں نے ریلوے منسٹر صاحب کو پشاور میں دیکھا ہے آنہوں نے سٹیشن پر جا کر وہاں کا انتظام دیکھا - پھر کھانے کو دیکھا اس سے پہلے کبھی کسی وزیر کو توفیق نہیں ہوئی کہ وہ ایسا کرے - (ہئیر ہئیر)

بہر حال یہ جو چیزیں چل رہی ہیں اور جو ہو چکی ہیں اُن سب کو بھول جاؤ - کیوں کہ سب لوگ فرشتے تو نہیں ہیں - میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ صرف ریلوے کا محکمہ اچھا نہیں ہے کیوں کہ جس محکمہ کو دیکھو '' ایں خانہ ہمہ آفتاب است '' - کیوں کہ اس چار سال کے عرصہ مارشل لا میں سب افسران بے لگام ہوگئے ہیں - ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں - میں تو یہ کہوں گا کہ جب تک انتظامیہ پر اس ایوان کی بالا دستی نہ ہوگی یہ افسران ٹھیک نہیں ہو سکتے -

آخری بات میں یہ عرض کروں گا کہ میرا ضلع کوہاٹ سب سے غریب علاقہ ہے ۔ جدون صاحب نے فرمایا ہے کہ اٹک سے آس پار علاقہ کا کوئی پوچھنے والا ہی نہیں ۔ میرے علاقے میں نمک کی کانیں ہیں ۔ لیکن وہاں کی چیزیں دوسری جگہ جا کر بکتی ہیں ۔ جو لوگ ہمارا نمک کھاتے ہیں وہ ہمارے نمک خوار ہیں ۔ ہم چاہتے ہیں وہ نمک حلال ہوں ۔ وزیر ریلوے سے ہماری درخواست ہے کہ وہ بنوں سے لتمبر تک اور کوہاٹ سے جٹہ اسماعیل خیل تک چھوٹی پٹڑی بچھا دیں ۔ ضلع پشاور میں میوہ بہت ہوتا ہے جس میں سے بہت سا میوہ ضائع ہو جاتا ہے ۔ چنانچہ ریلوے لائن سے بے حد فائدہ ہوگا ۔ اس کے علاوہ نوشہرہ میں کولڈ سٹوریج نہ ہونے کی وجہ سے بہت تکلیف ہے ۔ میں وزیر ریلوے سے التجا کروں گا کہ وہ وہاں کولڈ سٹوریج کا انتظام کریں ۔ اگر تاروجبہ اور ناصر پور میں کولڈ سٹوریج بنائے جائیں تو وہاں کے زمینداروں کو بہت فائدہ ہوگا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اٹک کے اس پار گیٹ پر رات کے وقت چوکیدار نہیں ہوتا ۔ البتہ اس پار ہوتا ہے ۔ اس کا بھی خیال رکھیں ۔ یہ دونوں باتیں جائز ہیں ۔ ان کو نوٹ کر لیں اور اس علاقہ کی جائز تکالیف کو امید ہے آپ آئندہ سال میں دور کرنے کی کوشش کریں گے ۔

راجہ غلام سرور ۔ (راولپنڈی ۔۲) جناب والا ۔ میں اس پس ماندہ علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں جو ریلوے کے نام سے بھی واقف نہیں ۔ وہاں ۵۰ فیصد لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ریلوے ٹرین نہیں دیکھی ۔ میں اس بجٹ کے متعلق کچھ زیادہ عرض نہیں کر سکتا کیوں کہ مجھے بھی ریل میں سفر کرنے کا بہت کم موقع ملا ہے ۔ جب سے ریلوے کا محکمہ صوبائی سطح پر آیا ہے میں بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ بڑی جانفشانی سے کام ہوا ہے ۔ جو سہولتیں انہوں نے عوام کے لئے رکھی ہیں ان کے لئے میں وزیر صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کی وساطت سے پچھلے سیشن میں میں نے عرض کیا تھا کہ ہمارے علاقہ میں پنڈی سے مری کہوٹہ تک براستہ میدانی علاقہ ایک ریلوے لائن بچھائی جائے ۔ جیسا کہ شملہ میں ریل جاتی ہے مری میں کیوں نہیں جا سکتی ۔ اس کے بعد میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان اور محترم وزیر صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ آئندہ بجٹ میں وہاں کے لوگوں کے لئے کوئی رقم رکھیں تاکہ ہم ریلوے کے سفر سے محروم نہ رہیں ۔

ایک اور خاص بات عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آج تک ہمارے علاقہ مری اور کہوٹہ کا کوئی آدمی ریلوے میں ملازم نہیں ہوا ۔ اگر اس علاقہ کے مزدوروں کے لئے جن کا ذریعہ معاش اور کوئی نہیں، اتنے بڑے اداروں میں ملازمت نہ مل سکے تو پھر ہمارے لئے زندگی گذارنی بڑی مشکل ہو جائے گی ۔ اگر ان کی ملازمت کے لئے گنجائش نکل سکے تو اس سے ہمارے علاقہ کے لوگوں کو بڑا فائدہ ہوگا ۔ ریلوے لائن نہ ہونے کی وجہ سے سبزی وغیرہ کی قیمت مارکیٹ میں جا کر دگنی ہوجاتی ہے ۔ اس لئے میں پھر گذارش کروں گا کہ ہمارے لئے ریل کی سہولتیں فراہم کریں اور ہم پر نوازش کریں ۔ کیوں کہ دس سال کے بعد انقلابی حکومت نے کوہستانی علاقہ کو ترقی دینے کی کوشش کی ۔ اور ہمارے صدر صاحب اور گورنر امیر محمد خان صاحب نے ہمارے علاقہ کو پاکستان کا حصہ تصور کیا ہے ۔ میں حکومت کا اور خاص طور پر آن وزیر صاحب کا بے حد مشکور ہوں کہ جنہوں نے ہمارے علاقہ کی طرف توجہ دی ہے اور ہم غریبوں کے علاقہ کو پس ماندہ خیال کیا ہے ۔ اور اسی طرح جناب عبدالوحید خان سے بھی گذارش کرونگا ۔ اور دوسرے وزراء صاحبان کی خدمت میں بھی درخواست کرونگا کہ نہ صرف یہ کہ آپ مال روڈ کو دیکھیں بلکہ اس کوہستانی علاقے اور اس کے گرد و نواح کے علاقے کو بھی نظر میں رکھیں اور اس پر مہربانی کر کے اسے بھی ان نعمتوں سے نوازیں ۔

چودھری محمد انور (پارلیمنٹری سیکرٹری)۔ جناب والا۔ آئندہ سال کے لئے جو ریلوے بجٹ پیش کیا گیا ہے وہ صرف اس وجہ سے ہی قابل ستائش نہیں ہے کہ یہ ایک فاضل بجٹ ہے بلکہ اس لئے بھی ہے کہ اس کے ذریعے عوامی ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش کیگئی ہے ۔ اس مقننہ ہی کی نہیں بلکہ اس صوبے کی تاریخ میں جب پہلی مرتبہ بجٹ پیش کیا گیا تھا تو اس وقت ہم نے عوامی ضروریات اور جو جو تکلیفات پیش کیں، اسکے پیش نظر بہت سی ضروریات اور خاص طور پر مسافروں کی سہولتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے موجودہ بجٹ میں کافی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اور جناب والا۔ اگر بجٹ پر ایک سر سری نظر ڈالی جائے ۔ تو معلوم ہوگا کہ اس میں متوقع آمدنی اکیاون کروڑ اور خرچ تینتالیس کروڑ روپے دکھایا گیا ہے ۔ اور اسکا خالص منافع تین کروڑ کے قریب ہے ۔ اور

گذشتہ سال کے مقابلے میں اڑتالیس کروڑ روپے کی بجائے امسال اکیاون کروڑ روپے کی آمدنی بہت حوصلہ افزا ہے ۔ خاص طور پراس امر کے باوجود کہ ان ایام میں اس سیکٹر میں کافی روڈ competition ہے ۔ جس سے کہ آمدنی میں فرق پڑنا چاہئے تھا ۔ لیکن بجٹ کی آمدنی میں اضافہ متذکرہ حقائق کے پیش نظر اور بھی قابل ستائش ہے ۔ جہاں تک اخراجات کا تعلق ہے وہ امسال تینتالیس کروڑ اکیاون لاکھ روپے ہیں ۔ جس میں مسافروں کی سہولتوں کے لئے پچھلے سال سے دگنی رقم مہیا کی گئی ہے ۔ اسی طرح سٹاف ویلیفیئر فنڈ میں گذشتہ سال سڑسٹھ لاکھ روپے رکھے گئے تھے ۔ لیکن امسال ایک کروڑ رکھے گئے ہیں ۔ یعنی اس میں بھی اضافہ کیا گیا ہے ۔ کوئٹہ میں پچاس بستروں کا اضافہ، راولپنڈی میں ایک سو بیس بستروں کا اضافہ اور فورتھ کلاس کے ملازمین کے لئے چار سو پچپن کوارٹرز کی تعمیر اور اسی طرح تھرڈ کلاس کے ملازمین کے لئے ایک سو پچپن کوارٹرز کی تعمیر ایسے امور ہیں کہ انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ اور یہ اقدامات واقعی قابل ستائش ہیں ۔ اسکے علاوہ موجودہ بجٹ کے جائزہ سے پتہ چلتا ہے کہ گذشتہ سال کے بجٹ میں جو رقوم مختلف مدات کیلئے مخصوص کی گئی تھیں وہ تمام کی تمام ان مدات پر صرف ہوئیں ۔ اور ترمیمی بجٹ کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ کچھ رقوم زیادہ بھی خرچ ہوئیں ۔ یعنی سٹاف ویلفیئر فنڈ میں آٹھ لاکھ روپے زیادہ خرچ ہوئے ۔ اس سے ریلوے کے محکمے کی مستعدی اور کارکردگی کا بھی اندازہ ہو سکتا ہے ۔ کہ وہ مخصوص شدہ رقوم ویسے ہی نہیں پڑی رہیں ۔ اور Lapse نہیں ہوئیں بلکہ صرف ہوئیں ۔ اور عوام کی سہولتوں پر صرف ہوئی ہیں ۔ اسکے علاوہ جناب ایک اور حوصلہ افزا بات جو اس بجٹ میں ہے وہ یہ ہے کہ Depreciation Reserve Fund قائم کیا گیا ہے ۔ اور اسے بڑھایا گیا ہے ۔ یعنی چہ جائیکہ پچھلے سال اس فنڈ میں ایک پیسہ بھی نہیں تھا ۔ ایک سال کے بعد ایک کروڑ ستتر لاکھ ہو گیا ہے ۔ اور انشاءاللہ آئندہ سال چار کروڑ ستاسی لاکھ روپے ہو جائیگا ۔ جو کہ نہایت ہی حوصلہ افزا Figures ہیں ۔

وزیر ریلوے نے اپنی بجٹ تقریر میں جن جن توقعات کی طرف ہاؤس کی توجہ مبذول کرائی ہے وہ بھی نہایت ہی حوصلہ افزا ہیں ۔ مثلاً لاہور سے لالہ موسٰی کے درمیانی پچھتر میل کے فاصلہ کے لئے تیز رفتار گاڑیوں کا چلانا عوام کے لئے نہایت ہی منفعت بخش ثابت ہو گا ۔ اسی طرح مغلپورہ میں

ریلوے Bogies کا بنانا اور دو Bogies کا کام بھی شروع کر دینا یہ بھی حوصلہ افزا امر ہے۔ اسی طرح ریلوے منسٹر صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ گذشتہ سال اڑتیس نئی ٹرینیں چلائی گئی ہیں۔ یہ بھی نہایت ہی حوصلہ افزا امر ہے۔

جناب والا۔ یہ اعتراض کیا گیا تھا کہ ریلوے ایک کمرشل ادارہ بن گیا ہے اور اسے عوامی ادارہ ہونا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسے عوامی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک تجارتی ادارہ بھی ہونا چاہئے۔ کیونکہ اگر ایسا نہ ہو تو سرکاری خزانے پر اسکا بوجھ آ پڑیگا۔ محکمہ ریلوے ایک ایسا ادارہ ہونا چاہئے کہ جو خود کفیل ہو اور سرکاری خزانہ پر بوجھ نہ بنے۔

جناب والا۔ اسکے علاوہ یہ اعتراض بھی کیا گیا تھا کہ مال برداری کی شرح بڑھا دی گئی ہے۔ اس ضمن میں یہ گذارش کرونگا کہ جب ہم مطالبات کرتے ہیں کہ ہمیں کوار دئیے جائیں۔ اور دیگر آسائشیں بھی مانگتے ہیں تو ان سب مطالبات کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کوئی نہ کوئی ذرائع آمدنی بھی تلاش کئے جائیں۔ تو اس لئے مسافروں کے کرائے بڑھانے کی بجائے مال اسباب کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

جناب والا۔ اب ایک منٹ میں مختصر طور پر میں، اپنے علاقے کے مطالبات پیش کرونگا۔ جنکے متعلق میں نے پچھلے سیشن میں بھی کچھ عرض کیا تھا۔ میں مشکور ہوں، کہ میں نے پچھلے سال ریلوے بجٹ کے دوران جو مطالبہ کیا تھا کہ وزیر آباد جی ٹی روڈ پر ایک Over-bridge بنا دی جائے اور اسکے لئے پروویژن کر دی گئی ہے۔ اسکے لئے میں اہالیان گوجرانوالہ کی طرف سے بھی ریلوے منسٹر صاحب کا مشکور ہوں۔

جناب والا۔ میں نے گذشتہ سیشن میں یہ بھی عرض کی تھی کہ گوجرانوالہ میں تین لیول کراسنگ ہیں۔ جسکی وجہ سے ہسپتال اور شہر ایک طرف ہے اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز دوسری طرف ہیں۔ اور وہاں ہسپتال بھی دوسری طرف ہے۔ جس سے عوام کو آنے جانے میں بہت سی دقتیں اور دشواریاں ہیں۔ کم از کم یہاں پر ایک Over-bridge

بنانے کی پروویژن کر دی جائے ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

سردار محمد رمضان خاں دریشک۔ (ڈیرہ غازی خان۔) جناب والا۔ میں وزیر ریلوے کو ایک اچھا اور متوازن میزانیہ پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں ۔ اور خوشی اس بات کی ہے کہ اس بجٹ میں ڈیرہ غازی خاں جیسے پسماندہ علاقے کو بھی ذہن میں رکھ کر وہاں ریلوے کے اجرا کے لئے رقم فراہم کی گئی ہے ۔

عالی جاہ۔ یہ وہ بد نصیب ضلع ہے جو اپنی بیشمار وسعتوں کے باوجود بھی ترقی کے راستوں سے کوسوں دور ہے ۔ یہاں ۸۰% لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ریل کا نام تو شاید سنا ہو ۔ لیکن غالباً انہوں نے ریل دیکھی تک نہیں ۔ اور دیگر ترقیاتی چیزیں مثلاً فیکٹریاں وغیرہ تو وہ وہاں ہمارے علم ہی میں نہیں ہیں۔

جناب والا۔ سن ۱۹۲۳ء میں اس قسم کا ایک منصوبہ بناتھا کہ ڈی۔ جی ۔ خان میں ریل چلائی جائے ۔ لیکن وہ نامعلوم وجوہات کے تحت ختم کر دیگئی ۔ اور اسی طرح کئی بار ایسے منصوبے بنے اور ختم ہوئے ۔ آج سے آٹھ برس قبل ایسا منصوبہ پھر بنایا گیا کہ جس پر ساڑھے ستاون لاکھ روپے خرچ بھی کئے گئے ۔ اور جس پر Earth work بھی سو میل تک کیا گیا ۔ لیکن وہ ویسے ہی بے کار پڑا ہوا ہے ۔ اور اسے ضائع کیا جا رہا ہے۔ اب امید ہے کہ اس منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائیگا ۔ اور جو کام ہوا پڑا ہے۔ اس پر مزید کام کیا جائیگا ۔

علاوہ ازیں کئی حضرات نے اپنی تقریروں میں اس خیال کا اظہار کیا ہے ۔ کہ ہمارے پاکستان کی مین لائین بھارت کی سرحد کے ساتھ ساتھ جاتی ہیں ۔ تو یہ ٹھیک ہے ۔ بھارت پاکستان کا کوئی خیر خواہ تو نہیں ہے ۔ اور وہ ملک کشمیر کے فیصلے پر بھی تنگ کرتا ہے ۔ ایسی حالت میں بھارت سے اپنی دفاعی طاقت بھی کم نہیں ہے ۔ ایک دفاعی تدبیر یہ ہے کہ ڈیرہ غازی خاں محفوظ ترین علاقہ ہے اور اسمیں ریلوے کے آ جانے سے نہ صرف ان لوگونکی دلداری ہو گی بلکہ ملک کی دفاعی مشکل بھی دور ہو جائے گی ۔ اور ڈیرہ غازی خاں کے عوام سے استفادہ حاصل کرنیکا موقع ملیگا ۔ میں پھر غور کے بعد ایک بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایسی ہی لائن کوٹ ادو تک لائی جائے ۔

حاجی میر خدا بخش تالپور - (تھرپارکر - ۲) (سندھی) مسٹر سپیکر۔ عرض یہ ہے میں جناب وزیر برائے ریلوے کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے صوبے کے چھوٹے یونٹوں کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اسکیموں کے لئے رقم بجٹ میں مخصوص کی ہے۔ لیکن میں اس سلسلے میں کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ جو ضروری ہیں۔

۱--ہمارے ہاں حیدر آباد سے چھوٹی ریلوے لائین آتی ہے۔ بڑی لائین کرنے کے لئے سروے کیا جارہا ہے اور ہمیں معلوم ہوا ہے کہ یہ چھوٹی لائین مشرقی پاکستان کو روانہ کی جارہی ہے۔ ہمارے لئے میر پور خاص سے جیمس آباد ڈگڑی ٹنڈ و جان محمد تک اور جھڈو سے پتھورو تک لائین سروے کرایا جائے۔ اور بڑی لائین مہیا کی جائے۔ کیونکہ ہمارے یہاں چینی کا واحد کارخانہ صرف ٹنڈو محمد خان میں ہے۔ اس کارخانہ کیلئے جو گنا باہر سے آتا ہے اسے ریل کے چھوٹے ڈبوں سے اتار کر بڑے ڈبوں میں لادنا پڑتا ہے۔ ایسا کرنے سے جو تاخیر پیش آتی ہے وہ گنے کے سوکھنے کا باعث بنتی ہے۔

۲ — مغربی پاکستان میں مندرجہ بالا چھوٹی ریلوے لائین نارتھ ویسٹرن ریلوے کے نام سے پکاری جاتی ہے۔ اس لائین پر ٹنڈو جان محمد جیمس آباد جھڈو اور پتھورو کے شہروں میں بجلی ہے لیکن ان شہروں کے سٹیشنوں کو بجلی نہیں دی گئی ہے جو کہ مہیا کی جانی چاہیئے۔

۳ — میر پور خاص میں میرواہ روڈ کی جو چونگی ہے وہ ریلوے گیٹ کے ساتھ ہے۔ یہی گیٹ عوام کی آمد و رفت میں بڑی رکاوٹ ڈال رہا ہے اور عوام کو بہت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے عوام کی سہولت کے لئے اس گیٹ پر پل بنایا جائے۔

۴ — پاکستان بننے سے پیشتر جودھپور ریلوے کے ملازمین کی سروس وغیرہ جودھپور میں شمار کی جاتی تھی۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد جن ملازمین نے لکھ کر دیا کہ ہم پاکستان میں نوکری کریں گے اور وہ نوکری کر رہے ہیں لیکن ان کی گذشتہ سروس شمار نہیں کی جا رہی ہے۔ کیونکہ جودھپور ریلوے کے سروس ریکارڈ گم ہیں۔ یہ ملازمین جناب وزیر برائے ریلوے کے انصاف حاصل کرنے کے منتظر ہیں۔

۵ — برانچ ریلوے لائین پر جو جیمس آباد سے جھڈو ہو کر پتھورو تک جاتی ہے جو ریل گاڑیاں چلتی ہیں۔ ان میں ڈبے انتہائی خستہ حالت

میں ہوتے ہیں ۔ ان کو ہٹا کر ان کی جگہ نئے ڈبے لگائے جائیں ۔ اس کے علاوہ ریل کے ڈبوں میں پانی اور بجلی کا بندوبست بھی خاطر خواہ نہیں ہے اسے بھی بہتر بنایا جائے ۔

میں یہ الفاظ کہہ کر اپنی جگہ لیتا ہوں ۔

میر الٰہی بخش (خیر پور-۲)۔ جناب میں آپ کی وساطت سے جناب ریلوے وزیر کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن اسکے ساتھ یہ بات عرض کرتا ہوں کہ ہمارے سابق صوبہ سندھ کو ڈویلپمنٹ اور ریلوے لائن کے لحاظ سے نظر انداز کیا گیا ہے یہ بڑے افسوس کی بات ہے ۔ جناب والا۔ میں گذارش کرونگا کہ میری کچھ ضروری باتیں ہیں انکو دھیان میں لایا جائے ۔ میں سابق خیر پور سٹیٹ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ یہاں پر خیر پور سٹیٹ نے کچھ اسکیمیں بنا کر گورنمنٹ کو بھیجیں کہ یہاں پر ریلوے لائن بنائی جائے اگر ان پر عمل کیا جاتا تو وہاں لاکھوں انسان آباد ہو جاتے اور کروڑوں روپے کا بجٹ میں اضافہ ہو جاتا ۔ ہمارے علاقے سابق سندھ میں ٹرینوں کے کچھ ٹائمنگ ایسے ہیں کہ ٹرینوں کا ۱۲ - ۱۲ گھنٹے انتظار کرنا پڑتا ہے ۔ لہذا ٹائم ٹھیک کیا جائے ۔ اس سے پہلے ریلوے منسٹر صاحب اور ریلوے اتھاریٹیز سے عرض کیا گیا ہے۔ ہماری لوکل ٹرینیں جو اسوقت چل رہی ہیں وہ اسقدر ناقص ہیں کہ ان پر سفر کرنے کے بعد لازم ہو جاتا ہے کہ ڈاکٹری معائنہ کرایا جائے ۔ اسلئے بہتر ہوگا کہ وہاں ریل کاریں چلائی جائیں ۔

اسکے بعد جناب والا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ریلوے منسٹر صاحب جب خیر پور دورے پر تشریف لیگئے تھے تو انہوں نے خود دیکھا تھا کہ وہاں ریلوے کراسنگ نہیں ہے ۔ اگر تھوڑے سے پیسوں میں پل بنا دیا جائے تو ٹریفک اچھی طرح وہاں چل سکتا ہے ۔

جناب والا۔ اب میں آخر میں یہ عرض کرونگا کہ کہ خیر پور ڈویژن میں reservation office کھولا جائے اور یہ بہت ضروری ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ میرے suggestions پر اچھی طرح غور کیا جائیگا ۔

مسٹر محمد اکبر خاں (پشاور ایجنسی) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے باری دی ہے۔

مسٹر سپیکر - مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ کو بہت دیر میں باری دی ہے۔ بہر حال میں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ میں سب کو باری دونگا۔

مسٹر محمد اکبر خاں - میں ریلوے وزیر صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے یہ بجٹ پیش کیا ہے۔ لیکن بد قسمتی سے اسمیں ڈیرہ اسمعیل خاں کیلئے کچھ نہیں ہے۔ میرے کچھ دوستوں نے ڈیرہ اسمعیل خاں کے متعلق کہا ہے کہ وہ بہت پسماندہ ضلع ہے اور وہاں پر نہ ریلوے ہے نہ کارخانے ہیں اور وہاں ابھی تک کچھ نہیں ہے۔ اسلئے میں ریلوے منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ وہ ایک پسماندہ علاقہ ہے اور اسکی طرف خاص توجہ فرمائیں۔

چودھری محمد علی (بہاولنگر-۲)۔ جناب - میں ذاتی طور پر اسے عوامی بجٹ سمجھتا ہوں - جناب والا۔ میں اپنے معزز وزیر اور باقی احباب کو جنہوں نے اسمیں حصہ لیا مبارکباد پیش کرتا ہوں - جناب والا۔ میں اس میزانیہ کے متعلق کچھ عرض کرونگا جسکا عوام سے تعلق ہے۔ میرے خیال میں یہ ایک الگ بات ہے کہ لوگ اسکی مخالفت برائے مخالفت کرتے ہیں - یہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے۔ وہ اپنے آپکا محاسبہ کرنے سے قاصر ہیں - وہ اپنی آنکھ کا شہتیر تو دیکھتے نہیں لیکن دوسروں کی آنکھ کا تنکا دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جناب والا۔ میں چند گذارشات اپنے علاقے کے متعلق وزیر صاحب کے گوش گذار کرتا ہوں - بہاولپور برانچ لائین کے علاقے نہایت پس ماندہ علاقے ہیں - صحرائی اور چولستانی - ریلوے نے ہمیں خاص سہولتیں بہم نہیں پہنچائیں - پرانی گاڑیاں جو یہاں سے Condemn ہو کر جاتی ہیں وہ وہاں چلا رہے ہیں - اگر کسی کا دروازہ ہے تو کھڑکی نہیں ہوتی -

مسٹر سپیکر۔ اپنا last point کہہ دیں۔

چودھری محمد علی۔ ٹائم جو ہے وہ نہایت غیر موزوں ہے۔ ایک گاڑی جو بہاولنگر سے ساڑھے چھ بجے شام چلتی ہے وہ ساٹھ میل کا سفر آٹھ گھنٹوں میں طے کرتی ہے۔ دوسرے خالی ویگنوں کی ہمیں نہایت تکلیف ہے۔

خان احمد خاں (لائلپور-۴) جناب والا - معزز ریلوے منسٹر صاحب نے جو بجٹ پیش کیا ہے یہ پہلا عوامی بجٹ ہے اور اس میں عوام کی سہولیات کے لئے بہت کچھ رکھا گیا ہے۔ اس وجہ سے تقریباً تمام ہاؤس نے انکو مبارکباد

پیش کی ہے۔ میں بھی مبارکباد اسوقت دونگا جبکہ ہماری برانچ لائین کی مشکلات وہ حل کر دیں گے۔

مسٹر سپیکر۔ اس کے بعد کوئی تقریر نہیں ہے۔ جو معزز ممبران بولنا چاہتے تھے وہ سب بول چکے ہیں۔ یہ میرا وعدہ تھا جو معزز ممبران بولنا چاہیں گے ان سب کو موقعہ دوں گا۔

خان احمد خاں۔ ہماری برانچ لائین کی مشکلات حل کر دیں اور ساتھ ہی حضور والا۔ سینکڑوں مسافروں کی دعائیں بھی وہ حاصل کریں۔ میں اپنی برانچ لائین کے متعلق جو واقعات ہیں وہ میں منسٹر صاحب کو پیش کرتا ہوں۔ ہماری لائین پر جو گاڑیاں چلتی ہیں انکے ڈبے پرانے اور خستہ حال ہوتے ہیں اور اس وجہ سے ماموں کانجن اور تاندلیانوالہ کے درمیان ایک ڈبہ کو آگ لگ گئی تھی اور چند آدمی مر گئے تھے۔ دوسرے پانی بیت الخلا میں شاذ و نادر ہی ہوتا ہے۔ کبھی کبھی فرسٹ اور سیکنڈ کلاس میں بھی پانی نہیں ملتا اور پنکھے پرانے ہونے کی وجہ سے بند رہتے ہیں۔ سٹیشنوں پر ٹھنڈا پانی نہیں ملتا۔ سٹیشنوں پر سایہ دار انتظار گاہیں نہیں۔ روشنی اور صفائی کا انتظام بہت ناقص ہے۔ گاڑیاں عام طور پر لیٹ آتی ہیں۔ پلیٹ فارم اچھے تجارتی شہروں کے سٹیشنوں پر بھی نہیں۔ ہماری برانچ لائین پر چھ سات بڑے قصبات ہیں مگر پلیٹ فارم کسی پر بھی نہیں بنا ہوا۔

مسٹر سپیکر۔ ''ہماری برانچ لائین،، یہ تو بتا دیجئے کس علاقے کی ہے؟

خان احمد خاں۔ جڑانوالہ کی۔ اب میں منسٹر صاحب کی توجہ قومی سرمایہ میں خیانت کیطرف دلاتا ہوں اور اسکی تفصیل انکو بتانا چاہتا ہوں۔ ہماری برانچ لائین پر پولیس ٹی۔ ٹی۔ ای اورگارڈ ملکر سینکڑوں مسافر بلا ٹکٹ لے جاتے ہیں اور ان سے کرایہ کی رقم وصول کرکے باہمی تقسیم کرتے ہیں۔

دوسرے ہماری برانچ لائین پر مال گاڑیوں کی بڑی مشکل پیدا ہوگئی ہے۔ ایک ایک سٹیشن پر چار چار پانچ پانچ دن مال گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں۔ کہا یہ جاتا ہے کہ انجن تیل لینے کے لئے چلے جاتے ہیں۔ انجن لاہور آ جاتا ہے اور بہانہ یہ بناتے ہیں کہ اسکی ڈیوٹی ختم ہوگئی ہے اور پانچ پانچ چھ چھ روز گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں۔ بعض بیوپاری لوگ اپنے مال کی تلاش میں سٹیشن پر پھرتے رہتے ہیں اور بد دل ہوکر ٹرکوں کیطرف رجوع

کرتے ہیں ۔ اس کے علاوہ ہمارے مقامی مطالبات ہیں ۔ اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ جڑانوالہ ریلوے لائین کا منصوبہ عرصہ سے معرض التوا میں پڑا ہوا ہے اور جنگ عظیم دوئم کے وقت یہ ریلوے لائین یہاں سے اکھاڑی گئی تھی اور اب تک اسکا کوئی منصوبہ نہیں بنایا گیا ۔ گذشتہ سال میں نے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کی تھی مگر اس بجٹ میں اسکے متعلق کوئی رقم نہیں رکھی گئی۔ نمبر ۲ ۔ سن ۴۷ سے بہت عرصہ پہلے ہمارا جڑانوالہ شہر ریلوے لائین کے دونوں طرف آباد ہے اور بہت عرصہ ہوا ایک پل بنایا تھا جو کسی طرح بھی کارآمد نہیں اور لوگ ریلوے لائین کو جب cross کرتے ہیں تو پولیس دفعہ ۳۴ میں چالان کرتی ہے ۔ اور نذرانہ لیکر نصف آدمیوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اگر وزیر صاحب سال کے اعداد و شمار جمع کرائیں تو ایک ہزار سے زیادہ چالان ثابت ہونگے ۔ تو اسکے متعلق عرض یہ ہے کہ وہ پل کسی موزوں جگہ پر لگوایا جائے ۔

Mr. Speaker : As we have not been able to complete the discussion of the Railway Budget as a whole and the Minister's reply to the debate is yet to come, as already agreed upon by the House I hereby allot under rule 94 of the Rules of Procedure the first one hour and fifteen minutes of Saturday, the 15th June, 1963, for continuation of the debate in connection with the general discussion of the Railway Budget. We have previously decided that on days on which general discussion on the Budget—Railway or General—takes place there will be no Question Hour. As I am allowing a part of 15th June, 1963, for general discussion on Railway Budget, the Question Hour in accordance with the previous decision of the House will, therefore, be dispensed with.

The position will be that the Railway Finance Minister will be replying to the general discussion on the Railway Budget for the first one hour and fifteen minutes and the remaining time will be equally divided between discussion on expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund and the discussion on demands in respect of expenditure other than New Expenditure (Railways).

Now, the House stands adjourned till 8-00 a.m. tomorrow.

(*The Assembly then adjourned till 8-00 a.m. on Saturday the* 15*th June*, 1963.)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Saturday, the 15th June, 1963.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Mr. Mubinul Haq Siddiqi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى
وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝
وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ
تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا
تَفْعَلُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ
اَنْكَاثًا تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ
هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

پ - ۱۴ س - ۱۶ ع - ۱۹ آیات - ۹۰ تا ۹۲

مسلمانو! تحقیق اللہ حکم دیتا ہے کہ انصاف کرو (سب سے) بھلائی کرو اور قرابت
داروں کے ساتھ سلوک کرو اور منع کرتا ہے بے حیائی کی باتوں سے ہر طرح کی برائیوں سے
اور ظلم و زیادتی کے کاموں سے وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ نصیحت حاصل کرو اور جب
تم آپس میں قول و قرار کیا کرو تو چاہیئے کہ اللہ کا عہد پورا کرو اور ایسا نہ کرو کہ قسمیں پکی کر کے
انہیں توڑ دو حالانکہ تم (اپنے عہد میں) اللہ کو اپنے اوپر نگہبان ٹھہرا چکے ہو یقین کرو تم جو کچھ کرتے ہو
اللہ سے پوشیدہ نہیں اس کا علم ہر بات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور دیکھو تمہاری مثال اس عورت
کی سی نہ ہو جائے جس نے بڑی محنت سے سوت کاتا پھر تانے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (اس طرح)
تم بھی اپنی قسموں کو آپس میں فساد پیدا کرنے کا ذریعہ بنانے لگو محض اس وجہ سے کہ ایک جماعت
دوسری جماعت سے بڑھ جائے۔ اللہ اس معاملے میں تمہاری آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں
تم اختلاف کر رہے ہو ضرور ایسا ہوگا کہ وہ قیامت کے دن تم پر آشکارا کر دے۔

QUESTION OF PRIVILEGE

Re-incorrect reply to Question No. 1748

مسٹر سپیکر : سردار عنایت الرحمن عباسی صاحب آج پہلے آپ کا پرولیج موشن ہے آپ اپنے پرولیج موشن کو پڑھ کر سنا دیں اور یہ بتائیں کہ یہ کیسے admissible ہے اور prima facie کیس کیا ہے ؟

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : مسٹر سپیکر میرا خیال ہے یہ ۱۱ مارچ کا میرا سوال تھا.....

مسٹر سپیکر : پہلے اپنا پرولیج موشن پڑھ کر سنا دیں -

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : مسٹر سپیکر! میں نے اپنا پرولیج موشن اس بات کے لئے دیا تھا کہ ایک سوال میں نے وزیر صحت کی خدمت میں گزشتہ سیشن میں پیش کیا تھا اور (میں نے موشن پڑھ کر بھی سنایا تھا) میرا سوال یہ تھا کہ ''کیا وزیر صحت و بنیادی جمہوریت یہ بیان کریں گے .....

خواجہ محمد صفدر : معزز ممبر اپنا پرولیج موشن پڑھ کر کیوں نہیں سناتے -

مسٹر سپیکر : وہ کہتے ہیں کہ میں نے پڑھ کر سنا دیا تھا -

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : جناب والا ! میرا سوال یہ تھا کہ گورنمنٹ نے instructions جاری کی ہیں کہ آئندہ کے لئے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر صاحبان ایم - پی- اے - اور ایم - این - اے صاحبان کو ان کے علاقے کی ڈویلپمنٹ سکیموں کے متعلق brief کریں اور ڈویژنل کمشنر صاحبان سال میں ایک دفعہ اور ڈپٹی کمشنر صاحبان سال میں دو دفعہ ان کی میٹنگز call کرکے ان کو ڈویلپمنٹ کے پروگرام سے آگاہ کیا کریں گے - اس کے متعلق میں نے سوال دیا تھا کہ آیا اس قسم کی instructions گورنمنٹ نے جاری کیں ہیں اور آیا ان پر عمل درآمد ہو رہا ہے جس پر وزیر صحت صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس قسم کی کوئی instructions جاری نہیں ہوئی ہیں بلکہ صرف اتنا کہا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر صاحبان ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کے اجلاسوں کی proceedings ایم - این - اے - اور ایم - پی - اے صاحبان کو بھیجا کریں - اس کے علاوہ اور کچھ نہیں -

مسٹر سپیکر : جو آپ نے سوال کی کاپی دی ہے اس کا سوال نمبر ۱۷۴۸ ہے - اس میں جو الفاظ ہیں وہ یہ ہیں :-

The Commissioners and Deputy Commissioners have been instructed only to supply copies of the proceedings of the Divisional and District Councils to Members of the National and Provincial Assemblies.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : اس لئے جناب والا میں کہتا ہوں کہ brief کریں .....

مسٹر سپیکر : جو سوال کی کاپی آپ نے لگائی ہے میں تو اس کے متعلق کہتا ہوں ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : جناب والا ! میں اس کی Original copy کاپی پڑھ کر سناتا ہوں اور وہ میرے پاس ہے ۔ سوال یہ تھا :
''آیا یہ درست ہے کہ کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کو اس امر کی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقامی ترقیاتی امور کے سلسلے میں ان علاقوں کے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے اراکین سے مشورہ کیا کریں ۔ اگر ایسا ہو تو آیا مذکورہ ہدایات کی نقل ایوان کی میز پر رکھی جائے گی ؟ ''

مسٹر سپیکر : اطلاع دینے اور مشورہ کرنے میں بڑا فرق ہے ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : جناب والا ! اس میں ان کا جواب ملاحظہ فرمائیں ۔ جواب میں کہا گیا ہے ''نہیں ۔ ہم نے صرف یہ instructions جاری کی ہیں کہ انہیں proceedings بھجوایا کریں'' اگر اس کا یہ مطلب ہو سکتا ہے .....

مسٹر سپیکر : آگے بھی تو پڑھیں جواب میں اور بھی تفصیل دی ہوئی ہے انہوں نے خالی ''No'' تو نہیں کہا ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : انہوں نے جواب دیا ہے ''No'' اور جواب سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ ان کو صرف کارروائی کی کاپی سپلائی کی جائے گی ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان کو سال میں ایک دفعہ ڈویژنل کونسل کے اور سال میں دو دفعہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ترقیاتی پروگراموں کے متعلق brief کرنے کے لئے بلائیں ۔

مسٹر سپیکر : مطلب یہ ہے کہ ''No'' مشورے کے پوائنٹ پر کہا گیا ہے ۔ آپ اپنا پوائنٹ بتلا دیں تاکہ میں ان کی بھی سنوں :

وزیر قانون (ملک قادر بخش) : ویسے تو یہاں بال کی کھال اتاری جا سکتی ہے لیکن بال کا وجود تو ہونا چاہئے تاکہ خواجہ صفدر صاحب یا کوئی اور شریف آدمی اس کی کھال اتار سکے ۔

خواجہ محمد صفدر : میں تو وزیروں کی کھال اتارا کرتا ہوں ۔ (قہقہہ) ۔

وزیر قانون : عرض یہ ہے کہ معزز ممبر نے جو سوال پوچھا تھا وہ یہ ہے :—

"Whether it is a fact that Commissioners and Deputy Commissioners have been instructed to consult the Members of the National and Provincial Assemblies."

اس کے جواب میں کہ کوئی ہدایات یا کوئی حکم ڈویژنل کونسل یا ڈسٹرکٹ کونسل کو دیا گیا ہو کہ وہ ڈیویلپمنٹ کے کاموں میں نیشنل اسمبلی یا پراونشل اسمبلی کے ممبران کو consult کریں وزیر نے کہا ہے "No" اگر وہ وزیر یہیں ٹھہر جاتے تو جواب ٹھیک تھا ۔

But for further satisfaction of the House and the member, my brother in the Cabinet, gave further information and I give him credit for that.

وہ مزید کہتے ہیں کہ "نہیں !—— کوئی ایسی ہدایات نہیں دی گئی ہیں کہ consult کریں ۔"

He goes further and says :—

"The Commissioners and Deputy Commissioners have been instructed only to supply copies of Proceedings of Divisional and District Councils. . . . . ."

سردار عنایت الرحمٰن خاں عباسی : پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے واجب الاحترام بزرگ الفاظ کی ہیرا پھیری کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Please withdraw the word "Hera pheri"

سردار عنایت الرحمٰن خاں عباسی : میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں ۔ لیکن یہ کہوں گا کہ جزو (الف) میں یہ چیز موجود ہے کہ . . . .

مسٹر سپیکر : یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ پہلے آپ ان کی بات سن لیں ۔

Minister of Law : I am coming to that.

Major Sultan Ahmad Khan : Sir, I would also like to say something.

Mr. Speaker : Not at this stage.

میجر سلطان احمد خاں : اس انسٹرکشن میں یہ درج تھا کہ ڈویژنل کونسل ۔ ڈسٹرکٹ کونسل اور تحصیل کونسل ایم ۔ این ۔ اے ۔ اور ایم ۔ پی ۔ اے صاحبان کو "inform" کریں ۔

مسٹر سپیکر : ٹھیک ہے ۔

Major Sultan Ahmad Khan : Keep them informed.

Minister of Law : You are supporting me.

Mr. Speaker : That is what the Law Minister is arguing. I think the member is supporting the Law Minister by saying this.

Minister of Law : I thank Major Sahib for that because it is the first time that he has supported me.

مسٹر اجون خاں جدون : میں گزارش کروں گا کہ جو ہدایات آپ نے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو دی ہیں وہ پڑھ کر سنائیں ۔

Minister of Law : I have to satisfy the House and it is my duty. The first question was as to consultation and the reply of the Minister was 'No', and it is correct. I take my stand on the letter of the Government.

The Minister did not stop there. He further clarified that the Commissioners and Deputy Commissioners had been instructed only to supply copies of proceedings of Divisional and District Councils to Members of the National and Provincial Assemblies and a copy of the instructions issued was placed on the table. If there may be some possibility of misunderstanding the Minister I have got here a copy of the letter of the Government that was placed here on the file. So any remotest possible idea of misconstruing the thing could not arise.

The next question was :

> "Whether it is also a fact that Divisional Councils also have been asked to apprise the M. N. As and M. P. As from their respective divisions of proceedings of their meetings".

The answer was 'Yes'.

The third question was :—

> "Whether the authorities concerned are following the said instructions, if not the reasons therefor."
> The answer was : —
> "No instances have come to the notice of the Government that the instructions are not being followed."

No complaint from any quarter has been received.

Now, Sir, I will read the instructions which were laid on the table, because that is the crux of the whole case.

وہاں آپ دیکھیں گے کہ consultation کا لفظ سارے لیٹر میں کہیں نہیں آیا ہے اور ایسا کوئی لفظ بھی آگے نہیں ہے ۔

The subject was :—

> "Association of the members of the National and Provincial Assemblies with the local development programmes."

The letter says :—

> "The members of the National Assembly of Pakistan have represented that they should be associated with the local development programes in their areas and Government is considering as to how best this can be done. In the meantime, the President of Pakistan has desired that copies of the proceedings of the Divisional and District Councils should be sent to the members of the National and Provincial Assemblies in your Division/District."

That was the reply which the Minister gave. This is a directive from the President.

سردار عنایت الرحمٰن خاں عباسی : سارے الفاظ پڑھ کر سنائیں ۔

وزیر قانون : پڑھ رہا ہوں ۔ میں کوئی لفظ چھوڑوں گا نہیں ۔

Further on the letter says :—

"He has further desired that arrangements should be made that the Commissioners of Divisions should brief the members of these Assemblies once a year and the Deputy Commissioners twice a year on the development programmes in their areas so that they are fully kept in picture about the development activities. I am to request you to please ensure that the members of these Assemblies get the proceedings of the Divisional and District Councils regularly....."

That is the last direction, that is the order which was to be given effect to. What is that :—

"I am to request you to please ensure that the members of these Assemblies get the proceedings of the Divisional and District Councils regularly and punctually in future and to see that they are fully briefed about the development programmes of their constituencies."

This letter was also placed on the table. What information was kept behind, I do not know.

Mr. Speaker : I think the word 'brief' is creating confusion. What is the meaning of the word 'brief' ?

Khan Ajoon Khan Jadoon : Members should be associated and consulted.

Minister of Law : The word 'brief' has created confusion in the mind of Mr. Abbasi and I honestly believe – I do not want to cast any aspersions on him – from this word he meant that Deputy Commissioners were bound to send for and consult members. From that I think he has drawn that inference.

Sardar Inayatur Rahman Khan Abbasi : No.

Minister of Law : No he is under that misapprehension. I would submit that if I were in his position I would have said that the word 'brief' gives an idea of consultation, but my friend says 'no' and I agree. But there was some misapprehension and I shall concede that I wrongly interpreted the letter and my friend on the other side interpreted it in a different way and both were honest in their interpretations. Daily the laws and letters are being interpreted in courts differently. Do you think that any breach of privilege or law has come in.

I think this humble Minister and my colleagues always make our best efforts. In fact we draft and redraft replies ourselves. And instead of appreciating all what we are doing we are being criticised. I hope Khawaja Sahib will support me that we are placing everything before the House, and we are doing all we can. I hope my friend will feel satisfied after my explanation.....I. assure him on the floor of this House.... (Interruptions)

Mr. Speaker : Is Mr. Abbasi withdrawing after this explanation ? (Interruption) (At this stage several Members rose to speak.)

No more discussion. Had it been a ticklish point I would have allowed discussion.

مسٹر اجون خان جدون : Ticklish point تو اسی میں ہے -

Mr. Speaker : I think the Members will be much more interested in the Railway Budget.

مسٹر عبدالرازق خان : جناب سپیکر ! اس بحث کی اجازت اس لئے دی جائے کہ ہمارے وزیر صاحبان جب کمشنروں کو کوئی آرڈر دیتے ہیں تو وہ اسے implement نہیں کرا سکتے۔ اس لئے اسمبلی میں اس معاملہ پر بحث کی ضرورت ہے ۔ اس خط پر یہ اعتراض صحیح ہے کہ کارروائی کی نقول ممبران کو جانی چاہئیں ۔ اور کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کو چاہئے کہ ممبران اسمبلی سے associate کریں ۔ نیز کمشنران اور ڈپٹی کمشنران ممبران کو brief کریں ۔ مگر ان باتوں پر عمل نہیں ہوتا ۔ جس سے احکامات کی صریحاً خلاف ورزی ہوتی ہے ۔ ہم وزرا صاحبان کی مذمت نہیں کرتے بلکہ ہم تو انہیں اختیارات دلانا چاہتے ہیں اور کمشنران کی مذمت کرتے ہیں جو ان کو اختیارات نہیں دیتے ۔

مسٹر اجون خاں جدون : جناب والا ! اس میں consultation کا لفظ آتا ہے ۔

Minister of Health, (MR. ABDUL KADIR SANJRANI) : Mr. Speaker, will you kindly allow me to speak. (Interruptions)

Minister of Railways, (MR. ABDUL WAHEED KHAN) : On a point of order. I wish to submit, Sir, that if you feel that this privilege motion is a matter which must form the subject of discussion.....

تو اب کی بجائے کسی اور دن پر اس بحث کو رکھ لیں ۔

Mr. Speaker : I am only discussing the admissibility.

وزیر ریلوے : جناب والا ! میری گذارش ہے کہ اگر آپ کے خیال میں اس کی ضرورت نہیں ہے تو آپ اپنا رولنگ دے دیں اور اگر آپ کے خیال میں بحث کی ضرورت ہے تو اسے کسی اور دن پر رکھ لیں (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Ajoon Khan Jadoon : They say that the reply is correct because the Commissioners are not required to consult the Members. I say, it is incorrect, because when they say that Members are to be briefed it means that they are to be consulted. They have never been called and the instructions have been totally ignored by the Comissioners.

Minister of Health : I would like to say something on the word 'consult'.
Mr. Speaker : I will allow the Minister to speak. . . . . .

مسٹر عبدالرازق خاں ! جناب سپیکر ! عباسی صاحب کی جو تحریک استحقاق اس ایوان میں پیش ہوئی ہے اور اس میں جو بات وہ ہمارے سامنے لائے ہیں وہ یہ ہے کہ انہوں نے ایک سوال وزیر صحت سے دریافت کیا ہے کہ آیا صدر پاکستان کے احکامات کے تحت جو ڈپٹی کمشنروں کو جاری ہوئے ہیں جن میں درج ہے کہ مختلف علاقوں میں جو ڈیویلپمنٹ ہوتی ہے اس کے متعلق

ڈپٹی کمشنران اور کمشنران ممبران کو brief کریں گے ۔ اس کے جواب میں وزیر صحت نے فرمایا ہے کہ نہیں ایسی کوئی ہدایات جاری نہیں ہوئیں صرف اتنی بات کہی کہ اجلاس کی کارروائی کی نقل بھیج دیں ۔

Parliamentary Secretary, (MR. ABDUL LATIF KHAN) : It includes the Political Agents as well. He should say, Commissioners, Deputy Commissioners and Political Agents.

مسٹر عبدالرازق خاں : جی ہاں ۔ ان میں پولیٹیکل ایجنٹ کو بھی شامل کیا جائے ۔ جو آرڈر کے اصل متن میں ہے ۔ صدر مملکت کی یہ خواہش ہے کہ ترقیاتی کاموں میں ڈویژنل کمشنر اور ڈسٹرکٹ کونسل کو چاہئے کہ مرکزی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کو شامل کریں ۔ تمام کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کو واضح طور پر احکام جاری کریں کہ وہ ان ممبران کو associate کرنے کی ہدایات دیں اور اجلاس کی کارروائی کی رپورٹ مہیا کریں نیز ان کو brief کیا جائے ۔ اس سے ممبران کا وقار قائم رہے گا ۔ ان میں پولیٹیکل ایجنٹ بھی شامل کر لئے جائیں اس کے بغیر کوئی تجاویز development کے لئے پیش نہیں کر سکیں گے ۔ یہ واضح طور پر کہا گیا ہے کہ وزرا کے احکام کی تعمیل نہیں کی جاتی ۔ کمشنر ڈکٹیٹر بنے ہوئے ہیں ۔ پولیٹیکل ایجنٹ کوئی کارروائی نہیں کرتے ۔ اگر وزرا کی یہی پوزیشن ہے تو میں ان سے مطالبہ کروں گا کہ وہ مستعفی ہو جائیں ۔

Mr. Speaker : It is a long discussion.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! مرکزی حکومت کی جانب سے جو ہدایات موضوع زیر بحث کے متعلق جاری ہوئی ہیں جن کا ذکر اس خط میں ہے جو ابھی ابھی اس معزز ایوان میں پڑھا گیا ہے اس میں ایک لفظ brief سب سے اہم ہے ۔ اس خط سے ظاہر ہے کہ نہ صرف ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسل کی کارروائی کی نقل ممبران اسمبلی کو مہیا کی جائے گی بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ ممبران سے بالمشافہ گفتگو کی جائے تاکہ ترقیاتی سکیموں کے متعلق ممبران کو بخوبی علم ہو جائے ۔ صرف کارروائی کی نقول بھیجنے سے یہ مطلب پورا نہیں ہوتا اس لئے میں نہایت ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ ان احکامات پر عمل نہیں ہو رہا ہے ۔ یہ بات بڑے لطف کی ہے کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کی instructions کے مطابق کام ہو رہا ہے ۔ مگر اس ایوان کی دونوں اطراف کے ممبران کو اتفاق ہے کہ ان ہدایات پر عمل نہیں ہو رہا ہے اور اگر ان کی interpretation کو درست تسلیم کر لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے احکام پر عمل درآمد ہو رہا ہے (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : I cannot hear so many persons at a time.

Minister of Law : On a point of order. I never expected my friend on the other side to misquote me like this.

میں نے کبھی نہیں کہا کہ اس خط کے مطابق عمل ہو رہا ہے آپ - کارروائی پڑھ لیں - My friend should withdraw these words.

خواجہ محمد صفدر : میں نہایت خوشی سے اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں - اب انہوں نے خود تسلیم کر لیا ہے کہ ان کے احکامات پر عمل نہیں ہو رہا اور اگر یہ صحیح ہے تو میں گذارش کروں گا کہ وہ استعفیٰ دے دیں - (قطع کلامیاں)

(*At this stage Mr. Ajoon Khan Jadoon rose to speak.*)

Mr. Speaker : No more discussion. Under the Rules I cannot hear the member twice.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں نے صرف یہ کہا ہے کہ انہوں نے خود تسلیم کر لیا ہے کہ ان کے احکامات پر عمل نہیں ہو رہا پھر بھی اگر انہیں ناگوار گذرا ہے تو میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں -

Mr. Speaker : Two minutes more. The member may finish his point quickly.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میری contention یہ ہے - کہ اس چٹھی میں لکھے ہوئے لفظ "Brief" کے معنی جناب وزیر صاحب نے درست طور پر نہیں سمجھے - اس لئے لازم ہے کہ وہ اپنے ماتحتوں کو مزید . . . . .

Minister of Law : On a point of privilege, Sir. I have been insulted by my friend.

مجھے امید نہیں تھی - کہ خواجہ صاحب بھی اتنے گر سکتے ہیں - میں نے کبھی نہیں کہا کہ عمل ہو رہا ہے یا عمل نہیں ہو رہا - اور وہ بار بار یہی کہہ رہے ہیں - اس سے زیادہ دنیا کے کسی ملک کے اپوزیشن لیڈر کی گراوٹ نہیں ہو سکتی - ممبر کو شرم آنی چاہئے - وہ بار بار اوپر دیکھ رہے ہیں - حیف ہے - (اوپر پریس گیلری کی طرف دیکھتے ہوئے) لکھو بھائی - (قطع کلامیاں اور شور) -

خواجہ محمد صفدر : میرے محترم دوست آج کچھ ناراض ہیں - شاید انہیں بلڈ پریشر ہے - کیونکہ جناب والا میں نے یہ نہیں کہا کہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ ہماری ہدایات پر عمل نہیں ہو رہا ہے - لیکن جو کچھ انہوں نے کہا ہے - اس سے یہ بات مترشح ہوتی ہے - کہ ان کی ہدایات پر عمل نہیں ہو رہا ہے اور میں اس بات پر اب بھی اصرار کرتا ہوں . . . . . .

Mr. Speaker : The Member is making the same point again. He may take his seat. Yes, Mr. Sanjrani.

وزیر بنیادی جمہوریت (مسٹر عبدالقادر سنجرانی) : جناب والا ! The word used is "consult" یعنی اس میں جو لفظ استعمال کیا گیا ہے ۔ وہ ہے ۔ "consult" ۔ اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ Development کی stages کون کونسی ہیں ۔ جب کبھی ڈویژنل کونسل یا ڈسٹرکٹ کونسل میں کوئی Development سکیم آتی ہے ۔ تو اسے ہاؤس کے سامنے رکھا جاتا ہے ۔ ہاؤس میں پیش ہونے کے بعد اس پر بحث ہوتی ہے ۔ تو پہلی منزل بحث کی ہوتی ہے ۔ تو اس وقت انہوں نے لکھا ہوا ہے کہ جس وقت ڈسٹرکٹ کونسل یا ڈویژنل کونسل میں کوئی سکیم آتی ہے ۔ تو ممبران صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کو consult کیا جاتا ہے ۔

That is the point which he has raised in his question, Sir.

حالانکہ ایسا نہیں ہے ۔ کیونکہ بحث والی stage پہلی stage ہے ۔ اور پہلی stage پر Development سکیم کے سلسلے میں کسی بھی M. P. A. کو consult نہیں کیا جاتا ۔ اس کے بعد دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل اور ڈویژنل کونسل بحث کے بعد جب کوئی سکیم پاس کرلیتی ہیں تو وہ ہوتی ہیں ڈسٹرکٹ یا ڈویژنل کونسل کی Proceedings . . . . . .

(قطع کلامیاں اور شور)

The proceedings of the District Council and the Divisional Council are being sent to the M. P. As.

Voices : No, no. (Interruptions)

Minister of Basic Democracies : That is the second state of the scheme Sir. Now my submission is and my reply towards that is that the proceedings of the District Councils with regard to discussion of the development schemes are being sent to the Members concerned.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : They are not being received.

Mr. Speaker : The Member should hear the Minister.

Mr. Muhammad Hanif Siddiqi : Sir the Minister is making an incorrect statement.

Minister of Basic Democracies : Sir as soon as they are discussed and the schemes are passed, then the schemes are implemented. It means the progress of the scheme. That is the third stage. Now the question is whether that progress of the scheme is being sent to the Members or they are being briefed about the progress. No Sir. I am now coming to the question Sir. The question is whether the District Councils or the Divisional Councils should consult the M. P. As about the schemes that are going to be discussed and which are going to be implemented. For that I have said that no M. P. As and no M. N. As are to be consulted and instructions are towards that Sir.

Now Sir I am coming to part (c) of Question No. 1748, which says, "Whether those concerned are following the instructions". Now this is an administration question. The question is whether the Chairmen of the District Councils and the Divisional Councils are briefing according to the instructions that have been issued by the Government and that is an administration question. If my friend has got any instance and could say Sir that the District Council of such and such District or the Divisional Council has failed to send the proceedings of the development schemes. I am prepared to look into his complaint. But so far we have not received anything in writing from any M.P.A. or from any M. N. A. that the instructions, which the Government have issued to the Chairmen of the Divisional Councils or to the District Councils, are not followed properly.

Mr. Speaker : I reserve my ruling on this point for Tuesday.

Major Sultan Ahmad Khan : On a point of order, Sir. The Minister has said that he has never received anything in writing from any M.P.A. or M.N.A. The statement made on the floor of the House is more authoritative than giving any thing in writing and it should be accepted as such.

Mr. Speaker : This is no point of order.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ میری گزارش یہ ہے ۔ کہ اپنی رولنگ دینے سے قبل برائے مہربانی مجھے موقع دیں ۔ کہ میں کچھ عرض کر سکوں . . . .

مسٹر سپیکر : آپ نے Already اس کے متعلق admissibility کے point بتا دئے ہیں ۔ اور اس پر معزز ممبران بحث کر چکے ہیں ۔

I have already given the member an opportunity.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : جناب سپیکر مجھے بولنے کا موقع تو دیں ۔

مسٹر سپیکر : آپ کو موقع دیا گیا تھا ۔ اور آپ کو سن لیا گیا ہے ۔ اور دوسرا یہ کہ کسی بھی ممبر کو دو دو مرتبہ بولنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی البتہ اگر آپ مجھے اس سلسلے میں convince کر لیں تو یقیناً آپ کو دوبارہ موقع دے دونگا ۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : اس مرتبہ تو جناب میں نے چٹھی پڑھ کر سنائی تھی ۔ اور اس کے متعلق کچھ عرض تو کیا ہی نہیں ہے ۔

راؤ خورشید علی خان : پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ وہ فرماتے ہیں کہ کسی ممبر نے کبھی کوئی شکایت ہی نہیں کی ۔ حالانکہ میں نے بذات خود باقاعدہ طور پر شکایات کے رجسٹر میں شکایت درج کی ہے ۔

Mr. Speaker : This is a side issue. This is no point of order. This we are not discussing here at the moment. The member may bring a resolution or a motion on the subject. Abbasi Sahib, has already made his points. Still if he wants to say anything more, he can come to my Chamber. Now after reserving my ruling, I cannot break the rules.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : میں تو ہاؤس کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

میر نبی بخش خان زہری : جناب سپیکر! اگر آپ ممبر صاحب کو بولنے کا موقع دے دیں تو بہتر ہوگا ۔

سردارعنایت الرحمٰن خان عباسی : گزارش ہے کہ بھلی سے آپ اپنا رولنگ نہ بدلیں ۔ لیکن مجھے تو موقع دیں ۔ کہ میں کچھ کہہ سکوں ۔

Mr. Speaker : Alright, as a special case I allow the member two minutes more.

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی :جناب والا! مجھے نہایت افسوس ہے کہ جناب وزیر صحت صاحب کا رویہ ہمارے ساتھ اور بالخصوص آن ممبران کے ساتھ جو ہماری پارٹی کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں بہت برا ہے ۔ اور ٹھیک نہیں ہے ۔ اور جناب والا ۔ اسکی وجہ یہ ہے ۔ اور آپ اس بات پر غور فرمائیں ۔ کہ جو وعدے .....

مسٹر سپیکر : آپ اپنا پوائینٹ بتائیں ۔ یہ وعدے وغیرہ Relevant نہیں ہیں ۔ آپ اپنے Privilege موشن کے متعلق فرمائیں ۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی : مجھے افسوس اس امر کا ہے کہ آج Breach of Privilege ہمارا ہوا ہے ۔ کل انکا بھی ہو سکتا ہے .....

اسلئے یہ سوالات اور انکے جوابات ہونے چاہئیں کیونکہ گورنمنٹ نے جانے Instructions تیار کی ہیں کہ نئے پروگرام کے متعلق .M.P.As کو Brief کیاجائے لیکن مجھے افسوس ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ ہمارے وزیر صاحب ہماری Prestige کا احترام کرتے اور کہتے کہ ہمیں غلط انفارمیشن ملی ہے ۔ اور غلط انفارمیشن دینے کے خلاف ہم کارروائی کریں گے ۔ جناب والا ۔ یہ رویہ ہمارے ساتھ درست نہیں ہے اور ہمارے Privilege کے خلاف ہے ۔ ہم اپنے حق کی حفاظت کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر : جی ہاں اس معاملے پر میں نے اپنی رولنگ Reserve رکھی ہے اور میں منگل کو اپنی رولنگ دونگا ۔

POINT OF ORDER

Re Invalidity of the Railway Budget.

میر عبدالباقی بلوچ (مکران-۱) : پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔

مسٹر سپیکر : کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے ۔

Mir Abdul Baqi Baluch : Sir, my point of order pertains to the Railway Budget.

جناب والا! میرا دعویٰ یہ ہے کہ یہ بجٹ جو اس ایوان میں پیش ہوا ہے اور جس پر ہم آج غور کر رہے ہیں یہ غیر قانونی بجٹ ہے اور قانونی اعتبار سے ہم اس پر غور نہیں کر سکتے اسلئے میں یہ objection raise کرتا ہوں -

Minister of Railways : This objection cannot be raisad at this stage. The budget has already been introduced, discussed and is now being wound up.

خواجہ محمد صفدر : جناب! آپ انکی سن تو لیں یہ Chapter quote کر رہے ہیں -

میر عبدالباقی بلوچ :جناب والا! آرٹیکل ۲۲۳ کانسٹی ٹیوشن کے تحت ریلوے کا محکمہ صوبوں کو منتقل ہوا ہے اور پریذیڈنٹ آف پاکستان کے آرڈر نمبر ۳۳ ۱۹۶۲ء کے تحت اس میں ریلوے بورڈ رکھا ہے -

President's Order No. 33 of 1962 regarding the transfer of railways.

"5(a) In discharging its functions, the Board shall act on business principles, due regard being paid to the interests of agriculture, industry, commerce and the general public, and shall, in particular, make proper provision for meeting out of its receipts on revenue accounts all such expenditure as is prescribed by the existing rules".

جناب والا! انہوں نے Existing Rules کے مطابق یہ بجٹ نہیں بنایا اور یہ کوئی بجٹ نہیں ہے بلکہ ایک مسودہ حسابات ہے جسے کسی طریقہ سے بھی بجٹ نہیں کہا جا سکتا - اسکے سلسلے میں میں جناب والا - سٹیٹ ریلوے کوڈ پڑھتا ہوں - یہ سٹیٹ ریلوے جنرل کوڈ جسکے تحت انہوں نے اپنے تمام حسابات بنائے ہیں اور بجٹ پیش کرنا ہے اسمیں بجٹ کے متعلق تمام details دے دیئے گئے ہیں - اسکے متعلق میں اس ایوان کے سامنے پیراگراف ۴۰۹ پیش کرتا ہوں -

Paragraph 409 of the State Railway General Code contains Sub-heads and detailed heads of demands. Each demand is divided into the following sub-heads and detailed heads.

اس میں جناب یہ امر لازم ہے کہ بجٹ پیش کرتے وقت اس چیز کا خیال رکھیں اور اس کا Proforma یہ ہے -

Demand No. I	Railway Board.
(1) Pay of Officers.	(*a*) Permanent (*b*) Temporary
(2) Pay of Establishment.	(*a*) Permanent (*b*) Temporary
(3) Other Charges.	(*a*) Contribution to Provident Fund & gratuities. (*b*) Allowances, etc. (*c*) Contingencies.

Mr. Speaker : From which book is the member quoting ?

Mir Abdul Baqi Baluch : State Railway General Code, Volume I.

Mr. Speaker : How this General Code is relevant ?

Khawaja Muhammad Safdar : The General Code is binding on the Railway.

Mr. Speaker : Please argue this point because this is the basic point as to how it is relevant ?

Khawaja Muhammad Safdar : I have already said it is binding on the Railway.

Mr. Speaker : Is it so under the present Constitution, I would like to know ?

Mir Abdul Baqi Baluch : The Budget for the Province is prepared under the West Pakistan Budget Manual and is presented to the legislature, in the same manner the Railway Budget is prepared and presented to the legislature under the State Railway General Code.

Mr. Speaker : Can the member quote the rule.

Mir Abdul Baqi Baluch : I refer you to sub-clause (8) of Clause 3 of the President's Order No. 33 of 1962.

> "3(8). In West Pakistan the functions of the Secretariat of the Provincial Government pertaining to the Railway shall be performed by the Railway Board, and in East Pakistan by the Communications Department of the Provincial Government."

Since the functions of the Secretariat of the Provincial Government pertaining to the Railway are to be performed by the Railway Board, therefore, the Budget is to be prepared by the Railway Board according to the rules prevailing in the Railway Code.

Mr. Speaker : How does the member derive from the Presidential Order that this Code is relevant and that the President has directed that this Code should be followed ?

Mir Abdul Baqi Baluch : I quote clause 5 (*a*) of the President's Order which says :

> "5. Principles to be observed by Board. In discharging its functions, the Board shall :
>
> (*a*) act on business principles, due regard being paid to the interests of agriculture, industry, commerce and the general public, and shall, in particular, make proper provision for meeting out of its receipts on revenue accounts all such expenditure as is prescribed by the existing rules."

Now, I proceed with my contention.

Para 510 of the State Railway General Code says :

> "The Revised Estimates and Budget Estimates of Expenditure of the offices included in Demand No. 1, 2 add 3 (vide paragraph 409) should be prepared under the following sub-heads and submitted to the Railway Board in duplicate :-
>
> (*i*) Pay of Officers.
>
> (*ii*) Pay of Establishment.

(*iii*) Other charges.

(*a*) Contribution towards Provident Fund and Gratuity.

(*b*) Allowances, etc. and

(*c*) Contingencies.

Section 511 of the Code says.

"The sanctioned strength of staff on 1st April of the current year and as anticipated on 1st April of the next year should be shown separately."

اس کے بعد جناب

"Demands For Expenditure of the Central Government on Railways for the year 1954-55 (page 19), Appendix "A."

Details showing the expenses of Director-General of Railway's Office."

جناب والا! انہوں نے اپنے بجٹ میں ہر قاعدے کی خلاف ورزی کی ہے - اور جو بجٹ انہوں نے پیش کیا ہے اسے کسی صورت سے بھی بجٹ نہیں کہا جا سکتا اور جناب اس سلسلے میں میں ۱۹۵۴ء-۱۹۵۵ء کا بجٹ پیش کرنا چاہتا ہوں اس میں انہوں نے تمام Details دی ہیں جو ہمارے موجودہ بجٹ میں نہیں تھے - مثلاً انہوں نے اپنے بجٹ کے Appendix . . . . . .

Mr. Speaker : Mr. Baqi may please flag all these references and give them to me so that I may study them in detail.

میر عبدالباقی بلوچ : جناب والا! اس کے علاوہ اس کا پیرا گراف ۵۱۲ کہتا ہے :-

"In respect of each and sub and detailed head shown above, the estimates should give the following information:—

(*i*) Actual expenditure during each of the last two years;

(*ii*) Actual expenditure during the first seven months of the last year and the corresponding period of the current year;

(*iii*) Actual expenditure during the last 5 months of the preceding year and approximate expenditure during the corresponding period of the current year."

جناب والا! ان میں سے انہوں نے کوئی چیز نہیں رکھی -

Mr. Speaker : It is alright. Has the member finished? He Should please be quick.

Mir Abdul Baqi Baluch : No Sir, it is very important. It is my contention that this is a fraud on this House, this is a fraud on the country.....

Mr. Speaker : The member should please withdraw the word 'fraud' !

Mir Abdul Baqi Baluch : I withdraw.

Mr. Speaker : He is relying on this Manual. I am not going to allow him to read the laws of 10 years ago and quote all the chapters. He may refer

for the information of the House to the rules on which he is relying. I think if he goes on reading chapter after chapter of this manual, there will be no end. Relevant points should be given.

Khawaja Muhammad Safdar : The member is perfectly relevant. If they are relevant, the member can read out all the chapters if so required to make his point.

Mr. Speaker : That is what I am saying that he should only read out relevant portions.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, relevant ones.

میرعبدالباقی بلوچ : جناب والا! یہاں پیرا گراف ۵۱۴ کے انھوں نے رولز توڑے ھیں -

Paragraph 514 says :—

"Variations between actual expenditure of the previous year and revised estimate for the current year, as also between the revised estimate for the current year and the budget estimate for the next year should be briefly explained. Brief explanations for the variations between the budget allotment and the revised estimate proposed for the current year should also be furnished. It should be explained how much of the proposed increase in the current and next year is due to ordinary increments to staff. Separate explanations should be given in regard to the variations in the several items of contingencies."

انھوں نے جناب- یہ نہیں کیا اور 'سروے' سے متعلق جناب والا - انھوں نے آئٹم رکھے ھوئے ھیں - انھوں نے ھر ڈیمانڈ کے متعلق سروے کس طرح کیا ھے - ھمیں کچھ پتہ نہیں کہ ھماری کیا گرانٹ ھے ھم انہیں کیا گرانٹ دیں گے اور کیا نہیں دیں گے - سروے کے متعلق پروفارما ھے جو پرویژن انھوں نے رکھنی ھیں ان کی بھی خلاف ورزی کی ھے - سروے کے متعلق پیراگراف ۵۱۹ کہتا ھے -

The revised and budget estimates of expenditure of Survey should show separately, in respect of each survey :—

(*i*) The particulars of the survey ;

(*ii*) The total estimated or sanctioned cost ;

(*iii*) Expenditure to the end of the second preceding year ;

(*iv*) Actual expenditure for the last year ;

(*v*) Budget estimates for the current year ;

(*vi*) Revised estimates for the current year ;

(*vii*) Budget estimates for the next year."

تو جناب والا - انھوں نے کوئی چیز نہیں کی ھے - اب میں ایک خاص پوائنٹ پر آتا ھوں - میں اس ایوان کا مزید وقت ضائع نہیں کرنا چاھتاھوں اور وہ یہ ھے کہ اس ایوان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا ھے -

Paragaph 308 deals with the Railway Standing Finance Committee. It says : -

"A Standing Finance Committee for Railways, consisting of one nominated official member of the Legislative Assembly who is the chairman and eleven members elected by the Legislative Assembly from their body, examines the estimates of Railway expenditure which the Rialway Board have to place before it on some date prior to the date for the discussion of the demands for grants for Railways in the Assembly."

Mr. Speaker : The expression 'daka dalna' is unparliamentary. please withdraw it.

Mir Abdul Baqi Baluch : I withdraw.

Now I come to the form of Budget. Pargraph 311 says :—

"The form of the budget, the detail it shall give and the number of demands for grants into which the total vote shall be divided are considered by the Railway Board in consultation with the Standing Finance Committee for Railways."

تو اس کی بھی خلاف ورزی کی ہے - اب جناب والا منظوری کے متعلق
کہ ریلوے سٹینڈنگ کمیٹی سے منظوری کس طرح لینی ہے -

Paragraph 414 deals with Standing Finance Committee. It says :—

"The estimated amount required for capital expenditure during the next year is intimated to the Finance Department for necessary provision being made in the ways and means budget of the Government of Pakistan and after it has been ascertained form that Department that funds will be available to meet the estimated expenditure, the programmes are placed before the Standing Finance Committee for Railways for their approval."

Paragraph 417 deels with presentation of the Budget to the Legislature. It says :—

"The Complete Budget, that is the demands for grants as approved by the Standing Finance Committee and the other budget papers viz the explanatory memorandum to the budget and the detailed estimates of each railway (known as the pink Books), are again placed before the Finance Standing Committee for their final approval a few days before the presentation of the budget to the Legislative Assembly and the Council of State, which is usually done about the middle of February."

میر نبی بخش خان زہری : پوائنٹ آف آرڈر ۵۵-۵۴ کا حوالہ دیتا
ہے رولز سے اس کا کیا تعلق ہے ؟

Mr. Speaker: There is no limit in the point of order I have heard all points that the member had to argue.

میرعبدالباقی بلوچ : جناب والا میں تو explain کرنا چاہتا ہوں کہ
اس کے ہر ہر لفظ کی خلاف ورزی کی ہے دوسرے قوانین کی اور یہ بجٹ جو
یہاں پیش ہے یہ بجٹ نہیں - قانونی طور پر ہم اس کو consider نہیں کر
سکتے اور یہ پلندہ ہمارے ڈاچی والے وزیر کو واپس لے جانا چاہیے -

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) جناب والا! مجھے ان سے بڑی ہمدردی ہے ۔ وہ محنت بھی کرتے ہیں ۔ پڑھتے ہیں اور یہ سمجھ لیتے ہیں کہ ان کے علاوہ دوسرا کچھ جانتا ہی نہیں ۔ یہ ان کا سب سے بڑا مفروضہ ہوتا ہے ۔ اس بنا پر وہ غلطی کھاتے ہیں دھوکہ کھاتے ہیں اور ایوان کو قصداً نہ سہی بغیر قصد کے دھوکہ دیتے ہیں ۔

Mir Abdul Baqi Baluch : He should withdraw this.

Mr. Speaker : The Minister should please withdraw the word ' dhoka'.

Minister of Railways : I never utter a word which should be withdrawn.

میں نے کہا بغیر قصد اور بلا قصد ، چاہے قصد نہ ہو لیکن دھوکا آپ کو ہوتا ہے ۔ اس لیے میں نے کہا کہ وہ دھوکا کھاتے ہیں اور بلا قصد ہی وہ دھوکا دیتے ہیں ۔ دھوکا دینے کا مطلب یہ نہیں کہ ایوان misunderstanding یا غلط فہمی کا شکار ہو جائے ۔

خواجہ محمد صفدر : دھوکہ کے لفظ کو withdraw کیجئے ۔

Mr. Speaker : The Minister should withdraw the word 'dhoka'.
(Interruptions)

Minister of Railways : Well, every Member has withdrawn from this House who attacked me. But now I only withdraw one word.....(Interruptions)

جناب والا! انہوں نے اس وکیل کی طرح جو جب کوئی قانون پیش کرتا ہے " لا تقرب الصلواۃ ،، پڑھ دیتا ہے اور " انتم سکارا ،، رہ جاتا ہے ۔ ایک مرتبہ مجھے اتفاق ہوا اور میں نے دیکھا کہ ہائی کورٹ میں ایک بڑے سینئر وکیل نے پہلا پیرا پڑھ کر اگلا پیرا چھوڑ دیا ۔

Mr. S. M. Sohail : On a point of order, Sir. There is no necessity of introducing a Vakil at all here, Sir, in this argument, either practising or non-practising.

اس وکیل کی طرح یا اس وکیل کی طرح کوئی سوال نہیں ہے ۔ کوئی وکیل قرآن کی آیت کبھی کسی کورٹ میں پیش نہیں کرتا ۔ یہ بلا وجہ وکیل پر راستے سے ہٹ کر hit ہے جس کی کوئی ضرورت نہیں تھی ۔

It is a cheap hit, Sir. This should not be premitted.

وزیر ریلوے : جناب والا! سہیل صاحب کو مبارک ہو وکالت ۔ اور وکیلوں کی وکالت ۔ لیکن میں نے کہا کہ اس وکیل کی طرح جو ایک پیرا نہ پڑھے دوسرا پڑھ دے اس کو کوئی وکیل خود پسند نہیں کرتا ۔ آپ سے جناب

میں ان کی ساری Theory عرض کروں ۔ ہندوستان میں ۱۹۴۲ء کے بنے ہوئے بلکہ اس سے بھی پہلے کے State Railway General Code ہیں ۔ ان کے مختلف Sections پر ان کی ساری عمارت کی بنیاد ہے ۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ یہ پہلے سیکشن ۳۰۸ کی رو سے ایک سٹینڈنگ فنانس کمیٹی کو Refer ہونا چاہئے تھا اس کے بعد وہ بیان کرتے ہیں کہ دوسرے سیکشن کے ماتحت اس کو Commerce اور Industry اور مختلف طریقوں سے پیش کرنا چاہئے تھا ۔ جو طریقہ انہوں نے پیش کیا ہے اس کے متعلق میں ان کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ ہمارا یہ Presidential Order جس کا انہوں نے حوالہ دیا ہے یہ Rules of Business نیشنل اسمبلی آف پاکستان اور ہماری پراونشل اسمبلی کے رولز پر فوقیت رکھتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے اندر یہ دیا ہوا ہے ۔ تمام زور انہوں نے اس ریلوے بورڈ پر دیا ہے کہ ریلوے بورڈ کو تمام اختیارات ہیں جس کے ختم کرنے کے لئے تین روز سے زور لگایا جا رہا ہے ۔ اب اس ریلوے بورڈ کو اس کوڈ نے یہ اختیار دیا (سنئے باقی صاحب وہ عجیب تیر انداز کہاں ہے ۔ تیر مار دیا اور جب جواب آیا تو بھاگ گیا وہ جناب یہاں موجود رہیں) ۔

خواجہ محمد صفدر : ملک قادر بخش صاحب نے ان کو یہ سبق دیا ہے ۔

وزیر ریلوے : ملک قادر بخش صاحب کا آپ سے واسطہ ہے میرا واسطہ براہ راست ان سے ہے ۔ میں آپ کے واسطہ سے ان کو بیٹھا کر بات نہیں کرنا چاہتا ۔

جناب والا ۔ وہی Code یہ کہتا ہے ۔

The sanction of the Railway Board should be obtained by the Administration.

اول تو Code کی حیثیت یہ ہے کہ یہ ایڈمنسٹریشن نے رولز کی شکل میں تیار کئے ہیں ۔ جیسے Government Servants Conduct Rules ہوتے ہیں ۔ ایسے Conduct of Administration کے طور سے رولز تیار کئے گئے ہیں اور اس میں ریلوے کوڈ کو یہ اختیار دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : Are these rules in force ?

Minister of Railways : They are not in force so far as they have been amended or modified either by a Presidential Order or the Railway Board itself.

Mr. Speaker : If the Minister wishes to consult the Railway Authorities I will allow him half an hour. We may adjourn the House for half an hour.

Minister of Railways : How do you pre-suppose that I am not prepared. I am fully prepared. The position is very clear and one is supposed to come prepared to the House.

Mr. Speaker : It is important.

Minister of Railways : It is an ordinary thing.

Mr. Speaker : It may not be important from his point of view.

Minister of Railways : This may be important but every important thing is not ticklish.

The Sanction of the Railway Board should be obtained by the Administration of the State-managed Railways to deviations from the mandatory rules.

اگر ان رولز سے کوئی Deviation کرنا ہو ان رولز کو اگر چھوڑنا ہو ان رولز کے خلاف اگر کوئی طریقہ ہم اختیار کریں تو ریلوے بورڈ کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس سے Deviation کر سکتا ہے یا اس سے کوئی دوسرا طریقہ کار اختیار کر سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ یہ بہت Clear ہے ۔ یہ سب سے پہلے صفحہ پر ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : With the sanction of the Government.

Minister of Railways : No sanction of the Government. Look here. I will read it word by word :

> "The sanction of the Railway Board should be obtained by the Administration of the State-Managed Railways to deviations from the mandatory rules and by those of the company-managed State Railways to deviations from such of the mandatory rules as are not inconsistant with the contract or special orders.
>
> All other deviations including unimportant differences in procedure may, as heretofore be authorized by the Railway Administration themselves."

اس کے اندر بھی دو چیزیں ہیں ایک Mandatory رولز ہیں ایک Recommendatory رولز ہیں ۔ Recommendatory رولز کو ایڈمنسٹریشن خود Change کر سکتا ہے اور Mandatory رولز کے لئے ریلوے بورڈ جو طریقہ چاہے اختیار کرے وہ ان کا پابند نہیں ہے ۔ ہم کسی چیز کے پابند ہیں ۔ جیسا کہ انہوں نے خود فرمایا ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں : ریلوے بورڈ کی Sanction تو لے لیں ۔

وزیر ریلوے : اس وقت تو آپ نسبتاً میرے بغیر Sanction کے ریلوے بورڈ پر زیادہ اہمیت دے رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خاں : جب ہی تو دھوکا ہوتا ہے ۔

وزیر ریلوے : مصیبت تو یہ ہے راؤ خورشید صاحب نے اقبال کا ایک شعر کہیں سے سن لیا لیکن وہاں ایک اصول بیان کیا گیا تھا ۔ اس اصول میں ایک استثنیٰ بھی ہے یہ اصول کو چھوڑ دیتے ہیں اور استثنیٰ پر زور دیتے ہیں وہاں کہا یہ گیا تھا کہ

لازم ہے دل کے ساتھ رہے پاسبان عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

(قہقہہ اور شور)

لیکن راؤ صاحب کبھی کبھی نہیں ہمیشہ تنہا چھوڑ دیتے ہیں ۔ (قہقہہ) وہ مجسم قلب بن کر یہاں آتے ہیں اور دماغ کو لابی میں رکھ آتے ہیں اور کمال یہ ہے کہ جب منٹگمری لوٹ کر جاتے ہیں تو لابی سے اپنے دماغ کو واپس لے جاتے ہیں (قہقہہ) ۔

اب جناب والا ! یہ تو میں نے Clear کر دیا کہ ساری عمارت جس پر بنیاد رکھی گئی تھی وہ بنیاد جس پر ساری عمارت کھڑی کی گئی تھی ۔ وہ ریلوے بورڈ جہاں تک ہو سکتا ہے اس کا پابند نہیں ۔ ریلوے بورڈ جب چاہے Deviation کر سکتا ہے ۔ اس سے ہمارے لئے جس پر ہم کو عمل پیرا ہونا ہے جس کے مطابق بجٹ کو عملی جامہ پہنانا ہے اور پیش کرنا ہے وہ دو Documents ہیں ایک Presidential Order ہے اور دوسرا Rules of Business ہے ۔ اب میں جناب آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک Presidential Order کی کلاز ۵ کا تعلق ہے وہ عبدالباقی بلوچ صاحب کو معلوم نہیں کہ وہ بجٹ سے تعلق نہیں رکھتی اس کا تعلق تو صرف اتنا ہے کہ

In discharging any function the Board shall do these things and these things.

بورڈ کے Functions کو گنایا گیا ہے ۔ بورڈ کے فرائض کو گنایا گیا ہے ۔ بورڈ کی ذمہ داریوں کو گنایا گیا ہے ۔ اس کا تعلق بجٹ سے نہیں ہے ۔ بجٹ کے متعلق ایک دوسرا سیکشن ہے جس کو پھر وہ قصداً چھوڑ گئے ہیں (اس مرحلے پر بیگم شاہنواز نے کھڑے ہونے کی کوشش کی) بیگم شاہنواز صاحبہ اگر چاہیں بعد میں تقریر کر لیں ۔ عبدالباقی بلوچ صاحب کو ذرا سننے دیں انہوں نے آج ایوان میں یہ کہا ہے کہ ایک چیز پڑھی اور دوسری چھوڑ دی ۔ ایک چیز تو میں نے بتائی ہے اور دوسری اہم چیز جو انہوں نے چھوڑ دی ہے حالانکہ آپ نے بجٹ تقریر میں دیکھا ہوگا کہ میں نے اپنی

تمام کمزوریاں اس کے اندر بیان کی ہیں ۔ اب میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں آپ نے کلاز ۵ کو پڑھا تھا Presidential Order جس کا بجٹ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے آپ کو یہ کلاز پڑھنی چاہئے تھی ۔

(Rule 8 of the Presidential Order No. 33 of 1963, Financial Agreement.)

8. "(1).....and the Provincial Government shall, before the Commencement of a financial year, present to the Provincial Assembly a separate Railway Budget of the estimated receipts and expenditure of the Railway for that year."

Nothing of those which you have mentioned. This is the only thing which binds us.

میں پوچھتا ہوں کیا یہ اتنے بچے ہیں ؟ انہوں نے Presidential Order پڑھا ہے کیا انہیں دفعہ ۸ معلوم نہیں ؟ کیا باقی بلوچ صاحب اتنی بات نہیں سمجھتے کہ اس ایوان میں جو کوئی ممبر تقریر کرتا ہے وہ ایوان کی اور سپیکر کی امداد کرتا ہے اور اس کو صحیح نتیجہ پر پہنچنے میں امداد دیتا ہے ان کو دفعہ ۸ بھی پڑھنی چاہیے تھی ۔ دفعہ ۸ میں نے پڑھی ہے کہ بجٹ میں دو چیزیں ہیں ایک Revenue Expenditure اس کے بعد اور سنیں میں نے کہا تھا کہ معاملہ مشکل ہے لیکن اہم بھی ہے کیوں کہ قانون Common Sense پر base کرتا ہے ۔ اس کو پڑھ لیا جائے تو کوئی زیادہ مشکل نہیں ہوتی ۔ اب ان Rules of business کو سنیں اس کا صفحہ ہے ۲۳ رول نمبر ہے ۹۰ (۲)

Rule 90(2) of the Rules of Procedure says.

"Subject to the Constitution."

No Manual Code, nothing of the kind. It is our own country ; it is our own Constitution.

".....the Budget shall be presented to the Assembly in such form as the Finance Minister may consider suitable."

Note these words.

جس کے مطابق بجٹ پیش کیا جاتا ہے اس کے آگے چلیئے جو آپکی ساری عبارت گرادیتا ہے ۔

میں ان سے کہتا ہوں کہ "ہر نظر را آسمانے دادہ‌اند،، آپ کی نظر نیچے رہتی ہے اوپر لیجایا کریں۔

میر عبدالباقی بلوچ : خرد کا نام جنون رکھ دیا جنون کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

وزیر ریلوے : ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور

This is a very important point that directly cuts across the very roots of your argument. You are relying on that rule. Rule 90(4) says,

> "The Budget shall not be referred to a Standing Committee or to a Select Committee and no other motion shall be made with reference to it except as provided in the Rules contained in this Chapter."

This Chapter excludes everything else and this Budget shall not be referred to any Select Committee. As a matter of fact, there is no Select Committee or a Standing Finance Committee for the very reason because it was not necessary.

یہ حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کا سوال نہیں ہے یہ صاف لکھا ہوا ہے کہ اگر ہے بھی تو اس کو پیش نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب والا ۔ یہ میری بجٹ تقریر نہیں ہے ۔ اس میں رولنگ reserve رکھنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ میری معروضات یہ ہیں کہ معاملہ اتنا صاف ہے کہ اس کے اندر یعنی rules of business میں صاف دیا گیا ہے کہ اس کو refer نہیں کیا جائے گا ۔ جہاں تک اس کا تعلق ہے ریلوے بورڈ کو اختیار ہے دو سیکشن ۵ اور ۶ انہوں نے quote کئے ہیں اس کا بجٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ Presidential Order ہے اس میں Relevent Section ۸ ہے ۔ اس میں اختیار دیا گیا ہے Rules of business ۹۰ (۲) میں صاف لکھا ہے کہ

"In the form as the Finance Minister may conisder suitable."

اس لئے میری درخواست ہے کہ جہاں تک لیگل آبجکشن کا تعلق ہے ۔ وہ غلط ہے اس کو out of order کردیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) : جناب ۔ وزیر خزانہ نے ۹۰ (۲) کا حوالہ دیتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جناب وزیر خزانہ کسی بات کے جو کسی جگہ لکھی ہوئی ہو پابند نہیں ہیں اور وہ جس طرح چاہیں بجٹ کو پیش کرنے میں حق بجانب ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے ۔ کہ ان کے اختیارات وسیع ہیں اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ جس طرح چاہیں اپنے بجٹ کو پیش کردیں اگر اس رول کے مطابق انہیں Little Sense لینا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ہمیں صرف دو figure بتلائیں کہ اتنی رقم آئی ہے اور اتنی وصول ہوئی اتنا خرچہ ہوا ہے ۔ انہیں پانچ کتابوں کے پیش کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ وہ کسی نہ کسی ضابطہ اور قانون کے پابند ہیں وہ یہ نہیں کہہ سکتے اور نہ کوئی دعویٰ کر سکتے ہیں کہ وہ کسی ضابطے اور قانون کے پابند نہیں کہ اس رول کے مطابق جس طرح چاہیں وہ اپنا بجٹ پیش کرسکتے ہیں ۔ دوسری بات جس کا انہوں نے حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے ۔

کہ جس کے متعلق بڑے طمطراق سے فرمایا ہے کہ رول ۸ باقی بلوچ صاحب نے مطالعہ نہیں کیا ہے - رول ۸ کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے خود اس کا مطالعہ نہیں کیا ہے - رول ۸ یہ ہے Financial agreements اس کا ہیڈ ہے -

Rule 8 of the Presidential Order –Financial Agreements.

"and the Provincial Government shall, before the commencement of a financial year, present to the Provincial Assembly a separate Railway Budget of the estimated receipts and expenditure of the Railway for that year."

تو جناب یہ ہے - اگر اس کا وہی مطلب لیا جائے جیسا کہ وزیر صاحب نے فرمایا کہ وزیر صاحب صرف expenditure sheet دینے کے پابند ہیں اس کے علاوہ کچھ اور بتانے کے پابند نہیں ہیں تو میرا خیال ہے کہ پھر یہ بہتر تھا کہ وہ کہہ دیتے کہ اکیانوے کروڑ کی آمدنی ہے اور انچاس کروڑ کا خرچہ ہوا ہے - اس سے بھی کام چل سکتا تھا - اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ نے اس ہاؤس کی تضیع اوقات کی ہے - ہم نے جو سوال پوچھا تھا وہ To the point تھا اس کا جواب وزیر صاحب نے نہیں دیا - پوچھا یہ گیا تھا کہ کیا یہ رول جس کا حوالہ میرے محترم دوست باقی بلوچ صاحب نے دیا ہے کیا اس کا اطلاق ریلویز پر ہو رہا ہے ؟ انہوں نے محض انڈیا کے رولز اور دوسرے رولز کا حوالہ دینے اور سوائے طعنہ زنی کرنے کے اور کوئی جواب نہیں دیا - جب مجبور کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہاں یہ سارے نہیں لگتے ہیں تھوڑے لگتے ہیں -

وزیر ریلوے : آپ اس فقرے کو پھر سنئے -

خواجہ محمد صفدر : ہاں ہاں سنائیے - لیکن میرا خیال ہے کہ اگر آپ محترم سپیکر صاحب کا مشورہ سن لیتے اور تیاری کے لئے ہاؤس ایڈجرن کروا لیتے تو زیادہ بہتر تھا - Let us adjourn and shift the matter

وزیر ریلوے : آپ فکر نہ کریں میں بالکل تیار ہوں - ''ت،، سے بھی اور ''ط،، سے بھی — سنئے — یہ الفاظ جناب بھی سنیں -

"In consequence of the partition of the Sub-continent of India into Pakistan and Bharat, a considerable portion of several chapters of the state railway General Code, 1942 Edition, has become obsolete"

It has become obsolete and is not applicable to Pakistan Railways.

کتاب کے چھپنے کے بعد سٹیٹ ریلوے بورڈ سے کہا گیا تھا کہ اس میں جو چاہیں آپ ہدایات اپنا لیں تو انہوں نے لکھا :—

"...and is not applicable to the Pakistan State Railways. A complete revision of the Code based on the conditions now obtaining in Pakistan would require considerable time and labour."

I want to submit for your infomation Sir that a special officer has been appointed and is working for adopting and revising these rules.

خواجہ محمد صفدر : جناب وزیر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ Partition کے بعد بہت سے رولز obsolete ہوگئے ہیں لیکن یہ نہیں بتایا کہ بجٹ کے متعلق رول اور ضابطہ obsolete ہوا ہے یا نہیں اور کون کون سے حصے ان رولز کے ابھی تک جاری ہیں ۔ اور بجٹ کن ضوابط کے تحت مرتب کیا گیا ہے اگر وہ مجھے بتادیں تو میں اپنا پوائنٹ آف آرڈر واپس لے لوں گا ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم نے یہاں ایک کمیشن بٹھایا ہوا ہے جو سوچ بچار کے بعد نیا ضابطہ بنائے گا ۔ کیا اس وقت کوئی ضابطہ نہیں ؟ حکومت بے ضابطہ ہی چل رہی ہے اور ملک میں لا قانونیت ہے ؟ اس ۵۰ کروڑ کے بجٹ کے لئے کوئی رول اور ضابطہ نہیں ہے ؟

Mr. Speaker : There is a Standing Committee on Railways.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! اس وقت ہم سٹینڈنگ کمیٹی کے متعلق بات نہیں کر رہے ہیں ۔ ہم ایڈوائزری کمیٹی کے متعلق بات کر رہے ہیں جو اس سے الگ ہے ۔

Mr. Speaker : There is also a Standing Committee of the House on Railways.

خواجہ محمد صفدر : وہ ایڈوائزری کمیٹی کہلاتی ہے ۔

وزیر ریلوے : میں یہ عرض کروں گا کہ سنٹرل گورنمنٹ میں فائننس کمیٹی کو ریلوے بجٹ پر کوئی اعتراض نہیں ہوتا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر : جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے یہ حکومت پاکستان تیار کرتی تھی اس وقت میرے پاس پچھلے تین سال کی کاپیاں ہیں ۔ اس میں آپ دیکھیں کہ کس ضابطہ کی پابندی ہوتی رہی ہے ۔ پھر اب کوئی وجہ نہیں کہ اس رول اور ضابطہ کے مطابق کام نہ ہو ۔ کیا وزیر صاحب کو الہام ہوا ہے کہ مرکزی حکومت بجٹ رولز پر عمل نہیں کرتی رہی اس لئے وہ بھی اس کے پابند نہیں ہیں ۔ رول اور ضابطہ موجود ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اس کے کچھ حصے obsolete ہو گئے ہوں ۔ جب تک کوئی نیا ضابطہ تیار نہیں کیا جاتا اس وقت تک اس ضابطہ کی پابندی لازمی ہے جو پہلے سے موجود ہے ۔

اس وقت میرے سامنے ریلوے رولز کی کتاب کا ۱۹۵۳ء کا ایڈیشن ہے اس میں یہ عبارت درج ہے جو میں اپنے دوست کے ارشاد کے مطابق پھر پڑھ دیتا ہوں ۔

In consequence of the Partition of the subcontinent of India into Pakistan and Bharat, a considerable portion of several chapters of the State Railway General Code, 1942 edition, has become obsolete and is not applicable to the Pakistan State Railways. A Complete revision of the Code based on the conditions now obtaining in Pakistan would require considerable time and labour. However, in view of the extreme shortage of copies of the Code on both the railways and of the urgency of equipping them with adequate number of copies of the Code, it has been decided, for the present, to issue only a reprint of the 1942 edition, opportunity being taken to incorporate the correcitons embodied up to the time of Partition.

In view of the preceding paragraph, it is abundantly clear that the Code in its present form cannot be treated as complete guide unless the rules contained therein are followed with due caution and having full regard to the rules and procedure, which have been modified since the establishment of Pakistan and may be modified hereafter.

یہاں تک تو یہ بالکل وہی ہے جو وزیر صاحب نے پڑھا ہے لیکن یہاں ''لا تقرب الصلواۃ،، والا معاملہ ہے جو بات ان کے خلاف جاتی تھی وہ انہوں نے حذف کر دی ۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۹۵۲ء تک جو modifications ہوئیں وہ اس میں کر دی گئی ہیں یہ ۱۹۵۳ء کا ایڈیشن ہے اور یہ حکومت اس ساری کی ساری کوڈ کی پابند ہے اگر وہ اس کی پابندی کرنے کو تیار نہیں تو معلوم نہیں اس ملک کا کیا حشر ہوگا ۔ انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے اور ایک رول کا حوالہ دیا ہے کہ اگر General Management اس رول کی کوئی deviation کرنا چاہے تو وہ اس کی sanction دے سکتی ہے ۔ میں یہ دریافت کروں گا کہ آیا ریلوے بورڈ نے کوئی sanction دی ہے جس کی رو سے یہ تبدیلی ہوئی ہے ۔ آپ صرف وہ chapter ملاحظہ فرمائیں جو اس کے متعلق ہو ۔ اگر آپ اس کا کوئی جواز پیش کر دیں گے تو ہم اسے قبول کرنے کو تیار ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ اگر یہ بحث جاری رہی تو دن بھر لگ جائے گا ۔

Mr. Speaker : There is no question of ''دن بھر،، in it. Be clear about it. It is a very important point.

خواجہ محمد صفدر : میں نے تیسری بار یہ بات سنی ہے کہ ''دن بھر،، ''دن بھر،، کو درمیان میں وزیر صاحب لا رہے ہیں معلوم ہوتا ہے وزیر صاحب بار بار اٹھتے بیٹھتے ہیں جیسے کہ Jack is in the box میں ۔

وزیر ریلوے : جناب والا ۔ یہاں ایک بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور ہم پر غلط الزام لگایا جاتا ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کا جواب دیں ۔

مسٹر سپیکر : بہتر یہ ہے کہ پہلے آپ ان کی باتیں سن لیں اور پھر سب کا جواب دیں ۔ ابھی بیگم صاحبہ بھی کچھ کہیں گی ۔

It will be better if the Minister explains afterwards.

وزیر ریلوے : اس طرح بیگم صاحبہ کو آسانی ہو جائے گی جب ہم یہ بتائیں گے کہ ہم نے کوئی فقرہ حذف نہیں کیا ۔

مسٹر سپیکر : اب سہیل صاحب آپ کچھ ارشاد فرمائیں۔

Mr. S. M. Sohail : (Karachi II) Mr. Speaker, Sir, when I rose to speak on this point of order I have still lurking in my mind the observation with which the Railway Minister rose to reply to the point of order that has been raised, namely, that 'like advocates he has mis-quoted'.....

Minister of Railways : I did not say that. What I said was that 'like an advocate who misquotes'. I particularly described that advocate.

Mr. S. M. Sohail : Like that advocate who has misquoted himself. Then there was a reference to the Holy Book which I need not repeat.

First of all, if Mr. Baqi whould have been an advocate of any kind, practising or non-practising, or holding a Law Degree then there would have been some justification for my friend rising and saying that 'like an advocate who misquotes' or 'he is one of those who mis-quote' but, Sir, he is not an advocate. In this country from the highest quarters to the lowest quarters we have had so much said about the advocates that we really feel charged when somebody goes out of his way to give us a kick and this certainly was a kick. If it improves the arguments of the Railway Minister then I will be prepared to take this kick.

But it does not improve his argument, and there are so many advocates sitting on his own party who would not like this aggression from him, I would submit that it would have been much better if he had avoided this remark.

Minister of Railways : Is he speaking on the budget ?

Mr. Speaker : The member should please come to the point,

Mr. S. M. Sohail : Sir, now I come to the point of order itself. The budget shall be presented to the Assembly by the Finance Minister on such day as the President may appoint subject to the Constitution. This is a very relevant paragraph and I would draw the attention of my friend to it. 'Subject to the Constitution the budget shall be presented to the Assembly in such manner as the Finance Minister may consider suitable'. Sir, there are two parts of it. One part is that the Finance Minister shall present the budget in such manner as he considers suitable and my friend was very keen to impress the House with this part of that content. There is another part of it which says that 'subject to the Constitution' and that is equally important rather a very important part – the budget has got to be presented not in a capricious manner at the sweetwill of the Finance Minister, the present Finance Minister and the future Finance Ministers that are going to come. I am sure my friend does not mean that he can present the budget in any manner in which he likes and the next Finance Minister who will come next year or he may continue for several years, he may at the next budget present it in a different manner because he likes to present it in that manner and the third year he may again present the budget in a different manner, but if another Finance Minister comes he can again present it in a third manner. I submit, Sir, in all respect, this can never be the meaning attributed to any rule, any law. There has to be a method in every thing. The English language goes further and says that there is a method in madness also. But this is certainly not a mad House and the country is not to be administered in that manner. The country will have to be regulated by the budget for which there are set rules somewhere in the archives of Government and it has got to be presented according to the Constitution. I will presently read out the relevant Article from the Constitution on the subject. But before I do so, I would not leave this subject till I have at least made myself very clear on the point that no Government worth its name can hand over the budget which is an all important thing for the country to the caprice of the Finance Minister to be presented by him in such manner

as he considers fit. The obvious interpretation is that the expression 'in such manner as he considers fit, would mean subject to the rules which must be there for the preparation of the budget and to which he has conformed. Conforming to the rules he can present it in such manner as he considers fit. That can be the only interpretation and there can be no interpretation other than that.

Now, Sir, this is established that the budget will have to be presented according to certain rules. Where are those rules? The Government of India did have a set of rules. We all know that. Now the presentation of the budget which has been presented by you, are we to presume that the Government of Pakistan for the last 15 years have been presenting their financial budgets without any rules? We cannot accept it. That very book which has been read by my friend says that the book has, of course, become redundant are not applicable to Pakistan as a whole, because in that book so many things are stated which would not refer to Pakistan at all, but that part of it, which applies to Pakistan and which it will be necessary for every body to know, are reproduced in this re-print so that re-print contains only that which is applicable to Pakistan and that all the railway budgets of Pakistan have been, from year to year, prepared on the basis of those rules. If I am wrong and I hope I am not wrong – but if I am wrong, I am after all, to begin with, a human being and on the top of it I am a practising advocate so there is no risk of my not quoting properly.

Minister of Railways : That does not give you a licence to go on like this.

Mr. S. M. Sohail : The Finance Minister also has got no licence. I have a better licence, I am an elected member of this House. So I object to the word 'licence'. Where is the question of licence ?

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I object to what the Minister has said. He is threatening the member.

گو کہ مسٹر عبدالوحید خاں اس ہاؤس کے ممبر نہیں ہیں ۔ لیکن انہیں اس ایوان کے اطوار و آداب تو سیکھنے چاہئیں ۔ کم از کم وہ ان آداب کو تو ملحوظ رکھیں ۔

Mr. Speaker. : No interruptions please.

میاں محمد شریف : (پارلیمنٹری سیکرٹری) جناب فرشتہ سیرت لیڈر آف آپوزیشن ۔ ایوان کو ہدایات نہ فرمائیں ۔

Mr. Speaker : No interruption.

Mr. S. M. Sohail : Sir, I am really surprised, if the Finance Minister has asked me to produce my licence, I wonder if the members here are to produce a licence before they can speak and if he means to say that I am taking undue advantage of my position as a member, because that is also the meaning given to the expression 'licence', then, Sir, I seek the protection of the chair. If I am wrong somewhere, I will be pulled up by the Speaker and not by any Minister including my very good friend Mr. Abdul Wahid Khan. ("Hear, hear" from the Opposition benches).

Mr. Speaker : The member is at liberty to express his feeling.

Mr. S. M. Sohail : I Submit, Sir, in all respect, that I am in full sympathy with the budget, I am in full sympathy with the fact that budget should be passed but all the time my anxiety is that if a point has been raised, if a legal issue for the matter of that has been raised then that legal issue should be assessed on the basis of reasons and not on the basis of sentiments, not even the sentiments of the Finance Minister. ("Hear, hear" from the Opposition benches). So, Sir, let us come back

to the proposition. I submit if the budget has got to be prepared according to some rules and if these rules that have been produced in this Assembly are not the proper rules on the subject, than I will be very happy, in fact nothing will satisfy me more than to see that set of rules, that body of rules under which this budget has been prepared. This is an all important question. The budget must be prepared according to some rules.

We, on this side say that it is prima facie that the Budget has been prepared according to these Rules. Supposing I am wrong nothing will give me more happiness if I am convinced that we were wrong in thinking that these were the set of rules which govern the Budget. If I am wrong then all the difficulties will be removed. If the Budget has to be prepared under some other set of Rules then let those Rules be produced. The entire galaxy of the Railway is here. They should be able to produce the Rules in no time and then we will examine whether this Budget has been prepared according to these Rules. In the absence of these Rules, is it not legitimate criticism on the part of the Members here to say that the Budget has not been prepared according to the Rules.

Now, I would refer to Section 40 of the Constitution which deals with this matter. I would like to make it clear that when I rise, to say something there is nothing personal against the Finance Minister. He has worked hard. There is no doubt. But if there has been some legal mistake which we are not able to understand then we should be taken into confidence. Bring those Rules and satisfy us and do not be annoyed.

I will now read Section 40 of the Constitution which refers to this subject :

> "The President shall, in respect of every financial year, cause to be laid before the National Assembly.....

The same procedure is followed in the Province.

> "before the commencement of that year, a statement (to be called the Annual Budget Statement) of the estimated receipts into, and the estimated expenditure from, the Central Consolidated Fund for that year."

And then, Sir, the Annual Budget Statement shall distinguish expenditure on revenue account from other expenditure and all that shall have to be laid before the Assembly.

Now, Sir, in the Constitution you cannot expect all the Rules which are to be conformed to for preparing the Budget to be laid down. Likewise in the Rules for regulating the business of this House you cannot possibly expect that all those Rules necessary for the preparation of the Budget should be laid down. Our Rules simply say, how are we to regulate our proceedings. Now the responsibility for preparing the Budget is the responsibility of the Finance Minister and he should prepare.....

Mian Muhammad Sharif : (Parliamentary Secretary) Mr. Speaker, Sir, he should keep in view the fact that the time of the Assembly is precious. He should know that the time of the House is being wasted in this discussion.

خواجہ محمد صفدر : جناب ۔ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کا خیال ہے کہ مسٹر سپیل صاحب ہاؤس کا وقت ضائع کر رہے ہیں ۔ اس بات کا ان کو خیال نہیں ۔ کہ یہ اسمبلی کا نہایت اہم نکتہ بیان کر رہے ہیں ۔

میر نبی بخش خاں زہری : جناب میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنی مہربانیوں کا رخ ہماری طرف بھی کیجئے ۔

مسٹر سپیکر : آپ تشریف رکھیں ۔

میر نبی بخش خاں زہری : میں اب آپ سے رخصت ہوتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر : میں آپ کی بات نہیں کر رہا ہوں میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ ایوان کا وقت ضائع نہیں ہو رہا ہے ۔

Mr. S. M. Sohail : I Submit that certainly this is a very important question of law and that being so the Finance Minister who is a friend of mine and belongs to my Party, he should be well-advised to further elaborate this question. The advocate-General is also here, his views would be very valuable and we should have his opinion.

Mr. Speaker : I would like to hear the advocate-General.

Minister of Railways : He may be heard afterwards. (Interruptions).

Mr. Muhammed Hanif Siddiqi : Mr. Speaker, Sir, I would like to say something on this point.

Mr. Speaker : Let us hear Mr. Hanif Siddiqi. He has been the Law Secretary.

Yes, Mr. Hanif Siddiqi.

Mr. Mohammad Hanif Siddiqi : (Larkana III) Mr. Speaker, this is purely a legal question and should be discussed in a most dispassionate manner. According to me the most relevant provision of law in this connection is Article 40 of the Constitution. As you know, Sir, all other provisions of law and rules are subordinate to the Constitution. Even the Presidential Order is subordinate to the Contitution. But fortunately, Sir, the language of the Presidential Order is the same as that of Article 40.

Now coming to Article 40, Sir, I submit that this Article governs not only the General Budget but also the Railway Budget. There is no separate provision in the Constitution for the preparation of the Railway Budget. The only provision is Article 40 and all Budgets Railway or General are to be prepared in accordance with the instructions laid down in Article 40. Now Article 40 says :

> "40 (1) The President shall, in respect of every financial year, cause to be laid before the National Assembly, before the commencement of that year, a statement (to be called the Annual Budget Statement) of the estimated receipts into, and the estimated expenditure from, the Central Consolidated Fund for that year."

That is the only requirement. Sir, the only requirement is that the estimated receipts and the estimated expenditure are to be laid before the House. There is only a little additional requirement which is given in Clause (2) of this Article and it says, that the revenue account shall be distinguished from other Expenditure. And further that the sums required to meet other expenditure (distinguishing recurring and non-recurring expenditure) and the expenditure charged upon the Central Consolidated Fund should be separately mentioned.

Now, Sir, if this Article were to be literally followed then it means that all that is required is that the Finance Minister should simply come and say that the income for this year is fifty crores and expenditure is fifty crores. But in actual practice all details of income and expenditure are given in the General Budget as well as in the Railway Budget. That has been the practice. If the contention of the Finance Minister is to be accepted then why is it that heaps of books are given to us on the Budget and why a whole donkey-load of books has been transferred on our backs from the back of the Finance Minister. It means, Sir, that there is some other provision, some further requirement. The Article does not therefore imply that you give only expenditure and the income and that your duty is thereafter over.

"The Annual Budget Statement shall also indicate, under the following headings, the sources from which the estimated receipts will be derived :—
(*a*) Existing taxation;
(*b*) New and increased taxation;
(*c*) Borrowings;
(*d*) Other sources.

How this Budget, which has been presented by the Railway Minister and the Acting Finance Minister lacks in details, which Article 40 requires him, and also this House, to fulfil, I am unable to understand.

The second contention is that there is some Railway Code or the Rules of Conduct of the Railway Board, which are in existence. I don't challenge whether they exist or not. Suppose they exist and I concede for argument's sake that in toto the Railway Code exists. But that Railway Code is subject to the present Constitution and the rules. Now that Code, which is for the guidance of the railway authorities and the railway administration, cannot validate or invalidate a budget proposal, which is to be presented under Article 40, read with Rule 90. Therefore, my humble submission is that instead of confusing the issue and bringing in so much irrelevant material, the simple point before this House is whether the Budget, which has been presented under Article 40, read with Rule 90, contravenes or amends the principles of the Budget, as enunciated in these two rules. So far as the details are concerned, I would humbly submit that the mere absence of those details cannot invalidate this Budget.

So far as the reference to the Select Committee is concerned, I think that the rule is so clear that it does not allow us to argue on this mater anymore. Therefore, my humble submission is that the point of order that has been raised and which is before the House has got no relevancy; it does not hold any water. The budget as presented in its present form is perfectly valid and legal.

Minister of Railways : Sir, in the first instance, excuse me because speeches on this point have been made in English and Mr. Sohail understands better in English than in Urdu, so I will express my views on this matter of law in English (Interruptions).

(آوازیں : اردو بولئے)

تو حضور اردو میں بولتا ہوں اور میں ابھی بتاؤں گا کہ وہ اردو میں استعاروں کو کس طرح سمجھتے ہیں ۔ جناب والا! میں یہ عرض کر دوں کہ میں اپنے دوست سہیل صاحب کی بڑی عزت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ یہ بھی عرض کروں کہ وکلا کی بحیثیت جماعت اور انفرادی حیثیت سے میں اس لیے بھی عزت کرتا ہوں کہ میں خود بھی وکیل ہوں اگرچہ پریکٹس نہیں کی اور جس کا بار بار وہ طعنہ دیتے ہیں تو لا گریجویٹ تو ہوں اور چونکہ میں نے کہا تھا کہ اردو نہیں سمجھتے ۔

گستاخی و بے باکی رمزیں ہیں محبت کی
ہر شوق نہیں گستاخ ہر جذب نہیں بیباک

وہ تو میں نے استعارتاً ان سے کہا تھا ۔ استعارتاً ۔ استعارے کے طور پر باقی صاحب کو کہا تھا کہ اس وکیل کی طرح اس Particular وکیل کی طرح

اپنی تقریر شروع کرتا ہوں ۔ یہ میں نے اپنی نہیں آپ کی تعریف کی ہے ۔ میں نے قوم کے نمائندوں کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک فاضل ممبر نے توجہ دلائی تھی کہ قرطاس ابیض اور دوسرے کاغذات اردو میں کیوں نہیں چھپے ۔ یہ واقعی بڑی زبردست فروگزاشت ہے انہیں اردو ہی میں ہونا چاہئے تھا انشاءاللہ آئیندہ اردو ہی میں ہونگے۔(نعرہ تحسین)۔نواب زادہ افتخار احمد خاں نے گیسوں کی مثال دی تھی اور پھر یہ مثال دے کر ایسے میں جناب میں نے یہ دو باتیں اس لئے بتلائیں کہ اس قوم کی بلند معیاری کا اظہار ہوتا ہے ۔ ریلوے کے مرکز سے صوبائی تحویل میں منتقل ہونے کے بعد سے عوام کی دلچسپی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ Public relation information کا عملہ عوام کی شکایات بعد میں پہنچاتا ہے خود جاننے والے لوگ اخباروں کی کٹنگ میرے پاس بھیج دیتے ہیں ۔ چنانچہ اخبار اور عوام اپنی تجاویز اور تنقیدیں پہلے بھیج دیتے ہیں۔ محکمہ کے ملازم براہ راست جنرل مینجر کو درخواست بھیج کر کاپی ہمارے پاس بھیج دیتے ہیں ۔ اور ایسی درخواستوں پر جن کے بارے میں میں سمجھتا ہوں کہ بے انصافی ہو رہی ہے میں خود فوراً توجہ دیتا ہوں ۔ ریلوے کے معاملات میں پبلک نے اس قدر دلچسپی لی کہ آپ کو یہ معلوم کر کے حیرت ہوگی کہ دو ہزار خطوط اور درخواستیں شکایات اور اپیلوں کی صورت میں آئیں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ کوئی اپیل یا درخواست ایسی نہیں جسے بذات خود میں نے فائل منگوا کر نہ دیکھا ہو اور جس پر میں نے نہ لکھا ہو کہ اس پر کاروائی کی جائے ۔ یہاں تک کہ میں نے افسروں کو حکم دیا ہے کہ وہ جا کر دیکھیں کہ میرے دئے گئے احکامات پر کہاں تک عمل ہوا ہے (نعرہ ہائے تحسین)۔ میرے پاس یاد دہانیاں بہت آئیں ۔ شکایات بھی آئیں اور میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نے سب کا کام کیا ہے۔ تمہید میں میں یہ باتیں اس لئے نہیں کر رہا ہوں کہ میں کسی داد کا طلب گار ہوں ۔ جہاں تک عوام کی دلچسپیوں کا تعلق ہے میں ہر وقت انہیں خوش آمدید کہتا ہوں ۔ میں یہ بھی بتلا دوں کہ ایک زمانہ وہ بھی تھا مگر کیا کہوں حزب اختلاف کے اراکین باہر چلے گئے ہیں ۔ ورنہ میں آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کرتا کہ خیر وہ لابی میں بیٹھ کر سن رہے ہیں ایک زمانہ وہ بھی تھا کہ لوگ اپنے علاقوں سے آتے تھے مگر ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ صاحبان کے پاس تو وہ بیچارے ان کی شکایات کیا بیان کرتے خود ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ اپنا اپنا کام لے کر وزیروں کے پاس جایا کرتے تھے جیسا کہ شاعر نے کہا ہے ۔

''سنے گا کون میری چاک دامانی کا افسانہ
یہاں سب اپنے اپنے پیرہن کی فکر کرتے ہیں،،

یہ وہ زمانہ تھا کہ اگر سعی مد میرے پاس آئے توصرف اپنے حلقے کے لئے آئے۔ اپنے

کہ میں نے اپنی تقریر کے پیرا ۱۰ میں جہاں اور چیزوں کا ذکر کیا ہے وہاں ۱۹۶۲-۶۳ کے نظر ثانی شدہ تخمینہ میں ایک کروڑ ۸ لاکھ کا ذکر نہیں اور یہ بات وزیر ریلوے نے چھپائی ہے حالانکہ یہ غلط ہے ۔ ان کو سوچنا چاہئے تھا کہ روپیہ کا خرچ اتنا بڑا ہے کہ شمار حساب کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ اتنا بڑا آڈٹ ڈیپارمنٹ ہے ، اتنا بڑا اکاونٹ کا محکمہ ہے ۔ تمام آڈٹ اور اکاؤنٹ کے بعد یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے ۔ اگر انہوں نے وائٹ پیپر کا مطالعہ کیا ہے تو ان کو معلوم ہوگا کہ وائٹ پیپر کے صفحہ ۳۱ سے ۳۵ تک اسی کا ذکر ہے وہ وہاں سے پڑھ لیں اگر ان کے پاس پڑھنے کا وقت نہ ہو یا کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو وہ مجھ سے معلوم کرلیں ۔ اس کے بعد انہوں نے فرمایا ہے کہ ایک کروڑ ۲۵ لاکھ کی جو آمدنی ہوتی ہے وہ کم ہے اگرچہ تیل کا خرچ کم ہو گیا ہے ۔ لیکن وہ یہ بات فراموش کر گئے کہ جہاں ایک کروڑ ۲۵ لاکھ کی آمدنی ہوئی ہے وہاں چار کروڑ ۱۵ لاکھ کا خرچ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کی وجہ سے پھر بڑھ گیا ہے ۔ Depreciation کی رقم ایک کروڑ ۶۲ لاکھ اس سے الگ ہے ۔ پھر ۳۸ نئی ٹرینیں چلائی گئیں ہیں ۔ اب جو ایک کروڑ ۲۵ لاکھ کی آمدنی ہو گئی ہے اس کے مقابلہ میں ایک کروڑ روپیہ کا خرچ ہوا ہے ۔ اگر کسی بھی تجارتی نقطۂ نظر سے دیکھیں تو ایک سال میں ایک کروڑ پر ۲۵ لاکھ کا منافع دکھانا کوئی معمولی بات نہیں ۔

اب میں باقی صاحب کے اعتراضات کے متعلق عرض کروں گا ۔ انہوں نے General Code کا ذکر کیا ہے ۔ بحث میں انہوں نے فرمایا تھا کہ ریلوے کا محکمہ دیوالیہ ہو گیا ہے ۔ ''خاکم بہ دہن،، انہوں نے ایک ارب ۷۰ کروڑ کو سود تصور کرا لیا ہے حالانکہ یہ قرض کی رقم ہے اور اس پر سود شمار کیا گیا ہے ۔ اپنے سرمایہ یعنی ایک کروڑ ۲۸ لاکھ کی تفصیل صفحہ ۱۰ پر درج ہے وہ ملاحظہ کر لیں ۔ دوسرا اعتراض یہ تھا کہ یہ نفع جو دکھایا گیا ہے وہ فرضی ہے وہ صوبہ کو General Revenue میں ایک فی صدی بھی ادا نہیں کرتے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اب ریلوے کا محکمہ صوبہ کو منتقل ہو گیاہےاور وہ سود جو ۲فی صد دیا جارہا ہے وہ اس رقم سے علیحدہ ہے جو مرکز کو دی جارہی ہے ۔ پھر Improvement فنڈ میں کافی رقم دی گئی ہے ۔ Depreciation میں بھی کافی رقم دی گئی ہے۔ اس لئے جو انہوں نے ایک فیصدی کا ذکر کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے ۔ پھر ان تمام رقوم کے علاوہ ۲ کروڑ کی رقم ریلوے کی طرف سے مرکز کے پاس ریزرو فنڈ میں پڑی ہے ۔ اب ان حقائق کے پیش نظر جو آپ کی خدمت میں بیان کئے گئے ہیں کوئی بھی آدمی

جو تجارتی اصولوں سے واقفیت یا کاروباری واقفیت اور تجربہ رکھتا ہے کاروباری اعتبار سے نہیں کہہ سکے گا کہ یہ خسارہ کا بجٹ ہے اور غلطی سے فاضلہ بجٹ دکھایا گیا ہے ۔

میں صفدر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان کے علاوہ جو دوسرے اخراجات ہیں ان کو پورا کرنے کی غرض سے ہم اقدامات کریں گے اور ان کے مطابق اپنے اعتراضات اور آپ کی باتوں کو بھی نگاہ میں رکھیں گے ۔

ایک بات کا اعلان کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم ایک کمیشن مقرر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ ایوان کے نمائندے بھی اس سے وابستہ ہوں گے یہ کمیشن تین باتوں پر غور کرے گا ۔

۱ ۔ کیا ہمارے اخراجات میں کوئی ایسی مد ہے جسے ہم کم کر سکتے ہیں ۔

۲ ۔ Corruption کو ختم کرنے کے لئے کون سے ذرائع اختیار کرنے چاہئیں تاکہ ہم اس سے بچ جائیں ۔ اور اسے کس طرح دور کیا جا سکتا ہے ۔ اس کا پہلا کام یہ ہوگا کہ وہ یہ دیکھے کہ اخراجات کس طرح کم کیے جائیں اور دوسرا کام یہ ہوگا کہ Corruption کو ختم کرنے اور تیسرا کام اس کا یہ ہوگا کہ وہ آمدنی بڑھانے کے ذرائع بتائے ۔ یعنی یہ کہ ہم اپنی آمدنی کس طرح بڑھائیں ۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ میں اس سے اس معزز ایوان کے نمائندوں کو بھی وابستہ کروں گا ۔ اور جناب والا ۔ جہاں تک اخراجات کو کم کرنے کا تعلق ہے ۔ میں نے اس کے متعلق ایک کمیشن مقرر کر بھی دیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں ریلوے بورڈ کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ اور وہ یہ کہ ریلوے بورڈ کے متعلق یہ اعتراض کیا گیا ہے ۔ اور جسے سن کر مجھے حیرت بھی ہوئی کیونکہ جہاں واپڈا موجود ہے ۔ جہاں ایگریکلچر ڈیلوپلمنٹ کارپوریشن موجود ہے اور اس قسم کے دیگر Autonomous bodies موجود ہیں ۔ یہ سارا زور ریلوے بورڈ پر ہی کیوں دیا گیا ۔ میرا خیال ہے کہ اس میں انہیں ضرور کوئی غلط فہمی ہوئی ہے ۔ آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ اس سلسلے میں دو چیزوں کو مد نظر رکھنا چاہیے ۔ ایک تو یہ کہ ریلوے بورڈ کا قیام صوبائی حکومت نے طے نہیں کیا ۔ اور دراصل جیسا کہ غلام نبی میمن صاحب نے کہا تھا کہ اس کا قیام مرکزی حکومت نے طے کیا تھا ۔ اور ہم پر یہ ایک Legal obligation ہے کہ ہم اسے برقرار رکھیں اور پھر یہ بات بھی ہے کہ اسے

مرکزی حکومت نے اپنی مرضی سے یا کسی ایک آدمی کے کہنے سے یا ایسے لوگوں کے کہنے سے جو انتظامی تجربہ نہیں رکھتے تھے ۔ قائم نہیں کیا ۔ بلکہ اس کے لیے Experts کی ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی ۔ اور اس کمیٹی نے جو سفارشات پیش کیں ان کی روشنی میں یہ طے پایا کہ ریلوے کے لیے ایک علیحدہ سیکرٹریٹ ہو اور جس طرح دوسرے محکموں میں ایک سیکرٹری ، ایک ڈپٹی سیکرٹری اور انڈر سیکرٹری ہوتے ہیں ۔ اس کے لیے بھی ویسے ہی ہو تو بجائے اس کے طے یہ پایا ۔ کہ ایک ریلوے بورڈ ہے ۔ جس کا ایک چیئرمین ، ایک وائیس چیئرمین اور دو ممبران اور کچھ افسر ہوں اور مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان دونوں کے لیے الگ الگ بورڈ بنانے طے پائے ۔ جناب والا ۔ آپ کو سن کر تعجب ہو گا کہ ہماری آمدنی مشرقی پاکستان کی آمدنی سے تین گنا ہے مگر ہمارے اور مشرقی پاکستان ریلوے بورڈ کا خرچ تقریباً برابر ہے ۔ جب ریلوے بورڈ مرکزی حکومت کے پاس تھا ۔ تو اس کا خرچ چوبیس کروڑ روپے تھا ۔ اور اب جب کہ ہم اس پہلے بورڈ کا دوتہائی حصہ ہیں اور مشرقی پاکستان ایک تہائی حصہ ہے ۔ تو ہمارا خرچ بارہ کروڑ سے بھی کم ہے ۔ اور در حقیقت گیارہ کروڑ روپے ہے ۔ حالانکہ دوتہائی حصہ ہونے کی وجہ سے ہمارا خرچ سولہ کروڑ روپے ہونا چاہیے تھا اور اس کے مقابلے میں مشرقی پاکستان کا خرچ تیرہ کروڑ ہے ۔

جناب والا! یہاں ہندوستان کی مثالیں بھی دیں گئی ہیں ۔ تو وہاں کے ریلوے بورڈ کو بھی دیکھ لیں ۔ وہاں ریلوے کی لمبائی 35359 میل ہے ۔ اور وہاں کے ریلوے بورڈ کے افسران کی تعداد ۳۲۸ ہے ۔

جناب والا! ہماری حالت یہ ہے کہ آج ہماری موجودہ Mileage پانچ ہزار سے کچھ اوپر ہے اور جناب والا ۔ کل افسر ہیں 26 اور بھارت میں اس کے مقابلے میں 328 ہیں ۔ یعنی ان کے مقابلے میں ہماری Mileage 1/7 ہےاور افسران کی تعداد 1/12 ہے ۔ اس لیے کسی شکل سے بھی یہ کہنا کہ اس بورڈ کی موجودگی غیرضروری ہے ۔ اور یہ کہ اسےہم نے بنایاہے ۔ یا یہ کہ مرکزی حکومت نے اسے بنایا ہے ۔ لیکن اس کے بنانے سے اخراجات بڑھ گئے ہیں ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میاں اکبر صاحب نے بڑے زور دار طریقے سے چیلنج کیا تھا ۔ کہ برصغیر کی تقسیم کے وقت جو افسران کی تعداد تھی ۔ اب وہ اڑھائی سو گنا زیادہ ہے ۔ میں نے اُن سے دریافت کیا کہ وہ یہ اعداد و شمار کہاں سے لائے ہیں ۔ تو انھوں نے مجھے کہا کہ میں اس کا جواب دوں کہ یہ اعداد و شمار درست ہیں کہ نہیں تو جناب والا ۔ دراصل بات یہ ہے کہ 48-1947ء میں جو ریلوے کے افسران تھے ۔ ان کی تعداد 230 تھی اور اب 437 ہے ۔ یعنی نوے فیصدی زیادہ ہے ۔ لیکن اس

کے مقابلے میں gross income پہلے 24 کروڑ تھی اور اب اکیاون کروڑ ہے ۔ یعنی اس میں سو فیصدی سے بھی زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ اور جو ٹن کی شکل میں ہم وزن لے جاتے ہیں ۔ وہ 47-1946ء میں 6.4 million ton تھا ۔ اور 63-1962ء میں 12.96 million ton ہے ۔ یعنی اس میں بھی 102% کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کے علاوہ ہمارے صوبے میں ریلوے کے علاوہ باقی جو دوسرے محکمے ہیں آپ اس کا اندازہ اس صورت سے کریں ۔ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ریلوے کو چھوڑ کر ان کا اڑھائی لاکھ کا عملہ ہے ۔ اور ریلوے میں ایک لاکھ سولہ ہزار کے قریب ہے ۔ اس ایک لاکھ سولہ ہزار میں جو افسران ہیں ان کا تناسب ½ فیصد سے بھی کم 4% ہے ۔ برخلاف اس کے دوسرے محکموں میں اڑھائی لاکھ میں سے سات ہزار افسر ہیں ۔ یعنی ریلوے میں کل افسران کی تعداد 437 ہے ۔ جس کے کل ملازمین کی تعداد ایک لاکھ اٹھارہ ہزار کے قریب ہے ۔ اور بقیہ محکموں میں کل اڑھائی لاکھ کا عملہ ہے ۔ اور اس کے لیے سات ہزار افسر ہیں ۔ یعنی ہمارا تناسب ½ فیصد سے بھی کم ہے ۔ جس کے معنی جناب والا ۔ یہ ہوئے کہ ہمارے یہاں ہر اڑھائی سو کے عملے پر ایک افسر ہے ۔ اور صوبے کے دیگر محکموں میں ہر پینتیس آدمیوں پر ایک افسر ہے ۔ میں پےکمیشن کی رپورٹ پیش نہیں کر سکتا ۔ کیونکہ وہ پرائیویٹ ہے ۔ آپ میرے اعداد و شمار خاموشی سے لے کر پڑھ سکتے ہیں ۔ اور اسے Check کر سکتے ہیں ۔

اب میں تیسرے درجے کے مسافروں کو سہولتیں دینے کے مسئلے کی طرف آتا ہوں ۔ تیسرے درجے کے مسافروں اور کم درجے والے ملازمین کا جہاں تک سوال ہے ۔ Staff welfare کے سلسلے میں کم تنخواہ پانے والے ملازمین ہیں ۔ ان کے لیے پہلے پانچ سالہ منصوبے کے دوران تین سالوں میں اکیاون کروڑ اکسٹھ لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے ۔ لیکن صرف ایک سال میں ہم نے ایک کروڑ اکیتھر لاکھ روپے اس مد میں Provide کئے ہیں ۔ یہ ان پر ہونے والے دیگر اخراجات کے علاوہ ہے ۔ اس کے بعد جناب والا۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ جو ہم نے ریل کے ڈبوں کے لیے آرڈر دیئے ہیں ۔ وہ ذرا غور سے سنیئے ۔ یہ آرڈر ۴۴۲ ڈبوں کے لئے ہے ۔ ان میں تین سو ڈبے پہلے کے آرڈر کے مطابق ہیں ۔ یعنی جب میں نے اس محکمے کا چارج لیا تھا ۔ لیکن میں نے صدر صاحب اور گورنر صاحب سے عرض کی ۔ کہ چونکہ ڈبوں کی تعداد بہت کم ہے ۔ اس لیے اس آرڈر کو بڑھادیا جائے ۔ چونکہ پانچ سالہ منصوبے میں مزید ڈبوں کے لیے آرڈر نہیں تھا اس سے ہم نے اس میں ترمیم کرنے کی درخواست کی اور انھوں نے ۱۴۲ ڈبے مزید بڑھا دیئے۔ تو اس طرح اب ان کی تعداد ۴۴۲ ہوگئی ہے ۔ ان ۴۴۲ ڈبوں میں سے جناب والا ۔ ہم نے ۴۱۶ lower کلاس کے لیے رکھے ہیں ۔ پھر ایک کروڑ اکتھر لاکھ روپیہ

ہم نے مسافروں اور کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی ان چیزوں کے لیے صرف کیا ہے کہ کہیں ویٹنگ روم درست کیا ہے اور کہیں کچھ اور ضرورت ہے اور اس کو بہم پہنچایا ہے ۔ ان کے علاوہ یہ براہ راست فائدہ جو جائے گا اس کی رقم ۱۵ کروڑ ۸۰ لاکھ روپیہ ہوتی ہے اس ۱۵ کروڑ ۸۰ لاکھ میں سے ۱۵ کروڑ کی قیمت جو ہے وہ تیسرے درجے اور انٹر کلاس کے لوگوں کے لیے ہے یعنی ۴۳۲ ڈبوں میں سے ۲۱۶ ڈبے زیادہ تر lower کلاس اور ملازمین کے لیے ہیں ۔ میں آپ کی اطلاع کی لیے عرض کروں کہ ۶۳-۱۹۶۲ء میں ہم نے اسٹاف کے لیے ۳۱۵۱ مکان بنائے تھے۔ ۶۴-۱۹۶۳ میں انکی تعداد میں معتدبہ اضافہ کر دیا گیا ہے ۔ اور اس کے لیے ہم نے فنڈ مہیا کیا ہے ۔ ۶۲-۱۹۶۳ء میں ۹۱ اسکول بنے تھے۔ اس سال ہم ۱۶۳۲ بنائیں گے اور جس کے لیے ہم نے رقم provide کی ہے ۔ میڈیکل facilities کے سلسلے میں اب تک ۲۵۴۱ برتھ تھے اب ۲۸۷۰ مہیا کریں گے ۔ واٹر سپلائی کا انتظام پچھلے سال ۳۵۴۱ جگہ تھا اب کے ۵۶۱ جگہ اور منظوری دے دی ہے ۔

اب جناب والا ۔ برانچ لائن کے متعلق عام شکایات ہیں مجھے اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ میرا ٹائیم کس وقت ختم ہوتا ہے ؟ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ دس منٹ میں اپنی تقریر ختم کر دیں ۔

وزیر ریلوے : اب جناب والا۔ کھانے کی شکایت ہے لیکن آپ نے غور کیا ہوگا کہ تین روپے کا لنچ، ساڑھے تین روپے کا ڈنر اور دو روپے کا ناشتہ آپ ریلوے کے علاوہ کسی ریسٹورنٹ میں جا کر دیکھیں تو نہیں ملے گا ۔ لیکن یہ مجھے اعتراف ہے کہ کھانا نہ لوئر کلاس میں اچھا ملتا ہے اور نہ اپر کلاس میں، لیکن جناب والا ۔ میں نے پبلک ورکر کی حیثیت سے ان کے باورچی خانوں میں ان کی ڈائننگ کار میں ان کے ریسٹورنٹ میں، میں نے گھس گھس کر خود دیکھا ہے ۔ میں جناب والا ۔ ایک جگہ کا نام نہیں لینا چاہتا، لیکن میں وہاں گیا تو میں نے دیکھا، کہ وہاں باورچی خانے میں برتن ہی نہیں تھے۔ تو میں نے خیال کیا کہ یہ کیسا باورچی خانہ ہے جہاں برتن ہی نہیں ہیں ۔ میں نے پوچھا کہ برتن کہاں ہیں وہ کہنے لگے کہ قلعی کے لئے گئے ہوئے ہیں ۔ اصل واقعہ یہ کہ برتن چھپا دئے گئے تھے ۔ میں نے اس کو معطل کیا اس پر جرمانہ ہوا ۔ اب اس کے برتن وغیرہ ٹھیک ہیں ۔ میں نے ایک ڈائننگ کار کو بھی دیکھا ۔ میرے ساتھ چیئرمین گئے اور جنرل منیجر بھی گئے تھے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تم مسافروں کے لیے پینے کا پانی کہاں سے لاتے ہو ۔ میں نے اسے خود جا کر دیکھا میرے ساتھ ایک اخبار کا نمائندہ بھی تھا ۔ تو مجھے بڑا افسوس ہوا کہ وہ بہت پرانے اور دنوں کے رکھے ہوئے برتن تھے ۔ میں نے اس پر آرڈر دیا کہ ان برتنوں پر قلعی ہونی چاہئے اور پانی

نکالنے کا انتظام اوپر سے نہیں ہونا چاہیے اور اس پر عملدرآمد ہو رہا ہے اور بعض جگہ شروع ہو گیا ہے۔

مجھے بڑا افسوس ہے کہ میرے ایک دوست نے اُدھر سے ایک چھوٹی سی بات کہی ہے۔ اپوزیشن والوں سے مجھے یہ امید نہیں تھی۔ انھوں نے کہا کہ میں نے ایک پلیٹ فارم جو بنایا تو اس لیے کہ یو۔ پی کے مسافرین جاتے ہیں۔ جناب والا۔ اس سلسلے میں میں عرض کروں کہ یو۔ پی کے مسافرین تو آتے جاتے ہی رہتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک انگریزی اخبار میں فوٹو نکلا کہ وہ پلیٹ فارم فارنرس کا پلیٹ فارم ہے۔ سات آٹھ سو مسافرین ہندوستان سے پاکستان اور پاکستان سے ہندوستان آتے جاتے رہتے ہیں۔ لیکن اس پلیٹ فارم کی حالت یہ ہے کہ یہاں بیٹھنے کا کوئی انتظام نہیں ہے اور نہ پانی پینے کا انتظام ہے۔ میں نے اس پلیٹ فارم پر پنکھے لگوائے اور ویٹنگ روم بنوا دیا۔ اور پانی پینے کا انتظام بھی کروا دیا۔ اور پھر میں نے پشاور End اور کراچی کی طرف بھی تیسرے درجے کے ویٹنگ روم بھی بنوا دیے اور پانی کا انتظام بھی کر دیا۔ دور سے بیٹھ کر باتیں بنانے والے وہاں جا کر دیکھیں کہ ہم نے کیا کیا انتظام کیا ہے۔ وہاں بیٹھنے کے لیے بنچز ہیں پنکھے ہیں اور ٹرینوں کے لیے shed ہیں۔ اور میں نے یہ صرف لاہور ہی میں نہیں کیا بلکہ میں نے کراچی، پنڈی میں اور ملتان میں یہ کروا دیا۔ میں خیرپور گیا اور میرے خیرپور جانے سے پہلے ہی وہاں یہ تیار ہو چکا تھا۔ میں نے کہا جہاں جہاں بجلی ہے وہاں پنکھے لگوا دیئے جائیں اس کے لیے ہم نے رقم provide کی ہے۔ کوئٹہ میں مجھ سے کہا گیا کہ یہاں گرمی زیادہ نہیں ہوتی یہاں پنکھے لگوانے کی کیا ضرورت ہے۔ میں نے کہا کہ یہ باتیں آپ کر رہے ہیں اس وقت لیکن کوئٹہ میں ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ تیسرے درجے میں پنکھوں کی ضرورت ہوتی ہے چنانچہ میں نے کوئٹہ میں پنکھے لگوانے کا آرڈر دیا۔

اب جناب ارباب صاحب کا کولڈ اسٹوریج لگوانے کا مطالبہ ہے۔ اربابصاحب نے یہ شکوہ تو کیا کہ کولڈ اسٹوریج نہیں بنایا گیا لیکن انھوں نے اس بات کا شکریہ ادا نہیں کیا کہ آپ نے کہا کہ نوشہرہ کی ٹرین بند ہو گئی ہے۔ میں جناب اس وقت تک نہیں ہلا جب تک میں نے نوشہرہ کی ٹرین نہ چلوا دی اور جب یہ ٹرین چلی اور میں وہاں پہنچا تو کہا گیا کہ یہ ٹرین جمرود تک چلنی چاہیے۔ مگر مسافر کچھ نہیں ملتے اور میرے پاس وہاں پہنچ کر جو Figures آئیں ان سے معلوم ہوا کہ اسلامیہ کالج کے آٹھ نو طلبا نے جو پہلے بس سے آتے جاتے تھے صرف انھوں نے سفر کیا۔ اس طرح یہ ٹرین پشاور نوشہرہ تک جاری ہو گئی۔

اس کے بعد جناب والا۔ آپ نے فرمایا ہے کہ کولڈ اسٹوریج نہیں بنا ہے۔ اس

سلسلے میں جناب پہلے ہم نے یہ کیا کہ اسٹیشنوں پر پسنجر ٹرینوں میں یہ آرڈر کر دیا کہ جہاں پھل ہوں پشاور میں، نوشہرہ میں، چارسدہ میں، پبی میں مردان میں، وہ سب پسنجر ٹرین سے جائیں ۔ ارباب صاحب یہ بتائیں کہ پہلے جو چیز ۱۵ دن میں پہنچتی تھی وہ اب ڈیڑھ دن میں پہنچ جائے گی ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ کولڈ اسٹوریج کی تجویز کے علاوہ کم سے کم آپ شکرے میں پھل تو کھلائیں ۔

جہاں تک کرایہ کا تعلق ہے ۔ جناب والا ۔ ہم نے پشاور سے ۲۰ مئی سے ۲۵ فی صد کا Reduction کر دیا ہے ۔ آپ کو اپنے علاقے کی کمی کا پتہ نہیں ہے ۔ زیادتی کا پتہ ہو رہا ہے ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کوئٹہ میں ان کی Representation ہے کہ کوئلے کے کرائے کے نرخوں میں کمی کی جائے ۔ میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن جناب میں نے ابھی یہ بتایا ہے کہ ہندوستان کے مقابلے میں جو اعداد و شمار علامہ رحمت اللہ ارشد نے پیش کیے تھے وہ قطعی طور پر غلط ہیں ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ ۱۹۳۹ء میں جو Goods trains کے Rates تھے یعنی غیر منقسم ہندوستان میں مال گاڑیوں کے جو Rates جاری تھے ان کے مقابلہ میں آج جو نرخ ہیں وہ ۵۲ فیصدی زیادہ ہیں ۔ یعنی لڑائی سے پہلے ۔ کوئلہ کا ذکر نہیں کر رہا ہوں ہر چیز کا ذکر کر رہا ہوں ۔ حالانکہ جو سٹور ہے اس کی قیمت پانچ گنا بڑھ چکی ہے اور جناب والا ۔ جو ملازمین جن کو ۱۴ روپے ملتے تھے اب ۷۰ روپے ملتے ہیں ۔ مال برداری کے اس کے نرخ سن ۱۹۴۷ کے مقابلے میں کل ۵۲ فیصدی زیادہ ہیں ۔ اور کوئلہ کے لیے جیسا کہ میں نے عرض کیا میں اپنی رائے کا اظہار نہیں کر سکتا ۔ کیبنٹ کے سامنے آپ کا مسئلہ ہے کیونکہ ہمارا کوئلہ اپنے گھر کی انڈسٹری ہے ۔ ان کو زیادہ سے زیادہ مراعات ملی ہیں ۔ ہماری کیبنٹ کے سامنے انشا اللہ جلد اس کا فیصلہ ہوگا ۔ اور جناب والا ۔ آپ کا دوسرا مطالبہ تھا کہ کوئٹہ سے جس کے متعلق سہیل صاحب نے Advocacy کی تھی اس کے متعلق حکم صادر ہو چکا ہے کہ اس کا سروے ۳۰ میل کا شروع ہو جائے ۔ اور وہ دوسرا اعلان میں یہ کرنا چاہتا ہوں جناب کیونکہ مختلف علاقوں کے لوگوں نے ٹائم کی دقتیں بتائیں، اگر وقت ہوتا تو میں ایک ایک نمائندے کا جواب دیتا لیکن اتنا کر دیا اور اتنا باقی ہے، تو اب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ نئی لائنوں کے متعلق جب تک پلیننگ کمیشن منظوری نہ دیدے ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ غالباً ''عام خیال یہ ہے کہ جس کو چاہیں ہم لائن نکال کر دیدیں ۔ لیکن پلیننگ کمشن جب تک سفارش نہ کر دے ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ میں نے ارادہ کر لیا ہے اور میں نے نئے گورنر سے بات کی ہے اور اس کے بعد ہم فوراً،، کمشن چیف انجینیر کے تحت قائم کریں گے ۔ اور

جو تجاویز ممبروں کی طرف سے آئیں مثلاً ''جڑانوالہ کے متعلق یا سوابی کے متعلق، میں نے جو عرض کر دیا ہے کہ ممبرز نے جو نئی نئی لائنوں کی تجاویز دی ہیں ہمیں اس کے لیے انجینیرز کی ایک کمیٹی جا کر ہمیں بتائے گی ٹریفک سروے کرکے اور وہ ہمیں فوراً،، رپورٹ دیں گے کہ ان علاقوں میں لائنز نکال سکتے ہیں ۔ کنڈی صاحب کی جو تجویز ہے اس کے متعلق ہم غور کر رہے ہیں ۔ میری گفت و شنید جاری ہے اسٹیشن کو ہٹانے کی ۔ وہ ٹیم ایک مرتبہ جا چکی ہے معاملہ ختم نہیں ہوا ۔ جہاں تک میرے بس میں ہوا میں آپ کے سٹیشن کو طوفان سے محفوظ رکھوں گا اور اگر ممکن ہو سکا اور اگر کوئی ٹیکنیکل مشکلات نہ ہوئیں یا ایسی مشکلات ہمارے راستہ میں حائل ہو جائیں جن پر ہم قبضہ نہ پا سکیں تو دوسری بات ہے ، ورنہ ہم اس کو ہٹا دیں گے ۔ تو جب تک رپورٹ نہ آ جائے ہم اس وقت تک کچھ نہیں کر سکتے ۔ تو میں نے پہلے ایک کمیشن کا اعلان کیا دوسرے کا یہاں کیا ہے کہ جتنی تجاویز ممبر صاحبان نے کی ہیں اپنے اپنے علاقوں کے لیے ان سبکو جانچنے کے لیے چیف انجینیر کے تحت وہ ایک رپورٹ ہمیں بتا دے ، کیونکہ وہ معاملہ ٹیکنیکل ہو گیا ہے تو اس میں کچھ انجینیرز ہونگے اور جناب میری اطلاع ہے ۔ آپکے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے جو آپ سے بار بار ۲۴۴ ڈبوں کا ذکر کیا تو لوگ کہہ دیتے ہیں کہ کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک ۔ تو وہ کب ہوگا اور وہ کب آئیں گے ان کی مکمل تفصیلات یہ ہیں کہ ان کی Shipment یعنی روانگی شروع ہو چکی ہے ۔ ۱۷ اپریل کو چلے ہیں ۔ مئی تک ہمارے پاس تقریباً کوئی ۱۰۰ ڈبوں کے قریب Delivery ہو چکی ہے ۔ ۲۰۰ ڈبے مجھے امید ہے اگلے سال کے وسط تک یا ایک سال کے اندر ہم کو پہنچ جائیں گے ۔ ان کی Delivery جاری رہے گی ۔ ڈبے ہم اس صورت سے منگواتے ہیں کہ ہم بنے بنائے نہیں لیتے ہم ان کو یہاں assemble کریں گے اور پھر انشا اللہ ان کو چلائیں گے ۔ تھرڈ کلاس کے ڈبے جو آ رہے ہیں وہ پنکھوں سے آراستہ ہونگے ۔ اب سکولوں کے بارے میں یہ ہے کہ میں نے اتنا بتایا ہے کہ اتنے سکول ہیں اور اتنے بنا رہے ہیں وہ تو آپ پر منحصر ہے ۔ میں نے آپ کو بتایا ہے کہ آپ کی کڑی نگاہوں کا نتیجہ ہے کہ اتنی جلدی Committes بنیں اور Reports لیں ۔ وہ کمیشن جو میں نے بنایا ہے اس کا ایک کام یہ بھی ہے کہ وہ ہمیں بتائیگا کہ Corruption جو ہمارے ہاں ہے اس کے کیا اسباب ہیں لیکن یہ تو جناب والا نفسیاتی علاج ہیں ان کے متعلق اسمبلی میں تو جواب سوال نہیں کر سکتا ۔ لیکن ان کے طرز عمل کا کیا علاج ہوگا ۔ اس کا انحصار ہمارے طرز عمل کے اوپر منحصر ہوگا ۔ حضور والا ۔ میں نے آپ کے لیے پشاور تک تیز گاڑیاں چلوانی ہیں ۔

Mr. Speaker : Please address the Chair. There should be no direct conversation between the Members and the Minister.

وزیر ریلوے : بجلی کی سکیم بھی زیر غور ہے تو تیسرے Plan میں ہم نے سب سے پہلے یہی رکھا ہے کہ ہمارا خانیوال سے پشاور تک سروے شروع ہو اور پھر خانیوال سے کراچی تک ۔ اس کے بعد اب میں برانچ لائینوں کی طرف آتا ہوں ۔ مجھے اس چیز کا اعتراف ہے ۔ برانچ لائنوں پر جہاں میں جا سکا ہوں وہاں میں نے خود دیکھا۔ جاڑوں میں اسمبلی کے اجلاس چونکہ زیادہ ہوئے اس لیے جاڑوں میں میں نہیں جا سکا ہوں ۔ میرپور خاص کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ سوداگروں کو یہ شکایت ہے کہ کراچی سے مال میرپورخاص تک پہنچنے میں ۱۲ دن لگتے ہیں ۔ اب میرے پاس چیمبر آف کامرس کے خطوط آئے ہیں وہ بتاتے ہیں میرپورخاص سے اب حیدر آباد کے Trans-shipment کے بعد مال تین دن میں کراچی پہنچ جاتا ہے ۔ چوبیس گھنٹوں میں Trans-shipment اب حیدر آباد سے ہوتا ہے جو پہلے آٹھ آٹھ دن نہیں ہوتا تھا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں حیدر آباد جب گیا تو مجھے بتایا گیا ۔ اس کے بعد میرپور خاص کے ۴۲ میل کے ٹکڑے کو براڈ گیج کر رہے ہیں تین کروڑ کے خرچے سے ۔ وہ آپ کے علم میں ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ دو برانچ لائنیں بھی ہیں ۔ تو میری معروضات کا مقصد یہ ہے کہ خرابیاں جو برانچ لائنوں پر ہیں وہ دور کی جا رہی ہیں ۔ ماسٹر خان گل نے فرمایا تھا کہ یہ تو ہمیں ورثے میں ملی ہیں ۔ لیکن ۱۰ مہینوں میں جو کچھ کر سکتے تھے وہ کیا اور اگلے سال خواہ میں ہوں یا میری جگہ جو وزیر بھی ہو اگر کوئی منسٹر بھی کامیاب ہونا چاہتا ہے تو اسکو ذاتی دلچسپی لینی پڑے گی ۔ اگر وہ برانچ لائین ٹھیک نہیں کر سکتا تو ریلوے کے چلانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ کیونکہ پسماندہ علاقوں کے لوگ انہیں برانچ لائینوں پر رہتے ہیں اور جنہیں انگریزوں نے نظر انداز کیا تھا ۔ اور اگر ان کی طرف توجہ نہ دی گئی تو جناب والا پھر ہمارا مقصد پورا نہیں ہو سکتا ۔ تو جناب جہاں تک میری نیت ۔ پروگرام اور مقاصد کا تعلق ہے میں ان کا بار بار اعلان کر چکا ہوں ۔ پورا Emphasis پورا زور برانچ لائینوں پر دیا جائیگا ۔ ٹرینیں لیٹ چلتی ہیں ۔ کھانا اچھا نہیں ملتا ۔ ڈبوں کی حالت خراب ہے ۔ تو میں ابھی پنڈی تھا میں نے اپنی موجودگی میں تین دفعہ Raid کرایا ۔ بلا ٹکٹ سفر کرنے میں کافی کمی ہے ۔ مال گاڑی کے ڈبوں میں پچاس پچاس آدمی بیٹھ جاتے تھے اب وہ بات نہیں ہے ۔ اب بغیر ٹکٹ چلنے میں کافی کمی ہو گئی ہے ۔ اور جناب والا ۔ ان کے کھانے کا انتظام برانچ لائنوں پر سستا اور عمدہ بھی ہوگا ۔ سب سے زیادہ زور اب برانچ لائنوں پر ہوگا ۔ جناب ایک شکایت یہ کی گئی ہے کہ گارڈ اور ڈرائیوروں کو . . . . . (قطع کلامیاں و شور)

چودھری سعی محمد : پچھلے سال کام ہوا ہے یا آئندہ سال ہوگا برانچ لائنوں کا ؟

مسٹر سپیکر : چودھری صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر ریلوے : ابھی بغیر ٹکٹ کے سفر کچھ کم ہوا ہے ۔ جو بھی لوگ گاڑیوں میں چلتے تھے اب پہلے کی نسبت کم چلتے ہیں ۔ برانچ لائنوں پر خود میں نے سندھ کے علاقے میں یہ اندازہ کرنے کے لیے کہ کیا حالت ہے دو سٹیشنوں پر تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں اپنے سٹاف کے ساتھ سفر کیا ۔ وہاں انھوں نے خود بتایا ہے ۔ سکھر میں حاجی گل حسن منگی گئے ہوں گے ۔ وہ بتائیں گے ان کو پتہ ہے کہ برانچ لائین سکھر کی حالت پہلے سے بہتر ہے لیکن اتنی بہتر نہیں جتنی ہونی چاہیے ۔ (قطع کلامیاں)

حضور والا ۔ ایک آدمی ایک وقت میں کہاں کہاں جائے گا ۔ انشا اللہ میں وہاں بھی آؤں گا گھبرائیے نہیں ۔ (قطع کلامیاں)

ایک آواز ۔ شاید اس وقت تک آپ نہ رہیں ۔

وزیر ریلوے : جب میں نہیں ہوں گا میرا کوئی بھائی ہوگا ۔ اگر یہ نہ بھی بلائیں گے تو زبردستی ناخواندہ مہمان پہنچ جائیں گے ۔

جناب والا ۔ ایک اعتراض یہ تھا کہ گارڈ اور ڈرائیوروں کو ہم نے Mileage الاؤنس دینا شروع کر دیا ہے ۔ جو گارڈ ۔ ڈرائیوروں کو ملتا تھا وہی سپیشل ٹکٹ ایگزامیز کو دینا شروع کر دیا تھا ۔ میں میاں محمد اکبر صاحب کی اطلاع کے لیے متعلقہ عرض کرتا اگر وہ یہاں ہوتے کہ یہ ریلوے نے شروع نہیں کیا ہے یہ انڈسٹریل کورٹ کا Award ہے یہ ان کا آرڈر ہے ۔ اس کے آرڈر کی تکمیل میں ہم نے ایسا کیا ۔ ہمارا کوئی حکم نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں برانچ لائنوں کے متعلق ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ نئے ڈبے جو آ رہے ہیں اور نئی ریل کاریں جو آ رہی ہیں میری سب سے زیادہ ہدایت یہ ہے کہ جن کو پہلے کم دیئے گئے تھے اب ان کو محروم نہ رکھا جائے بلکہ ان کے تناسب کو پورا کیا جائے۔ یعنی نئے ڈبوں میں سے اور نئی ریل کاروں میں سے برانچ لائنوں پر بھی دیئے جائیں ۔ باقی جناب غلام نبی میمن صاحب کی ایک تجویز تھی جو انھوں نے مجھے پیش کی تھی . . . . . .

ایک ممبر : ٹھٹھہ کے متعلق بھی کچھ کہیے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : He is asking about Thatta.

وزیر ریلوے : جناب ٹھٹھہ کے متعلق آپ نے مجھے فرمایا ہے ۔ اگرچہ میں

نے سب کا جواب دے دیا تھا اور الگ الگ جواب نہیں دیا تھا لیکن ٹھٹھہ کے لئے آرڈر پہلے ہو چکا ہے اور رقم بھی ۶۴ ہزار کے قریب Provide ہو گئی ہے - اس کے متعلق آپ بے فکر رہیں - (ہیئر ہیئر) یہ میں زبانی بتا رہا ہوں کہ ۶۴ ہزار ہے یا کچھ کم بہر حال وہاں کے لیے رقم Provide کی گئی ہے -

جناب والا - میں تو چاہتا تھا کہ کم از کم دو اڑھائی گھنٹے ممبروں کے اعتراضات کا جواب دوں لیکن وہ ماحول نہیں ہے - میرے کچھ دوستوں نے کوشش کی کہ ماحول میں کچھ ایسی گڑ بڑ ہو جائے کہ میں اپنی تقریر جلدی ختم کروں - دوستوں سے میرا مطلب یہ ہے کہ جو باہر چلے گئے ہیں - انہوں نے اس محفل کا وہ رنگ ہی نہیں چھوڑا .....

ایک ممبر : آپ نے جو گالیوں کی Sanction کی ہے اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے کیونکہ گالیاں صرف آپ ہی کھا سکتے ہیں اور کوئی نہیں کھا سکتا ہے -

وزیر ریلوے : اب جناب والا - بات یہ ہے کہ بیگم صاحبہ کا جو حکم ہے کہ ۵۰ فیصد عورتوں کی تعداد ہے تو خدا کرے ۵۰ فیصدی سفر کرنے والی بھی ہوں - سفر کرنے والی ۵۰ فیصدی خواتین نہیں ہوتی ہیں - لیکن میں نے یہ آرڈر جاری کئے ہیں اور ہر تھرڈ کلاس ویٹنگ ہال میں ہر جگہ عورتوں کیلئے دو کام ہو گئے ہیں - ایک تو ان کے لئے بکنگ آفس ہر اسٹیشن پر الگ ہیں - پہلے ایک ہی جگہ ان بیچاریوں کو ٹکٹ لینے کے لئے کھڑا ہونا پڑتا تھا اور تھرڈ کلاس میں عورتوں کو ٹکٹ بھی نہیں ملتے تھے - اب میں نے یہ آرڈر کر دیا ہے کہ تھرڈ کلاس ہر ویٹنگ ہال میں عورتوں کے لئے ٹکٹ کا الگ انتظام ہوگا - دوسرا انتظام یہ کیا ہے کہ ہر جگہ جہاں ویٹنگ ہال بنائے جا رہے ہیں اور جو پہلے بھی موجود ہیں وہاں عورتوں کے لئے تھرڈ کلاس میں ایک الگ کمرہ ہوگا -

اب رہا جناب والا - مولوی صاحب کا معاملہ - وہ کہتے ہیں کہ عورتوں کو مردوں کے ڈبے میں نہ آنے دو - اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ کیا کوئی انتظامیہ اس میں دخل دے سکتا ہے کہ خواتین کو کہہ دیں کہ مردوں کے کمرے میں نہ آئیں - جہاں تک بیگم صاحبہ کے اس مطالبے کا تعلق ہے کہ بیگمات کو خواتین کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دی جائیں - جو سہولتیں انہوں نے بیان کی ہیں وہ قریب قریب سب موجود ہیں سوائے اس سہولت کے جو کسی کو بھی میسر نہیں ہے یعنی جو مشکل مردوں کو ہے وہ عورتوں کو بھی ہے لیکن جو جو ہم عورتوں کو علیحدہ دے سکتے ہیں وہ سہولتیں دی گئی ہیں -

ایک تجویز غلام نبی میمن صاحب نے کی تھی ۔ (قطع کلامیاں) (آپ کو یہ معلوم نہیں کہ عورتوں کے ڈبے الگ ہیں) اچھا جناب والا۔ غلام نبی میمن صاحب نے یہ فرمایا تھا اور اس میں حیدرآباد اور کراچی والے بھی شامل ہیں کہ کراچی ایکسپریس جو صبح کو آتی ہے اسے نمبر ۱ پلیٹ فارم پر لے جاتے ہیں وہاں سے ان کو ایک فرلانگ چلنا پڑتا ہے ۔ اول تو جناب والا ۔ میری گذارش ان کی خدمت میں یہ تھی کہ بہتر تو یہی تھا کہ پلیٹ فارم وہی رہتا ۔ ہم جو پڑھے لکھے لوگ ہیں واک کم کرتے ہیں اسی بہانے سے ایک دو فرلانگ تو واک ہو جایا کرتی ۔ لیکن جناب سہیل صاحب مجھے معاف کریں وہ ایسی باتوں پر بگڑ جایا کرتے ہیں ۔ کسی زمانے میں ایک شاعر نے نازک طبع کے متعلق کہا تھا ۔

اے صبا آہستہ چل نازک طبع بیدار ہوتا ہے
منع کر گل کی کلیوں کو نہ چٹکیں یار سوتا ہے

ہماری نازک طبعی کا تو یہ عالم ہے کہ کلی کے چٹکنے سے ہماری نیند خراب ہو جاتی ہے ۔ ایک فرلانگ چلنے سے اگر غلام نبی میمن صاحب کو تکلیف ہے تو میں یقین دلاتا ہوں ان کو کہ اب گل کی کلی بھی نہیں چٹکے گی کہ آنکھ بیدار ہو سکے ۔ ان کی ٹرین بجائے نمبر ۱ کے میں کوشش کروں گا کہ نمبر ۴ یا ۵ پر لائی جائے۔ بلکہ ہم تو کوشش اب یہ کرنے والے ہیں کہ آپ کو گھر سے لائیں ۔ اور گھر چھوڑ آئیں ۔ (قہقہہ) ایسے ریلوے کے بس ہونے چاہئیں کہ وہ گھر سے مسافروں کو لائے اور یہاں آ کر مسافروں کے گھر چھوڑ کر آئے۔ ایسی بس سروس ہو جو عام مسافروں کے لئے نہ ہو بلکہ ریلوے کے مسافروں کے لئے ہو جو گھر سے لائے اور گھر تک چھوڑ آئے۔ (قطع کلامیاں) لیکن حضور والا ۔ ان چیزوں کے لئے وزیر تو خالی idea دیتے ہیں کرنے والے تو یہ لوگ ہیں اب جناب میرا کام تو دونوں طرف سے ختم ہو گیا ۔

جناب والا ۔ میں ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں ۔ میری تقریر تو ختم ہو گئی اب دوسرے item لیں گے ۔

جناب والا ۔ میں نے یہ بجٹ بحیثیت فنانس منسٹر کے پیش کیا تھا ۔ مجھے جس وقت Finance Ministership کے لئے حکم ہوا اس وقت میرے کیبنٹ کے ساتھی بھی بیٹھے ہوئے تھے ، انہوں نے کہا کہ آپ ہی فنانس منسٹری لے لیں ۔ اس پر میں نے کہا کہ جب تک شیخ مسعود صادق صاحب اجازت نہیں دیں گے میں نہیں لونگا ۔ خیر اس کے بعد حکم ہو گیا ۔ اب میری درخواست صرف یہ

ہے کہ شیخ مسعود صادق صاحب کی صحت خدا کا شکر ہے بہتر ہو گئی ہے اور میری زیادہ دعا یہ ہے کہ خدا کرے کہ جلدی صحت ان کی بہتر ہو ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ جب ان کی صحت بہتر ہے اور جتنی ان کی صحت بہتر ہو گئی ہے اس تناسب سے میری صحت گر گئی ہے (قطع کلامیاں) ۔ جتنا کام ان کو کرنا پڑا تھا وہ کام مجھے بھی بے حد کرنا پڑا تو میرے اوپر ان کا بڑا احسان ہوگا کہ وہ خدا کے لئے اپنی صحت کی وجہ سے کل کے جتنے item ہیں ایوان میں پیش کریں ۔ وہ دفتر بھی آتے ہیں اور پارٹی میٹنگز میں بھی جاتے ہیں ۔ ہماری دعائیں ہیں کہ ان کی صحت اور بھی زیادہ بہتر ہو ۔ میں ان کو اس لحاظ سے نہیں کہتا کہ ہمارا تعاون نہیں ہوگا ۔ میں اسی طرح بولوں گا ۔ میرا تعاون اسی طرح جاری رہے گا ۔ میں بحیثیت فنانس منسٹر کے نہیں ان کے کیبنٹ کے ساتھی کی حیثیت سے ان کی مدد کے لئے ۔ ان کے تعاون کے لئے ۔ ان کی خدمت کے لئے ہر وقت حاضر رہوں گا ۔ آخر پچھلے اجلاس میں مجھے ملک قادر بخش صاحب نے حکم دیا کہ آپ تحریک التوا لے لیں میں نے یہ تو نہیں کہا کہ میں لا منسٹر جب ہو جاؤں گا تب لوں گا ۔ وہ تو ہر ایک فرد کا کام ہے کہ وہ خدمت کرے خواہ کسی حیثیت میں ہو ۔ میرا مقصد تو یہ ہے کہ ان کو تکلیف تھی مجھے حکم دیا گیا اور میں نے بجٹ پر ڈیڑھ مہینے تک کئی دن ۱۸ گھنٹے سے کم کام نہیں کیا ہے محنت کی ہے ۔ میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ میں نے کیا کیا ہے ۔ میرا Contribution کیا ہے ۔ میری درخواست ایوان کے ارکان کی معرفت یہ ہے کہ خدا کے لئے وہ کل سے تشریف لائیں ۔ باقی حصہ بجٹ کا وہ خود تیار کریں ۔ میں ان کی مدد کے لئے ۔ میں ان کے تعاون کے لئے ہر صورت حاضر رہوں گا ۔

ان الفاظ کے ساتھ جناب میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے مجھے یہ موقع عطا کیا ۔ اگرچہ آپوزیشن کے حضرات چلے گئے اور اس کے باوجود بھی میں اپوزیشن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے کم سے کم جو مداخلت دیں کرنی تھی وہ نہیں کی ۔ دیں میں نے اس لئے کہا ۔ I am sorry ''مداخلت،، کا لفظ رکھئے جناب ورنہ.....

جناب والا ۔ بیٹھنے سے پہلے میں ایس ۔ ایم ۔ سہیل صاحب سے ایک بات کی وضاحت آپ کی وساطت سے کرنا چاہتا ہوں کہ کل انہوں نے میرے اوپر وکیلوں کے سلسلے میں اعتراض کیا تھا ۔ میں نے اپنی دوسری تقریر میں جواب دے دیا تھا ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ وہ میرے جواب سے مطمئن ہیں یا نہیں ۔

Mr. S. M. Sohail : I am not only satisfied but I also feel that on the

spur of the moment all that I said to Mr. Abdul Waheed Khan was not necessary and I should not have taken notice of that. But Sir, suddenly he said something about the lawyers and I happened to be a lawyer. Now, Sir, if you take away that chunk of lawyer from me what remains in me. I just could not help it. Any way it is all over.

وزیر ریلوے : اب میں جناب والا ۔ آپ کا شکریہ ادا کرنے کے بعد بیٹھنا چاہتا ہوں ۔

Discussion of expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund and Expenditure other than New Expenditure (Railways).

Mr. Speaker : Now we come to the next item regarding discussion of expenditure charged upon the Provincial Consolidate Fund (Railways).

(*At this stage the Opposition Party entered the Chamber*). Would Khawaja Safdar like to open the discussion?

Khawaja Muhammad Safdar : Sir. in this respect my submission is that we take up both those items together, i.e. charged as well as expenditure (Railways). It would be rather convenient.

Mr. Speaker : Alright.

ایک پوائنٹ ہے ۔ صفدر صاحب ۔ اس سلسلے میں کٹ موشنز بھی ہیں کہیں ایسا نہ ہو discussion لمبی ہوجائیں ؟

Of course, they are not to be voted upon, the member knows that.

Khawaja Muhammad Safdar : They are not going to be voted upon. It is just to raise discussion Sir.

جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں چند ایک معروضات پیش کروں میں ضروری سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر صاحب نے میری تقریر کے جن حصوں کا جواب دیا ہے انکے متعلق دو ایک گزارشات کروں ۔

جناب والا ۔ میں نے ان کے بجٹ پر جہاں تک سال رواں کا تعلق ہے ۔ یعنی سال رواں کے اخراجات کا تعلق ہے میں نے یہ اعتراض کیا تھا کہ انہوں نے پیرا ۱۰ میں چار اعشاریہ پانچ یا چھ کروڑ روپیہ کا جو خرچ میں اضافہ دکھلایا ہے وہ دراصل .....

Minister of Railways : On a point of Order Sir. This discussion is meant for a particular item, i.e. the charged item, which includes certain things. Then the other one is regarding some expenditure other than New Expenditure. Some members have specifically mentioned in their cut motions that they want to discuss the inefficieney of the staff of P.W.R.

I don't want to say that you should not bring those points but it would be better if that particular subject is discussed.

Mr. Speaker : Is the Minister advising Mr. Safdar?

Minister of Railways : He was referring to the revised budget of 1962-63. Now tomorrow will be the day when the 1962-63 revised budget will be discussed. He will be well within his right to speak about it tomorrow. But as far as the charged item is concerned, it will not be possible for me to enter into discussion on matters, which do not relate to charged items. Even if a general discussion is permitted, that does not concern the revised budget of 1963-62.

Mr. Speaker : Does Mr. Safdar want to discuss the charged expenditure?

Khawaja Muhammad Safdar : Charged as well as expenditure other than new expenditure, as you have very kindly premitted me and everybody here, to discuss both these items together, and Sir, for the benefit of the i way Ministry.....

میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ نئے اخراجات کل بجٹ کا چار فیصد ھیں۔ اور باقی اخراجات چھیانوے فیصد ھیں ۔ آج نئے اخراجات کے علاوہ باقی اخراجات زیر بحث آسکیں گے۔ باقی کل تحریک تخفیف زر کے ذریعہ زیر بحث آئیں گے میں کوشش کرونگا کہ میں ایسی کوئی بات نہ کروں جو موضوع سے ھٹی ھوئی ھو ۔

Mr. Speaker : This speech should be limited to both these items. On new expenditure, there cannot be any discussion. On charged expenditure and the expenditure other than new expenditure, there can be discussion.

خواجہ محمد صفدر : تو جناب والا ۔ انہوں نے میری تقریر کا جواب دینے کی کوشش کی ھے مگر اصل اعتراض یہ ھے کہ دوسری بچتیں جو کسی کار گذاری کی وجہ سے یا محکمے کی چابک دستی سے نہیں ھوئیں اور وہ بچت ھونی قدرتی تھی ۔ اسے بھی اس اصل منافع میں شامل کر دیا جائے تو چار اعشاریہ پانچ سے کہیں زیادہ رقم بن جاتی ھے ۔ یہ رقم آٹھ اعشاریہ ایک ھو جاتی ھے ۔ اسی طرح میں نے وزیر ریلوے کی خدمت میں ایک اور گزارش کی تھی کہ آئندہ سال کا جو بجٹ انہوں نے پیش کیا ھے اس میں تین اعشاریہ تین کروڑ روپیہ بچت کا تخمینہ انہوں نے ھمارے سامنے پیش کیا ھے ۔ میں نے اس دن کہا تھا کہ اس میں دو کروڑ ریزرو فنڈ میں سے نکال کر آپ نے ڈالے ھیں اور اس طرح مصنوعی طور منافع بڑھا کر ظاھر کیا ھے ۔ باقی رھا ایک کروڑ تیس لاکھ منافع تو وہ جناب . . . .

وزیر ریلوے : آپ نے دیکھا نہیں ھے

خواجہ محمد صفدر : جناب والا - میں نے ایک ایک بات کا ذکر کرنے کی کوشش کی ہے - میں نے یہ عرض کر دیا تھا کہ ایک کروڑ تیس لاکھ روپیہ خالص منافع باقی رہ جاتا ہے یہ منافع ڈیزل پر مرکزی حکومت کی جانب سے عائد کردہ مالیہ ٹیکس کی نظر ہو جائے گا - اور آیندہ سال کا جو تخمینہ انہوں نے پیش کیا ہے وہ دراصل نقصان کا بجٹ ہے - منافع کا بجٹ نہیں ہے اس کا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا - اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مجھ سے اتفاق کرتے ہیں کہ یہ گھاٹے کا تخمینہ ہوگا - غالباً وہ کمیشن اس غرض کے لئے مقرر کر رہے ہیں - مجھے خوشی ہوگی اگر اخراجات میں کمی ہو اور ہماری آمدنی بڑھے کیونکہ یہ میرے ملک کا معاملہ ہے یہ میرے یا ان کے ذاتی معاملات نہیں ہیں - یہ میرے ملک کی دولت ہے اگر اس میں اضافہ ہو تو ہمیں خوشی ہوگی -

جناب والا - اب میں بجٹ کے آئینی پہلوؤں کے متعلق چند منٹوں میں گزارشات کروں گا - جناب والا - آپ اس بجٹ کو ذرا غور سے دیکھیں تو آئندہ سال کا ریونیو بجٹ اکاون کڑور چھیتر لاکھ بائیس ہزار capital expenditure کا اس پر اضافہ کیا جائے ، یعنی اکیس کروڑ ستر لاکھ پینتیس ہزار کا اضافہ کیا جاوے تو کل بجٹ تہتر کروڑ چھیالیس لاکھ سینتیس ہزار بنتا ہے - آپ کو حیرت ہوگی کہ اس میں نیا خرچہ صرف تین کروڑ اکسٹھ لاکھ چھیتر ہزار یعنی کل اخراجات میں سے جو رقم زیر بحث آ کر بعد میں اس ایوان کے ووٹ کی حاجت مند ہوگی وہ صرف کل بجٹ کا چار فیصد ہے -

جناب والا - اگر آپ مالی معاملات کی constitutional تاریخ کا مطالعہ کریں تو ۱۹۵۶ کے آئین کے تحت آپ دیکھیں گے کہ اس میں دو قسم کے اخراجات تھے- ایک charged اوردوسرے other expences جن میں recurring اور non-recurring شامل تھے اور وہ سب کے سب voted تھے - charged اخراجات کے علاوہ جو اخراجات بھی بجٹ میں شامل ہوں ان کے متعلق یہ ایوان فیصلہ کرسکتا تھا کہ وہ اخراجات جائز تھے یا جائز نہیں تھے -

۱۹۵۶ سے پہلے ۱۹۳۵ کے آئین میں جسے Government of India Act 1935 کہتے ہیں - مالی معاملات کے متعلق اس آئین کے تحت اخراجات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا ایک charged اور دوسرے charged - voted میں وہی اخراجات شامل تھے - جو اس وقت ہمارے موجودہ آئین میں شامل ہیں - اس کے علاوہ اور کوئی خرچ نہیں تھا - مثال کے طور پر گورنر صاحب - جج صاحبان کی تنخواہیں وغیرہ قسم کے اخراجات اور آج سے تقریباً تیس سال قبل دور غلامی

میں مالی معاملات میں جو حقوق اور اختیارات ہمیں حاصل تھے اب ان کا عشر عشیر بھی میسر نہیں ۔

اس سے پہلے ۱۹۱۹ میں Montague Chelmsford Reforms محکمہجات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا Reserved اور Transferrd اور اخراجات کو ان محکموں کی مناسبت سے تقسیم کیا گیا تھا ۔ اس آئین کے ماتحت اگر اسمبلی کسی مطالبہ زر کو نا منظور کر دیتی تھی تو گورنر صاحب اسے دوبارہ منظور کر سکتے تھے ۔ آپ نے ملاحظہ فرمایا تھا کہ دور غلامی میں آج سے تقریباً ۵۰ سال پہلے اس ایوان کو مالی معاملات کے متعلق وہ اختیارات حاصل تھے جو اس موجودہ ایوان کو حاصل نہیں ۔ در اصل اس معزز ایوان کو ایک ڈسٹرکٹ کونسل سے بھی کم تر درجہ دیا گیا ہے ۔ خاص طور پر مالی معاملات میں ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کو اختیار حاصل ہے کہ آمدنی کا تخمینہ بنائے ۔ اور جس طرح چاہے بجٹ تیار کرے ۔ Basic Democracies Order کے ماتحت ڈسٹرکٹ کونسل پر کوئی پابندی نہیں ۔ پابندی صرف یہ ہے کہ کمشنر اس کی بطور Controlling Authority اس پاس شدہ یا سفارش کردہ تخمینہ کو منظور کرے یا نا منظور کر سکتا ہے ۔ مگر اس ایوان کو نہ تو تخمینہ یا بجٹ تیار کرنے کا اختیار ہے نہ ہی بجٹ پاس کرنے کا اختیار ہے صرف بحث کی جاسکتی ہے۔ اس لئے جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے یہ معززایوان بالکل ایک Debating Society ہے جو کوئی وقعت یا قوت نہیں رکھتی ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ اس معزز ایوان کو مالی معاملات میں قطعاً کوئی اختیار آئین کے تحت نہیں دیا گیا ۔

میرے فاضل دوست نے آج بھی ریل کی چابکدستی کا تذکرہ فرمایا ہے اس سلسلہ میں میں نے اعداد و شمار دے کر یہ ثابت کیا تھا کہ ریلوے کے کام کاج میں سست رفتاری ہے چابکدستی نہیں ۔ کاھلی ہے تیز رفتاری نہیں ۔ میری ان باتوں کا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا ۔ میں ان باتوں کا اعادہ نہیں کرونگا ۔

اب میں ایک دو اور نکات پیش کرنے کی جسارت کروں گا اور اس ضمن میں حوالہ دوں گا میرے پاس ایک کتاب ہے Mid Plan Review اگر وزیر صاحب اس طرف توجہ فرمائیں تو ان کے علم میں اضافہ ہوگا کیونکہ ابھی ابھی کئی غلط اعداد و شمار دئے گئے ہیں ۔ اس کتاب میں ایک باب ریلوے کے متعلق بھی ہے ۔ اس کے صفحہ ۱۰۵ کو ملاحظہ کریں یہ کارگزاری ۱۹۶۰—۶۱ اور ۱۹۶۱—۶۲ کی ہے ۔ سال رواں کی کارگزاری مجھے دست یاب نہیں ہو سکی ۔ اس سے آپ کو معلوم ہو گا کہ ریلوے کی کارگزاری

کا کیا معیار رہا ہے۔ ان باتوں سے ہمارا مقصد یہ نہیں کہ کسی کو معتوب کیا جائے بلکہ ہم تو خامیوں کی نشاندھی اس لئے کرتے ہیں تاکہ آئندہ ان کا علاج کیا جا سکے کام زید نے کیا ہے یا بکر نے اس سے کوئی غرض نہیں۔ مقصد تو صرف اصلاح احوال ہے لیکن اگر آپ اس کے لئے تیار نہیں تو اور بات ہے۔ اس کتاب کے صفحہ ۱۰۵ پر آپ دیکھیں گے کہ پہلے پانچ سالہ منصوبہ میں کچھ رقم ریلوے ڈیپارٹمنٹ خرچ نہیں کر سکا۔ اس طرح ۲۸ کروڑ ۸۴ لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ کی رقم بچ گئی جس سے یہ ثابت ہوا کہ ریلوے کا محکمہ اس رقم کے خرچ کرنے کے قابل ثابت نہیں تھا۔

دوسرے ۵ سالہ منصوبہ میں اس کے لئے ۱۰۵ کروڑ ۴۹ لاکھ ۲ ہزار کی رقم مخصوص کی گئی یعنی دوسرے ۵ سالہ منصوبہ کی ابتدا کے وقت اس کے پاس ۱۳۴ کروڑ ۴۳ لاکھ ۴۷ ہزار روپیہ تھا۔ لیکن پلیننگ کی اس قدر کمی تھی کہ موجودہ ۵ سالہ منصوبہ کے بعد ۱۱ کروڑ ۷۶ لاکھ ۴۸ ہزار روپیہ بچ جائینگے اور محکمہ اس کا مصرف تلاش نہیں کر سکا اگر اس اعتراض کا یہ جواب دیا جاوے کہ Foreign Exchange نہیں مل سکا۔ جو صرف پانچ کروڑ کے قریب تھا تو اس کے باوجود ۶ کروڑ سے زیادہ رقم بچ جاتی ہے جو استعمال نہ ہو سکے گی اور ریلوے اس کا مصرف تلاش کرنے سے قاصر رہیگی۔

میں مزید روکھے پھیکے اعداد و شمار بیان نہیں کروں گا ممکن ہے بعض حضرات کو ان میں دلچسپی نہ ہو۔ بلکہ ان واقعات کا ذکر کرونگا جو ہم ہر روز محسوس کرتے ہیں۔ گذشتہ تین چار ماہ میں جب کوئلہ کی قلت ہو گئی تو یہ کہا گیا کہ ویگن نہیں۔ اگر پوچھا گیا کہ نمک ۴ روپے سے ۱۲ روپے من کیوں ہو گیا تو جواب ملتا ہے کہ ویگن نہیں۔ سیمنٹ نہیں ملتا اگرچہ تین ماہ سے ایسٹ پاکستان بھی نہیں بھیجا جا رہا تو کہا گیا کہ ویگن نہیں۔ وزیر ریلوے نے اپنی تقریر دلپذیر میں بعض اعداد و شمار سے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے۔ کہ ویگن واقعتاً کم تھے۔ اس لئے ضروریات زندگی کی یہ اشیا یعنی نمک۔ کوئلہ۔ سیمنٹ وغیرہ عوام تک نہ پہنچ سکیں۔ اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اگرچہ ریلوے نے پہلے سے زیادہ گاڑیاں چلائیں مگر ویگن کم تھے اور ضرورت زیادہ تھی۔

اب جناب والا۔ یہ اعداد و شمار انہوں نے کہاں سے لئے ہیں۔ مگر ہم یہ محسوس کر رہے ہیں۔ انکے اعداد و شمار میں اور گورنمنٹ کے دوسرے محکموں کے اعداد و شمار میں تضاد ہے۔ حالانکہ وہ محکمے بھی اس حکومت ہی کے ماتحت

ہیں اور محکمہ ریلوے بھی اس حکومت کے ماتحت ۔

جناب والا ۔ میں ایک Hand out پڑھکر سناتا ہوں ۔ یہ P.I.D.C. کی طرف سے شائع ہوا ہے ۔

PIDC handout dated the 23rd May, 1963 says:-

> "The position is that some towns in the province have been hit by shortage of rock salt primarily due to the inadequate supply of railway wagons. The idea of shortage of supply of wagons can be had from the figures in the month of April. Against a demand of 687 wagons for the month only 364 wagons were supplied which have already reached their destinations. Even in the month of March, 1963 only 54 per cent of the total demand for wagons was met."

تو جناب والا ۔ P.I.D.C. کہتی ہے ۔ کہ جہاں انہوں نے پونے نو سو ویگن طلب کئے ۔ ریلوے نے پونے نو سو ویگن انہیں دیئے ۔ اور اسی طرح پچھلے مہینے جو انکی emand تھی اسے بھی صرف ۵۴ % پورا کیا گیا ۔ اس کا جواب غالباً یہ دیا جائیگا کہ یا یہ کہا جاوے کہ ہماری ضروریات زیادہ ہوگئی ہیں ۔ کہ ویگن واقعی کم تھے ہو سکتا ہے کہ ویگن کم ہوں ۔ کیا ہماری ضروریات راتوں رات بڑھ گئی ہیں اور کیا یہ anticipate نہیں کی جا سکتی تھی ۔ تین چار سال سے Indus Basin پر کام شروع ہے ۔ اس کے علاوہ صوبہ کی گوناگوں ضروریات ہیں ۔ جن کا ہم سب کو علم تھا اور ہے ۔ کیا محکمہ ریلوے کو ان کی ضروریات کی توقع نہیں تھی ۔ اور کیا انھوں نے انہیں anticipate نہیں کیا تھا ۔ کہ ان مہینوں میں ویگنوں کی ضرورت بڑھ جائے گی ۔ یہ ان کی کارگذاری پر ایک دھبہ ہے ۔ اور اگر انھوں نے اسے anticipate کیا تھا ۔ تو انھوں نے اس سلسلے میں کیا اقدامات کئے ہیں ۔ اور اگر پھر بھی وہ Demand کو پورا نہیں کر سکتے ۔ تو یہ کارگذاری ایسی نہیں ہے ۔ جس پر جناب وزیر ریلوے اپنے آپ کی اور اپنے ماتحت عملے کی تعریف و توصیف فرمائیں ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ پچھلے دوسالوں میں ویگنوں کی پوزیشن ایسی ہے کہ میرے دوست جناب وزیر ریلوے یہ نہیں کہہ سکتے ۔ کہ ہمارے پاس ویگنوں کی کمی تھی ۔ میرے اس دعوے کی تصدیق یہ اعداد و شمار کہ ۶۲-۱۹۶۱ء میں چوھتر نئے انجن خریدے گئے ۔ اور اسی صوبہ میں استعمال ہوئے ۔ اور مال گاڑیوں میں بھی اسی طرح اضافہ ہوا ۔ جولائی ۱۹۶۲ء تک پچھلے دو سالوں میں ۲۸۰۴ نئی گاڑیاں منگوائی گئیں ۔ جو کہ کل تعداد کا بارھواں حصہ بنتا ہے ۔ یعنی آٹھ فیصد کے قریب گاڑیوں میں اضافہ ہوا ہے ۔ تو کیا وجوہات ہیں کہ وہ ہماری روزمرہ کی ضروریات بھی مہیا نہ ہو سکیں ۔ مجھے ایک لطیفہ یاد آگیا ہے ۔ اگر الحاج پیر محمد خان ہاؤس میں موجود

ہوتے۔ تو وہ فرماتے کہ سیمنٹ تو Luxury ہے ۔ حالانکہ سیمنٹ ۔ کوئلہ ۔ نمک وغیرہ ہماری روزمرہ کی ضروریات میں سے ہیں ۔ اور یہ باہر سے تو منگوانی نہیں پڑتیں ۔ لیکن عوام کو جو تکلیف پہنچی ہے ۔ P.I.D.C. نے ذمہ داری اپنے کندھوں سے اٹھا کر ریلوے کے کندھوں پر ڈال دی ہے ۔ اب ریلوے یہ بتائے کہ آیا یہ ذمہ داری اس کی ہے یا نہیں ۔ مجھے معلوم ہے کہ وہ اس ذمہ داری کو قبول کرنے میں کوتاہی کرتے رہے ہیں ۔ چونکہ کل پھر موقع ہوگا ۔ اس لیے میں آج ان گذارشات کے ساتھ جناب والا ۔ پھر وزیر ریلوے کی خدمت میں بحث کو ختم کرتے ہوئے عرض کروں گا ۔ کہ وہ اس طرف توجہ فرمائیں کہ گاڑیوں میں اضافہ کے باوجود عوام کو ضروریات زندگی میسر نہیں آ رہیں ۔ اور اگر ان کے اعداد و شمار غلط ہیں تو وہ اس دیر کو تسلیم کریں ۔ اور اگر صحیح ہیں ۔ تو بھی ہمیں کہہ دیں ۔ تا کہ ہم بھی محکمہ ریلوے کی تعریف کر سکیں ۔ امید ہے کہ آیندہ یہ محکمہ اس سے بھی بہتر کارگذاری دکھا سکے ۔

مسٹر عبدالرازق خان : (مردان-۳) جناب سپیکر ۔ ابھی ابھی جناب لیڈر آف دی اپوزیشن نے اس ایوان کے سامنے جو تقریر فرمائی ہے ۔ اس میں انہوں نے سب سے زیادہ زور اس بات پر دیا ہے ۔ کہ جتنی بھی خرابیاں اس ملک میں پیدا ہوئی ہیں ۔ یا جتنی بھی Shortages واقع ہوئی ہیں ۔ ان تمام کی ذمہ داری ریلوے پر ہے ۔ کیونکہ وہ اس کا مناسب انتظام نہیں کر سکے ۔ اس لیے بعض اشیاء کی کمی ہوئی اور بعض شکایات مغربی پاکستان کے اس حصے میں پیدا ہوئیں ۔ لیکن حقیقت یہ نہیں ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ جب سے عبدالوحید خان نے ریلوے کا چارج سنبھالا ہے ۔ ہم اگر اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیں ۔ تو معلوم ہوگا کہ ریلوے کی حالت میں کچھ نہ کچھ ترقی ہوئی ہے ۔ گو کہ ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں ۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ اس سے بھی زیادہ ترقی ہو ۔ ڈیویلپمنٹ کی رفتار اس قابل نہیں ہے ۔ کہ ہم اس کی یہاں پر کچھ زیادہ تعریف کر سکیں ۔ لیکن جہاں تک ان کے انتظام والغرام کا تعلق ہے ۔ اس سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا ۔ ہر سمت کچھ نہ کچھ ترقی ضرور ہوئی ہے اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ویگنوں کے معاملے میں جب کبھی کوئی شکایت ان کے سامنے پیش کی گئی ۔ مثلاً ابھی پچھلے دنوں اس ایوان کے سامنے کوئٹے کے ایک معزز ممبر کی طرف سے ایک تحریک التوا پیش ہوئی تھی ۔ کہ کوئٹے میں کوئلے کی باربرداری کے لئے ویگن نہیں مل رہے ۔ تو ہم نے یہ دیکھا کے چند دن کے اندر اندر کوشش کر کے اور ذاتی مداخلت کر کے انہوں نے ان کی تکلیف کو ایک حد تک کم کر دیا ہے ۔

ادنیٰ درجے کے ملازمین کی سہولیات کے لئے جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے

اور جو کچھ ہم نے سنا ہے ۔ وہ محض زبانی باتیں نہیں ہیں ۔ عملی طور پر کیا گیا ہے ۔ اور چھوٹے ملازمین کے لئے جو کوارٹرز اب تعمیر ہو رہے ہیں وہ پہلے ایک کمرے کے کوارٹر تھے ۔ لیکن اب دو کمروں کے ہوں گے ۔ اور اس میں انہیں اور بھی سہولتیں مہیا ہونگی ۔ یہ تمام چیزیں ایسی ہیں کہ جب ہم دیکھتے ہیں ۔ کہ ہر مد میں ترقی ہورہی ہے ۔ تو خواہ مخواہ صرف مخالفت برائے مخالفت کرنا اور جو اچھی چیزیں کی گئی ہیں ۔ انہیں بھی برا کہنا کوئی اچھی بات نہیں ہے ۔ لہذا میں خواجہ صفدر صاحب سے اس بات میں متفق نہیں ہوں ۔ کہ یہ تمام مصیبتیں ریلوے کے اچھا نہ کام کرنے کی وجہ سے آئیں ہیں ۔ اور اس کے برعکس جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے ۔ ریلوے کے محکمے میں کافی اور خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے ۔ اور انشاللہ ۱۹۶۳-۶۴ کے بجٹ پر عمل ہونے کے بعد اب جو شکایات ہو رہی ہیں ۔ وہ بھی نہ ہوں گی ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ایوان سے تشریف لے گئے اور مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر محمد اسحق خان کنڈی کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر حمزہ (لائل پور- ٦) : جناب سپیکر! جناب وحید خانصاحب نے نئی ریلوں کی تعمیر کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ ان کو تعمیر کرنے کے لئے پہلے پلاننگ کمیشن کی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے ۔ یہ بجا ہے لیکن میں ان سے ایک بات دریافت کرنا چاہتا ہوں کیا یہ پلاننگ کمیشن ہمارے ملک کا ادارہ ہے ہماری گورنمنٹ کے ماتحت کام کرتا ہے یا یہ کسی غیر ملکی اشاروں پر چلتا ہے ۔

آپ کو علم ہوگا کہ جہاں تک نئی لائنوں کے اضافہ کا تعلق ہے جب تک اس ملک کے اندر Steel Mill جو ملکی سالمیت کے لئے انتہائی ضروری ہے جب تک نصب نہیں کی جاتی نئی لائنوں کے بنانے کا کام آسان طریقہ سے کیا ہی نہیں جا سکتا اور انہوں نے اب تک یہ Steel Mill لگانے کا فیصلہ نیک نیتی سے ہی نہیں کیا ۔

وزیر ریلوے : آپ چاہتے ہیں کہ کیا یہ Steel Mill ریلوے نصب کر دے ۔

مسٹر حمزہ : جناب ڈپٹی سپیکر ۔ اب اس سال کا جنرل بجٹ ہمارے سامنے ہے ۔ ہماری گورنمنٹ نے ۳۷ کروڑ کی ملکیت سے ایک Rayon Mill لگانے کا فیصلہ کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان لوگوں کو ہمارے ملک

کے اندر اسٹیل مل کے نصب کرنے کی جو اہمیت ہے اگر اس کا احساس ہوتا تو Rayon Mill پر اتنی کثیر رقم صرف نہ کرتے اور اگر ان کو اس بات کا احساس ہوتا کہ اس پر سے Foreign exchange صرف ہوگا - جس کی بہت قلت ہے تو یہ لازمی طور پر اس قسم کی غیر ضروری چیزوں کو چھوڑ کر اسٹیل مل کے نصب کرنے کے بارے میں سوچتے لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ انہوں نے آج تک ایسا نہیں کیا - ان کے سامنے ہندوستان کی مثال موجود ہے - ہندوستان میں جٹ طیارے اور ریلوے کے لئے بھی اور ڈیزل انجن تیار ہونا شروع ہو گئے ہیں - لیکن ہمارے ملک میں ابھی تک باہر سے ریل کے ڈبے ہی منگائے جارہے ہیں - کیا ہی اچھا ہوتا اگر ہمارے ملک میں جو وسائل ہیں ہم ان سے فائدہ اٹھاتے - ہمارے ملک میں بے روزگاری کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اگر ایسا کوئی مل نصب کیا جائے اس سے جو صنعتی انقلاب رونما ہوتا اس سے بے روزگاری ختم ہو سکتی ہے ملک میں انجنیئروں کی کمی نہیں ہے اور وسائل موجود ہیں لیکن افسوس کا مقام ہے انہیں نے ان انجنیئروں کی خدمات سے مکمل استفادہ کرنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا - پبلک کے بار بار اس .Proposal کے باوجود اسٹیل مل لگانے کا احساس پیدا نہ ہوا -

جناب والا - ریلزے کسی پرائیویٹ فرم کی ملکیت نہیں ہے یہ ہمارے ملک کی آبادی کی ملکیت ہے اس کو گورنمنٹ چلاتی ہے اور ریلوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے سٹیل مل ہونا اشد ضروری ہے - سٹیل مل کی غیر موجودگی ریلوں کو بہتر چلانے اور نئی لائنیں بچھانے میں مانع ہے -

جناب والا! جناب وزیر صاحب نے اپنی تقریر میں بذات خود تسلیم کیا ہے کہ ہمارے ملک میں تھرڈ کلاس کے مسافروں کے لئے جتنا ایکسپریس جیسی گاڑی جو ہندوستان میں چل رہی ہے نہیں چلائی گئی - اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے پاس تیسرے درجے کے مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے ضرورت کی چیزیں بہ افراط موجود نہیں ہیں - انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم باہر سے ڈبے Import کرتے ہیں اور خاص طور سے تیسرے درجے کے مسافروں کے لئے ڈبے منگاتے ہیں - اگر آپ کو تھرڈ کلاس میں سفر کرنے والوں کی تعداد کا اندازہ ہوتا تو آپ ضرور تیسرے درجے کے مسافروں کی سہولت کا انتظام کرتے لیکن آپ تو سیکنڈ کلاس کو ترجیح دیتے ہیں اور تھرڈ کلاس میں سفر کرنے والوں کو کم سہولتیں پہنچانا چاہتے ہیں -

جناب سپیکر - ایک Under Developed ملک کے لئے جو ترقی کی طرف گامزن ہو اس کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ اپنے انجینئروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچائے - ان کو بہتر سے بہتر تنخواہ دے - ان کی ترقی کے زیادہ

امکانات ہوں لیکن جیسا آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے Pay کمیشن کی رپورٹ سرد خانوں میں پڑی ہوئی ہے اور اس رپورٹ کے متعلق جو کچھ ہمیں اطلاع اب تک ملی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری سول سروسز کو اس ملک میں انتہائی زیادہ اہمیت حاصل ہے ۔ دماغی کام کرنے والوں میں ہمارے انجینیرز کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہونی چاہئے ۔ اس رپورٹ کو نافذ کرنے میں سب سے زیادہ دقت یہ ہے کہ گورنمنٹ انجینیرز کو سی ۔ ایس ۔ پی ۔ آفیسرز کے برابر نہیں لانا چاہتی ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ یہ محکمہ رشوت سے مستثنیٰ نہیں ہے ۔ لیکن اگر ہم انجینیرز کو مواقع بہم پہنچائیں ان کی حوصلہ افزائی کریں ، تو وہ اپنے آپ کو exert کریں گے اور ملک کی ترقی کے لئے کوشش کریں گے ۔ ملکی مفادات کا تقاضا ہے کہ انجینیرز کو پوری پوری سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ سب سے بڑھ کر افسوس کا مقام یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ نے Age of Suprannuation ۵۵ سال بڑھا کر ۶۰ سال کر دی ہے اس سے جواں سال تجربہ‌کار افسران کے ترقی کے امکانات انتہائی مسدود و محدود ہو گئے ہیں ۔ ان کی اس سے حوصلہ شکنی ہو رہی ہے ان کو Heart burning ہے ۔ موجودہ حالت میں بہتر کارکردگی کے لئے کوئی Incentive مہیا نہیں کیا گیا ۔

جناب سپیکر ۔ ریلوے منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ جہاں تک نئی لائنیں بچھانے کا تعلق ہے گورنمنٹ نے ایک کمیشن مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ جناب والا ۔ جب کوئی کمیشن مقرر کیا جاتا ہے تو اس کا محض مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس کام کو ٹال دیا جائے ۔ کمیشن مقرر کر کے معاملے کو وقتی طور پر ٹالنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ اس کمیشن کی کوئی اہمیت نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر صاحب نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا ہے کہ وقتاً فوقتاً برانچ لائن پر مسافروں کی حالت یا ان کو مہیا کی گئی سہولتیں دیکھنے کے لئے دورہ بھی کرتے رہتے ہیں ۔ میں ان سے دریافت کروں گا کہ کیا وہ خفیہ طور پر اس غرض کے لئے دورہ کریں گے یا اپنے ساتھ افسروں کی ایک فوج لے کر دورہ پر چڑھیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کو عام حالات اور ایڈمنسٹریشن دیکھنا ہے تو وہ خفیہ طور پر سفر کریں ۔ تاکہ ان کو پتہ چلے کہ ایڈمنسٹریشن کیسے چل رہی ہے ۔ انہوں نے یہ کہہ کر ہمارے اوپر احسان کر دیا ہے کہ میں نے ڈائننگ‌کار میں جا کر برتن دیکھے اور حکم دیا کہ ان برتنوں پر قلعی کرائی جائے اور پھر اسے ایوان میں بتا دیا ۔ اگر وہ اس ایوان میں یہ بتاتے تو بہتر ہوتا کہ انہوں نے مہینے میں کتنی بار اپنے محکمہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے خفیہ دورہ کیا ۔ اگر وہ صحیح معنی میں عوام

کے خادم بننا چاہتے ہیں تو ان کو چاہئے کہ وہ خفیہ دورہ کریں ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تقریر میں یہ عرض کیا تھا کہ جناب وزیر نے اپنی تقریر میں اس چیز کا خاص طور پر ذکر کیا تھا کہ ریلوے اور روڈ ٹرانسپورٹ کا آپس میں شدید مقابلہ ہے ۔ میں آج بھی یہ چیلنج کرتا ہوں کہ یہ محض ریلوے ایڈمنسٹریشن کی نا اہلی کو چھپانے کا بہانہ ہے ۔ جہاں تک روڈ ٹرانسپورٹ کی نئی بسوں یا ٹرکس کی امپورٹ کا تعلق ہے اگر فیکٹس اینڈ فگرز کو اکٹھا کر لیا جائے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ان کی قیمتوں میں پہلے کی نسبت آٹھ دس گنا اضافہ ہوا ہے ۔ در اصل ہماری ریلوے کی ایڈمنسٹریشن اتنی بری ہے کہ جب تک اس کے پہیوں کو grease کی بجائے رشوت کی ''گریز،، نہ دی جائے وہ ٹھیک طریقہ سے نہیں چلتے ۔ محض کرایہ ادا کرنا ''گریز،، کا کام نہیں دیتا ۔ جناب والا رشوت کے بغیر ٹھیک طور پر کام نہیں ہوتا انتہائی افسوس سے یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب بجائے اس کے کہ وہ حقائق کو تسلیم کرتے اور ہمارے ساتھ وعدہ کرتے کہ آئندہ حالات بہتر بنائیں ۔ وہ محض اس چیز کو رٹتے ہیں کہ حالات درست ہیں ۔ کہا کرتے ہیں سوئے کو جگایا جا سکتا ہے جاگتے کو کون جگائے ۔ آج ان مغرور وزیروں کی حالت یہ ہے ان کو ہر چیز کا علم ہے ۔ مجھے پتہ ہے کہ ان کی یہ آمد محلات کی مرہون منت ہے ۔ اس سے پہلے وہ عام انسان تھے ہمارے جیسے انسان ۔ وہ ایک سال پہلے بجٹ کی تقریروں میں رو رو کر پیٹ پیٹ کے یہ کہا کرتے تھے کہ ہمارے ملک کے اندر انتہائی رشوت ستانی ہے اس کو دور کریں ۔ لیکن محلات کی سازشوں سے یہاں آنے کے بعد انہیں حقیقت سے انکار کئے بغیر کچھ بن نہیں پڑتا ۔ اور خود فریبی سے دعویٰ کرتے ہیں کہ ہمارے افسران نے اتنے بڑے کارنامے کئے ہیں اور ہمارے لئے اتنا اچھا بجٹ پیش کر دیا ہے ۔ جناب سپیکر۔ میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ حقائق کو چھپانا اپنے آپ کو اور ملک کو دھوکا دینا ہے ۔ اگر گورنمنٹ بعض اچھے کام کرتی ہے ہم ان کی تائید کرتے ہیں لیکن خدا را اس چیز کو تسلیم کریں کہ ہمارے ملک کے اندر انتظامیہ کا ایک ایک پرزہ ڈھیلا ہو چکا ہے اور ٹھیک طریقہ سے چل نہیں رہا ۔ اس سے ریلوے ایڈمنسٹریشن مستثنیٰ نہیں ۔ میں جناب وزیر صاحب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ خفیہ طور پر وہ میرے ساتھ آئیں ۔ آپ کو دکھادوں گا کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن میں رشوت ستانی کہاں ہے ۔ اور کتنی زیادہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ملک کا روپیہ کتنا زیادہ ضائع ہوتا ہے ۔ انہوں نے ریلوے مزدوروں کے بارے میں فرمایا کہ ہم ان کو بہت زیادہ بڑھوتی دے رہے ہیں ۔ لیکن یہ چیز کہتے ہوئے یہ احساس ہونا چاہئے تھا کہ جب وہ یہ بات کہہ رہے تھے سنٹر کے بجٹ کے اثرات کی وجہ سے عام

استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں بہت بڑا اضافہ ہو چکا ہے - اگر آپ نے کچھ percentage ..... (قطع کلامیاں و شور)

Mian Muhammad Sharif : Sir, we are discussing the Provincial Railway Budget and not the Central Budget.

مسٹر حمزہ : کیا اس کا سرکاری یا ریلوے ملازمین کی زندگی پر اثر نہیں پڑا - یہ آپ کی گورنمنٹ کے لگائے ہوئے ٹیکسوں کی پیداوار ہے - ایک ہاتھ سے دے کر دوسرے ہاتھ سے لے لیتے ہیں - بلکہ اس سے بھی زیادہ - انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ ان لوگوں کو کسی چیز کا علم نہیں - پھر ایوان میں آ کر کہتے ہیں کہ ہم نے ان کی تنخواہوں میں اضافہ کر دیا ہے - میں تو کہتا ہوں کہ آپ ان کی تنخواہوں میں کمی کر دیں لیکن ضروریات زندگی کی قیمتوں میں روزمرہ کے استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں کمی کر دی جائے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : حمزہ صاحب آپ ریلوے بجٹ کے متعلق تقریر کریں -

مسٹر حمزہ : ریلوے بجٹ کے متعلق جناب وزیر نے فرمایا ہے کہ تنخواہیں بڑھائی گئی ہیں لیکن میں عرض کر رہا ہوں کہ ان کی زندگی کے بہتر بنانے میں تنخواہوں کی بڑھوتی کا قطعاً کوئی دخل نہیں - جناب سپیکر- انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مزدوروں کو بہتر قسم کے کوارٹرز مہیا کر رہے ہیں - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ percentage کیا ہے - جن مزدوروں کو کوارٹروں کی سہولت مہیا کرتے ہیں اگر آپ ان کا تناسب بتائیں گے تو آپ کے وعدوں کے کھوکھلے پن کا ثبوت ایوان کے سامنے آ جائے گا -

حاجی عبدالمجید جتوی : (دادو-۱) جناب والا مجھے افسوس ہے کہ جب ہم تقریر کرتے ہیں تو وزر صاحبان اپنی سیٹ چھوڑ کر باہر چلے جاتے ہیں - میں نے عرض کیا اس کا جواب ان کو سننا چاہئے پھر اس کے لئے تیار ہونا چاہئے - میں نے سوال کیا تھا کہ ہماری برانچ لائن کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی اور جو ڈبے چل رہے ہیں ہماری لاڑکانہ اور دادو لائن پر دو کانٹے پرانے ہیں اور جو ریل چلے کی رفتار ہے وہ اونٹ گاڑی جیسی ہے - کوئی ڈیزل انجن نہیں ہے - ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ ہمارے لاڑکانہ اور دادو کے درمیان کوئی direct گاڑی چلا دو لیکن اس کا کوئی جواب نہیں دیا گیا - میں نے کہا تھا کہ پانی مہیا نہیں کیا جاتا - اس کے لئے کچھ نہیں کیا اور میں نے کہا تھا کہ یہ یزید اور مروان کا معاملہ ہے - میں نے ان کو کہا تھا کہ ٹھنڈے پانی کی مشینیں لاڑ کانہ اور دادو سائڈ اور روھڑی پر لگائی جائیں - لیکن اس کی

طرف کچھ خیال نہیں کیا گیا ۔ میں چار تاریخ کو جب آ رہا تھا تو میں نے دیکھا کہ انجن بھی کام نہیں کر رہا اورمیں نے دیکھا کہ تمام آدمی گرم پانی پی رہے تھے ۔ Refugee tax کا ارب ہا روپیہ اکٹھا کیا ہوا ہے اور جو پاکستان بننے کے وقت لگایا گیا تھا اس کا کوئی حساب کتاب نہیں کیونکہ افسروں کے پیٹ میں ہر چیز چلی گئی ہے ۔ ایک کالونی کراچی میں کورنگی میں بنائی گئی اس کے پیسے بھی مہاجروں میں وصول کیے جارہے ہیں۔ مہاجر ٹیکس کے پیسے بھی افسروں نے کسی اور کام میں خرچ کرائے ہیں ۔ دوسری میری یہ عرض ہے کہ بہاپروگوتھ اور کانوہ سٹیشنوں دادو برانچ لائین بنائی گیئں وہ آج تک چالو نہیں ان کا خرچہ جناب یہ خواہ مخواہ کرتے ہیں اور ہماری دادو سائڈ پر اب کوئی خیال نہیں ہو رہا ہے ۔ ڈبے جو لگائے جاتے ہیں ان میں نہ Light ہے اور نہ پنکھوں کا بندوبست ہے ۔ کوئی بندوبست ان میں نہیں ہے ۔ اور میں ۳۱ تاریخ ۳۵۴ شیورم پر کراچی جا رہا تھا ان میں لائیٹ وغیرہ نہیں تھی یہ حالت ہے اس ڈبے کی ۔ صوبہ سندھ اور بلوچستان اور سرحد سے کچھ آدمیوں نے ریلوے میں نوکری کے لیے گارڈ اور سٹیشن ماسٹر بکنگ کلرک کے لیے درخواستیں دیں تو ان کو رد کر کے اور اپنے آدمیوں کو بلا کر بھرتی کیا گیا ۔ اس ریلوے کی نوکری میں ایک سندھی بھی نہیں لیا گیا ۔ بلوچستان والوں کے لیے بھی کچھ نہیں ہو رہا ۔ پھر بھی یہ کہتے ہیں کہ ون یونٹ کا فائدہ کر رہے ہیں ۔ ون یونٹ کو ترقی دے رہے ہیں ۔ افسوس کی بات ہے ون یونٹ چلانے والوں پر ۔ ریلوے افسروں نے کالونیز بنائیں ۔ کوئٹہ میں ان میں سارا ریلوے کا سامان ہے ان کے بنگلے میں جا کر دیکھیں کہ کتنا ریلوے کا سامان ۔ ڈی ۔ ایس کوئٹہ سے کپڑا سمگل کر کے اپنے ویگن میں لاہور لایا مگر پکڑا گیا ۔ یہ حالت ہے ریلوے کے افسروں کی ۔ یہ اناج اٹھاتے ہیں چوری کرتے ہیں ۔ ریلوے کی مزدوریونینز کو recognition نہیں ملتی ۔ منسٹر صاحب کے پاس کوئی جواب نہیں تھا ۔ ۱۹۶۰ء کا ریل اور بس کا accident کشمور لائین پر ہوا لیکن کورٹ نے فتویٰ دیا کہ یہ ریلوے کا قصور ہے ۔ آج تک اس کا معاوضہ نہیں دیا گیا ۔ کورٹ کے Judgement کی true copies ان کی طرف بھیجی گئیں لیکن آج تک کوئی دھیان نہیں دیا گیا ۔ حکومت برطانیہ کے وقت میں بھی ایسا نہیں ہوتا تھا ۔ جب کوئی نوٹس آتا تھا تو صوبے سے فیصلہ ہو جاتا تھا اور آج ایسی حکومت ہے کہ لوگ مارے جاتے ہیں ۔ کورٹ فتوے دے دیتا ہے کہ ان کا حق دو تو ان کو ایک پائی نہیں ملتی ۔ پھر ہمارے علاقے میں ایک بولان میل کوئٹہ جاتی ہے ۔ دادو لائین پر ایک ہی بولان میل کوئٹہ کے لیے ہے اور کوئی ٹرین نہیں ہے اس میں air conditioned ڈبے لگائے جائیں ۔ وہ کراچی سے چلتی ہے ۔ وہ وہیں سے بک ہو کر آتی ہے ۔ دادو لائین والے

چیختے ہیں کہ انہیں کوئی سہولت نہیں اور ہمارے لاڑکانہ ایکسپریس کے لیے اس میں ایک ڈبہ لگا ہے جس میں ایک فرسٹ کلاس لیڈی کمپارٹمنٹ اور مردوں کے لیے کوئی فرسٹ کلاس کمپارٹمنٹ نہیں ہے ۔ ایک انٹر کلاس لیڈیز کے لیے اور ایک تھرڈ کلاس لیڈیز کے لیے ۔ آپ بتائیے کہ گرمی کے موسم میں لیڈیز اور بچوں کی کیا حالت ہوگی ۔ اس ڈبہ میں بیٹھ کر ہم چیختے ہیں کہ ہماری سائڈ کو کچھ دو ۔

وہ ڈبہ لاہور سے ایک ڈبہ لاڑکانہ ایکسپرس میں چلایا تھا ۔ دو سال پہلے چلایا تھا لیکن وہ تجربہ فیل ہو گیا اب ہم کیا کریں ۔ دو سال پہلے مارشل لا میں لاہور آنے کے لیے کس کو ضرورت تھی ۔ اب تو اسمبلی ہے ۔ اب ممبر صاحبان آتے ہیں بلکہ اور آدمی بھی آ رہے ہیں کیوں نہ ہمیں دیا جائے ۔ ہم دو بجے رات کو روہڑی پہنچتے ہیں اور دو گھنٹے ادھر بیٹھے رہتے ہیں ۔ تب جا کر ہمیں لاڑکانہ ایکسپرس ملتی ہے ۔ کیا یہ ہمارے ساتھ اور چھوٹے صوبے کے ساتھ انصاف ہو رہا ہے اور پھر یہ کہہ رہے ہیں کہ ون یونٹ ٹھیک ہے اسے چلنے دو ۔ سروس میں دیکھو ۔ سروس میں بھی ہمارے لیے مصیبت ہے ۔ میں نے کہا برانچ لائین مورو تاروشاہ ۔ سکروٹر جولائین ہیں ان پر ابھی تک کوئی پتھر نہیں پڑا ہے، وہاں پر مٹی اڑتی ہے اور ڈبوں میں گھس جاتی ہے ۔ آدمیوں کو ٹی ۔ بی ہو جاتی ہے اس کے لیے کوئی خیال نہیں کیا جاتا ۔ اس گاڑی میں صرف ۳ ویگن لگائے جاتے ہیں ۔ ان میں تین ویگن تھرڈ کلاس کے ہوتے ہیں ۔ آپ ہی بتائیے گرمیوں کے موسم میں وہاں کیا مصیبت ہوتی ہوگی ۔ تین ویگن میں آدمی بیٹھیں گے یا تین ویگن میں عورتیں بیٹھیں گی ؟ وہاں پر پانی کا کوئی بندوبست نہیں ہے ۔ اس لیے میں حکومت سے کہوں گا کہ خدا کے لیے ایسی چھوٹی لائنوں پر چھوٹے صوبے پر بھی رحم کرو ۔ اور ریل کاریں جو ہیں وہ ساری پنجاب میں چل رہی ہیں ایک ریل کار بھی ہمارے سندھ میں نہیں جاتی ۔ یہ کیا وجہ ہے ؟ کیا ٹیکس نہیں دیتے ہیں ؟ کیا ہم کرایہ نہیں دیتے ہیں ؟ اس کا کیا مطلب ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ ہم چھوٹے صوبے والے ہیں اس لیے ان کو ہماری کوئی پرواہ نہیں ہے ۔ اور نوکری میں بھی سارے آدمی پنجاب کے ہوتے ہیں اس میں کوئی سندھی ۔ بلوچی یا پٹھان نہیں ہے ۔ یہی وجہ ہے اور وہ افسر کیوں ہمارا خیال کریں ۔ ابھی تازہ تازہ مثال ہے کہ ایک ایماندار افسر مسٹر سہرودری کو نکال دیا دوسرے کو بٹھا دیا اور یہ کہتے ہیں کہ یہ ایمان دار ہے اس لیے دوسرے آدمی کو لائے ہیں ۔ رشوت کا وہ معاملہ ہے کہ جو آدمی پچاس یا سو سو روپیہ رشوت کا دیتا ہے اس کو ویگن ملتے اور جو شخص نہیں دیتا ہے اس کو ایک ویگن بھی نہیں ملتا ہے ۔ گڈز کلرک روہڑی سے پیسے لے کر خود اپنے ویگن چلاتے ہیں ۔ کنٹرولر سکھر اور کراچی سے پیسے لے کر پھر ویگن دیتے ہیں اور

پچاس پچاس روپے ایک ویگن کا لے لیتے ہیں ۔ یہ حالت ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی ہے ۔ کھانے کی وہ تعریف کرتے ہیں کہ کھانا اچھا ملتا ہے ۔ کھانا میں نے لاڑکانہ ایکسپرس ۱۸ ڈاؤن میں یکم مئی کو خود کھایا ہے ۔ ایک لقمہ کھایا اور دوسرا چھوڑ دیا اور میں نے کہا کہ یہ کیا زہر ہے ۔ اور اس میں بدبو آ رہی ہے ۔ یہ کھانے کی حالت ہے ۔ منسٹر صاحب اپنے ڈبے میں جب بیٹھتے ہیں تو چیئرمین صاحب اور ڈی ۔ ایچ ۔ او صاحب ان کے ساتھ ہوں گے پھر مجھے بتائیے کہ کس کو مجال ہے کہ وہ کھانے میں بدمعاشی کرے ۔ اگر چلنا ہے تو ہمارے ساتھ بیٹھیے اور تھرڈ کلاس میں سفر کیجیے اور پھر پرائیویٹ طور پر دیکھیے کہ پبلک کی کیا حالت ہے اور غریبوں کو کیا مصیبتیں در پیش آتی ہیں ۔ نہ پانی ملتا ہے نہ کھانا ملتا ہے وہاں کچھ بھی نہیں ملتا ہے ۔ وہاں خالی لوٹ مار شروع ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : جتوئی صاحب آپ کو صرف دو منٹ اور ملیں گے ۔

حاجی عبدالمجید : جناب والا! سنٹرل گورنمنٹ بجٹ کی مہربانی کی وجہ سے ہر چیز غریبوں کی گراں ہوگئی ہے ۔ کپڑا ٹیکس کی وجہ سے گراں ہو گیا ہے ۔ مٹی کا تیل گراں ہوگیا ہے ۔ بسوں کے کرائے ڈیزل پر tax کی وجہ سے زیادہ ہوگئے۔ چینی کی قیمت زیادہ ہوگئی ہے ۔ ابھی غریبوں کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا وہی تنخواہ ان کو ملتی ہے جو پہلے ملتی تھی ۔ آپ نے ایک طرف سے دیا اور دوسری طرف سے لے لیا ۔ یہ کیا مصیبت ہے بڑے صاحب کو تین تین ہزار ، چار چار ہزار ، دو دو ہزار روپیہ تنخواہ ملتی ہے اور رہنے کے لیے عالی شان بنگلے بھی ملتے ہیں ۔ ان غریبوں اور مزدوروں کا کچھ دھیان کرو تاکہ وہ اپنا خون پسینہ ایک کر کے ملک کی خدمت کریں اور زیادہ کام کریں ۔ اس لیے میں عرض کروں گا کہ غریبوں مزدوروں کے لیے تنخواہ بڑھا دینی چاہیے ۔ دوسرے ہماری برانچ لائین کا بھی خیال کرنا چاہیے۔ ہم کو زیادہ اچھے ڈبے دینے چاہئیں زیادہ گاڑیاں دینی چاہئیں۔ اور یہ مورو، ٹھاروشاہ، نواب شاہ لائین پر پتھر ڈالیں ، اس کے لیے ڈبے زیادہ لگائیں ۔ خواہ مخواہ یہ بات کرنا کہ ہمارے پاس ڈبے نہیں ہیں ہمارے پاس ڈبے کافی ہیں ۔ مگر آپ کا چھوٹے یونٹ والوں کی طرف دھیان نہیں ہے ۔

جناب سپیکر۔ کیا یہ بتائیں گے کہ کتنے آدمی صوبہ سندھ کے بلوچستان اور سرحد کے ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی سروس میں ہیں ۔ ریلوے میں نیچے سے لے کر اوپر تک کتنے آدمی بلوچستان اور صوبہ سرحد کے ہیں ۔ کتنے آدمی سندھ کے ہیں ۔ ان میں ایک آدمی بھی نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : جتوئی صاحب آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے آپ تشریف رکھیں ۔

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon (Hyderabad I): Sir, criticism of the Railway Administration, from whatever quarter it may come, is always welcome but criticism when it transcends all limits really does not come up in good taste like the proverbial strife that if half a glass of water is given to the opposition, then instead of saying that it is half full they would turn round and say that it is half empty. To be concise, my submission before the House is that there are traces, there is material, in the Budget which would unhesitatingly show that the Railway Board and the Railway Administration are definitely progressing and there is marked improvement. I do not hold any brief for the Railway Administration or the Railway Board but I must say without any fear of contridiction that we had during the current financial year and what has been promised to us for the next financial year was never given to us since 1936, the year the Province of Sind separated from Bombay. The Railway Administration we find, as a whole, is looking well after its subordinate staff. The figures show that 97% of the Wage Bill is taken away by the non-gazetted staff, the subordinate staff. On the other side, crime has come down by 47% as compared to last year. Likewise, we find that so far as the speeding up of the trains is concerned, there is a definite improvement and the percentage is near about 87%. Trains are running according to set schedule. I do not for a moment suggest that it is a perfect department and that there is nothing wanting in it. It requires considerable shake up. There is, no doubt, enough room and adequate room for further improvement but then all that we can do is to see what we have been promised for the next financial year and whether the Railway Administration promises for us it has got sincerely in it and I dare say that it has. There has been a persistent and unanimous complaint of corruption in the Railway Department. I do not think there could be two opinions about it and, I am sure, the Railway Administration itself would not deny but the question is what is the solution. No constructive suggestion by the critics who have harped upon corruption, corruption and corruption in the Railway Administration. I would, with all the force at my command, suggest to the Railway Minister that time has come when we must put Criminal Law Amendment Act in operation. I am sure the results will be very hopeful and encouraging.

میاں محمد شریف : (پارلیمنٹری سیکرٹری) جناب سپیکر! بہت سی باتیں جو مجھے آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں کرنی تھیں وہ میرے بھائی جیسے آپ نے مجھے موقع دیا اس نے عرض کر دی - بہر حال میں اپنے خیالات آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے رکھوں گا -

جناب والا - جہاں تک میں اس بجٹ کو سمجھ سکا ہوں اس میں ۴۹۶۷۶ کروڑ روپیہ جو ہے وہ Proposed income کے طور پر اس بجٹ میں رکھا گیا ہے - اور جہاں تک ۶۴—۱۹۶۳ کے اخراجات کا تعلق ہے وہ ۴۳۶۳۲ کروڑ روپیہ اس میں Propose کیا گیا ہے - مرکزی حکومت کی طرف سے جو امداد کے طور پر سود پر دیا گیا ہے . . . .

خواجہ جمال محمد کوریجہ : جناب سپیکر! ہاؤس میں کورم نہیں ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : میاں صاحب اپنی تقریر جاری رکھیں - کورم پورا ہے -

میاں محمد شریف : جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ مرکزی امداد جو

ہے وہ ہمیں دو کروڑ روپیہ کیپٹل چارجز میں سے ۴ فیصدی کے لحاظ سے دی گئی اس طریقہ سے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ۴۰ء۰ ہمیں سود ادا کرنا ہوگا وہ خالص بقایا ہے ۔ اور جو اس ریلوے بجٹ سے ہمیں بچتا ہے وہ ۳۳ء۳ کروڑ ہے جو اس خالص بقایا سے ہمیں بچتا ہے ۔ جس میں اصلاحی ترقیاتی فنڈ کے لیے ۳۱ لاکھ روپیہ رکھا ہوا ہے اور فرسودگی کے ضمن میں ۲۸۹ء۲ کروڑ روپیہ جو ہے وہ تجویز کیا گیا ہے ۔ میں نے اپنی تقریر سے پہلے ریلوے کے افسروں سے پوچھا تھا کہ ملک کے عوام کے لیے کون کون سی سہولتیں مہیا کرنے کے لیے کتنا روپیہ آپ نے رکھا ہے ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اکتالیس لاکھ روپیہ عوامی سہولتوں کو بروئے کار لانے کے لیے رکھا گیا ہے اور بجٹ کا تین فیصد حصہ آئیندہ سال ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہے ۔

جناب والا ۔ کون کافر کہتا ہے کہ ریلوے کے محکمے میں رشوت ستانی نہیں ہے ۔ میں اس کو تسلیم کرتا ہوں کہ ریلوے اور تمام محکموں میں Corruption ہے لیکن ان کو دور کرنے کے لیے ساتھ ساتھ اصلاحات لائیں ۔ کاش میرے دوست ان کو دور کرنے کے لیے تجاویز بھی لاتے ۔ کیا میں اس ایوان میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کتنے رشوت کے Cases ہیں جس میں یہ وزرا صاحبان کو مطعون کرتے ہیں کہ انھوں نے Notice نہیں لیا ؟ کیا انھوں نے یہ رپورٹ پولیس میں درج کرائی ہے ؟ ذمہ داری ایک فرد پر نہیں آتی اس ایوان پر بھی آتی ہے جب ہم یہاں تقریریں کرتے ہیں ۔ ہمیں ایڈمنسٹریشن سے گندگی نکالنے کے لیے اس ناسور کو دور کرنے کے لیے خود ہمیں جسمانی طور پر حصہ لینا چاہیے ۔ ہمیں چاہیے کہ ہم خود رپورٹ درج کرائیں اور مقدمات پیش کریں ۔ اگر ہم ایسا نہیں کر سکتے تو ہمارا فرض ہے کہ انہیں لکھ کر وزیر متعلقہ کو بھیجیں کہ فلاں فلاں اسٹیشن پر ایسی رشوتیں لی جا رہی ہیں ۔ ان کا سد باب کیا جائے ۔ صرف کہہ دینا اور سستی شہرت حاصل کرنا اخبارات میں نام نکلوا دینا ٹھیک نہیں ۔ ان خرابیوں میں خود کام کرنے سے کمی پیدا ہو ہو سکتی ہے ۔ یہ ہمیں اور آپ کو کرنا ہوگا ۔ (نعرہ تحسین)

جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ محض قانون سے کسی قوم کی اصلاح نہیں ہو سکتی ۔ قوموں کی اصلاح اس طرح ہو سکتی ہے کہ ہم کام کریں ۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اپنے حلقہ اثر میں لوگوں کو بتلائیں کہ رشوت لینا اور دینا دونوں جرم ہیں (نعرہ تحسین)

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ اپنے تقاریر میں وزیر متعلقہ کا ذکر کرتے ہیں ۔ لیکن باتیں کرتے ہیں حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کے زمانے کی کہ آپ لوگوں

کی ضروریات معلوم فرمانے کے لیے اور یہ دیکھنے کے لیے کہ کوئی بھوکا تو نہیں رہ گیا ۔ گھر گھر تشریف لیجایا کرتے تھے لیکن آج کل کے زمانے میں ایک بھی آدمی ایسا نہیں ملے گا ، جو اس عالیشان ذات کے ادنیٰ ترین درجے تک پہنچ سکے ۔ تاہم اس دور میں جس تیز رفتاری کے ساتھ ہم اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھ رہے ہیں آپ کو اسے کرنا اور ہمیں " Appreciation " دینا چاہیے ، نہ کہ " Dishearten " کریں ۔ ڈیڑھ سو سالہ غلامی کے بعد یہ قوم فوراً کس طرح قرون اولا کی مسلمان بن سکتی ہے ؟ فوری طور پر ایسا ہونا بیحد مشکل ہے ۔ یہ چیز ناممکن بھی نہیں ہے مگر اس کے لیے ذہنی تغیر پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔ (نعرہ تحسین) میں اس ایوان کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ میں نے دیکھا ہے کہ لوگ رشوت کے خلاف درخواستیں دیتے ہیں اور جب ان پر برادری کا اثر پڑتا ہے تو وہی آدمی گواہی نہیں دیتے اور مقدمات کا ستیاناس ہو جاتا ہے ۔ معاشرے میں چند لوگ ایسے ہوتے ہیں جو درخواست گزار کے پاس جاتے ہیں اور اس پر اثر ڈالتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ سب باتیں صحیح ہیں اور اب میں آخر میں عرض کرونگا کہ اس بات میں میں اپنے دوستوں کا ہمنوا ہوں کہ غیر ملک کا سرمایا لیڈر لینے کے بجائے اپنے ملک کے ذرائع سے کام لیا جائے ۔ مکڑ والی کے علاقے میں جہاں کوئلہ دستیاب ہونے کی توقع ہے اس سے فائدہ اٹھایا جائے ۔ جب ملک میں کوئی کارخانہ بنانا ہو تو سب سے پہلا کام یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ آیا اس کارخانے کی ضروریات کیلئے Raw material بھی میسر آئے گا کہ نہیں ۔ مکڑ والی میں کوئلہ ہے اسی طرح اطراف و جوانب میں دیگر معدنیات از قسم لوہا وغیرہ کے ملنے کی توقع ہے اس طرح جب یہ دونوں چیزیں میسر آ جائیں اور Raw material ہمارے ملک میں ہو جائے اور اس کے باوجود کوئی ویگن باہر سے منگوایا جائے تو اس کے خلاف احتجاج کرنے میں میں آپ کا ساتھ دونگا ۔ لیکن کیا کیا جائے کہ آپ کے پاس لوہا ہے نہ کوئلہ یوں ہی Heavy Industry کے لیے چیخنے سے تو مسائل حل نہیں ہو جایا کرتے ؟

بیگم جہاں آرا شاہنواز : میانوالی کی نسبت پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی نے کیا رپورٹ دی ہے ۔

میاں محمد شریف : بیگم صاحبہ نے میری معلومات میں اضافہ فرمایا ہے ۔ میرے بھائی نے ایک کارخانہ قائم کیا ہے آپ کو اور مجھے معلوم ہے کہ اس میں ایک سال تک زمین تلاش کرنا پڑی ۔ پھر اس کے بعد وہ کارخانہ قائیم ہوا ۔ دو سال ہوتے ہیں وہ کارخانہ چلنے کے قابل ہوا ہے ۔ خدا کا شکر ہے کہ اس

ونگ میں معدنیات دستیاب ہونے لگی ہیں اور اگر ہماری معدنی ضروریات اس تیز رفتاری کے ساتھ پوری ہوتی گئیں تو پھر آپ ہم سے پوچھئے اگر ہم نے کیوں کوئی چیز باہر سے منگائی - ہم اس کے لیے ذمہ داری لینے کو تیار ہیں - (پرزور تالیاں)

مسٹر حمزہ : (لائل پور-۶) جناب والا - میاں محمد شریف پارلیمنٹری سیکرٹری نے اپنی تقریر کے دوران میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی رشوت ستانی کے واقعات ہوں تو وہ ایڈمنسٹریشن کے نوٹس میں لائیں تاکہ ان کے انسداد کے لئے اقدامات کئے جا سکیں - میں نے بہت سے افسران کے خلاف حقائق مہیا کئے ہیں - دو کے خلاف نہ میں نے محکمانہ اور Magisterial انکوائری کرائی ہے - میں نہایت افسوس کے ساتھ اس ہاؤس میں عرض کروں گا کہ ہماری ایڈمنسٹریشن ٹھوس مواد مہیا ہونے کے باوجود Corrupt افسران کی امداد کرتی ہے یا یوں کہیے کہ حکومت کے اکثر بڑے افسران اپنے ماتحت رشوت خواروں کی امداد کرتے ہیں - میں نے یہ بات پوری ذمہ داری کے ساتھ کہی ہے کیونکہ میں خوش آمدیوں میں سے نہیں ہوں -

Minister of Railways : Is it a point of order ? He is making a speech.

Mr. Senior Deputy Speaker : He is speaking on a point of personal explanation.

Minister of Railways : When you have allowed him to speak on a point of personal explanation. I want to say one thing in that connection.

جناب والا - میں اس ہاؤس کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ افسران کی بد دیانتی کے خلاف حمزہ صاحب نے کبھی مجھ سے بات نہیں کی وہ مجھ سے کم از کم بیس مرتبہ مل چکے ہیں - انھوں نے میرا شکریہ ادا کیا ہے اور حسن کارکردگی اور اچھے انتظام کی تعریف کی ہے لیکن کبھی کسی افسر کے خلاف کوئی شکایت نہیں کی -

مسٹر حمزہ : اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : No further discussion on that.

میاں محمد اکبر (گجرات : ۱) جناب والا - محترم وزیر ریلوے نے اپنی آج کی تقریر میں جو میری تقریر کے جواب میں تھی یہ فرمایا ہے کہ ریلوے کے افسران کی تعداد میں Partition کے وقت کے افسران کی تعداد کے مقابلے میں ۲۵۰ فی صد اضافہ نہیں ہوا بلکہ صرف ۹۰ فی صد اضافہ ہوا ہے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میں یہ بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں - میں نے چیلنج

Transport کا انتظام کیا جائے۔ لیکن بعد میں جیسا کہ آپ کو بخوبی علم ہے۔ کیا تھا اور ان کی خدمت میں اعداد و شمار پیش کئے تھے۔ اب میں افسران کی تعداد کے بارے میں کچھ اعداد و شمار ایوان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ یہ اعداد و شمار ریلوے ہیڈ کوارٹر کے افسران کے متعلق تقسیم ملک سے پہلے اور اب کے ہیں اس تفصیل سے عیاں ہو جائے گا کہ تعداد اڑھائی گنا نہیں بلکہ تین گنا بڑھ سکتی ہے۔

	تقسیم ملک سے پہلے	تعداد موجودہ
Chief Engineer	1	3
Controller of Stores	1	3
Deputy Chief Commercial Manager	1	3
Deputy Chief Operating Supdt :	1	3
Deputy Chief Engineer	2	6
Chief accounts Officer	1	2
Deputy Chief Accts Officers	2	4
Senior Scale Traffic Officers	10	25
Senior Scale Officers Accts Deptt :	8	16
Senior scale Officers Claims and policy Commercial Section	4	9

میں نے یہ ہیڈ کوارٹر ریلوے کے افسران کی تعداد کا تجزیہ اور موازنہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح تعداد اڑھائی گناہ سے تین گنا بڑھ گئی ہے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں بھی تعداد اس سے مختلف نہیں ہوگی۔ وہاں بھی افسران کی تعداد اڑھائی گنا ہو گئی ہوگی۔ مگر وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ تعداد صرف ۹۰ فی صد بڑھی ہے۔ اگر ہم یہ بھی مان لیں تو لازمی طور پر ان کے ماتحت سٹاف کی تعداد بھی اس کے ماتحت ہی بڑھی ہوگی۔ اگرچہ ٹریفک تو اتنی ہی ہے لیکن افسروں کے ساتھ سٹاف لازمی ہے اگر سٹاف نہ ہوگا تو وہ کوئی کام کیسے کر سکیں گے۔ اس وقت ٹریک کی لمبائی صرف ۳/۷ رہ گئی ہے کیونکہ دو ڈویژن فیروزپور اور دہلی اس سے نکل گئے ہیں اور لمبائی تقریباً نصف رہ گئی ہے۔ ان میں Busy Section فیروزپور اور دہلی ہی تھے۔ ہمارے ہاں جو اس وقت جو ڈویژن ہیں وہ Busy Section نہیں۔ اب اگر ماتحت سٹاف میں اضافہ ہوا ہے تو افسران کی تعداد بڑھا کر Bureaucracy کی گرفت کو مضبوط بنا رہے ہیں۔

جہاں تک وزیر صاحب کے اپنے کام کا تعلق ہے وہ تو محض مکینیکل طور پر کام کرتے ہیں ۔ ان کو تو سوچنے کا بھی موقع نہیں ملتا ۔ چونکہ افسران کی تعداد بڑھ گئی ہے۔ اب انہیں کھپانے کے لئے سکھر میں ایک ڈویژن کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ اگر آپ Feasibility Report پڑھیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ سب کچھ Cross Traffic کی وجہ سے نہیں ہوا ۔ کسی نئے ڈویژن کا قیام within the Division کیونکر ممکن ہو سکتا ہے ۔ اس وقت ٹریفک کے جو اعداد و شمار معرض وجود میں آئے ہیں وہ اس وقت کے ہیں جب گدو بیراج ، تونسہ بیراج اور کوٹری بیراج زیر تعمیر تھے ۔ اس وقت واقعی ریل کا ٹریفک کچھ زیادہ تھا کیونکہ پرائیویٹ طور پر ٹرانسپورٹ کا کوئی انتظام نہیں تھا ۔ لیکن جب کہ یہ بیراج مکمل ہو چکے ہیں تو ٹریفک زیادہ نہیں رہی بلکہ کام ختم ہونے کے بعد ٹریفک بھی ختم ہوگئی ہے ۔ سکھر ڈویژن بنانے کے لئے پرانے اعداد و شمار دئے گئے ہیں ۔ تازہ اعداد و شمار لئے جائیں تو آپ اندازہ کریں گے کہ کسی اور ڈویژن کا بنانا ہرگز لازمی نہیں ۔ اور ہر گز اس کی ضرورت نہیں ۔ اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ اس نئے ڈویژن میں کوئٹہ ڈویژن کا کچھ حصہ لیا جا رہا ہے ۔ کوئٹہ ڈویژن ملٹری اہمیت کا حامل ہونے کی وجہ سے بھی بنایا گیا تھا نیز کچھ Commercial وجوہات بھی تھیں ۔ اب اس کا Commercial Section نکال کر سکھر ڈویژن میں شامل کیا جا رہا ہے۔ میری تو سمجھ میں یہ بھی نہیں آتا کہ ان حالات میں کوئٹہ ڈویژن کو full fledged رکھنے کی ضرورت کیا ہے ۔ Commercial اور کاروباری معاملات تو ختم ہوگئے ۔ اگر وزیر ریلوے دانشمندی سے کام لیں تو کوئٹہ ڈویژن کو Subsidiary Unit بنا دیں یہ ایک independent یونٹ رہے ۔ مگر سکھر ڈویژن کے ماتحت کام کرے وہاں ایک سینئر کمرشل ٹریفک آفیسر کافی ہوگا ۔

اس کے بعد میں یہ گذارش کروں گا کہ کراچی کی سرکلر ریلوے کی تجویز خدا جانے کن وجوہات کی بنا پر کی گئی تھی ۔ اس کا جواز پیدا کر کے آپ نہیں جانتے کہ کس طرح اس غریب قوم کو غریب تر بنایا جا رہا ہے ۔

جب کراچی سرکلر ریلوے کا سروے ہو رہا تھا ۔ تو اس وقت انڈسٹری کا زیادہ سے زیادہ زور S. I. T. E. کی طرف تھا ۔ تمام Industrial concerns وہاں پر تھے ۔ اور لیبر S. I. T. E. سے دور رہتی تھی ۔یعنی وہ لانڈھی۔ سانده باد اور ملیر میں رہتی تھی ۔ اس وقت واقعی ضرورت تھی ۔ کہ لانڈھی اور ملیر وغیرہ کی طرف کے جو مزدور ہیں ۔ اُن کو S. I. T. E. کی طرف لانے کے لیے

کہ فیکڑیاں لانڈھی میں قائم ہو گئی ہیں ۔ S. I. T. E. کو Shift کر لیا گیا ہے ۔ اور جو مزدور لانڈھی کی فیکڑیوں میں کام کرتے ہیں ۔ وہ لانڈھی کے گرد و نواح میں ہی رہائش پذیر ہیں ۔ اس لیے ان کو فیکڑیوں تک Transport کرنے کی قطعاً کوئی ضرورت ہی باقی نہیں ۔ جناب والا ۔ اسی طرح جو مزدور S. I. T. E. کی فیکڑیوں میں کام کرتے ہیں ۔ وہ بھی وہیں اس کے قرب و جوار میں ملجاتے ہیں ۔ وہاں بھی انہیں Transport کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس لیے یہ جو Figures لی گئی ہیں ۔ یہ پرانے اعداد و شمار کا Hub تھا ۔ چونکہ اب لانڈھی کی طرف Venue کو Shift کر دیا گیا ہے ۔ اسے نظر انداز کیا گیا ہے ۔ اور پرانے اعداد و شمار پر ہی کراچی سرکلر ریلوے کا جواز بتایا گیا ہے ۔ اسی طرح سرکلر ریلوے کا جواز پیدا کرنے کے لیے ریلوے حکام نے اعداد و شمار کی جادوگری سے بھی کام لیا ہے ۔ میں یہ الزام محترم وزیر ریلوے پر عائید کرتا ہوں ۔ کہ یہ اعداد و شمار غلط پیش کیے گئے ہیں ۔ اس لیے کہ سرکلر ریلوے کا قیام عمل میں لایا جائے ۔ اس لئے کہ وہاں بھی ان کے افسران کھپ سکتے ہیں ۔

جو ابتدائی میزانیہ ہے ۔ اس میں ایک ریلوے سٹیشن پر ۳۵۰۰ روپے خرچ کرنے کا اندازہ ہے ۔ مگر دراصل اگر ہمارے محترم وزیر ریلوے اسے خود Check کریں ۔ تو یہ ۳۵۰۰۰ روپے ہے ۔ یعنی اس میں دس گنا کا اضافہ ہے ۔ اس ابتدائی تخمینے سے جو پہلے لگایا گیا ہے ۔ اسی طرح جو ابتدائی تخمینہ سرکلر ریلوے کی تعمیر کے لیے لگایا گیا تھا ۔ وہ نوے لاکھ روپے تھا ۔ لیکن اس وقت تک ایک کروڑ پچاس لاکھ کے قریب خرچ ہو چکا ہے ۔ مگر ابھی تک وہ ریلوے مکمل نہیں ہوئی ۔ لیکن ہمارے وزیر ریلوے جو شہرت بہت چاہتے ہیں ۔ ہار پہننا چاہتے ہیں ۔ اور مضحکہ خیز بات تو یہ ہے ۔ کہ ابھی تک کراچی سرکلر ریلوے مکمل ہی نہیں ہوئی ۔ Bridges اور Culverts بن رہے ہیں ۔ ۔ اور ابھی تک ریل گاڑی اس پر ٹھیک طرح سے نہیں چل سکتی ۔ لیکن انھوں نے جا کر ہار پہن کر اس کا باقاعدہ افتتاح بھی کر دیا ہے ۔ صرف افتتاح کرنے سے تو ٹریفک نہیں آسکتی ۔ اور جناب والا ۔ ٹریفک وہاں کبھی بھی نہیں ملے گا ۔ میرا یہ بھی چیلنج ہے ۔ کہ یہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ایک Unjustified پراجیکٹ ہے ۔ اور Un-economical پراجیکٹ ہے ۔ اور اس کی آمدنی سے سود کی رقم بھی نہ نکل سکے گی ۔ ہماری آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے اور عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے میں یہ نہیں کہتا کہ وزیر ریلوے نے بلکہ ریلوے افسران نے وہاں پر مصنوعی ٹریفک پیدا کرلی ہے ۔ آپ حیران ہونگے ۔ کہ وہ کیسے ۔ وہ اس طرح ۔ کہ کراچی شہر کے ریلوے سٹیشن پر جسقدر لکڑی ۔ ایندھن ۔ چارکول اور جلانے کی لکڑی

بک ہوتی تھی ۔ اُسے اب حکماً بند کر دیا گیا ہے ۔ اور یہ اب وہاں پر بک نہیں ہو سکتی ۔ چنانچہ اب یہ ساری چیزیں وہاں کے ایک سٹیشن کھارادر سے بک ہوتی ہیں ۔ تاکہ اگر اعداد و شمار پوچھے جائیں ۔ تو ہمیں وہ مصنوعی طور پر بتا سکیں ۔ کہ ہماری اتنی Earnings ہیں ۔ اور اس طرح ریلوے کی Operational cost بڑھ گئی ۔ کیونکہ Frieght تو بڑھا ہی نہیں ۔ بلکہ جو بکنگ پہلے کراچی شہر ریلوے اسٹیشن سے ہوتی تھی ۔ اب کھارادر ریلوے اسٹیشن سے ہوتی ہے ۔ Frieght ایک پائی بھی نہیں بڑھا ۔ سب بیوپاری اب بھی تکلیف میں ہیں ۔ اور اب وہ اپنا سامان میل ہا میل اٹھا کر لے جاتے ہیں ۔ تاکہ اسے کھارا در سٹیشن پر بک کیا جائے ۔ تو وہ اب ایک پائی بھی زیادہ دینے کے لیے تیار نہیں ہیں ۔ اور اب بھی وہی Charges لیے جاتے ہیں ۔ جو پہلے کراچی سٹیشن پر لیے جاتے تھے ۔ اس طرح ریلوے کو ہر Consignment پر جو کھارادر سے بک ہوتی ہے ۔ سات میل جانا پڑتا ہے ۔ اور سات میل کے جو اخراجات ہیں ۔ وہ اس Foolish اور Absurd سکیم کی Justification کے لیے وہ سات میل کی Operational cost برداشت کر رہے ہیں ۔ تاکہ مصنوعی طور پر یہ بتایا جائے ۔ کہ یہ کراچی سرکلر ریلوے کی جو سکیم ہے ۔ یہ Feasible ہے ۔ ان گذارشات کے بعد میں آپکے شکریے کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Minister of Railways : Sir, I want to draw your at tention to the fact that the Leader of the Opposition has given me an assurance (we have talked together) that a time-limit would be fixed. So, I would request five minutes for each Member may be fixed. Am I right, Khawaja Safdar !

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب نے ابھی ابھی ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ ساڑھے گیارہ بجے وہ Closure Motion لانا چاہتے ہیں ۔ اور یہ کہ میں اعتراض نہ کروں ۔ تو میں نے یہ عرض کیا تھا ۔ کہ ہماری جانب بہت سے مقرر ہیں ۔ جو تقریر فرمانا چاہتے ہیں ۔ لہذا وقت بڑھا کر پونے بارہ کر دیں ۔ اس کے بعد وہ Closure موشن لے آئیں ۔ اس وقت تک ہم مختصر سی تقریریں کرینگے ۔ ہاں جناب اوستو صاحب نے بھی اس وقت میں سے پانچ منٹ مانگے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : اس صورت میں تو پھر پانچ منٹ سے زیادہ وقت دینا مشکل ہے ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاول پور۔۲) : جناب سپیکر ۔ یہ فیصلہ ہوا تھا ۔ کہ جن لوگوں نے کٹ موشن دی ہیں ۔ اور انہیں ووٹ کے لیے Put نہیں کیا جائیگا ۔ انہیں تقریر کرنے کے لیے ترجیح دی جائیگی ۔ تو میں کوشش کروں گا ۔ کہ پانچ منٹ سے زیادہ نہ لوں ۔

جناب سپیکر ۔ میری گزارشات کے جواب میں جناب وزیر ریلوے نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ جو کرایہ پاکستان میں چارج کیا جاتا ہے ۔ وہ میلوں کے اعتبار سے کیا جاتا ہے ۔ لیکن جو ہندوستان میں کرایہ چارج کیا جاتا ہے ۔ وہ کلومیٹر کے حساب سے کیا جاتا ہے ۔ یہ صحیح ہے ۔ لیکن آپ کی وساطت سے ان کی اطلاع کے لیے عرض کرون گا ۔ کہ میں نے جو اعداد و شمار ان کی خدمت میں پیش کیے تھے ۔ ان کو کلومیٹروں سے میلوں میں تبدیل کرکے پیش کیے تھے ۔ چنانچہ الہ آباد لاہور سے ۱۱۰۰ کلومیٹر تھا ۔ میں نے عرض کیا تھا ۔ ۹۰۴ میل ۔ الہ آباد لاہور سے ۱۰۹۰ کلومیٹر ہے ۔ اور میری سمجھ کے مطابق یہ ۹۰۴ میل بنتا ہے ۔ اور میں نے ۹۰۴ میل کے لحاظ سے ہی تقابل اور توازن ان کی خدمت میں پیش کیا تھا ۔ اس گزارش کے بعد عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ملک کی آزادی اور تقسیم سے قبل ریلوے کا محکمہ دیانت اور امانت کے اعتبار سے، کارگذاری کے اعتبار سے، امن کے اعتبار سے، مسافروں کو سہولتیں پہنچانے کے اعتبار سے، ایک مثالی محکمہ تھا ۔ اور دوسرے محکموں میں بطور مثال یہ کہا جاتا تھا ۔ کہ دیکھئے ریلوے کی Working کمیٹی ہے ۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ تقسیم کے بعد یہاں ملک کے نظم و نسق میں اور ہماری زندگی کے عام شعبوں میں زوال و انحطاط پیدا ہوا ۔ ریلوے کے محکمے میں بڑے محتاط الفاظ کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ زوال و انحطاط اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے ۔ یہ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ میں نے تقسیم کے وقت درمیانہ درجے کے ملازمین ــــــ گارڈ۔ ٹی۔ٹی۔ای۔ ایس۔ٹی۔ای ٹکٹ کلکٹر اور نچلے درجے کے ملازمین کو (یہ میں سنہ ۱۹۴۷ء کی بات کر رہا ہوں) دیکھا ہے کہ وہ قومی جذبہ کے ساتھ کام کرتے رہے اور بڑے ایثار کے ساتھ ، بڑی قربانیوں کے ساتھ ، بڑی محنت شاقہ کے ساتھ ، لیکن سال ڈیڑھ سال گزر جانے کے بعد جب انھوں نے دیکھا کہ اوپر والے افسر اور اوپر والے لوگ اعلیٰ حکام دونوں ہاتھوں سے دولت سمیٹنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ تو انھوں نے ملک کی آزادی کی ذمہ داریوں کو قبول نہ کیا اور انھوں نے ملک کی عزت کی نعمت کو ، آزادی کی نعمت کو شکریہ کے ساتھ قبول نہ کیا ۔ ان کا وہ قومی جذبہ مفقود ہو گیا ۔ اب صورت حال یہ ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ملک کے عام نظم و نسق میں صوبائی محکموں میں اور مرکزی محکموں میں رشوت بالکل ناپید ہو گئی ہے ۔ یقیناً رشوت موجود ہے ۔ لیکن میں یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ جس معیار پر جس انداز سے جس ہمہ گیری کے ساتھ رشوت کا کاروبار اس محکمہ میں ہوتا ہے اتنا ہمہ گیری کے ساتھ اور کہیں نہیں ہوتا ۔ اور اب صورت حال یہ ہے اور ہم سب کو اقرار کر لینا چاہیے تاکہ اصلاح احوال ہو سکے کہ گاڑیوں میں امن بالکل مفقود ہے ۔ میں نے کم سے کم Partition سے پہلے کبھی نہیں سنا تھا کہ

دن دھاڑے گاڑیوں میں ڈاکے پڑیں بلکہ ریلوے کے گارڈ قتل ہو جائیں اور ان کا سراغ نہ ملے ۔ سراغ نہ ملنے کو تو ہمارے ملک کا وزیر اعظم قتل ہو گیا اور اس کا سراغ نہ ملا تو گارڈ کا سراغ کیا ملیگا ۔ آج کیا حال ہے کہ مسافروں کو سفر کی سہولتیں نہیں پہنچائی جاتیں اور اس وقت یہ کیفیت ہے جیسا عبدالمجید جتوئی صاحب نے کہا کہ دو عورتیں رحیم یار خان اور خانپور اسٹیشنوں پر اس لیے مر گئیں کہ انہیں محرم کے زمانے میں دو گھونٹ پانی میسر نہ آ سکا ۔ لیکن آپ اگر ملاحظہ فرمائیں گے کہ اس کے مقابلے میں Partition کے وقت سے لیکر اس وقت تک کرایہ میں اور باربرداری کے کرایہ میں برابر اضافہ ہوتا چلا گیا ۔ لیکن یہ Credit اس مرتبہ ضرور ہے کہ کرایہ نہیں بڑھا لیکن اب تک جو کچھ ہوتا رہا وہ یہی ہے کہ کرایہ ہمیشہ بڑھتا رہا ۔

جب یہ محکمہ صوبے کی تحویل میں آیا تو صوبے کے لوگوں نے بڑے تذبذب سے اسے قبول کیا تھا کہ یہ مرکز کا محکمہ ہے اور صوبہ اس کو سنبھال رہا ہے ۔ لیکن ملک کے پاس ایسے وسائل ہیں اور یہ اب سمٹ سمٹا کر کراچی سے لیکر پشاور تک ہی ہے ۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس محکمہ کو خاصا Develop کریں اور مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچائیں اور اگر کرایہ اس بار نہیں بڑھایا تو یہ Credit کی بات نہیں ہے ۔ اگر آپ نے کرایہ کم کر دیا ہوتا تو یہ Credit کی بات ہوتی ۔

اس کے بعد میں صرف دو امور کی طرف ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ یہاں بات یہ ہے کہ اس معزز ایوان کے ایک ممبر نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ چار درجنوں کو ختم کر دیا جائے ۔ یعنی لوئر کلاس اور اپر کلاس رکھا جائے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ برانچ لائنوں پر جو ڈبے چلتے ہیں خدا کے لئے ان کو تبدیل کیا جائے ۔ وہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہی ڈبے ہیں جن پر باوا آدم بہشت سے چل کر یہاں تشریف لائے تھے ۔ چٹخنیاں ٹوٹی ہوئی ہیں ۔ دروازے کھڑ کھڑ بولتے ہیں لیکن کرایہ فرسٹ کلاس کا لیا جا رہا ہے ۔ برانچ لائنوں پر اس سے بدتر حالت ہے ، ان میں مسافروں کو کچھ سہولتیں نہیں میسر آتیں ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ درجے صرف دو رکھے جائیں ۔ ایک اپر کلاس اور دوسرا لوئر ۔ چار درجوں کی قطعاً ضرورت نہیں ہے ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر در محمد اوستو) : جناب والا ۔ مجھے کوئی خاص خیال نہ تھا مگر آج میں نے ضروری سمجھا کہ میں بھی اپنی طرف سے کچھ عرض کروں اور صرف اس مقصد کے لئے کہ سندھ کے علاقے میں ریلوے کے سلسلے میں کیا کچھ ہوا ہے اور کیا کچھ نہیں ہوا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ حقیقت ہے اور میں سمجھتا ہوں اور ہاؤس کے سب ممبران مانیں

گے کہ پراونشل گورنمنٹ کی تحویل میں آئے ہوئے ریلوے کو ابھی پورا ایک سال بھی نہیں ہوا ۔ اس سے پیشتر یہ محکمہ سنٹرل گورنمنٹ کی تحویل میں تھا اور سنٹرل گورنمنٹ کی ریلوے کی ذمہ داری چل رہی تھی اور اس نے کیا کچھ کیا اور کیا کچھ نہیں کیا اس کی ذمہ داری ہم پر نہیں آتی ۔ مگر اس سال کے اندر کافی سہولتیں پہونچائی گئی ہیں اور آئندہ سال تک جو کچھ ہوگا اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ریلوے کے سلسلے میں پراونشل گورنمنٹ نے کیا سہولتیں دینے کی کوشش کی ہے ۔ جہاں تک سندھ کے علاقے کا تعلق ہے میرے دوست عبدالمجید صاحب نے یہ شکایت کی ہے کہ لاڑکانہ کی ایک طرف کوئی بھی ایسا connection نہیں جو لاہور کو ملائے ۔ ہم اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش کریں گے مگر ہمیں زیادہ تر یہ دیکھنا ہے کہ ہماری اس ریلوے میں سفر کرنے والوں کی اکثریت غریبوں کی ہے تو ہم غریبوں کو سہولتیں مہیا کریں ۔ اور میرے دوست عبدالمجید صاحب میرے خیال میں میری اس بات سے متفق ہوں گے کہ ایک سال سے پہلے ان کی لائن پر کتنی گاڑیاں چل رہی تھیں ۔ لاڑکانہ ایکسپریس جو اب چل رہی ہے آیا وہ پہلے بھی تھی یا نہیں اور جو روہڑی کو کراچی سے کنکشن دیتی ہے ۔ اور اس لائن پر ایک مال گاڑی بھی چل رہی ہے ۔ یعنی ایک برانچ لائن اور دو فاسٹ ٹرینیں اور اس کے علاوہ اور گاڑیاں بھی چل رہی ہیں جو روہڑی کو کوئٹہ سے ملاتی ہیں ۔ چار آتی ہیں اور چار جاتی ہیں ۔ جہاں تک میری سندھی بھائیوں کا تعلق ہے وہ صاف اس بات سے اتفاق کریں گے کہ گذشتہ یعنی ۶۳ - ۶۲ میں سندھ کے اندر گاڑیاں بڑھا دی گئی ہیں ، کراچی سے حیدر آباد ، کراچی سے روہڑی ، اور جیکب آباد تک گاڑیاں بڑھا دی گئی ہیں ۔ اور لاہور سے کوٹری دادو تک بڑھا دیں گئیں ہیں ۔ بولان میل پہلے چلتا تھا ہم نے لاڑکانہ ایکسپریس بھی بڑھا دی ہے ۔ اس کے علاوہ یہ توقع کرنا کہ آسمان سے ستارے ٹوٹ کر آجائیں ، میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی گورنمنٹ کی ہمت و طاقت سے باہر ہے ۔

جہاں تک کولر سے پانی مہیا کرنے کا سوال ہے میرے دوست مجھ سے اتفاق کریں گے ، کہ سکھر ، جیکب آباد ، روہڑی اسٹیشنوں پر کولر لگائے گئے ہیں تاکہ پانی کا انتظام ہوسکے ۔ اس کے علاوہ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں اور میری انفارمیشن صحیح ہے کہ شکار پور چل رہی ہے ، روہڑی چل رہی ہے ، (ساتھ ہی ساتھ قطع کلامیاں) ۔ جناب ۔ میں ابھی رات سفر کر کے آیا ہوں میرے دوست کو کئی دن ہوئے ۔ اس کے علاوہ یہ جو مالی سال کا بجٹ پیش کیا گیا اور اس میں کچھ سہولتیں مہیا کی جائیں گی ۔ لیکن میرے دوست کو جلدی نہیں کرنی چاہئے ۔ اپر سندھ کیونکہ گرم تھا اس واسطے وہاں کولرز لگائے

گئے۔ میرے دوست کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ دوسری جگہوں پر بھی کولرز لگانے کا بندوبست کیا جائےگا۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ آج سے پہلے جب ریلیں ہمارے ملک میں آئیں تو سندھ کی ایک لائین جو کہ حیدرآباد سے میر پور خاص جاتی تھی یا آگے جاتی تھی اس کی چھوٹی پٹڑی تھی میں نے فیصلہ کیا کہ چھوٹی پٹڑی نکال کر بڑی لگائی جائے۔ اس کام سے میرے دوست متفق ہیں اب ٹائم تو زیادہ لگے گا اگر ان کے پاس فرشتے موجود ہیں تو ہم ان کو کام پر لگانے کے لئے تیار ہیں۔ اس کے علاوہ جناب والا۔ میں اپنے دوست سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب سے ریلوے سنٹرل گورنمنٹ کی تحویل میں تھی آج تک مہربانی کرکے بتائیے کہ کتنی دفعہ ریلوے منسٹر صاحب خود تشریف لے گئے ہیں۔ کہیں ویٹنگ رومز کو دیکھا ہے کہیں اسٹیشنوں کو دیکھا ہے۔ وحید صاحب نے اکثر حصوں کا دورہ کیا اور انہوں نے اسٹیشنوں پر جاکر خود کھانا پکتے دیکھا ہے۔ اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست اس بات سے خوش ہوں گے کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جہاں تک ہوسکے پہلے ہم غریبوں کی مدد کے لئے کریں گے اور بعد میں امیروں کے لئے سوچا جائے گا۔

ماسٹر خان گل (کوہاٹ۔۲) : جناب سپیکر۔ حضور والا۔ میں تقریر تو نہیں کرنی چاہتا صرف ایک دو باتیں عرض کر رہا ہوں۔ ایک تو بڑی خوشی مجھے یہ ہے کہ حکومت کی پارٹی کے ممبران نے ریلوے کے بجٹ کے سلسلے میں اس کی خرابیوں اور بد عنوانیوں کے متعلق جس طرح کھل کر تقریریں کی ہیں یہ شائد ہی کسی حکومت کی پارٹی کو اس سے پہلے توفیق ہوئی ہوگی۔ اب آپوزیشن سے میاں محمد شریف کا یہ گلہ ہے کہ وہ ایسی باتیں کیوں کرتے ہیں لیکن اگر آپوزیشن باتیں بھی نہ کرے تقریریں بھی نہ کریں تو بات کیسے بنے گی۔ یا تو ان کے حق کی باتیں ہوں تیز یا گرم ہوں البتہ اتنی بات ضرور ہو کہ بات میں انصاف کا پہلو مد نظر رکھا جائے۔ ابھی ہمارے ایک دوست نے سنٹر کے مسئلے کو صوبائی مسئلے کے ساتھ ملا دیا۔ سنٹر والے جو کہتے ہیں کہ ان کا کام ہے لیکن جیسا کہ کہا گیا ہے کہ کرے کون بھرے کون۔ اب سنٹر میں ٹیکس لگائے جاتے ہیں مگر یہاں مزدوروں کی تنخواہ بڑھائی جاتی ہے کوارٹر میں توسیع کی جاتی ہے۔ یہ انصاف کی بات نہیں؟ ہمارے پشتو میں مشہور ہے کہ بات انصاف کی کرو اگر ڈنڈا مارنے کی ضرورت ہو تو بیشک بھائی کے لئے ڈنڈا استعمال کرو۔ تو بات یہ ہے کہ بات جو کرو کم از کم جائز طریقے سے ہو اگر گرانی بڑھتی ہے تو ریلوے منسٹر کا کیا قصور ہے۔ ٹیکس سنٹر کا کام ہے تو ریلوے منسٹر کا کیا قصور ہے۔ ان کی جو توفیق تھی ان کی تنخواہ بڑھا دی، کوارٹروں میں اضافہ کر دیا۔ میں آپ سے عرض

کرتا ہوں کہ حقیقت یہ ہے کہ ۱۵ سال میں ملک کی گاڑی آگے چلنے کی بجائے پیچھے چلی بلکہ پٹڑی سے اتری ۔ یہ کس کا گناہ ہے اس میں کون لوگ شریک ہیں ۔ تو یہ الگ سوال ہے اس کو چھیڑنے کی ضرورت نہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ انگریز جو کچھ ہمارے لیے چھوڑ گیا بدقسمتی سے ہمارا کیریکٹر اتنا بلند نہ تھا کہ ہم آگے جاتے ۔ ان ۱۵ سالوں میں ہم تباہ ہو گئے اب خداخدا کرکے ہم تھوڑا آگے چلے ہیں۔ ہمارے پشاور سے ایک گاڑی چلتی ہے تیز رو جس میں سیکنڈ اور فرسٹ کلاس کی کوئی سواری نہیں بیٹھ سکتی یہ اسی سال سے حکومت کی چلائی ہوئی ہے اور آپ اسے اچھا سمجھیں یا برا مگر غریبوں کے لیے بہت گنجائش ہے ۔ ریلوے کا ویگن تو راولپنڈی لاہور کے درمیان بھی جاری ہے ، یعنی ان کا فرض ہے کہ یہ چلائیں لیکن اگر کہیں تو ہم ان کو اتنا تو کہیں کہ تم کچھ کر رہے ہو ، اس کے بدلے ہم ان کو گالیاں نہ دیں یہ اچھا کام نہیں ۔ ہم نے ان سے کہا تھا کہ ان کے ساتھ انصاف کا سلوک کریں اگر برا کام ہے تو ہمیں اس کا پتہ نہیں ، لیکن جو انصاف کی بات ہو ، جس سے ملک کو ترقی واقعی مل رہی ہو اس کو چھپانا نہیں چاہیے ۔ ٹھیک ہے اپوزیشن کا اعتراض کہ یہ ہونا چاہیے ۔ جمہوریت کا کام بھی یہی ہے کہ حکومت پر تنقید ہو ان کی بری باتیں بتائی جائیں، لیکن مرکز کی برائی ہو یا اچھائی اگر اس کو پراونشل کے ساتھ ملا دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی بے انصافی نہیں ہونی چاہیے ۔

میجر سلطان احمد خان : (ہزارہ ۔ ۳) معزز وزیر ریلوے کی تقریر صبح لابی میں سنتے ہوئے کچھ ایسا محسوس ہوا جس طریقے سے انہوں نے چند ایک چیزوں کا جواز اور علاج اس ہاؤس کے سامنے پیش کیا جیسے کہ وہ کسی بڑے پسماندہ علاقے کی یونین کونسل سے مخاطب ہوں (قہقہہ) ۔ اس میں دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں یا تو یہ ہے کہ ان چیزوں کے متعلق خود انہیں علم نہیں اور اگر علم ہے تو ان کے پیچھے جو بیٹھے ہیں انہیں سب باتوں میں سے کسی کا علم نہیں ۔ جناب والا۔ انہوں نے غلط بیانی نہیں کی لیکن ایک وزیر کی حیثیت سے یہ کہنا کہ نئی لائین اس لیے نہیں لگا سکتے کہ یہ پلیننگ کمیشن کا کام ہے ۔ کم از کم آپ کا بھی تو کچھ فرض ہے ۔ وہ فرض ایک تجویز کی صورت میں ہوتا اگر آپ تجویز نہیں پیش کر سکتے ہیں تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ وزیر کس کے ہیں ۔ آج دن تک کسی نئی لائین کو جہاں اشد ضرورت ہو ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ میرے علاقے میں ہو کہیں بھی ہو کوئی نئی تجویز پیش تک نہیں ہوئی ۔ اس کے بعد ریلوے بورڈ کے جواز میں جناب نے یہ کہا ہے کہ چونکہ پی آئی ڈی سی ۔ واپڈا ۔ اے ڈی سی And God knows what چونکہ یہ ایسی چیزیں ہیں لہذا ریلوے بورڈ ہونے میں کیا حرج ہے ۔ اس کے متعلق یہ دلیل نہیں ہے اس ریلوے بورڈ میں جو خطرہ اس قوم کی تباہی کا اس

لیے ہوتا ہے کہ اگر ریلوے کو دانستہ یا نادانستہ Commercialised کر دیا جائے تو تاریخ بتاتی ہے کہ ہم اس قسم کے اداروں سے کتنا wastage کر چکے ہیں ۔ اور اس کے نتائج آج کیا ہو چکے ہیں ۔ ہمیں اعتراض یہ ہے کہ ایک صوبے کے محکمے کے لیے ایک بورڈ کا جواز نہیں ۔ اس لیے کہ ہمیں خدشہ ہے کہ خدانخواستہ چونکہ وہ Autonomous body ہے اس سے لغزشیں نہ ہو جائیں جن کا تدارک بعد میں نہ ہو سکے ۔ اور اگر ریلوے بورڈ حکومت ہے تو اس کو مکمل اختیار بھی دے دیا جائے ۔ اور ایسے قانون بنائے جائیں کہ جو شخص کسی قانون یا لائین سے باہر جائے گا اس کو نہ صرف نوکری سے نکالا جائے ۔ سزائے موت تو میں تجویز نہیں کروں گا البتہ سزائے قید تو رکھی جائے تو اس ملک میں حالات یقیناً سدھر سکتے ہیں ۔ لیکن اس طرف اس حکومت کا خیال جانا مجھے نا ممکن نظر آتا ہے اور نہ یہ کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ! ایک اور وزیر صاحب نے فرمایا کہ میں نے جو یہاں تنقیدیں سنی ہیں ۔ چند ایک باتوں پر ہم نے ایک کمیشن یا کمیٹی (کمیشن کے لفظ سے اصل میں یہ قوم گھبرا جاتی ہے) بٹھایا ہے ۔ پچھلے دو سال سے جیسا کہ میرے دوست حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ حکومتوں نے اپنا فرض اخلاقی سمجھ لیا ہے کہ ہر issue جو important issue ہو اسے avoid کرتے ہیں اور اس کا ایک ہی طریقہ نکال لیا ہے کہ کمیشن بٹھا دیا جائے ۔ ایک سال یا ڈیڑھ سال کے بعد اس کمیشن کی رپورٹ آتی ہے ۔ اور اگر سابقہ تاریخ صحیح ہے اور جو میں نے سنا اور سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ کوئی بھی کمشن جب رپورٹ پیش کرے ، بجائے اس کے کہ آپ اس پر عمل کریں آپ نے اس کی ہر تجویز کو رد کر دیا ۔ ہیئر ۔ ہیئر ۔

جناب والا ۔ وزیر ریلوے صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں ایک چیز کا اس ایوان میں وعدہ کیا ہے اور جہاں تک میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ آئندہ وہ یہ دیکھیں گے کہ پس ماندہ علاقوں کو بجائے ۲۰ فیصدی آسامیوں کے جو ان کے میرٹ پر ہوں گی باقی ۸۰ فیصدی ان کو quota basis پر ملازمت میں حقوق دیں گے ۔ یہ ایک بڑا اچھا اعلان ہے اگر اس اعلان کو اچھے ارادے میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے definite پالیسی ہفتہ دو ہفتہ میں اس قوم کے سامنے واضع کر دی جائے ۔ آخر میں جناب در محمد اوستو صاحب کا فرمان ہے جس میں انہوں نے فرمایا ہے کہ ہمیں ایک سال ملا ہے ۔ ایک سال واقعی زیادہ نہیں ہے ۔ آج کل کی دنیا بڑی بے ہنگم ہے ۔ ایک سال میں آپ نے دیکھا ہے کہ آپ اپنی سیٹوں سے ہی محروم ہو چکے ہیں ۔ خدا نخواستہ ایک سال میں اس حکومت کا کوئی اور ہی برا حشر نہ ہو جائے ۔ لہذا یہ کہنا مناسب نہیں ہے ۔ اصل میں اس قسم کی ہماری جو ریلوے ہے وہ صرف routine کو پورا کر رہی ہے اس کو چاہیے تھا کہ وہ کوئی progressive کام کرتی کیونکہ ہم backward state

جناب والا! جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ۸ سال expenditure Progress is not the criterion جتنا زیادہ ہے اتنا ہی زیادہ So-called development کا پراپیگنڈا ہے ۔ یہ سب اس ملک میں بظاہر ۔ بظاہر ہی نہیں یقیناً ضائع کر دیا گیا ہے ۔ ایک سال کا کوئی جواز نہیں حکومت میں بیٹھنا ایک ڈیوٹی ہوتی ہے اور ہوا کرتی ہے ۔ ایک سال میں آپ کم از کم چند ایک ایسی پالیسی اختیار کر سکتے تھے جس سے عام مخلوقات خدا کے لیے بہتری ہوتی ۔ اس میں آپ کی بھی بہتری تھی ۔ اس میں آپ کی ڈویلپمنٹ تھی ۔ سٹیشن پر صرف پانی مہیا کر دینا ۔ ویٹنگ روم کی سہولت پیدا کر دینا یہ بڑی ادنیٰ سی چیز ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خاں (جھنگ۔۱) : جناب والا! آج گلا اور زبان تو اجازت نہیں دیتے لیکن احساس فرض اور احساس نمائندگی مجبور کرتا ہے کہ کچھ نہ کچھ اس جہاد میں میں بھی حصہ لوں۔ جہاد کا لفظ میں نے اس لئے استعمال کیا کہ جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنا جہاد ہے اور آج وہ جہاد اس چار دیواری سے باہر ناممکن ہے ۔ ہر ضلع میں ۔ پاکستان کی وسیع و عریض زمین میں ۔ ہر گوشہ میں ۱۴۴ کا نفاذ ہے ۔ ہر ضلع میں ۱۴۴ کے ماتحت لوگوں کی زبان بندی کی ہوئی ہے ۔ اس لئے یہی ایک ادارہ ہے ۔ یہی ایک چاردیواری ہے ۔ یہی ایک چھت ہے جہاں ہم سمجھتے ہیں کہ آج ہم کلمۂ حق بلند کر سکتے ہیں ۔ ہیئر ہیئر) اس لئے جناب میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کی افادیت صرف یہ ہے ۔ اس ایوان کا فائدہ ہی ہمارے معاشرے میں ہمارے ملک میں یہ ہے کہ ہم یہاں کھڑے ہو کر کم سے کم بلا خوف و خطر دو لفظ کہہ سکیں ورنہ باہر کی یہ حالت ہے اور لوگ یہ کہہ رہے ہیں ۔

نے بوئے گل نہ باد صبا مانگتے ہیں لوگ
وہ حبس ہے کہ لو کی دعا مانگتے ہیں لوگ

جناب والا! حبس ہے لو ہے۔ جناب والا۔ مجھے امید تھی کہ آج وزیر ریلوے اپنے دو چار سال کے سابقہ پارلیمانی تجربہ کے پیش نظر جو انہوں نے بحیثیت ایک نامزد ممبر اسمبلی حاصل کیا ہے وہ اس مباحثہ کی اور ان اعتراضات کا کوئی موثر اور مدلل جواب دیتے جو اس ایوان میں دونوں بازوؤں کی طرف سے کئے گئے ہیں ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ نہ صرف یہ کہ اپنا فرض منصبی پورا نہ کرسکے بلکہ نہایت hopeless طریقے سے وہ اس میں فیل ہوئے ہیں۔ وہ صرف یہ کہ وہ معیاری تقریر ہی نہیں کرسکے بلکہ وہ پارلیمانی روایات کو کو بھی قائم نہیں رکھ سکے ۔ آج ان کی تقریر کا موضوع یہ ہونا چاہئے تھا ان تمام اعتراضات کو classify کرتے اور Headwise general disscussion تقسیم کرتے اور اس کے متعلق اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں کے ازالے کے متعلق یہ باتیں کرتے ۔ وہ چھوٹی باتوں میں ممبران کو خوش کرتے ہیں ۔ وہ

چھوٹے سٹیشنوں کی انفرادی باتیں کرتے ہیں اور اپنا وہ فرض جو آج بحیثیت ایک وزیر انہیں ادا کرنا چاہئے تھا ادا نہیں کر سکے ۔ جناب والا ۔ تین چار مسائل تھے جو ہر طرف سے اور ہر شخص کی زبان سے پیش ہوئے لیکن ان واضع مسائل کے متعلق اور اس واضع پالیسی کے متعلق واضع جواب حکومت کی طرف سے نہیں آیا ۔ پہلا مسئلہ تھا labour کا ۔ میں نے اس کے متعلق عرض کیا تھا اور دوسرے حضرات نے بھی عرض کیا تھا کہ ریلوے کے ایک لاکھ پندرہ ہزار ملازمین بے چین ہیں ۔ پچھلے تین سال سے ان کی کوئی Union recognise نہیں کی گئی اور وہ غیر مطمئن ہیں لیکن افسوس ہے کہ labour کے متعلق انہوں نے ایک لفظ اپنی جوابی تقریر میں نہیں فرمایا ۔ (ہیئر۔ ہیئر) حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ labour کا ایک لاکھ پندرہ ہزار ملازمین کا مسئلہ سب سے اہم مسئلہ ہے۔ سب سے ضروری مسئلہ ہے اور سب سے نازک مسئلہ ہے ۔ لیکن وہ غفلت کیوں کر گئے . . .

وزیر ریلوے : جناب آپ نے سنا نہیں ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خاں : جی میں نے سنا ہے ۔ وہ اس لئے غفلت کر گئے کہ ان کو ہار پہنا دئے گئے تھے ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بیچارے وہ چند sweepers وہ چند gang man حکم کے ماتحت یہاں پر آئے، اپنے افسران کے ماتحت ان کو یہاں اکٹھا کیا گیا، اور پھر ان پر لاٹھی چارج کیا گیا ۔ وہ زخمی ہوئے ۔ ان کے چوٹیں آئیں ۔ ان کی پسلیاں ٹوٹیں ۔ پولیس کو انہوں نے علی اعلان کہا کہ جناب ہم تو حکم کے ماتحت یہاں آئے۔ ہمیں تو ہمارے افسران نے یہاں بھیجا ہے ہمیں آپ کیوں مارتے ہیں، ہمیں آپ کیوں پیٹتے ہیں ۔ یہاں سے پھر وہ جنرل مینجر کے دفتر میں گئے اور پھر اور افسران کے پاس گئے انہوں نے شام تک شور مچایا کہ ہماری کیا خطا ہے تم نے ہمیں وہاں بھیجا ہم نے وہاں ہار بھی ڈالا ۔ خاموش بھی رہے اور ہمیں وہاں مار بھی پڑی ۔ (شیم ۔ شیم کے نعرے) ہمیں تو یہ یقین دلایا گیا تھا کہ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس کو ٹیلفون کر دیا گیا ہے۔ مقامی حکام کو احکامات دے دئے گئے، ہیں وہاں جلوس پر جو میرے اس شہزادے کو ہار پہنانے کے لئے آیا تھا ۔ لاٹھی چارج نہیں کریں گے ۔ ہار پہنانے کے قصے اس سے پہلے بھی بہت سنے تھے لیکن میں اکثر یقین کرنے میں کوتاہی کرتا تھا ۔ پچھلے دنوں سنا کہ کراچی سے مابدولت سفر کرنے کے لئے چلے اور حیدر آباد ٹیلیفون کیا کہ ہاروں کا انتظام کر دو۔ ہاروں کا انتظام کرنے کے لئے وزیر صاحب نے ٹیلیفون کیا ۔ اور حیدر آباد والوں نے یہاں کی یونین کے سیکرٹری شیخ عبدالغفور کو کہا . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : Is this relevant to the Railway Budget ?

مسٹر افتخار احمد خاں : جناب والا! ریلوے لیبر کے متعلق عرض کر رہا ہوں

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not relevent.

مسٹر افتخار احمد خاں : جناب کے حکم سے بند کر دیتا ہوں ۔ بہرحال افسوس ہے ان باتوں کا ۔ یہ بہت چھوٹی باتیں ہیں ۔ یہ بہت نیچے کے level کی باتیں ہیں ، انہیں ایسی باتوں میں نہیں جانا چاہئے ، کم از کم ایک لاکھ پندرہ ہزار آدمیوں کو تاثر کر دیا ہے ۔ یہ انہوں نے ان میں ایک نظریہ پیدا کیا کہ ریلوے وزیر صاحب اس طرح کی یونین چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ مسئلہ یہ ہے کہ آپ ان کی یونین کو recognise کریں ۔ جو ان کا اصل لیڈر ہے جس پر labour کو اعتماد ہے خواہ وہ عبدالغفور ہے، خواہ وہ کوئی اور شخص ہے ۔ آپ ان کی یونین recognize کیجئے۔ اس کے ساتھ جو جھگڑے ہیں جو مسئلے ہیں آپ ان کو حل کیجئے ۔

جناب والا ۔ دوسرا مسئلہ ہے ریلوے بورڈ کا ۔ ریلوے بورڈ کے متعلق انہوں نے اپنی معذوری ۔ لاچاری اور مجبوری کا اظہار صرف اتنا کہکر کر دیا کہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں، وہ اس معاہدے کے مطابق ہے جو مرکزی حکومت سے طے ہوا ہے ۔ حالانکہ آپ کا جواب یہ ہونا چاہیے تھا کہ ہم اس ریلوے بورڈ کو اس ہاؤس کے خیالات کے مطابق فضول سمجھتے ہیں ۔ اور اس پر غور کرینگے اور مرکزی حکومت سے درخواست کرینگے کہ وہ اس بورڈ کی لعنت کو ختم کر دے ۔ دوسرا پہلو تھا جس کے متعلق میں نے عرض کیا تھا وہ اس کو بھول رہے ہیں ۔ میں نے کہا تھا کہ ریلوے بورڈ بھی ہے ۔ جنرل مینجر بھی ہے یہ Duplication ہو رہی ہے ۔ ریلوے کے Administration میں جنرل مینجر بھی کام کر رہا ہے ، اور ریلوے بورڈ بھی کام کر رہا ہے ۔ جنرل مینجر بھی ہے اور ڈپٹی جنرل مینجر بھی ہے اور اب سلسلہ یہ ہے کہ وزیر صاحب ہیں اوپر لاچار و مجبور اس کے بعد ریلوے بورڈ ، پھر جنرل مینجر ۔ بتلایئے کہ اس Duplication کا کیا فائدہ ہے ؟ اس کا بھی جواب نہیں دیا گیا ۔ تیسرا مسئلہ تھا جناب والا . . . . .

Sardar Muhammad Ashraf Khan : On a point of order Sir. The understanding was that every speaker would speak for five minutes. The Member has taken more time.

Mr. Senior Deputy Speaker : It is for the Chair to see.

Sardar Muhammad Ashraf Khan : I think Sir, there is a ruling by the Chair.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is nothing like that.

مسٹر افتخار احمد خاں : ایک چیز میں میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں اور میں خوش ہوں کہ ایک جگہ سچ بھی بولے ہیں اور وہ سچ وہ اعتراف ہے جو اردو اسکولوں کے بارے میں کیا ہے ۔ میں نے الزام لگایا تھا کہ لاہور میں ایک اردو اسکول رائج تھا اس سال آپ نے اس میں اردو چھوڑ کر انگریزی

کر دی ہے ۔ اس کا جواب کیا دیا کہ ۳۳ سکول ہیں سارے ویسٹ پاکستان میں جن میں سے ۳۱ اردو کے ہیں ۔ حضور ۔ میں نے اس اسکول کے متعلق کہا تھاجوپچھلے سال ایبٹ آباد سے آیا تھا یا کہیں اور سے آیا تھا کہ تین سال سے اردو Medium of instruction تھی اس کی ۔ اس سال آپ نے انگلش کر دی ۔ اور یہ کام آپ نے اس کے ہیڈ ماسٹر کی Request کے باوجود کیا اس لیے کہ وہ اسکول مخصوص ہو جائے صرف ریلوے کے افسروں کے بچوں کے لیے، اور اس میں غریبوں کے بچے نہ پڑھ سکیں ۔ اس کو اگر آپ کہتے ہیں کہ ہم مخالفت کے لیے مخالفت کرتے ہیں ۔ ہم آپ کے سامنے حقائق لاتے ہیں کہ آپ ازالہ کریں اور اپنے جواب برائے جواب دے دیا ۔ اس کا جواب تو یہ تھا کہ یہ میرے علم میں آیا ہے ۔ یہ غلط بات ہوئی ہے ۔ میں حکم دونگا کہ اسے دوبارہ اردو میں کیا جائے ۔ لیکن افسوس آپ نے اس کا جواب یہ دیا کہ وہ بچے وہاں سے آئے ہیں حالانکہ تین سال ہوئے وہ اسکول ختم ہو چکا ، وہ سب بچے لاہور کے ہیں ۔ بچے سب اردو سے واقف تھے ۔ بچوں کی طرف سے مطالبہ نہیں ہوا کہ اس کو انگریزی میں کیا جائے ۔ ان کے والدین کی طرف سے مطالبہ نہیں تھا آپ نے اس کو English medium کر دیا ۔ نتیجہ یہ کہ وہاں سے بہت سے بچے چھوڑ چکے ہیں اور بہت سے بچے جا چکے ہیں ۔

وزیر مواصلات (مسٹر در محمد اوستو) : ان کا گلا خراب ہے انہیں الائچی اور لونگ دئے جائیں ۔

مسٹر افتخار احمد : جی ۔ میرا گلا اتنا خراب نہیں ہے کہ آپ کا دھیان نہ کر سکوں ۔ دوسرا مسئلہ جناب والا ۔ Corruption کا ہے ۔ ہر شخص نے اس کے متعلق کہا ہے جواب کیا ملا ؟ ''کمیشن،، ۔ انگریز کا کمیشن ۔ انگریز جس بات کو ٹالا کرتا تھا، انگریز جس بات کو لمبا کرنا چاہتا تھا ، وہ کمیشن بٹھایا کرتا تھا ۔ آپ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کیوں ؟ میں بتلاتا ہوں کہ Corruption کیوں ہے اور کن میں ہے ۔ سنیئے ۔ ریلوے کے افسروں میں Corruption ہے ، غریبوں میں نہیں ہے ۔ غریب ورکرز میں نہیں ہے ۔ جو روڑی بچھاتا ہے اس میں نہیں ہے ۔ Gangman میں نہیں ہے ۔ جو پھاٹک کھولتا ہے اس میں نہیں ہے ۔ Lineman میں نہیں ۔ Corruption افسروں میں محض آرام کے لیے، معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے، عیاشیوں کے لیے ہے ۔ تنخواہوں کے باہر عیاشیوں کے لیے یہ Corruption ہوتا ہے ۔ یہ ہیں ان کی وجوہات ۔ کیا آپ ان کو کمیشن کے ذریعے معلوم کرنا چاہتے ہیں ؟ مجھے افسوس ہے کہ آپ نے کوئی طریقہ کار اسے دور کرنے کے لیے نہیں بتلایا ۔ آپ یہ کہتے کہ ہم اپنا ایک الگ Anticorruption بنائیں گے ۔ میں ہندوستان کی مثال دیتا ہوں ۔

ہندوستان میں کمیشن پارٹیشن سے پہلے قائم ہوا تھا ''انڈین ریلوے انکوائری کمیشن،، اس نے اپنی رپورٹ دی کہ ہندوستان ریلویز کا اپنا Regional آفس الگ ہو ۔ ان کا Regional افسر الگ ہو ۔ انکوائری کمیشن نے رپورٹ میں مزید لکھا کہ ریلوے ایک Technical subject ہے اور Civil کا محکمہ اس کو Deal نہیں کر سکتا اور اس لیے انہوں نے اپنا الگ محکمہ قائم کیا ہے اس کے الگ Regional افسر ہیں اور یہاں یہ حالت ہے کہ ہر سٹیشن یہاں نیلام ہوتا ہے ۔ ہر قسم کے عہدے نیلام ہوتے ہیں ۔ ہر آسامی کی قیمت لیجاتی ہے اور محض چند افسران ڈھائی سو تین سو ، چار سو ، والے یہی لے رہے ہیں ۔

آخری مسئلہ ہے خوراک کا ۔ اس مسئلے پر بڑے طمطراق سے کہا گیا ہے کہ ''سب سے سستا ہے،، حضور ۔ اس کی Quality بھی دیکھی ہے آپ نے ؟ ہر طرف سے کہا گیا ہے کہ Quality خراب ہے ۔ پھر طرفہ تماشہ یہ کہ Food check کرنے کے اختیارات کس کو دئے گئے ہیں ؟ ڈاکٹر کو ۔ سٹیشن ماسٹر کو ۔ ڈاکٹر جسے ہر وقت اپنے مریضوں کو توجہ دینی چاہیے کیا وہ اتنا وقت نکال سکے گا کہ جا کر دیکھے کہ غذا خراب تو نہیں ہے ؟ کیا سٹیشن ماسٹر کے پاس اتنا وقت ہوتا ہے کہ وہ اپنی فوری مصروفیات کو چھوڑ کر پلیٹ فارم پر آئے اور غذا کی حالت دیکھتا پھرے ؟ اس کام کے لیے آپ کو Food Inspectors رکھنے چاہئیں یا کم از کم ایسے Sanitary Inspector جن کے پاس Food کا سرٹیفکیٹ ہو ۔ ان ہی کو یہ کام دیجئے لیکن آپ نے تو اصلاح احوال کرنا نہیں ہے ۔ آپ نے کیا کیا پاپڑ بیل کر وزارت حاصل کی ہے اور شاید اس کے ساتھ یہ شرط آپ پر لگی ہوئی ہے کہ آپ صرف دستخط کر دیا کرینگے ۔ نیچے سے جو آئے وہ بھی صحیح اور اوپر سے جو آئے وہ بھی صحیح ۔ (قہقہہ) ۔

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : What is the opposition about the closure motion ?

Minister of Railways : Sir, there was an agreement betweem me and the leader of the Opposition, and he had stated in this House, that we were to terminate the Debate at 11-45 A. M. and the agreement was that if every speaker speaks for five minutes, then at quarter to twelve I should stand up to wind up. Then Mr. Usto wanted to speak and according to the arrangement, as modified, I should start my speech at ten minutes to twelve. I hope the Leader of the Opposition will stand by it and if he does, because I don't want to go against his wishes, it is matter of unanimity and agreement and if he insists I don't mind, as the arrangement stands, after him (Chaudhri Abdul Rahim) I think he will have no objection if I will stand up and give a reply.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! بات یہ تھی کہ جناب وزیر نے مجھ سے ارشاد فرمایا تھا کہ پونے بارہ پر بحث ختم ہوجائے اس وقت مجھے یہی

تاثر دیا گیا تھا کہ اس طرف سے شاید کوئی تقریر کرنے والا نہیں ہے ۔ اور اس طرف سے جملہ مقررین کو موقعہ مل جائے گا ۔ ابھی تک تین بلکہ چار معزز ممبران اصرار کر رہے ہیں کہ انہیں تقریر کا موقعہ دیا جائے انہوں نے زیادہ وقت لے لیا ہے ۔ ماسٹر خان گل صاحب فرما چکے ہیں اور محترم اوستو وقت چاہتے ہیں کہ تقریر کریں، یہ تو ان کی پارٹی میں ڈسپلن نہیں ہے انہوں نے جو وقت صرف کیا ہے تو وہ وقت ہمیں ملنا چاہئے خواہ ایک بج جائے۔

Minister of Railways : Sir, as far as I understood, you had very kindly remarked that under the circumstances each shall be given five minutes. I would request that should be observed.

Mr. Senior Deputy Speaker : In my opinion there is no question of closure motion. (hear, hear) The chair does not make observations for the purpose of eliciting any applause. The members should only hear. In my opinion when the time has been fixed for discussion there is no question of closure motion. We should accommodate the Minister who has to give a reply. Besides that whatever time is left has to be divided between the Opposition and the Treasury Benches. I think the Minister will require thirty minutes for his speech. So, we can carry on the debate up to 12-30 P. M. and then the Minister will reply.

چودھری عبدالرحیم : جناب صدر ۔ میں جو کچھ عرض کروں گا یا پیش کروں گا وہ میں اپنے کسی مفاد کی خاطر نہیں کہوں گا ، عوام کے مفاد میں کہوں گا ۔ حکومت کے لیے تو یہ بات اچھی ہوتی ہے کہ ان کمزریوں اور خامیوں کی وضاحت کی جائے۔ مجھے امید ہے کہ میری تنقید کو ریلوے منسٹر صاحب محسوس نہیں کریں گے اور میرے علاقہ کے ترقیاتی پروگراموں میں رکاوٹ پیدا کرنے کی کوشش نہیں کریں گے ۔ میں تو جو حقیقت ہوگی وہ پیش کروں گا خواہ آپ ناراض ہوں یا راضی رہیں ۔

جناب صدر ۔ رشوت کے متعلق جو کچھ اس ہاوس میں کہا گیا ہے حقیقت ہے ، کسی ممبر کی بات کی تردید نہیں کی جا سکتی ۔ یہ محکمہ ریلوے پر اس قدر چھائی ہوئی ہے کہ اس کا بیان کرنا ممکن نہیں ہے ۔ گذارش یہ کہ ہر سٹیشن ماسٹر اور اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر اور دیگر ملازمین ریلوے رشوت لیتے ہیں ۔ اور اس کا حصہ اوپر والے افسران تک جاتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ مال کی بکنگ کے سلسلہ میں تین تین ہزار روپیہ شام تک صرف لاہور اور سیالکوٹ لائین کا جمع ہو جاتا ہے ۔ آخر اتنا روپیہ کہاں سے آتا ہے ۔ یہ پبلک سے ہی لیا جاتا ہے جب کوئی مال بک ہوتا ہے تو ہر بنڈل پر خواہ کتنا بڑا ہو یا چھوٹا، آٹھ آنے فی نگ کے حساب سے لیا جاتا ہے ۔ لیکن ویگنوں پر دس روپیہ فی ویگن رشوت لیتے ہیں۔ حضور والا ۔ میں ایک ابھی کا واقعہ بتاتا ہوں، وہ یہ ہے کہ کوئلہ کی ویگن نمبر ۲۶۳۳۷ - ۵۸۰۰۲ جو شکر گڑھ جانی تھی ، لاہور اور وزیرآباد سٹیشن پر عرصہ تک کھڑی رہی ۔ کاروباری شخص کو کوئلہ وقت پر نہ ملا ۔ جس سے

اس کا بے حد نقصان ہوا ۔ اصل میں جب ویگن لاہور پہنچتی ہے تو کلرک دیکھتے رہتے ہیں کہ جب تک کوئی ویگن والا آتا نہیں ویگن کو گاڑی کے ساتھ لگایا نہیں جاتا ۔ یارڈ میں رکھا جاتا ہے ۔ اگر کوئی کلرکوں اور دوسرے اہلکاروں کو نظرانہ دے دے تو گاڑی Attach کر دی جاتی ہے ورنہ مالک خراب کیا جاتا ہے ۔ ان تکالیف کو مہربانی فرما کر دور کریں ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ ملک اور قوم کی حالت اس وقت تک سدھر نہیں سکتی جب تک ہماری حکومت کا ہر پرزہ اور ہر ایک سربراہ اپنی اصلاح نہ کرے، ورنہ ہر نکتہ چینی اور شکایت بے سود ہوگی ۔ میں تو کہتا ہوں کہ ہر انسان کو اصلاح کرنی چاہیے ۔ وزرا کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب وہ دورہ پر جاتے ہیں تو کیا ان کو خرچ کا اندازہ ہوتا ہے، ان کے دورے پر اس علاقہ کی پبلک کا کس قدر خرچہ ہوا ہے یا کیا وہ حکومت کا خرچ ہوتا ہے ۔ ان کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یہ پبلک کا خرچ ہوتا ہے کیونکہ افسران پبلک سے روپیہ لیتے ہیں تاکہ وزرا کو ہار پہنائیں اور ان کے شایان شان استقبال کریں ، دعوتیں دیں یہ رشوت کا ذریعہ ہے ۔ ہمارے کمشنر لاہور قابل تعریف ہیں ۔ جنہوں نے یہ حکم دے رکھا ہے کہ جب بھی میں دورے پر جاؤں تو مجھے ہار نہ پہنائے جائیں ۔ جھنڈیاں نہ لگائی جائیں اور کوئی خاص اہتمام استقبال کے لیے نہ کریں ، نہ کوئی تقریب کریں البتہ وزرا صاحبان کو اگر کسی دوست نے دعوت دی تو بہرحال اس کو منع نہیں کر سکتا ۔ لیکن عوام کی طرف سے کوئی دعوت نہ ہو ۔ چنانچہ میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر ریلوے بھی اسی طرح جب دورہ پر جائیں تو ایسی باتوں کا خیال رکھیں ۔ اور ماتحت اہلکاروں کو منع کر دیا کریں کیونکہ یہ اچھی بات نہیں ۔ اس سے بدعنوانیاں زیادہ ہوتی ہیں ۔ وزیر ریلوے ناراض نہ ہوں کیونکہ ناراضگی سے کوئی فائدہ نہیں ۔ سچ بات یہ ہے کہ ہمیں تو کام پیارا ہے چمڑا پیارا نہیں ۔ وہ مہربانی فرما کر اتنا اندازہ کریں کہ انہوں نے یہ بذات خود کیا کیا ہے ۔ انہوں نے یہ جو ٹرینیں چلائی ہیں کیا اپنی جیب سے چلائی ہیں ۔ یہ غریب عوام کے روپیہ سے چلی ہیں ۔ آپ یہ بتائیں کہ آپ مبارک باد کے کس طرح حقدار ہیں ۔ غریب عوام کے لیے آپ نے کیا خدمات انجام دی ہیں ۔ کیا محکمہ سے رشوت دور کی ہے اور اس سلسلہ میں کہاں تک کوشش کی ہے اور کیا انتظام کیا گیا ہے کہ ٹرینیں وقت پر چلیں ۔ آپ نے غریب عوام کے لیے کیا کیا ۔ اسٹیشنوں پر غریب عوام کے ٹھہرنے اور کچھ وقت سردیوں گرمیوں میں گزارنے کا کیا انتظام کیا ، اسٹیشنوں پر پانی کا کوئی انتظام نہیں زیادہ آمدنی غریب عوام سے ہوتی ہے لیکن خرچہ افسران کی رہائش اور عیاشی پر کیا جاتا ہے ۔ غریب عوام کا روپیہ اور افسران کی عیاشی ۔

Mr. Ahmed Saeed Kirmani : Point of order, Sir, we have the right to understand what is being said on the Floor of this House by the Member. We have done our best to understand what he is saying but unfortunately we have not been able to do so. Kindly depute some interpretor to interpret the language in which he is speaking.

Senior Deputy Speaker : The member should try to understand what the Member is saying.

Mr. Ahmad Saeed Kirmani. : We have tried our level best.

چودھری عبدالرحیم : حضور والا ! یہاں میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر صاحب کو یہاں مبارک باد پیش کی گئی ہے اور ان کی بہت تعریف کی گئی ہے ۔ ہمیں اس سے کوئی خوشی نہیں ہوئی ، تعریف اللہ کے لئے ہے اور وہی تعریف کے لائق ہے ۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوا ہے ۔

الحمد للہ رب العالمین

یہاں تو ہم وزیر صاحب کی تعریف کرنے نہیں آئے بلکہ ہم تو یہاں یہ عرض کرنے کے لئے آئے ہیں کہ حکومت کے انتظامات میں کیا کیا خامیاں ہیں ۔ کیا کیا بد عنوانیاں ہیں اور کیا کیا دھاندلیاں ہو رہی ہیں ۔ ایسی تنقید سے بہتری ہوتی ہے کیونکہ وزرا کو ایسی باتوں کا ذاتی طور پر علم نہیں ہوتا ۔ ان کو ایسی باتوں کو تسلیم کر لینا چاہئے اور ان کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ وزرا بالکل بے بس اور بے حس ہیں ۔ ان کا کہنا کوئی نہیں مانتا اور نہ ہی ان کا کوئی اختیار ہے سوائے اس کے کہ وہ ٹرین میں بیٹھ کر سیر کرلیں اور ٹی۔ اے بنائیں۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا۔ کہ جو منسٹر ہیں ۔ جو اپنے آپ کو منسٹر سمجھتے ہیں ۔ وہ با اختیار ہیں اور ان کے پاس اختیار ہے ۔ لیکن جو اپنے آپ کو منسٹر نہیں سمجھتے صرف چند دن کا مہمان سمجھتے ہیں ان کے پاس زیادہ اختیار نہیں ہے ۔ اس سوال کو اس طرح نہ حل کیا جائے ۔ اور عوام کو اس بات پر نہ خوش کیا جائے۔ کہ ہم نے الیکشن لڑنا ہے ۔ اور وہ ہماری help کریں گے ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ گورنر کے نامزد منسٹر ہیں ۔ اس لئے انہیں خائف نہیں ہونا چاہئے۔ انہیں پبلک کے سامنے نہیں جانا ۔ ان سے ووٹ نہیں مانگنا ۔ تو اگر یہ افسروں سے خائف ہیں تو کیوں خائف ہیں ۔ یہ خائف ہوں تو گورنر سے ہوں ۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ ان کو جرأت سے کام کرنا چاہئے ۔ یہ جب باہر جاتے ہیں ۔ تو اپنے افسروں کی اس قدر تعریف کرتے ہیں ۔ کہ وہ خواہ مخواہ خراب ہو جاتے ہیں ۔ اور رشوت لینے لگتے ہیں ۔ یہ ان کی کارکردگی کی بجا تعریف ضرور کریں ۔ لیکن یہ نہ کہیں کہ وہ نہایت ہی دیانتدار ہے اور اس کے مقابلے میں کام کرنے والا کوئی نہیں ہے ۔ اور اگر وہ یہی کہتے

پھریں گے ۔ تو پھر وہ خواہ مخواہ بد دیانت ہو جائیں گے ۔ اور رشوت کھائیں گے ۔ اور کبھی عوام کو ایک بد دیانت افسر کے خلاف آواز اٹھانے کی جرأت نہیں ہوگی ۔ افسران کی ناجائز تعریف کرکے عوام کی حوصلہ افزائی نہیں کرتے بلکہ حوصلہ شکنی کرتے ہیں ۔

مسٹر ایس۔ ایم سہیل (کراچی۲) : جناب سپیکر ۔ گزارش ہے ۔کہ آج دو تین چیزیں خاص طور پر ابھریں ہیں ۔ ایک تو یہ کہا گیا کہ ریلوے کے محکمے میں corruption جاری و ساری ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کے ملک کے تمام محکموں کی ایڈ منسٹریشن میں اگر یہ بتا دیا جائے۔ کہ corruption نہیں ہے ۔ اور صرف ریلوے میں corruption ہے ۔ یا یہ بتایا جائے کہ ملک کےدوسرےمحکموں کے مقابلے میں ریلوےمیں زیادہ ہے ۔ تو ویسی صورت میں ایک معقول بحث ہوسکتی ہے ۔ اگر ریلوے میں دوسری جگہوں میں بھی corruption ہے توپھر جب ریلوے منسٹر نے یہ بیان دے دیا ۔ کہ ہم ایک کمیشن بیٹھا دینا چاہتے ہیں ۔ تاکہ وجہ معلوم کرے کہ corruption کی وجوہات کیا کیا ہیں ۔ اور اس کے انسداد کے کیا طریقے ہو سکتے ہیں ۔ تو پھر کیا اعتراض باقی رہتا ہےاور اس کو یہ کہہ کر الگ کر دینا ۔ کہ یہ تو انگریزوں کا ایڈمنسٹریشن کا طریقہ ہے ۔ آپ اسے کیوں اپنا رہے ہیں ۔ تو میرے خیال میں یہ نہایت نا مناسب ہے ۔ ہندوستان میں انگریزوں نے مثالی تاریخ چھوڑی ہے ۔ اور جب ہم ایڈمنسٹریشن کی ان لکیروں پر چلتے ہیں جو انگریزوں نے رائج کی تھیں ۔ اور کسی حد تک ان لکیروں پر چل رہے ہیں ۔ تو ہم کامیاب ہیں ۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ corruption کے متعلق جو تجویز ہے ۔ وہ نہایت مناسب ہے ۔ اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتا ہے ۔ اور اس پر عمل ہو سکتا ہے اور اس پر عمل ہونا چاہئے ۔ اس کے علاوہ اور کیا صورت ہو سکتی ہے ۔ اگر ایک ممبر کو بلا کر یہ پوچھا جائے کہ آپ کے خیال میں ترقی کی کیا راہ ہو سکتی ہے ۔ تو ظاہر ہے ۔ کہ ایک آزادی کی رائے عمدہ بھی ہوسکتی ہے ۔ وہ با خبر بھی ہو سکتا ہے ۔ اور اسے پوری معلومات بھی ہو سکتی ہیں ۔ ۔ لیکن اگر ایک کمیشن مقرر کیا جائے کہ وہ یہ معلوم کرے ۔ تو اس پر پبلک کو بھی اعتماد ہوتا ہے ۔ دورہ کرکے وہ مختلف لوگوں سے بیانات لیتی ہے ۔ اور رپورٹ پیش کرتی ہے ۔ تو گورنمنٹ اس پر بہتر طریقہ سے عمل کر سکتی ہے ۔ لیکن اس پر اعتراض کہ کمیشن نہ مقرر کیا جائے بلکہ اس ہاؤس کے ممبروں سے وزیر ریلوے مشورہ کر کے corruption کے انسداد کی تجاویز کرے مناسب نہیں ہے ۔ ایک دوسرا سوال انگریزی سکول کے متعلق تھا ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں

کہ یہ بات galleries کو اپیل کرتی ہے ۔ اور چونکہ ہم بھی پاکستان کے رہنےوالے ہیں ۔ ہمیں بھی اپیل کرتی ہے ۔کہ ہماری زبان اردو ہو ۔ اور تعلیم بھی اردو زبان میں ہو۔ بلکہ حکومت کی پالیسی یہی ہے ۔ پھر سوچئے ۔ کہ درحقیقت اصل بات کیا ہے ۔ ہم نے اردو بنگالی اور انگریزی زبانوں کو فی الحال state language قرار دیا ہے ۔ اور فیصلہ کیا ہے ۔ کہ کچھ دنوں تک یہ تینوں زبانیں سرکاری زبانیں ہوں گی ۔ اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں ۔ کہ ہم پبلک میں پلیٹ فارم پر یہ کہتے ہیں ۔ کہ ہمارا سب کچھ اردو ہی میں ہونا چاہئے ۔ لیکن ہوتا یہ ہے ۔ کہ اردو medium میں پڑھے ہوئے بچوں سے انگریزی medium میں پڑھے ہوئے بچے زیادہ ترقی کرتے ہیں ۔ اور جب competition کا امتحان ہوتا ہے ۔ اور ان کے سامنے زندگی کا مقابلہ ہوتا ہے تو وہ بچے زیادہ کامیاب ہوتے ہیں ۔ جو انگریزی medium سے پڑھکر آتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے آپوزیشن کے دوست معاف فرمائیں ۔ میں نے اس معاملہ پر غور کیا ہے ۔ اور میں خود کئی سکول چلا رہا ہوں ۔ میرے پاس figures موجود ہیں ۔ اور میں ان اعداد و شمار سے ثابت کر سکتا ہوں ۔ کہ اردو medium سے پڑھے ہوئے لڑکے اتنے کامیاب نہیں ہوتے جتنے کہ انگریزی medium سے پڑھے ہوئے لڑکے ہوتے ہیں ۔ میں خود چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک کی زبان اردو ہو ۔ لیکن یہ نہ ہو کہ کچھ کے لئے اردو ہو اور کچھ کے لئے انگریزی ۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ اردو میں پڑھے ہوئے بچے زیادہ کامیاب نہ ہوں گے ۔ لیکن جب تک انگریزی زبان اس ملک میں ہے اور اس ملک کی ایک قومی زبان ہے ۔ تو اسے اس حقیقت کی روشنی میں جانچا جائے ۔ تو انگریزی سکول زیادہ ہونے چاہئیں ۔ ۳۳ سکولوں میں سے ۳۱ اردو کے ہیں اور صرف دو انگریزی کے ہیں ۔ تو میں نہیں سمجھ سکتا ۔ کہ اس میں کیا برائی ہے ۔ اس میں اعتراض کی کیا گنجائش ہے ۔ ہاں آپکا بھی ایک موقف ہے ۔ ہمارا بھی ایک موقف ہے ۔ آپ اسے اس روشنی میں جانچیں ۔ ایک کمیٹی مقرر کریں تو میں اس میں یہ ثابت کروں گا ۔ کہ اردو medium سے پڑھے ہوئے لڑکے اس قدر ابھرتے نہیں ہیں ۔ جتنے کہ انگریزی medium سے پڑھے ہوئے ۔

جناب سپیکر ۔ تیسری بات یہ ہے ۔ کہ کراچی سرکلر ریلوے کے متعلق یہاں کچھ کہا گیا۔ میرے وہ لائق دوست ہماری طرح اس صوبے کے باشندے تو ضرور ہیں ۔ لیکن کراچی کے باشندے نہیں ہیں۔ انہوں نے اس اعتبار سے کراچی سرکلر ریلوے کے متعلق یہاں گفتگو کی ۔ کہ جیسے انہیں سب کچھ معلوم ہوانہوں نے فرمایا کہ کھڈہ جو اسی سرکلر ریلوے پر واقع ہے۔ وہاں لکڑی وغیرہ بک کی جاتی ہے ۔ ۔ اور وہ اس لئے وہاں بک کی جا رہی ہیں ۔ کہ یہ

ثابت ہو سکے کہ وہ تجارتی لحاظ سے منفعت بخش ہے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے ۔ کہ انہیں پتہ نہیں کہ کھڈہ ایک منڈی ہے۔ ان تمام چیزوں کی ۔ اور لکڑی۔بانس اور جانوروں کے کھانے کے لئے بھوسہ اور دوسری اسی طرح کی چیزوں کی منڈی ہے سٹی ریلوے سٹیشن سے مال اتار کر ٹرکوں ۔ بسوں اور اونٹ گاڑیوں پر لاد کر چھ میل چل کر کھڈہ لے جایا جاتا تھا ۔ اور اب جب یہ اسٹیشن ہوا تو اس لئے ہوا ۔ کہ جو باہر سے مال آتا تھا direct منڈی میں آئے۔ نہ کہ کراچی شہر ریلوے اسٹیشن پر اترے ۔ اور وہاں سے ٹرکوں بسوں اور اونٹ گاڑیوں پر لاد کر کھڈہ لے جایا جائے۔ مجھے ابھی ابھی معلوم ہوا ہے کہ اکبر صاحب Transporter ہیں ۔ تو ظاہر بات ہے کہ انہیں معلومات Transporter نے بہم پہنچائی ہوں گی ۔ جن کو یقیناً نقصان ہے ۔ کراچی سے لاکھوں ٹن مال کو ٹرانسپورٹ نہ کریں گے ۔ لیکن اس کے بر عکس حالت میں پبلک کو بہت نقصان ہوگا ۔ اب یہ کہنا کہ وہاں ہر مال نہیں ہے ۔ یہ تو بالکل غلط ہے ۔ اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں ۔ کہ کراچی سرکلر ریلوے کراچی کے لئے lifeline کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اور یہ واقعی تجارتی لحاظ سے فائدہ مند ہے اگر آپ معلومات ہی حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ تو خدا کے لئے ٹرانسپورٹروں سے نہ کریں ۔ بلکہ تمام پبلک سے کریں ۔ اور اس کے بعد تقریر کریں ۔ اکبر صاحب کے لئے میرے دل میں بڑی عزت ہے ۔ وہ اس سے پیشتر بھی بڑی اچھی باتیں کرتے رہے ہیں ۔ مگر معلوم نہیں ۔ کہ ان دو دنوں میں انہیں کیا ہو گیا ہے ۔ اس دن انہوں نے کہا ۔ کہ پلیٹ فارم یو۔پی والوں کے لئے بنا ہے ۔ اور آج کہتے ہیں ۔ کہ کراچی سرکلر ریلوے ایک فضول منصوبہ ہے ۔ اور اسے نہیں بننا چاہئے ۔ انہیں اس طرح نہیں کرنا چاہئے ۔ ٹھیک ہے وہ آہستہ آہستہ راہ پر آ جائیں گے ۔

اس کے علاوہ labour force کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جہاں تک لیبر فورس کا تعلق ہے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ریلوے منسٹر نے اس کے متعلق کچھ نہیں کہا ۔ خصوصیت سے جہاں تک ہاروں کا تعلق ہے یہ ملک کی ہمہ گیر مصیبت ہے یہ صرف ریلوے منسٹر صاحب یا کسی اور ممبر پر منحصر نہیں ہے بلکہ یہ ایک عام مصیبت ہے کہ جب منسٹر میٹنگ میں جاتے ہیں تو ان کو ہار پہنائے جاتے ہیں ۔

Pay Commission نے جو تنخواہوں کے متعلق سفارشات پیش کی ہیں ریلوے منسٹر نے یہ بتایا ہے کہ ان سفارشات پر عمل ہو رہا ہے ایسی صورت میں جب کہ Pay Commission کی رپورٹ کی سیاہی بھی ابھی سوکھی نہیں ہے ۔ مزید

کیا یقین دھانی کی جا سکتی ھے اور اس سلسلے میں labour force کے متعلق مزید کہنے کی ضرورت نہیں تھی ۔

راؤ خورشید علی خاں (منٹگمری—۳) : جناب والا ! اس سے پہلے کہ میں——

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ وقت کا خیال رکھیں ۔

راؤ خورشید علی خان : جناب والا ۔ پہلے تو آپ فراخدلی سے وقت دیتے رھے ھیں——جناب پہلے تو میں ان دو ایک باتوں کے متعلق عرض کروں گا جو میرے فاضل دوست سہیل صاحب نے کہی ھیں ۔ اردو Medium کے متعلق جو انھوں نے فرمایا ھے کہ اردو Medium سے جو طلباء تعلیم حاصل کرتے ھیں وہ زیادہ کامیاب ثابت نہیں ھو رھے ھیں ۔ اس کے متعلق مجھے بہت ھی افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ یہ انتہائی غلط بات کہی ھے ، یہ ایک مسلمہ مسئلہ ھے کہ ایک بچہ جو اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرتا ھے وہ زیادہ کامیاب ھوتا ھے بجائے اس کے کہ جو غیر ملکی زبان میں تعلیم حاصل کرتا ھے ۔ یہ اور بات ھے کہ کوئی وجوھات ھوں کہ اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کے باوجود کامیاب ثابت نہ ھو ۔ طالبعلم اچھا نہ ھو، نصاب صحیح نہ ھو ، دوسرے انتظامات صحیح نہ ھوں کئی باتیں ھو سکتی ھیں ۔ میں ان کے خیال سے متفق نہیں ھوں اور ان کی تردید کرنا ضروری سمجھتا ھوں ۔ یہ اردو ھماری قومی زبان ھے اس کے متعلق یہ ایک ایسی بات تھی جو Unchallanged نہیں جانا چاھیے تھی ۔

دوسری بات میرے فاضل دوست نے Corruption کے متعلق فرمائی ھے ۔ کہ Corruption کے متعلق اگر کمیشن مقرر کر دیا جائے تو اس میں حرج کی بات نہیں ھے ۔ اصولی طور پر اگر معاملہ اس قدر الجھا ھوا ھو تو کمیشن کی رپورٹ کو اھمیت دیجائے اس چیز میں کوئی حرج نہیں ھے لیکن حالت کیا ھے ؟ کہ بعض معاملات میں کمیشن کچھ کر سکتا ھے اور بعض صورتوں میں کمیشن کی رپورٹ پرعمل نہیں ھوتا ۔ کانسٹی ٹیوشن میں بعض ایسی دفعات ھیں جن پر عمل ھوتا ھے اور بعض ایسی دفعات ھیں جن پر عمل نہیں ھوتا ۔ دوسری بات یہ ھے کہ معاملہ اتنا الجھا ھوا نہیں ھے جس کے لیے کمیشن مقرر کیا جائے ۔ اس طرف بیٹھنے والے اور ان بنچز پر بھی بیٹھنے والے ھمارے فاضل دوست یہ بات تسلیم کرتے ھیں ۔ اگر یہاں نہیں تو نجی محفلوں میں تو ضرور تسلیم کرتے ھیں کہ Corruption ھے اب سوال یہ ھے کہ اس کی وجوھات کیا ھیں ۔ تو میرے نقطہ نظر سے بات صاف ھے ۔ Corruption بڑے

افسروں اور چھوٹے ملازمین دونوں میں ہے ۔ بڑے افسروں کے Corruption میں مبتلا ہونا تو یہ ہے کہ ان کو خوف خدا نہیں ان کو عاقبت میں جوابدہ ہونیکا خیال نہیں ، یہ نہیں ہے کہ جو ان کو تنخواہ ملتی ہے اس میں ان کی ضرورت نہیں پوری ہوتی ۔ بلکہ وہ خدا کے خوف سے بے نیاز ہیں ۔ چھوٹے ملازمین اس لیے رشوت لیتے ہیں کہ ان کی تنخواہ اتنی نہیں ہوتی کہ ان کی ضرورتیں پوری ہو جائیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ کوئی نیا Point نکالیں ۔

راؤ خورشید علی خان : میں جناب یہ عرض کر رہا تھا کہ چھوٹے ملازمین میں Corruption کا جو معاملہ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی آمدنی اتنی قلیل ہوتی ہے کہ انکی ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں ۔ بہرحال اب میں اپنے اس Point کو چھوڑ کر اگلی بات پر آتا ہوں ۔ اگلی بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہاں یہ رونا رویا جا رہا ہے کہ Corruption کا سلسلہ سالہا سال سے چلا آ رہا ہے ۔ اس معاملے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دراصل کم و بیش ۱۶ سال سے یہاں اسی قسم کی قیادت اس ملک پر مسلط ہے اور برابر سازشیں ہو رہی ہیں اور سازش کے معاملے میں تو یہاں تک کہا جا سکتا ہے کہ حالیہ عدم اعتقاد کے سلسلے میں پریذیڈنٹ کا نام لیا جا رہا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ کیوں نام لے رہے ہیں ؟

راؤ خورشید علی خان : تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جو موجودہ قیادت ہے یہ اسی قسم کی قیادت ہے جس قسم کی قیادت اس ملک پر مسلط رہی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ کے صرف دو منٹ رہ گئے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان : بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ جناب اب میں نام نہیں لوں گا ۔ صرف ایک بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اصل خرابیوں کی جڑ جو چیز ہے وہ یہ ہے Good Leadership اس ملک میں پیدا نہیں ہوئی ۔ جب تک اس ملک میں اچھی لیڈر شپ نہیں ہوگی اس وقت تک ہمارا کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکتا ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ جو لوگ برسراقتدار ہوتے ہیں جن کے ہاتھوں میں کوئی کام ہوتا ہے ان سے خرابیاں بھی ہوتی ہیں میں انہیں ۱۰۰ فیصدی Condemn نہیں کر سکتا ۔

نوابزادہ غلام قاسم خاں : جناب ۔ راؤ خورشید صاحب اچھی قیادتوں کے نام ہمیں گنوا کر بتائیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : راؤ صاحب آپ کا ٹائم ختم ہو گیا ہے ۔

راؤ خورشید علی خان : میں جناب آخری بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ریلوے میں ملازمین کی ایک بہت بڑی تعداد کام کر رہی ہے ۔ ان ملازموں کی تربیت اگر صحیح لائن پر نہ ہو یا انکے مسائل کو اسلامی طریقہ پر حل نہ کیا جائے تو خطرہ یہ ہے کہ ان لوگوں کو کبھی سکون نہ ملیگا ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان : جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ راؤ صاحب اچھی لیڈر شپ ہمیں بتائیں گے اور پاکستان میں Constructive کام کرنیوالی لیڈر شپ ہمیں بتائیں تاکہ ہم ان کے مطیع ہوں ۔

راؤ خورشید علی خان : ریلوے Budget کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ میں جناب یہ عرض کر رہا تھا میں نے وہ پوائنٹ چھیڑ دیا ۔ میں تو دوسری بات پر چلا آیا ہوں ۔ مزدوروں کا اتنا بڑا طبقہ ہے کہ اگر ان کے مسائل کا حل نہ کیا گیا تو خطرہ ہے کہ اشتراکیت کے جراثیم ان مزدوروں میں پیدا ہوں گے اور اس کے بعد خدانخواستہ ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لیں گے ۔ میں آخر میں یہ بات کرکے ختم کرنا چاہتا ہوں چونکہ وقت نہیں ہے ۔ بہر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ جن لوگوں نے اس ملک میں اس بات کی کوشش کی ہے کہ مزدوروں کے اتنے بڑے طبقے کو اشتراکیت کے چنگل میں پھنسنے سے بچایا جائے اور ان کی تربیت صحیح اسلامی طریقوں پر کی جائے اور ان کے مسائل جو ہیں ان کو اسلامی راستے پر چل کر حل کرائے جائیں ۔ ان لوگوں کے راستے میں بیشمار رکاوٹیں پیدا کی ہیں ۔ لیبر فیڈریشن کے نگران عبدالمجید قریشی کو بالکل ایک بے بنیاد الزام میں تین سال جیل میں ڈالے رکھا تھا اور اسکا قصور یہ ہے کہ وہ ریلوے کے مزدوروں کو اسلامی لائین پر Organize کر رہا تھا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Rao Sahib may now take his seat. His time is over.

وزیر ریلوے : جناب والا ۔ آپ نے مجھے آدھ گھنٹہ عنایت فرمایا ہے لیکن شائید جو کٹ موشن آئے ہیں اگر قانونی پوزیشن یہ ہے کہ اس پر ووٹنگ ہوتا ہے ۔ میں پانچ منٹ پہلے ختم کرنے کی کوشش کروں گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر: آپ آدھ گھنٹہ لے لیں ۔ I can extend the time

وزیر ریلوے : جناب میں نے ان تقریروں کو بڑے غور سے سنا کہ جو کچھ ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہے ۔ جہاں تک باتوں کا تعلق ہے طنزوں کا تعلق ہے ۔ ہار پہننے اور پہنانے کا تعلق ہے اس کے جواب میں حضور والا ۔

میں یہ عرض کروں گا کہ اس قوم کو اتنا برا نہ سمجھیئے اس قوم کے مزدوروں کو اتنا گرا ہوا نہ سمجھیے کہ ایک ایس - پی کے ٹیلیفون سے یا عبدالوحید خان کےحکم سے وہ ہار پہنا رہے ہیں - حیدر آباد کے سٹیشن پر یا لاہور کی اسمبلی چمبر کے سامنے - آپ ان افراد کی خودداری ان مزدوروں کی خود داری پر آپ حملہ کر رہے ہیں جس کے متعلق اقبال نے کہا ہے -

اٹھ کہ اب بزم جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے

اب ان مزدوروں کو کس طرح کہیں کہ ان کے حق میں کام ہوا ہے اور کچھ اقدام ہوئے ہیں - اگر نوابزادہ صاحب بھی ہوتے تو میں ان سے کہتا -

حسد چہ می اے دل سست نغمہ بر حافظ
قبول نغمہ و لطف سخن خدا داد است

''عزو من تشا و تو ذلو من تشا -،، تو کسی کی قسمت میں اس کے گلے میں ہار ڈالنے بھی ہوتے ہیں اور کسی کی قسمت میں گالیاں بھی - ہم دونوں برداشت کرتے ہیں ہم پھولوں کے ہار بھی پہنتے ہیں - تو اس لیے ان چیزوں کو چھوڑ دیں - اب میں صفدر صاحب کے پہلے پوائنٹ پر آتا ہوں - اور صفدر صاحب کے آج کے اس مصرع کے مصداق کہتے تو بھلے کی ہیں لیکن وہ بری طرح کہتے ہیں بات ٹھیک ہے - لیکن پہلے ہی نیت پر حملہ کریں گے - میں نے حضور والا - اس لیے نہیں عرض کیا کہ دو کروڑ کا یا تین کروڑ کا جو ذکر کیا لیکن دو کروڑ تو سنٹر سے ملا - میں نے اپنی تقریر میں کچھ چھپایا نہیں تقریر میں خود موجود تھا - آپ نے کون سا نیا تیر مارا - میری تقریر میں وہ موجود ہے - اور یہ جو صفدر صاحب نے فرمایا کہ وہ بھول گئے میرا جواب دنیا ایک کروڑ تیس لاکھ کا تو وہ میں نے کہا ہے وہ شاید لابی میں باتیں کر رہے تھے صفدر صاحب یہ سوال اپنی جگہ ہے میں نے ڈیزل آئل پر جو ٹیکس بڑھایا اس میں نہ میرا قصور ہے ، نہ صوبائی گورنمنٹ کا ، نہ ریلوے کا - اس چیز سے ریلوے ہی متاثر نہ ہوگی بلکہ ہر چیز اس سے متاثر ہوگی - اس کو پورا کرنے کے لیے - اس خرچے کو پورا کرنے کے لیے بہر حال یہ جو ٹیکس لگایا ہے اس چیز کو سمجھئے آپ کا اعتراض جائز ہے کہ ریلوے کو ہوشیار ہو جانا چاہیے کہ انھیں ٹیکس بھی دینا ہے - میں نے اس کے جواب میں عرض کیا ہے - حضور والا - ان کمشنوں کے اوپر نہ جائیں اور سوچنے کا طریقہ کسی چیز پر مشورہ کرنے کا طریقہ ہے - کہ کیسے ہم Meet کریں گے ان اخراجات کو - انھیں کیسے پورا کریں گے - اس کا یہ طریقہ ہوتا ہے کہ ہم کچھ لوگوں کی

کمیٹی بنائیں وہ ہمیں مشورہ دیں کہ ہم کون سے اخراجات میں کمی کریں - جو غریب لوگوں کے اوپر ٹیکس نہ پڑے - کرایہ میں بھی اضافہ نہ ہو اور ہم ان کے ڈیزل کے اخراجات کو پورا کر دیں - یہ میں نے عرض کر دیا تھا - صفدر صاحب نہیں سمجھے تو خیر بہر حال یہ میں ان کا قصور نہیں کہتا کیونکہ یہ ان کی Strategy ہے - اچھا حضور والا - اس کے بعد اکبر صاحب نے جوش و خروش میں دنیا بھر کی باتیں کر دیں - مطالبہ یہ کر دیا کہ کوئٹہ ریل ڈویژن بنایا جائے - انھوں نے کہا کہ جب سکھر میں ڈویژن بنا لیا ہے تو کوئٹہ میں بھی بنایا جائے - اب صفدر صاحب جو اس وقت مصروف گفتگو ہیں وہ پرسوں میری عقل پہ رونا چاہتے تھے - لیکن ''بریں عقل و دانش بباید گریست،، کہ کوئٹہ میں ڈویژن پہلے سے موجود ہے یعنی وہ یہ کہہ رہے ہیں - یہ ہے حضرت ان کے علم کا اندازہ - حضرت خضر کی سی عمر دراز ہو جائے جس آدمی کو اتنا بھی علم نہ ہو - اکبر صاحب جو گجرات کے نمائندے ہیں انھوں نے کہا تھا کہ جب سکھر میں ڈویژن قائم کیا تو اس وقت کوئٹہ میں بھی ڈویژن قائم ہو جائے - اب ان حضرت کو علم نہیں - وہ میرے اعداد و شمار اور figures کو چیلنج کرتے ہیں صرف تین Categories بیان کرکے - لیکن جو کام کی بات تھی وہ بھول گئے - میں نے Total بتایا تھا کہ سن ۴۶ میں اتنے افسر تھے اور آج اتنے ہیں - حضور والا - تو میں یہ عرض کروں گا کہ تنقید کے لیے تھوڑی محنت کرکے اعداد و شمار کے لیے وہ کچھ اپنے لیڈر صفدر صاحب سے معلوم کر لیا کریں - کیونکہ ان میں اتنی تو خوبی ہے اختلاف چاہے کتنا ہو لیکن وہ محنت سے کام کرتے ہیں - لیکن خواجہ صفدر کی بے بہری فوج - یہ غیر پارلیمانی نہیں ہے - اور حضور والا - کم از کم ان کو آپ بتا تو دیا کریں - اب جناب لیڈر آف دی اپوزیشن کا اشارہ تھا کہ اس ایوان کو اختیار نہیں ہے اس کی بڑی توہین ہے - اس کے متعلق مناسب وقت پر جب جنرل بجٹ آئیگا - شیخ مسعود صادق اس کے انچارج ہوں گے میں جواب دونگا - جنرل بجٹ کی بات ہے - آدھ گھنٹہ میں کیا جواب دوں - یار زندہ صحبت باقی

فکر معاش عشق بتاں یار رفتگاں
اس مختصر سی عمر میں کیا کیا کرے کوئی

اب جناب والا - آپ نے ایک بات بہت ضروری اور کام کی کہی تھی - جو بات حقیقت پر مبنی ہوتی ہے اس سے ہم کبھی انکار نہیں کر سکتے - آپ نے فرمایا تھا کہ جناب والا - جس چیز میں کمی ہوتی ہے اس ملک میں اس کی ذمہ داری ریلوے ویگن پر آتی ہے - جو مصیبت بھی غرضیکہ نازل ہوتی ہے وہ خان انوری پوچھتی ہے - اگر کسی کو چھینک بھی آ جائے تو وہ کہتے ہیں

کہ ڈیزل آئل خراب تھا جو انجن میں لگا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں اور ہم بار بار اس کا اعلان کر چکے ہیں اور اس میں چھپانے والی بات نہیں ہے کہ ویگن اتنے ہیں اور اس میں دو اڑھائی ہزار کا اضافہ ہوا ہے ۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے اور سنٹرل گورنمنٹ نے بھی ہمیں دی ہیں ۔ ۸ مہینوں تک ویگنوں کی پوزیشن ہمارے ہاں یہ رہی ہے کہ کوئی ویگنوں کو پوچھتا نہیں تھا ۔ پوچھنے سے مطلب یہ ہے کہ ڈیمانڈ جو تھا، مطالبہ جو تھا، وہ ہمارے سٹاک سے کم تھا ۔ ان دو تین مہینوں کے اندر بلکہ ۸ مہینوں سے کوئی شکایت نہیں آئی اور دسمبر کے سیشن میں کوئی کسی کو شکایت نہیں تھی ۔

خواجہ محمد صفدر : آخر اس افسر کو کیوں تبدیل کیا گیا ہے جس کا انتظام بہتر تھا ۔

وزیر ریلوے : (آپ افسروں کی شکایت اس وقت نہ لیں ۔ آپ کو آگے موقع ملے گا) ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جس طرف سے بھی شکایت کی جاتی ہے اور جس طرف سے توجہ دلائی جاتی ہے باوجود ویگن کی کمی ہونے کے اس کو پورا کیا جاتا ہے ۔ کوئلے کی کمی ہوئی وہ آپ کے سامنے کوئٹہ کے نمائندہ نے تسلیم کیا ہے ۔ ان کو دور کرنے کی ہم نے کوشش کی اور پھر ایک دم چاول کی ایکسپورٹ ہونے سے گورنمنٹ سے آرڈر ہوا وہ ہم نے کوشش کی ۔ پھر ایک دم اس وقت امریکہ سے غلہ آیا اور بندرگاہ سے اٹھانا تھا ۔ ادھر سیمنٹ کی کمی ادھر جناب ماڑی انڈس کی تعمیر شروع ہے اس کمی کے باوجود ہم کسی چیز سے غافل نہیں رہے ۔

گو میں رہا رہین ستم ہائے روز گار
لیکن تیرے خیال سے غافل نہیں رہا

اب میں جناب کو نمک کی پوزیشن بتاتا ہوں ۔ نمک کی قیمت بڑھنے کی وجہ صرف ویگن کی Shortage نہیں تھی ۔ نمک کی قیمت آزاد کشمیر میں بڑھی ۔ نمک کی قیمت ہزارہ میں بڑھی ، وہاں نمک ٹرک سے جاتا ہے ریلوے سے نہیں جاتا ۔ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی نے نوٹ جاری کیا تھا ۔ ایک بات یہ بھی ذرا غور کر لیں کہ انہوں نے اپنی تقسیم کی پالیسی حال ہی میں بنائی ہے ۔ ایجنٹ مقرر کیے ہیں کئی پرانے ایجنٹ ہیں ۔ کئی نئے ایجنٹ ہیں کوئی آیا ہے کوئی گیا ہے ۔ جس کو آئے ہوئے ایک دن ہوا ہے ابھی تک ان کو سامان تک نہیں ملا ۔ یہ آپ مانتے ہیں یا نہیں مانتے ۔ یہ جناب والا ۔ ان کی پالیسی ہے ہماری غلطی نہیں ہے ۔ اب میں آپ کو Figures بتاتا ہوں ۔ جب ہمارے پاس ان کا خط آیا ۔ جناب والا ۔ ۲۶ مئی سے یکم جون تک جو خالی ویگنوں کا ہمارے پاس مطالبہ تھا وہ کھیوڑا سے ۱۵۰

خالی ویگنوں کا آیا تھا ۔ ہم نے بجائے ۱۵۰ ویگن دینے کے ۱۵۹ ویگن ان کو دیں ۔ انہوں نے ۱۳۴ بھریں باقی خالی رہ گئیں ۔

خواجہ محمد صفدر : خراب ہونے سے پہلے یہ قدم اٹھایا ہوتا تو زیادہ بہتر تھا ۔

وزیر ریلوے : اس سے پہلے انہوں نے ہم کو کبھی نہیں لکھا ۔ اس کے ساتھ ہی اسی دوران میں وارچہ میں ۲۶ ویگن ہم سے مانگی گئیں۔ ہم نے ۴۰ ویگن ان کو دے دیں ۔ یعنی ۱۴ ویگن ان کو زیادہ دیں وہاں کل ۳۴ ویگن بھری گئیں ۔ ہم اس سے بھی غافل نہیں رہے ۔ کمی ہونے کی جو دقت ہو سکتی ہے وہ ہم نے اس طرح پوری کی کہ ادھر سے شکایت آئی اور ادھر ایک طرف بند کیا اور دوسری طرف جاری کر دیں ۔ ظاہر ہے ویگن کم اور کام زیادہ ہوگا ۔

اب جناب والا ۔ ایک بات جو کہنی چاہیے تھی وہ میاں عبداللطیف صاحب نے اپنی پہلی تقریر میں کہی تھی آج کسی نے نہیں کہی ہے ۔ وہ آج کہنے کی بات تھی میاں لطیف صاحب نے غلط وقت پر بات کہی تھی ۔ میاں لطیف صاحب نے بڑے انداز سے وہ بات کہی کہ کیا یہ چھوٹی چھوٹی باتیں اسٹیشنوں کی اور Workers کی کرتے ہیں ۔ ذرا اونچا بن کر سوچو اس ملک میں کارخانے لگاؤ ۔ ایک صاحب نے کہا سٹیل ملز لگاؤ ۔ ہمارے حمزہ صاحب نے کہا پہلے سٹیل ملز لگائیے پھر سٹیل ملز سے ریل کی پٹڑی بچھائیے ۔ جناب والا ۔ یہ کہنا بڑا آسان ہے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں کہ ریلوے جو اپنی بساط کے مطابق جو اپنے Plan کے مطابق جو اپنی ہمت وسائل اور ذرائع کے مطابق کر سکتی ہے وہ ہم کرتے ہیں ۔

جناب والا ! ہم نے جو ویگن کی دقت کو دور کرنے کے لیے باہر آرڈر دیا تھا ان میں سے کچھ ویگن آ گئی ہیں کچھ آ رہی ہیں ۔ لیکن جو پلانٹ ہمارا اب ہے انشا اللہ کچھ دنوں تک اس میں کام شروع ہوگا اور ۱۵۰۰ ویگن سالانہ ہم بنائیں گے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اب اس کے بعد جناب والا ۔ ڈیزل موٹر کے متعلق ہمارے دوست نے بتایا تھا کہ کسی کاریگر نے ان سے کہا کہ جناب ہم تو ڈیزل موٹر بنا سکتے ہیں ۔ لیکن ہم اس لیے نہیں بناتے کہ حکم نہیں ہے ۔ میں عرض کروں اس کاریگر بچارے نے یہ کہا ہوگا کہ ہم ڈیزل انجن اس قسم کے بنا سکتے ہیں جیسے بیکو وغیرہ میں بنتے ہیں ۔ انہیں معلوم نہیں کہ ریلوے کے جو ڈیزل انجن ہوتے ہیں وہ کہیں مختلف ہوتے ہیں اور وہ اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ہم شاید برسوں تک نہ بنا سکیں ۔ لیکن ہم جو کر سکتے تھے وہ یہ کہ ڈیزل آئل کے انجن کے Spare parts کا کارخانہ ہم نے قائم کیا ۔ اس طرح spare parts سے foreign exchange ہماری بچ جائے گی ۔

نمبر ۳ ہم نے رولنگ اور کاسٹنگ سٹیل کا پلانٹ لگایا ہے اس سے انشاءاللہ کاسٹنگ وغیرہ باہر بھیجنا پڑتا ہے - ریلوے سے وہ ہماری ریلوے ورکشاپ self-sufficient ہوگی - fire brick factory ملک وال میں لگائی ہے اس کے بعد مغلپورہ کی جو ورکشاپ بنا رہے ہیں انشاءاللہ امید ہے کہ سال رواں کے آخر تک کام کرنا شروع کر دیں گے- اور ڈیڑھ سو بوگی (جس کے متعلق میں نے آج بتایا تھا کہ چار سو بوگی کا آرڈر کر رکھا ہے) ہر سال بننی شروع ہو جائے گی - ہم اپنی بساط کے مطابق یہ نہیں ہے کہ ہم کام نہیں کر رہے ہیں - البتہ میاں لطیف صاحب کے بتائے ہوئے انداز میں اتنا اونچا نہیں سوچ سکتے - لیکن اتنا ضرور سوچ سکتے ہیں جتنی کہ اپنی قوت ہے - ان کے قریب بیٹھے ہوئے میجر سلطان صاحب نے جو تشریف لے گئے ہیں فرمایا تھا کہ صاحب پلیننگ کمیشن کا ہم تو بہانہ بنا لیتے ہیں اور پلیننگ کمیشن فیصلہ تو دیا ہی کرتا ہے - لیکن آپ یہ تو بتائیں کہ انہیں کیسے معلوم ہوگیا کہ ہم تجویز نہیں بنا رہے ہیں- میں نے تو اعلان ہی یہ کیا ہے علاوہ ان تجاویز کے جو نئی لائنوں کے کھولنے کے متعلق ہیں اور جو پہلے ہمارے پاس موجود ہیں اور پلیننگ کمیشن کو جا چکی ہیں - میں نے وہاں یہ وعدہ کیا کہ وہ تجاویز نئی لائین بچھانے کی جو معزز ممبران نے ان دو روز میں کی ہیں اس کے لیے ریلوے انجنیروں کی کمیٹی اس لیے مقررہ کریں گے کہ وہ traffic survey کرکے ہم کو بتائیں تاکہ ہم کوئی سکیم بنائیں اور پلیننگ کمیشن کے سامنے پیش کریں - میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ پلیننگ کمیشن پر اپنی ذمہ داریاں ڈالنا مقصود ہے - بلکہ جو طریقہ کار ہے وہ یہ ہے کہ پہلے traffic survey کرتے ہیں اس کے بعد اپنی سفارشات ہم پلیننگ کمیشن کے سامنے پیش کرتے ہیں- اگر ان سفارشات کو پلیننگ کمیشن مان لیتا ہے تو پھر نیشنل اکنامک کونسل کو جاتی ہے - اور اس کے بعد وہ پھر بجٹ میں آتی ہے -

جناب والا ! علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب کی دوبارہ تقریر ہوئی انہوں نے آکر پھر فرمایا - پتہ نہیں علامہ صاحب کو کس نے کہا کہ آپ اعداد و شمار میں پڑیں - انہوں نے فرمایا کہ میں نے جو کلومیٹر الہ آباد سے واہگہ تک کے بتائے تھے وہ ۹۰۴ میل بنتے ہیں - میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جناب والا - ۱۰۸۴ کلومیٹر کا فاصلہ ہے اس سے ۹۰۴ میل نہیں بنتے ہیں بلکہ ۶۷۸ میل بنتے ہیں - اس لیے کہ ۸ کلومیٹر کے ۵ میل ہوتے ہیں - یہ ان کو مغالطہ ہے - اس کی basis پر اور اس کی بنیاد پر انہوں نے اس روز بھی غلط اعداد و شمار پیش کئے- پھر اس وقت بھی انہوں نے غلط اعداد و شمار پیش کئے ہیں- پھر کس نے کہہ دیا انہوں نے اس کی تصدیق کر دی - آج پھر آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ۹۰۰ میل کا فرق وہ بتا رہے ہیں - میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں

اور وہ پھر جا کر اس کی تصدیق کر لیں ۔ کل پھر بحث ہوگی دوبارہ وہ بتا سکتے ہیں ۔ تھرڈ کلاس کا کرایہ جو ہے وہ انڈیا میں ۹۰۰ میل کا ۳۰ روپے ۲۵ پیسے ہے اور پاکستان میں ۲۵ روپیہ ۴۴ پیسے ہے ۔ تو اس لیے خدا کے واسطے ہماری خاطر نہیں ۔ گورنمنٹ کے لیے نہیں تو عوام کے لیے ایسی غلط مایوس کن باتیں نہ کرو ۔

تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

اپنے علاقے میں جا کر اپنے لوگوں میں کس قدر مایوس کن اور غلط اطلاع دیتے ہیں کہ ہندوستان کے مقابلہ میں ہم نے زیادہ کرایہ مقرر کر دیا ہے ۔ حالانکہ آپوزیشن والوں کا فرض یہ ہے کہ حکومت کا ہاتھ بٹائیں تاکہ لوگوں کو صحیح علم ہو ۔ پندرہ برس پہلے پاکستان کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ یہ ملک چل بھی نہیں سکے گا ۔ آج ہندو اس بڑی زبردست سٹیٹ کے مقابلے میں لوگوں سے کرایہ کم لے رہا ہے ۔ اس کے باوجود انڈیا کے بارے میں ورلڈ بنک کے ڈائرکٹر سے پوچھئیے وہ بتلائیں گے کہ انڈیا کے مقابلے میں ہمارا ورکنگ بہتر ہے ۔ ایک ورلڈ بنک کے ڈائرکٹر میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ آپ کی حکومت کو جتنی اسکیمیں جاتی ہیں ہم بڑے غور سے اس کی چھان بین کرتے ہیں ۔ لیکن ریلوے کی جس قدر اسکیمیں ہمارے پاس آتی ہیں foreign loan کے لیے ہم ان کو بہت جلد منظور کر لیتے ہیں ۔ کیونکہ آپ کے اندر absorbing capacity بہت زیادہ ہے ۔ جتنا ہم روپیہ دیتے ہیں آپ اسے اچھی طرح استعمال کرتے ہیں اور ہمارے انجینئرز اس کو پسند کرتے ہیں اور میں آپ کو جناب والا . . . . .

راؤ خورشید علی خان : اس لیے آپ نے بجٹ کی تیاری کے وقت اسے تنہا چھوڑ دیا تھا ۔

وزیر ریلوے : جناب راؤ صاحب کا میں اس وقت تک جواب نہیں دوں گا جب تک وہ عقل کو بھی ساتھ لے کر اندر نہ آئیں ۔ تو جناب میں نے کہا تھا کہ وہ جو اقبال کا شعر ہے

"لازم ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے"

لیکن راؤ صاحب نے اس پر عمل کرنے کے بجائے یہ کیا کہ وہ اس کو اکثر تنہا چھوڑ دیتے ہیں (قہقہہ)

راؤ خورشید علی خان : یہ بجٹ پر معلوم ہوگا ۔

وزیر ریلوے : اب ہے foreign exchange ۔ اب آپ کو بتلاوں گا کہ وہ aid کتنی ریلوے استعمال میں لائی ہے ۔ ۶۴ کروڑ ۸۹ لاکھ ہمارا foreign exchange ہے ۔ دوسرے پنج سالہ پلان کا ۔ مزید ہم نے جو additional فارن ایکسچینج مانگا ہے وہ ہے ۱۰ کروڑ ۸ لاکھ یعنی ۷۴ کروڑ ۹۷ لاکھ ہمارے II five year plan یعنی ہماری جو اسکیمیں تھیں ان کے لیے ہمیں ۳۱ دسمبر ۱۹۶۲ء تک ۴۵ کروڑ ۹۴ لاکھ ملا ۔ اس کے بعد foreign exchange میں ہمارا جو balance ہے جو ہم کو لینا ہے وہ ہے ۳۱ کروڑ ۔ ہم نے ۴۲ کروڑ کی committment ان سے کرائی یعنی ہم نے ان کو جو اسکیمیں دی ہیں وہ ۳۱ کے بجائے ۴۲ کروڑ کی ہیں ۔ ۱۲ کروڑ کی زیادہ ہیں ۔ اور ہمیں امید ہے کہ اس کا بیشتر حصہ ملے گا ۔ اب جناب حمزہ صاحب نے ایک سوال پوچھا تھا ریلوے اپنے ملازمین کو کوارٹرز کس تناسب سے دے رہی ہے ۔ میں نے اس کا جواب اپنی تقریر میں دے دیا ہے کہ ریلوے اپنے ملازمین کو زیادہ سے زیادہ تناسب سے کوارٹر دے رہی ہے ۔ انڈسٹریل ایکٹ کی رو سے کوئی انڈسٹریلسٹ ۲۵ فیصد سے کم کوارٹر نہیں دے سکتا ۔ ۲۵ فیصد کم سے کم ہے اور آپ جس قدر بڑے industrialist دیکھیں گے وہ ۲۵ فیصد بھی مشکل سے دیتے ہیں ۔ لیکن ریلوے نے اپنے ملازمین کو ۵۱ فیصد سے زیادہ مکانات دئیے ہوئے ہیں ۔

Mian Muhammad Akbar : On a point of personal explanation sir.

میرے متعلق غلط باتیں جناب منسٹر صاحب نے منسوب کی ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The member may do so after his speech. He should take his seat.

مسٹر حمزہ : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب وزیر صاحب یہ بتلائیں کہ جو نئے قسم کے مکانات . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : The member should state point of order to the Chair and not to the Minister. What is his point of order.

مسٹر حمزہ : میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب وزیر صاحب یہ فرماویں جو نئے قسم کے مکانات ہم ریلوے کے ملازمین کو دے رہے ہیں وہ کس قسم کے ہیں اور کتنے اہل کاروں اور ملازمین کو یہ مہیا کئے گئے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : It is not a point of order. He may take his seat.

وزیر ریلوے : اس کو میں خود بتلا چکا ہوں کہ ہم نے اگست میں کمیٹی بٹھائی تھی اور اکتوبر میں فیصلہ ہوا اور کام نومبر میں شروع ہوا ۔ آپ خود

سمجھ سکتے ھیں کہ تناسب سے زیادہ کام نہیں بڑھ سکتا لیکن قدم اٹھایا گیا ھے۔ جناب حمزا صاحب کا سوال وزنی نہیں ھے۔ جناب نواب زادہ افتخار احمد نے فرمایا کہ جناب بڑی توقعات تھیں عبدالوحید خاں سے کہ ان کی تقریر بڑی classical ھوگی اور labour کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ میں نے labour کا اس قدر تفصیل سے ذکر کیا ھے کہ پچھلے سال کتنے اسکول بنائے گئے اس سال ھم کتنے بنا رھے ھیں کتنے beds پچھلے سال تھے اور اس سال کتنے کر رھے ھیں۔ ان کو یہ بھی بتلایا گیا کہ پچھلے تین برسوں میں ایک کروڑ اکہتر لاکھ روپیہ staff welfare پر خرچ کر رھے ھیں۔ اس کے علاوہ ڈبوں کی قیمت پندرہ سولہ کروڑ ھے۔ ان کا فرمانا کہ میں نے ذکر کیا اس بات پر مبنی ھے کہ وہ جسمانی حیثیت سے حاضر ھوں اور دماغی حیثیت سے وہ اکثر غیر حاضر رھتے ھیں اور آج بھی غیر حاضر ھو رھے ھیں۔ انہوں نے مجھ پر اعتراض کیا تھا کہ میں یہاں موجود نہیں ھوتا ھوں۔ میرا کہنا یہ ھے کہ میں اگر یہاں نہ رھوں اور کسی وقت لا پتہ میں رھوں تو بھی میرا دماغ یہیں ھوتا ھے۔ حالانکہ ان کا حال یہ ھے کہ یہ جسمانی طور پر تو یہاں ھوتے ھیں مگر ان کا ذھن جھنگ ھوتا ھے۔ میں نے ساری تقریر کی لیکن انہوں نے کہہ دیا کہ میں نے labour کا ذکر نہیں کیا ھے۔ اب جناب والا۔ انہوں نے دوسری بات یہ کی کہ جنرل مینجر بھی ھے۔ چیرمین بھی ھے۔ یہ بھی ھے وہ بھی ھے لیکن ان کو معلوم نہیں کہ جنرل مینجر کا سابقہ عہدہ ریلوے بورڈ میں وائس چیئرمین کا ھوتا تھا۔ جنرل مینجر نہ کوئی الگ چیز ھے نہ اس کو الگ کوئی تنخواہ ملتی ھے۔ اب میں اور بار ڈالنا نہیں چاھتا۔ میں نے ھر پوائنٹ کا انہیں جواب دے دیا ھے کوئی بات مجھ سے غلط اطلاع کے طور پر ھوئی ھو تو آپ مجھے مطلع فرماویں۔

میاں محمد اکبر: محترم وزیر ریلوے نے میری طرف یہ منسوب کیا ھے کہ مجھے اتنا بھی علم نہیں کہ کوئٹہ میں ایک ڈویژن قائم ھے اور یہ کہ میں نے مطالبہ کیا ھے کہ وھاں ڈویژن قائم کیا جائے یہ سراسر بہتان تراشی ھے۔ میں نے اپنی تقریر میں ھرگز یہ باتیں نہیں کہی ھیں آپ میری تقریر کا ریکارڈ بجا کر سن لیں۔ میں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ کوئٹہ ڈویژن جو موجود ھے اور function کر رھا ھے اور جو basically یعنی بنیادی طور پر ملٹری اھمیت کا حامل ڈویژن ھے اس میں کاروباری حیثیت کم ھے اور جو تھوڑی بہت اس کی کمرشل حیثیت تھی وہ اب سکھر کے نئے ڈویژن بننے سے ختم ھو جائے گی۔ اس کا جو Commercial Section تھا وہ سکھر ڈویژن میں شامل کردیا گیا ھے یا کر دیا جائے گا۔ اس لئے میں

نے تو یہ کہا تھا کہ بجائے اس کے کہ کوئٹہ ڈویژن کو fullfledged division بنا دیا جائے اس پر ناجائز صرفہ نہ کیا جائے اس کو سکھر ڈویژن کا ایک Subsidiary unit بنادیا جائے ۔

Minister of Railways : Even the Member did not say it at that time, I accept it today.

میاں محمد اکبر : آپ میری تقریر کا ریکارڈ بجا کر دیکھ لیں ۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ کوئٹہ ڈویژن کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ ایک Subsidiary Division بنا دیا جائے ۔

Demands for Grants for expenditure other than new Expenditure (Railways)

(*Demand No. 1*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now we take up Demands for Grants for expenditure other than New Expenditure (Railways). First comes Demand No. 1. There are notices of cut motions to this Demand. Allama Rahmat Ullah Arshad.

(A Member - He is not present)

Mr. Senior Deputy Speaker : Mir Haji Muhammad Bux Talpur.

Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Sir I do not want to move it.

Mr. Senior Deputy Speaker : So this is not moved.

(*Demand No. 2*)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now Demand No. 2. Mir Haji Muhammad Tal pur.

Mir Haji Muhammad Bux Talpur : Sir I do not want to move it.

Mr. Senior Deputy Speaker : So this is not moved.

Next is by Allama Rehmatullah Arshad.

(A voice -He is absent)

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is now adjourned till 8 a. m. tomorrow

(*The Assembly then adjourned till 8 a. m. on Tuesday the 18th June 1963.*

No. 2056/63 O.P. 903—600—8-13-63, Istiqlal Press, Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Fourth Session of the First Provincial Assembly of West Pakistan

---

Tuesday, the 18th June, 1963

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-40 a.m. of the clock. Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, in the chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its Translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ
وَمُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ
النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ
اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ
فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ
بِاِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى
يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ
اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝

پ - ۲ س - ۲ ع - ۱۰ آیات ۲۱۳ و ۲۱۴

ابتدا میں ایسا تھا کہ لوگ الگ الگ گروہوں میں بٹے ہوئے نہ تھے۔ ایک ہی قوم تھے پھر اللہ نے نبیوں کو مبعوث کیا وہ بشارت دیتے اور متنبہ کرتے تھے۔ نیز ان کے ساتھ کتاب نازل کی گئی تاکہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کرنے لگے تھے ان میں وہ فیصلہ کر دینے والی ہو اور جو یہ لوگ باہم دگر مختلف ہوئے تو اس لئے نہیں ہوئے کہ ہدایت سے محروم اور حقیقت سے بے خبر تھے نہیں مگر صرف آپس کی ضد اور مخالفت سے اختلاف کرنے لگے تھے۔ بالآخر اللہ نے ایمان لانے والوں کو وہ حقیقت دکھا دی جس میں لوگ مختلف ہو گئے تھے اور اللہ جسے چاہتا ہے دین کی سیدھی راہ دکھا دیتا ہے۔

پھر کیا تم نے سمجھ رکھا ہے کہ یوں ہی تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی تو تم کو وہ آزمائشیں پیش ہی نہیں آئی ہیں جو تم سے پہلے لوگوں کو پیش آ چکی ہیں ہر طرح کی سختیاں اور مختلف انواع میں شدتوں اور ہولناکیوں سے ان کے دل دہل گئے یہاں تک کہ اللہ کا رسول اور جو لوگ ایمان لائے تھے اس کے ساتھ پکار اٹھے اللہ کی مدد کب آئے گی (غیب سے آواز آئی) باخبر ہو جاؤ خدا کی مدد قریب آ گئی۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

NUMBER OF CO-OPERATIVE SOCIETIES IN QUETTA KALAT DIVISIONS

*2767. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) the number of Co-operative Societies functioning in Quetta-Kalat Divisions, district-wise, during the period from 1955 to 1962 ;

(*b*) the number of the members of the said Societies district-wise ;

(*c*) capital subscribed from 1955 to 1962 in the said Societies district-wise ?

Parliamentry Secretary ; (Arbab Muhammad Afzal Khan) : (*a*) to (*c*) The required information is placed on the table.

NUMBER OF CO-OPERATIVE SOCIETIES FUNCTIONING IN QUETTA-KALAT DISTRICT-WISE, DURING THE PERIOD FROM 1955 TO 1962

Serial No.	Name of District		1955-56	1956-57	1957-58	1958-59	1959-60	1960-61	1961-62
1	Quetta-Pishin	...	19	57	71	87	89	92	106
2	Loralai	...	16	20	18	19	20	18	21
3	Zhob	...	7	7	7	8	8	11	13
4	Sibi	...	5	8	12	18	19	7	11
5	Chagai	...	1	1	1	1	1	4	4
6	Kalat	...	1	17	19	41	41	49	52
7	Mekran	...	4	4	12	16	10	21	18
8	Kharan	...	...	...	...	...	1	1	1
9	Lasbela	...	1	1	1	1	1	...	...
	Total	...	54	115	141	191	196	203	226

Note.—In the year, 1951 twelve Co-operative Societies functioning in Nasirabad Sub-Division were transferred to the Registrar, Co-operative Societies, Hyderabad, due to amalgamation of Nasirabad Sub-Division of Sibi District in Khairpur Division, one Co-operative Society of Lasbela District of Kalat Division, was transferred to the Registrar, Co-operative Societies, Karachi, and in the year 1961, three Fisheries Co-operative Societies, were also transferred to the Registrar, Co-operative Societies, Karachi.

THE NUMBER OF MEMBERS OF THE SAID SOCIETIES DISTRICT-WISE

Serial No.	Name of District		1955-56	1956-57	1957-58	1958-59	1959-60	1960-61	1961-62
1	Quetta-Pishin	...	380	2,113	2,600	3,053	3,114	2,978	3,681
2	Loralai	...	320	310	270	300	312	266	484
3	Zhob	...	100	100	100	139	139	484	447
4	Sibi	...	250	400	440	600	744	751	1,408
5	Chagai	...	60	90	90	101	101	465	475
6	Kalat	...	50	300	361	652	852	1,335	1,320
7	Mekran	...	80	350	400	510	810	850	601
8	Kharan	...	...	...	...	...	50	18	18
9	Lasbela	...	20	20	20	20	20	...	...
	Total	...	1,260	3,683	4,281	5,373	6,142	7,147	8,434

CAPITAL SUBSCRIBED FROM 1955 TO 1962 IN THE SAID SOCIETIES, DISTRICT-WISE

Serial No.	Name of District		1955-56	1956-57	1957-58	1958-59	1959-60	1960-61	1961-62
1	Quetta-Pishin	...	4,203	32,215	48,403	5,10,467	5,17 467	5,69,836	17,45,886
2	Loralai	...	38,105	49,205	39,205	49,000	49,415	47,860	2,03,030
3	Sibi	...	11,205	17,400	21,400	25,130	26,548	5,628	10,793
4	Zhob		,300	400	400	1540	540	2,213	5,093
5	Chagai	...	2,000	2,400	2,400	2,400	2,400	3,769	3,981
6	Kalat	...	1,632	37,632	40,632	60;632	60,632	1.09,852	4,85,062
7	Mekran	...	555	555	8,555	14,555	14,555	26,743	48,095
8	Kharan	...	...	...	...	...	40,000	40,000	40,000
9	Lasbela	...	...	...	...	...	...	...	...
	Total	...	58,000	1'39,807	1,68'995	6,62,724	7,11,557	8.05,901	25,41,940

بابو محمد رفیق : کیا وزیر صاحب بتائیں گے اس کی وجہ کیا ہے کہ سن ۵۶/۵۷ میں لورا لائی میں ۲۰ سوسائٹیاں تھیں — ۵۷/۵۸ میں ۱۸ ہو گئیں اور اس طرح ۵۹/۶۰ میں ۲۰ تھیں اور ۶۰/۶۱ میں ۱۸ ہو گئیں - کیا سوسائٹیوں کی یہ تعداد ٹھیک دی گئی ہے - کیا یہ اعداد غلط ہیں ؟

وزیر امداد باہمی (سید احمدنواز شاہ گردیزی) : یہ جو کچھ حقیقت ہے ہم نے بیان کردی ہے - اس کی وجوہات فی‌الحال میں نہیں بتا سکتا - اگر وہ چاہتے ہیں تو ان کو بتا دوں گا -

BOARD OF DIRECTORS OF PUNJAB PROVINCIAL CO-OPERATIVE BANK LAHORE

*2787. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Co-operation and Labour be pleased to state : –

(*a*) the names of the Board of Directors of Punjab Provincial Co-operative Bank, Lahore alongwith the areas they represent ;

(*b*) whether Quetta and Kalat Divisions have been represented on the said Board of Directors ;

(*c*) the basis on which representation is given on this Board ;

(*d*) if answer to (*b*) above be in the negative, reasons therefor and whether Government intended to give representation to the said rigion on the said Board ; if so, when ?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan) :

(*a*) (*i*) Following are the names of members of the present Executive Committee of the Bank, showing against each the District represented.

S. No.	Name of Members.	Name of District.
1.	Khan Amir Abdullah Khan Rokri.	Mianwali.
2.	Lt. Col. Nawabzada Ch. Asghar Ali.	Gujrat.
3.	K.B. Malik Noor Muhammad Khan.	Sargodha.
4.	Sardar Ahmad Ali.	Lahore.
5.	Khan Amir Abdullah Khan.	Multan.
6.	Ch. Ahmad Khan.	Lyallpur.
7.	Ch. Zahur Illahi.	Sialkot.
8.	Syed Mohd Sadiq Shah.	D.G Khan.
9.	M. Akhtar Ali Shah.	Jhang.
10.	Malik Mohd Hayat Khan.	Attock.
11.	Khan Mohd Hayat Khan.	Montgomery.
12.	Malik Khuda Bakhsh.	Bahawalpur.
13.	Rai Bashir Ahmad Bhatti.	Sheikhupura.
14.	Raja Jahan Dad Khan.	Rawalpindi.
15.	Ch. Mohd Anwar.	Gujranwala.
16.	Khan Amjad Hamid Dasti.	Muzaffargarh.
17.	Sardar Mohd Ashraf.	Jhelum.
18.	Sh. Nisar Ahmad.	Nominated.

(*b*) No.

(*c*) The basis of representation is by law No: 24 which is reproduced below :—

"24. The Executive Committee shall consist of not more than 21 members who should be over the age of 30 years. Including the ex-officio President, the Vice President an the ex-officio member as defined in by laws 4 (a) and (b) provided that one member shall be elected from each district of the former Punjab namely, Lahore, Gujranwala, Sheikhupura, Sialkot, Rawalpindi, Campbellpur, Mianwali, Jhelum, Gujrat, Sargodha, Multan, Muzaffargarh, D.G. Khan, Montgomery, Jhang, and Lyallpur, and one member each from the area of operation of the Abbasia Cooperative Bank Ltd., Bahawalpur and that of the Frontier Co-operative Bank Ltd., Peshawar.

(*d*) As Punjab Provincial Co-operative Bank functions according to its own constitution. Government has no say in the matter. It is, however, understood that the Bank is proposing to amend its by laws to include representatives from other areas.

OFFICIAL AND NON-OFFICIAL MEMBERS OF CO-OPERATIVE DEVELOPMENT BOARD, WEST PAKISTAN

*2788. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Co-operation, Labour and Social Welfare be pleased to state :—

(*a*) the names of the official and non-official members of the Co-operative Development Board, West Pakistan, alongwith their native places and areas represented by them ;

(*b*) the basis and criterion kept in view while giving representation to the people of different places in the said Board ;

(*c*) whether any representative of Quetta and Kalat Divisions has been included in the said Board, if not, reasons therefor ;

(*d*) if no representative of the above mentioned two divisions has been included in the said Board whether Government intend to give representation to this region ; if so, when ?

Parliamentary Secretary (Arbab Muhammad Afzal Khan) : The answer is placed on the table.*

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : گورنمنٹ نے جو سرکاری نمائندے رکھے ہیں کیا وہ ان کو region-wise نمائندگی دینے کے سوال پر غور کرنے کے لیے تیار ہے اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

وزیر امداد باہمی (سید احمد شاہ نواز گردیزی) : جناب والا ! آرڈیننس کے تحت جو constitution بنایا گیا تھا اس بورڈ میں اس کے تحت جتنے آدمی ہو سکتے ہیں اتنے رکھے جا سکتے ہیں ۔ یہ ایک غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے ۔ آپ کی اجازت سے میں اس کو واضح کر دیتا ہوں کہ یہ بورڈ اسی طرح کی ایک autonomous body ہے جس طرح اور autonomous bodies ہیں ۔ کیونکہ اس کا کوآپریٹو کے ساتھ تعلق ہے اس لئے اپنے طور پر کوشش یہ کی گئی ہے کہ غیر سرکاری ممبران جو ہوں اور جس حد تک ہوسکے ہر ایک کو نمائندگی ملے۔ اس کے متعلق بتا دیا گیا ہے کہ نمائندگی کے طریق کار یونین کوآپریٹو کے بنے ہوئے ہیں اور جن کے نام وہ دیتے ہیں وہ بورڈ میں شامل کئے جاتے ہیں اور مزید اس constitution میں تبدیلی ہو رہی ہے ۔ اگر ایسا possible ہوا کہ region-wise ہوں یا آرڈیننس میں کوئی تبدیلی ہوئی تو اس کو consider کیا جائے گا ۔

سردار عنایت الرحمن خان عباسی : جناب والا ! میری گذارش یہ ہے کہ جو افسر اس بورڈ کے ممبر رکھے گئے ہیں کیا ان کے reigon-wise ہونے کے سوال پر غور ہو سکتا ہے ۔ کہ ہر ریجن کا ایک آدمی اس میں شامل ہو ۔ اگر نہیں تو کیوں نہیں ؟

*Please See Appendix A ;

وزیر امداد باھمی : اس کے لئے آرڈیننس میں تبدیلی کرنی پڑے گی جس طرح میں نے عرض کیا ھے کہ آپ کی اور بھی autonomous bodies ھیں مثلاً اے - ڈی - سی واپڈا وغیرہ تو ان میں بھی regional basis پر نہیں ھیں - کیونکہ اس کا کوآپریٹو کے ساتھ تعلق ھے اور ھم کوشش کرتے ھیں کہ کوئی نہ کوئی اس میں آدمی ھو - چونکہ آگے اس قسم کے کئی سوالات اس لسٹ میں ھیں یہ سب کچھ ان میں explain کر دیا ھے -

میر نبی بخش خاں زھری : کیا جناب وزیر متعلقہ صاحب اس مسئلہ پر غور کریں گے کہ جہاں پنجاب پراونشل بنک کا نام ھے اس کو کیوں نہ ویسٹ پاکستان کا نام دیا جائے -

وزیر امداد باھمی : یہ سوال تو گذر چکا ھے لیکن اس کے متعلق آگے اور سوالات ھیں اس میں جواب دے دیں گے -

میر حاجی محمد بخش تالپور : میں وزیر متعلقہ صاحب سے پوچھتا ھوں کہ اس آرڈیننس میں لکھا ھوا ھے "small provinces" کیا اس بورڈ میں small provinces کو نمائندگی دی جائے گی یا نہیں دی جائے گی -

وزیر امداد باھمی : اس میں صرف officers کی تعداد مقرر ھے وہ ھم متعلقہ محکمہ سے لیتے ھیں - جو available ھوں گے اس کے مطابق لئے جائیں گے -

Further on, he shall be liable...After May there has been no sitting of this House. There is no *malafide* on our part. We did not vote as there was no Assembly.

As far as the question of Rs. 500 is concerned, sub-clause (*b*) of clause (3) comes into play, which says :

"In the case of the Assembly of a Province to the Government of the Province."

Now, it is for the Provincial Government, they are not decree-holders and we are not judgement debtors. It will be seen whether the creditor demands anything from us, whether anything has been decreed, by whom and in what manner. It is entirely between us and the Provincial Government. This House or your honour do not come into play at all. So I submit that so far as the question of penalty of Rs. 500 is concerned it is between us and the Provincial Government.

Now, I come to clause (2). There is nothing to refer to the Election Commissioner, because it is clear, beyond any doubt, after the judgment of the Supreme Court, that we are no more members of this House. We cannot vote. So the question of reference is not at all necessary, because we cannot challenge the order. The order is clear, the law is clear, the judgement is clear.

Sub-clause (b) of clause (3) does not come into play at all. It will

be for the Provincial Government. So far as emoluments are concerned, we are not drawing our emoluments as members. From the date we assumed office we are drawing our salaries as Ministers of this House.

میاں محمدیاسین خاں وٹو (منٹگمری—۴) : جناب والا! اس سلسلہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہم پہلے یہ دیکھیں کہ ضمنی آرٹیکل (۲) کے پڑھنے سے آیا یہ صاف ظاہر ہوتا ہے یا نہیں کہ کس جگہ یا کس پلیٹ فارم پر یہ سوال اٹھایا گیا کہ فلاں شخص اسمبلی کا ممبر نہیں رہا ۔ یا اگر کورٹ میں دعویٰ دائر کیا گیا ہو کہ ممبر نہیں رہا تو اس وقت یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ کیونکہ آئین میں جو اختیار دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ آیا سوال اٹھانے سے پہلے کسی شخص نے کارروائی میں حصہ لیا یا اسمبلی میں تقاریر کیں ۔ اس سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لئے یہ الفاظ پڑھتا ہوں ۔

"If any question arises whether a member of an Assembly has, after his election, become disqualified from being a member of the Assembly, Speaker of the Assembly shall refer.....

اب اس میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ بے حد ضروری ہے اس لئے کیا سپیکر صاحب کے علم میں آیا ۔ اگر ایسا ہوا تو یہ سوال پیدا ہو گیا کہ فلاں شخص ممبر ہے یا نہیں ۔ جب تک سپیکر صاحب کے علم میں یہ بات نہ آئے کہ یہ سوال پیدا ہو گیا ہے اس وقت تک ضمنی آرٹیکل (۲) کے تحت سوال پیدا ہونا نہیں سمجھا جائے گا ۔

موجودہ case میں اگر یہ تصور کرلیا جائے کہ سوال پیدا ہو گیا ہے کہ فلاں شخص اس ایوان کا ممبر ہے یا نہیں تو اس سلسلہ میں بعض دوستوں کا خیال ہے کہ یہ سوال اس وقت پیدا ہو گیا جب ڈھاکہ ہائی کورٹ نے فیصلہ دے دیا ۔ بعض کے نزدیک اس وقت سوال پیدا ہوا جب یہ سوال اس ایوان میں اٹھایا گیا اور بعض فاضل دوستوں کے نظریہ کے مطابق اس وقت یہ سوال پیدا ہوا جب سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ ڈھاکہ ہائی کورٹ کے فیصلہ کی ہمیں کوئی اطلاع نہیں ۔ یہ ایک باریک نکتہ ہے اور میرے فاضل وکیل دوستوں نے اس کی بڑی وضاحت کی ہے ۔ اب میں صرف یہ کہونگا کہ ڈھاکہ ہائی کورٹ کا فیصلہ ہو گیا اور آپ کے علم میں آگیا پھر بھی یہ تصور نہیں کیا جا سکتا ۔ کہ سوال پیدا ہوگیا ۔ اس کی کوئی نہ کوئی صورت پیدا ہونی چاہئے ۔ جب کوئی عدالت اتھارٹیز کے خلاف فیصلہ دیتی ہے تو پہلے اس کو نوٹس دیتی ہے ۔ اب جب آپ کے پاس یہ بات کہ فلاں اشخاص اسمبلی کے ممبر نہیں رہے پہنچ چکی ہے اور آپ کے علم میں ہے تو سوال پیدا ہوگیا

اور پھر جب یہ چیز معلوم ہو گئی کہ فلاں تاریخ سے ممبر نہیں ہیں تو اس وقت یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے یا جب فیصلہ کی نقل پیش کریں اس وقت یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔

جب آپ کے سامنے یہ مسئلہ آتا ہے تو یہ سوال پیدا ہوگیا۔ پھر ضمنی آرٹیکل (۲) پر عمل درآمد ہوگا کہ فلاں شخص ممبر نہیں رہا۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اس میں یہ الفاظ آتے ہیں۔

Shall cease to be a member

آپ shall کے الفاظ کے مطابق ضرور اس کو چیف الیکشن کمشنر کے پاس refer کریں گے۔ اس وقت یہ سوال پیدا ہوگا۔ جب کسی شخص کو یہ بتایا جائے کہ وہ ممبر نہیں مگر وہ کہے گا کہ میں ممبر ہوں تو سوال پیدا ہو گیا یا ایک شخص کو کہا جائے کہ تم ممبر نہیں ہو اور وہ اسے تسلیم کرے کہ وہ واقعی ممبر نہیں۔ لیکن یہ سب کچھ جانتے اور مانتے ہوئے وہ اسمبلی میں حصہ لے تو پھر ضمنی آرٹیکل (۳) پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ جب وہ کہے گا کہ میں ممبر ہوں تو سوال پیدا ہو گیا۔ یا جب کسی ممبر کے خلاف یہ بات اٹھائی جائے تو اس وقت بھی یہ سوال پیدا ہو گیا۔ اس وقت جب چیف الیکشن کمشنر کے پاس یہ سوال پیدا ہو گیا تو ہماری liability نہیں رہتی۔ Liability کی stage اس وقت آتی ہے جب آپ اپنا فرض ادا کریں گے۔

".....Shall refer the question to the Chief Election Commissioner and, if the Chief Election Commissioner is of the opinion that the member has become disqualified, the member shall cease to be a member."

اب جناب والا! اس بات کے متعلق چیف الیکشن کمشنر آخری فیصلہ دینگے کہ آیا وہ شخص ممبر رہا ہے یا نہیں۔ جب تک اس فیصلہ کی اطلاع ممبر کو نہیں ملتی یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ ممبر نہیں رہا۔ میں جناب کی وساطت سے اپنے دوستوں کی خدمت میں قانونی پوزیشن عرض کروں گا کہ کس قسم کے اشخاص ہیں جو ممبر نہ ہوں مگر ہاؤس میں بیٹھے رہیں۔ جب چیف الیکشن کمشنر اپنا فیصلہ بھیج دے اور ممبر کو پتہ چل جائے تو اس کے پتہ چل جانے کے بعد سب آرٹیکل (۳) پر عمل درآمد ہوگا۔ اگر چیف الیکشن کمشنر یہ کہہ دے کہ فلاں تاریخ سے کوئی شخص ممبر نہیں رہا لیکن اس دن وہ بطور ممبر بیٹھا رہا تو وہ knowing کے لفظ میں بات نہیں آتی۔ لیکن اگر وہ یہاں بیٹھا اور اس نے کہا کہ میں ممبر ہوں یا اس سلسلہ میں اگر وزیر صاحب محسوس کریں کہ وہ ممبر ہیں بعد میں finding ہو جائے کہ وہ ممبر نہیں ہیں

اور یہ بات انہیں معلوم ہو تو "knowing that he is not qualified to be" کے تحت یہ معاملہ آ جائے گا ۔ knowing کے لئے penalty ہے knowing کی حیثیت میں آئین کے مطابق وہ qualified نہیں بلکہ unqualified ہیں نیز جب تک سپریم کورٹ کا فیصلہ نہ ہو جائے اور پھر سپریم کورٹ کے فیصلہ نہ آنے تک کوئی ممبر یا وزیر بیٹھتا ہے یا ووٹ کرتا ہے تو یہ سمجھا جائے گا کہ "they are qualified" لیکن اب صورت حال یہ ہے کہ سپریم کورٹ میں سوال پیدا ہوا اور ان لوگوں نے تسلی کر لی ہے کہ وہ ایوان کے ممبر نہیں ہیں ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جس تاریخ سے سپریم کورٹ کا فیصلہ ہوا ہے اس وقت سے انہوں نے ووٹ دیا ہے یا نہیں ۔ جیسا کہ ہماری پارٹی کے لیڈر جناب وزیر خزانہ نے کہہ دیا تھا کہ میں ممبر نہیں ہوں ۔

اور انکے متعلق عرض کرنے کے بعد اپنی معروضات ختم کرونگا ۔ اب ایک شخص یہ جانتے ہوئے ۔ کہ وہ اس ایوان کا ممبر نہیں ہے ۔ یہاں بیٹھے گا یا ووٹ دیگا تو "he shall be liable to pay the penalty"

تو اس میں دو باتیں دیکھنے والی ہیں "shall be liable" یہ بات بے حد ضروری ہو گی ۔ کہ یہ جانتے ہوئے کہ وہ ممبر نہیں ہے ۔ اور بیٹھا ہے ۔ تو وہ آئین کے مطابق "shall be liable to this penalty" ۔ لیکن Recovery کے متعلق "May" کا لفظ ہے ۔ یعنی .....

خواجہ محمد صفدر ۔ یا بخش دیا جا سکتا ہے ۔

میاں محمد یاسین خاں وٹو ۔ اب یہ صوبائی حکومت کے لئے ہے ۔ کہ وہ Recover کرے وہ اس ایوان سے باہر آ جاتے ہیں ۔ اس سے پہلے کہ یہ بات کسی شخص یا گورنمنٹ کے علم میں آئے کہ فلاں شخص نے جانتے ہوئے بھی کہ وہ ممبر نہیں ہے disqualified ہے یہاں بیٹھا ہے یا ووٹ دیا ہے ۔ یہ کس شخص کے علم میں ہو سکتا ہے ۔ میرے خیال میں صرف سپیکر کے ہی علم میں ہو سکتا ہے ۔ اور چیف الیکشن کمشنر کو بھی وہی اطلاع دیگا ۔ کہ فلاں شخص "has ceased to be a member" اور ویسے بھی تمام proceedings اسکے ہی روبرو ہونگی ۔ اس لئے یہ بات تو exclusively سپیکر ہی کے علم میں ہوگی کہ فلاں شخص اس ایوان کا ممبر نہیں ہے ۔ اور وہ شخص یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ ممبر نہیں ہے ۔ اور عوام میں بیٹھا ہے تو اس کے متعلق اگر

کوئی فیصلہ دے سکتا ہے ۔ تو وہ صرف سپیکر کو ہی حق ہے ۔ جو فیصلہ دے سکتا ہے لہذا اس نقطے پر جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ یہ رائے اور اطلاع آپ متعلقہ گورنمنٹ کو دینگے ۔ کہ فلاں شخص جو فلاں دن سے ممبر نہیں ہے ۔ اگر وہ یہ جانتے ہوئے کہ وہ ممبر نہیں ہے ۔ ایوان میں بیٹھ رہا ہے ۔ اور ووٹنگ میں حصہ لیتا ہے تو پھر یہ صورت ہو گی ۔ لیکن اگر یہ نہ جانتے ہوئے کہ وہ ایوان کا ممبر نہیں ہے ۔ اور وہ ایوان میں بیٹھتا ہے ۔ اور اسنے ووٹنگ میں حصہ لیا ہے تو پھر یہ صورت پیدا نہ ہو گی ۔ ورنہ بصورت اول وہ محض اس جرمانے کے لئے liable ہے ۔ اب یہ صوبائی حکومت کے لئے ہے ۔ کہ

They may recover their debt or they may not recover their debt.

اس سے آگے کی Responsibility جو ہے ۔ وہ.....

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر "May" یہ ہے ۔ تو "shall" کیا ہوگا ۔

میاں محمد یاسین خاں وٹو ۔ سن لیجئے ۔ میں عرض کرونگا کہ اگر ایک شخص نے کسی سے قرض لیا ہے ۔ تو he is liable to repay لیکن اسکا انحصار مدعی پر ہے کہ وہ عدالت میں چارہ جوئی کرے ۔ یہ "May recover" سے بات ظاہر ہوتی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Now I close the discussion. I don't want to hear further discussion. The ruling will be given day after tomorrow.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Sir I want to make a little request. Before you finally give your ruling on this point of order, you will kindly consult the record of the last session, including the voting by the Ministers, and the proceedings of the day on which I raised the objection. At that time they took the stand that they were still members. They argued their case that they were members of the House. They had definitely asserted on that day that they were members and that the Dacca High Court ruling was not binding on them. So before you give the ruling, kindly consult the record of that day and the voting register.

Mr. Senior Deputy Speaker : Rest assured that if I find it necessary, I will again hear the member on this point.

میاں عبداللطیف : جناب والا ! چونکہ معاملہ بہت اہم ہے ۔ اس لئے جناب اس پر فیصلہ صادر فرمانے سے پہلے ان منسٹر صاحبان سے سارے جہان کے سامنے حلفیہ یہ پوچھ لیا جائے ۔ کہ وہ بطور ممبر بیٹھے تھے ۔ یا نہیں ۔ جہاں تک میرا تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھا ہو گا کہ وہ سارے ملک کو بتا دیں کہ وہ بطور ممبر بیٹھے تھے ۔ یا نہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The discussion is closed now.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

re incorrect reply to Question No. 1748

Mr. Senior Deputy Speaker : There is a privilege motion by Sardar Inayat-ur-Rahman Khan Abbasi.

Mr. Speaker had taken cognisance of that. As he does not happen to be present today, it will be taken on the next day when he comes.

re-Finance Secretary's talk on Budget for Members of Conventionist Muslim League Assembly Party.

Mr. Senior Deputy Speaker : Now there is a privilege motion by Allama Rehmat Ullah Arshad. He should please ask for leave to raise his question of privilege.

علامہ رحمت اللہ ارشد (بہاولپور - ۲) : میں استحقاق کا ایک سوال اٹھانے کی اجازت طلب کرتا ہوں تا کہ ایک متعین اور حال ہی میں (۱۵ جون ۱۹۶۳ واقع) ہونے والے نہایت ہی اہم مسئلہ استحقاق پر بحث کی جا سکے -

استحقاق کا مسئلہ ۱۵ جون ۱۹۶۳ء کو صوبائی حکومت کے حکم پر جناب الطاف گوہر صاحب فنانس سیکرٹری نے کنونشن مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ارکان کے استفادہ کے لئے اسمبلی کے کمیٹی روم میں صوبائی حکومت کے میزانیہ کی تشریح و توضیح فرمائی اور اس سلسلہ میں طویل خطاب فرمایا - اس صورت حال سے ان ارکان کے حقوق واضح طور پر پائمال کئے گئے جو حکمران جماعت سے تعلق نہیں رکھتے - اگر ایک معزز اور ذمہ دار سرکاری افسر کا ارکان اسمبلی سے خطاب نا گریز تھا تو ان ارکان کو اس خطاب میں شرکت کی دعوت کیوں نہیں دی گئی جو حزب مخالف سے تعلق رکھتے ہیں ؟ یہ ان حقوق کی صریح پائمالی ہے جو ہر رکن کو اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے مساوی طور پر حاصل ہیں - ارکان اسمبلی سے یہ امتیازی سلوک نہایت ہی قابل اعتراض ہے-

Minister of Law : opposed

علامہ رحمت اللہ ارشد : جناب صدر ! قاعدہ یہ ہے کہ میزانیہ کے اہم نکات یا تشریح طلب نکات یا جن کی توضیح اس ہاؤس کے اندر ضروری سمجھی جائے - وہ ہمیشہ وزیر خزانہ اپنے فنانس سیکرٹری سے دریافت فرماتے ہیں - اور بلا امتیاز کہ کون کس پارٹی کا ممبر ہے - اس ہاؤس کے اندر ہر ممبر کو ایسا موقع بہم پہنچاتے ہیں کہ اس کی تشریح و توضیح کر

سکے - لیکن یہ پارلیمنٹری تاریخ میں پہلا اور منفرد واقعہ ہے کہ ایک خاص پارٹی کے اراکین کو بلا کر - پارٹی میٹنگ کےنام پر بلا کر اسمبلی کے کمیٹی روم میں ایک ذمہ دار گورنمنٹ افسر کو بلایا گیا جہاں پر انہوں نے بجٹ کی توضیحات اور تشریحات پیش کیں - میں سمجھتا ہوں - اور شیخ مسعود صادق سے کہتا ہوں کہ ....

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : علامہ صاحب آپ واقعات پر بحث نہ کریں - جو کچھ آپ نے تحریک استحقاق میں درج کیا ہے -اس کو ہم صحیح تصور کر لیتے ہیں - آپ پہلے یہ ثابت کردیں کہ واقعی آپ کا حق مارا گیا ہے اور کسی Privilege کی breach ہوئی ہے -

علامہ رحمت اللہ ارشد : اگر وزیر خزانہ اس بات کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں کہ وہ اس ہاؤس کے اندر اس بجٹ کی توضیح اور تشریح کریں تو اس صورت میں یہ ضروری تھا کہ اس ہاؤس سے باہر کمیٹی روم میں بیٹھ کر ان کے فنانس سیکرٹری صاحب سے ان نکات کو سمجھا جاتا - تو اس طرح میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں بھی اتنا ہی حق تھا جتنا کہ اس پارٹی کے اراکین کو حاصل تھا -

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) : ان کے جواز میں کوئی رول quote کریں-

علامہ رحمت اللہ ارشد : میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آیا ایک معزز سرکاری افسر کہ جن کے لئے میرے دل میں بڑا احترام ہے - جن کو میں بڑا قابل اور دیانتدار سمجھتا ہوں - ان کی قابلیت سے استفادہ کرنے کے لئے ایک پارٹی کے ممبران کو کیوں مخصوص کیا گیا - اور دوسری پارٹی کے ممبران کو اس سے محروم رکھا گیا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ کو بھی موقع دے دیا گیا -

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) : اگر میں اپنے آپ کو نااہل سمجھوں گا تو میں حکومت سے درخواست کروں گا - میں سمجھتا ہوں کہ میں اس کا اہل ہوں اور میں اسے سن کر اپنی معروضات اور گذارشات یا تنقید و تبصرہ کر سکتا ہوں -

علامہ رحمت اللہ ارشد - لیکن سوال یہ نہیں ہے کہ کس نے درخواست کی - سوال یہ نہیں ہے کہ پارٹی نے درخواست کی - سوال یہ ہے کہ پارٹی میٹنگ کے نام پر ممبروں کی درخواست تھی کہ فائننس سیکرٹری صاحب بجٹ کے سلسلے میں کچھ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں اور اگر یہ Breach of privileges نہیں ہے تو فائننس سیکرٹری صاحب نے اپنی باقیماندہ speech جو آج ہونیوالی تھی وہ کیوں ملتوی کر دی -

ایک بات میں جناب شیخ مسعود صادق صاحب سے کہنا چاہتا ہوں کہ جب تک قلمدان وزارت انکے ہاتھ میں رہا اسوقت تک ایسی کوئی صورت نہیں پیدا ہوئی لیکن جب سے یہ نئے وزیر بنے ہیں اس وقت سے یہ باتیں پیدا ہونے لگی ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کے تمام اراکین کو خواہ وہ اسطرف بیٹھے ہوں یا اسطرف خواہ وہ آپوزیشن میں ہوں یا independent سب کو مساوی حقوق حاصل ہونے چاہئیں - میں سمجھتا ہوں کہ سرکاری ملازمین کو اب اسطرح استوار کیا جا رہا ہے - اور اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری ملازمین help کرتے ہیں ان ممبروں کی جو ان سے وفاداری کا ارادہ رکھتے ہیں -

اگر ان سے استفادہ کرنا تھا اور اگر جناب الطاف گوہر صاحب کی قابلیت کی ممبروں کو ضرورت تھی تو ہماری بھی وہاں ضرورت تھی - ایک سرکاری افسر کو بلاکر اسکو اپنی پارٹی کے اراکین کیلئے مخصوص انداز میں خطاب کرانا میں سمجھتا ہوں کہ Breach of privilege ہے -

مسٹر محمد ابراہیم برق : پوائنٹ آف آرڈر - میرے خیال میں دعوت عام تھی -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے آپ تشریف رکھیں (قطع کلامیاں)

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) : جیسا میں نے پہلے عرض کیا اور میرے دوست علامہ ارشد صاحب نے کوئی ثابت نہیں کیا کہ Breach of privilege ہوا ہے اور میں بھی یہ نہیں مانتا کہ breach of privilege ہوا ہے -

بات یہ ہے کہ میری پارٹی کے ممبران میرے پاس آئے تھے کیونکہ ہم جمہوریت کے قائل ہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں ـــــ(قطع کلامیاں)

اب مجھ کو پتہ لگ گیا ہے - میں اپنے فائننس سیکرٹری کو آرڈر کر دوں گا اور میں بذات خود ان کو brief کرنے کے لئے تیار ہوں -

وزیر قانون (ملک قادر بخش) : One point sir that will satisfy them

تصور کر لیجئے کہ یہ Breach of privilege ہوا ہے تو میں نے opposition کے لیڈر کو یہ facilities دی ہیں کہ میں نے اپنے سیکرٹری ایگریکلچر کو ان کے disposal پر چھوڑا ہے کہ اس بجٹ کے متعلق briefing جو کچھ وہ کر سکیں آپوزیشن کے لیڈر کو کریں تو اگر یہ breach of privilege ہوا ہے تو میں نے جو اپنے سیکرٹری ایگریکلچر کو ان کے disposal پر دیا تھا وہ بھی Breach of privilege ہوا ہے۔

خواجہ محمد صفدر : جناب میرا بھی اس میں کچھ ذکر آیا ہے۔۔۔۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : کیا آپ question of privilege کے حق میں کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon (Hyderabad I) : My submission is that the Member, who is the mover of this motion, was at his wits end, when a pertinent question was put to him, to explain what privilege, if any, of the Members of this House has been breached which should culminate in the tabling of this motion and its discussion here in this House. I submit that neither the Constitution nor any law gives us any right or privilege to be addressed by any official including the Finance Secretary. We cannot claim as a matter of right the Finance Secretary or any other Secretary to address us on, particular thing. But if the Minister concerned has, as a matter of grace, favoured certain members of this House to be addressed by the Finance Secretary so that he should explain the salient features of the Budget, I don't think we can say, for a moment, that any privilege or any right of any of the members of this House has been breached. The mover of this motion challenged this House to say whether there has been any such occasion in the past when a partiucular section of the members of this House has been addressed by a Secretary or any other officer. For his information I would recall that whenever any legislation has come up before this House which effected a particular part or a region of this Province, the Minister concerned has always arranged an address by the Secretary of the Department concerned and only that section of the House has been present there and has been addressed and explained the salient features, although in principle and from a larger point of view this House is only concerned with legislation. I do not think any member can legitimately claim that an address or explanation by the Secretary of a Department to a particular section of this House has ever been proclaimed as breach of any privilege of this House. Giving an illustration, supposing if any statute lays down that on a particular Committee certain MPAs are to be nominated and the Minister concerned nominates the members from his party only, can it be called a breach of privilege because none from the Opposition side has been included in it ? Therefore my submission is that however improper this section may be called that a certain section of the members of this House was not called, it does not amount to a breach of privilege. I do agree that they should be explained the provisions and salient features of the Budget.

I myself do not claim to be so intelligent as to understand the Budget. Therefore, I did feel the necessity of the Finance Secretary to explain the salient features of the Budget. I don't think that any privilege of any member of this House has been breached in this way and we should not complain of it. But if they had complained that a meeting should be arranged for them

that would have been proper and we are also for it to arrange a meeting. I am sure the Finance Minister will not hesitate to call a meeting and allow every member of this House to attend it. Therefore, my submission is that there is no breach of privilege what soever. This motion is entirely ill-conceived and may be ruled out of order.

علامہ رحمت اللہ ارشد : جناب سپیکر ! ایک چیز کی میں تصدیق کرنی چاہتا ہوں - پچھلے دنوں لیکچرز کے لئے انتظام کیا گیا تھا تو سارے ہاؤس کو دعوت دی گئی تھی -

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi (Karachi I) : Sir, the first question is what is the privilege of the House or an individual Member. If we are able to determine as to what is the privilege, then the question of its violation if concerned. So I would humbly submit that we have to go back to the mother of parliaments and find out the history and the source from which this privilege has emanated. A privilege is nothing but a sum total, a bundle of rights over and above the ordinary rights which Members of a Legislature or a House are supposed to possess for proper execution and discharge of their duties. This is, as a matter of fact, a legal exposition of a privilege. Now in practice by long history we have acquired certain privilege, for example, the privilege of freedom of speech, the privileges of freedom from being arrested or molested, freedom to have access to all such documents which are permissible under the rules and under the Constitution. I am really amazed and it is really interesting that a new type of privilege unknown to the parliamentary history is being agitated, before this House. My colleague on the other side, who has raised this privilege motion, has said that in the parliamentary history of the world, never a Secretary was called upon by a particular party or a group or a section of individuals to address on a particular subject. I challenge him. Let him show any instance from all civilized modern democratic countries of the world where a privilege of this kind has been claimed. It is not a special right that is vested in you as Members of this House for the proper discharge of the functions which are entrusted to you under the constitution. If I for my own guidance or a couple of friends with me for their guidance lay our hands to a book or to an expert or to a person who is well versed in the subject.....

علامہ رحمت اللہ ارشد : تو پھر وزیر خزانہ کس مرض کی دوا ہیں؟

Mr. **Muhammad Mohsin Siddiqi** : Wait a minute. You will have it. So far as the Minister is concerned, it is also nobody's privilege to have an explanation from the Finance Minister. I am telling that it is my ordinary normal routine right to acquire knowledge from whatever source it is available, whether it is available from a Secretary or from a Section Officer, I go to that extent. If I find that for the proper discharge of my functions as a Member of this August House I must have knowledge, and to acquire that knowledge, to get that knowledge, to sum up that knowledge, I have to run to the people and gather it, what objection my learned friend has got that if I get that knowledge. If he has got that genuine desire to know facts what prevented him. The Secretary of the Finance Department is not the Secretary of the party. He is the Secretary of the Government and he is accessible to you as much as to me, and I cannot imagine, unless and until a request is made to the Secretary and suppose the Secretary would have refused, then the Member could have a complaint against the Government that an important Government functionary has refused to render help to a Member who wanted for the proper exercise of his functions as a Member to discharge his duties, to gather it. But

here I am amazed as to how a privilege arises and how it has been violated. I would humbly submit that no instance can be quoted, was at pains and I gave my most anxious consideration and I referred to all the books that were available and on which I could lay my hand to find an instance where a privilege, not only of this kind, but of a similar or like nature would have ever been invoked.

علامہ رحمت اللہ ارشد : کسی مہذب ملک میں ایسا واقعہ ہوا ہے ؟

Khawaja Muhammad Safdar : No, no.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi : Wait a minute. I can tell you that in America Secretaries of the Departments are charged before Committees. They address and experts are invited to address.

Allama Rehmatullah Arshad : Not before political parties.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi : Of course party. People from outside and persons from outside.....My dear friend before challenging me, I respectfully submit, please acquire that knowledge and have that study, otherwise it is no good. We are after all educated people and we should not challenge like illitetrate people. I am saying it with authority that I was at a pains to find out a single instance where a privilege motion of this nature could be moved. But I know that in the parliamentary history things of this nature have happened. Experts have been invited. Government officials have been invited for the guidance of the people. Therefore my submission is that this privilege motion, the so called privilege motion is out of order and it does not arise.

Mr. Senior Deputy Speaker : The member may address the chair about the legal aspect ; whether it constitutes a privilege of this House or not.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱): جناب والا ! میں اس سلسلہ میں گذارش کروں گا کہ معزز ممبر صاحبان اور ایوان کے استحقاق کے متعلق آئین میں درج ہے کہ اس معزز ایوان کے ہر اس معزز رکن کو وہ تمام استحقاق حاصل ہونگے جو کہ قانون کے ذریعے انہیں دئے جائیں - مجھے افسوس ہے کہ اس ایوان نے اس قسم کا قانون آج تک وضع نہیں کیا ایک مسودہ قانون ابھی لاء ڈیپارٹ منٹ کے زیر تجویز ہے - اس لئے جہاں تک میرے دوست جناب محسن صدیقی کا خیال ہے کہ کسی قانون یا آئین کی کتاب سے بتایا جائے کہ اس قسم کے استحقاق اراکین اسمبلی کو حاصل ہیں ممکن نہیں - اس کے بعد جناب والا - انہوں نے جہاں امریکن سٹینڈنگ کمشنر کے سامنے گورنمنٹ سرونٹس کے پیش ہونے کا ذکر کیا - وہاں یہ بھی زور خطابت میں فرما دیا کہ وہاں پارٹی میٹنگ میں بھی گورنمنٹ سرونٹس پیش ہوتے ہیں - میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ ان کے یہ دونوں دعوے غلط ہیں - ان کے پہلے دعوے کے متعلق میں عرض کروں گا کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی فیصلہ کرتی ہے کہ کسی گورنمنٹ سرونٹ کو کمیٹی بلائے اور اس سے پوچھے کہ فلاں مسئلے کے متعلق تمہاری کیا معلومات ہیں اور وہ پابند ہے کہ وہ سٹینڈنگ کمیٹی کے

سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرے اور ہر سٹینڈنگ کمیٹی اس امر میں قانونی طور پر حق بجانب ہے ۔ جہاں تک جناب صدیقی صاحب کے دوسرے دعوے کا تعلق ہے کہ کسی معزز سیکرٹری کو کوئی پارٹی اپنے مفاد کے پیش نظر میٹنگ میں طلب کر کے اس کے علم سے فائدہ اٹھا سکتی ہے تو موٹا مسئلہ یہ ہے جو ہمارے سامنے ۔ مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں اور نہ ہی گورنمنٹ سرونٹس کو یہ ممانعت قرین مصلحت ہے کہ وہ سٹینڈنگ کمیٹیز میں یا سیلکٹ کمیٹیز میں یا ایوان کے سارے ممبرز کے سامنے اپنی گورنمنٹ کا نکتہ نگاہ بیان کریں ۔ لیکن جب ایک مخصوص جماعت کی کوئی میٹنگ ہو اور اس میں وہ مخصوص جماعت محض اس وجہ سے کہ وہ پاور میں ہے گورنمنٹ ملازمین کو وہاں طلب کرے تو میرا خیال ہے کہ ان ماتحت ملازمان کی بھی ہتک ہے اور جن ممبرز کو وہاں دعوت نہیں دی جاتی ان سے بھی ایک ترجیحی سلوک ہے تو جہاں ترجیحی سلوک ہوگا جہاں ایک کو دوسرے پر فوقیت دی جائیگی وہاں جس کو فوقیت دی جائیگی اس کے خلاف دوسرے کا حق جس حد تک زائل ہوگا اس حد تک اس شخص کو یا اس سیکشن کو جس پر کہ فوقیت دی گئی ہے حقوق زائل ہونگے اور اس حد تک breach of privilege ہوگا ۔ جناب والا ! میں اپنے دوستوں کا ممنون ہوں کہ انہوں نے بعض ایسی باتیں بھی کہیں جو ایک بہتر مثال ہو سکتی ہیں ۔ مثال کے طور پر ملک قادر بخش صاحب نے کہا مجھے معلوم نہ تھا کہ اپنے سیکرٹری صاحب کو ہدایت فرمائی ہوئی ہے کہ حزب مخالف کے اراکین اگر کوئی اطلاع مانگیں تو انہیں مہیا کی جاوے ۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں مگر میں ان کی اطلاع کے بغیر بھی اکثر سیکرٹری صاحبان سے مختلف باتیں پوچھتا رہتا ہوں اور غالباً ہر ممبر کو میری رائے میں یہ حق حاصل ہے ۔ کہ اس ایوان کا ہر رکن سیکرٹری صاحبان سے ان کے محکمہ جات کے متعلق اطلاع حاصل کرے ویسے سیکرٹری صاحبان جو اطلاع مناسب سمجھتے ہیں دے دیتے ہیں جو مناسب نہیں سمجھتے وہ نہیں دیتے ۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں بحیثیت قائد حزب اختلاف آج ایک چٹھی لکھوں ملک خدا بخش بچہ صاحب کو لکھوں جن کا انہوں نے ذکر فرمایا ہے کہ آئیے میرے کمرے میں بیس پچیس ایم پی اے اکٹھے کئے ہوئے ہیں ان کو ایڈریس کیجئے وہ یقیناً میری اس چٹھی کو درخور اعتنا نہیں سمجھیں گے ۔ اور وہ کبھی اسے قبول نہیں کریں گے ۔ اسی طرح میں فنانس سیکرٹری صاحب سے اس قسم کی درخواست کرنے میں حق بجانب نہیں ہونگا ۔ جب میں حق بجانب،

نہیں ہوں تو میری طرح کے دوسری طرف کے ممبر وہ کیسے حق بجانب ہیں وہ کیسے مجبور کر سکتے ہیں مسٹر الطاف گوہر کو کہ وہ ضرور آئیں - مگر ان کی مجبوری یہ ہے کہ وہ بد قسمتی سے ان کے ماتحت ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : کس کا پرولیج بریچ ہوا ہے -

خواجہ محمد صفدر : پرولیج ہمارا بریچ ہوا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : آپ تو مانتے ہیں کہ ہوا ہی نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر : وہ اس لئے کہ ہمارے مقابلہ میں گورنمنٹ پارٹی کے ساتھ ترجیحی سلوک کیا گیا ہے - ہمیں یہاں دعوت نہیں دی گئی ہے اور ایک مخصوص طبقہ کو دعوت دی گئی اور اس میں ایک معزز گورنمنٹ ملازم کو خواہ مخواہ تکلیف دی گئی - ہمیں تو اس کا بھی رنج ہے - ہمیں تو جناب والا - دو تکلیفیں پہنچی ہیں ایک تو یہ ہے کہ ہم ان کی تقریر دل پذیر سننے سے قاصر رہے کیونکہ ہمیں دعوت نہیں دی گئی دوسرے خواہ مخواہ ایک شریف آدمی کو بلایا گیا - اور اپنی پارٹی میں لا کر مجبور کیا گیا کہ وہ پارٹی کو خطاب کریں حالانکہ یہ ان کے فرائض میں شامل نہیں ہے - اگر کسی کو کسی بات کی جستجو تھی تو وہ ان کے دفتر میں جا کر ان سے پوچھتے کہ جناب یہ کیسے ہے تو وہ بتا دیتے وہ اور بات ہے - جناب والا ! اگر breach of privilege نہیں تھا تو کل کی میٹنگ کیوں بلا کر منسوخ کی گئی -

وزیر خزانہ : یہ اس لئے بلائی گئی اور میں سمجھا کہ یہ privilege motion لائے ہیں - شاید ایوان کی ہتک ہو - پھر آپ سے عرض کروں گا اگر آپ briefing چاہتے ہیں تو میں آرڈر دیتا ہوں - میں خود بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہونگا - مجھے وقت بتا دیں کہ کس دن آؤں -

خواجہ محمد صفدر : شکریہ ! میں اپنے محترم دوست کا شکر گذار ہوں ان الفاظ کے ساتھ میں یہ گذارش کروں گا کہ ہمارے طرف بیٹھے ہوئے تمام اراکین کے حقوق پامال کئے گئے ہیں - اور اس طرح اس ایوان کے حقوق کو زائل کرنے کی کوشش کی گئی ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : The question raised by Allama Rehmatullah Arshad does not involve any breach of privilege and, therefore, it is ruled out of order.

ADJOURNMENT MOTIONS

High handedness of Border Police in Narowal Tehsil.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is an adjournment motion by Chaudhri Muhammad Ibrahim who wants to ask for leave to make a Motion for the adjournment of the Business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the high-handed violence on the part of the Border Police Personnel posted near village Doaha in Narowal Tehsil who stabbed an innocent field worker of Aliabad village on 16-6-63 and who is lying in hospital at Narowal in a very dangerous condition.

As the Member is aware we are in the midst of the Budget discussion and we have not yet completed discussion on the Railway Budget. The general discussion on the Budget has yet to come. So the question of admission or discussion of the Motion does not arise. He can discuss the matter in the coming week.

خواجہ محمد صفدر: جناب والا ! میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں اور میرے ساتھ وزیر ریلوے بھی یقیناً اتفاق فرمائیں گے کہ ہمارے پاس ایک گھنٹہ وقت رہ گیا ہے اور تخفیف زر کے تمام موشن ابھی ہاؤس کے سامنے آنے ہیں ۔ میں جناب والا سے درخواست کروں گا وہ یہ ہے کہ ہم پہلی تخفیف زر پر بحث کریں۔ میرے خیال میں میرے دوست مجھ سے اتفاق کریں گے ۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ جن دوستوں نے تخفیف زر کی تحاریک پیش کی ہوئی ہیں ان سبھی کو اجازت دی جائے کہ وہ اس بحث میں حصہ لیں خواہ انہوں نے نمبر ایک پر موشن دیا ہے یا کسی اور نمبر پر دیا ہے ۔ ان کو اجازت دی جائے تاکہ ان کو اپنے خیالات کے اظہار کرنے کا موقع ملے ۔

تیسری بات یہ ہے کہ چونکہ صرف ایک گھنٹہ وقت باقی رہ گیا ہے ۔ اس لئے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ پروگرام کو revise کر لیں اور ان cut motions کو کل تک جاری رکھیں ۔ اس سلسلے میں گذارش کروں گا کہ ہمارے موجودہ پروگرام کو جناب سپیکر نے دو دفعہ پہلے ترمیم کیا ہے ....

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر : یعنی مزید گنجائش نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں یہ گذارش کروں گا کہ کل سپلیمنٹری بجٹ کے متعلق بھی بحث ہے ممکن ہے اس میں سے تھوڑا سا وقت گھٹا لیں ۔ اور کل دونوں کو ختم کر لیں ۔ سپلیمنٹری بجٹ کو بھی اور اس کو بھی تاکہ یہ دقت نہ ہو کہ آئندہ پروگرام میں آپ کو ترمیم کرنی پڑے ۔ میرا خیال ہے آپ اس درخواست کو منظور کر لیں ۔ پہلی دو گذارشات جو ہیں وہ وزیر ریلوے بھی منظور فرما لیں ۔

وزیر ریلوے: جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں کہ لیڈر آف دی آپوزیشن

کی خواہش کے مطابق میں تیار تھا اور اب بھی تیار ہوں کہ پہلے گرانٹ پر بحث ہو جائے لیکن جناب یہ میرا قصور نہیں ہے قصور آپ کا ہے ۔ آپ نے اس حق استحقاق پر صرف وزیر ریلوے کی ناقابلیت ثابت کرنے کی غرض سے ایک گھنٹہ بحث کی میں نے قصداً جواب نہیں دیا حالانکہ میں جواب دے سکتا تھا کہ قابلیت کیا ہے ۔ لیکن خواجہ صفدر صاحب نے اور اس کے ساتھیوں نے ساڑھے آٹھ یا نو سے لے کر بارہ بجا دئے اس میں میرا تو قصور نہیں ہے ۔

وزیر خزانہ : خواجہ صفدر صاحب کے بارہ بج گئے ہیں ۔

وزیر ریلوے: جناب والا! ٹھیک بارہ بجے خواجہ صفدر صاحب نے پوائنٹ اٹھایا ہے ۔ جناب والا! میری درخواست یہ ہے کہ جناب ۴ گرانٹس ہیں اور ایک ریزولیشن ہے ۔ اب جو وقت ضائع ہو چکا ہے وہ واپس نہیں آسکتا ۔ اس وقت جو بجٹ پر بحث کر سکتے ہیں کر لیں ۔ چونکہ میرا خیال ہے کل خالی ریلوے سپلیمنٹری بجٹ نہیں ہے بلکہ جنرل بجٹ بھی ہے۔ آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ ۲۹ جون تک فنانس بل کی منظوری ہونی ضروری ہے ۔ ۳۰ جون کو اگر نوٹیفیکشن نہ ہو تو پچھلے سال کی غلطی کا پھر اعادہ ہوگا ۔ چار دن لوگوں کو تنخواہ ملنے میں اور لگ جائیں گے پھر بعد میں اعتراضات ہونگے ۔ اس لئے میرا خیال ہے اس کی گنجائش نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : What about the Afternoon session ?

Minister of Railways : It may not be possible. On this ground I requested the Finance Minister to come here. I am so tired, almost exhausted, that I shall not be able to give so much time. My voice is almost hoarse.

اور جناب والا جہاں تک حزب مخالف کا تعلق ہے ان کے تھکنے میں کیا ہوتا ہے ان کو صرف خالی اعتراض ہی کرنے ہوتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : تمام آفیسر گیلری بیٹھی ہوئی آپ کو Spoon feeding کرتی ہے ۔

وزیر ریلوے : spoon بھی اپنا ہے feeding بھی اپنی ہے ۔ آواز بھی اپنی ہے اور دماغ بھی اپنا سب کچھ کرنا پڑتا ہے ۔

جناب والا! شام کے سیشن کے لئے میں تیار نہیں ہوں لیکن اگر کوئی ایسا امکان ہو سکے کہ ریلوے سپلیمنٹری بجٹ اور جنرل سپلیمنٹری بجٹ یہ دونوں اور آپ کی پہلی گرانٹ کل ایک بجے تک تیار ہوں اور فنانس منسٹر صاحب کو کوئی اعتراض نہ ہو اور جنرل بجٹ کے لئے کل ایک بجے آپ تیار ہوں

خواجہ محمد صفدر : کل ایک بجے تک ٹھیک ہے ۔

لیکن ایک legal complication ہوگی ۔ شائد وہ دور ہو سکے ۔ ہر ایک کے لئے separate دن مقرر کرنا ہوتا ہے اس میں ٹائم مقرر کرنا ہوگا مثلاً گرانٹ نمبر (۱) کب سے کب تک چلتی رہیگی ۔ ۶۲—۶۳ کا نظر ثانی بجٹ کب سے کب تک رہےگا ۔ اگر اس کے لئے تیار ہوں اور محترم فینانس منسٹر کو کوئی اعتراض نہ ہو تو میں تیار ہوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) : میں صفدر صاحب سے بات کر کے اس کو طے کر لونگا ۔

DEMAND FOR GRANTS IN RESPECT OE NEW EXPENDITURE (Railways)

Mr. Senior Deputy Speaker : Now the Minister to move his demand.

Demand No. 1

Minister of Railways : Sir I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 48,20,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1964 in respect of Ordinary Working Expenses General Aministration.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is :

That a sum not exceeding Rs. 48,20,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1964 in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

A member : Opposed.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mian Akbar to move his cut motion.

Mian Muhammad Akbar (Gujrat 1) : Sir I beg to move –

That the total of Rs. 48,20,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration Total Expenditure be reduced by Rs. 48,19,999.

جناب والا ! جیسا کہ میں نے اپنے cutmotion میں گذارش کی ہے میں اس demand میں ریلوے ڈیپارٹمنٹ اور جنرل ایڈمنسٹریشن کی "inefficiency" کے بارے میں اور corruption کی نسبت کہنا چاہتا ہوں ۔ اس سے پہلے بھی دو تین دن سے ہم ریلوے ایڈمنسٹریشن کی نا اہلی کے متعلق بہت کچھ گذارشات کر چکے ہیں ۔ آج میں اپنے اس موشن کے سلسلے میں چند ایک غیر معمولی گذارشات پیش کروں گا اور یہ ایسی گذارشات ہوں گی جو کہ "scandal" کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ سب سے پہلے میں جناب کی خدمت میں ریلوے ایڈمنسٹریشن کی ایک scandalous deal کوئلہ کی جو انہوں نے بھارت سے کی اس کےمتعلق چند گذارشات کروں گا ۔

پچھلے سال پاکستان ویسٹرن ریلوے کے لئے مختلف ممالک سے کوئلے کی سپلائی کے لئے ٹنڈر طلب کئے گئے تھے ۔ اس میں مختلف ممالک نے ٹنڈر دئیے جن

میں بھارت بھی شامل تھا - بلجیئم اور بھارت کے ریٹ تقریباً تقریباً برابر ھی تھے لیکن بھارت کے نرخ بلجیئم سے کچھ ھی کم تھے لیکن انھوں نے اس کے ساتھ ایک ایک دام ھم رنگ زمیں بچھایا ھوا تھا اور جسے ھمارا ڈیپارٹمنٹ اپنی نا تجربہ کاری وجہ سے نہ سمجھ سکا - انھوں نے یہ شرط لگائی ھوئی تھی کہ اس کوئلے کی سپلائی کے لئے پاکستان ویسٹرن ریلوے کے ۸۵۰ ویگن بیک وقت بھارت کے حوالے کر دیئے جائیں - چنانچہ ھمارا ریلوے ڈیپارٹمنٹ اس جال میں پھنس گیا اور انھوں نے حساب کی بات نہیں سوچی کہ جو تھوڑے بہت جو ان کے نرخ کم ھیں اگران میں ان ویگنوں کی daily capacity ڈالی جائے تو بھارت کا ریٹ بلجیئم کے مقابلے میں بہت زیادہ ھو جاتا ھے - بہر حال - انھوں نے اپنی نا اھلی اور نا تجربہ کاری کی بنا پر یہ ۸۵۰ ویگنیں بھارت کومنتقل کر دیں کہ ان پر کوئلہ بھیجا جائے تو جیسا کہ بھارت کا کام ھے وہ اپنے معاھدے کی کبھی پروا اور پابندی نہیں کیا کرتا انھوں نے بجائے اس کے کہ وہ معاھدے کی رو سے جتنی ویگنیں بھیجنی تھیں بھیجتے صرف پندرہ بیس ویگنیں یہاں بھیجیں اور باقی ساری ویگنیں اندرون ملک انھوں نے استعمال کئے - یہاں تک کہ چین کے خلاف اسلحہ بھی انھوں نے ان ویگنوں پر ڈھویا یہاں تک کہ ھمارے کشمیری مظلوم بھائیوں کوغلامی میں رکھنے کے لئے مقبوضہ کشمیر تک کوئلہ اور اسلحہ ان پر ڈھویا گیا اور ھماری ریلوےایڈمنسٹریشن کچھ نہ کر سکی- کچھ عرصہ سے یہ معاھدہ کالعدم ھو گیا ھے لیکن آپ کو اور اس ایوان کو یہ معلوم ھو کر حیرت ھوگی کہ ابھی تک تقریباً ۵۰۰ ویگن بھارت کے پاس ھیں جو لوٹائے نہیں گئے- پچھلے سال جیسا کہ آپ کو معلوم ھے ھمارے یہاں ریلوے ویگنوں کا قحط رہا جس کے نتیجہ میں اس ھاؤس میں ایڈجرنمنٹ موشن لائی گئی کہ ویگنیں نہیں ملتی ھیں لیکن ۵۰۰ ویگنیں ابھی تک بھارت کےپاس ھیں جس سے ریلوے کو روزانہ لاکھوں روپیہ کا نقصان ھو رھا ھے - بنا بریں اس بات سے ھمارے صوبے کی معیشت تباہ ھو کررہ گئی ھے کہ ھمارے پاس ویگنوں کی قلت تھی خاص طور پر بلوچستان کا بہت نقصان ھوا اور ان کے کوئلے کی بر وقت باھر carriage نہ ھوئی جس سے مزدور تباہ ھو گئے اور ان کی معیشت تباہ ھو کر رہ گئی - ھمارے تعمیراتی کاموں پر بر وقت مٹیریل نہیں پہنچ سکا اور سیمنٹ - پتھر اور ریت کی ڈھوائی نہ ھو سکی جس کی وجہ سے ھمارے تعمیراتی کاموں میں بھی تاخیر ھوئی لیکن یہ بھارت سے ۵۰۰ ویگن واپس نہ لے سکے - جب یہ بات ریلوے بورڈ کے سامنے پیش ھوئی تو چیئرمین نے بڑی آسانی سے اس پر پردہ ڈالنے کے لئے یہ لکھ دیا کہ

Having no teeth to show, these wagons should be considered to have been made over to India as a gesture of goodwill.

میں نہیں سمجھتا کہ یہ کس قسم کی goodwill ہے۔ یہ کوئی معمولی نوعیت کی حامل نہیں بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ تو ایک بڑا scandal ہے اور مجرمانہ فعل ہے بلکہ ملک کے ساتھ غداری ہے ۔ مجھے امید ہے کہ وزیر صاحب اسے مذاق میں نہیں لیں گے کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ وہ میری تقریر کے جواب میں کچھ شعر سنا دیتے ہیں اور اسے ridicule کر دیتے ہیں ۔ میں یہ کہتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ایک impartial انکوائری constitute کریں اور جو الزامات میں نے لگائے ہیں اگر وہ غلط ثابت ہوں تو میں ہر سزا کے لئے تیار ہوں اور اگر آپ کے محکمہ کی نا اہلی ثابت ہو تو پھر جو چاہیں اپنے لئے سزا تجویز کر لیں میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ اپنے عہدے سے مستعفی ہو جائیں یہ تو بہت بڑی زیادتی ہوگی ۔

جناب والا ! جب ویگنوں کی قلت تھی تو اس وقت ریلوے کے پاس جو ویگنیں تھیں ان کے متعلق یہ احکام تھے کہ ان ویگنوں میں کم از کم ۲۵۰ من مال ہو تو ان کو بھیجا جائے لیکن کسی thoughtless افسر نے جس کے سر میں غالباً دماغ نہیں تھا یہ احکام دے دیئے کہ ۲۵۰ من کی restriction کو کم کر کے ۱۰۰ من کر دیا جائے۔ پہلے جہاں کسی ویگن میں ۲۵۰ من مال جا سکتا تھا اب ۱۰۰ من مال لے کر بھاگنا شروع کر دیا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب ٹریفک زیادہ ہوا ویگنوں کی بھی زیادہ ضرورت ہوئی تو پھر ۱۰۰ کی بجائے ۲۵۰ ویگنیں استعمال میں آئیں ۔ اس سے Operating Expenses بہت زیادہ ہو گئے اور ویگنوں کی تعداد بہت بڑھ گئی ۔ اب ریلوے ایڈمنسٹریشن کی نا اہلی کی اس سے بڑھ کر کوئی اور glaring مثال نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ! ویگنوں کی قلت دور کرنے کے لئے عجیب و غریب طریقے استعمال کئے جاتے ہیں ۔ جب ملک کے گوشے گوشے میں ویگن کی ضرورت پیش آئی تو مزدور بھوکے مرنے لگے ۔ معیشت تباہ ہو گئی ۔ اس کے بعد جب demand زیادہ ہو گئی ۔ تو محکمہ کے پاس جو نہایت قیمتی coaches کا stock پڑا تھا جن میں پارسل اور پھل وغیرہ جاتا تھا ان کے متعلق وزیر صاحب نے حکم دے دیا کہ اس کی ساری fittings اتار دی جائیں اور انہیں بطور ویگن استعمال کیا جائے ۔ ان fittings کے اتارنے میں حکومت کا ۲۰ لاکھ روپیہ خرچ ہو گیا اب جب کہ ہمارے تعلقات افغانستان کے ساتھ اچھے ہو رہے ہیں مال و سامان لے جانے کی

ضرورت پیش آئی اور تجارت بحال ہوگئی تو لا محالہ پھر یہ آرڈر دینا پڑےگا کہ جن coaches کو ویگنیں بنایا تھا ان کو re-convert کیا جائے۔ ہمارا یہ محتاط اندازہ ہے کہ ریلوے کو کم از کم ۵۰ لاکھ روپیہ کا مزید زیر بار ہونا پڑے گا اور پھر کہیں جا کر یہ ویگن original حالت میں آئیں گی ۔ محکمہ کی اس نا اہلی اور inefficiency کی وجہ سے ۷۰ لاکھ روپیہ کا خسارہ ہوگا ۔ ان تمام کوششوں اور تدابیر کے باوجود جب ویگنوں کی قلت بڑھی تو ٹریفک کو handle نہ کر سکے اور عوام کو سڑک کی طرف منتقل ہونا پڑا ۔ روڈ ٹرانسپورٹ کی ضرورت ہوئی ۔ چنانچہ ریلوے کے محکمہ نے ایک شعبہ قائم کیا کہ وہ دیکھے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کو کس طرح compete کیا جا سکتا ہے ۔ میں بلا خوف تردید یہ عرض کروں گا کہ اس شعبہ نے ابھی تک کوئی قابل قدر کام نہیں کیا البتہ اس شعبہ کے بڑے بڑے افسران نے سفر خرچ وصول کر لئے ۔ اور سب سے بڑا یہ تیر مارا کہ ریلوے کو ایک suggestion دی کہ کرایہ کم کر دو اگر یہ کام اتنا ہی بڑا تھا تو اس کے لئے ریلوے کے اپنے انسپکٹر ایسی ہی suggestion دے سکتے تھے ۔ اس سے تو کام کی duplication ہو گئی کیونکہ دوسری طرف انسپکٹرز اپنا سفر خرچ لیتے رہے ۔

اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس محکمہ میں بے شمار افسران کو کھپایا گیا اب ایک تجویز یہ ہے کہ ۵ اور افسر رکھے جائیں ۔ ان کا جواز یہ ہے کہ وہ ریلوے کی research کریں گے کہ کس طرح ریلوے کی ڈویلپمنٹ کی جائے ۔

To undertake research for development of traffic

ایسا معلوم ہوتا ہے ریلوے از سر نو شروع ہو رہی ہے ۔ اور اس کو ایک Research Institute کی ضرورت ہے ۔ اس سے زیادہ نا اہلی اور inefficiency کی اور کیا مثال ہو سکتی ہے ۔

ایک اور بات عرض کروں گا جو دلچسپ نہیں افسوسناک ہے ۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے کوئی حکومت اپنے ملازمین سے مقدمہ بازی کو پسند نہیں کرتی لیکن ریلوے کے افسران اسے باعث فخر سمجھتے ہیں کہ وہ ملازمین کے ساتھ مقدمہ بازی کر رہے ہیں ۔ اس وقت سینکڑوں petitions عدالتوں میں pending پڑی ہیں ۔ ستم ظریفی کی حد ہے ۔ محکمہ کسی کے declaration یا indemnity کو نہیں مانتا اور یہ کہا جاتا ہے کہ یہ چیز ہم پر binding نہیں ۔ پھر لطف یہ ہے کہ کسی معاملہ کے فیصلہ کے بعد اسے generalize نہیں کیا جاتا بلکہ کسی

particular case میں ھی استعمال کیا جاتا ھے ۔ ملازمین سے یہ کہا جاتا ھے کہ ڈگری لاؤ تو بات سنی جائے گی ۔ اس وقت لاکھوں روپیہ litigation پر خرچ ھو رھا ھے اگر یہی روپیہ ملازمین کو دیں تو بے شمار جھگڑے طے ھو جائیں ۔ ان کو یہ کہتے ھیں کہ پیسہ نہیں اور دوسری طرف مقدمات پر لاکھوں روپیہ خرچ کیا جا رھا ھے ۔

اب ایک نیا خرچ پیدا کیا گیا ھے ۔ وہ یہ ھے کہ ۵۵ افسران کو upgrade کر کے Asstt: Law Officers کی posts پر لگایا گیا ھے ۔ ملاحظہ کیجئے:۔

Details of New Expenditure included in Railway Budget for the year 1963-64, page 55.

"Up-granding Assistant Law Officer's post from Junior Scale to Senior Scale (Head quarters Office)

یہ کیوں upgrade کر رھے ھیں ۔

2. The Assistant Law Officer has to shoulder direct responsibility for briefing the Attorney General, Deputy Attorney General, Advocate-General and his Assistants. Besides this, the Assistant Law Officer has also to attend Courts with the Counsels. At present about 100 Writ petition cases are pending before the High Court and Supreme Court.

جناب والا ! یہ بات بڑی important ھے ۔

3. The cases under the Industrial Disputes Act and various Ordinances have their own special legal implications due to the Statutory changes in the service conditions and relations between the employers and the employees.

4. The Assistant Law Officer on an average has to deal with 175 Court cases per month. Besides this, he is also called upon to express his views on about 300 cases per month, which are referred to him by Railway Board and various Departments of the Railway."

جناب والا ! یہ اقتباسات جو میں نے اس وقت پڑھے ھیں ان سے صاف ظاھر ھوتا ھے کہ ریلوے کے مقدمات دن بدن بڑھتے جا رھے ھیں ۔ ملازمین مقدمات کی وجہ سے روز مرہ مشکلات میں مبتلا ھو رھے ھیں ۔ غریبوں کی حالت یہ ھے کہ وہ مقدمات پر بہت روپیہ صرف کرتے ھیں اور دوسری طرف افسروں کی دوست نوازی میں کوئی فرق نہیں آتا ۔ کئی وکیل اس litigation پر پل رھے ھیں ۔ اپنے دوستوں کو مقدمات دیئے جاتے ھیں ۔ اور اپنے دوستوں کو نوازنے کے لئے مقدمے بنائے جاتے ھیں ۔ اور اسی لئے جناب والا ۔ یہ litigation ختم نہیں ھو رھی ھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member's time is over.

Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 48,20,000 on account of Oridinary Working Expenses—General Administration Total Yew Expenditure to reduced by Rs. 48,19,999.

منسٹر حمزہ (لائل پور ۶) : جناب سپیکر ! ایوان کے سامنے ابھی علامہ ارشد صاحب نے ایک privilege موشن پیش کیا تھا ۔ میں اس کے پیش کئے جانے کے حق میں نہیں تھا ۔ اس لئے کہ موجودہ بر سر اقتدار پارٹی کو صحیح معنوں میں میں ریپبلکن پارٹی کا وارث سمجھتا ہوں ۔ . . . . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : In the cases of cut motions the member cannot go outside the limits of the object for which he has given a cut motion. Even the form in which these cut motions have been given is irregular. He can not give cut motions in this form to discuss inefficiency, this or that, unless he points out a specific thing. But I am not taking objection to this course at this stage. He should therefore confine himself to the inefficiency and corruption etc. in Railways.

مسٹر حمزہ : جناب سپیکر ! جناب وزیر صاحب نے یہ فرمایا تھا ۔ کہ یہ جو ریلوے کا محکمہ ہے یہ خالص تجارتی ادارہ ہے۔ اور ایک تجارتی ادارے سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ اس کے منتظمین کوئی کام کرتے وقت اپنے ادارے کے مفادات کو پیش نظر رکھیں ۔ لیکن اس ادارے کی کار روائیوں سے ہمیں پتہ چلتا ہے ۔ کہ جب کبھی ہمارے ملک کے سربراہ سفر کرتے ہیں تو اس کی ایڈمنسٹریشن کے اہم اہلکار بلا ضرورت ان کے ساتھ سفر کرتے ہیں اور وہ جن جن سٹیشنوں پر جاتے ہیں ۔ وہ ان کے استقبال کا اہتمام کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ! ان تمام افسران کا اس اہتمام میں حصہ لینے سے ایک تو ہمارے ریلوے کے محکمے پر بے جا مالی بوجھ پڑتا ہے ۔اور دوسرے ہماری پبلک کو یہ شکایت ہے کہ ہمارے آفیشلز اپنے ماتحت عملے کی ناجائز کارروائیوں پر نگرانی نہیں کرتے ۔ بلکہ ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں ۔ یہ افسر جو اس قسم کے دوروں کا اہتمام کرتے ہیں اور ان کی غیر موجودگی میں ان کا ماتحت عملہ جس پر جو برائے نام کنٹرول ہوتا ہے ۔ وہ بھی ختم ہو جاتا ہے ۔ نتیجتاً محکمے میں inefficiency بڑھتی ہے ۔ اور corruption بڑی تیزی سے اپنا جال بچھاتی رہتی ہے ۔

جناب سپیکر ! چاہئے تو یہ تھا کہ منتظمین عام مسافروں کی تکالیف کی طرف غور کرتے ان کی تکالیف دور کرنے میں ہر وقت کوشاں رہتے ۔ لیکن انہوں نے اس کے بجائے جو نیا راستہ اختیار کیا ہے ۔ اس سے ہوتا یہ ہے کہ

سر براہ اور آفیشلز جب سفر کرتے ہیں۔ تو انکی پہلے ہی ناکارہ آنکھوں میں دھول ڈالنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس سے حکومت کے خزانے پر بوجھ پڑتا ہے۔ اور بدانتظامی میں اضافہ اس کا ایک اہم حصہ ہے۔ آپ کو علم ہے کہ لاہور پی۔ ڈبلیو۔ آر کا ہیڈ کوارٹر ہے یہاں صورت حال یہ ہے کہ لاہور ریلوے سٹیشن پر پورے پلیٹ فارم نہیں ہیں۔ ہمارے وزیر صاحب نے کہا تھا کہ ہماری گاڑیاں پہلے کی نسبت وقت پر چلتی ہیں۔ ان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ اکثر بار جب میں نے لائل پور سے لاہور کا سفر کیا تو گاڑی بادامی باغ ریلوے سٹیشن پر روک دی جاتی ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ لاہور سٹیشن کا کوئی پلیٹ فارم خالی نہیں ہوتا۔ اور یہ شکایت صرف لاہور میں نہیں ہے بلکہ اگر لاہور سے لائیلپورجائیں تو سانگلہ ہل اور چک جھمرہ ریلوے سٹیشنوں پر اکثر اس دقت کا سامنا ہوتا ہے۔ اس سیکشن پر گاڑیوں کی تاخیر کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ Heavy traffic کے باوجود انہوں نے اس طرف نہ تو لائن ڈبل کی ہے۔ اور نہ ہی نئے پلیٹ فارم بنائے ہیں تاکہ گاڑیوں کی تعداد کے مطابق وہاں انتظامات ہو سکیں۔ اس سے آگے اگر گوجرہ کا سفر کیا جائے۔ جہاں بہت سی گاڑیاں cross کرتی ہیں۔ وہاں چونکہ ایک ہی پلیٹ فارم ہے۔ جب ایک ٹرین وہاں سٹیشن پر پہنچ جاتی ہے۔ تو اس کو دوسری لائن پر بدلنے کے لئے گاڑی کو تقریباً ایک میل کا سفر آنے جانے میں طے کرنا پڑتا ہے۔ تو اس کے بعد دوسری گاڑی پلیٹ فارم پر لائی جا سکتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محکمہ ریلوے کا روپیہ فضول خرچ ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ مسافروں کو انتہائی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خاص طور سے بیمار اور بوڑھے لوگوں کو گاڑی میں چڑھنے میں بڑی دقت پیش آتی ہے۔

جناب سپیکر! ہمارے وزیر ریلوے بڑے بڑے دعویٰ ہمارے سامنے کرتے رہتے ہیں۔ کہ ہم نے مسافروں کی سہولت کے لئے فلاں فلاں سٹیشنوں پر کولر لگا دیئے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ہماری ریلوے ایڈمنسٹریشن نے کولر لگانے میں لاکھوں روپے صرف کئے ہیں۔ لیکن ان کی حالت میں ان کی اطلاع کے لئے بتا دوں۔ اور یہ ضرورت اس لئے درپیش ہے کہ وزراء کبھی بھی بہ‌نفس نفیس اکیلے خفیہ طور پر سفر نہیں کرتے۔ اور جب سفر کرتے ہیں۔ تو کئی دن پہلے پروگرام کا اعلان کر دیتے ہیں۔ اور بہت سے آفیشلز ان کی کمزور آنکھوں میں دھول ڈالنے کے لئے ان کے ہمراہ ہوتے ہیں۔ اور

سب کارروائی مصنوعی ہوتی ہے ۔ دراصل ہوتا یہ ہے کہ میں جتنی بار بھی لاہور سے لائیلپور آیا گیا ہوں ۔ میں نے ایک مرتبہ بھی کولر کو کبھی ٹھیک طریقے سے کام کرتے نہیں دیکھا ۔ اس سے ایک طرف تو وہ تمام خرچ جو technicians اور بجلی جو کولر چلانے میں صرف ہوتی ہے پر ہوتا ہے ، بیکار جاتا ہے ۔ اور دوسری طرف ریلوے ایڈمنسٹریشن نے جتنی investment کولر لگانے میں کی ہے ، بے کار جاتی ہے ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ۔ محکمہ ریلوے جس کے ذمہ اتنی Intricate مشینری کو چلانے کا کام ہے اگر اس کی ٹیکنیکل قابلیت کی یہ حالت ہے کہ کولر گرمی کے موسم میں بھی اچھے طریقے سے نہ چلا سکیں ۔ اگر کولروں کی زبوں حالی کا یہ عالم ہے ۔ تو پھر وہ قوم کے مفادات کی کس حد تک حفاظت کر سکتے ہیں ۔ ان لوگوں کا تو پیشہ ہی یہ ہے کہ وہ ہاؤس میں آ کر Permanent سروسز کی مدح سرائی کریں ۔ محکمہ کے وسائل کا غلط استعمال ۔ بد نیتی ۔ امانت میں خیانت کا یہ عالم ہے جیسے اس سے قبل عرض کر چکا ہوں کہ کنونشن پارٹی نے ریپبلکن پارٹی کو بھی مات کر دیا ہے ۔ جس کی وجہ سے وہ انتہائی بدنام تھی ۔ برسر اقتدار پارٹی نے اپنی کار گذاریوں سے ریپبلکن پارٹی کے ریکارڈ مات کر دیئے ہیں ۔ اگر آپ پشاور تشریف لے جائیں یا ان تمام علاقوں میں تشریف لے جائیں کہ جہاں صدر صاحب کنونشن مسلم لیگ پارٹی کے دو آنے کے ممبر کی حیثیت سے گئے ہیں ۔ آپ کو پتہ چلیگا کہ محکمہ ریلوے نے ان کے سفر کے لئے کتنے اہتمام کئے ۔ جس کے دیکھنے کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہماری ریلوے ایڈمنسٹریشن ایک تجارتی ادارہ ہے ۔ یا ایک سیاسی ادارہ ؟ جو ملک پر ایک خاص قسم کے طبقے کو ہمارے اوپر ٹھونسنے میں شامل ہیں ۔ اس لئے یہ تجارتی ادارہ نہیں ۔ بلکہ سیاسی ادارہ ہے ۔ اور سیاسی اغراض کے لئے اسے بری طرح سے استعمال کیا جاتا ہے ۔ میں ان معروضات کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز (لاہور ۔ ملتان ڈویژن) : صدر محترم ! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ میں کل کئی مرتبہ اٹھی تھی ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ مجھے موقع نہ مل سکا ۔ اور اس وقت eleventh hour پر اس بڑے محکمے کے متعلق زیادہ وضاحت سے عرض کرنا میرے لئے بڑا مشکل ہے ۔ خصوصاً جبکہ مجھے ایک محدود حلقے کے اندر کچھ کہنا ہے ۔ بہر حال اس وقت میں جو کچھ بھی ہو سکتا ہے ۔ وہ عرض کروں گی ۔

صدر محترم ! اس دن اپنے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا تھا کہ عام طور پر اس محکمہ کو منافع بخش یا فائدہ دینے والا محکمہ نہیں گننا چاہیے۔ یہ انہوں نے ٹھیک کہا کہ تمام دنیا کے ملکوں میں آمدورفت رسل ورسائل کے محکمہ کو ذریعہ آمدنی گنا نہیں جاتا اس لیے یہ کہنا کہ چونکہ آمدنی تھوڑی ہے اس لیے تو فلاں ضروری خرچ کیسے کیا جا سکتا ہے ۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ اگر آمدنی تھوڑی ہے تو وہ کیسے بڑھ سکتی ہے اور پھر نظریہ یہ ہونا چاہیے کہ جو بھی آمدنی وہ مسافروں کی سہولتوں کے لیے اور ان کو آسائش بہم پہنچانے کے لیے اور اپنے ملازمین کو زیادہ سے زیادہ خوش رکھنے کے لیے صرف کی گئی ہے مگر پیشتر اس کے کہ میں اس کے متعلق عرض کروں میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ریلوے منسٹر صاحب بہت قابل اور ہر طرح قابل عزت ہیں اور ان سے ہماری بڑی امیدیں وابستہ تھیں خصوصاً جب اس خاکسار نے یہ سنا تھا کہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ ایک قابل شخص کے ہاتھ میں آیا ہے تو میں سمجھتی تھی کہ ریلوے کا محکمہ ایک سال کے اندر بہت کچھ ترقی کر جائے گا ۔ یہ ہی نہیں بلکہ میں یہ بھی جانتی تھی کہ ریلوے کے افسران میں بہت سے ایسے قابل افسران بھی ہیں جو اس ڈیپارٹمنٹ میں کچھ نہ کچھ کریں گے کیونکہ انہوں نے دوسرے ممالک میں ریلوے کے انتظام کو جا کر دیکھا ہے اور دنیا میں جو ترقی ہو رہی ہے اس سے بخوبی واقف ہیں مگر میں آپ کی وساطت سے اپنے ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں کہ خدا جانے کیا ہو جاتا ہے کہ جب اس طرف کے صاحبان اس طرف جائیں تو ان کا رنگ بالکل بدل جاتا ہے اور وہ بھی اس پرانے فرسودہ ماحول میں جا کر اسی رنگ میں رنگے جاتے ہیں مجھے وحید خان صاحب سے یہ امید تھی کہ وہ اپنے vision, imagination initiative اور قابلیت سے اس محکمہ کو بالکل بدل دیں گے ۔ صدر محترم ! کیا ہمارے ملک میں ہمیشہ اسی طرح سے کام ہوتا رہے گا ۔ قومیں چل نہیں رہیں دوڑ نہیں رہیں وہ ہوائی جہاز کی رفتار سے شاہراہ ترقی کو عبور کر رہی ہیں ۔ بد قسمتی سے ہمارے جتنے بجٹ آتے ہیں وہ فرسودہ ہوتے ہیں جن کو دیکھ کر دل خون کے آنسو بہاتا ہے ۔

صدر محترم ! یہ خاکسار ایک مرتبہ سوئٹزر لینڈ میں تھی تو میں نے کسی جگہ جانے کے لئے فرسٹ کلاس میں سفر کیا ۔ کیا دیکھتی ہوں کہ تین چار کمروں میں سوائے میرے کوئی نہ تھا ۔ واپسی پر میں نے لوئر کلاس میں سفر کیا

میں یہ کوشش کرونگا کہ اپنے نقطہ نگاہ کی وضاحت کروں کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کے اندر جو خرابیاں ہیں انکے کیا وجوہات ہیں ۔ جناب والا۔ اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ اگر کسی ملک کی قیادت اور لیڈر شپ صالح اور دایانتدار اور راستباز ہاتھوں میں نہ ہو تو اس ملک کا ایڈمنسٹریشن کبھی صحیح رستہ اختیار نہیں کر سکتا یہ بنیادی چیزیں ہیں اور ہمیں کوشش کرنی چاہیئے کہ ان بنیادی چیزوں کو جب تک ہم حاصل نہ کر لیں گے اس وقت تک کوئی اصلاح کی صورت پیدا نہیں ہو سکتی ۔ دیکھنا یہ ہے کہ وہ اس قسم کی صحیح قیادت کس طرح سے پیدا کی جائے تو ظاہر بات یہ ہے کہ مسلمانوں کو کتاب و سنت کی روشنی میں راستبازی کی طرف رجوع کرنا پڑیگا ۔ جناب سپیکر ۔ دوسری اقوام عالم غالباً اسلام کے صحیح راستہ کو چھوڑ چکی ہیں ۔ دنیاوی ترقی تو ایک حد تک شائد کر سکتے ہیں لیکن اگر مسلمان ترقی کرنا چاہتا ہے اور وہ کتاب و سنت کے راستے کو چھوڑ دیتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ترقی تو ایک طرف رہی ۔ قوم پر وبال نازل ہوتا ہے اسکی جڑ کاٹ دی جاتی ہے اور صفحہ ہستی سے اسکو ملیا میٹ اور نیست نابود کر دیا جاتا ہے ۔ جناب اب میں اس موقعہ پر قرآن حکیم کی روشنی میں اقوام عالم کے عروج و زوال کا فلسفہ بیان کرونگا اور اسکی طرف توجہ دلانی چاہتا ہوں کہ وہ اس قسم کی دھوکا بازی اور بد دیانتیوں میں مبتلا ہوگئے تھے ۔ انہوں نے خدا کے احکام سے منہ موڑ لیا اور ذاتی اغراض میں مبتلا ہو کر رہ گئے تھے اور احکام الہیٰ کو بالائے طاق رکھ دیا تھا تو انکی حالت یہ ہوئی کہ ان پر خدا کا عذاب مسلط کر دیا گیا ۔ میں اپنے دوستوں کی توجہ اس طرف مبذول کرانی چاہتا ہوں کہ اللہ میاں کا کسی قوم کے ساتھ رشتہ نہیں ہے ۔ اللہ میاں نے ایک ضابطہ مقرر کر دیا اور جو اقوام اس ضابطے کی پابندی کرتی ہیں وہ اس دنیا میں بھی ترقی اور عروج کے منازل طے کرتی ہیں اور آخرت اور عاقبت میں بھی سرخ روئی اور نجات کی مستحق ہوتی ہیں ۔ میں آپکی خدمت میں قرآن کریم کی ایک مشہور آیت پیش کرنی چاہتا ہوں اسکی روشنی میں میں اپنے دوستوں کو دعوت فکر دیتا ہوں کہ پارٹی affiliation سے بالاتر ہو کر اس پر غور کریں اور اسکے بعد مطالعہ کر کے عمل کریں تو انکی مشکلات دور ہو جائیں گی اور جنرل ایڈمنسٹریشن کی corruption بد عنوانیاں ، ظلم اور بے انصافیاں جن کا تذکرہ میرے فاضل دوست ماسٹر خان گل کیا کرتے ہیں وہ چشم زدن میں دور ہو سکتی ہیں ۔

بسم‌الله الرحمن الرحیم

افتؤمنون ببعض‌الکتاب و تکفرون ببعض فما جزآء
من یفعل ذالک منکم الاخزی فی الحیوۃالدنیا
ویوم القیمۃ یردون الی اشد العذابO

یہ وہ آیت ہے قرآن حکیم کی جسکا پس منظر یہ ہے کہ بنی اسرائیل کے متعلق قرآن حکیم کے جو ابتدائی باب ہیں ان میں جن بد اعمالیوں کے سلسلہ میں چارج شیٹ کا ذکر کیا گیا ہے وہیں پہلے یہ ذکر کیا گیا ہے کہ یہ افضل ترین قوم تھی اس وقت اس دنیا میں اور اس میں اتنے بیشمار انبیائے کرام پیدا ہوئے اتنی عظیم‌الشان بادشاہت قائم ہوئی جس وقت تک وہ نیک اعمال کرتے رہے وہ عروج پر رہے لیکن وہی افضل ترین قوم جب بد اعمالیوں میں مبتلا ہوئی اور خدا کے احکام سے اس نے رو گردانی اختیار کی تو ذلت و رسوائی تباہی و بربادی آسپر مسلط کر دی گئی ۔ اس آیت کو پیش کر کے جناب والا ۔ میں پوری دل سوزی کے ساتھ پارٹی affiliation سے بالاتر ہو کر ایک بات اپنے دوستوں کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں جس سے ہمارے تمام ملکی اور دنیاوی مسائل حل ہو سکتے ہیں وہ یہ ہے قرآن کریم میں اللہ پاک کا حکم یہ ہے کہ اسلام کے اندر پورے کے پورے داخل ہو جاؤ ۔

یا ایھاالذین امنو ادخلوا فی‌السلم کافۃ

یہ قرآن کریم کی آیت ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو یہ حکم دے رہا ہے کہ اے مسلمانوں اسلام کے اندر پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اگر ہم اسلام کی تعلیمات کے مطابق ۲۴ گھنٹے کی زندگی بسر کریں گے اور اپنی ایڈمنسٹریشن ، اپنی سیاست اپنی حکومت اپنی تجارت اپنی معیشت اپنی معاشرت جہاں تک کہ چھوٹے سے چھوٹے کام سے لیکر بڑے سے بڑے کام کتاب و سنت کے مطابق انجام دیں گے تو اسلام میں شمار ہوں گے، اسلام میں شامل ہوں گے ۔ اسلام کی فیوض و برکات ہمیں حاصل ہونگی اور اگر یہ طرز عمل اختیار نہیں کرتے بلکہ تلاوت تو کرتے ہیں لیکن قرآن کریم کے مطابق اسکے بعد اسکے ایک ایک شوشے اسکی ایک ایک زبر اور ایک ایک زیر کی خلاف ورزی آپ کرتے ہیں آپ کا تعلیمی نظام کتاب و سنت سے ہٹا ہوا ہے ، آپ کا معاشی اور معیشی نظام قرآن و سنت سے ہٹا ہوا ہے آپ کا

معاشرتی نظام کتاب و سنت سے ہٹا ہوا ہے آپ کا سیاسی اور حکومتی نظام کتاب و سنت سے ہٹا ہوا ہے پھر ہم پر ذلت اور رسوائی مسلط نہ ہو تو کیا ہو ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم مسلمانوں کو پوری طرح سے اسلام میں داخل ہونا چاہئے اگر ہم اچھا طرز عمل اختیار نہیں کرتے بلکہ ہم آدھا تیتر اور آدھا بٹیر والا معاملہ اختیار کرتے ہیں ۔ بنی اسرائیل کی طرح جس طرح سے ان پر ذلت اور رسوائی مسلط کی گئی ہم بھی اس خداوندی عذاب سے نہیں بچ سکتے اس سے بچنے کی ایک شکل ہے کہ ہم پورے کے پورے اسلام کے اندر داخل ہوں ۔

اب جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صورت حال اب کیا ہے ہمیں جو معاشرتی نظام اسلام نے دیا ہوا ہے اس میں ہم دیکھتے ہیں حیا ہے شرم ہے پردہ ہے اور تمام قسم کی بے حیایوں سے بچنے کی بات ہے مخلوط اجتماعات کے متعلق کہا گیا ہے کہ ان چیزوں کو ختم کرنا چاہئے جیسے ناچ ۔ گانا ۔ فسق و فجور ۔ ثقافتی شو جو ہیں یہ ظاہر بات ہے کہ یہ کتاب و سنت کی تعلیمات سے ہٹے ہوئے ہیں ۔ ایک طرف تو ہم مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور دوسری طرف معاشرتی نظام ہے نہ صرف یہ کہ وہ کتاب و سنت سے ہٹا ہوا ہے ۔ اب جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم دین کے نام پر اور کتاب و سنت کے نام پر اس قسم کی ثقافت کو لانا چاہتے ہیں جس کو خدا اور اس کے رسول نے منع کیا ہے۔ ہم نہ صرف اس ثقافت کو اپنے ملک میں رائج کر رہے ہیں بلکہ اس ثقافت کو جو بالکل بے حیائی ۔ بے دینی اور تمام قسم کے فسق و فجور اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے اس کو دین اور کتاب و سنت کے نام پر اس ملک میں رائج کرنا چاہتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ہم دین کا منہ چڑا رہے ہیں ۔ ہم دین کی شکل کو مسخ کر رہے ہیں اس کی ہدایت سے ہم بھی علی‌الرغم ہیں ہم اپنے اس ملک میں اس کو جاری کر رہے ہیں اور اس کو نام دیتے ہیں کہ یہ خدا اور اسکے رسول کے احکامات کے عین مطابق ہے ۔ خدا کے بندو اگر ہم عین اسلامی معاشرت پسند نہیں ہیں تو پھر اس کا اعلان کرو لیکن خدا کیلئے جس کو دین نے پسند نہیں کیا ہے جس معاشرت کو دین نے کہا ہے کہ یہ غیر اسلامی معاشرت ہے اس کو دین کے نام پر خدا اور رسول کے نام پر اس ملک پر مسلط

کرنے کا تمہیں کیا حق ہے ۔ تمہارے ہاتھ میں اقتدار ہے تم ہر قسم کی بات جاری و ساری کر سکتے ہو لیکن یہ حق تمہیں نہیں ہے کہ دین کے نام پر خدا اور رسول کے نام پر اس قسم کی معاشرت اس ملک میں مسلط کرو۔ جو غیر دینی ہے۔ غیر اسلامی ہے اور خدا اور رسول کے غضب کو دعوت دینے والی ہے اسی طرح تعلیمی نظام کو لیجئے ۔ تعلیمی نظام جب تک اس بنیاد پر استوار نہ ہوگا ۔ دنیاوی نصاب کے ساتھ ساتھ ہم اپنے نصاب کے اندر لٹریچر اور کتب کے اندر اس قسم کا سامان پیدا نہیں کریں گے تو وہی ہوگا جو آجکل ہو رہا ہے کہ جو آدمی ہمارے سکولوں اور کالجوں سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں جہاں ایک طرف وہ ڈاکٹر ۔ وکیل اور سائنٹسٹ بنتے ہیں دوسری طرف وہ بے دین اور ملحد بن کر نکلتے ہیں ۔ کیا یہ خدا اور رسول کے احکام کی خلاف ورزی نہیں ہے۔ اسلامی ملک کے تعلیمی نظام کی بنیاد اس پر ہونی چاہئے کہ جب ایک ڈاکٹر scientist اور ایک وکیل بن کر نکلے تو وہ صالح ، پاکباز ، خدا سے ڈرنے والا مسلمان ۔ خدائی احکام پر عمل کرنے والا مسلمان بن کر نکلنا چاہئے ۔ (آوازیں آمین۔ آمین) جو قومیں اس قسم کا کام کرتیں ہیں ۔۔۔

Mr. Speaker : The items are general administration, administration of justice and public debt.

راؤ خورشید علی خان ۔ کیا جناب یہ جنرل ایڈمنسٹریشن نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : You may say education with reference to general administration.

میر نبی بخش خان زہری ۔ جنرل مذہب پر ڈسکشن کر رہے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارا تعلیمی نظام جو ہے وہ اس قسم کا ہے کہ ایک طرف ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے بھی خدا ترس ہوں نیک ہوں ، پاک باز ہوں ، خدا اور رسول سے ڈرنے والے ہوں بڑے مہذب ہوں ، با اخلاق ہوں لیکن اپنے سکولوں اور کالجوں کے اندر جس قسم کا نظام اور جس قسم کا نصاب تعلیم ہم نے رائج کیا ہوا ہے اس کی موجودگی میں جس قسم کے بچے پیدا ہو رہے ہیں انہیں دیکھ کر آنکھیں خون روتی ہیں اور ہمیں بڑا دکھ محسوس ہوتا ہے کہ جس ملک کو ہم نے بڑے بلند بانگ دعووں کے ساتھ حاصل کیا اس میں آج کیا ہو رہا ہے۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر ۔ میری درخواست ہے کہ پیر صاحب محمد زمان کو بھی موقعہ دیا جائے تاکہ وہ اپنا حق نمک یا وفاداری ادا کردیں ۔ بہر حال میں نے بتایا

ہے کہ معاشرتی نظام تعلیمی نظام اور اس طرح ہم یہاں اقتصادی نظام دیکھیں گے ۔ اقتصادی نظام کو ہی لیجئے اس کے لئے حدود و قیود مقرر ہیں اس طرح کمانا چاہئے اس طرح خرچ کرنا چاہئے اس میں شریعت نے حدود و قیود مقرر کر دیئے ہیں ۔ بڑی بات اس میں یہ ہے یہ سود سے مستثنیٰ ہوگا ۔ جناب والا ۔ سود کے متعلق بھی حرمت کا معاملہ ہے وہ اتنا سخت ہے ۔ اگر ہمارا دل اب مردہ نہ ہو جائے اس قسم کی آیتیں جو ہمارے سامنے آتی ہیں کہ جو لوگ سودی کاروبار کرتے ہیں انہیں خدا اور رسول کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے تیار ہونا چاہئے کیا میں یہ سمجھوں یہاں ہمارے بر سر اقتدار لوگ جو ہیں یہ خدا اور رسول سے بر سر جنگ ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم اپنی economy کو overnight change کر سکتے ہیں یہ خیال غلط ہے ۔ by stages اصلاح آئے گی میں یہ بات تسلیم کرتا ہوں لیکن وہ راستہ اختیار کرنا چاہئے ۔ لیکن مشکل تو یہ ہے کہ ہم وہ راستہ اختیار نہیں کرتے باہر اس قسم کی تاویلات کرتے ہیں ۔ ۔ ۔

میر یوسف علی خان مگسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ راؤ خورشید صاحب نے سود کے بارے میں فرمایا ہے یہ جو ممبران کو یہاں تنخواہ ملتی ہے بقول ان کے یہ بھی سود کی کمائی سے مل رہی ہے ۔ اس لئے ان کو مثال قائم کر کے تنخواہ لینے سے انکار کرنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order but may be a suggestion.

راؤ خورشید علی خان ۔ جناب والا ۔ کاش ! یوسف علی خان مگسی میری بات کو اچھی طرح سے سن لیتے میں نے کہا ہے کہ over-night اصلاح نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے وقت درکار ہے اور مجبوریوں کی ہم رعایت دینے کے لئے تیار ہیں اور اضطراری کیفیت میں تو حرام کھانے کی بھی اجازت ہے ۔ لیکن خدا کے بندو اس اضطراری کیفیت کو دور کرنے کی کوشش کرو ۔ ہمارا اعتراض یہ ہے کہ تم اضطراری کیفیت کو دور کرنے کی کوشش ہی نہیں کرتے ۔ خود بھی حرام کھاتے ہو اور ہم کو بھی حرام کھلاتے ہو ۔
(قطع کلامیاں)

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارا اقتصادی نظام مثلاً آپ دیکھتے ہیں کہ ہم سود ادا کرتے ہیں اگر واقعتاً ہم سود ادا کرنے پر مجبور ہیں تو ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاس اس کا کوئی جواز ہو جائے ۔

میر یوسف علی خان مگسی - یہ جو وکالت کی کمائی ہے تو کیا اس میں جھوٹ نہیں بولنا پڑتا ہے - آپ بھی وکالت کرتے ہیں کیا یہ حرام نہیں ہے ؟

Rao Khurshid Ali Khan : I never conducted a wrong or false case in my life. I challenge it. (hear, hear)

میری صرف آٹھ کیلہ زمین ہے - میں جاگیردار نہیں ہوں - میں حلال کھاتا ہوں - میں اس کو چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی ثابت کردے کہ میں نے ایک مقدمہ بھی جھوٹا لیا ہو اور کسی میں جھوٹی پیروی کی ہو لیکن آپ مجھے یہاں حرام کھلا رہے ہیں -

Mr. Speaker : There should not be a personal talk like this.

وزیر قانون (ملک قادر بخش) بتلاؤں ؟ میں بتلاؤں ؟ کہ تم کس قدر حرام ہضم کر گئے - ابھی پیٹ پھاڑ دوں تو نکل آئے گا - (قہقہہ)

راؤ خورشید علی خان - میں نے ملک قادر بخش کی طرح حرام پر گذر نہیں کی ہے - میں نے ان کی طرح اپنی سیاسی زندگی کے پینتیس سال حرام پر بسر نہیں کئے -

وزیر قانون - ابھی پیٹ پھاڑ دوں تو سارا حرام نکل آئے گا - بتلاؤں ؟ (قطع کلامیاں اور شور)

وہ مقدمات گنا دوں جس میں تم نے حرام کھایا ہے ؟ (شور)

راؤ خورشید علی خان - میں چیلنج کرتا ہوں - وہ ڈپٹی کمشنر جس کی آپ وکالت کر رہے ہیں اور جس کے دامن پر آپ نماز پڑھنے کو تیار ہیں میں اس کی بھی اصلیت جانتا ہوں - - - - (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : No discussion about the Deputy Commissioner. The member should come to the point.

راؤ خورشید علی خان - میں personal نہیں ہوں - جب یہ اس ڈپٹی کمشنر کے دامن پر نماز پڑھنا چاہتے ہیں تو میں نے کہا میں اپنے الفاظ کی معافی چاہتا ہوں - انہوں نے ہی مجھے اشتعال دلایا تھا - میں - - - -

A Member Time may be fixed.

Mr. Speaker : If I find that there are many speakers, then I will fix the time limit. Rao Sahib may please round up his last point.

راؤ خورشید علی خان - میں اپنی بات پر آتا ہوں تو حکومت کا نظم و نسق بھی خدا اور رسول کے نام پر ہونا چاہئے غیر ملکوں کو جو ہم سود ادا کرتے ہیں وہ شاید ہماری بیحد مجبوری کی وجہ سے اللہ تعالیٰ معاف

فرما دیں لیکن آپس میں ہم جو سود دیتے ہیں اس کا کیا جواز ہے ؟ در اصل ہم احکام خداوندی کی پرواہ نہیں کرتے ۔ یہ جو قرآن شریف میں آیا ہے کہ جو سودی کاروبار کرتے ہیں وہ خدا اور رسول سے جنگ کرتے ہیں ۔ ایک مسلمان جس کا ایمان و اعتقاد یہ ہے کہ یہ خدا کی کتاب ہے ۔ یہ الہامی کتاب اور وہ اس کی خلاف ورزی بھی کرتے رہیں اور جواز بھی پیش کرتے رہیں ۔ تعبیریں بھی پیش کریں تو کیا یہ جرم نہیں ہے ؟

اس کے ساتھ اقتصادی معاملہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ وقت ختم ہو گیا ہے ۔ جملہ پورا کر لیں ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ اقتصادی نظام میں جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اس کیلئے چاہے ہم کتنے ہی عیب اور کیڑے نکالیں اگر آپ دیانتداری اور محنت سے کام کرتے ہیں تو خدا اس کا اجر دے گا اس سلسلے میں جو لوگ اسلام اسلام کا راگ الاپتے ہیں ان کے لئے میں دیکھتا ہوں کہ اس ملک کے سب بڑے سربراہ سے لیکر ان وزراء تک تمام اسلام کا نام الاپتے ہیں مگر اس کے باوجود اقتصادی نظام کا حال یہ ہے کہ جو تفاوت تنخواہوں میں پایا جاتا ہے یہ خدا اور رسول کو ناراض کرنے والا ہے ۔ اس ملک میں اس قدر بے انصافی ہے ایک طرف لوگ اس قدر بڑی بڑی تنخواہیں لیتے ہیں کہ ان کے کتے تک ایسی غذا کھاتے ہیں جو ایک غریب کو عرصہ تک میسر نہیں ہو سکتی یہ اندھیر نہیں ہے تو کیا ہے ۔ ایک محدود طبقہ کو اس قدر آسائشیں فراہم ہیں اور دوسری طرف اس ملک کے وہ باعزت شہری ہیں جنہوں نے اس ملک کے حصول کیلئے ان بڑے بڑے آدمیوں سے کہیں زیادہ اپنا خون بہایا ہے آج ان کی حالت یہ ہے کہ انہیں کھانے کو روٹی ۔ پہننے کو کپڑا تک ٹھیک سے میسر نہیں ان کے بچے تعلیم اور طبی امداد سے محروم ہیں یہاں تک کہ بیماریوں سے تن تنہا جنگ کرتے کرتے وہ معصوم اپنے ماں باپ کو بلکتا چھوڑ کر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اپنے خدا سے جا ملتے ہیں جب تک یہ عظیم تفاوت اس ملک سے ختم نہیں ہوگا اس وقت تک اس ملک میں ان کا اسلام کا نام لینا بھی گناہ ہے ۔

مسٹر عبدالرازق خان (مردان ۔ ۳)۔جناب والا ۔ اس وقت مسئلہ زیر بحث یہ ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کیلئے supplementary demand میں جو رقم یہاں رکھی گئی اور جس کی منظوری ہم سے لی جا رہی ہے اس پر بحث کرنا

ہے اور اس امر کی ہمیں اجازت ہے کہ ہم وہ رقوم جو لوگوں کے ٹیکسوں سے جمع کی گئی ہے اور جو عوام کے گاڑھے پسینہ کی کمائی ہے اور جسے ہم افسروں پر خرچ کر رہے ہیں تو دیکھنا یہ ہے کہ آیا وہ صحیح خرچ بھی ہو رہی ہے یا نہیں ؟ جناب راؤ خورشید علی خان صاحب نے جذبات کے جوش میں بعض وہ چیزیں چھیڑی ہیں جو حقیقت سے تعلق رکھتی ہیں ۔ جہاں تک جنرل ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے میں اس کی نسبت یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ ہمارے جنرل ایڈمنسٹریشن کی حالت نہایت ناگفتہ بہہ ہے اور ضرورت ہے کہ اس کی طرف توجہ کی جائے (نعرہ تحسین) پاکستان بنائے جانے کی اصل غرض و غایت یہ تھی کہ پاکستان میں ایسی حکومت قائم ہوگی جس میں اسلام کی حکومت ہوگی قرآن کی حکومت ہوگی سنت کی حکومت ہوگی اور یہاں ہر پاکستانی کو انصاف ملے گا لیکن ہمیں یہ کہتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے وہ مقصد جس کیلئے پاکستان حاصل کیا گیا تھا اب وہ بہت دور ہو گیا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے سارے کے سارے افسر ہمارے سارے کے سارے ملازمین بے ایمان ہیں اور سارے ہی بد دیانت ہیں ۔ لیکن میں یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ ان کی اکثریت ایسی ہے جن سے عوام سخت نالاں ہیں ۔ اس چیز پر سخت نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ جو پیسہ خرچ ہو رہا ہے اور جو ہوگا وہ ٹھیک طرح سے خرچ ہو ۔ عام طور پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ جب کسی افسر کے خلاف اس کے بالا افسر کے سامنے درخواست دی جاتی ہے تو وہ بالا افسر اس افسر سے اس پر ''رپورٹ،، مانگتا ہے جس کے خلاف ایسی درخواست دی جاتی ہے ۔ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے ہی خلاف رپورٹ دے ؟ اگر ایسا نہیں ہے تو وہ بالا افسر اس کو اپنے محکمے کی prestige کا مسئلہ بنا لیتا ہے ۔ حکومت کی توجہ اس امر کی طرف کئی بار مبذول کرائی گئی ہے کہ آپ اپنی ایڈمنسٹریشن کی اصلاح کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزراء صاحبان کے پاس اتنے اختیارات ہوں کہ عوام کی طرف سے جو شکایات پیش کی جائیں وہ ان شکایات کا ازالہ کر سکیں ۔ اگر وہ اپنے اختیارات کو استعمال نہیں کر سکتے تو میرے خیال میں جنرل ایڈمنسٹریشن پر جو خرچ ہو رہا ہے وہ ضائع کیا جا رہا ہے ۔

عدالتوں میں انصاف ضرور ملتا ہے لیکن اکثریت ایسے مجسٹریٹ صاحبان کی ہے جو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہیں کہ کس طرح ان کے اہلکار اور نائب کورٹ رشوت سے جھولیاں بھر کر لے جاتے ہیں مگر وہ چشم پوشی کرتے

ھیں ۔ لہذا اس طرف ضرور توجہ دی جائے۔ جن لوگوں سے عوام نالاں ھیں مثلاً پٹواری ۔ پولیس کا سپاھی اور تھانیدار ھیں جو عوام کو تنگ کرتے ھیں اور جو بے حد راشی اور بد دیانت ھیں اگر ان کی تنخواھیں کم ھیں تو حکومت کو چاھئے کہ اسمبلی میں ایک ایسا منصوبہ پیش کرے جس سے ان کی تنخواھوں میں اضافہ ھو اور ان کو مراعات دی جائیں تاکہ وہ بد اعمالیوں سے رک جائیں اور یہ ملک ایک فلاحی ملک بن جائے اور حکومت کی نیک نامی ھو۔ لہذا اس طرف بھی توجہ دی جائے۔

اس کے بعد یہ گذارش کروں گا کہ ھمارے جتنے سی ایس پی افسران ھیں ان میں اچھے لوگ بھی ھیں ۔ ھمارے ڈسٹرکٹ سے ایک ڈی سی صاحب تبدیل ھوکر آئے ھیں اب ان کا مردان کے علاقے سے کوئی تعلق نہیں رھا دو اڑھائی سال جتنا عرصہ وہ مردان میں رھے میرے خیال میں وہ یادگار رھے گا۔ وہ عوام کی شکایات سنتے تھے ۔ ترقیاتی کاموں میں انھوں نے بہت مدد دی ۔ ایسے افسران تو واقعی قابل تعریف ھیں ۔ لیکن یہاں اکثریت تو ایسے افسران کی ھے جو اپنے آپ کو عام لوگوں سے بالا تر سمجھتے ھیں ۔ آپ ان کے ریکارڈ کا مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ انھوں نے عوام کے معاملات میں کہاں تک حصہ لیا ھے اور کیا وہ واقعی اپنے آپ کو عوام کا خادم سمجھتے ھیں ۔ پھر ان کی گھریلو زندگی کا مطالعہ کریں تو معلوم ھوگا کہ جو لوگ پانچ چھ سو روپیہ تنخواہ پاتے ھیں ان کے بچے ایچیسن کالج میں پڑھتے ھیں ان کی بیگم دو تین ھزار روپیہ خرچ کرتی ھے اور وہ جو سوٹ پہنتے ھیں انکی قیمت پانچ پانچ سو ھزار ھزار روپیہ ھوتی ھے اسلئے اس طرف توجہ دی جائے اور ایسے افسران سے باز پرس کی جائے کہ وہ کس طرح لاکھوں روپیہ کماتے ھیں اور انھوں نے کیسے اتنی بڑی بڑی کوٹھیاں بنا رکھی ھیں ۔ جب تک آپ اس طرف توجہ نہیں دیں گے اس وقت تک یہ حکومت عوامی حکومت نہیں کہلا سکتی ۔ حکومت کے لئے یہ ایک لمحہ فکریہ ھے اور اسے آسانی سے ٹال نہیں دینا چاھئے ۔

وزیر ریلوے کی جو میں نے تعریف کی تھی وہ اس لئے تھی کہ انھوں نے تسلیم کر لیا تھا کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن میں corruption ھے اور آمدن کم ھے نیز اس میں اصلاح کی ضرورت ھے لیکن جب انھوں نے کمیشن کا اعلان کیا تو میرے خیالات تبدیل ھو گئے ۔ ان حالات میں میں چاھتا ھوں کہ اصلاح کی ابتدا حکومت کی طرف سے ھونی چاھئے تاکہ پھر ھم سب مل کر کام کریں اور اس لعنت کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔

چودھری محمد انور (پارلیمنٹری سیکرٹری) - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ Supplementary Grants جو ۶۳-۱۹۶۲ میں تھیں اور جو charged expenses تھے ان میں تین مدیں تھیں

(*i*) General Administration
(*ii*) Administration of Justice
(*iii*) Public Debts

جن کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاھتا ھوں -

چونکہ General Administration کے لئے ایک علیحدہ دن مقرر کیا گیا ھے اس لئے اس پر تو اس دن بحث کی جائیگی - جہاں تک Supplementary Grants کا تعلق ھے General Administration کیلئے ۸۰ لاکھ روپیہ درج کیا گیا ھے یہ اس لئے ھے کہ ایم پی اے حضرات کے الاؤنس بڑھ گئے تھے اور ۳۰۰ روپے سے ۴۰۰ روپیہ ماھوار ھو گئے تھے اس لئے پچھلے سال سے اخراجات زیادہ ھو گئے ھیں - پھر پبلک سروس کمشن کی ایک post خالی تھی جب یہ post پر کی گئی تو اس کے اخراجات بھی برداشت کرنا پڑے - General Administration میں یہ دونوں خرچ کی مدیں ایسی تھیں جو نہایت ضروری تھیں -

اس کے بعد Administration of Justice ھے - ھائی کورٹ کی پشاور بنچ میں ایک جج کی جگہ خالی تھی - چنانچہ اس اسامی کو پر کرنے کے بعد جو اخراجات ھوئے تھے ان کو بھی Supplementary Grants میں لانا پڑا اور منظوری لینی پڑی - بالفرض اگر یہ اسامی پر نہ کی جاتی تو یہ کہا جاتا کہ ایڈمنسٹریشن نے delay کر دی ھے اور ایک جج مقرر نہیں کیا اور پھر اس پر اچھی خاصی تنقید شروع ھو جاتی - بہر حال یہ اسامی پر کی گئی اور اخراجات بڑھ گئے - میں سمجھتا ھوں کہ اخراجات کی یہ نہایت معقول رقم تھی اس لئے اس کا ھونا بھی ضروری تھا -

پھر Public Debts ھیں - اس مد میں کچھ رقوم قرض دی جاتی ھیں یعنی Advance کی جاتی ھیں - خواہ وہ حکومت کی طرف سے ھوں یا باھر کے ممالک کی طرف سے اور یہ وہ رقمیں ھوتی ھیں جو واپس کی جاتی ھیں - اس طرح ان کا اثر حکومت کے خزانہ پر نہیں پڑتا -

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بالکل legitimate اور جائز items ھیں - ان کے علاوہ جو دوسرے نقائص ھوں وہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر بحث کے دوران بیان کئے جا سکتے ھیں -

پیر علی شاہ (حیدر آباد - ٦) - حضور والا - ایوان کے سامنے اس وقت جنرل ایڈمنسٹریشن کی گرانٹ پر بحث ہو رہی ہے میں بھی اس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں - مجھ سے پہلے میرے دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرکے کافی روشنی ڈالی ہے اب میں بھی چند الفاظ میں General Administration کے اخراجات کی طرف اپنی حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - ایوان کے سامنے جنرل ایڈمنسٹریشن کی گرانٹ منظور ہونے کے لئے پیش ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بڑی اکثریت کے ساتھ یہ گرانٹ منظور ہو جائے گی - لیکن ایک حقیقت ہے جو میں عرض کروں گا - ہماری حکومت کی ایڈمنسٹریشن کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ یہ failure ہے - اس لئے میں حضور والا - کے سامنے چند مثالیں پیش کرتا ہوں -

خیر پور کی وادی میں ٹھیڑی ایک گاؤں ہے - اس میں محرم کے دنوں میں شیعہ سنی فسادات ہوئے - اور اس میں ایک سو سے زائد بے گناہ بیچارے مسلمان مر گئے - انہوں نے ایک دوسرے کو قتل کیا - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سے بری ہماری حکومت کی ایڈمنسٹریشن اور کیا ہو سکتی ہے - پولیس اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اس امر میں قطعاً ناکام رہے ہیں - اس کے بعد میرے دوستوں نے لاہور کا واقع بھی حضور کے سامنے پیش کیا ہے - لاہور میں جو شیعہ سنی فسادات ہوئے ہیں - اس میں ہماری حکومت کس حد تک کامیاب رہی ہے - اس کے علاوہ بدین میں کہ جہاں پر میرے خصوصی تعلقات ہیں وہاں بھی فسادات ہوئے تھے - لیکن ہم نے دیکھا کہ ان فسادات کو روکنے میں نہ ہمارے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کامیاب رہے ، نہ ہماری پولیس - جب ہماری ایڈمنسٹریشن کی یہ حالت ہو تو پھر اپنے افسروں اور اپنے محکموں پر اس قدر خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے - اور جیسا کہ میرے تمام دوستوں کو علم ہے کہ بالخصوص ہمارے سندھ میں چوری ، ڈاکہ ، ظلم زیادتی عروج پر ہے - لیکن کوئی بھی افسر نہ اس پر کنٹرول کر سکا ہے اور نہ کر سکتا ہے - یہ بھی جنرل ایڈمنسٹریشن میں انحطاط کا ایک پہلو ہے - جناب والا - رشوت کی حالت یہ ہے کہ اگر آپ اپنے افسران کو دیکھیں اور آپ ان کے حسابات کی جانچ پڑتال کریں - تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ایک ایک افسر نے اپنی ملازمت کے دوران کتنی کتنی ملکیت بنائی ہے - میرے سامنے حیدر آباد میں لطیف آباد موجود ہے - اگر وہاں شمار کیا جائے - تو وہاں پر عوام سے زیادہ افسروں کے بنگلے ہیں - لیکن انہوں نے وہاں پر یہ ہوشیاری کی ہے کہ وہ

املاک انہوں نے اپنے نام پر نہیں بنائیں ۔ بلکہ کسی نے اپنے بھائی کے نام بنائی ہیں ۔ تو کسی نے اپنی بہن کے نام ۔ اور کسی نے اپنے لڑکے کے نام پر بنائی ہیں ۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے ۔ بلکہ حقیقتاً یہ سب ان کی اپنی پراپرٹی ہے ۔

جناب والا ۔ بدین میں جو ملٹری آبادکار ہیں ۔ انہوں نے زمینداروں اور مقامی آبادیوں کی یہ حالت کر رکھی ہے کہ جب ان کی گندم کی فصل تیار ہوتی ہے تو اسے وہ اٹھا کر لے جاتے ہیں ۔ اُن کی جھونپڑیوں کو آگ لگا دیتے ہیں ۔ اور اُن کے water courses کو اپنی زمین کی طرف divert کر دیا ہے ۔ جس سے ان غریبوں کی فصل سوکھ گئی ہے ۔ انہوں نے پولیس ، حکومت اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی توجہ دلائی ۔ لیکن ظلم بدستور جاری ہے ۔ اور جو طاقت میں ہیں وہ ظلم کر رہے ہیں ۔ ان غریبوں کے پاس اور کیا چارۂ کار ہے ۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لونگا ۔ اور صرف اسی قدر عرض کرونگا کہ ہماری حکومت کی جنرل ایڈمنسٹریشن بالکل ناکام ہے مجھے اُمید ہے ۔ اور میری استدعا ہے کہ حکومت اس کی طرف توجہ کرے ۔ اور اپنی حکومت کو کلی طور پر شرع اور سنت کے مطابق چلائے ۔

میاں محمد شریف (پارلیمنٹری سیکرٹری) ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کے سامنے جو مختلف تقاریر اس ایوان میں کی گئیں ہیں ۔ اور ان تقریروں کے لئے آپ نے سب سے زیادہ وقت جو دیا ہے وہ میرے محترم بزرگ راؤ خورشید علی صاحب کو دیا ہے ۔ انہوں نے سب سے بڑا نعرہ جو بلند کیا ہے ۔ وہ " اسلام خطرے میں ہے " ۔ " اسلام خطرے میں ہے " کا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ اور مجھے اُمید ہے ۔ آپ کی ذات گرامی سے کہ آپ بھی میری معروضات کو زیادہ حوصلے، تحمل اور بردباری کے ساتھ سنیں گے ۔ جب کہ میں سنتا رہا ہوں ۔ (قطع کلامی) تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس اسلامی مجاہد اور اس اسلامی عالم نے کہ جس نے اس ایوان میں ایک عالمانہ تقریر کی ہے ۔ میں اس کے پس منظر کی طرف جانا چاہتا ہوں کہ جس ملک میں کھڑے ہو کر اور جس ملک کے ایوان میں کھڑے ہو کر یہ تقریر کرتے رہے ۔ جناب والا ۔ بیشتر حضرات کو علم ہے کہ یہ پاکستان ہے ۔ اور پاکستان کے حصول کے لئے راؤ صاحب اور ان کے ہم خیال لوگوں کا اس پاکستان کے متعلق کیا خیال تھا ۔ جناب پر واضح ہے کہ ان لوگوں نے پاکستان کو ایک غیر شرعی ملک قرار دیا تھا ۔

Mr. Iftikhar Ahmad Khan : Mr. Speaker, Sir he is irrelevant. It has nothing to do with the subject.

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary may please speak about the general administration.

Mian Muhammad Sharif : I am coming to the subject of general administration ; don't worry Nawabzada Sahib.

تو جناب والا ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لم تقولون مالا تفعلون یعنی کیوں ایسی بات کہتے ہو جو خود نہیں کرتے ۔ پاکستان مسلم لیگ نے حاصل کیا ہے ۔ اور قائد اعظم کی قیادت میں حاصل کیا ہے ۔ ایک ایسے لمبے تڑنگے انسان نے جو ڈاڑھی مونچھ منڈواتا تھا ۔ اس انسان نے یہ نعرہ بلند کیا کہ مسلمانوں کے لئے ایک ایسا ملک ہونا چاہئے کہ جس میں وہ اسلامی اور اپنے ہی دیگر طرزو طریقہ کی زندگی بسر کر سکیں ۔ یہ ان کے طرز عمل کا نتیجہ ہے ۔ تو جس جماعت نے اور جن لیڈروں نے ملک حاصل کیا ہے ۔ جنہوں نے اس ملک کو جنم دیا ہے ۔ وہ (راؤ صاحب) کے نزدیک سب ہی بے ایمان ہیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ آپ کا طرز فکر کچھ اور ہے اور ہمارا مکتبہ فکر اور ۔ آپ اسلام کو کسی اور طریقہ سے پیش کرتے ہیں ۔ اور ہمارے اسلامی دعوے کچھ اور ہیں ۔ اسلام آپ نے الاٹ نہیں کروایا ۔ اور نہ ہی اسلام آپ کی جاگیر ہے ۔ میں اس کو صحیح مسلمان سمجھتا ہوں کہ جو مصیبت کے وقت قوم کی خاطر مجاہدانہ طور پر سامنے آئے اور مصائب والام میں اپنے آپ کو گرفتار کروائے .... (قطع کلامی) میں صف اول میں تھا ۔ (نواب زادہ صاحب آپ نے مجھے دو تین مرتبہ interrupt کرنے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن میں نے آپ کو کبھی بھی interrupt نہیں کیا) ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ جو کچھ فرما رہے ہیں ۔ تو میں عرض کرونگا کہ ٹوڈیوں کے سامنے سجدہ ریز ہونے والوں کو یہ باتیں زیب نہیں دیتیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

Rao Khurshid Ali Khan : On a point of personal explanation Sir.

Mr. Speaker : After this.

میاں محمد شریف ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ۱۹۴۶ء میں جب شہری آزادی کی تحریک شروع ہوئی ۔ تو اس وقت جن لوگوں نے قربانیاں دی تھیں اور جنہیں سلاخوں کے پیچھے بند کیا گیا تھا ۔ اور جنہوں نے ملک کے لئے ہر طرح کی قربانیاں کی تھیں ۔ ان لوگوں میں ان کا نام تک نہیں ہے ۔ وہ جو ہم پر طعنہ زن ہیں ۔ آس طرف بیٹھنے والے جو اب ناصح مشفق بن کر میدان

میں آئے ہیں - انہیں تو حق ہی نہیں پہنچتا کہ وہ ہماری رہنمائی کریں - ہم اپنی طرف سے جو کچھ بھی بہتر سمجھتے ہیں کرتے ہیں - میں انہیں بتا دوں کہ آزادی کے بعد سابق پنجاب میں سب سے پہلی جو مسلم لیگ وزارت تھی اور نواب ممدوٹ صاحب کی حکومت تھی اور جہاں تک مجھے یاد ہے کہ میری آپا محترمہ بیگم شاہنواز بھی اس وقت پیش پیش تھیں - اس مسلم لیگی وزارت نے عورتوں کے حقوق کے لئے سب سے پہلا قدم یہ اٹھایا کہ اس وقت جائیدادوں میں ان کو ان کا حق دلانے کا قانون پاس کیا - سابق پنجاب میں چالیس ہزار mutations پڑے کے پڑے رہ گئے تھے - اور انہوں نے ان زمینوں کو تقسیم کیا - یہ سب سے پہلا کارنامہ مسلم لیگ حکومت کا ہے - جسے کوئی نہیں جھٹلا سکتا -

Mr. Speaker : It would be better if the member comes to the general administration. Otherwise I will not allow him to proceed.

Miss Muhammad Sharif : I am coming to that Sir. This is my last sentence.

جناب والا - اب میں صوبے کے عام نظم و نسق کی طرف آتا ہوں - اس ضمن میں میری گذارش یہ ہے - اور جیسا کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ اس ڈیڑھ سو سال کے عرصہ میں وہ غلامی کی زنجیریں جو انگریزوں کے وقت سے چلی آ رہی ہیں - انگریز چلے گئے مگر ان کی نشانیاں اب بھی لوگوں کی گردنوں میں موجود ہیں جو اتنی جلدی دور نہیں ہو سکتیں - یہ جو رشوت کا مرض ہے یا دوسری خرابیوں کے متعلق میرے احباب نے ذکر کیا ہے - میں کہتا ہوں آپ نشاندھی کیجئے - حکومت ہر وقت ہر صحیح نشاندھی اور ہر صحیح حقائق کی رہنمائی پر جس کی آپ نشاندھی کریں گے اس پر غور کرنے اور عمل کیلئے تیار ہے - لیکن میں اس کے حق میں نہیں ہوں کہ مخالفت برائے مخالفت کی جائے اور عملی قدم نہ اٹھایا جائے لیکن اگر کوئی شخص حکومت کو بدنام کرے تو وہ ایسا نہیں کر سکتا ہم ان سے بہادر مسلمان ہیں -

راؤ خورشید علی خاں - جناب والا - میں اپنے دوست شریف صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے موقع دیا کہ میں پاکستان کے سلسلے میں اپنی خدمات گنواؤں -

مسٹر سپیکر - آپ یہ بتائیے کہ آپ کس بات سے hurt ہوئے ؟

راؤ خورشید علی خاں - میں جناب والا - یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - - -

میاں محمد شریف ۔ میں آنریری مجسٹریٹ تھا اور ۲۱ دن قائد اعظم کے حکم سے جیل میں گیا ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ یہ ۲۱ دن کے لئے جیل گئے ۔ میں پانچ مرتبہ دو سال کے لئے جیل میں گیا ہوں اور میں بھی قائد اعظم کے حکم سے ہی گیا تھا ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں نے اپنے آپ کو شروع ہی مسلم لیگ سے وابستہ رکھا اس کے لئے قید و بند کی سختیاں جھیلیں اور ۵ مرتبہ تقریباً دو سال کے لئے جیل گیا ۔ جس وقت پنجاب میں خضر حیات کی حکومت یونینسٹ پارٹی کے تحت آئی تو اس وقت بھی میں قائد اعظم کے حکم کے مطابق دو مہینے کے لئے جیل گیا اور یہ میں نے اس وقت کیا جب یونینسٹ regime اور انگریزوں نے پاکستان کے قیام کی راہ میں بیشمار رکاوٹیں پیدا کیں ۔ لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ میں نے مسلم لیگ کو چھوڑ کر جماعت اسلامی کے ساتھ کیوں رشتہ قائم کیا ۔

Mr. Speaker : But he has not referred to جماعت اسلامی in his speech.

راؤ خورشید علی خاں ۔ میں یہ personal explanation دے رہا ہوں کہ میں نے کیسے کیسے قربانیاں دی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو ہسٹری بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

This is irrelevant at this stage.

راؤ خورشید علی خاں ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جماعت اسلامی نے ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

راؤ خورشید علی خاں ۔ پاکستان کا مقصد Islamic Ideology ہے ۔ تو میں یہ کہتا ہوں کہ ان لوگوں نے نظریہ پاکستان کو چھوڑ دیا ہے اور اب بھی میں اسی نظریہ پر قائم ہوں اور انشاءاللہ اسی نظریہ پر لوگوں کو لانے کی کوشش کرتا رہوں گا ۔

Mr. Speaker : It is alright. The Member may now resume his seat.

(*ii*) *Voting of Supplementray Demands.*

(DEMAND NO. 1)

Mr. Speaker : The Minister may now move the demand.

Minister of Agriculture and Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir, I move :

That a supplementary sum not exeeeding Rs. 93,57,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Forests,

Mr. Speaker : The motion moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 93,57,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1963, in respect of Forests.

There are certain cut motions relating to this demand and the first one is by Mr. Muhammad Hanif Siddiqi. As the member is not present the motion lapses. The next one is by Mr. Saadi and he may move it.

Amir Habib Ullah Khan Saadi (Lyallpur IV) : Sir, I move :

That the total of Rs. 93,57,100 on account of 10—forests—total New Expenditure be reduced by Rs. 93,57,099.

جناب صدر ۔ میں نے یہ تخفیف اس ضمنی مطالبہ میں اس رشوت ستانی ، بد عنوانی ، صرف بیجا اور نااہلیت کے باعث پیش کیا ہے جو محکمہ جنگلات میں روزمرہ دیکھنے میں آتی ہے ۔ اور کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے ۔ اس سلسلے میں جناب ضمنی طور پر یہ گذارش کروں گا کہ اسمبلیوں کو تمام میزانیہ کے تقریباً ۱۰ فیصدی حصہ پر ووٹ دینے کا حق ہے اور تقریباً ۹۰ فیصدی حکمران اور ملازمین حسب دلخواہ کرتے ہیں ۔ گویا ۹۰ فیصدی اخراجات کو رموز مملکت بنایا جائیگا تو میں عرض کرونگا کہ ۱۰ فیصدی اختیارات تو محدود ہو گئے کیا آج اس کو جمہوریت کہا جاتا ہے جس کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے ۔ اس ضمن میں ہمارے موجودہ دور کو زیادہ واضح طور پر سمجھا جا سکتا ہے ۔ اگر میں فرانس میں جنرل ڈیگال کی حکومت کے متعلق وہاں کے ایک مفکر نے جو کچھ کہا ہے وہ میں جناب صدر ۔ کی اجازت سے ایوان کے سامنے پیش کروں ۔

"ہر زمانے میں انسانوں نے جماعتیں بنانے کی ضرورت کو محسوس کیا ہے تاکہ وہ اجتماعی طور پر عمل کر سکیں ۔ باہمی مبادلہ افکار کر سکیں یا اس طرح کسی خاص مکتب فکر و رائے کو عام کر سکیں ۔

یہ ذہنی اور روحانی ضرورت جس کی تکمیل ایک صحیح جمہوریت میں کافی آسان ہوتی ہے کسی آمرانہ حکومت کے تحت نہ صرف زیادہ ضروری ہو جاتی ہے بلکہ زیادہ تکلیف دہ اور خطرناک بھی ہو جاتی ہے ۔ لیکن آمرانہ حکومت میں اس ضرورت کو جو خطرہ درپیش ہوتا ہے وہ محض بدنی اور مادی ہوتا ہے اور اس کا علاج عزم و ہمت اور حوصلہ مندی سے ہو سکتا ہے ۔

لیکن آمریت و جمہوریت کے علاوہ ایک تیسری طرز حکومت بھی ہے جو ان دونوں کے پیوند سے برآمد ہوتی ہے ۔ اس دوغلے اور پیوندی نظام کے تحت ذہنی اذیت حیرت انگیز طور پر انتہا کو پہنچ جاتی ہے کیونکہ کسی ذہن کے لئے

ایک جابر حکمران کی مذمت کر دینا کوئی پیچیدہ مسئلہ نہیں ہے لیکن ایک نیم جمہوریت کے تحت جو رموز مملکت reasons of state بڑے تکلف اور تصنع سے بر سر عام پیش کئے جانے کا ادعاً کیا جاتا ہے ان کی تردید کرنا انتہائی پیچیدہ معاملہ بن جاتا ہے۔

جناب والا ۔ اس محدود حق کے استعمال کے وقت جب ہم عجیب و غریب جمہوریت کے سورج کے داغ گنوانے شروع کرتے ہیں تو اس پر بھی ملازمین حکومت کے سرخیل یعنی وزرا بجائے اس کے کہ محکمہ کی خامیوں کو دور کریں وہ اس پر پردہ پوشی کی پوری کوشش کرتے ہیں اور اپنا سارا زور خطابت پر خرچ کرتے ہیں ۔ مثال کے طور پر میری تحریک تخفیف رائج الوقت بد عنوانیوں ، غبن اور زیان کے متعلق ہے ۔ ہمارے اس محکمہ کے سربراہ اکثر اپنے وعدوں میں یہ فرماتے ہیں کہ جنگلات ایک قومی دولت ہیں ۔ لیکن جس بے دردی کے ساتھ اس قومی دولت کو شیر مادر کی طرح ہضم کیا جا رہا ہے اس کی نہایت ہی ٹھوس اور واضح مثالیں محترم وزیر جنگلات کے پاس گذشتہ ایک سال سے لائی جا رہی ہیں ۔ پر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے نہ صرف اغماض برتا ہے بلکہ عمداً اس کی پردہ پوشی کرنے کی کوشش کی ہے ۔ گذشتہ میزانیہ کے اجلاس کے فوراً بعد ہی محترم وزیر کی اطلاع میں چند ایک ٹھوس مثالیں لائی گئی تھیں محترم وزیر نے ان کو چند روز ٹالنے کے بعد اس کو کہہ دیا کہ تم تو میرا وقت ضائع کرتے ہو ۔ ہمارے پاس اس کا تمام ثبوت اب تک موجود ہے تو آپ اندازہ فرمائیے کہ ایک سال کے اندر جب معاملہ وہیں کا وہیں رہے تو چور اپنے پاؤں کے نشانات ضائع کرنے میں کیونکر کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ محترم وزیر صاحب نے مجھے ایک خط لکھا کہ میں نے اخبار میں فلاں فلاں خبر پڑھی جنگلات میں خورد برد کی اس میں تمہارا نام آیا اگر یہ کوئی اور شخص ہے جو میرے پاس پہلے نہیں آیا تو مجھے اس کی اطلاع دو اور اگر یہ وہی شخص ہے تو اس کے پاس کوئی ثبوت نہیں اور محترم وزیر صاحب نے اس خط میں یہ فرمایا کہ میں نے محکمہ Anti-corruption کے ایک افسر کو اس شخص کے ساتھ کر دیا کہ وہ دریافت کرے ۔ حالانکہ میں چیلنج کرتا ہوں وزیر صاحب کو کہ انہوں نے صریحاً غلط بیانی سے کام لیا ۔ کسی انٹی کورپشن والے کو اس وقت جب شکایت کی گئی تھی تو یہ کام سپرد نہیں کیا گیا تھا اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ پہلی بار اس ۱۷ جون کو وہ انٹی کورپشن والے صاحب ایک سال کے بعد آتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ کیا شکایت ہے ہم کو بتاؤ تو سہی کچھ تو بتاؤ دو چار سطحی باتیں پوچھ کر چلے

جانتے ہیں کہ بھئی اس کی تفصیل ہم بعد میں پتہ کر لیں گے تو جناب والا ۔ غور فرمائیے کہ جب اونچے ملازمین کے طبقہ میں پردہ پوشی اور اغماض کا یہ عالم ہو تو محکمہ میں کس طرح اصلاح ہو سکتی ہے ۔ اور وہ بے انتہا دولت جو سرکاری خزانہ میں جمع ہونی چاہئیے تھی اس کو ضائع ہونے سے کس طرح بچایا جا سکتا ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ نہ صرف محترم وزیر جنگلات بلکہ دوسرے محکموں کے متعلق بھی اگرچہ میری تحریک تخفیف سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے عام روش یہ ہے کہ جب غبن بد عنوانی اور رشوت کا طوفان ان کے سامنے پیش ہوتا ہے تو یہ شتر مرغ کی طرح گردن اپنی ریت کے اندر چھپا لیتے ہیں ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایسی صورت حال درست نہیں ہو سکتی ۔ جناب عالی ۔ جنگلات کے بیش بہا ذخیرے جن پر کروڑوں روپیہ خرچ ہوتا ہے اور سال ہا سال سے ایسے ہو رہا ہے وہ کس طرح ضائع ہوتے ہیں ۔ میں ان کی زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا ۔ صرف یہ کہ جنگلات کے ذخیروں میں سے ناجائز کٹائی ہوتی ہے ، ٹھیکہ داران ۔ افسران اور ان کے ماتحت سب ایک gang کی صورت میں اس لکڑی کو خورد برد کرتے ہیں بلکہ پی ڈبلیو ڈی اور محکمہ نہر کے درخت سڑکوں اور نہروں کے کنارے درخت ان کے حوالے ہوتے ہیں اور پچاس پچاس سال پرانے درخت جو میلوں تک پھیلے ہوئے تھے وہ اس وقت ختم ہو چکے ہیں اور ان کی قیمت کا دسواں حصہ سرکاری خزانے میں جمع نہیں ہوا ۔ یہ کاروبار ایک نہایت ہی عظیم scandal کی صورت اختیار کر چکا ہے ۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ محکمہ محض دفتری کارروائی کرنے کے لئے قائم ہے ۔ دراصل یہ تمام لکڑی پاکستان کے اس صوبے کی دولت نہیں ہے بلکہ ملازموں کے باوا کی جاگیر ہے ۔ اب جب کسی چھوٹے ملازم پر کوئی حرف آتا ہے یا وہ کسی معاملے میں پھنس جاتا ہے تو اوپر کے افسر اس کو پورا cover دیتے ہیں اور وہ اس معاملہ کو اس طرح گول کرتے ہیں کہ نہ کوئی عدالت اس میں مداخلت کر سکتی ہے اور وزیر صاحبان تو ویسے ہی بے بس ہیں ۔ مجھے یاد آ گیا اور شائد وہ روایات اب تک زندہ ہیں ۔ اگر وزیر صاحب یہ تکلیف کریں اور ان کو اپنے کام کا تھوڑا سا احساس ہو تو ان کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ روایت اب تک زندہ ہے ۔ ایک سابقہ وزارت کے دور میں ایک وزیر جنگلات تھے میں ان کا نام نہیں لینا چاہتا تو ایک جگہ دس مربعہ زمین کی ناجائز کاشت ہو رہی تھی جو زمین جنگلات کی ملکیت تھی وہ ناجائز کاشت ایک سپروائزر نے اپنی رپورٹ میں لکھ دیا کہ یہ زمین leese پر دی گئی ۔ معاملہ ایسا ہی ہے اور ایسے معاملے کئی سالوں سے ہو رہے ہیں ۔ تو وزیر

صاحب کو اس نے کیا شکایت کرنی تھی ان کے افسران بالا سے کئی افسر بجائے اس کے کہ وہ تحقیق کرتے یا شاباش دیتے انہوں نے اس کو ۲۴ گھنٹوں کے اندر برخواست کر دیا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس وقت جنگلات کے چھوٹے بڑے سب افسر نیچے تک ان لوگوں سے ملے ہوئے تھے اور میں چونکہ کسی شخص کے خلاف ذاتی پرخاش نہیں رکھتا اس لئے نام نہیں لیتا اور وہ اب تک تمام غبن کرنے والے افسر اس کی توثیق کر چکے ہیں ۔ یہ روائیت اب بن چکی ہے کہ جو بد دیانت ہے نکما ہے وہ ترقی کر سکتا ہے اور دیانت دار کو ضمنی کام میں لگا دیا جاتا ہے اور وہ کبھی آگے نہیں بڑھتا ۔ یہ سوال ہے کہ بد دیانت لوگ کیوں ترقی کرتے ہیں اس کا جواب تو وزیر صاحب ہی دے سکتے ہیں ۔ دوسری جناب تحریک تخفیف کے متعلق میری دلیل یہ ہے کہ جو ضمنی میزانیہ پیش کرنے کی رسم چل نکلی ہے یہ کچھ زیادہ اس سے تکلف کیا جا رہا ہے ۔ سابقہ ضمنی میزانیہ چھ کروڑ کے لگ بھگ تھا ۔ یہ میزانیہ تقریباً انیس کروڑ ہے تو اگر مالیات اور محکمہ خزانہ کے جو ماہرین ہیں تو وہ دوسرے ملکوں کے مالی اور خزانے کے ذمہ دار افسروں اور وزیروں کی تحریروں کو جب پڑھیں گے تو یہ دیکھیں گے کہ ہر ماہر نے اس رجحان کو انتہائی غلط اور نقصان دہ قرار دیا ہے کہ سپلیمنٹری بجٹ پیش کئے جائیں ۔ اس میں جناب والا ۔ تین چار خرابیاں ہیں ۔ ایک تو بڑا نقص یہ ہے کہ منصوبہ بندی اور پیش بینی کا انتہائی فقدان ہے پھر اس میں کوئی محنت نہیں کی جاتی جس سے اخراجات بڑھ جاتے ہیں اور دوسرے یہ کہ فضول خرچی کی طرف رجحان بڑھتا ہے ۔ تیسرے یہ ہے کہ اخراجات پر کوئی قابو نہیں رہتا ۔ یہ آپ یہاں کی لائبریری سے دیکھ سکتے ہیں کہ فرانس میں یہ رجحان سال بہ سال بڑھتا چلا گیا اور اخراجات پر کوئی قابو نہ تھا ۔ جتنے میزانیے پیش کئے جاتے تھے اس کا نتیجہ سوائے اس کے کچھ نہ ہوا کہ فرانس تباہ ہو گیا ۔ وہاں کوئی وزارت کوئی حکومت دیر تک قائم نہیں رہ سکتی تھی ۔

جناب والا ۔ میں ان تمام گذارشات کے بعد تخفیف زر کی تجویز پیش کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ اس رجحان کو ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 93,57,100 on account of 10-Forests—Total New Expenditure be reduced by Rs. 93,57,099.

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش) ۔ معزز سپیکر ۔ میں معزز دوست کا مشکور ہوں کہ انہوں نے کٹ موشن لاکر صرف میری ہی توجہ نہیں دلائی بلکہ

میرے محکمہ کی توجہ بھی دلائی ہے ۔ میں بہت سی باتوں سے ان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں کہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ میں کچھ بے اعتدالیاں ہوتی رہیں ۔ کچھ روکاوٹیں ہم پیدا کرتے رہے ۔ میں ان کی توجہ بے بسی کی طرف دلاتا ہوں جو معاشرے نے ان کے لئے اور ہمارے لئے پیدا کر رکھی ہیں ۔ ملازم یا غیر ملازم تجارت میں یا کاروبار میں سب اس رجحان زر اندوزی میں پڑ گئے ہیں لیکن اس حکومت نے اسی سال میں فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے بہت سے ملازمین کو ، اور میں کہہ سکتا ہوں کہ کسی حکومت نے گذشتہ بارہ سال میں مجموعی طور پر ، اتنی سزائیں نہیں دلائی ہوں گی جتنی ایک سال میں آپ کی اس نیاز مند حکومت نے ان کو دلائی ہیں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) میں اب بھی کہتا ہوں کہ یہ وہ دولت جس کو لٹتے ہوئے دیکھ کر دل دکھتا ہے لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ اگر لاہور سے یا کراچی سے براستہ لاہور پشاور جائیں آپ کو کچھ نظر آئے گا کہ محکمہ جنگلات نے کچھ کام کیا ہے ۔ اگر آپ تھل کے علاقہ میں جائیں جہاں پہلے گھاس بھی نہیں ہوتا تھا اب آپ کو میلوں جنگلات ملیں گے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) با ایں ہمہ میں فخر سے نہیں کہہ سکتا کہ وہ کام جو ہونا چاہئے تھا اس قلیل عرصہ میں ہم نے کر ڈالا ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ سال ہم اس سے زیادہ ترقی پر ہوں گے ۔ لیکن ایک چیز جس کا مجھے اس تحریک پر شکوہ ہے وہ یہ ہے کہ وہ چیز جس کے لئے میں مستحق تعریف تھا اس کو سعدی صاحب نے شکوہ میں تبدیل کر دیا ۔ واقعات یوں ہیں اور سعدی صاحب بے شک الٹ کر کہہ سکتے ہیں کہ وزیر غلط بیانی کر رہا ہے اور میں کہہ دوں گا کہ وہ سچے ہیں ۔ جناب ایک نوجوان ایک دن میرے پاس آیا کہنے لگا کہ میں جناب جنگلات کے غبن پکڑوا سکتا ہوں ۔ جنگلات میں اندھیر مچا ہوا ہے ۔ میں نشان دہی کر سکتا ہوں ۔ جہاں مال پڑا ہے ۔ جن کے پاس بکا ہے کیا آپ میری امداد کریں گے ۔ میں نے کہا اسی وقت ایک منٹ ضائع نہیں کروں گا ۔ اس نے کہا میں حاضر ہوں ۔ میں نے ڈائرکٹر اینٹی کرپشن چودھری محمد حسین کو فون کیا وہ اسی وقت میرے دفتر میں آ گئے ۔ میں نے کہا اس نوجوان کا بیان لکھو اور کوشش کرو کہ اس کا نام ظاہر نہ ہو ۔ لیکن اس سے معلومات حاصل کر کے فوری کوشش کرو اور چھاپے مارو اور ملزمان کو پکڑو ۔ کہیں اگر مال ملے تو اس کو بھی پکڑو ۔ اب میں یہ نہیں کہہ سکتا ہوں کہ وہ اسے کار میں بیٹھا کر لے گئے یا پیدل لے گئے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کو لے گئے ۔ ایک دن کے بعد مجھے چودھری محمد حسین نے کہا کہ وہ کوئی definite بات کوئی definite ملزم کوئی definite جگہ نہیں بتلاتا اور معلوم

ہوتا ہے کہ وہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کا ایک dismiss شدہ آدمی ہے ۔ وہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کو بدنام کرتا ہے اور کوئی چیز نہیں بتاتا ۔ میں اس پر چپ ہو گیا اور میں نے کہا اگر وہ کوئی خبر نہیں دیتا میرا اس میں کیا حرج ہے ۔ کچھ دنوں بعد خواجہ صفدر صاحب کے پاس ایک پمفلٹ تھا جس میں کچھ allegations تھے کہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ میں ہزاروں درخت کاٹے جا رہے ہیں اور جنگلات کا صفایا ہو رہا ہے ۔ ملازمین سرکار اس میں شامل ہیں لیکن پھر بھی اس میں خاص definite بات نہ تھی ۔ خواجہ صفدر صاحب نے مجھے وہ پمفلٹ دکھلایا میں نے کہا کیا یہ وہی آدمی تو نہیں جو میرے پاس آیا تھا ۔ دیکھا تو وہی آدمی تھا ۔

جناب والا ۔ کچھ عرصہ کے بعد میرے معزز دوست سعدی صاحب کی ایک چٹھی میرے پاس آئی کہ اس طرح محکمہ میں غبن ہیں اور درخت کاٹے جا رہے ہیں ۔ میں نے فوراً جواب دیا کہ میں آپ کا مشکور ہوں اگر آپ کے پاس وہ چٹھی ہے اسے پڑھ کر سنا دیں ۔ میں تو یاد داشت سے کہہ رہا ہوں ۔ میں مشکور ہوں کہ آپ نے میری توجہ اس طرف دلائی ۔ ایک شخص میرے بھی پاس آیا تھا اگر یہ وہی شخص ہے تو یہ پہلے بھی کچھ نہیں بتلا سکا لیکن اگر کوئی اور آدمی ہے تو میں آپ کا مشکور ہوں گا اگر یہ کوئی definite چیز اور کچھ امداد دے سکے ۔ لیکن میں نے ایک منٹ نہیں لگایا اور سعدی صاحب کو جواب دیا ۔ کیا یہ میرا حق نہ تھا جناب سعدی صاحب پر وہ میرے letter کو acknowledge کرتے ۔ میرا حق تھا اور آج تک میرا حق ہے ۔ وہ آج یہاں بحث کرنے سے پہلے میرے پاس آتے یا مجھے بلا لیتے کیونکہ میں ان کی شایان شان نہیں سمجھتا کہ وزیر ان کو بلائے اور وہ آئیں۔ لیکن وہ مجھے بلا لیتے ۔ میں خود ان کی خدمت میں حاضر ہو جاتا اور explain کرتا ۔ آج اس ہاؤس میں اٹھ کر کہتا ہوں کہ اجلاس کے برخواست ہونے سے قبل اگر یہ مجھے فرمائیں کہ فلاں جگہ مال پڑا ہے میں اسی وقت جیپ میں پولیس کو بٹھلا کر دو بجے سے پہلے چھاپا ماروں گا اور آدمی جیل کے اندر ہوگا ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) میں درخواست کر رہا ہوں کہ یہ میرے جنگلات نہیں یہ آپ کے جنگلات ہیں ۔ آپ کی قوم کے جنگلات ہیں ۔ قوم کی دولت کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ ہم اس میں رکاوٹ بھی پیدا کر رہے ہیں ۔ میں صفائی پیش نہیں کر رہا ہوں ۔ میں اپنی بے بسی پیش کر رہا ہوں ۔ آپ کی امداد جب تک نہ ہوگی ۔ آپ کے حکم کے ساتھ ہم کیسے ملازمین کو پکڑیں آپ کی امداد

صرف چٹھی لکھ دینے سے کافی نہیں ہوگی ۔ میں جناب والا۔ آپ پر نکتہ چینی نہیں کر رہا میں آپ سے بھیک مانگ رہا ہوں کہ ہمیں امداد ہو ۔ جب کوئی چیز ہو تو definite چیز کی طرف ہماری توجہ دلائیں ۔ آپ کا نام بھی میں ظاہر نہیں کرونگا ۔ آپ بتائیں کہ فلاں جنگل فلاں جگہ اور فلاں ٹرک یا فلاں گاڑی میں مال پہنچا ہے ہم انشاءاللہ گاڑی راستے ہی میں روک لیں گے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) عرض یہ ہے کہ اگر میں وہ چیزیں سناؤ کہ اس فارسٹ ڈیپارٹمنٹ میں بغیر عملہ کی امداد کے میں نے کہاں تک رکاوٹ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے تو وہ خود ستائی ہوگی ۔ لیکن اگر کوئی صاحب میرے دفتر میں آئیں تو میں فائلیں منگا کر دکھاؤنگا نہیں تو خلاصہ بتلاؤنگا کہ کتنے آدمیوں کو سزائیں دلائی گئیں ۔ کتنوں نے غبن کیا تھا اور کتنوں نے نقصان پہنچایا تھا اور کئی ایک بچ بھی گئے ہونگے جناب ۔ میں سعدی صاحب سے کہونگا کہ میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے توجہ دلائی ہے ۔ میں معافی مانگتا ہوں اگر ان کے دل میں یہ خیال ہے کہ میں نے اس پر ویسی توجہ نہیں دی۔ میں نے ہاؤس کے سامنے اپنا کیس رکھ دیا ہے میں پھر آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم سب کا مشترکہ فرض ہے ۔ آپ کا فرض تھا میری توجہ دلانا اور میرا فرض ہے کان دھرنا ۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے یہ کٹ موشن لاکر جائز طور پر مجھ پر اور میرے محکمے پر ایک تازیانہ لگایا ہے اور انشاءاللہ مجھے آئندہ اس سے بھی زیادہ چوکنا پائینگے اور اگلے سال جب آؤنگا تو آپ اگر فہرست مانگینگے تو میں فہرست بھی بتلا دونگا کہ کتنوں کو سزائیں ملیں اور کتنی آمدنی بڑھی ۔ میں یہ بھی بتلا سکتا ہوں کہ پہلے ہر ایک کیوبک فٹ پر کیا آمدنی تھی اور اب کتنی بڑھ گئی ہے ۔ پہلے کون کون سے جنگل خسارے میں تھے اور اب کتنی آمدنی بڑھ گئی ہے ۔ میں سب کچھ بتلادونگا جناب ۔ میں ان سب کا مشکور ہوں گا جو میرے محکمے کو زیر بحث لا کر مجھے متوجہ کرینگے ۔ نکتہ چینی سے ایک وزیر کا بھاگ جانا عوام کے مفاد میں نہیں ہے ۔ میں نکتہ چینی کو خوش آمدید کہتا ہوں اگر آپ سعدی صاحب کسی کو جانتے ہیں تو آپ مجھے کان میں بتلائیں کہ فلاں درخت کاٹا گیا ہے میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں فوراً ایکشن لوں گا مگر یہ بھی بتلا دوں کوئی بےایمان سرکاری ملازم جب ایسا کام کرتا ہے تو اپنے کاغذات بھی ٹھیک رکھتا ہے مگر یقین کیجئے میں ایسی اطلاع پر فوری ایکشن لوں گا ۔ میں اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ اس محکمے سے مجھے خاص دلچسپی ہے میں اس کے نقائص رفع کرنے کی پوری

کوشش کروں گا میں اس کی بہتری کے لئے ہر ممکن قدم اٹھانے کے لئے تیار ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

امیر حبیب اللہ خان سعدی (لائل پور۔ے) جناب صدر۔ محترم وزیر نے نہایت ہی شستہ اور قابل تحسین انداز میں اس محکمے کی بدعنوانیوں کو ختم کرنے کے لئے جس آمادگی کا اظہار کیا ہے میں اس کے لئے مشکور ہوں لیکن میں ایک ذاتی وضاحت کے طور پر اگر وہ گستاخی نہ سمجھیں تو کہونگا کہ انکے حافظہ نے انہیں دھوکا دیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جناب والا۔ پہلے ہر روز جناب حمزہ صاحب نے اور میں نے اس نوجوان کی باتیں سنیں کیوں کہ جنگلات ہمارے تین چار ہیں میں خود ان حالات سے واقف تھا۔ نہروں اور سڑکوں پر جو کٹائی ہوتی تھی اس سے میں واقف ہوں چنانچہ اس نوجوان کو جب محترم وزیر کی بارگاہ میں شرف نیاز حاصل کرنے کا موقعہ ملا تو آپ نے یہ درست فرمایا کہ اپنے اینٹی کورپشن والوں کو ٹیلی فون کیا لیکن اس کے بعد ان کا حافظہ زور خطابت میں ان سے کچھ اور کہلوا گیا۔ اس وقت جب ان کا پیغام ملا تو وہ صاحب اپنے دفتر میں موجود نہیں ہیں چنانچہ وزیر صاحب نے اس نوجوان کو یہ کہا کہ فلاں تاریخ کو پھر ملو۔وہ تاریخ پر حاضر ہوا چار پانچ دفعہ انہوں نے اسے بلایا اور آخر میں خود کہا کہ تمہارے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے۔ حالانکہ کوئی اینٹی کورپشن والا ان سے ملا اور نہ کوئی بیان لیا اور نہ ہی تفصیل طلب کی۔ بہر حال۔ یہ نہایت مبارک فال ہے کہ وزیر صاحب اپنے محکمے کی اصلاح کرنے کے لئے تیار ہیں۔ انشاءاللہ ہم ایسی تنقید کو کبھی گوارا نہیں کرینگے جو تخریبی ہو۔ ہم ان سے تعاون کرنے اور محکموں کی اصلاح کرنے کی خواہش ضرور رکھتے ہیں۔ جناب والا۔ میں وزیر صاحب کی اس یقین دہانی کے بعد اپنی اس تحریک کو واپس لینے کی اجازت طلب کرتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Speaker : Has the Member leave of the house to withdraw his motion?

(The motion was by leave withdrawn.)

Mr. Speaker : The remaining cut motions of Haji Abdul Majid and Malik Sarfraz Khan will not be moved because they are similar motions. That will be a repetition of the same motion.

Now I will put the Demand straightaway. The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 93, 57, 100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Forests.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 2)

Minister of Agriculture and Law (Malik Qadir Bakhsh) : Sir I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4, 16, 830 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of charges on Irrigation Establishment.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4, 16, 830 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of charges on Irrigation Establishment. Now there are some cut motions. Rao Khurshid Ali Khan may move his cut motion.

Rao Khurshid Ali Khan: Sir I beg to move—

That the total of Rs. 4, 16, 830 on account of Charges on Irrigation Establishment—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4, 16, 830.

جناب والا ۔ اس میں انہوں نے جو charges مانگے ہیں وہ یہ ہیں :—

"To meet anticipated excess during the year 1962—63.
Pay of Establishment.
A (3) (3)—Special Revenue.
Pay of Establishment."

اس معاملہ میں انہوں نے جو Explanatory Note دیا ہے ، اس میں لکھا ہے :—

Explanatory Note : "Merging of allowances of Class IV establishment."

اس کے متعلق میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ جو انداز ہے کہ ایک آدمی جو مرنے لگتا ہے اس کے منہ میں ایک قطرہ پانی کا ٹپکا دیا جاتا ہے اس معاملے میں دیکھنے کی چیز یہ ہے کہ درجہ چہارم کے ملازمین کو جو تنخواہیں دی جاتی ہیں آیا وہ اس قابل بھی ہیں کہ اس میں فی الواقعی گذارہ ممکن بھی ہے یا نہیں ۔ صورت حال یہ ہے کہ جو رقم تنخواہ کے نام پر آپ انہیں دیتے ہیں وہ اس مہنگی دنیا میں یقین کریں بمشکل تمام زندگی کے رشتے کو قائم رکھ سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ جو انداز ہے کہ جو قلیل تنخواہیں ہم نے مقرر کی ہیں اس پر پورے طور پر غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ بجائے اس کے کہ روز اول ہی ان کی ضروریات کا خیال کر لیا جائے ۔ یہ روز آخر کیا کرتے ہیں ۔ یعنی اس وقت جب احتجاجی جلسے ہوتے ہیں جلوس نکلتے ہیں اور ہڑتالیں ہوتی ہیں تب کہیں جا کر یہ حاتم کی قبر پر لات مارتے ہیں اور دو چار روپیہ

کا اضافہ کر دیا جاتا ہے ۔ ایک طرف دس فیصد کا اضافہ ہوتا ہے تو دوسری طرف بیس فیصد ٹیکسوں کی صورت میں ان سے نچوڑ لیا جاتا ہے ۔ اس طرح کا عمل کر کے کیا آپ ان کو الو نہیں بنا رہے ہیں ؟ میں پوچھتا ہوں کہ آخر اس اضافہ کا فائدہ کیا ہے ؟ جس سے کسی غریب کے گھر اور بیوی بچوں کے قلیل ترین اخراجات بھی پورے نہیں ہو سکتے ۔ دو چار روپیہ بڑھانے سے کیا بنتا ہے ۔ تنخواہوں کو تو whole sale طریقہ پر revise کرنا چاہئے ۔ سب سے پہلے آپ یہ دیکھیں کہ کسی ملازم کی تنخواہ اس کی قلیل ترین ضروریات سے کسی طرح کم نہ ہو ۔ پھر یہ top heavy administration میں چار چار ہزار روپیہ تنخواہ لینے والے بھی ہیں جو حکومت کا روپیہ اللے تللے بے جا طریقہ پر خرچ کر رہے ہیں اور مختلف طریقوں سے اسے چلا رہے ہیں ۔ اس لئے آپ whole sale طریقہ پر ایڈمنسٹریشن کا تجزیہ کریں اور یہ دیکھیں کہ جتنا روپیہ آنا چاہئے وہ پورا خزانہ میں کیوں نہیں آتا ۔ پھر بے جا صرف کو ختم کریں ۔ بڑے بڑے افسروں کی تعداد میں قرار واقعی حد تک کمی کریں ۔ تنخواہوں میں ۱۰ فیصد اضافہ کرنے سے بات حل نہیں ہو سکتی ۔ دو چار یا دس فیصدی اضافہ تو آپ نے کر دیا مگر یہ بھی آپ نے اندازہ لگایا کہ جس چیز کے لئے آپ نے ۱۰ فیصد اضافہ کیا ہے اسی چیز کی قیمت ۲۰ فیصدی بڑھ گئی ہے آپ کیا مذاق کر رہے ہیں ۔ بھولے بھالے ملازمین مر رہے ہیں ۔ اللہ میاں کو آپ نے جان دینی ہے اور وہاں جا کر ذرہ ذرہ کا حساب لیا جائے گا ۔ آپ پھر کیوں اس قسم کی تجاویز پیش نہیں کرتے جن سے ملک کے شہریوں کو سہولت ہو اور کم تنخواہ کا احساس نہ ہو ۔ کبھی آپ نے اس بات پر بھی غور کیا ہے کہ لوگ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر رہے ہیں اور آپ نے ۱۰ فیصدی اضافہ کر کے بہت بڑا احسان کیا ہے ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اضلاع میں محکمہ آبپاشی نے شرمناک حد تک سلوک روا رکھا ہے اس سلسلے میں میرے فاضل دوست وزیر آبپاشی نے فرمایا ہے کہ لطف نہیں آتا جب آپ تلخ باتیں کرتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ اہلکاروں کی بد دیانتی ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ہم آپ سے بار بار اپنی تکالیف بیان کریں ۔ لوگ مر گئے ہیں تباہ و برباد ہو گئے ہیں لیکن بچارے اظہار نہیں کرتے اور ہم آپ کے منہ پر سچی بات کرتے ہیں ۔ کیا یہ کافی نہیں ۔ اللہ میاں کو آپ کیا جواب دیں گے ۔ کیا وزیر صاحب کو اس بات کا علم نہیں کہ اضلاع میں کیا ہو رہا ہے ۔ سیم اور تھور سے انتہائی تباہی مچ رہی ہے ۔

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش) - مجھے خوشی ہے کہ آپ ایسی باتیں بتا رہے ہیں لیکن اس وقت یہ مد زیر بحث نہیں -

I am glad that you are saying these things.

لیکن خدا کے نام پر کوئی relevant بات کرو -

Mr. Speaker : Irrigation Establishment, please.

راؤ خورشید علی خاں - اس میں irrigation executive کی مد ہے - جس میں سیم اور تھور کا ذکر آ سکتا ہے - کیا وزیر صاحب کے فرائض میں یہ بات نہیں کہ وہ سیم اور تھور کا انتظام کریں - اتنی بڑی بڑی تنخواہیں وصول کرتے ہیں لیکن جن مسائل میں یہ لوگ مبتلا ہیں کیا ان کے حالات معلوم کرنے کے لئے آپ نے دورے کئے - ٹھیک ہے - وہ غریب آدمی ہیں اور آپ بڑے آدمی ہیں - آپ صرف شہروں کا دورہ کرتے ہیں کبھی دیہات کا دورہ بھی کریں - تانگہ پر بیٹھیں اور دیہات میں جا کر زمینوں کو دیکھیں کہ کس طرح زمین سے پانی ابل رہا ہے گاؤں تباہ ہو رہے ہیں - بچارے لوگوں نے بے شمار درخواستیں دی ہیں لیکن ان کا کیا حشر ہوا وہ یہ کہ دوبارہ درخواستیں مانگی گئیں جن میں یہ کہا گیا کہ اس بات کا اظہار کیا جائے کہ جن لوگوں کی زمینیں سیم سے متاثر ہوئی ہیں وہ درخواست میں اس بات کا ذکر کریں - کئی دفعہ ایسی درخواستیں دی گئیں - میرا خیال ہے ان میں یہ بات بھی ہونی چاہئے کہ جو رقبہ جات سیم اور تھور سے تباہ ہو گئے ہیں ان کے مالکان کو محروم نہیں کیا جائے گا ان کو crown lands یا دوسرے ایسے علاقوں میں زمینیں ملینگی -

Minister of Agriculture and Law : What has that to do with it ?

Mr. Speaker : The member may please confine himself to the inefficiency of the Irrigation Department which is the subject matter of his cut motion.

راؤ خورشید علی خاں - کیا یہ inefficiency نہیں آپ ان کو خندہ پیشانی سے کیوں زمینیں نہیں دیتے -

چودھری محمد انور - جن چیزوں کے متعلق یہ گرانٹ ہے ان کے متعلق بحث کریں -

راؤ خورشید علی خاں - کیا irrigation executive یہ کام نہیں کرتی وہ لوگ خود تو بدمعاشیاں کرتے ہیں ، شراب پیتے ہیں ، زنا کرتے ہیں -

مسٹر سپیکر - ''بدمعاشی،، کا لفظ واپس لیں -

راؤ خورشید علی خاں ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

دراصل آپ favourite لوگوں کو نوازتے ہیں جو شراب اور زنا کے مرتکب ہوتے ہیں ۔ میاں عبدالباری صاحب نے نیشنل اسمبلی میں اسی قسم کی بات کہی تھی کہ اس وقت ۔ و فیصد افسران شراب پینے لگ گئے ہیں ۔

Mr. Speaker : You may finish your point.

Minister for Irrigation : One point Sir ?

Mr. Speaker : What is your point ?

Minister of Agriculture and Law : Sir, my point is that the allotment of land in case of 'Sem' and 'Thur' .....

Mr. Speaker : Has 'Sem' and 'Thur' got any concern with Irrigation Establishment ?

Minister of Agriculture and Law : The demand says—

"A sum of Rs. 4,16,830 is required to meet the anticipated excess under the primary unit of appropriation pay of establishment due to—

(i) merging of allowances of class IV Establishment ;

(ii) change in the incumbency of the staff and accrual of annual increments ; and

(iii) revision of scale of pay.

Mr. Speaker : This is with reference to Irrigation Department and the Irrigation Department deals with water-logging and salinity.

Minister of Agriculture and Law : He is talking about the land allotted to them and that is the job of the Revenue Minister.

Mr. Speaker : I quite agree that so far as the allotment of land is concerned he should not talk about that but he can certainly talk about salinity and water-logging.

راؤ خورشید علی خاں ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ جب کوئی شخص درخواست دے تو یہ قید لگا دی جائے کہ ان لوگوں کو اراضی دی جائیگی جن کی زمینیں سیم اور تھور سے برباد ہو جائیں ۔ کیا یہ معاملات Irrigation Executive سے متعلق نہیں ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ ایسے علاقوں پر نگاہ رکھیں اور لوگوں کی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کریں ۔

اس وقت سیم اور تھور کو دور کرنے کے دو ہی طریقے ہو سکتے ہیں ایک تو یہ کہ ٹیوب ویل لگائے جائیں مگر اس میں غفلت اختیار کی جا رہی ہے اور ریونیو لا یعنی چیزوں پر خرچ کیا جا رہا ہے ۔ آپ کو چاہئے کہ عوام کے مسائل پر زیادہ خرچ کریں مگر آپ ایسا نہیں کرتے بلکہ ان پر کم خرچ کر رہے ہیں ۔ اور اس معاملے میں بھی وہ رشوت کا بازار گرم کئے ہوئے ہیں ۔ کہ جس علاقے کے لوگ انہیں رشوت دیتے ہیں اور جہاں اتنی acute problem بھی نہیں ہے ۔ تو انہیں ایک ٹیوب ویل جاری کر دیا جاتا ہے ۔ اور جہاں

acute problem ہے ۔ مگر اس کے پاس دینے کیلئے کچھ نہ ہو تو انہیں نہیں دیا جاتا ۔ تو یہ حالت ہے جناب ۔

تیسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ لوگوں نے آبپاشی کے لئے پانی کی کمی کو دور کرنے کی غرض سے اپنے اپنے ٹیوب ویل خود ہی جاری کئے ہیں ۔ لیکن اس محکمے کی سختی اور بے رحمی ملاحظہ ہو کہ بجائے اس کے کہ اس کا اہتمام خود گورنمنٹ کرتی ۔ وہ اس سے رو گردانی کرتی ہے ۔ اور جو لوگ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہتے ہیں ۔ ان کو نیچے سے کھینچنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ یہ انتہائی شرمناک حالت ہے ۔ اور میرے دوست کہتے ہیں کہ وہ اپنے محکمے کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر وہ واقعی دل سے اس کی اصلاح چاہتے ہیں تو وہ ان علاقوں میں جائیں ۔ اور جا کر دیکھیں کہ لوگ کیسے کیسے مصائب میں مبتلا ہیں ۔ اگر ان کو ان لوگوں کا کچھ بھی احساس ہے تو جا کر دیکھیں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے ۔

ایک اور بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کتنے ہی چکوک ایسے ہیں ۔ اول تو سارے صوبے ہی میں ہیں ۔ لیکن رینالہ کے علاقے میں زمین سے کڑوا پانی نکلتا ہے ۔ اور وہ لوگ اپنے پانی کا انتظام اس طرح کرتے ہیں ۔ کہ نہر کے پانی کو ایک tank میں store کر لیتے ہیں ۔ اور پھر اس سے خود بھی پیتے ہیں اور وہی پانی مویشیوں کے کام آتا ہے ۔ تو ان کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ جب نہر کی distributrics کی چک بندی کا سوال ہو ۔ اور پہلے انگریزوں کے وقت میں یہ ہوتا تھا کہ جن چکوک میں پانی کڑوا ہوتا تھا ۔ اس کا پانی بند نہیں کیا جاتا تھا ۔ اسی طرح اب بھی اسی انتظام پر عمل کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن آپ نے رشوت کا بازار گرم کرنے کے لئے یہ انتظام کر رکھا ہے کہ جو رشوت نہ دیں ۔ اس کا پانی بند کر دیا جاتا ہے ۔ تو اگر ان چکوک کے پانی کے ذرائع بند کر دیئے جائیں ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا ۔ اور جیسا کہ اس مہینہ میں ہوا تھا ۔ کہ یزید نے امام حسین علیہ السلام پر پانی بند کر دیا تھا ۔ آپ بھی وہی یزیدی نقشہ پیش کر رہے ہیں ۔ آپ یزید کا نام نہیں رکھتے لیکن آپ کے اعمال بالکل یزید جیسے ہیں ۔ اس سے نہ صرف یہ کہ انسان ہی مرتے ہیں بلکہ مویشی بھی مرتے ہیں ۔ اور اگر وہ رشوت نہیں دیتے تو ان کا پانی سوکھ جاتا ہے ۔ یہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے ۔ اور آپ کہتے ہیں کہ ہم اپنے محکمے کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ کو خدا نے اس قسم کی توفیق ہی نہیں دی ۔ ہم کس طرح آپ کے bonafides پر یقین کر سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 4,16,830 on account of Charges on Irrigation Establishment—Total New Expenditure be reduced by Rs. 4,16,830.

وزیر زراعت و قانون (ملک قادر بخش) ۔ جناب والا ۔ خیال تو یہ تھا کہ میں کسی اور طرح سے جواب دوں ۔ اور ممبران کا شکریہ بھی ادا کروں لیکن آخر میں رینالہ کے متعلق ایک جملہ کہا گیا ہے ۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جس طرح امام حسین علیہ السلام پر یزید نے پانی بند کیا تھا ۔ اسی طرح اس محکمے نے بھی رینالہ کے لوگوں پر پینے کا پانی بند کر دیا ہے ۔ اور نہریں بند کر دی ہیں ۔ اب میں اس کا counter version پیش کرتا ہوں ۔ اور فیصلہ اس ایوان پر چھوڑتا ہوں کہ جماعت اسلامی کے یہ رکن سچے ہیں یا آپ کا یہ نیاز مند ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ یہ آپ پر ہر وقت جماعت اسلامی کا بھوت کیوں سوار رہتا ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ چک نمبر 5-A.L کا پانی ۱۹۳۳ء سے کڑوا ہے یعنی تیس سال ہو چکے ہیں ۔ اور میری بھی وہاں پر اراضی ہے اور وہاں بھی پانی کڑوا ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ میں وہاں کے واقعات سے واقف ہوں ۔ ذرا حوصلے سے سنیئے ۔ تو جناب والا ۔ وہاں پانی واقعی مختلف چکوں میں کڑوا ہے ۔ اب ایوان کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم دونوں میں سے کون غلط بیانی سے کام لے رہا ہے ۔ وہاں lift ہے ۔ سرگنگا رام والی لفٹ ۔ بلوکی سے پانی اٹھایا جاتا ہے ۔ اور وہاں پہنچایا جاتا ہے ۔ اور میرے خیال میں تو وہاں پانی کی کوئی شکایت نہیں رہی ۔ گذشتہ چند سالوں میں وہاں آبپاشی کے پانی کی تکلیف تھی ۔ مگر اب نہیں ہے ۔ ع

چہ دلاور است دزدے کہ بہ کف چراغ دارد ۔

صہ ہے ۔ ع

دروغ گویم بر روئے تو ۔

جہاں کے واقعات کا مجھے علم ہے ۔ وہاں پینے کے پانی کی کمی نہیں ہے ۔ اور نہ ہوئی ہے اور نہ ہوگی ۔ آپ میرے ساتھ جا کر وہاں کے لوگوں سے ملیں ۔ تو آپ کو معلوم ہو جائے گا ۔ میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لونگا ۔ ایک بات اور عرض کرتا ہوں کہ گذشتہ سو سال میں دریاؤں کے پانی میں اتنی کمی نہیں

ہوئی - جتنی کہ اب ہوئی ہے - اور دریائے سندھ بھی - - - - - - (قطع کلامیاں) آپ اپنے ماہرین کی ہمت دیکھئے - اور ان کا معجزہ دیکھئے کہ کمی کی وجہ سے پانی کو اس طرح تقسیم کیا گیا - کہ ملک میں جتنی فصل کاشت ہوئی تھی - وہ سب کی سب صحیح طور پر پختہ اور تیار ہوئی - جہلم کے پانی کو ہم نے بہاول نگر تک پہنچایا - اپنے اسی link system سے - جناب والا - ہمارے محکمہ انہار کے ۳۵ ہزار میل لمبے کنارے ہیں - لیکن حکومت کے پاس اتنے لمبے کنارے کو maintain کرنے کیلئے پیسہ نہ تھا - لیکن ہم نے اس کے لئے بیلدار اور دوسرا عملہ بھی رکھنا تھا - رقوم کی کمی کے باوجود ہم نے انہیں بحال رکھا - تو بجائے اس کے کہ وہ میرے ساتھ اتفاق کریں کہ محکمے کی efficiency improve ہوئی ہے -

علامہ رحمت اللہ ارشد - یہ جہلم کس طرح بہاول نگر پہنچا ہے -

وزیر آبپاشی - ہر طریق سے - جناب سے پہنچا اور یہ مراله راوی لنک کا کیا مقصد ہے - یہی کہ وہ بلوکی کو پانی پہنچائے گا اور اس طرح آپ کے علاقے کو بھی - جناب والا - میں علامہ ارشد صاحب سے جو بار بار اٹھتے ہیں اور جو بہاول پور کے کبھی وزیر بھی رہے یا وزیروں کے دوست رہے یا ان کی مخالفت میں رہے - میں اُن سے پوچھتا ہوں کہ کبھی بہاولپور کی نہروں کی صفائی بھی ہوئی تھی اور وحدت مغربی پاکستان کے بعد بھی جو حکومت رہی کیا پھر بھی وہاں کی نہروں کی صفائی ہوئی تھی - یہاں پہلے ہی سیشن میں ارشد صاحب نے شکایت کی اور میں نے اس میں ایک منٹ کی بھی تاخیر نہ کی -

علامہ رحمت اللہ ارشد - ۱۹۵۲ء میں بہاولپور کی نہروں کی صفائی پر باون لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے - اور آپ نے صرف چھ لاکھ روپے اس کے لئے رکھے ہیں جب کہ آپ کو باون لاکھ روپے رکھنا چاہئے تھے - یہ اس کابینہ کے وزیر بیٹھے ہیں - اُن سے پوچھ کر تصدیق کروا لیں - آپ نے بہاولپور کو تباہ کر دیا ہے - سپیکر صاحب کب تک سنوں - جہلم کا پانی کس طرح بہاولپور پہنچا ہے - انہوں نے وہاں نہروں کی صفائی پر چھ لاکھ روپے خرچ کر کے حاتم طائی کی قبر پر لات ماری ہے - انہیں نہروں کی صفائی کے لئے باون لاکھ روپیہ دینا چاہئے تھا -

وزیر زراعت و قانون ۔ میں صرف اتنا عرض کر رہا تھا کہ جب میں بہاولپور گیا تو مجھ کو معلوم ہوا کہ علامہ صاحب نے فرمایا ہے کہ حکومت نے بہاولپور کی طرف توجہ کی ہے اس لئے علامہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمید اللہ صاحب کو تقریر کا موقع دیں تاکہ ہم لوگ ان کے خیالات سے مستفید ہو سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر زراعت و قانون ۔ حضور والا ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں محکمہ نہر کے ملازمین کا مداح نہیں ہوں اور نہ ان کی مدح سرائی چاہتا ہوں کہ وہ فرشتے ہیں لیکن ایک بات کا افسوس ہوا کہ راؤ خورشید صاحب نے کہا کہ سرکاری ملازمین ۹۹ فیصدی شراب خوار ہیں ۔ یہ ایسی ہی غلط بات ہوگی جیسے میں کہوں کہ جماعت اسلامی کے ۲۰ فیصدی شراب پیتے ہیں ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ یہ ۲۰ فیصدی اچھے ہیں ۔

وزیر زراعت و قانون ۔ ہو سکتا ہے زیادہ ہوں ۔ جناب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر مجھ میں نقص ہیں تو کچھ برے ریمارک دینا ٹھیک ہے لیکن یہ تو بڑا گناہ ہے کہ کسی آدمی کے اچھے کاموں پر پردہ ڈالا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس کی معافی نہیں ملے گی ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the total of Rs. 4, 16, 830 on account of Charges on Irrigation Establishment. Total New Expenditure be reduced by Rs. 4, 16, 830.

(*The Motion was lost.*)

Mr. Speaker : Haji Abdul Majid—not present

Malik Sarfraz Khan– His cut motion is the same.

Now, the question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 4, 16, 830 be granted to the Governor to defray the charges that will come in coruse of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of charges on Irrigation Establishment.

(*The Motion was carried.*)

Mr. Speaker : Next demand.

(DEMAND NO. 3)

Minister of Agriculture & Law : Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 9, 800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Administration of Justice.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 9,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Administration of Justice.

(*The Motion was carried.*)

(DEMAND NO. 4)

Minister of Agriculture & Law : Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 53, 41, 480 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Education.

Mr. Speaker : Motion moved is :

"That a supplementary sum not exceeding Rs. 53, 41, 480 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30the June 1963, in respect of Education."

There is a cut motion by Mr. Baluch. He may move it.

Mir. Abdul Baqi Baluch : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 53, 41, 480 on account of 37—Education—Total New Expenditure be reduced by Rs. 53, 41, 479.

جناب سپیکر ۔ تعلیم سے متعلق گذشتہ سیشن میں میں نے یہاں ایک تحریک التوا پیش کرنے کی کوشش کی ۔ لیکن اسے اسوقت دبا دیا گیا ۔ وحید خانصاحب کا خیال تھا کہ اب دب جائیگا اور پھر کبھی نہیں ابھرے گا ۔ لیکن یہ موقع آ گیا کہ میں انکی خدمت میں پھر یہ معاملہ پیش کردوں ۔ پاکستان کے دستور کی پالیسی میں یہ لکھا ہوا ہے ۔

4. PROMOTION OF INTERESTS OF BACKWARD PEOPLES.

Special care should be taken to promote the educational and economic interests of people of backward classes or in backward areas.

اور پھر چھٹی پالیسی یہ کہتی ہے ۔

6. OPPORTUNITIES TO PARTICIPATE IN NATIONAL LIFE, etc.

The people of different areas and classes, through education, training, industrial development and other methods, should be enabled to participate fully in all forms of national activities, including employment in the service of Pakistan.

جناب والا ۔ انکی تعلیمی پالیسی پسماندہ علاقوں میں اسطرح کی ہے کہ وہاں کسی قسم کی ترقی نہیں ہو سکی اسکے ثبوت میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) ۔ وہاں کی تعلیمی حالت کا یہ ثبوت ہے کہ آپ یہاں کھڑے ہوئے بول رہے ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ ۔ مجھے خان آف قلات کی حکومت نے پڑھایا ہے ۔ آپ کو شرم آنی چاہئے ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ جس کے آپ آجکل مخالف ہیں ۔

میر عبدالباقی بلوچ - جناب سپیکر - ایک زمانہ تھا کہ بلوچستان سٹیٹس یونین شخصی حکومت کے زیر اثر تھی اور ریاستی نظام وہاں رائج تھا اس وقت وہاں کا سالانہ بجٹ کوئی ۲۰-۲۵ لاکھ روپیہ تھا - جناب وحید خان صاحب کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ اسوقت مجھے ۸۰ روپے ماہانہ وظیفہ ملتا تھا اور ۶۰۰ روپے سالانہ مزید خرچ کیلئے میں پڑھا اور آج اس قابل ہوں کہ یہاں کچھ کہہ سکوں - لیکن انہوں نے آج یہ کیا ہے کہ ۸۰ روپے کے وظیفے کو گھٹا کر ۴۵ روپے ماہانہ کر دیا ہے - اسی پر میں نے یہ عرض کیا تھا کہ آپ نے وظیفہ کی رقم ۸۰ روپے سے گھٹا کر ۴۵ روپے کیوں کر دی تو انہوں نے فرمایا کہ ہم نے وظیفہ کی تعداد بڑھا دی ہے اور رقم گھٹا دی ہے - اب جناب والا - سوال یہ ہے کہ آپ ۸۰ روپے میں ۲ سکالرشپ دیں یا ۸۰ روپے میں ۸۰ سکالرشپ دے دیں لیکن جب طالبعلموں کا خرچ ہی نہیں پورا پڑیگا تو وہ کیسے اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں گے - کیا آپ نے وہاں کالج کھولے ہیں یا آپ نے وہاں یونیورسٹی کھولی ہے اگر یہ سب کچھ نہیں ہے تو آپکا کیا حق ہے کہ انکے scholarship گھٹا دیں اور آپ یہ موقعہ پیدا کریں کہ وہاں کے طالبعلم آگے نہ پڑھ سکیں اور صرف میٹرک کے بعد وہاں بیٹھ جائیں اور وہاں ملازمت ڈھونڈیں - جناب والا - انجنیئرنگ کو لیجئے یا میڈیکل تعلیم کو لیجئے - آرٹس لیجئے یا سائنس لیجئے ہر شعبہ میں انکے scholarships کی تعداد کی رقم گھٹا دی گئی ہے - اس سلسلے میں میں چند اعداد و شمار پیش کرونگا جو انہوں نے ایک سال قبل اس ایوان میں دیئے تھے - ۱۹۶۲ء سے قبل ایف اے - ایف ایس سی کو ۸۰ روپیہ ماہانہ ملتے تھے - بی اے بی ایس سی کو ۸۰ روپے - ایم اے ایم ایس سی کو ۱۰۰ روپے - ایم بی بی ایس کو ۱۰۰ روپے - انجنیئرنگ کو ۱۰۰ روپے انہوں نے اب کیا کیا ہے - ایف اے ایف سی کو ۴۵ روپیہ - بی اے کو ۶۵ - ایم اے ایم سی کو ۷۰ روپیہ - ایم بی بی ایس کو ۶۵ اور انجنیئرنگ کو ۶۵ - اس وقت ۱۲۰ روپیہ سالانہ مزید رقم ملتی تھی جو اب انہوں نے ڈھائی سو روپے کر دی ہے - جناب والا - جب ایک ریاستی نظام میں مجھے ۸۰ روپے ماہانہ اور ۲۰۰ روپے سالانہ مل سکتے تھے تو آج اس ڈیموکرٹک حکومت نے ۴۵ روپے ماہانہ اور ۱۵۰ روپے سالانہ کر دیا ہے اسکی کیا وقعت ہے - جناب مہنگائی ڈھائی سو گنا بڑھ گئی ہے اور یہ وظائف کی رقم اس انداز سے گھٹا رہے ہیں تو اسکا صاف مقصد یہ ہے کہ پسماندہ علاقوں کے لوگ آئندہ کسی قومی شعبہ میں قدم نہ رکھیں اور یہ خدا جانے کونسی خبیث روح ہے جو ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

پر اس طرح مسلط ہے جو ان علاقوں کے عوام کے حقوق کو غصب کرنا چاہتی ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلہ میں census of Pakistan ۱۹۶۱ء کے اعداد و شمار پیش کرونگا ۔ اور وہ یہ ہیں کہ سب سے پہلے percentage literacy کی کوئٹہ اور اس کے tribal areas اور N.W.F.P. کے tribal areas میں اور قلات میں literacy کی percentage ۳ اعشاریہ ۹ ہے اور اس کے tribal areas میں تین فیصدی ہے۔ زیادہ سے زیادہ literacy percentage کراچی ڈویژن میں ہے جہاں کوئی ۳۶ percent ہے ۔ آپ بجٹ اٹھا کر دیکھئے کہ اس واضح دستوری حکم کے باوجود کہ backward areas کی طرف خاص توجہ دی جائے تو آپکو پتہ چلے گا کہ اس موجودہ بجٹ میں قلات ڈویژن میں فی کس ۹۰ پیسے تعلیم پر خرچ فرما رہے ہیں اور اسکے مقابلہ میں کراچی جہاں literacy ۳۶ percent ہے انہوں نے چھ روپے پچاس پیسے فی کس خرچ فرمائے ہیں ۔ قلات ڈویژن کو تین لاکھ روپے عنایت فرمائے اور کراچی ریجن کو ایک کروڑ انتالیس لاکھ روپے جہاں جہاں literacy percentage ۳۶ فیصدی ہے وہاں آپ ڈیڑھ کروڑ روپے دیتے ہیں ۔ اور جہاں تین percent ہے وہاں آپ تین لاکھ روپے دیتے ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس کی کیا وجہ ہے ؟ کیا اس طریقہ سے آپ backward areas کی backwardness کو دور کرنا چاہتے ہیں؟ کیا اس طریقہ سے دستور کے principles of policy پر آپ عمل پیرا ہیں ؟ کیا آپ خود اپنے دستور کے خلاف بغاوت نہیں کر رہے ہیں ؟ اس دستور کے مطابق جو آپ نے خود بنایا اور جس کی ترقی کے لئے آپ یہاں کام کر رہے ہیں ۔ اور جس کا ایک ایک لفظ آپ کے لئے حدیث ہے آپ اس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اور یہاں بیٹھ کر الٹا یہ صفائی پیش کرتے ہیں کہ آپ نے رقم نہیں گھٹائی ہے جناب والا ۔ اسکے بعد foreign scholarship پر آتا ہوں ۔ ہوتا یہ ہے کہ backward areas کے نام foreign scholarship منظور ہوتے ہیں تو افسران گرامی اپنے آدمیوں کو پہلے سے ہی نامزد فرما دیتے ہیں ۔ اور ہمارے regional office میں یہ اطلاع اسوقت پہنچتی ہے جب due date گذر چکی ہوتی ہے ۔ اسوقت نہ کسی کی درخواست لی جا سکتی ہے نہ بھیجی جا سکتی ہے چنانچہ ان کے کاغذات سلامت رہیں ان میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ ان علاقوں میں تو آدمی نہیں ہیں ۔ اس لئے فلاں فلاں آدمی بھیج دئے جائیں اور وہ چلے جاتے ہیں ۔ ہمارے نام پر پیسے آپ لیں اور آپ کے فرزندان گرامی جا کر پڑھیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیوں اور اسکے علاوہ جناب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ قطع کلامی ۔

Mr. Speaker : The member's time is up. I can't help it. I have to put up other Demands. Does not the member want any reply from the Minister ? He only wants to speak ? At 12-00 noon, the time will be over and then I have to apply guillotine.

Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 53,41,480 on account of 37-Education—Total new Expenditure be reduced by Rs. 53,41,479.

Yes Babu Rafiq, the member may please finish his speech, within two minutes.

بابو محمد رفیق (کوئٹہ۔ لورا لائی) ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک میرے دوست مسٹر باقی نے لڑکوں کے scholarships کے بارہ میں کہا ہے ۔ میں اس سے اس حد تک متفق ہوں کہ ۵۴ روپوں میں وہ لڑکے صحیح طور پر تعلیم جاری نہیں کر سکتے ہیں ۔ میں حکومت کی توجہ پھر اس طرف دلاؤں گا کہ وہ پھر غور کریں کیونکہ پچھلے سال بھی بلوچستان میں کافی ہنگامہ رہا اور بچوں نے strike تک کا نوٹس دیا اور ہم نے حکومت کی توجہ دلائی ۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس بات پر غور کرے گی تاکہ بچوں کے سکالرشپ بڑھائے جائیں ۔ اب رہا سوال جہاں تک foreign scholarships کا تعلق ہے وہ بھی ٹھیک ہے کہ ہمارے علاقے میں کم دئیے جاتے ہیں ۔ لیکن امید ہے باقی صاحب مجھ سے اتفاق کریں گے ۔ میرا خیال ہے کہ حکومت پہلے سے کئی گنا زیادہ خرچ ہمارے پرائمری سکولوں ۔ ہمارے میڈیکل سکولوں اور کالجوں پر کر رہی ہے ۔ قلات ڈویژن کو دیکھیں تو ہر ڈسٹرکٹ میں ایک کالج بنتا ہوا نظر آئیگا تو میں اس بارہ میں ان کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ وہ اس کے بارے میں دوبارہ غور کریں ۔

میر نبی بخش خان زہری (کوئٹہ ۔ چاغی) ۔ جناب سپیکر ۔ زیر بحث مسئلے کے متعلق میں اس حد تک متفق ہوں جو میرے دوست باقی صاحب نے پیش کیا کہ وہاں کے طلبا کے متعلق جو تجاویز کیں وہ ناکافی ہیں میں نے خود منسٹر صاحبہ سے عرض کیا اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ غور فرمائیں گی رہا بلوچ صاحب کا ۔ وہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ خان آف قلات نے انکو پڑھایا اور انہوں نے ان کو اس قابل بنایا جو آج اس ہاؤس میں وہ بڑے اچھے تعلیمی معیار کے مالک ہیں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے بحیثیت بلوچستان کے باشندہ ہونے کے کہ جس شخص نے ان کو تعلیم دی وہ آج ہاؤس میں ان کے متعلق جو الفاظ کہہ رہے ہیں وہ جناب سپیکر صاحب اور معزز ممبران کو معلوم ہیں کہ یہ نمک حلالی ہے ؟

Mir Abdul Baqi Baluch : On a point of personal explanation Sir.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir he should withdraw these words.

Mr. Speaker : Mr. Zahri, you should withdraw these words.

میر نبی بخش خان زہری - میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں -

Mian Abdul Latif : Sir, he should withdraw those words.

Mr. Speaker : He has already withdrawn them.

میر نبی بخش خان زہری - میں معزز ممبر کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ان کو چاہئیے کہ وہ صحیح چیزوں کو ہمیشہ یاد رکھیں - والدین کا احترام کرتے ہیں - اس لئے میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker : Begum Sahiba, would you like to say something ?

وزیر تعلیم (بیگم محمودہ سلیم خان) - جناب والا - باقی صاحب نے جو کچھ بلوچستان کے طلباء کے وظائف کے متعلق کہا ان سے مجھے بڑا اتفاق ہے - گذشتہ سیشن میں بھی بلوچستان کے تمام ممبرز میرے پاس آئے تھے اور انہوں نے مجھے یہ بتایا تھا کہ وظائف کم ہونے کی وجہ سے طلباء کو تکلیف ہے ہم نے وظائف اس لئے بڑھائے تھے کہ زیادہ تعداد میں بچے فائدہ اٹھا سکیں جو طالب علم پرانے scale کے تحت تعلیم پا رہے ہیں وہ affect نہیں ہونگے - تفصیل معلوم کی جا رہی ہے کہ بلوچستان کے طلبا کو کیا سہولت دی جا سکتی ہے - جہاں تک ممکن ہوگا انہیں سہولت مہیا کی جائے گی - اس کے علاوہ یہ کہ سکول اور کالج نہیں ہیں معزز ممبران نبی بخش زہری صاحب اور بابو محمد رفیق صاحب نے جو کہا ہے میں جنرل بجٹ میں انشاء اللہ اس کا جواب دوں گی - اس وقت مفصل تفصیل سے عرض کروں گی کہ بلوچستان اور کوئٹہ کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے -

Mr. Speaker : Is Mr. Baluch still pressing his motion ?

Mir Abdul Baqi Baluch : Yes sir.

Mr. Speaker : The question is—

That the total of Rs. 53, 41, 480 on account of 37—Education—Total New Expenditure reduced by Rs. 53, 41, 479.

(The motion was lost)

Since the other cut motions are of similar nature, they are ruled out of order.

Now, the question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 53, 41, 480 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Education,

(The motion was carried)

Syed Safi-ud-din : Sir, Mr. Baluch wants to rise on a point of personal explanation.

Mr. Speaker : After I have finished with it.

(DEMAND NO. 5)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 167, 780 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Relief.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 6)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 9, 65, 900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Superannuation Allowances and Pensions.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 7)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 92, 240 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Stationery and Printing.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 8)

Mr. Speaker : The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 53, 570 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Miscellaneous.

(The motion was carrie

(DEMAND NO. 9)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1, 66, 89, 250 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Capital Outlay on Schemes of State Trading.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 10)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 5, 54, 07, 000 be granted to the Governor to derray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963, in respect of Loans and Advances by the Provincial Government.

(The motion was carried)

Railways ——

Voting of Supplementary Demands

Mr. Speaker : Now, we come to Demands for Grant in respect of Railways. Since there is no charged expenditure, the Minister of Railways may move the demand.

(DEMAND NO. 1)

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : Sir, I move :

That a supplimentary sum not exceeding Rs. 30, 19, 000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in the course of payment for the financial year ending on 30th June 1963, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

Syed. Ahmed Saeed Kirmani : Opposed.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 30, 19, 000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in the course of payment for the financial year ending on 30th June 1963, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

There are cut motions to this demand. I will take them up first and then the member can have his say.

Mr. Safdar may move his cut motion.

Khawaja Muhammad Safdar : I will just move the motion and after that Mr. Kirmani will speak on it.

Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 30, 19, 000 on account of Ordinary Working Expesnses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 30, 18, 999.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is –

That the total of Rs. 30, 19, 000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 30, 18, 999.

سید احمد سعید کرمانی (لاھور-۵) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس کٹ موشن کی تائید میں چند گذارشات اس ھاؤس میں پیش کرتا ھوں ۔

جناب والا ۔ میں اس امر کا خیال رکھوں گا کہ اس کٹ موشن پر اپنے خیالات پیش کرتے ھوئے وہ باتیں نہ دھراؤں جو پچھلے چند دنوں میں اس معزز ھاؤس کے معزز اراکین نے پیش کی ھیں اور نہ یہ موقعہ ھے میں آج خود کو اس قابل نہیں پاتا کہ ریلوے بجٹ کے بارے میں میں اپنے خیالات کا اظہار کروں لیکن چند ایک ایسی باتیں ھیں جنہیں آج پیش کرنا چاھتا ھوں اور مجھے امید ھے کہ وزیر ریلوے جنہیں ھاؤس کے اندر اور ھاؤس کے باھر ضرورت سے زیادہ داد ملی ھے اور بعض حلقوں کے کہنے کے مطابق داد extort کی گئی ھے ۔

وزیر ریلویز صاحب اپنی سیاسی سرگرمیوں سے کچھ وقت نکال کر ادھر بھی دیں گے کہ ریلوے کا وہ code جو آج سے کئی سال پہلے اس وقت کے حالات کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا تھا اس کو بدلے ھوئے حالات میں از سر نو ترتیب دیا جائے کیونکہ وہ لوگ جو اس بورڈ میں کام کرتے رھے ھیں ان کی رائے ھے کہ وہ بورڈ اب اس قابل نہیں ھے کہ بدلے ھوئے حالات میں کام کر سکے ۔ میں گذارش کرتا ھوں کہ اتنے بڑے concern جس میں لاکھوں لوگ

ملازمت کرتے ھیں یہ بورڈ ان دنوں کی یاد دلاتا ھے جب ریلوے کے پاس اتنا man power نہیں تھا ۔ اور نہ اتنا بڑا انتظامیہ تھا کہ ریلوے بورڈ کے بغیر انتظامیہ میں efficiency آ سکتی ھے اور نہ ھی جو نئے project ریلوے پورے کرنا چاھتی ھے وہ پورے ھو سکتے ھیں ۔

دوسری بات جس کی طرف میں ان کی توجہ دلانا چاھتا ھوں یہ ھے کہ ریلوے نے جو مختلف مقامات پر سکول چلائے ھوئے ھیں ان میں سوائے ریلوے کے ملازمین کے بچوں کے اور کوئی پڑھ نہیں سکتا ۔ اگر یہ حقیقت ھے کہ ریلوے کی آمدنی میں ریلوے کے مزدوروں اور کارکوں اور افسروں کا ھاتھ ھے تو وھاں اس کو بھی تسلیم کرنا پڑتا ھے کہ اس میں ٹریولرز کا بھی بہت ھاتھ ھے کیا یہ بہتر نہ ھو گا کہ حکومت داخلے کے وقت مسافروں کے لئے بھی کوٹا مقرر کرے ؟ لاھور میں کوشش کی گئی تھی لیکن ھر بار یہ کوشش ناکام بنا دی گئی کہ ریلوے سکول میں صرف ریلوے ملازمین کے بچے ھی داخلہ لے سکتے ھیں ۔ جہاں یونیورسٹی میں کوئی بندش نہیں ھے میں سمجھنے سے قاصر ھوں کہ ریلوے سکولوں کے لئے یہ پابندی کیوں لگائی گئی ھے ۔ یہ تو سمجھ میں آ سکتا ھے کہ ریلوے کے سکول میں صرف اس علاقے کے رھنے والوں کا داخلہ کیا جائے لیکن یہ پابندی کہ صرف وھی داخل ھو سکتا ھے جس کا باپ ریلوے کا ملازم ھو ناقابل فہم ھے ۔

تیسری بات جو مجھے عرض کرنی ھے وہ یہ ھے کہ سرکاری benches سے کہا گیا ھے کہ اب پچھلے سال کے مقابلے میں ریلوے کے مزدوروں میں اطمینان پایا جاتا ھے ۔ ھماری میزوں پر ایک پمفلٹ بھی بڑے خوبصورت الفاظ میں رکھا ھوا ھے ۔ ھم نے بڑے غور سے اس کا مطالعہ کیا ھے لیکن ساتھ ھی ھم نے دیکھا کہ کچھ مزدور حلقوں میں اس بجٹ کی پر زور مذمت کی گئی ھے اور کہا یہ گیا کہ حکومت نے ریلوے مزدوروں کی تنخواھیں بڑھانے میں اس امر کو پیش نظر نہیں رکھا کہ ملک میں عام گرانی ھے ۔ کیا آپ کے توسط سے میں حکومت سے توقع کر سکتا ھوں کہ وہ ایک high powered commission کا تقرر کرے گی جو اس امر کا جائزہ لے کہ اب تک ریلوے کے مزدوروں میں بیچینی کیوں پائی جاتی ھے ؟ اس کمیشن میں صرف ریلوے کے افسران ھی شامل نہیں بلکہ ریلوے مزدوروں کی نمائندہ جماعتوں کے نمائندے بھی شامل ھوں تاکہ یہ معلوم ھو سکے کہ ان کی شکایات کیا ھیں اور اس کی وجوھات کیا ھیں اس وقت صوبے میں ریلوے کے مزدوروں کے متعلق مختلف آرا ھیں اگر

آپ اجازت دیں تو میں کہوں گا کہ اس بارے میں خاصا confusion ہے ۔ بہتر ہے کہ ان تمام conflicting حالات و کشمکش کے پیش نظر ایک بااختیار کمیشن مقرر کیا جائے جو مزدوروں کو اصل ضروریات کا جائزہ لے کر حکومت کو سفارشات پیش کرے کہ کن کن اقدامات کی ضرورت ہے کہ جن کے کرنے سے مزدوروں کی بیچینی میں کمی واقع ہو سکتی ہے ۔

ایک اور امر کی طرف اشارہ کرنا ہے اور وہ یہ کہ بار بار اس ہاؤس میں کہا گیا ہے کہ ریلوے اپنے ملازمین کے بارے میں بے پناہ سہولتیں دے رہی ہے لیکن عمل یہ بتلا رہا ہے کہ ایسے بیسیوں cases ہیں جہاں کئی سالوں تک بھی ریلوے مزدوروں کی اپیلوں اور ان کی mercy petitions کا ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا ۔ کیا یہ نہیں ہوسکتا کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن اپنی انتظامیہ میں چند اہل افسروں کو چن کر ایک کمیٹی مقرر کرے جو ان تمام cases کا تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد جائزہ لیا کرے اور جہاں ضرورت ہو فوراً خامیوں کو دور کر دے تاکہ وہ بیچینی دور ہو سکے جو مزدوروں اور ادنیٰ ملازمین میں پائی جاتی ہے ؟

آخری بات یہ ہے کہ جو سڑکیں ریلیں کاٹتی ہیں وہ بعض اوقات بہت تکلیف دہ صورت اختیار کر جاتی ہیں ۔ خاص طور پر وزیر آباد کا پل ہے جو اتنا تکلیف دہ منظر پیش کرتا ہے کہ ادھر گاڑی کا وقت ہوتا ہے اور ادھر مسافر کھڑے رہتے ہیں کیا حکومت خاص کر وزیر ریلویز یہ زحمت گوارا کرینگے کہ وہ پہلی فرصت میں جی ۔ ٹی روڈ پر پل بنا کر عوام کی شکایات دور کریں اگر کوئی emergency ہو جائے تو یہ پاکستان کی اہم شاہ راہ ہے اندازہ کیجئے ایسی صورت میں اگر وہاں پل نہ ہو اور ادھر ریلوے کی گاڑیاں بہت چلتی ہوں تو کیا کیفیت ہو گی ۔

جناب والا ۔ ہم روز سنتے ہیں ریلوے ایڈمنسٹریشن اس مقام پر ایک پل بنانا چاہتی ہے اور ہم یہ سنتے سنتے تھک گئے ہیں لیکن اب ہم یہ سمجھنے لگے ہیں کہ They do not do their business

میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے کہوں گا کہ لاہور کے ضلع میں سب سے بڑا land lord سب سے بڑا محکمہ ریلوے ہی کا محکمہ ہے کہ لاہور شہر میں جس کے پاس خالی قطعات زمین پڑے ہیں کیا اس کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ خالی قطعات کو ادنیٰ درجے کے ملازمین کے کوارٹرز بنانے کے لئے جلد از

جلد استعمال میں لائے ؟ خاص طور پر دھرم پورہ میں ایسے قطعات ھیں ۔ وھاں آسانی سے ملازمین کو جگہ مل سکتی ھے ۔ جنھیں کوارٹرز فراھم ھو سکتے ھیں۔ چونکہ خان پیر محمد خان صاحب میری خوشامد کر رھے ھیں اس لیے میں تقریر ختم کرتا ھوں ۔

حاجی عبدالمجید جتوئی (دادو ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں نہیں سمجھتا ھمارے علاقہ میں حکومت نے کیسی گاڑیاں چلائی ھیں کہ ان میں کوئی آرام کی چیز نہیں اور نہ کوئی سہولت ملتی ھے ۔ نہ کوئی واٹر ٹینک ھے نہ کوئی پنکھا ھے نہ پانی ملتا ھے کیا کوئی محرم کا مہینہ ھے یا کوئی کربلا ھے ۔

لاھور میں میو گارڈن ایک ریلوے کی کالونی ھے وھاں ریلوے کے ایسے ملازمین کو بڑے بڑے بنگلے ملے ھیں جن کی تنخواہ صرف ۔/۲۰۰ روپیہ ماھوار ھے ۔ انھوں نے وہ کرایہ پر دے رکھے ھیں خود نہیں رھتے ھیں ۔ کیا یہ ممکن ھے کہ کسی دوسرے آدمیوں کو بھی رھنے کی اجازت مل جائے۔ ریلوے سٹیشنوں پر مسافروں کی سہولت کے لئے retiring rooms بنے ھوئے ھیں ٹیلیفون اور ٹیلیگرام پر ریزرو کرنے کا قانون نہیں ھے مگر یہ سب اس وقت ریزرو ھوتی ھے جب کوئی مسافر ٹکٹ لے کر سٹیشن پر آئے راولپنڈی کے retiring rooms میں افسروں کے لئے ۲۳ مئی سے ۲۷ تاریخ تک reservation کی ھوئی تھی ٹیلیفون پر مگر جنھیں کسی نے occupy نہ کیا اور پسینجروں کو اجازت نہیں ھے حالانکہ وہ مسافروں کے لئے ھیں ریلوے کے افسروں کے لئے نہیں ۔ ھمارے علاقہ دادو اور لاڑکانہ میں صرف تین پسنجر ٹرین چلتی ھیں۔ اور ایک بولان ایکسپریس ھے جو کراچی سے کوئٹہ جاتی ھے اس میں ایک air conditioned ڈبہ بھی ھوتا ھے جس کے لئے کراچی سے فرسٹ اور سیکنڈ کلاس کی بکنگ ھوتی ھے ۔ درمیان میں لاڑکانہ اور دادو کے لئے کوئی بندوبست نہیں ۔ ھمارے ھاں اور کوئی گاڑی نہیں اب ھم دیہاتی کہاں جائیں ۔ دوسری بات یہ ھے کہ لاھور سے خیبر میل اور تیز گام کے ساتھ کوئٹہ وغیرہ کے ڈبے لگتے ھیں لیکن ھماری طرف سے کوئی ڈبہ نہیں لگتا اور ھم لوگ بولان میل کے بغیر وھاں نہیں جا سکتے ۔ کیا یہ نہیں ھو سکتا کہ کم از کم ایک آدھ ڈبہ ھمارے علاقہ کے لئے بھی لگا دیں ۔ استو صاحب کی لائین پر جیکب آباد کی طرف ۷ گاڑیاں چلتی ھیں مگر ھماری طرف صرف پانچ گاڑیاں چلتی ھیں جن میں سے کوئی بھی لاھور کو direct نہیں آتی ۔

مہاجر ٹیکس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ٹیکس کب سے لگا ہوا ہے ؟ اس کا کوئی حساب کتاب بھی ہے یا نہیں اور جو اتنا روپیہ اس سے جمع ہوا وہ کدھر گیا ۔ اس ٹیکس میں لاکھوں اور کروڑوں روپیہ جمع ہو چکا ہے لیکن معلوم نہیں کہاں گیا ۔ میں چاہتا ہوں کہ سپیکر صاحب حکم دیں کہ اس ٹیکس کی تمام رقم کی تفصیل اس اسمبلی کی میز پر رکھی جائے۔ سنٹرل گورنمنٹ نے کہا تھا کہ ہم مہاجر ٹیکس کو ختم کر دیں گے لیکن اب جب سے یہ صوبہ کے پاس آیا ہے وہ اسے ختم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے ۔ یہ معلوم نہیں کہ کب اسے ختم کریں گے ۔ اگر یہ ٹیکس کی رقم کسی اچھے کام پر لگ جاتی تو ہمیں کوئی فکر نہ تھا ۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہاں ملتان سے تیز گام میں لاہور کے لئے تھرڈ کلاس کے ڈبے لگتے ہیں لیکن کراچی حیدر آباد روہڑی سے کسی آدمی کو حق نہیں کہ تھرڈ کلاس کی بات کرے ۔ کیا ہمارے چھوٹے سے صوبہ کے ساتھ وہی انصاف ہو رہا جس قسم کا انصاف یہاں ہو رہا ہے کسی حکومت میں یہ نہیں دیکھا کہ چھوٹے صوبہ میں اتنا ظلم ہو ۔ تھرڈ کلاس کا ڈبہ ملتان سے تو لگے مگر کراچی حیدر آباد اور روہڑی سے نہ لگے ۔

Mr. Speaker : Has the Member finished ?

حاجی عبدالمجید جتوئی ۔ صرف ایک منٹ اور اجازت دیجئے ۔ جو loop line مورو ۔ سکرنڈ ۔ کنڈیارو کو جاتی ہے اس پر کوئی پتھر وغیرہ نہیں ہے مٹی بہت اڑتی ہے ۔ گاڑی کے ڈبوں میں گھس جاتی ہے ۔ مسافروں کو ٹی ۔ بی جیسی بیماریاں پکڑ لیتی ہیں ۔ میں نے اپنی آنکھوں سے ۲۲ مارچ کو دیکھا تھا ۔ ایک انجن کے ساتھ صرف تین ڈبے جا رہے تھے ۔ کیا یہ انسانیت ہے ۔ تین گاڑیاں کتنے آدمیوں کو اٹھائیں گی ۔ اس سے آپ اندازہ کریں کہ ہمیں کتنی تکالیف ہیں ۔

نوکریوں کے متعلق یہ عرض ہے کہ ہم سندھی لوگوں کو پٹھانوں کو اور بلوچیوں کو کوئی نوکری نہیں ملتی ۔ ابھی سٹیشن ماسٹر ۔ گارڈ اور بکنگ کلرک کی آسامیاں خالی تھیں لوگوں نے درخواستیں دیں مگر ان کو واپس کر دیا اور اپنے دوست رشتہ دار بلا کر ان کو لگایا گیا ۔ کراچی والے بھی ایسے ہی پھر رہے ہیں ۔ جس طرح بلوچ اور سندھی پھر رہے ہیں ۔ اس کے لئے کچھ تو احساس کرو اور انصاف کرو ۔ دادو کی گاڑی کے لئے direct connection لاہور سے ہونا چاہئے ۔ ابھی ہمارا سنٹر لاہور ہے اس لئے دادو اور لاڑکانہ کے ڈبے گاڑیوں کے ساتھ لگنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : Now, Mr. Hamza.

Minister of Railways (Mr. Abdul Waheed Khan) : Mr. Speaker, I want to draw your attention to the fact that I think you are going to terminate this debate at 1 o'clock. Yesterday in your absence certain very very serious charges were made against the Railway and I had been asked that I should make an enquiry and reply. It is a matter of national interest that I should reply to all of them. I would like to draw your attention to the fact that you may keep some time for me. I will take twenty minutes, before you adjourn the debate.

Mr. Speaker : I will give you twenty minutes.

حاجی عبدالمجید جتوئی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ میں نے راجن سٹیشن سے گندم کی ایک بوری ۴ تاریخ کو بھیجی تھی - آج ۱۹ تاریخ ہوگئی ہے اور ابھی تک نہیں آئی -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر- گذارش ہے کہ جس طرز سے وزیر صاحب بحث کا جواب دیتے رہے ہیں - مجھے کسی نام نہاد بادشاہ یا نواب کے دربار میں پیش ہونے کا موقع نہیں ملا - سنا جاتا ہے کہ ان لوگوں کی تفریح طبع کے لئے شعراء کو بلا لیا جاتا تھا بالکل اسی طرح بجائے اس کے کہ وزیر صاحب ہمارے ٹھوس الزامات کا ٹھوس جواب دیتے یا وعدہ کرتے کہ وہ تمام نقائص کو رفع کریں گے انہوں نے ہمیں اشعار سنا کر ٹرخانے پر اکتفاء کیا ہے - انہوں نے اس ایوان کو کسی نام نہاد بادشاہ یا نواب کا دربار سمجھا ہے -

جناب سپیکر - میں نے محکمہ پر ایک سنگین الزام لگایا تھا کہ وہ ریلوے ایڈمنسٹریشن کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرتے ہیں - اس کے متعلق اعداد و شمار پیش کئے - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ سر براہ مملکت کے دوروں کے اہتمام میں جب کہ وہ کنونشن مسلم لیگ کے ادنیٰ ممبر کی حیثیت سے سفر کرتے ہیں جو غیر ضروری خرچ ہوتا ہے - وہ کاروباری نقطۂ نظر سے نہیں کیا جاتا - اسی لئے میں یہ کہتا ہوں کہ جب یہ تسلیم کر لیا گیا کہ ریلوے ایک تجارتی ادارہ ہے - یہ فضول خرچی کی صورت بھی برداشت نہیں کی جا سکتی - اگر تجارتی اغراض کیلئے دوروں کا اہتمام کیا جاتا تو میں وزیر ریلوے کو بتا دوں کہ جن تجارتی اداروں میں صدر مملکت دلچسپی لیتے ہیں وہ ایک سال میں ۲۰۰ فیصد منافع کماتے ہیں - مگر ہماری ریلوے ایڈمنسٹریشن اتنے بڑے invested capital پر بہت ہی کم منافع کماتی ہے جو کہ ایک فیصد بھی نہیں - اسے ایک تجارتی ادارے کے طور پر چلایا جانا ضروری تھا تاکہ محکمہ ریلوے بجٹ میں بہت زیادہ منافع دکھاتا -

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ ریلوے بجٹ کے بارے میں تمام مغربی پاکستان سے متعلق کچھ نہیں کہہ سکوں گا کیونکہ مجھے ہر علاقے میں جانے کا اتفاق نہیں ہوا اس وقت میں نے ایک چیز کو مد نظر رکھا ہے کہ وہ جگہیں جو پاکستان ویسٹرن ریلوے کے ہیڈ کوارٹر کی حیثیت رکھتی ہیں مغربی پاکستان کا صدر مقام ہے ۔ اگر وہاں انتظامات غیر تسلی بخش ہیں تو دوسرے علاقوں یا جگہوں کا تو اللہ ہی حافظ ہے ۔ اور جو میں نے پچھلے سال جناب وزیر صاحب کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا تھا جس میں یہ عرض کیا تھا کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن نے سٹیشنوں پر جو کولر لگائے ہیں ان میں سے اکثر بند ہیں ۔ وہ اس لئے کہ سٹیشنوں کے مشروبات کے ٹھیکیدار ان کو عملہ ریلوے سے ملکر دیدہ دانستہ خراب کرتے ہیں تاکہ ان کے مشروبات زیادہ بکیں اور ان کو فائدہ ہو ۔ اس سال بھی میں نے متعدد بار لاہور سے لائلپور کے درمیان سفر کیا ہے ۔ میں نے دیکھا ہے کہ وہ اکثر بیکار اور بند تھے مسافر آن سے استفادہ نہیں کر سکتے حقیقت یہ ہے کہ ریلوے ایڈمنسٹریشن کے متعلق عوام کو اتنے حقائق مہیا نہیں کئے جاتے کہ جس سے انکی کارکردگی کا صحیح طور پر جائزہ لیا جا سکے ۔ لیکن جو کچھ اعداد و شمار بھی مہیا کئے جاتے ہیں ۔ آن سے بھی یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ رو بہ ترقی نہیں بلکہ یہ پیچھے کی طرف ترقی کرتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے علاوہ میں نے ریلوے بجٹ پر تقریر کے دوران یہ بھی عرض کیا تھا کہ آپ کے بڑے افسر saloons میں سفر کرتے ہیں ۔ اگر آپ نے صحیح معنوں میں حالات کا جائزہ لینا ہے اور اگر آپ حالات سے اپنے آپ کو با خبر رکھنا چاہتے ہیں ۔ تو آپ کے لئے ضروری ہے کہ ہر مہینہ میں ایک آدھ مرتبہ خفیہ طور پر عام ڈبوں میں سفر کریں ۔ وزیر صاحب سے عرض کرونگا کہ انہیں تو اس طرح خفیہ طور پر سفر کرنے کی بڑی سہولت ہے ۔ کیونکہ انکا قد چھوٹا ہے اور یہ اپنے آپ کو باسانی چھپا سکتے ہیں ۔ البتہ میرے جیسے لمبے آدمی کے لئے بڑی مشکل ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے یہ بھی کہا تھا وزراء محض اس کام کی تنخواہ لیتے ہیں کہ ایوان میں آکر افسران کی مدح سرائی کریں اور اعلان کریں کہ افسران کے دامن صاف ہیں ۔ اور ان پر نماز بھی پڑھی جا سکتی ہے ۔ تو نہ ان افسروں کے دامن صاف ہیں اور نہ ہی ذہن صاف اگر انکے دامن اور ذہن واقعی صاف ہیں تو وہ خفیہ طور پر تمام حالات کا جائزہ لیں۔ نقائص کو نیک نیتی سے رفع

کرنے کی کوشش کریں تو یقینی طور پر انکو یہ پتہ چل جائیگا ۔ کہ مال گاڑیوں کی بکنگ کے لئے سکہ بند رشوت وصول کی جاتی ہے اور مال گاڑی کے کرائے اتنی سختی سے وصول نہیں کئے جاتے کہ جتنی سختی سے رشوت وصول کی جاتی ہے ۔اسکے علاوہ پولیس کا جو عملہ ہے وہ رشوت وصول کرتے ہیں ۔ ان کا حصہ دار ہوتا ہے ۔ ریلوے سٹیشن کی رشوت ایک جگہ pool کی جاتی ہے ۔ اس محکمے میں اگر کوئی انتظام ہے اور اگر کوئی efficiency ہے ۔ تو وہ رشوت کو اکٹھا کرنے اور اسے بانٹنے میں ہی ہے۔ مجھے محترمہ بیگم شاہنواز سے اختلاف ہے ۔ جب انہوں نے کہا ریلوے میں رشوت دوسرے محکموں سے کم ہے میں اسکے متعلق وثوق سے کہہ سکتا ہوں کیونکہ میں پبلک میں رہتا ہوں ۔ مجھےعوام کے مسائل کا علم ہے ۔ جس قسم کی منظم رشوت میں نے ریلوے میں دیکھی ہے وہ پولیس میں بھی موجود نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ انہوں نے اپنی بجٹ تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ بہت سی ڈیزل کاریں درآمد کی جا رہی ہیں اور اوقات کار کے بارے میں انہوں نے فرمایا کہ ہماری گاڑیاں پچھلے سال کے مقابلے میں امسال زیادہ پابندی وقت سے چل رہی ہیں گاڑیوں کا ذکر کرتے ہوئے انکا خیال ڈیزل کاروں کی جانب نہ تھا ۔ اور اگر انہوں نے انکو بھی شمار کیا ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ مین لائین سے متعلق ہو کیونکہ جہاں تک برانچ لائینوں کا تعلق ہے اس پر ان کا یہ ارشاد قطعی طور پر لاگو نہیں ہوتا ۔ منٹوں کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ ان کے اوقات کار میں گھنٹوں تاخیر ہوتی ہے ۔ اگر آپ انہیں وقت پر نہیں چلا سکتے تو ڈیزل کاریں چلانے کا کیا فائدہ ہے ؟ افسوس کا مقام ہے کہ وزیر صاحب شاعرانہ تفنن کا اظہار کرتے ہوئے اصلی مسئلہ کو ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس ایوان کو کسی نام نہاد بادشاہ یا نواب کا دربار تصور کرتے ہوئے ہم سادہ لوگوں کو شعر و شاعری پر ٹرخاتے ہیں ۔ سال آئندہ کے لئے کوئی ٹھوس تجویز کوئی ٹھوس پروگرام انہوں نے ہمیں نہیں بتایا کہ وہ محکمہ کے نقائص کس طرح دور کرینگے ۔

ملک سرفراز خان (سرگودھا ۔ ۳) مسٹر سپیکر ۔ میں آپکی وساطت سے نہایت اختصار کے ساتھ وزیر ریلوے کے نوٹس میں تین چار points لاتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ میں اسی لاکھ ستر ہزار کی کثیر رقم سے افسروں کی سہولیات کے لئے ریسٹ ہاؤس تعمیر کرنے کے لئے روپیہ مخصوص کیا گیا ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں سات لاکھ چھیاسٹھ ہزار روپیہ تھرڈ کلاس کے

waiting halls کے لئے مخصوص کیا گیا ہے ۔ مجھے زیادہ خوشی ہوتی کہ اتنی بڑی رقم جو افسران کو محض سہولتیں دینے کے لئے خرچ کر رہے ہیں ۔ اسے وہ تھرڈ کلاس کے مسافروں کی سہولتوں پر خرچ کرتے ۔ لیکن وزیر صاحب نے افسران کو خوش کرنے کے لئے اور ان کی نازبرداری کے لئے خرچ کرنا پسند فرمایا ہے ۔

جناب والا ۔ جو rest houses شیخوپورہ لاہور ۔ ملتان چھاؤنی اور کوئٹہ وغیرہ میں تعمیر ہونے تجویز ہوئے ہیں ۔ گذارش یہ ہے کہ جب یہ افسران tour پر جاتے ہیں ۔ تو اُن میں سے بیشتر افسران کو saloon مہیا کئے جاتے ہیں اور انکا visit بھی کوئی خاص لمبا چوڑا نہیں ہوتا ۔ اور گھنٹوں کے حساب سے نہیں تو زیادہ سے زیادہ ایک دن کا ہی ہوتا ہے ۔ بہتر یہ ہوتا ہے کہ افسران جن saloons میں سفر کرتے تو وہاں جاکر اس میں رہتے ہوئے اپنا دورہ مکمل کر کے چلے آتے لیکن ایسا نہیں کیا گیا اور جبکہ ہمارے civil میں سیکرٹریز اور کمشنر صاحبان تک کے rank کے آدمیوں کے سفر میں saloons کی سہولت نہیں دی جاتی ۔ تو ریلوے افسران کو یہ سہولت دیجاتی ہے ۔ حالانکہ ہماری حکومت بہت زیادہ روپیہ carriages اور ریل کاروں کی import پر خرچ کر رہی ہے ۔ اور ڈبوں کی کمی کی بھی شکایت کی گئی ہے کہ ان کی کمی کی وجہ سے مزید گاڑیاں نہیں چلائی جا سکتیں تو یہ زیادہ بہتر ہوتا کہ ہمارے ریلوے کے افسران saloons کے بجائے فرسٹ کلاس میں سفر کرتے اور ان saloons کو فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں تبدیل کر دیا جاتا اور ڈبوں کی وہ کمی اس سے پوری کی جاتی لیکن ایسا نہیں کیا گیا ہے بلکہ ان افسران کی سہولت کے لئے وہ saloons بدستور استعمال ہوتی رہیں ۔

جناب والا ۔ اس سال سکھر ڈویژن ایک نیا ڈویژن بنایا جا رہا ہے ۔ اور اس پر اکتیس کروڑ اٹھائیس لاکھ روپے خرچ کئے جائینگے ۔ جبکہ نیا ڈویژن بنانے کی ضرورت ہی نہیں تھی ۔ اور اس علاقے کا انتظام کراچی، ملتان اور کوئٹہ ڈویژن سے ہو رہا تھا ۔ جب ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے ۔ اور اتنے زیادہ اخراجات نہیں کر سکتے لیکن ہمارے وزیر صاحب نے یہ تجویز نہایت جلدی سے منظور فرما لی ہے ۔ جبکہ انگریزوں کے زمانے میں ۱۹۴۷ء سے پہلے سکھر ڈویژن رہا ہے ۔ لیکن بعد ازاں پاکستان بننے کے بعد اسکی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوئے یہ ڈویژن ختم کر دیا گیا تھا ۔ لیکن اب وزیر ریلوے نے اکتیس کروڑ اٹھائیس لاکھ کی رقم اس پر خرچ کرنا

منظور کر لیا ہے ۔ لیکن یہ رقم تیسرے درجے کے مسافروں کی سہولت کے لئے استعمال ہوتی تو بہتر ہوتا ۔ لیکن انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ہمنے تیسرے درجے کے مسافروں کے ڈبوں میں شیشے لگا دئے ہیں ۔ شیشے لگانے سے انکی دقت کم نہیں ہوتی لیکن اگر وہ انکو سہولتیں پہنچاتے تو بہتر ہوتا اسکے بعد میں عرض کرونگا کہ لاہور اور سرگودھا کے درمیان کوئی تیز رفتار گاڑی نہیں چلائی گئی ۔

Mr. Speaker : The Member's time is over.

ملک سرفراز خان ۔ اب آخر میں میں ایک بات کہکر ختم کرتا ہوں کہ سرگودھا اور لاہور کے درمیان ایک تیز رفتار گاڑی چلائی جائے تو اس سے آمدنی بڑھنے کی توقع ہے ۔

چودھری عبدالرحیم ۔ جناب والا ۔ میں بھی ممبر ہوں مجھ کو آپ اجازت ہی نہیں دیتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ بیٹھے رہیں تو میں آپ کو کیسے اجازت دے دوں ۔

چودھری عبدالرحیم ۔ میں بولنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ بولیں ۔

چودھری عبدالرحیم (سیالکوٹ-۴) ۔ جناب والا ۔ میں کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کرنا چاہتا ہوں ۔ میں صرف وزیر صاحب کی خدمت میں چندگذارشات کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں برانچ لائن کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ برانچ لائن میں مسافروں کو ٹرینوں میں ہر طرح کی تکلیفیں ہوتی ہیں ۔ جہاں تک بد نیتی اور رشوت ستانی کا تعلق ہے وہ لوگ اپنے محکمہ کو بیچنے کی سوچتے رہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ رشوت ستانی ہر جگہ بڑھی ہوئی ہے ۔ اس کا ختم کرنا اشد ضروری ہے ۔ جناب والا ۔ ریلوے میں رشوت ستانی بڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ یہاں آفیسر بہت بڑھ گئے ہیں جہاں پہلے تین آفیسر تھے وہاں اب ۱۰ آفیسر ہو گئے ہیں ریلوے میں یہی ایک وجہ رشوت کی ہے اس سلسلہ میں آپ کو میں ایک واقعہ بتاتا ہوں ۔ ایک بادشاہ تھا اس نے ایک نوکر رکھا کہ بادشاہ کو وہ روزانہ ایک سیر دودھ پلایا کرے ۔ پہلے دن نوکر نے اس سیر بھر دودھ میں سے ایک پاؤ دودھ نکال کر خود پی لیا اور تین پاؤ دودھ میں ایک پاؤ پانی ملا کر بادشاہ کو پلا دیا ۔ بادشاہ نے دودھ پی کر کہا دودھ کا مزہ نہیں آیا ۔ اور ایک نوکر پہلے نوکر کی نگرانی

کے لئے رکھا کہ دودھ میں یہ نوکر کوئی گڑ بڑ نہ کر سکے دوسرے دن دونوں نوکروں نے ایک ایک پاؤ دودھ خود پی لیا اور آدھ سیر دودھ میں پانی ملا کر بادشاہ کو پلا دیا بادشاہ نے کہا دودھ کا مزہ نہیں آیا تیسرے دن بادشاہ نے ایک اور نوکر رکھا اب تینوں نوکروں نے ایک ایک پاؤ دودھ پی کر دودھ میں تین پاؤ پانی ملا کر بادشاہ کو ایک سیر دودھ پلا دیا بادشاہ نے کہا آج بھی دودھ کا مزہ نہیں آیا اس پر بادشاہ نے چوتھا نوکر ان تینوں کی نگرانی کے لئے رکھا چاروں نے مل کر ایک ایک پاؤ دودھ خود پی لیا ۔ اور سوئے ہوئے بادشاہ کی مونچھوں کو ملائی لگا دی ۔ صبح جب بادشاہ اٹھا تو نوکروں کو بلایا اور کہا کہ آج مجھے دودھ نہیں دیا ۔ سب نے عرض کی جناب نے دودھ پیا ہے ۔ جب بادشاہ بضد ہوا تو نوکروں نے آئینہ دکھلایا تو مونچھوں کو ملائی لگی ہوئی تھی۔ تو بادشاہ سلامت فرمانے لگے. بہت اچھا دودھ تھا ۔ آپ سب نوکر انعام کے لائق ہیں ۔ (قہقہہ) ۔ یہی بات اب ریلوے میں ہے ۔ سب کچھ افسران ہضم ناجائز طریق سے کر رہے ہیں اور اب صرف مونچھوں کی ملائی رہ گئی ہے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ رشوت اور ریاکاری اس قدر بڑھ گئی ہے کہ آپ افسروں کی تعداد کم کیجئے اور ریلوے بورڈ کو ختم کیجئے ۔ ریلوے بورڈ ایک سفید ہاتھی سے کم نہیں اس کا بوجھ محکمہ ریلوے پر ناقابل برداشت ہے یہ ٹھیک ہے کہ ریلوے بورڈ سنٹر نے بنایا ہے ۔ لیکن اب محکمہ ریلوے صوبہ ویسٹ پاکستان کے ماتحت ہے ۔ اب ہم سنٹر کے پابند نہیں ہیں ۔ اس کو فوراً ہی ختم کر کے محکمہ کو بڑے بھاری اخراجات سے نجات دلائیں ۔

دوسرے جناب والا ۔ انہیں نے فرمایا ہے کہ ہم نے نچلے درجے کے مسافروں کو سہولتیں دی ہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ برانچ لائن پر آپ دیکھ لیں وہ ٹرینیں جو لاہور سے سیالکوٹ چک امرو کو جاتی ہیں ان میں تھرڈ کلاس تو درکنار اوپر کے درجہ میں بھی کوئی سہولتیں نہیں ہے ۔ ٹٹی میں پانی نہیں ڈبے نہایت ہی گندے تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں تو انسان بیٹھ ہی نہیں سکتا اس قدر گندے اور خراب ہوتے ہیں ۔ ٹٹی کئی کئی دن سے صاف نہیں کی جاتی پانی کا تو نام تک نہیں زنانہ ڈبوں میں چٹخنیاں نہیں ہوتیں جس سے رات کو حفاظت ہوسکے کیا یہ سہولتیں ہیں جو نیچے درجہ والوں کو دی گئی ہیں افسوس کا مقام ہے ۔ اب میں تیسرے درجے کے متعلق ایک بہت اہم بات کہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر تیسرے درجے میں ۲۵ آدمیوں کی جگہ ہے تو وہاں ۱۰۰

آدمی بیٹھتے ھیں ۔ کیا یہ جرم نہیں ھے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ ریلوے منسٹر صاحب اس پر غور کریں ۔ اور محکمہ ریلوے پر hold رکھیں ورنہ خطرہ ھے کہ ایسا موقعہ نہ آ جائے کہ یہ آپ کو بھی کھا جائے اور گورنمنٹ پر ایک بڑا بوجھ آ پڑے ۔

میر نبی بخش خان زھری (کوئٹہ ۔ چگئی) ۔ جناب سپیکر ۔ اھم پوائنٹ یہ ھے اور ھماری ریلوے کے اس زیر بحث مسئلے سے متعلق ھے میں چاھتا ھوں کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں اسے پڑھ کر سنا دوں ۔ یہ خط میں نے آپوزیشن کے لیڈر خواجہ محمد صفدر صاحب کو بھی دکھا دیا ھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جی ھاں آپ پڑھ کر سنا دیں ۔

میر نبی بخش خان زھری ۔ جناب سپیکر ۔ یہ خط جناب عبدالوحید خان صاحب وزیر ریلوے حکومت مغربی پاکستان کو ایڈریس کیا گیا ھے ۔

گذارش خدمت ھے کہ صرف ایک ھی ٹرین ایسی ھے جو کراچی سے کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں جاتی ھے ۔ اس ٹرین کا نام ''بولان میل'' ھے اس ٹرین میں کوئٹہ اور بلوچستان کے لئے تیسرے درجے کے صرف دو ڈبے ھوتے ھیں ایک چھوٹا ڈبہ جس میں صرف سولہ آدمیوں کی نشست ھوتی ھے اور اس ڈبہ پر ھمیشہ ھی ریزروڈ کارڈ لگا رھتا ھے ۔ ریزرویشن کے لئے ٹکٹ کے علاوہ صرف چار آنے زائد دیئے جاتے ھیں لیکن ۲ آنے کے علاوہ ۲ روپے مزید دے کر ریزرویشن کرائی جاتی ھے ۔ اس طرح صرف ایک ڈبہ کوئٹہ و بلوچستان کے لئے رھتا ھے جس میں تقریباً ۴۰ نشست ھوتی ھیں جس میں کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں کے علاوہ سندھ کے مسافر بھی بیٹھ جاتے ھیں اور یہ ڈبہ جانوروں کی طرح بھر جاتا ھے کوئٹہ اور پورا بلوچستان ایک غریب علاقہ ھے اس لئے ھم آپ سے التماس کرتے ھیں کہ ''بولان میل'' میں تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں اضافہ کیا جائے اور ریزرویشن کا کارڈ لگا کر بلیک میل ٹکٹ فروخت کرنے والے ریلوے بابوؤں کی تحقیقات کی جائے ۔ ھمیں توقع ھے کہ اس سلسلے میں فوری اقدام کیا جائے گا ۔

نیازمند

(سید عبدالرحمٰن سرحدی)

سابق جنرل سکریٹری انجمن اتحاد

بلوچستان ۔ کراچی

۱۸-۶-۱۹۶۳

کاپی برائے ـــــ

(۱) اپوزیشن لیڈر خواجہ محمد صفدر ـ ممبر مغربی پاکستان اسمبلی ـ
(۲) میر نبی بخش زہری ـ ممبر مغربی پاکستان اسمبلی ـ
(۳) عبدالباقی بلوچ ـ ممبر مغربی پاکستان اسمبلی ـ
(۴) بابو محمد رفیق ـ ممبر مغربی پاکستان اسمبلی ـ
(۵) ایڈیٹر اخبار (جنگ)
(۶) ایڈیٹر اخبار (انجام)

راؤ خورشید علیخان ـ اس بجٹ کی تیاری میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ ریلوے code چونکہ obsolete ہو چکا ہے اس واسطے وہ صحیح طریقے پر بجٹ تیار نہیں ہو سکا تو انہوں نے جناب یہ provision رکھا ہے کہ :ـ

Supplementary Budget Statement (Railway) 1962-63, page 5—

"Creation of additional posts considered inevitable during the year—Rs. 1,98000 (New—Recurring).

The various Railway Codes were printed on a provisional basis several years ago and now require revision in the context of the changed conditions."

اس میں ایک مد ہے اور وہ revision of railway codes ہے ـ ۱۶ ہزار روپے انہیں نے اس نظر ثانی کے کام کے لئے رکھے ہیں گویا وہ پچھلے سال میں recurring expenditure تھا ـ

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) ـ جناب والا ـ میں انشاء اللہ بہت جلد ختم کر دونگا ـ دو تین اہم پوائنٹ ہیں جن کی طرف پہلے بھی اشارہ کیا گیا اور اس کی طرف آج بھی اشارہ کیا گیا ہے ـ سب سے اہم بات جس کی طرف توجہ دی گئی اور جس نے آج اخباروں میں سرخیاں قائم کیں وہ یہ ہے کہ ریلوے نہ صرف تجارتی ادارہ ہے اور نہ صرف یہ کہ اس کی کارکردگی خراب ہے بلکہ اس نے اس ملک کے ساتھ یہ غداری کی ہے کہ اس نے ریلوے کے معاملے میں ہندوستان کے ساتھ بلجیم کے ٹنڈر کو نظر انداز کر کے contract کیا اس کے ساتھ ایک معاہدہ کیا اور اس معاہدہ میں یہ طے پایا کہ پاکستان اور ہندوستان کو ساڑھے آٹھ سو ویگن سپلائی کرے گا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہندوستان یہ ویگن ہمارے خلاف کشمیر میں استعمال کریگا ـ اور اس سے اگر جناب اکبر صاحب جو اس وقت تشریف نہیں رکھتے ہیں میں نے ان سے درخواست کی تھی کہ میں آج اس کا جواب دونگا اور وہ عمداً اس وقت یہاں سے چلے گئے ہیں تو ان دو ملکوں کے اندر ایک اتحاد اور رابطہ قائم کرنے کی غرض سے یہ سوچا گیا کہ ان ویگنوں کو وہاں رہنے دیں ـ

In the interest of goodwill between the two countries let these wagons remain there.

جناب مجھے آپ سے وضاحت کے طور پر عرض کرنا ہے کہ اول تو جس آدمی کو علم ہو کہ اس قسم کی غداری ہندوستان کے ساتھ مل کر ریلوے کے حکام کر رہے ہیں ۔ وہ نہ کبھی میری توجہ دلاتے ہیں ۔ نہ کبھی اخبار میں بیان دیتے ہیں کہ اس قسم کا ظلم ہو رہا ہے اور اس قسم کا ریلوے کام کر رہی ہے نہ کبھی وہ کونسل مسلم لیگ سے ریزولیوشن پاس کراتے ہیں کہ اس ملک میں ویگنوں کی اس قدر کمی ہے اور ہندوستان کو ۵۰۰ ویگنیں دے رکھی ہیں تو اس ملک کے ساتھ اور بدسلوکی کیا ہو سکتی ہے نہ کبھی ان کو یہ کبھی توفیق ہوتی ہے کہ مرکزی حکومت کی توجہ اس طرف دلائیں اس کی کیا وجہ ہے اور پھر وہ سوال کے جواب کے وقت موجود بھی نہیں رہتے اور کل انہوں نے مجھے چیلنج کیا تھا جناب والا ۔ کہ آپ مجھے ثابت کر دیں کہ میں غلط ہوں تو جو سزا آپ تجویز کر دیں میں منظور کر لونگا اور انہوں نے کہا تھا کہ میری بات صحیح نکلے تو حکام جو اس کے ذمہ دار ہیں آپ ان کو سزا دیں تو جناب میں نے کیا کیا مجھے اس وقت اس کا علم تھا کہ یہ چیز غلط ہے یہ اتنی بڑی چیز ہے گیارہ مہینے سے میں انچارج ہوں اور اتنا غافل نہیں رہ سکتا اور یہ کہ اتنی بڑی چیز ہو جائے مانا کہ کچھ برائی ضرور ہے ۔ میں نے حکام کو بلا کر اسی وقت مشورہ کیا میں نے کہا کہ یہ بات غلط ہے یہ بڑا زبردست الزام ہے جو ہندوستان کے معاملے میں لگایا گیا ہے چنانچہ میں نے اس محکمہ کے سب سے اعلیٰ افسر یعنی چیئرمین ریلوے بورڈ کے مسٹر قریشی کو کہا کہ آپ خود اس کے متعلق انکوائری کریں اور یہ بتائیں کہ کسی چیئرمین ریلوے بورڈ نے ایسا نوٹ فائل میں لکھا ہے اور وہ مجھے لکھ کر اپنے دستخط کے ساتھ باقاعدہ رپورٹ دیں جس کو میں ٹیبل پر رکھ سکوں میں اس رپورٹ کو آپ کی خدمت میں پیش کروں گا تا کہ جس ممبر نے دیکھنی ہو وہ دیکھ لیں اب واقعہ کیا ہے ۔ واقعہ جناب والا ۔ یہ ہے کہ اس وقت ہماری ہندوستان کے پاس کل ۲۷۱ ویگنز ہیں اور ہندوستان کی ہمارے پاس ۱۸۲ ویگنز ہیں ۔ ہماری ان کے پاس ۲۷۱ ہیں اور ۲۵ جون سے ہماری ویگنز ۲۲۶ ہو جائیں گی ۔ ہندوستان کی ۱۸۲ رہیں گی ۔ اس کی وجہ کیا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت کو نہیں معلوم جنہوں نے سوال کیا تھا کہ جو contiguous areas ہوتے ہیں ۔ ملے جلے علاقوں کے ملک ہوتے ہیں ۔ وہ آپ سے بین المملکتی معاہدہ کرتے ہیں ۔ تو جتنا سامان منگوانا ہوتا ہے تو ان کو اپنی ویگنیں دینی ہوتی ہیں اور اگر ہندوستان نے ہم سے کچھ

لینا ہے تو اپنی ویگنیں ہم کو دے گا اور اگر ہم نے ان سے کچھ منگوانا ہے تو ہم اپنی ویگنیں ان کو دیں گے - یہ معاہدہ ریلوے بورڈ نہیں کرتا - پراونشل گورنمنٹ نہیں کرتی یہ مرکزی حکومت کرتی ہے - بین المملکتی معاہدہ ۱۹۶۰ء سے پہلے مرکزی حکومت کے Railway wing کا کول کمشنر کرتا تھا - ۱۹۶۰ء کے بعد مرکزی حکومت کا Railway wing وہ کرتا تھا - جب کوئلے کی ریلوے کو allocation ہوتی ہے تو مشرقی اور مغربی پاکستان دونوں اس میں شامل ہوتے ہیں اس لئے وہ allocation مرکزی حکومت کرتی ہے - صوبائی حکومت یا ریلوے بورڈ کا اس سے کوئی واسطہ نہیں - اس لئے میں وہ جملہ چیئرمین ریلوے بورڈ کا پڑھ کر سناتا ہوں ان کی خود اپنی عبارت کا ----

"As already mentioned these arrangements are made by the Central Government under an international trade agreement and do not come under the purview of the West Pakistan Railway Board. As such there could be no occasion for the Chairman of West Pakistan Railway Board to make an observation as suggested by the honourable member that wagons at the disposal of India for our coal requirements were given as a gesture of goodwill towards that country. No such observation was ....."

This is a positive statement.

"No such observation was made by the Chairman of West Pakistan Railway Board."

یہ بالکل definite and positive statement ہے - اب جناب پوزیشن یہ ہے کہ ہمارے ہاں سے جپسم سپلائی ہوتی ہے داؤد خیل سے ہندوستان کو جپسم جاتی ہے - انڈو پاکستان کا agreement ہے اور سات دن کے وقفہ میں گاڑی وہاں جانی چاہئے - ہمارا agreement یہ ہے کہ ہمارے ہاں سے جپسم اور ان کے ہاں سے کوئلہ ۱۲ دن کے اندر آ جانا چاہئے کیونکہ داؤد خیل اور واہگہ کے درمیان زیادہ فاصلہ ہے - مشرقی پاکستان جو انڈیا کو ویگنیں جاتی ہیں وہ پانچ دن میں چلی جانی چاہیئیں - یعنی روزانہ اگر ۳۴ ویگنیں آتی ہیں تو وہ بارہ دن میں آتی ہیں تو دراصل agreement کی رو سے ۴۰۸ گاڑیاں ان کو دینی چاہئیں لیکن ہمارے ہاں جب سے کوئلہ بلوچستان میں زیادہ نکلنا شروع ہو گیا ہے ہمارا ہندوستان سے کوئلہ کم آیا ہے تو یہ کوئلہ پبلک کے لئے ہندوستان سے آتا ہے تو جتنی ہماری ہندوستان سے commitments تھیں - اس کے مقابلہ میں ہم ویگنز ان کو کم سپلائی کر رہے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری ضروریات کوئلہ سے کم ہوئی ہیں اس وجہ سے ۲۷۱ سے گھٹا کر اب ۲۲۶ کر دی ہیں ہمارا جو ان سے original agreement تھا وہ ۴۰۰ سے اوپر کا تھا - ایک وقت ایسا آیا تھا کہ مشرقی پاکستان کے پاس کوئلہ کی کمی تھی تو ہم نے ویگنیں مشرقی پاکستان کو دے دی تھیں - اس لحاظ سے کہ ہندوستان سے جو کوئلہ مشرقی پاکستان کو جائے گا تو اس کے لئے درخواست

کریں کہ ہمارے پاس ویگنیں نہیں ہیں ہم نے پانچ چھ ویگنوں کا کرایہ ان سے وصول کیا ہے نہ ہندوستان کے پاس اتنی ویگنیں پڑی ہیں جو ہماری demand سے زیادہ ہوں جتنا کوئلہ یہاں آتا ہے اس لحاظ سے جتنا figure work ہوتا ہے اس سے زیادہ نہیں ہو سکتا ۔ سنٹرل ریلوے کا جو watch dog ہے وہ دیکھتا ہے کہ ضرورت سے زیادہ ویگنیں نہ جائیں اور وہ ویگنیں نہیں جانے دیتا ۔ تو جناب ویگنوں کی تفصیل میں نے دے دی ہے ۔ چونکہ وقت تنگ ہے اس لئے اس کے بعد جناب والا ۔ کوئلے کا معاہدہ ہے اور جناب ۲۶ جون جو اب آ رہا ہے ہم نے اپنے مطالبے میں کمی کر دی ہے ۔ کوئلے کا معاہدہ تو جاری ہے ۔ کوئلہ تو وہاں سے آتا رہے گا اور ویگنیں جاتی رہیں گی لیکن ان کا معاہدہ ہے کہ ہم ان کو جپسم سپلائی کرتے ہیں ان کی بھی ۱۸۲ ویگنیں ہمارے ہاں موجود ہیں اور ۲۷۱ ہماری ان کے پاس ہیں ۔ پھر جتنے ان کے الزامات ہیں کہ چیئرمین نے یہ ریمارک دے دیا اور اتنی ویگنز وہاں پڑی ہیں اور وہ مقبوضہ کشمیر میں پڑی ہیں مجھے افسوس سے عرض کرنا پڑتا ہے کہ جس کو حمزہ صاحب شعر و شاعری کہتے ہیں اور ان باتوں کو solid نہیں مانتے ۔ facts and figures بتا رہے ہیں میں بار بار کہہ رہا ہوں کہ اس قسم کی باتیں کر کے مایوسی کی اور نفرت کی لہر آپ حکومت کے خلاف پھیلاتے ہیں ۔ اگر آپ میں جرأت ہے اگر یہ صحیح چیز ہے تو پبلک میں کیوں بیان نہیں دیتے ہیں تا کہ گورنمنٹ اپنی پوزیشن زیادہ clear کر سکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پہلے حمزہ کے سوالات کا جواب دیں ۔

وزیر ریلوے ۔ حمزہ صاحب کی سوائے داستان کے اور کچھ نہیں ۔

Mr. Speaker : I think the time should be extended by 15 minutes. (Voices : No objection.)

وزیر ریلوے ۔ اب میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے کہا تھا کہ کوئی سزا تجویز کریں لیکن میں کوئی سزا تجویز نہیں کرنا چاہتا البتہ ایک اور تجویز کرنی چاہتا ہوں کہ وہ اجلاس میں اپنی زبان بند رکھیں یا وہ اعلان کریں کہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے ۔ یہ سٹیٹمنٹ میں ٹیبل پر رکھ رہا ہوں ۔ اس پر چیئرمین کے دستخط کئے ہوئے ہیں ۔ اس قسم کی scandle بازی سے ملک کی خدمت نہیں ہو سکتی ۔ اب جناب اس کے بعد راؤ صاحب نے فرمایا تھا کہ ریل کاروں کے پنکھے افسروں نے نکال کر لگا لئے ہیں ۔ میں راؤ صاحب کی خدمت میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ وہ تشریف رکھیں ۔ خوبی ان میں یہ

ہے کہ وہ برا نہیں مانتے - میں بار بار کہہ رہا ہوں لیکن وہ نہیں مانتے کہ وہ جو چیز ہو وہ ساتھ لے آیا کریں جس کی اس ایوان میں ضرورت ہوتی ہے - مگر اس کو لے کر نہیں آتے تو حضور والا - دیکھئے قصہ یہ ہے کہ ہمارے پاس جو پنکھے آئے ہیں اس میں کچھ پنکھے کارخانے کے مالکوں نے غلط لگا دیئے - جب وہ پنکھے آئے ہم نے ان کی شکایت کی کہ پنکھے چلتے نہیں ہیں - انہوں نے کہا ہم اپنی قیمت پر ان پنکھوں کو بدل دیں گے - وہ پنکھے واپس لے لیں گے آپ کو نئے پنکھے لگا دیں گے - اب ان کارخانوں کا یہاں نمائندہ آیا پہلے پنکھے نکالے اور دوسرے پنکھے لگائے اور وہ پنکھے مغلپورہ میں ان کو واپس بھیجے گئے جن کی ہم نے کوئی قیمت نہیں دی - اب رہا افسروں کا اس لئے میں نے عرض کیا ہے کہ یہ ذرا سوچنے والی بات تھی - سوچنے کی بات یہ ہے وہ پنکھے جو ہیں وہ جناب والا - ۲۴ وولٹ ڈی - سی کے پنکھے جو ریل کاروں میں لگائے ہیں اور ان افسران اور آپ کے ہاں بنگلوں میں جو بجلی ہوتی ہے وہ ۲۲۰ وولٹ اے - سی یا ڈی - سی ہوتی ہے - یعنی وہ پنکھے یہ لوگ نہیں لگا سکتے ہیں - حضور والا - یہ عرض کروں گا کہ وہ جماعت اسلامی سے تعلق رکھتے ہیں اور ایک ذمہ دار فرد ہیں - پاکستان کی مومنٹ میں آپ کی شرکت تسلیم کو لوں گا لیکن یہ کیسے تسلیم کر لوں کہ اتنی بڑی حکومت پر جو مسلم حکومت ہے آپ الزام لگائے جا رہے ہیں - آپ کسی سے اتنا ہی پوچھ لیتے کہ یہ پنکھے آخر استعمال بھی ہو سکتے ہیں یا نہیں ہو سکتے - مسلمانوں کے ساتھ کم از کم کوئی حسن ظن تو ہو - مسٹر حمزہ سے لاکھ کہیں یہ واقعہ ہے کہ گنہگار ہوں لیکن کافر نہیں ہوں میں - یہ مسلمان حکومت ہے اگر اس مسلمان حکومت کے خلاف کوئی الزام لگائیں تو کم سے کم تحقیق تو کر لیں - (قطع کلامی)

راؤ خورشید علی خان - اگر ٹھیک ہوا تو آپ انکوائری کرنے کے لئے تیار ہیں -

وزیر ریلوے - دو باتیں جناب احمد سعید کرمانی صاحب نے فرمائی ہیں - وقت کی قلت کے باوجود میں جس وقت تقریر ختم کروں گا کوئی پوائنٹ جو آپ نے اس طرف سے اٹھایا ہو باقی نہیں رہے گا اور جس کا جواب میں نے آپ کو باقاعدہ نہ دیا ہو - یہ دوسری بات ہے کہ میں نے اس انداز میں جواب دیا ہو کہ آپ سن کر لاجی کو نہ اٹھ بھاگیں -

اب جناب والا ۔ وہ فرماتے ہیں کہ مزدوروں کے سکولوں میں غیر مزدوروں کے بچے داخل نہیں ہوسکتے ۔ اول تو میں ان سے کہتا ہوں کہ وہ اتنی بڑی ہمدردی ریلوے کے مزدوروں کی دکھاتے ہیں ۔ یہ کہاں درست ہے کہ اگر ریلوے کے مزدوروں سے کہا جائے جناب آپ اپنے بچے داخل نہ کرائیں غیر مزدوروں کے بچوں کو داخل کریں ۔ ریلوے کی پالیسی یہ ہے لیکن چونکہ وہ کبھی وہاں تشریف نہیں لے جاتے اور انہیں صحیح حالات کا علم نہیں ۔ وہ اپنی constituency میں الیکشن کے بعد جو سات برس پہلے ہوئے تھے اس علاقے میں نہیں گئے وہ ریلوے ورکز کا ذکر کر بیٹھتے ہیں ۔ اگر اس علاقے میں جاتے انہیں معلوم ہوتا اور ریلوے ورکز ان کو بتاتے کہ پچھلے دس ماہ میں کالونی میں ٹیوب ویل لگ گئے ہیں ان کو ہر جگہ نئی روشنی پہنچائی گئی ہے ۔ اسی ریلوے کالونی میں جس نے انہیں پانچ سات برس پہلے منتخب کیا تھا ۔ وہ ان کو بتاتے کہ ان کے کوارٹرز کی صفائی کا کیا عالم ہے ۔ انہیں معلوم ہی نہیں اسلئے کہ وہ کبھی وہاں گئے ہی نہیں ہیں ۔ تشریف ہی نہیں لے گئے ۔

اب ذرا سکولوں کے متعلق بھی جناب والا ۔ سن لیجئے St. Andrews' School ہے ۔ (قطع کلامی) جواب کرمانی صاحب کے سوال کا دے رہا ہوں " ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ "

مسٹر افتخار احمد خان ۔ وہ در اصل صحیح جواب دینا ہی نہیں چاہتے ۔

وزیر ریلوے ۔ کچھ باتوں کا جواب خاموشی ہوتا ہے " باشد خموشی " بعض چیزوں کا جواب خاموشی ہی ہوتا ہے ۔ وہ بھی جواب ہے ۔ خاموشی گفتگو ہے ۔

" بے زبانی ہے زبان میری "

جناب والا ۔ ریلوے کی پالیسی یہ ہے کہ اس سکول میں ریلوے کے مزدوروں کے بچوں کو پہلے ترجیح دی جاتی ہے اس کے بعد اگر جگہ رہتی ہے تو دوسرے بچے بھی داخل ہو سکتے ہیں کوئی ممانعت نہیں ہے ۔ اور اس کی مثال میں دیتا ہوں کہ اس سکول کا جس کا ذکر آپ کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ St. Andrews School میں جو تعداد اس وقت ہے غیر مزدوروں کے بچوں کی وہ ۶۰۰ میں سے کچھ ہے ۔ یعنی ۱۳۲ لڑکے غیر مزدوروں کے پڑھتے ہیں ۔ ایسا نہیں ہے کوئی ban یا پابندی نہیں ہے ۔ پہلے ترجیح صرف غریب مزدور ریلوے کے

ملازمین کو دیتے ہیں۔ ایک طرف جن کے حق میں وہ گانا گاتے ہیں دوسری طرف اگر ہم تعلیمی سہولتوں کا انتظام کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہمارے بچے کیوں داخل نہیں کرتے ۔

جناب والا ۔ اب سکھر ڈویژن کا آپ نے فرمایا تھا ۳۱ کروڑ روپیہ سکھر ڈویژن پر لگایا ہے ۔ تو حضور والا ۔ میں کیا عرض کروں اور اس کا کیا علاج بتاؤں ۔ جناب والا ۔ total کو جو کل غالباً لاکھ کو کروڑ پڑھ گئے ہوں گے ۔ کل جو ہے وہ ۳۱۶۲۸ لاکھ ہے جو پچھلے سال کا بجٹ ہے ۔ جو زیر بحث تھا اس پر مجموعی بحث سب نے کی ۔ افسوس ہے کہ خواجہ صفدر صاحب نے بحث کی۔ یہ ۲۲ لاکھ ہے جو زیر بحث آئی اور ۲۲ لاکھ ہی منظور ہو چکی ہے سکھر ڈویژن کیلئے۔ ایک دو پوائنٹ رہ گئے ہیں ۔ ایک صاحب نے اعتراض کیا تھا وہ غالباً میاں محمد اکبر صاحب ہیں جنہوں نے کوچوں کے متعلق کہا کہ ان کوچوں کو بدل کر ویگن بنا دیا گیا ۔ اس کے بدلنے میں اور shelf ہٹانے میں ۲۰ لاکھ روپیہ خرچ ہوا جب پھر دوبارہ fit کئے جائیں گے پھر ۵۰ لاکھ روپیہ خرچ کیا جائے گا ۔ وہ اس قسم کے الزام لگاتے ہیں اور بغیر تحقیقات کے لگاتے ہیں ۔ حالانکہ واقعہ صرف اتنا ہے کہ وہ ڈبے جن میں فروٹ لے جایا جاتا ہے اس کے لئے ایک فروٹ مرچنٹ یعنی پھل بیچنے والے سوداگر کی طرف سے درخواست پہنچی کہ جو shelf آپ نے لگائے ہیں اس کی وجہ سے پھل کم رکھا جاتا ہے اگر اس کو نکال دیا جائے تو پھل زیادہ رکھا جائے گا اور کام بھی زیادہ ہوگا ۔ ہم نے ان کی درخواست پر shelf نکال دیئے اس میں کوئی خرچہ خاص نہیں آیا اپنے ہی مزدوروں نے کام کیا ہے ۔

جناب والا ۔ سٹورز برانچ کے متعلق ایک بات بتائی گئی ہے اس میں راؤ خورشید علی صاحب نے بتایا ہے کہ سٹورز برانچ میں افسروں کی تعداد بڑھا دی گئی اور کلرکوں کی تعداد گھٹا دی ہے ۔ وہی بات ہے اصل میں انہیں معلوم کرلینا چاہئے تھا ۔ اصل بات یہ ہے اور ان کو شاید غلط فہمی ہوئی ہے کہ سٹور ریلوے میں supply and development سے خریدا جاتا ہے ۔ مرکز میں ایک شاخ supply and development کی ہے ۔ پہلے محکمہ ریلوے اپنا سامان اس کے ذریعہ خریدا کرتا تھا اور وہ سپلائی کرتے تھے ۔ تقریباً چار پانچ سال سے ریلوے اپنا سامان خود خریدتی ہے اسلئے افسران کی تعداد کم ہے ۔ چھوٹی چھوٹی purchase کیلئے ڈیپارٹمنٹ نے ایک الگ محکمہ قائم کیا ہے جو چھوٹی چھوٹی چیزیں خریدتا ہے ۔ ان کلرکوں کو ہٹایا نہیں گیا اور نہ ختم

کیا گیا بلکہ ان کو ادھر بھیج دیا گیا ہے کارکوں کی تعداد میں کمی نہیں ہوئی ہے ۔ اب ذرا افسران کی تعداد کے متعلق سن لیں کہ وہ کتنے ہیں ۔

۱ ۔ سینئر ایڈمنسٹریٹو	۱
۲ ۔ جونیئر ایڈمنسٹریٹو	۲
۳ ۔ سینئر سکیل	۴
۴ ۔ جونیئر سکیل	۸
۵ ۔ نان گزیٹڈ	۱۸۶

یہ تنخواہ اس سے کہیں کم بیٹھتی ہے جو ہم supply and development والوں کو دیا کرتے تھے ۔ دراصل بچت کرنے کی غرض سے ایسا کیا گیا ہے ۔ اب اگر کوئی پوائنٹ کسی کا رہ گیا ہو تو بتائیں ۔ ہاں کرمانی صاحب نے ایک بات اور فرمائی تھی اس میں بھی ان کی لا علمی ظاہر ہوتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر آباد کا پل نہیں بناتے ۔ اگر ذرا بھی وہ دلچسپی لیں اور ایوان میں تشریف لائیں اور اگر کہیں وہ میری تقریر کو پڑھتے یا white paper پڑھتے تو میں نے اس کے اندر بیان کیا ہے کہ وزیر آباد کا پل بنانے کیلئے روپیہ مہیا کیا گیا ہے انشاءاللہ کام شروع ہوجائے گا ۔ انہوں نے خود تو پڑھا نہیں تجویز پیش کردی ۔ رینالہ خورد کے متعلق آپ مجھے یاد دلانے والے ہی ہیں اس کے متعلق میں عرض کر دوں کہ وہاں ایسا کوئی کیس نہیں جو سوئے ادب ہوا ہو ۔ اس ڈپوٹیشن میں آپ ہی کے علاقے کے جو آپ کے ساتھ الیکشن لڑے تھے صاحب اتنے تو ہنس مکھ اور خوش مزاج آدمی ہیں وہ بھی اس ڈپوٹیشن میں آئے تھے ۔ مجھے سارے واقعات کا علم ہے اس میں کوئی جھگڑا نہیں ہے کوئی قصہ نہیں ہے اس میں صرف یہ دقت ہے کہ جہاں وہ مانگتے ہیں اس کراسنگ کو وہ ڈپٹی کمشنر اور ایس پی کے کہنے پر ہی بند کیا گیا تھا ۔ اس میں حادثات زیادہ ہونے لگے تھے کیوں کہ سٹیشن کی بلڈنگ سے بالکل قریب تھا اور اب انہوں نے سفارش کی ہے کہ کھول دیا جائے تو اس سفارش پر غور ہو رہا ہے کہ ہم ایسا کریں یا نہیں کہ سٹیشن کی بلڈنگ کو وہاں سے دور ہٹا دیں کیونکہ سٹیشن کی بلڈنگ قریب ہونے سے شنٹنگ زیادہ ہوتا ہے اور ریلیں زیادہ آتی ہیں اور رکتی ہیں تو اس لئے حادثات کا زیادہ اندیشہ ہے ۔ ریلوے کراسنگ کو موجودہ صورت میں کھول دینے کا اس کے باوجود میں نے ذاتی طور پر آپ کے کہنے سے پہلے ہی وہ صاحب جن کا میں نے ذکر کیا بار بار رینالہ خورد کی مشکل کی طرف توجہ دلا چکے ہیں ۔ میں نے خود ان سے کہا

ہے کہ جلدی اس مسئلے کی تحقیق کر کے مجھے بتلائیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ریلوے بورڈ اور ریلوے کو جس قسم کے سچ بولنے والے وزیر کی ضرورت تھی وہ مل گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

راؤ خورشید علی خان ۔ وہ ریلوے کوڈ کے revision پر جو ۱۶ ہزار کا خرچہ ہوا ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ میں نے سب کے متعلق جواب دیا ہے ۔ راؤ صاحب ۱۶ ہزار کیلئے کیوں فکر مند ہیں ان کو معلوم ہے کہ میں کہہ چکا ہوں کہ ریلوے code کے رولز کو نئے سرے سے revise کیا جا رہا ہے ۔ سال بھر میں ۱۶ ہزار کا کیا مقصد ہے ؟ اب میں جناب آپ کی اجازت سے ختم کرتا ہوں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ میں نے اراکین کے تمام سوالات کے جوابات دے دئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ ریلوں کا تا خیر سے چلنا اور لاہور اور لائل پور کے سٹیشنوں پر ۔۔۔۔ (قطع کلامیاں) خفیہ دورے نہیں کرتے ۔ سربراہ مملکت ۔۔۔۔ (شور اور قطع کلامیاں) ۔

وزیر ریلوے ۔ میں نے اس کا تفصیل سے جواب دیا ہے ۔ ایک بات یہ ہے کہ کٹ موشن جو ہے وہ ریلویز کی inefficiency پر ہے ۔ اس کی سرخی ہی یہ ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ میں عرض کروں گا کہ زہری صاحب نے ابھی جو چٹھی پڑھ کر سنائی ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ میں بتلاتا ہوں کہ ''inefficiency'' کا یہ حال ہے کہ پچھلے سال ویگن ''per train'' ۴۷ تھے اور اب ۴۸ ہیں یعنی دو اعشاریہ تیرہ کا اضافہ ہوا ہے ۔ ویگن per mile per day یعنی جتنی گاڑیاں ہمارے پاس پچھلے سال چلتی تھیں وہ ۱۵۴ تھیں اب ۱۶۴ ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجھے ایک موٹا جواب دیجئے کہ لاہور سے لائلپور ۔۔۔۔۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کیا ہے حمزہ صاحب ۔

وزیر ریلوے ۔ بولان میل کے متعلق انہوں نے کہا ہے ۔ میں جا چکا ہوں دیکھ چکا ہوں اور واقعی بولان میل کی وجہ سے لاڑکانہ کے لوگوں کو

تکلیف ہے ۔ میں نے اس سلسلے میں جواب دیا ہے کہ اگر رات کے نو بجے کوئٹہ سے گاڑی نہ چلے تو یہ ممکن ہو سکتا ہے ایسا انتظام ۲۰ برس سے چل رہا ہے ۔ ہم نے کوشش کر دیکھی تھی یہ چیز نہیں ہو سکتی ۔ پھر بھی ہم نے ان سے کہا ہے کہ اس تجویز پر غور کریں اور مجھے بتلائیں ۔ زہری صاحب کے بارے میں میں عرض کروں کہ ایک افسر روزانہ یہاں اس مقصد کے لئے بیٹھتا ہے کہ کہیں اگر ڈبے زیادہ لگانے یا ٹائم ٹیبل کے متعلق کوئی تجویز پیش کرنی ہو تو تشریف لائیں میں نے انہیں اپنے کمرے میں بٹھا رکھا ہے لیکن اب تک کوئی ان کے پاس گیا نہیں ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی بات کا میں نے جواب دے دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کولرز کے بارے میں بتلائیں ۔

وزیر ریلوے ۔ یہ سب پہلے بتلا چکا ہوں ۔

Mr. Speaker : No interruptions please.

مسٹر حمزہ ۔ یہ ہاں یا نہ کچھ تو بتلائیں ۔ یہ ہمارے سوالات کا جواب کیوں نہیں دیا کرتے ؟

وزیر ریلوے ۔ کولرز کا میں نے پہلے ہی جواب دیا ہے ۔

ملک سرفراز خان ۔ میں نے یہ پوائنٹ raise کیا تھا کہ ریلوے کے افسروں کو جو سہولتیں سفر کی حاصل ہیں کیا وزیر ریلویز ڈبوں کی کمی کے پیش نظر یہ سہولت واپس لینے کے لئے تیار ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ اگر ان کی تجویز یہ ہے کہ میں سیلون کو گڈز ٹرین میں تبدیل کر دوں تو میں تیار نہیں ہوں ۔

Mr. Speaker : Now I put the motion of Khawaja Safdar. The question is—

That the total of Rs. 30,19,000 on account of Ordinary Working Expenses - General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 30,18,999.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : Other motions are of a similar nature. This motion having been lost, they are ruled out of order.

Now guillotine has to be applied. There is no question of putting other cut motions also, and now I straightaway put the questions—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 30,19,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June 1963, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

(*The motion was carried.*)

(DEMAND NO 2.)

Mr. Speaker : The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 52,31,000 be granted to the Governor to

defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June 1963 in respect of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance.

(The motion was carried.)

(DEMAND No. 3)

Mr. Speaker : The question is -

That a supplementary sum not exceeding Rs. 61,32,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June 1963, in respect of Ordinary Working Expenses—Operating Expenses.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker : Now the House is adjourned till 8.00 A.M. tomorrow.

(The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Thursday the 20th June, 1963)

APPENDIX

(Answer to Starred Question No. 2652)

(*a*) The letter of option was issued by the Inspectress of Schools, Lahore Division in time, but it appears that some of the offices did not receive the letter. Perhaps these were lost in transit. When the matter was brought to the notice of the Inspectress, the date for option had expired and thus some of the lady teachers and District/Assistant District Inspectresses could not exercise their options for the revised scales within the prescribed time limit.

(*b*) Question does not arise.

(*c*) The proposal for extending the date of option for the revised scales is under consideration of Government in Finance Department.

APPENDIX

(Answer to Starred Question No. 2653)

(*a*) No peon in the personal attendance of the Inspectresses of Schools has been withdrawn. However, the fact is that Inspecting Officers below the rank of District Inpectresses have not been provided with peons for their personal attendance. The Assistant District Inspectors/Inspectresses who are also touring officers and have to supervise and inspect institutions situated within their respective jurisdictions have not been able to inspect a large number of girls schools during the last years due to the fact that they have not been provided with peons for personal attendance.

(*b*) A very strong case has been made out for the provision of peons to the Assistant District Inspectors/Inspectresses and referred to the Finance Department for their concurrence which is expected shortly.

APPENDIX

(Answer to Starred Question No. 2765)

(*a*) I. **Government College for Boys, Quetta.**

This College was established in 1952 and called as Sandeman Higher Secondary School, in the first instance. It was raised to the Degree standard in 1958 and renamed as Government Degree College Quetta.

II. **Government College for Women, Quetta.**

(*b*)
(*c*)
(*d*)
(*e*) } Kindly see the attached Statements.

(*f*) It is a fact that on many occasions the pass percentage in the public examination of the various classes has been lower than the general pass percentage of the Board or the University concerned. Whenever this happened, the members of the teaching staff found responsible for the low pass percentage were warned and advised to improve their results. One of the difficulties in the case of Quetta College has been the Non-availability of suitable teaching staff who would feel happily settled in this far-flung part of the country and devote themselves whole-heartedly to work. Education Department has been taking necessary steps to stabilize the staff, in the interest of the students. The number of lecturers approved by the Public Service Commission for permanent appointment is now increasing steadily. It is, therefore, hoped that the results will go on improving.

———

S. No.	Year	Enrolment				No. of students sent up.			No. of students detained.	No. of students passed.			Pass percentage.	
1.	2.	3.				4.			5.	6.			7.	
		1st Yr.	2nd Yr.	3rd Yr.	4th Yr.	2nd Yr Arts.	2nd Yr Sc.	4th Yr.		Degree Arts.	2nd Yr. Arts.	2nd Yr. Science	Deg : Art	2nd 2nd Sc
1.	1951-52	9	—	—	—	—	—	—	—	—	—	—		
2.	1952-53	21	9	—	—	9	—	—	—	—	—	—		
3.	1953-54	23	19	—	—	19	—	—	—	—	—	—		
4.	1954-55	27	20	—	—	20	—	—	—	—	—	—		
5.	1955-56	28	25	—	—	25	—	—	—	—	—	—		
6.	1956-57	42	25	—	—	25	—	—	—	—	—	—		
7.	1957-58	61	38	—	—	36	—	—	2	—	—	—		
8.	1958-59	67	60	12	—	56	—	—	4	—	—	—		
9.	1959-60	72	67	14	10	48	19	10	—	—	—	—		
10.	1960-61	101	72	17	14	55	17	14	—	No Record	19	—	34%	0%
11.	1961-62	97	97	13	2	66	31	2	—	2	46	8	100% 70%	26%
12.	1962-63	127	81	44	10	63	18	10	—	Result not yet out.				

The Principal, Government College for Women, Quetta could not supply the number of the students who were declared successful during the year 1951-52 to 1959-60.

GOVERNMENT COLLEGE FOR WOMEN, QUETTA.

Academic Year	Class-wise Enrolment in Arts. & Science				No. of students sent up for examination in Arts & Science.		Degree Arts	No. of students passed.		Degree Arts	Students detained	Pass percentage		Degree Art.
	I Yr.	II Yr.	III Yr.	IV Yr.	Int. Art	Int Sc.		Inter Arts	Inter Sc.			Int Art.	Int Sc.	
1960-61	101	71	—	—	49	24	—	16	Nil	—		34%	0%	—
1961-62	90	97	13	2	66	31	2	46	8	2	Nil	70%	27%	100%
1962-63	127	78	44	—	63	15						Result awaited.		

Printed at Istiqlal Press, Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FOURTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Thursday, the 20th June, 1963.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-50 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Mr. Mobinul Haq Siddiqi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ
يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ
مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ
رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا
ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ
قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ
اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

پارہ ۴ سورۃ ۳ رکوع ۶ آیات ۱۴۵ تا ۱۴۷

اور یاد رکھو خدا کے حکم کے بغیر کوئی جان مر نہیں سکتی۔ ہر جان کے لئے ایک خاص وقت ٹھہرا دیا گیا ہے۔ جو کوئی دنیا کے فائدے پر نظر رکھتا ہے ہم اسے دنیا میں سے دیں گے جو کوئی آخرت کے ثواب پر نظر رکھتا ہے اسے آخرت کا ثواب ملے گا۔ ہم شکر گزاروں کو انکی نیک عمل کا اجر ضرور دیں گے۔ اور کتنے ہی نبی ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت سے با خدا لوگوں نے جنگ کی لیکن کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ان سختیوں کی وجہ سے جو انہیں خدا کی راہ میں پیش آئی ہوں بے ہمت ہو گئے ہوں اور نہ ایسا ہوا کہ کمزور پڑ گئے ہوں یا عجز و بے چارگی کا اظہار کریں۔ اور اللہ انہی لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو مشکلوں مصیبتوں میں ثابت قدم رہتے ہیں پھر سختیوں اور مصیبتوں کا کتنا ہی ہجوم کیوں نہ ہو لیکن ان کی زبانوں سے اس کے سوا کچھ نہ نکلتا تھا کہ خدایا ہمارے گناہ بخش دے ہم سے ہمارے کام میں جو زیادتیاں ہو گئیں ہوں ان سے درگذر فرما۔ ہمارے قدم راہ حق میں جما دے اور منکرین حق کے گروہ پر ہمیں فتح مند کر۔

QUESTIONS OF PRIVILEGE

Re-incorrect reply to Question No. 1748 (Speaker's Ruling)

Mr. Speaker : Now, I will give my ruling on the Question of Privilege raised by Mr. Inayat-ur-Rehman Khan Abbasi.

The question of Privilege raised by Mr. Inayat-ur-Rehman Khan Abbasi is that on 11-3-1963 the Minister for Health and Local Government gave the Member an incorrect information in answer to starred question No. 1748.

The question asked by the Member was :

"(a) Whether it is a fact that Commissioners and Deputy Commissioners have been instructed to consult the Members of the National and Provincial Assemblies from their areas concerned in local development works ; if so, whether a copy of the said instructions will be laid on the Table of the House ;

(b) Whether it is also a fact that Divisional Councils also have been asked to apprise the M.N.As. and M.P. As. from their respective Divisions of the proceedings of their meetings ;

(c) Whether the authorities concerned are following the said instructions, if not, reasons therefor."

The answer given by the Minister for Health and Local Government was :

"(a) No. The Commissioners and Deputy Commissioners have been instructed only to supply copies of the proceedings of Divisional and District Councils to Members of the National and Provincial Assemblies. A copy of the instructions issued is placed on the Table.

(b) Yes.

(c) No instances have come to the notice of Government that the instructions are not being followed."

The contention of the Member is that although the Government in its circular No. SOI (BD)-6-17/62, dated the 14th July, 1962, directed the Commissioners and Deputy Commissioners to brief the Members of the National and Provincial Assemblies on the Development programmes in their areas so that they were fully kept in the picture about the development activities, the Minister for Health and Local Government answered part (a) of the question in the negative which was not the correct position. The Minister for Health and Local Government asserts that the answer given by him was quite correct because Commissioners and Deputy Commissioners were required to brief the Members are not to consult them. I have considered the matter. The word 'brief' means to give a summary of certain facts and law. It is not synonymous with 'consult'. The answer given by the Minister was therefore not incorrect, and his placing a copy of the Circular on the Table of the House was the actual information sought by the Member. Therefore, no question of breach of any privilege is involved.

Moreover, according to Rule 174 of the Rules of Procedure one of the conditions for raising a question of privilege is that the question shall be raised at the earliest opportunity. The answer in question was given on 11-3-1963 and the Assembly remained in session up to 16th April, 1963. The notice of the present motion was given by the Member on the 7th June, 1963. The provisions of this rule are therefore not satisfied in the present case.

The matter proposed to be discussed is therefore not in order.

Pushto Interpreters for the Assembly

Mr. Speaker : There is another privilege motion by Mr. Nasrullah Khan Khattak and Malik Jehangir Khan. Mr. Nasrullah Khan may ask for leave to raise his question of privilege.

مسٹر نصر اللہ خان خٹک (پشاور-۴) - مسٹر سپیکر - میں اس امر کے متعلق استحقاق کا سوال اٹھانے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ سابق صوبہ سرحد کے بیشتر ممبران کو انگریزی زبان سمجھنے میں دقت ہوتی ہے اور چند ممبر قدرے سمجھ لیتے ہیں اور اپنے خیالات کا اردو اور انگریزی میں اظہار نہیں کر سکتے - لہذا تجویز ہے کہ ہمہ وقتی پشتو ترجمان ایوان میں مقرر کیا جائے تاکہ ان ممبران کی تکلیف کا ازالہ ہو - قومی اسمبلی میں پہلے ہی اس طرح کا بندوبست کیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر - ہمارے ۳۲ ممبران میں سے پانچ ایسے ممبران ہیں جو بالکل اردو نہیں سمجھ سکتے ان کے لئے ٹرانسلیٹر کا انتظام کیا جائے اگر کوئی ممبر پشتو میں تقریر کرتا ہے اور ایوان کے معزز ممبران کو ان کے خیالات سے کچھ پتہ نہیں چلا تو بعد میں ٹرانسلیشن سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے - تو floor پر ہی interpretation ہونی چاہئیے تاکہ جو پشتو یا سندھی زبان میں تقریر کرے تو اس کا ترجمہ ہو جائے -

Mr. Speaker : My ruling on the question is that this is not any breach of privilege. It is a suggestion. The Government may consider this suggestion and take suitable action accordingly.

Mr. Munnawar Khan : Could you move the Government in this behalf ?

Mr. Speaker : Yes, we are prepared to move it.

We now start with the general discussion of the Budget.

Khawaja Muhammad Safdar : We start with the questions.

Mr. Speaker : I think it was agreed by both sides that during the general discussion there will not be any questions. It was agreed by the member as well as the Treasury Benches.

خواجہ محمد صفدر - میرا خیال تھا کہ جو سمجھوتہ ہوا تھا وہ ریلوے بجٹ کے لئے تھا جناب والا - کل ہی ملک قادر بخش صاحب نے مجھ سے یہ بات کی تھی - انہوں نے کہا تھا کہ کل کے روز یعنی آج Question Hour کو Questions کے جوابات کے لئے استعمال کیا جائے اور اس کے بعد ہم اندازہ لگائیں کہ کام کی رفتار کیا ہے اور اگر ہم نے دیکھا کہ بہت سے دوست عام

بحث میں حصہ لینے والے ہیں اور وقت ہمارے پاس کم ہے تو پھر پرسوں سے یعنی کل سے Question Hour کو ملتوی کر دیا جائے تو اگر آپ کے خیال میں دفتر نے ایسا انتظام نہیں کیا ہوا . . . (قطع کلامی)

Mr. Speaker : I think there was an understanding between both the sides that during the general discussion on the Budget there should be no questions. If the House wants to reverse that arrangement I have no objection. From tomorrow we can start questions.

Khawaja Muhammad Safdar : Alright Sir, then we start with the general discussion.

WEST PAKISTAN BUDGET (General), 1963—64

Discussion on the Budget as a whole.

Mr. Speaker : Khawaja Sahib is the Leader of the Opposition and it is a convention that the Leader of the Opposition opens the debate.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - بڑی مہربانی ہے اور یہ دوستوں کی کرم نوازی ہے کہ انہوں نے مجھ سے کہا ہے کہ میں اس بحث کا آغاز کروں۔

جناب والا - مجھے انتہائی افسوس ہے کہ ہمارے وزرا صاحبان کو جب یہ معلوم تھا کہ آج اس ایوان میں انکے پیش کردہ بجٹ پر عام بحث کا آغاز ہو رہا ہے ،مگر وہ کسی function میں مصروف ہیں - جسکا تعلق کم از کم اس ہاؤس کے کاروبار سے نہیں ہے - مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وزیر صاحبان اس ایوان کے کام کاج سے دلچسپی نہیں رکھتے - ہاؤس میں جب آئے محض جذبات کے تحت بڑھ چڑھ کر باتیں بنا لیں لیکن عمل یہ ہے کہ اس سیشن میں دو دن انہوں نے ایک evening ceremony کے سلسلہ میں ضائع کئے اور کم از کم ایک گھنٹہ اس ایوان کا آج بھی ضائع ہو چکا ہے اور وزراء صاحبان بجٹ کی تقریر سننے کے لئے یہاں تشریف نہیں رکھتے - ایوان کے وقت کے ضیاع کی تمام تر ذمہداری وزراء صاحبان پر ہے - جناب والا - یہ تو جملہ معترضہ تھا شائد مجھے یہ باتیں کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی اگر ہمارے وزراء صاحبان اپنی ذمہداریوں کا احساس فرماتے - بہر حال آج میں جن باتوں کا یہاں ذکر کروں گا وہ طویل داستان کی ایک چھوٹی سی کڑی ہوگی جس میں بار بار اس بات کا ذکر آئے گا کہ ہمارے وزراء صاحبان اپنی ذمہداریوں سے عہدہ برآ نہیں ہورہے ہیں بلکہ فرائض منصبی میں صریحاً کوتاہی کر رہے ہیں - میں دلی رنج و الم کیساتھ اپنی تقریر کا آغاز ان اندوہناک المناک واقعات سے کر رہا ہوں جو حال ہی میں اس صوبے کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک وقوع پذیر ہوئے ہیں - جناب والا - دو ہفتے تقریباً گذر چکے ہیں جب اس صوبہ میں

پارہ چنار سے لیکر کراچی تک اور سیالکوٹ سے لیکر کوئٹہ تک لوگوں نے ایک دوسرے کے خون کے ساتھ ہولی کھیلی ۔ بھائی نے بھائی کا گلا کاٹا ایک بھائی نے دوسرے بھائی کے مکان جلائے ۔ گولیاں چلائی گئیں دوکانات کو لوٹا گیا ۔ یہ واقعات اگر دو ایک جگہ ہوتے تو میں یہ سمجھتا کہ یہ کسی فوری اشتعال کا نتیجہ تھے لیکن جناب والا ۔ یہ دو چار جگہ نہیں آٹھ دس جگہ نہیں ۔ دس بیس جگہ نہیں بلکہ میں پوری ذمہداری کیساتھ کہتا ہوں کہ اس صوبے میں ۹۳ مقامات پر محرم کے دن فسادات ہوئے اگرچہ یہ خبر اخبارات میں نہیں آئی لیکن یہ میری تحقیقات کا نتیجہ ہے اور سرکاری ذرائع سے مجھے معلوم ہوا اور ان واقعات کی ہولناکیوں کا اندازہ کیجئے کہ کہاں کوئٹہ اور کہاں سیالکوٹ اور کہاں کراچی ۔ پارہ چنار اور کہاں ڈھیری ۔ یہ سب واقعات کسی فوری اشتعال کا نتیجہ نہیں ہو سکتے تھے ۔ ایک جگہ ہوتا اگر فوری اشتعال ہوتا لاہور میں ہوتا ۔ سیالکوٹ میں اور کوئٹہ میں ہوتا لیکن ہوا کیا بیک‌وقت سارے صوبے میں اس قسم کے فسادات۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ اسقدر خوف ناک اسقدر ہولناک فسادات وقوع پذیر ہوئے ہیں کہ ہمیں اپنا مستقبل بحیثیت پاکستانی اور اس ملک کا مستقبل تاریک نظر آ رہا ہے اور ہماری گردنیں شرم اور ندامت سے بلکہ ہر محب وطن پاکستانی کی گردن شرم اور ندامت سے جھک گئی ہے اور ہمارے دشمنوں کو موقعہ ملا ہے کہ وہ ہم پر طعن و تشنیع کریں ۔

جناب والا ۔ لیکن آخر ایسے ہوا کیوں ۔ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ یہ کسی فوری اشتعال اور واقعہ کی بنا پر نہیں ہوا اگر ایسا ہوتا تو دو ایک جگہ ہوتا ۔ اگر یہ قبول کر لیا جاوے کہ یہ واقعات کسی فوری اشتعال اور واقعہ کا نتیجہ نہیں تو پھر اس کے سوائے اور کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوتا کہ یہ واقعات کسی گہری سازش کا نتیجہ ہیں ۔ بعض دوستوں نے اس سازش کا منبع اس ملک سے باہر بتایا ۔ اس ملک کے بعض معزز راہنماؤں نے یہ بھی کہا ہے اس ملک میں باہر سے آنے والے علمائے کرام نے اس فسادات کی آگ اپنی تقریروں سے بھڑکائی ہے ۔ میں کسی نتیجے پر پہنچنے سے قاصر ہوں کیونکہ تمام تر واقعات میرے سامنے نہیں ہیں لیکن میں ایک سوال پوچھتا ہوں وہ یہ ہے کہ آخر ہماری انتظامیہ کہاں سوئی پڑی تھی آخر ہماری انتظامیہ نے فسادات سے قبل فسادات کے دوران میں اور فسادات کے فوری بعد کیا اقدامات کئے ۔ فسادات سے قبل فسادات کو روکنے کیلئے فسادات کے دوران میں فسادات

کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لئے اور فسادات کے بعد فسادات کا اعادہ ہونے سے باز رکھنے کیلئے ۔ آخر ہماری انتظامیہ نے کیا انتظام کیا ۔ کیا اقدامات کئے وہ کیا اقدامات ہیں جو کہ انہوں نے اس صوبہ کے امن کو قائم رکھنے کے لئے اختیار کئے ؟

جناب والا ۔ اگر آپ ان واقعات کا جائزہ لیں جو ان فسادات سے پہلے رونما ہوئے اور جو ان فسادات کے دوران رونما ہوئے تو آپ اور میرے تمام معزز دوست جو اس معزز ایوان کے رکن ہیں اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ یقیناً انتظامیہ نے اپنی نا اہلی کابین اور واضح ثبوت دیا ہے ۔ آپ غور فرماویں کہ لاہور میں ایک رات ایک واقعہ ہوتا ہے اور وہ ایک محدود حلقے میں ہوتا ہے دوسرے روز پانچ اور چھ بجے کے قریب شام کو یعنی تقریباً ۲۰ گھنٹے کے بعد وہ واقعہ شہر کے مختلف حصوں میں دھرایا جاتا ہے ۔ شہر کے اطراف میں فسادات پھیل جاتے ہیں ۔ آخر لاہور جو کہ صوبائی حکومت کا دارالحکومت اور صدر مقام ہے اس میں رہتے ہوئے ہمارے ان وزراء صاحبان نے اور ان بڑے بڑے افسران نے جن کے کندھوں پر ان فسادات کو روکنے اور امن قائم کرنے کی ذمہ داری تھی ان ۲۰ گھنٹوں یا ۲۱ گھنٹوں میں کیا اقدامات کئے جن سے ان فسادات کو پھیلنے سے روکا جا سکتا ۔ جناب والا ۔ اخبارات میں آیا ہے کہ ٹھیری میں ایک رات ایک واقعہ ہوا ۔ مالی اور جانی نقصان ضرور ہوا لیکن محدود ہوا ۔ ٹھیری سے کہتے ہیں کہ چار پانچ میل دور خیر پور ڈویژن کا صدر مقام ہے وہاں سے سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگ آئے ہیں کیا انکو راستہ میں روکا نہیں جا سکتا تھا کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ خیر پور اور ٹھیری کے درمیان ایک نہر ہے نہر کے پل کو گذرنے کے بعد ٹھیری پہنچا جاتا ہے کیا اس پل کو بلاک نہیں کیا جا سکتا تھا کیا پھر بھی وہ لوگ وہاں پہنچ سکتے تھے کیا یہ انتظام اتنے طویل عرصہ میں نہیں کیا جا سکتا تھا ؟ کیا فوج نہیں بلائی جا سکتی تھی اگر پولیس نہیں تھی یا نااھل تھی تو کیا فوج سے مدد نہیں لی جا سکتی تھی تاکہ ٹھیری کے رہنے والوں اور باہر سے آنے والوں میں تصادم نہ ہوتا وہ ایک دوسرے کا گلہ نہ کاٹتے اموات کی تعداد جو سینکڑوں تک پہنچ گئی ہے وہ پہلی رات کے واقعات تک محدود رہتی۔ افسوس صد افسوس کہ انتظامیہ نے اپنے فرائض منصبی سے کوتاہی ہی نہیں کی بلکہ اس ملک سے غداری کی ہے اس ملک میں ایک بھائی کا دوسرے بھائی کو گلہ کاٹنے کی کھلی چھٹی دی گئی ہے ۔ یہیں پر بس نہیں جناب والا ۔ کیا یہ وہ

واقعہ نہیں کہ صوبہ کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سنٹرل اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے اندر اور باہر ذمہ‌دار افراد اور انجمنوں نے صوبہ کے ہر طبقہ فکر اور ہر مکتب فکر کے ذمہ‌دار لوگوں نے اس حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کی کسی جو ڈیشیل کمشن کے ذریعہ تحقیقات کرائی جائے مگر ہوتا کیا ہے ۔ انتظامیہ کا ایک فرد لاہور کے واقعات کی تحقیقات کے لئے مقرر کیا جاتا ہے اور انتظامیہ ہی کا ایک فرد ٹھیری کے واقعات کی تحقیقات کرنے کیلئے مقرر کیا جاتا ہے اور صوبہ میں دوسری جگہوں پر جو واقعات ہوئے ہیں انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے ۔ کہ جاؤ ایک دوسرے کا سر پھوڑو ایک دوسرے کو قتل کرو ایک دوسرے کا مکان لوٹو ۔ ان تمام چیزوں کو اگر باہمی طور مربوط کیا جاتا تو کیا یہ اس امر کی طرف اشارہ تو نہیں کرتے اس ملک میں وہ لوگ جو اس وقت برسر اقتدار ہیں اور اپنے اقتدار سے چمٹے رہنے کی خواہش رکھتے ہیں ۔ ان جمہوریت نواز عناصر کے مطالبہ کو ملک میں پہنچنے کی اجازت نہیں دینا چاہئے اور اس پرانے اور فرسودہ مگر موثر ہتھیار کو استعمال کر رہے ہیں divide and rule تقسیم کرو اور حکومت کرو ۔ کیا ہماری یہ حکومت اور ہمارے یہ وزراء جن میں سے صرف ایک صاحب تشریف رکھتے ہیں باقی کہیں اپنی رنگ رلیوں میں مصروف ہوں گے ۔

وزیر مال ۔ شیخ مسعود صادق صاحب تشریف لے آئے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ میں بہت دیر سے بیٹھا ہوا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شکریہ ! جناب والا ۔ ان فسادات سے قبل فسادات کے بعد اور فسادات کے مابعد ان کڑیوں کو اگر مربوط کیا جائے ۔ باہم ملا جائے تو میرے ان شکوک کو تقویت پہنچتی ہے ۔ divide and rule کی فرسودہ مگر موثر پالیسی ہمارے ہاں کار فرما ہے اور ''کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں،، وہ کون سا معشوق ہے ۔ اور یقیناً وہ ہماری حکومت ہے ۔ آخر اس امنڈتے ہوئے جمہوریت کے سیلاب کو جو اس ملک میں آ رہا ہے ۔ کیا عوام کے اس مطالبہ کو کہ انکے جمہوری حقوق انہیں واپس دیے جاویں ۔ عوامی مطالبہ کے اس سیلاب کو روکنے کے لئے اور اس کے سامنے بند باندھنے کے لئے ہم میں تفریق تو پیدا نہیں کی جارہی ۔ کیا ہمیں اسی غرض سے تو لڑایا نہیں جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ ایسے شکوک ہیں جو میرے دل و دماغ میں پیدا ہو رہے ہیں ۔ بلکہ ہر محب الوطن پاکستانی کے دماغ میں چکر لگا رہے ہیں ۔ شکوک کو رفع کرنا خود حکومت کا فرض ہے اور وہ اسی طرح سے رفع ہو سکتا ہے کہ ان فسادات کی آزادانہ جوڈیشیل تحقیقات کرائی جاوے ۔ جناب والا ۔ میں اس ایوان میں پورے شدومد کے ساتھ یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ان تمام واقعات کی تحقیقات کے لئے ایک جوڈیشیل کمشن مقرر کیا جائے جس کا صدر سپریم کورٹ یا ویسٹ پاکستان کے ہائی کورٹ کا کوئی آنریبل جج ہو وہ پتہ لگائے کہ اس سازش کا منبع کیا ہے یہ کہاں سے شروع ہوتی ہے ۔ یہ سرحد پار سے شروع ہوتی ہے یا خود یہاں سے پیدا ہوئی ہے ۔ کون کون سے عناصر اس میں شریک ہیں وہ یہ بھی پتہ لگائے کہ ان فرقہ وارانہ فسادات کی وجوہات کیا ہیں اور کیا عوامل ہیں اور کیا وجوہات ہیں جن کی بنا پر اس قدر وسیع و عریض فسادات ہوئے ۔ اس کے بعد اس کمشن کے ذمہ یہ بھی فرض عائد کیا جائے کہ وہ آئندہ کے لئے اسے اس قسم کے فسادات کو روکنے کے لئے تجاویز پیش کریں جن پر عمل پیرا ہونے کے بعد اس صوبہ میں ہم بھائی بھائی کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہیں اور اس ملک کی مضبوطی اور استحکام کیلئے شانہ بشانہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کوشش کریں ۔ (ہیئر۔ہیئر)

جناب والا ۔ چند روز سے ایک فیشن سا ہو چلا ہے کہ کوئی صاحب جب گورنمنٹ کی طرف بیان دینے کے لئے منہ کھولتے ہیں تو یہی کہتے ہیں کہ یہ فسادات غنڈہ عناصر کی وجہ سے ہوئے ہیں یہ ایک ایسا فیشن ہے کہ اس کا اگر پورے طور پر سد باب نہ کیا گیا تو ہمارے یہ وزراء اور ان سے متعلق دوسرے صاحبان جو اس کو ہوا دے رہے ہیں اور ملک کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنا چاہتے ہیں عوام کو گمراہ کرنے میں کامیاب ہو جائینگے یہ نا ممکن ہے کہ اس قدر عریض و وسیع پیمانہ پر جو فسادات ہوئے وہ غنڈہ عناصر کی وجہ سے ہوئے ہیں اگر ایسا ہوتا تو صرف ایک جگہ پر فساد ہوتا ۔ اس قدر بڑے علاقے میں فسادات کیا غنڈہ عناصر ہی نے کرائے ہیں ؟ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس امر کا پتہ ۳ جون کو ہی کیوں ہوا ؟ اس سے پہلے کیوں نہیں ہوا ؟ کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ اس کا پتہ لگایا جاتا ؟ آپ کے پاس پولیس ہے سی آئی ڈی اور Intelligence Bureau ہے انہوں نے ۳ اور ۴ جون کو یہ پتہ لگا لیا مگر کیا ۲ جون سے قبل اس کا پتہ نہیں لگا سکتے تھے کہ غنڈہ عناصر فسادات پھیلانے والے ہیں ۔ کیا ان غنڈہ عناصر کو حوالات

میں بند نہیں کیا جا سکتا تھا ؟ اصل مرض سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لئے اس قسم کی باتیں ہو رہی ہیں ۔ اصل مرض کا جب تک پتہ نہیں چل سکے گا اس وقت تک اس کا علاج نا ممکن ہے ۔ لیپا پوتی سے فسادات کو مٹایا نہیں جا سکتا ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ خدا نخواستہ اگر اس انتظامیہ اور اس کے وزراء نے ایسا ہی رویہ رکھا اور اپنا چلن نہ بدلا تو خدا نخواستہ ملک ۳ جون سے بڑے فسادات کی لپیٹ میں آ جائے گا ۔ میں بروقت متنبہ کر رہا ہوں کہ خدا را اپنے فرائض کو پہچانیں کہ جس ملک پر آپ حکومت کر رہے ہیں اس میں فسادات کو پھیلنے سے روکئے اگر آپ چاہتے ہیں اس ملک میں فتنہ و فساد بھڑکا کر اس پر حکومت جاری رکھیں تو یاد رکھئے میں آپ اور ہم سب کے سب اس آگ میں جل کر بھسم ہو جائینگے ۔ خدا نہ کرے کہ ایسا ہو ۔ جو چلن آپ نے اختیار کیا ہے خدا نہ کرے وہ ہمیں اس راستہ پر لیجائے لیکن مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے ۔ کہ ہم ایسے لوگوں کے قبضے میں چلے گئے ہیں جو آنکھیں رکھتے ہیں مگر دیکھتے نہیں ۔ جو کان رکھتے ہیں مگر سنتے نہیں جن کے دماغ میں گودا تو ہے مگر وہ اس کو کام میں نہیں لاتے اور اگر لاتے بھی ہیں تو صرف اپنے لئے ۔ عوام اور ملک کے لئے اسے کام میں لانے کے لئے تیار نہیں ۔

جناب والا ۔ مجھ تک یہ خبریں پہنچی ہیں کہ بعض مقامات پر ناجائز طور پر بعض لوگوں کو تنگ کیا جا رہا ہے ۔ ان پر ناجائز طور پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے ۔ میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ میرے کہنے کا ہرگز یہ مقصد نہیں کہ میں کسی مجرم کی حمایت کروں ۔ میرا ہرگز ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ کسی ایسے شخص کی حمایت کروں جس پر کوئی الزام عاید ہو چکا ہو ۔ عدالت ہی اس کا فیصلہ کرے گی ۔ مگر میں آپ کے توسط سے وزراء صاحبان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ کہیں انتظامیہ اپنی نا اہلی پر پردہ ڈالنے کے لئے کسی بے گناہ کو ملزموں کے کٹہرے میں لا کھڑا نہ کر دے ۔ گناہ گاروں اور بیگناہوں میں تمیز کی جائے ۔ ہم اس حکومت سے جائز توقع کرتے ہیں کہ حکومت تمام بیگناہوں کی حفاظت کرے گی ۔

آخر میں میں ان تمام افراد اور ان کے اہل خاندان سے جو ان واقعات میں قتل ہوئے اور ان واقعات میں جنہیں مالی نقصان پہنچا اور جو زخمی ہوئے ہیں ان سے اپنے اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ایک مسئلہ اور ہے جس کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ آپکے توسط سے دلانا چاہتا ہوں ۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ہماری انتظامیہ اس صوبے کا امن و امان بحال نہیں رکھ سکتی اور یہ اس کی اہل نہیں ہے یا وہ تمام فرائض جو اس صوبے میں بسنے والوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے انتظامیہ پر عاید ہوتے ہیں وہ ادا نہیں کرنا چاہتی اور یا وہ نہیں کرتی تو وہ بتلائے کہ وہ پھر کرتی کیا ہے ۔ آخر یہ تو معلوم ہو کہ اس انتظامیہ میں جس میں وزراء صاحبان بھی شامل ہیں اور ان کے ماتحتوں میں دو دو تین تین ہزار تنخواہ لینےوالے افسر بھی ہیں تو یہ کرتے کیا ہیں ؟ اور جناب ۔ وزراء صاحبان کے متعلق تو میرا خیال ہے اور یہ بات سارے لوگ بھی جانتے ہیں کہ وزراء صاحبان کے ذمہ صرف تین کام ہیں ۔ دورہ کرنا ۔ دعوتیں کھانا ۔ اور بنیادی جمہوریت کو مخاطب کرنا ۔ انہوں نے اسی قدر کام کو کافی سمجھا ہوا ہے ۔ دورے پر گئے اور دو چار دعوتیں اڑائیں اور بنیادی جمہوریتوں کے ارکان کو جمع کیا اور انہیں خطاب کیا اور بس ۔ مگر یہ چھوٹے بڑے افسر صاحبان کیا کرتے ہیں ؟ میں بڑی تحقیق کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ہماری انتظامیہ کے چھوٹے بڑے افسر فراش بن گئے ہیں ۔

ایک آواز ۔ یہ کیا ہوتا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کے معنی ہیں شامیانہ نصب کرنے اور دری اور کرسیاں بچھانے والے ۔ اردو میں ''فراش،، اس قسم کا کام کرنے والوں کو کہتے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ حال ہی میں اس ملک کے سربراہ نے بحیثیت ایک سیاسی پارٹی کے رکن کے اس صوبہ کے مختلف حصوں کا دورہ فرمایا ہے ۔ وہ سرگودھا گئے ۔ ملتان اور خانیوال گئے اور . . . . . .

Mr. Speaker : The Member cannot discuss the Head of the State.

Khawaja Muhammad Safdar : I am not discussing him, I am discussing the officials, and nothing beyond that. I know my limitations.

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان مقامات پر ہمارے افسران انتظامیہ نے کیا کیا ۔ پشاور میں انہوں نے جلسہ کا انتظام کیا پہلے وہاں شامیانے لگائے جھنڈیاں لگائیں دریاں بچھائیں کرسیاں رکھیں اور سٹیج کو سجایا اور سب سے بڑی چیز یہ کہ سامعین کو مہیا کیا ۔ جب جلسہ شروع ہوا تو یہ لوگ پھر سٹیج پر Distinguished Guests بن کر بیٹھ گئے ۔

Minister of Finance : Question.

خواجہ محمد صفدر ۔ سرگودھا میں جلسہ ہوا تو سرگودھا کے ڈی آئی جی اور کمشنر سٹیج پر رونق افروز ہوئے۔ تصویریں موجود ہیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ وہ security measures کے لئے جاتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں آپ کا یہ جملہ مان لیتا ہوں لیکن میں درخواست کروں گا کہ آپ ذرا تحمل سے بات سنیں اور اپنی صحت کے پیش نظر بردباری سے کام لیں ۔ جو باتیں عرض کروں گا وہ بڑی ذمہ داری سے کہوں گا ۔

Mr. Speaker : Please make it short.

Khawaja Muhammad Safdar : I will make it short.

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سیاسی جماعتوں کے جلسوں میں افسر صاحبان یہ فرائض انجام دیتے ہیں ۔ میرے محترم دوست نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ واقعات درست نہیں ہیں ۔ اور میں نے اپنے ذہن سے پیدا کر لئے ہیں ۔ اس وقت میرے پاس ایک موقر روزنامہ کے ۱۰ جون ۶۳ء کی اشاعت ہے ۔ میں اس کا نام پارلیمانی روایات کے تحت نہیں بتاؤں گا ۔ البتہ یہ اخبار آپ کے سامنے ہے آپ خود ہی دیکھ لیں ۔ اس اخبار میں ایک مضمون سلطان عارف صاحب کا لکھا ہوا ہے جس کا عنوان ہے ''صدر کے جلسوں میں فراہمی حاضرین،، ۔ اس میں کچھ فوٹو بھی ہیں جن میں دکھایا گیا ہے کہ سکولوں کے طلباء مل ورکرز اور دیہاتی جلسہ گاہ کی طرف جا رہے ہیں ۔ ایک تصویر میں یہ دکھایا ہے کہ بسوں کے ذریعہ سامعین کو جلسہ گاہ تک پہنچایا جا رہا ہے ۔ ان بسوں کی چھتیں بھی سامعین سے بھری ہوئی تھیں ۔ ایک اور تصویر میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ایس ڈی ایم خانیوال سکولوں کے ہیڈ ماسٹروں کو جلسہ گاہ میں پھیل کر طلبا اور دوسرے ہجوم پر کنٹرول کرنے کی ہدایات دے رہے ہیں ۔ ممکن ہے آپ نے یہ مضمون نہ پڑھا ہو اور اس لئے دو چار سطریں پڑھے دیتا ہوں ۔

> یہ بات تسلیم کرنا پڑتی ہے کہ مقامی انتظامیہ نے جلسہ کو پر رونق بنانے کے لئے جو منصوبہ بنایا تھا اسے نہایت خوش اسلوبی سے عملی جامہ پہنایا گیا ۔ بنیادی جمہوریتوں کے دیہی ارکان کو مفت سفر کی سہولتیں دی گئیں اور انہیں خاص بسوں کے ذریعہ خانیوال لایا گیا ۔ یہ بسیں نہ صرف یہ کہ اندر سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں بلکہ ان کی چھتوں پر بھی لوگوں کو بٹھایا گیا تھا ۔

"میں خانیوال ریلوے سٹیشن پر سات بجے کے قریب پہنچ گیا تھا - صدر ایوب نے جلسہ کو ساڑھے نو بجے خطاب کرنا تھا لیکن جب میں وہاں پہنچا تو میں نے دیکھا کہ دیہات سے آئے ہوئے بنیادی جمہوریتوں کے ارکان اور ان کے دوسرے ساتھی جلسہ گاہ میں ایک خاص ترتیب کے ساتھ پولیس نے بٹھا دیئے تھے اور وہ یوں پریشان بیٹھے تھے جیسے کسی سنگین مقدمہ میں ماخذ ہو گئے ہوں - جلسہ کے انتظام و انصرام میں مقامی افسروں کی دلچسپی فراوان تھی - جلسہ شروع ہونے سے قریباً پون گھنٹہ پہلے ایس ڈی ایم خانیوال نے مائیکروفون سے اعلان کرا کے تمام سکولوں کے ہیڈ ماسٹروں کو سٹیج کے قریب طلب کیا اور پھر انہیں یہ ہدایات جاری کیں کہ وہ جلسہ گاہ میں پھیل جائیں اور طلبا کے علاوہ دوسرے ہجوم پر بھی کنٹرول کریں - ان ہدایات کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ سکول کے طلبا آرام سے نہیں بیٹھتے تھے اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اٹھ کھڑے ہوتے تھے - یہاں یہ امر خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ اس جلسہ میں اناؤنسر کے فرائض خانیوال کا ایک منادی کرنے والا ادا کر رہا تھا -

میاں محمد شریف - یہ آپ کونسی حدیث پڑھ رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - آپ دیر سے آئے ہیں - اس سے پہلے میں نے اخبار دکھا دیا تھا - اب آپ اپنی حکومت کو کہیں کہ مجھ پر مقدمہ چلائے - پھر سچ اور جھوٹ کا فیصلہ ہو جائے گا - میں نے تصاویر دکھا دی ہیں جو غلط نہیں ہیں - اس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ ذرا آرام سے میری باتیں سنیں -

جناب والا - ابھی دو تین منٹ میں اپنی تقریر ختم کروں گا -

ان باتوں کے علاوہ انتظامیہ نے اپنے ذمہ جو فرائض لئے ہیں وہ یہ ہیں کہ جب کبھی پتہ چلے کہ خواجہ ناظم الدین - مولانہ مودودی یا چودھری محمد علی صاحب نے شہر میں کسی جلسہ کو خطاب کرنا ہوتا ہے تو وہاں دفعہ ۱۴۴ لگا دیتے ہیں کیونکہ یہ بات بھی ان کے فرائض میں ہے - جو افسر زیادہ چاق و چوبند ہیں - ان کے فرائض میں یہ بھی شامل ہے کہ اگر کوئی جلسہ یا جلوس آپوزیشن کی طرف سے ہو تو جلسہ میں ہنگامہ پیدا کیا جائے - اینٹ پتھر پھینکے جائیں یا ہو سکے تو چاقو چھری سے دو چار افراد کو زخمی کرا دیا جائے - پھر یہ کہا جائے گا کہ چونکہ یہاں ۱۴۴ دفعہ نہیں تھی اس لئے یہ سب کچھ ہوا - چنانچہ سارے صوبہ میں امن قائم کرنے کے لئے دفعہ ۱۴۴ لگانا ضروری ہو جاتا ہے - یہ ہیں انتظامیہ کے فرائض -

۱ - فراش کی حیثیت سے شامیانے لگانا - کرسیاں رکھنا اور دریاں بچھانا -

۲ - آپوزیشن کے جلسے اور جلوسوں پر دفعہ ۱۴۴ لگانا -

۳ اگر آپوزیشن کوئی جلسہ کرائے تو اسے منتشر کرانا -

جناب والا - مجھے احساس ہے کہ میں جو کچھ عرض کروں گا پوری ذمہ داری کے ساتھ کہوں گا - میں پھر اپنے ان دوستوں کی خدمت میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا جن کے ہاتھ میں یہ تمام اختیارات کسی وجہ سے آگئے ہیں کہ وہ اس حادثہ کو سچ مچ کوئی حادثہ ہی نہ بنا دیں - بلکہ اپنے اختیارات کو نیک نیتی سے اور اپنے دل و دماغ کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر استعمال کریں - اور اس ملک و ملت کو تباہ و برباد ہونے سے بچائیں -

ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - آپکی اجازت سے جناب کیا میں خواجہ صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ انکی تقریر کا آپوزیشن نے کیا بائیکاٹ کیا ہوا ہے - کیونکہ انکے صرف چھ آدمی بیٹھے ہوئے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - کوئی بات نہیں - میں انہیں نہیں بلکہ آپکو سنا رہا تھا -

وزیر خزانہ - ہم تو سن ہی رہے ہیں - انہیں بھی سنائیے - کم از کم وہ آپکے ساتھ تو بیٹھے رہتے -

مسٹر گل محمد خان (پشاور - ۱) - جناب سپیکر - میں اپنی پارٹی کے ہردلعزیز لیڈر کا ممنون ہوں کہ انہوں نے پارٹی کی طرف سے بجٹ کا تجزیہ کرنے کے لئے مجھے موقع عطا فرمایا اور یہ شرف بخشا کہ میں پارٹی کا نقطۂ نظر پیش کروں -

جناب صدر - بجٹ کیا ہے - بجٹ ایک آئینہ ہوتا ہے - جس میں سال کے بعد قوم اور مختلف علاقوں کے لوگ یہ دیکھ سکتے ہیں کہ انکی صحیح کیفیت کیا ہے - انکی صحیح حالت کیا ہے - اور وہ کس طرف جا رہے ہیں - اور اگر ہم موجودہ بجٹ جو ہمارے سال رواں اور آنے والے سال کے لئے ایک آئینہ ہے - اس میں اپنی اقتصادی حالت اور اپنی مالی صحت مندی کو دیکھیں تو میں بلاشبہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہر لحاظ سے تسلی بخش ہے -

مسٹر سپیکر ۔ یہ ایک فیشن ہے ۔ ایک رواج ہے کہ جب بھی بجٹ پیش کیا جائے تو وزیر خزانہ اور بجٹ تیار کرنے والے افسران کو مبارکباد پیش کی جایا کرتی ہے ۔ میں اس روایت کا حامی نہیں ہوں ۔ میں مبارکباد پیش نہیں کرنا چاہتا ۔ لیکن اس معزز ایوان کے سامنے یہ ضرور کہونگا ۔ اور اس بجٹ کا تجزیہ پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں ۔ اور وہ یہ تجزیہ سنیں ۔ اور پھر آپ خود اسکا فیصلہ کریں ۔ کہ آیا اس بجٹ کے تیار کرنے والے اور وزیر خزانہ قابل مبارکباد ہیں یا نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ بجٹ کے دو حصے ہیں ایک بجٹ سال رواں کا ہے ۔ جو چند دنوں میں ختم ہونے والا ہے ۔ اور ایک بجٹ آنے والے سال کے لئے ہے ۔ میں ان دونوں کا تجزیہ الگ الگ پیش کرتا ہوں ۔ جہانتک سال رواں کے بجٹ کا تعلق ہے ۔ اگر اسے دیکھا جائے تو ہمارے سامنے یہ ایک حقیقت آشکار ہوتی ہے ۔ کہ اگر انتظامیہ اور جمہوریت میں تعاون ہو ۔ اگر جمہوریت اور انتظامیہ میں اشتراک عمل ہو تو قوم کی حالت کتنی جلد سدھر سکتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ نئے انتخاب اور نئے آئین کے بعد یہ پہلا سال تھا ۔ جب جمہوری حکومت نے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کیا اور سال کی پوری کارروائی ایک نقشے کی شکل میں آپ کے سامنے پیش کی گئی ۔ اگر دیکھا جائے تو پچھلے سال جبکہ نیا سال ہم نے شروع کرنا تھا ۔ اسوقت ہماری صوبائی حکومت سولہ کروڑ روپے مختلف بینکوں اور آٹھ کروڑ روپے سٹیٹ بینک آف پاکستان کی یعنی چوبیس کروڑ روپے کی مقروض تھی اور ہم نے پچھلا سال deficit entry کے ساتھ شروع کیا تھا ۔ لیکن آج یہ حقیقت معلوم ہوتی ہے کہ یہ چوبیس کروڑ روپے کا قرضہ صرف آٹھ مہینے میں ادا کر دیا گیا ۔ اور یہ سال جو تیس جون کو ختم ہو رہا ہے ۔ کسی کا مقروض ہوئے بغیر ختم کریں گے بلکہ انشاءاللہ تعالیٰ سات آٹھ کروڑ کا balance carry over کر جائینگے ۔ لہذا اس حقیقت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ وزیر خزانہ نے پوری کاوش کے ساتھ کام کیا ہے ۔ جسکے نتیجے میں انہوں نے ایک دل خوش کن نقشہ مالیات کا ہمارے سامنے پیش کیا ہے ۔ تو اس پوزیشن کے چوبیس کروڑ کا قرض بھی ادا کیا جائے اور آٹھ کروڑ روپے carry over بھی کیا جائے ۔ اسکے ساتھ ہی جب اس حقیقت پر بھی غور کیا جائے کہ سال رواں کے اندر سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں دس فیصدی کا اضافہ بھی کیا گیا ہے ۔ کہ جسکے سبب ساڑھے تین کروڑ کا فاضل خرچ بھی حکومت کو برداشت کرنا پڑا ہے اور اسکے ساتھ

ھی ساتھ مرکزی حکومت کی جانب سے non-developed agency بھی ھمارے حوالے کی گئی ھے - تو اس سلسلے میں بھی اسے پچھتر لاکھ کا مزید خرچ برداشت کرنا پڑا ھے - اسکے علاوہ سب سے زیادہ حقیقت افروز چیز جو بجٹ میں نمایاں ھے وہ یہ ھے کہ پچھلے سال جو کچھ بھی جنرل ایڈمنسٹریشن پر budgeted expenditure تھا - اس میں باوجود سوا چار کروڑ روپے کے مزید اضافے کے ھمیں دو کروڑ روپے کی بچت ھوئی ھے - اسی طرح سے پورے سال کے اندر جنرل ایڈمنسٹریشن میں ساڑھے چھ کروڑ روپے جملہ منافع ھی نہیں بلکہ بچت کر کے ھماری وزارت نے اور سب سے زیادہ اس صوبے کے گورنر نے یہ بات ثابت کردی ھے کہ باوجودیکہ مانگ ھر طرف سے ھے - ایڈمنسٹریشن کو streamline کر کے بھی کی جا سکتی ھے اور اسی وجہ سے میں اس وزارت اور اس صوبے کے گورنر کو مبارکباد پیش کرتا ھوں کہ انہوں نے ایک صحیح طرف پہلی دفعہ قدم اٹھایا ھے -

جناب والا - اسکے بعد عرض یہ ھے - کہ جہانتک نئے بجٹ کا تعلق ھے - اس میں چند چیزیں ایسی ھیں - جو میرا فرض ھے کہ میں اس ایوان کے سامنے پیش کروں - اور سب سے پہلی چیز اس بجٹ کی swings ھیں - اور direction ھے - جو بجٹ کو دیکھنے کے بعد ھماری آنکھوں کے سامنے آتا ھے - کہ یہ ھمیں کسطرف لے جا رھا ھے - اس بجٹ کی سب سے زیادہ خوبی جو مجھے پسند ھے - اور جو اس ملک کے عوام یقیناً پسند کرینگے - کہ بجٹ کی indication اس طرف ھے کہ help yourself -

Major Sultan Ahmed Khan : On a point of order. Sir, the Member is reading his speech.

Mr. Gul Muhammad : Sir, I am not reading. I have got notes and I am referring to the figures.

Minister of Revenue : He can refresh his memory.

Mr. Gul Muhammad : I am not taking any assistance from the notes. I am taking figures from the notes.

Mr. Speaker : The point of order is ruled out.

مسٹر گل محمد - تو میں یہ عرض کر رھا تھا کہ سب سے بڑی خوبی بجٹ کی یہ ھے کہ "اپنی مدد آپ کرو" کے اصول پر بنایا گیا ھے - اور یہ کوشش کی گئی ھے کہ ھم اپنی خواھشات اور اپنے مطالبات کو اپنی ضروریات کے ماتحت ایک محدود طریقے سے باندھ دیں - اور یہ ایک بڑا ھی

خوشگوار قدم ہے ۔ اور یہ پہلا موقع ہے کہ ہم اپنی ضروریات کو اپنی آمدنی کے وسائل کے اندر اندر پورا کرنیکی کوشش کریں ۔

جناب سپیکر ۔ دوسری خوبی جو اس بجٹ میں اور ون یونٹ بننے کے بعد کسی بجٹ میں پہلی مرتبہ عیاں ہوئی ہے اور جیسا کہ جناب وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر میں بڑے صحیح طور پر کہا ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

پیر علی شاہ ۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ میرے دوست اور معزز رکن قائد حزب اقتدار کی وجہ سے بجٹ کے کچھ جوابات پیش کر رہے ہیں یا بجٹ کی خوبیوں کا سارا نقشہ بیان کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : He has the right to speak in any way he likes.

مسٹر گل محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے عزیز دوست مسٹر لچھمن سنگھ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : For the information of the member his name is Pir Ali Shah.

Mr. Gul Muhammad : I am sorry. (Interruptions and laughter)

میں معذرت کر چکا ہوں ۔ اس پر اب کسی مزید تبصرے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس بجٹ میں ایک خوشگوار چیز اور نظر آتی ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ون یونٹ بننے کے بعد جتنے بھی بجٹ ہمارے سامنے پیش کئے گئے ۔ کسی میں بھی ہمیں یہ swing نظر نہیں آتی ۔ کہ علاقائی مفادات اور علاقائی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ لیکن یہ بجٹ اور اس بجٹ کے ساتھ شائع کیا گیا white paper بذات خود اس بات کا ثبوت ہے ۔ اور یہ بجٹ صحیح معنوں میں Backward regions کا بجٹ ہے ۔ اور اس بجٹ میں زیادہ سے زیادہ جو کچھ کیا جا سکتا ہے ۔ وہ اس حکومت کی طرف سے کیا گیا ہے ۔ لہذا وزیر خزانہ کا یہ کہنا کہ یہ بیک ورڈ region کا بجٹ ہے کافی حد تک درست اور صحیح ہے ۔ تیسری چیز جناب سپیکر۔ جس کا اس ملک میں بہت کم خیال کیا جاتا تھا ۔ جس کی ہم سب کو شکایت تھی وہ یہ تھی کہ حکومت کی جانب سے نئے نئے ٹیکس عوام پر لگائے جاتے ہیں لیکن یہ نہیں دیکھا جاتا کہ آیا ان ٹیکسسز کی وصولی صحیح طریقہ سے ہوئی ہے جو ٹیکس لگائے گئے ہیں ان میں کتنی leakage ہوئی ہے ملک میں عام خیال یہ ہے کہ جتنے بھی ٹیکس حکومت نے لگائے ہیں ان سب میں ۲۵ فیصد سے زیادہ leakage ہوتی ہے اگر حکومت کی مشینری کو streamline کیا جائے اگر حکومت کی مشینری کو

صحیح طریقہ سے استعمال کیا جائے تو ان موجودہ محاصل سے ۲۵ فی صدی آمدنی بڑھ سکتی ہے ۔ یہ عام رجحان ہے اور یہ عام خیال ہے لیکن ماضی میں کسی حکومت نے یہ تسلیم نہیں کیا کہ محاصل کی وصولی صحیح ہو رہی ہے ۔ اس بجٹ میں غالباً پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ محاصل کی وصولی میں ضرور کچھ نہ کچھ leakage ہوا ہے ہمیں انہیں پورے طریقہ سے وصولی کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے ۔اس ساڑھے چھ کروڑ کا خسارہ پورا کرنے کے لئے بجائے اس کے کہ نئے ٹیکس لگائے جائیں . . . . . .

انتظامیہ اور وزارت مالیات نے یہ کہا کہ ہم موجودہ محاصل میں سے streamline کر کے پانچ کروڑ روپیہ سے زیادہ ٹیکسوں کی شکل میں وصول کرینگے یہ ایک جرأت مندانہ کام ہے میری خواہش ہے کہ کاش مرکزی حکومت کے وزیر خزانہ نے بھی اس چیز کا خیال کیا ہوتا اور ۳۰ کروڑ کے نئے ٹیکسوں کے بجائے یہ کوشش کی ہوتی تو موجودہ ٹیکسوں میں جو leakage ہے اس میں سے اپنے خسارے کو کس حد تک پورا کریں تو ان کو ۳۰ کروڑ کے ٹیکس لگانے کی ضرورت نہ ہوتی ۔

اس کے بعد جناب سپیکر۔ ۱۸۶ کروڑ روپیہ جو اس سال صوبے میں ڈویلپمنٹ پر خرچ کیا جانیوالا ہے اس میں ۱۰۰ کروڑ روپیہ اس طریقہ سے تقسیم کیا گیا ہے اور وہ جس طریقے سے تقسیم کئے گئے ہیں اور جسے وائٹ پیپر میں شائع کیا یہ دیکھنے کے بعد میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ون یونٹ کے بعد جو سات سالوں میں پہلی دفعہ سابق صوبہ سرحد کو جو صحیح طریقہ سے حصہ ملنا چاہئیے تھا وہ اسکو مل گیا اس طریقہ سے دوسرے پسماندہ علاقوں کو بھی ان کے حق کے مطابق انہیں زیادہ حصہ دیا گیا ہے ۔ مجھے خوشی ہے کہ سندھ کو کافی weightage دیا گیا ۔ جناب سپیکر۔ اس بجٹ میں جو کم و بیش دو ارب روپے کا بجٹ ہے اس میں ساڑھے چھ کروڑ کا خسارہ جو کہ ڈویلپمنٹ کام کے لئے ہم اپنے revenue میں سے ساڑھے چار روپیہ دیں گے ایک معمولی خسارہ ہے اور جو یہ ثابت کرتا ہے کہ ہماری انتظامیہ نے اس بجٹ کے بارے میں انتہا سے زیادہ محنت ہوشیاری اور دانائی کا ثبوت دیا ہے ۔ ہر سال ہم ویسٹ پاکستان میں اپنے جملہ ریونیو میں سے نئے ٹیکسوں کا جو اضافہ کر رہے ہیں وہ صرف اعشاریہ ایک فی صد ہوتا ہے جب کہ مرکزی حکومت نے جملہ ریونیو میں ۱۳ فی صد نئے ٹیکس ملک پر لگائے ہیں میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ مالی اور اقتصادی لحاظ سے مغربی پاکستان کی مالی پوزیشن مرکزی حکومت کے مقابلے میں بے حد مضبوط اور

بے حد بہتر ہے - یہ تو جناب سپیکر - بجٹ اور اعداد و شمار تھے جن کے متعلق میں نے تجزیہ کیا دو تین چیزیں ایسی ہیں جو آپ کے توسط سے اس ایوان میں پیش کرونگا اور انہیں پیش کرنا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں -

سب سے پہلے جناب سپیکر - جنرل ایڈ منسٹریشن ہے جیسا کہ ایوان معزز ممبران جانتے ہیں کہ بجٹ کا بڑا حصہ جنرل ایڈ منسٹریشن ہی پر خرچ ہوتا ہے - جناب سپیکر - مغربی پاکستان کے صوبے کو بنے ہوئے تقریباً ۷ سال ہونے لگے ہیں لیکن جہاں تک ون یونٹ کا تعلق تھا اس میں شک نہیں کہ وہ نیک نیت تھی مقصد اچھا تھا لیکن مجھے معاف کیا جائے کہ علاقائی لوگوں کو بیحد شکایتیں اور بے حد تکلیفیں ہیں اور اس کی وجہ نہایت مختصر یہ ہے کہ تمام افسر جو علاقوں میں متعین کئے گئے ہیں ان کے اختیارات سرحد تک محدود کر دیئے گئے ہیں کہ وہ محض نمائشی افسر تصور ہو کر رہ گئے ہیں - کسی افسر کو متعین کرنا اور اس کو اختیارات نہ دینا بالکل بے معنی چیز ہے - میں نہیں سمجھتا کہ ایسے افسروں کو جن کو اختیارات نہ دیئے جائیں فقط افسر رکھ کر ان پر خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے - لاہور سیکرٹریٹ جناب سپیکر - ایک گردش بن گئی ہے اور بھول بھلیاں بن چکی ہے اگر کوئی ایک کیس وہاں جاتا ہے تو ہفتوں میں نہیں دنوں میں بلکہ سالوں میں واپس آتا ہے اس وجہ سے عوام کو بہت تکلیف ہوتی ہے اب وقت آ گیا ہے اور ہم اس چیز کو تسلیم کر رہے ہیں کہ centralised executive authority عوام کی تکلیف کا باعث ہے ہم ایگزیکیٹو کو اس حد تک decentralise کر دیں کہ مرکز میں صرف policy matters رہیں اور اس کی execution کا تمام کام علاقوں میں کیا جائے اس چیز کے لئے سب سے آسان اور سب سے سہل اور بہتر طریقہ یہ ہے اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑیگا کہ وہ تمام financial powers جو محکمے کے ایک سیکرٹری کے پاس رکھے گئے ہیں انہیں کمشنر کو دے دیا جائے - اور اس سے تمام علاقوں کے مسائل ان علاقوں کے اندر ہی طے ہو جائیں گے اور ختم ہو جائیں گے - اور وہ کام جو سالوں میں ہو رہے ہیں وہ دنوں میں ختم ہو جایا کریں گے - اگر یہ financial powers کمشنر کو نہ دیئے گئے اور اگر انہیں decentralise نہ کیا گیا تو مجھے اندیشہ ہے کہ وہ تجربہ جو بہت نیک نیتی سے کیا گیا تھا کہیں خدانخواستہ اسے گزند یا تکلیف نہ پہنچ جائے -

اس کے بعد جناب سپیکر - آج سے ۱۶ سال قبل اس ملک میں یہ سمجھا گیا تھا کہ یہ ملک عوام کا ہوگا اور اس ملک میں اختیار اور اس ملک کی حکومت عوام کے ہاتھ میں دیجائیگی خدا کا شکر ہے کہ ہم ایک دفعہ پھر ایک جمہوری حکومت کے ماتحت کام کر رہے ہیں اور وہ جمہوریت احسن طریقہ پر چل رہی ہے لیکن جناب سپیکر - ہمیں یہ دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ اس ملک کے اندر ہم خود چھوٹی چھوٹی ریاستیں پیدا کر رہے ہیں اور ان ریاستوں میں بادشاہ بن رہے ہیں جن سے کوئی نہیں پوچھ سکتا کہ جن سے کوئی حساب نہیں مانگ سکتا ہم ان سے باز پرس نہیں کر سکتے میرا اشارہ واپڈا اور پی - آئی - ڈی - سی کی طرف ہے ہر سال ۷۰ کروڑ ہم واپڈا کو دے رہے ہیں - واپڈا صوبائی حکومت کا ایک حصہ ہے ریلوے بھی صوبائی حکومت کا ایک حصہ ہے لیکن ریلوے کا تخمینہ ریلوے کی کارگذاری ریلوے کے متعلق ہر سال اس ایوان کے سامنے اس کی ہر چیز پیش کی جاتی ہے - لیکن واپڈا جس پر اب تک ہم اربوں روپیہ خرچ کر چکے ہیں ہم کو پتہ نہیں کہ ہمارا روپیہ کہاں جا رہا ہے نہ صرف یہ بلکہ جو روپیہ ہم ان کو دے چکے ہیں اس کا کوئی حساب بھی نہیں ہے وہ روپیہ کس طریقہ سے خرچ کیا جا رہا ہے بلکہ اس اربوں روپے سے جو کام ہو رہا ہے اس کا عوام کو علم بھی نہیں ہے - واپڈا کی کمائی اسقدر ہے کہ اس کے متعلق نہایت مختصر figures پیش کرتا ہوں ہمارے علاقہ سرحد میں وارسک سکیم ہے جو اس سال کام کرے گی - اس پر ۳۴ کروڑ روپے خرچ آئے - ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپیہ کا generator لگایا گیا ہے اگر اس کو پوری capacity پر چلایا جائے تو ۳۸ کروڑ سال کی آمدنی ہوتی ہے تو وہ منصوبہ جس پر ۳۴ کروڑ لگے گا تو اس کے ذریعہ ۳۸ کروڑ واپس آ سکتا ہے لیکن اس کے باوجود ہر سال ہم سے ۷۰ ، ۷۵ کروڑ لیے جاتے ہیں اور ہمیں کوئی حساب نہیں دیا جاتا - یہی حالت پی - آئی - ڈی - سی کی ہے کہ جو ہم اس کی اجارہ داری بنا رہے ہیں - واپڈا اور پی - آئی - ڈی - سی کے بڑے بڑے افسران کی شہنشاہیت اور بادشاہی کو دیکھیں مگر حکمران اور ہم ان کا محاسبہ نہیں کرتے - عوام مطالبہ کرتے ہیں جناب سپیکر - کہ ان دو اداروں کو صحیح طور پر چلایا جائے - لیکن کاش کہ جس طرح ریلوے کے افسران کا محاسبہ کر سکتے ہیں اسی طرح ہم ان کا محاسبہ کریں اور یہ اجارہ داریاں اور pocket kingdoms ہم ان کی ملک کے اندر بنا رہے ہیں تو ان کو ختم کرنا ہے - عوام ان کو برداشت نہیں کریں گے اس کے بعد ملک کے اندر جناب سپیکر

اگر ایک وبا آتی ہے یعنی کوئی بیماری epidemic تو ساری قوم پریشان ہو جاتی ہے ۔ ہنگامی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ اس وبا کا جلد از جلد مقابلہ کیا جائے اور اسے ختم کیا جائے ۔ ابھی پچھلے دنوں مشرقی پاکستان کے بھائیوں کی تباہ حالی کا حال سنا تو ہمارے دل ملول ہوگئے ہم ان کے غموں میں شریک ہیں اور اس تباہ کاری کا مقابلہ کرنے کے لئے اس challenge کو meet کرنے کے لئے اپنے وسائل کو جمع کر رہے ہیں لیکن مجھے افسوس ہے کہ وہ وبا وہ دیمک وہ کیڑا جو ہماری حکومت ہماری انتظامیہ کو ہمارے ملک کو آج سے ۱۶ سال سے لگا ہوا ہے اور آہستہ آہستہ وہ دیمک وہ کیڑا ہمارے نظام کے ڈھانچوں کو تباہ کر رہا ہے مجھے افسوس ہے کہ آج سولہ سال کے بعد بھی اس کا سد باب کرنے کے لئے اس clamity کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور اس کے لئے کچھ بھی نہیں کیا ۔ وہ وبا جو دیمک کی شکل میں ہماری حکومت کو لگی ہوئی ہے ہماری انتظامیہ کو لگی ہوئی ہے ۔ ہمارے ملک کے باشندوں کو مصیبت پڑی ہوئی ہے وہ سرخ فیتہ ہے جو انتظامیہ کے فائلوں پر گردش کرتا ہے ۔ سرخ فیتے کی لعنت قومی وبا ہے مجھے افسوس ہے کہ ہمارے موجودہ اور ہردلعزیز حکومت کے افسران فوری طور پر موثر قدم نہیں اٹھاتے اور اتنی بڑی لعنت جس کی وجہ سے ہماری تمام ترقی کے راستے ختم ہو گئے ہیں ۔ ہم جتنا تیز دوڑتے ہیں وہ فیتہ ہمیں کھینچ کر واپس لے آتا ہے ہم حیران ہیں کہ جو کام ہمیں مہینوں میں ختم کرنا چاہئیےاس کام کو سالوں میں بدل دیتے ہیں ۔ تو حقیقت پسندانہ طریقہ سے اس فیتہ کی وبا کا سدباب کرنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ اس وقت یہ ہے کہ چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جو ہزار دو ہزار روپیہ کے خرچ سے ختم ہو سکتی ہیں ۔ اس کے لئے اتنی زیادہ correspondence کی جاتی ہے کہ اصل خرچ سے زیادہ اس انڈسٹری پر خرچ آجاتا ہے ۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران میں میونک جرمنی میں ایک کیس امریکن بریگیڈیر کے پیش کیا گیا جس پر ۱۰۹ روپیہ کی کسی خرچ پر منظوری تھی اس نے جب وہ case دیکھا تو وہ اس نتیجہ پر پہنچا کہ سات ماہ سے وہ case چل رہا ہے اس کے کاغذ گنتے وقت کا شمار کیا اس کے بعد اس نے نوٹ لکھا کہ ۱۰۹ روپیہ کی منظوری دینے کے لئے اب تک سات ہزار روپیہ خرچ ہو چکا ہے اور یہ case اب تک منظوری کی گردش‌شمار میں ہے لیکن یہ وہی روائتی‌گردشیں ہیں جو ہماری انتظامیہ میں داخل ہو چکی ہیں ۔ کاش کہ وہ اس حقیقت کو دیکھ سکیں کہ کسی کو بچانے کے لئے روپیہ

کس طرح خرچ کرنا ہے۔ ہمارے افسران کی اتنی تنخواہیں ہیں اور ہم ہزاروں روپیہ خرچ کر دیتے ہیں۔ کاش کہ حقیقت پسندانہ طریقہ اختیار کیا جا سکتا اس میں کچھ شک نہیں ہے قبل اس کے کہ میں کوئی تجویز پیش کروں میں یہ ضرور تسلیم کروں گا کہ کچھ عرصہ قبل اس میں ردو بدل کرنے کے لئے committee بنائی گئی تھی انہوں نے کہا کہ سیکشن افیسرز سکیم جاری کی گئی تھی۔ تو ہمیں تسلیم کرنا چاہئیے کہ وہ سکیم صحیح طور پر نہیں چل سکتی۔ لیکن عوام کے کام جو ہیں وہ جو دو دن کے اندر ہونے چاہئیں وہ دو ماہ کے اندر ختم نہیں ہوتے اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ چند افسران کی غلطی ہے بلکہ اس کی وجہ یہ فرسودہ نظام ہے جو برطانوی حکومت نے ہمارے لئے چھوڑا ہم نے اس کو پالا اس کو پوسا لیکن اب جب کہ ہم automation کی طرف جا رہے ہیں ہم ابھی وہی لکیر کے فقیر بنے ہوئے اور اسی نظام کو چلا رہے ہیں۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ قوم کے بڑے سے بڑے مفاد کی خاطر اقتدار اور اختیارات کو اپنے ہاتھوں میں رکھنے کی بجائے فیصلہ کریں اور چھوٹے افسران کو حق دیں کہ وہ اپنے فیصلے کر لیا کریں۔ سرخ فیتہ قوم کے لئے ایک وبا ہے اور جتنا اس کا سدباب کیا جائے اتنا ہی اس قوم کے لئے بہتر ہوگا۔ ایک چیز جناب سپیکر۔ جو اس بجٹ کے متعلق خاص طور پر کہوں گا اور جس کا مجھے بے حد افسوس ہے وہ یہ ہے کہ خیبر میڈیکل کالج جو پشاور یونیورسٹی میں قائم کیا جا رہا ہے اور جس کی صوبائی اور مرکزی حکومت نے منظوری دے رکھی ہے تو اس سلسلہ میں ہمارے سرحد کے لوگوں کو انتہا سے زیادہ تکلیف ہو رہی ہے۔ میڈیکل کالج جو چار سالوں سے جاری کیا گیا لیکن اسکوریکگنیشن صحیح طریقہ سے نہیں مل سکی چونکہ اس کا ہسپتال نہیں ہے میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے وزیر خزانہ اگر وہ یہاں ہوتے تو سن لیتے اور اس علاقہ کی اہم ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کم از کم کچھ نظر ثانی کرتے۔ جناب سپیکر۔ میں نہایت مختصراً عرض کروں گا کہ ملک کے اقتصادی حالات یقیناً صحیح نہیں ہیں کہ ان کا مکمل طریقہ سے تسلی بخش مقابلہ کیا جا سکے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ گذشتہ پانچ سالوں میں جو کچھ ہم نے ترقی کی ہے وہ پچھلے ۱۶ سالوں میں جو کچھ ہوئی ہے اس سے کہیں زیادہ ہے اور دنیا کی تاریخ میں اس کا جواب نہیں ہے وہ لاثانی ہے۔ روس نے ۲۵ سال اپنے منصوبے بنائے مگر اس کی par capita ڈیویلپمنٹ اتنی نہیں ہوئی جتنی کہ ہم نے پانچ سالوں میں کی ہے۔ یہ چیز باعث اطمینان ہے لیکن یہ کس طرح

کہیں کہ ملک کے اقتصادی مسائل حل ہو چکے ہیں ۔ آج بھی امیر غریب کا فرق بہت زیادہ ہے ۔ میری رائے ہے کہ ایک high powered commission بنائیے اس فرق کو مٹانے کے لئے اس کمشن کو appoint کیجئے ۔ میں صفدر صاحب کے دعوے کو مانتا ہوں انہوں نے ایوان میں کہا تھا اور اپنی تقریر میں انہوں نے چونکہ پشاور کا حوالہ دیا تھا لہذا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں اس ایوان کے ممبران کو صورت حال سے آگاہ کروں جناب سپیکر۔ میں پشاور میں موجود تھا ۔ جو صدر صاحب کے استقبال کے لئے کمیٹیاں بنی تھیں میں ان کا ممبر تھا اور چند ایک کمیٹیوں کا convenor بھی تھا ۔ جناب سپیکر۔ یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ گورنمنٹ افسران کا تعاون تو تھا لیکن ہمیں ان کے عدم تعاون کی بھی شکایت ہے ۔ پریذیڈنٹ صاحب کے لئے عصرانے کا انتظام کیا جانا تھا۔ ہم نے گورنمنٹ ہاؤس کا lawn مانگا تاکہ وہاں عصرانے کا انتظام کر سکیں ۔ پشاور کا گورنمنٹ ہاؤس عوام کی چیز ہے۔ جناب سپیکر۔ ملک عوام کا ہے۔ عصرانہ اہالیان پشاور کی طرف سے دیا جاتا ہے لیکن ہمیں گورنمنٹ ہاؤس کا lawn نہیں دیا گیا ۔ اس کے بعد ہم نے گورنمنٹ ہاؤس کا فرنیچر عصرانے اور میٹنگ کے لئے مانگا اور کہا کہ ہم کرایہ دینے کے لئے تیار ہیں لیکن انکار کر دیا گیا اور ہمیں نہیں دیا ۔

اس کے بعد پولیس بینڈ جو روز کرایہ پر لوگ لے جاتے ہیں ۔ جو تمام گورنمنٹ کے functions پر جایا کرتا ہے ہم پولیس بینڈ مانگتے ہیں وہ ہمیں نہیں دیا گیا اور کہا گیا کہ آپ کرایہ دیں اور لے جائیں ۔ ۱۵۰ روپیہ کرایہ اس کا میں نے ادا کیا ہے ۔جس کی رسید اس وقت میرے پاس موجود ہے ۔ اس کے بعد ہم نے درخواست کی کہ صدر صاحب پہلی دفعہ پشاور میں ایک سیاسی حیثیت میں آ رہے ہیں اس دن کم از کم آدھی چھٹی دے دی جائے۔ ہمیں انکار کر دیا گیا اور ہمیں منع کر دیا گیا کہ ہم سکول اور کالجز کے نزدیک بھی نہ جائیں ۔ کیونکہ وزیر تعلیم نے حکم دیا ہوا ہے کہ کسی بھی سیاسی مسئلہ کی طرف سٹوڈنٹس کو جانے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے کیونکہ وزیر تعلیم صاحبہ کا حکم ہے لہذا ڈائرکٹر آف ایجوکیشن نے ہمیں صاف طور پر کہہ دیا کہ وزیر تعلیم کا حکم ہے ہرگز آپ کو اجازت نہیں دونگا کہ آپ ہمارے سکول اور کالجز کے نزدیک بھی آئیں ۔

اس کے بعد جناب سپیکر۔ باوجود اس کے ہمیں حکومت کی طرف یا حکومت کے افسران کی طرف کسی قسم کی کوئی مدد نہ دی گئی ۔ ہمیں بلدیہ پشاور

کی طرف سے کسی قسم کی کوئی مدد نہیں دی گئی اس کے باوجود بھی ہم نے اپنے صدر کا اپنے محبوب رہنما کا شایان شان طریقے سے استقبال کیا اب وہ میٹنگ جس میں صدر صاحب نے پشاور میں تقریر فرمائی وہ صوبہ سرحد کی تاریخ میں سب سے بڑی سیاسی میٹنگ سمجھی جاتی ہے ۔ فی الحقیقت سب سے بڑی سیاسی میٹنگ تھی ۔ لیکن اس کا کوئی علاج نہیں کہ صدر کی غیر معمولی مقبولیت سے جو ان کی مقبولیت محض ان کی نیک نیتی اور اچھے کاموں کی وجہ سے ہے ۔ ان کی غیر معمولی مقبولیت کی وجہ سے مخالفین جو تھے یہ سمجھتے ہیں کہ عوام ان کے ساتھ نہیں ہیں ۔ آج جب ان کو حقائق دکھائے گئے آج جب ان کے سامنے صحیح نقشہ آیا تو ان کے حواس باختہ ہو گئے اور وہ اپنے حقائق کو چھپانے کے لئے سرکاری امداد اور سرکاری امداد کے پردے میں اپنی کمزوریوں کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں ۔ دنیا جانتی ہے ۔ عوام نے دیکھ لیا ہے کہ کس جماعت کی کتنی حیثیت ہے ۔ صدر کی کتنی زیادہ مقبولیت ہے ۔

اس کے بعد جناب سپیکر ۔ میں خود یہ کہوں گا کہ یہ بجٹ حقیقت پسندانہ بجٹ ہے ۔ جرأت مندانہ قدم ہے اور اس کو صحیح طور پر ایک بادنسیم کہا جا سکتا ہے ۔ میری تمنا ہے کہ کاش ہماری پوری انتظامیہ میں یہ کہا جاتا do it in such a way. میں یہ کہوں گا کاش ہمارے مغربی پاکستان کی ساری انتظامیہ مستقبل میں اپنے کاموں کو "do it in the ministry of finance way" کے طریقے سے کرے ۔

سردار عنائیت الرحمٰن خاں عباسی (ہزارہ ۔ ۱) ۔ مسٹر سپیکر ۔ میں اس بجٹ پر نظر ڈالنے کے بعد بحیثیت مجموعی اور بحیثیت ویسٹ پاکستان بجٹ کے یہ سمجھتا ہوں کہ گذشتہ سالوں کے مقابلہ میں اس سال اس بجٹ کے ذریعہ ترقیاتی کاموں کیلئے زیادہ رقم مخصوص کی گئی ہے لیکن جناب والا ۔ ایک ایسے ضلع کے نمائندہ کی حیثیت سے جس کے متعلق اگر میں یہ کہہ دوں کہ ویسٹ پاکستان کا سب سے زیادہ پس ماندہ ضلع ہے اس ضلع کے نمائندہ کی حیثیت سے اس بجٹ کے چند نقائص کی طرف میں آپ کے توسط سے فنانس منسٹر کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں کوئی بجٹ کا ایکسپرٹ تو نہیں ہوں لیکن میں اپنی کوششوں سے جو کچھ معلوم کر سکا اور جو رقومات ڈویلپمنٹ کے سلسلے میں مخصوص کی گئی ہیں وہ یہ ہیں ۔ ہمارے ڈویلپمنٹ پر اس سال جو

propose کیا گیا ہے اور ان کو دو طریقہ کار سے منتخب کیا گیا ہے۔ جناب والا۔ ایک وہ ترقیاتی پروگرام جو لوکل ڈیپارٹمنٹ کی سکیموں کے ذریعہ ہو رہا ہے دوسرے پراجیکٹ کے ذریعہ water & power کی مد میں۔ جناب والا۔ اس سال ۷۳ کروڑ ۵۷ لاکھ اور ۸۰ ہزار روپیہ ہے۔ پراجیکٹ کے ذریعے سے ۱۵ کروڑ ۷۵ لاکھ اور ۴۲ ہزار روپیہ کل ۹۷ کروڑ ۵۱ لاکھ ۲۲ ہزار روپیہ۔ جناب والا۔ اس طرح زراعت اور آبپاشی کے لئے ۱۳ کروڑ ۹۸ لاکھ پراجیکٹ کے ذریعے ۲ کروڑ ۵۷ لاکھ ۸۶ ہزار۔ کل ساڑھے ۱۶ کروڑ ہے۔ ڈویلپمنٹ اور پراجیکٹ کو ملا کر ۱ کروڑ ۹۲ لاکھ روپیہ ہے۔ دیہاتی واٹر سپلائی سکیم میں دونوں کو ملا کر ۱ کروڑ ۷۲ لاکھ روپیہ۔ اربن واٹر سپلائی سکیم میں دونوں کو ملا کر ۳ کروڑ روپیہ۔ انڈسٹری پر قریباً ساڑھے ۲۱ کروڑ روپیہ اور تعلیم پر قریباً ساڑھے ۱۵ کروڑ روپیہ اور سڑکوں اور بلڈنگ کیلئے قریباً ۱۰ کروڑ روپیہ اس طریقے سے جناب والا۔ animal Husbandry water power۔ اور water supply کارخانہ جات اور تعلیم اور سڑکوں وغیرہ کے لئے قریباً ۱۶۰ کروڑ وقف کیا گیا ہے۔

جناب والا۔ اس ۱۶۰ کروڑ روپیہ کو مد نظر رکھتے ہوئے میں ضلع ہزارہ کے ان منصوبہ جات کو آپ کی وساطت سے فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو اس بجٹ میں مخصوص کئے گئے ہیں۔ جناب والا۔ اس ۱۶۰ کروڑ روپیہ میں سے ضلع ہزارہ کی ۱۶ لاکھ آبادی ہے جس ۱۶ لاکھ آبادی میں سے ۱۵ لاکھ کی آبادی اس قسم کی ہے جو دنیاوی ضروریات سے قطعاً محروم ہے۔ اگر کوئی مہذب دنیا کا آدمی اس علاقہ میں چلا جائے تو وہ کہے گا کہ یہ علاقہ پس ماندہ علاقہ کہلانے کا حق دار ہے۔ میں معزز وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہاں انسانیت دم توڑ رہی ہے۔ جناب والا۔ اتنی بڑی آبادی کیلئے کس قدر شرمناک بات ہے کہ صرف سات آٹھ لاکھ روپیہ مخصوص کیا جائے۔ نہایت افسوس کا مقام ہے جب اس پر نظر پڑتی ہے تو خدا شاہد ہے مجھے شرمندگی محسوس ہوتی ہے کہ میں اس جماعت کے ساتھ بیٹھا ہوا ہوں جس نے اس بجٹ کو ترتیب دیا ہے اور جس نے اس بجٹ کو منظور کرنے کیلئے ایوان کے سامنے پیش کیا ہے۔ کیا میں یہ پوچھنے کا حق دار نہیں ہوں کہ ایم۔ پی۔ اے کون سا ذریعہ اختیار کریں اور وہ کونسا طریق کار ہے کہ جس سے وہ اپنے علاقے کی سکیموں کیلئے آپ کی توجہ منعطف کرا سکیں۔ آپ نے کبھی اس پر غور کیا ہے۔ گذشتہ اجلاس

میں اس ہاؤس کے اندر بجٹ پیش کیا گیا ۔ گذشتہ سال تو میں سمجھتا تھا کہ ٹھیک ہے لیکن اس سال یہ الفاظ اگر یہ کہہ دوں تو بے جا نہ ہوگا ۔ ایک یتیم بچے کی طرح ہمارے ساتھ سلوک کیا گیا ہے ۔ اس میں ہمارا کوئی قصور نہ تھا ۔ ہم اتنے بے وقعت تھے کہ اس پر غور نہیں ہوا اور ہمیں موقع نہیں مہیا کیا گیا کہ بجٹ بھی پاس کر دیا گیا ۔ لیکن اس سال کا بجٹ پیش ہوا آپ ان گذشتہ سال کی اس ہاؤس کی تقاریر کو ملاحظہ فرمائیں کہ ہم نے کیا کچھ کہا ہم نے کیا کچھ مثالیں دیں ۔ ہم نے ان غریب عوام کی کتنی تکالیف مسٹر سپیکر کی وساطت سے آپ کی خدمت میں پیش کیں ۔ لیکن مجھے افسوس ہے اور جہاں تک میری گذارشات کا تعلق ہے ان میں سے ایک فیصدی بھی قطعی کسی بات کی طرف توجہ نہیں دی گئی ۔ (شیم - شیم) آپ ہی مجھے بتائیں میرے لئے وہ کون سا راستہ ہے کہ دو سال کے بعد جب میں اپنی Constituency کی طرف جا رہا ہوں تو وہاں کیا جواب دوں گا ۔ جناب والا ۔ جب میں آپ کی توجہ ڈویلپمنٹ کے امور کی طرف مبذول کراتا ہوں تو مجھے کہا جاتا ہے کہ اس پنج سالہ منصوبہ جات میں گنجائش نہیں ہے ۔ پنج سالہ منصوبہ ۱۹۶۵ء میں تیسرا بنے گا اس میں کچھ ہوگا ۔ اس وقت جب آپ اور ہم یہاں نہیں ہوں گے ۔ آپ ہی بتائیں کہ میں کس منہ سے اپنے علاقے میں اپنی Constituency میں جاؤں ان لوگوں سے میں کیا کہوں کہ میں گورنمنٹ کے ساتھ رہا میں اس کیلئے وکالت کرتا رہا ۔ میں آپ کے لئے کوششوں میں مصروف رہا وہ مجھے کہیں گے کہ تم نے اپنی حکومت سے ترقیاتی کاموں سے کیا حاصل کیا میرے پاس اس وقت کوئی جواب نہ ہوگا ۔ میں اپنے قطعاً مشن میں کامیاب نہیں ہوں گا ۔

جناب والا ۔ میں تمام محکموں کے ایک ایک سیکرٹری کے پاس گیا ۔ میں سیکرٹری ایریگیشن کے پاس گیا ۔ میں فنانس سیکرٹری کے پاس گیا ۔ میں سیکرٹری صحت کے پاس گیا ۔ اس حکومت کا ایک بھی سیکرٹری ایسا نہیں جس کے پاس میں نے اپنے علاقے اور اپنی Constituency کی فریاد نہ کی ہو اور نہ بتایا ہو کہ اس ضلع ہزارہ کی ۱۶ لاکھ کی آبادی ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ آج آپ کا سابقہ صوبہ سرحد جو مغربی پاکستان کا ایک حصہ بنا ہوا ہے اور میں یہ بھی عرض کر دوں کہ یہی ضلع ہزارہ کے ۱۶ لاکھ لوگ تھے جنہوں نے ریفرنڈم میں اس سابقہ صوبہ سرحد کو اور صوبہ سرحد کے ان قائدین کا جو اس میں تھے میں ان کی خدمات کا اعتراف کئے بغیر نہ رہ سکتا ۔

جن کے تعاون کرنے میں سابقہ صوبہ سرحد کو پاکستان میں شامل کیا ۔ ورنہ آپ کا صوبہ سرحد جو پاکستان کا حصہ ہے کابل کی طرح اس کو ہندوستان سے تعاون حاصل ہوتا ۔ ان کی خدمات کا کیا یہی اعتراف ہے ؟ ۱۶۰ کروڑ کے بجٹ میں ۷ لاکھ روپیہ ان کیلئے مخصوص کیا گیا ہے ؟ اور ان سات لاکھ میں سے بھی تحصیل ہری پور اور تحصیل مانسہرہ ہیں جو ایبٹ آباد کے مقابلے میں بہت undeveloped ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ انہیں کیوں زیادہ روپیہ نہیں دیا گیا لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ ۷ لاکھ روپیہ جو دیا گیا ہے جناب ان دو تحصیلوں میں جو ایک دوسرے سے چھ سات میل دور ہیں ۔ نئی بستی بنانے پر ایک لاکھ کا خرچہ ہو رہا ہے ۔ تحصیل ایبٹ آباد کی چار لاکھ آبادی کیلئے کیا گیا ۔ جناب ۔ ایبٹ آباد ، مری روڈ اور نتھیا گلی جو انگریزوں کا گرمائی صدر مقام تھا چونکہ وہ انگریز کے ٹھاٹ دار گورنر جو صحیح معنوں میں لارڈ ہوتے تھے ان راستوں سے سفر کرتے رہے لیکن انہوں نے بھی اس سڑک کی اصلاح کرنا ضرورت نہیں محسوس کی اور تحصیل ایبٹ آباد کے لئے دو تین لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے وہ بھی ایبٹ آباد مری روڈ کو کشادہ کرنے کے لئے ۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ جہاں کی نوے فیصد آبادی اپنا روزمرہ کا آٹا مہیا کرنے کے لئے ۳۰ ، ۳۰ میل پیدل سفر کرتی ہے اور دن بھر مری ، ایبٹ آباد اور حویلیاں میں مزدوری کر کے اپنے ان بچوں کے لئے آٹا لے جاتی ہے ان کے لئے کوئی سڑک مہیا نہیں کر سکے مجھے افسوس ہے کہ ہمارے لئے کوئی جگہ نہیں ہے میں on the floor of this House اپنے واجب الاحترام ملک قادر بخش صاحب سے جو میری طرف دیکھ رہے ہیں یہ پوچھتا ہوں کہ ہمارے لئے وہ کیا کر رہے ہیں؟ ہمیں بتلائیں کہ ہم اپنی ضروریات کے لئے اپنی تکالیف کے لئے کس طریقہ سے آپ کو توجہ دلا سکتے ہیں ۔ میں آپ سے یہ کہوں کہ جناب آپ آئیں اور بچشم خود وہاں کے حالات دیکھیں اور پھر وہ ذریعہ جو بادشاہوں اور ان کے ملازمین کے لئے ہوتا تھا وہ ہمارے پاس نہیں ہے یعنی ڈانڈیاں تو ہمارے پاس نہیں ہیں ہم اپنے سروں پر اٹھا کر اپنے وزراء اکرام کو اپنی حکومت کے اراکین کو اندرونی علاقوں میں لے جائینگے ۔ ہم آپ کو مانسہرہ اور ہری پور لے جائینگے ۔

ایک آواز ۔ ہیلی کاپٹر لے لیں ۔

سردار عنائیت الرحمٰن خان عباسی ۔ ہاں ۔ ہیلی کاپٹر ہوتا تو سارے علاقے کو دیکھتے یہ علیحدہ بات ہے ۔ انہیں کس طریقہ سے پتہ چل سکتا ہے

کہ وہاں کے لوگوں کی کیا حالت ہے ۔ جناب والا ۔ آپ مری تشریف لے جائیں آپ تنہا گلی جائیں جو ان علاقوں سے صرف دو تین میل دور ہے ۔ مال روڈ پر دیکھیں کہ تمام سہولتیں حاصل ہیں ۔ وہاں راشن کا انتظام ہے وہاں پانی کا انتظام ہے وہاں ہسپتالوں کا انتظام ہے وہاں زنا خانے قحبہ خانے اور شراب خانے ہزارہا روپے لگا کر بنائے گئے ہیں لیکن اس مال روڈ سے جانب شرق اور جانب غرب آپ تشریف لیجائیں تو وہاں سے صرف دو میل پر انسانیت دم توڑتی ملے گی ۔ وہاں کی چار لاکھ کی آبادی خدا شاہد ہے کہ اس آٹھ میل کے علاقے میں ایسے لوگ رہتے ہیں اور کبھی میرے ساتھ چلئے تو ثابت کر سکتا ہوں اور دکھلا سکتا ہوں کہ وہاں ننگے اور بھوکے رہتے ہیں ۔ کیا ان کے ننگے رہنے اور بھوکے رہنے کی خوشی میں یہاں ایک ''ایوب ٹاؤن،، بنا رہے ہیں جناب ؟ اس بجٹ میں کئی لاکھ روپیہ اس کام کے لئے مخصوص کیا گیا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ نہ بنائے ۔ میں خوش ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ یہاں آپ رہیں آپکے طفیل میں آپکے خانساماں ہونگے آپ کے بوٹ پالش کرنے والے ہونگے اور وہ اپ کیلئے انڈا مرغ فراہم کرینگے کسی طرح تو انہیں مزدوری میسر ہوگی ۔ لیکن ایک ''ایوبیہ،، کا ڈیویلپمنٹ کر کے آپ دنیا کے سامنے اور لوگوں کے سامنے سربلند نہیں ہو سکتے جب کہ یہاں کی نوے فیصد آبادی بھوک اور افلاس سے دم توڑ رہی ہے اس کی بنیادی وجہ صرف ایک ہے کہ وہاں ذرائع آمد و رفت ٹھیک نہیں ہیں انہیں ٹھیک کیا جائے میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کردوں کہ Partition کے بعد جب ملک تقسیم ہوا ہے اور میں یہ بھی واضح کردوں کہ انگریز اس ملک کو اس صورت میں رکھنا چاہتا تھا جس صورت میں چھوڑ کر گیا ۔ وہ صرف اس لئے کہ علاقہ مجاہدین کا علاقہ ہے وہ مجاہدین جنہوں نے بارہا قوموں کی قسمتوں کو پلٹا ہے اور جنہوں نے تاریخ میں ہر بار نئے ابواب کا اضافہ کیا ہے یہ مجاہدین ہی تھے جنہوں نے پنجاب کو سکھوں کی حکومت کی لعنت سے نجات دلائی وہ مجاہد ضلع ہزارہ کے تھے اور اسی بلوہ جس نے ہزارہ جا کر دم توڑا تھا یہ وہی اسلام کے مجاہدین جن کی وجہ سے اسلامی حکومت یہاں بنی اور اس کیلئے وہ اس زمانے سے کوشش کر رہے تھے جو ۔ ۔

Mr. Speaker : Please come to the Budget.

سردار عنائیت الرحمٰن عباسی ۔ میں آ رہا ہوں جناب ۔ میں وہاں کی حالت زار بتلا رہا ہوں ۔ انگریز کی یہ پالیسی تھی کہ ان لوگوں کو پسماندہ رکھا جائے تاکہ وہ ترقی نہ کر سکیں اور یہ کہ کہیں وہ ترقی کر کے ایسے

حالات نہ پیدا کردیں کہ انگریزوں کا اس ملک میں رہنا دوبھر ہوجائے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ اب تو انگریز کی حکومت نہیں ہے ۔ اب تو پاکستان ہے اور وہ پاکستان ہے جس کو ہم نے اپنے خون پسینے سے بنایا ہے ۔ میرے واجب‌الاحترام وزیر صاحب ''ترجمان‌الاسلام،، پڑھ رہے ہیں۔ یہ ''ترجمان‌الاسلام،، جناب بعد میں پڑھ لیں ۔ پہلے میری گذارشات سن لیں کیونکہ جو کچھ آپ اپنے کان سے سن لینگے ان ہی کو ذہن میں لیجا سکینگے ورنہ debate میں یہ چیز آجائے تو نہ کوئی پڑھتا ہے اور نہ دیکھتا ہے ۔ تو ایسی اسکیمیں پاکستان بننے کے بعد بھی حکومت کے نوٹس میں لائی گئیں تھیں کہ کئی بار یہ اسکیمیں approve ہوئیں لیکن مجھے افسوس یہ ہے کہ پتہ نہیں کہ پھر کیا ہو جاتا ہے کہ آج تک وہ اسکیمیں شرمندہ تعبیر نہ ہو سکیں ۔

جناب والا ۔ میں انفرادی طور پر اپنے علاقے کی چند ضروریات کی طرف آپکی توجہ دلاتا ہوں، یہ تحصیل جس کا محل وقوع میں آپکو بتلاؤنگا تاکہ ہمارے وزراء صاحبان کے ذہن میں آسکے کہ مری سے جانب شرق ، نتھیاگلی سے جانب جنوب اور ایبٹ آباد سے جانب شرق یہ علاقہ ہے جو کہ ایک پہاڑی سلسلے سے منسلک ہے ۔ چار لاکھ آبادی کے لئے ایک بھی سڑک وہاں موجود نہیں ہے جس سے آمد و رفت کا راستہ بحال رہ سکے ۔ لہذا میں دردمندانہ اپیل کے ذریعے اور نہایت ادب سے جو کچھ بھی غریبانہ گذارش ہو سکے عرض کرونگا کہ ہماری وہ خاص سڑکیں جو اس علاقے کو بنیادی ضروریات کیلئے نہایت ضروری اور فوری ہیں انہیں ٹھیک کیا جائے اور وہ بھی کوئی زیادہ لمبی نہیں صرف ۹۲ میل لمبی ہیں ۔ ایک سڑک ہے لورہ۔ نگری ٹوٹیاں روڈ دوسری ہے نگری ٹوٹیاں ۔ باڑیاں روڈ تیسری ہے حویلیاں جبری روڈ براستہ ناڑہ ستوڑہ ۔ یہ بیس میل ہے ۔ چوتھی ہے کنہال سلطان پور روڈ یہ تقریباً دس میل ہے پانچویں ہے خیرا گلی دیول روڈ براستہ پبک سور چال ۔ یہ قریباً ۱۵ میل ہوگی ۔ کوہالہ ملکوٹ روڈ یہ ہوگی چار میل ۔ کوٹ ڈونگا گلی روڈ یہ کوئی ۱۵ میل ہے ۔ گھڑی حبیب‌اللہ کوہالہ روڈ براستہ پوٹی ۔ پتن ۔ یہ ہوگی تقریباً بیس میل ۔

جناب والا ۔ ان سڑکوں میں اگر ساری نہیں تو ۲۰ تا ۴۰ فیصد بھی اگر بن گئیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ چار لاکھ آبادی کیلئے روٹی کا سوال حل کردینگی ۔

جناب والا ۔ جہاں انسانوں کا یہ حال ہے جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے جو بھوکے ہیں ننگے ہیں اور انکے رہنے کے گھروں کی کیفیت یہ

ہے کہ ہمارے شہروں میں رہنے والے بڑے بڑے بھائی شاید ہمارے گھروں میں اپنے alsation کتے بھی نہ باندھیں ۔ بہر کیف وہاں جانور بھی رہتے ہیں گائیں ہیں اور زرعی ضروریات کیلئے ان جانوروں کی زیادہ ضرورت ہے ان کی دیکھ بھال کیلئے اگر حیوانات کے شفاخانے ہوجائیں تو بڑی مہربانی ہو گی چند ڈسپنسریاں جن کیلئے بلڈنگوں کا انتظام لوکل لوگ کرنے کو تیار ہیں اگر ان کی طرف توجہ دیں تو میں ان کا مشکور ہونگا ایک جناب بمقام دلولہ علاقہ بوٹی میں دوسری کہوغزنی علاقہ بٹوٹ کے مقام پر ۔ تیسری ستروڑ علاقہ سورہ میں اور چوتھی ستوڑہ علاقہ ناڑہ میں ۔ تو جناب والا ۔ یہ میں نے خاص مقامات بتلائے ہیں اگر حکومت یہاں ڈسپنسری قائم کردے تو اس علاقے کی زیادہ سے زیادہ آبادی اس سے مستفید ہو سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میرے واجب الاحترام بزرگ وزیر جنگلات ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا تھا کہ جنگل ہماری دولت ہیں ۔ اگر آپ مغربی پاکستان کا بجٹ ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کم از کم ایک چوتھائی حصہ آمدنی جنگلات کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے ۔ جتنی provision جنگلات کے لئے کی جاتی ہے ۔ اگر صحیح طریقہ پر جنگلات کو ترقی دی جائے تو آمدنی میں ۹۰ فیصد کا اضافہ ہو سکتا ہے ۔ مغربی پاکستان میں سیم اور تھور کا مسئلہ ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکا ہے ۔ میں اس ہاؤس میں چند باتیں عرض کرونگا کہ پہاڑوں میں جو erosion ہوتا ہے اور بارش کی وجہ سے مٹی آتی ہے اگر اس erosion کو ابھی نہ روکا گیا تو مستقبل قریب میں ہی دریاؤں کے beds کی سطح اونچی ہو جائے گی ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جب ملک تقسیم ہوا تو سیلاب کتنے زیادہ آ گئے تھے ۔ اس کی یہ وجوہات تھیں کہ جو پانی دریاؤں میں آتا تھا اس کے ساتھ پہاڑوں کی بہت زیادہ مٹی آتی تھی اس طرح دریاؤں کے beds اونچے ہو گئے اور سیلاب آ گئے ۔ اس لئے جناب والا ۔ میں گذارش کرونگا کہ اس امر کی طرف فوری توجہ دی جائے ۔ ہمارے ہاں اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ جنگلات لگائے جائیں اور لوگوں کو مفت پودے دئے جائیں تاکہ پہاڑوں میں erosion نہ ہو اور زیادہ مٹی بہ کر دریاؤں میں نہ آئے اس سلسلہ میں میں وزیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ فوری طور پر اس امر کی طرف توجہ دی جائے ۔ چنانچہ chief conservator اور ڈائرکٹر فارسٹ جب تشریف لائے تو انہوں نے وعدہ فرمایا کہ ضرور توجہ دی جائے گی ۔ اس کے بعد conservator صاحب ایبٹ آباد

نے مجھے اطلاع دی کہ یہاں تشریف لے آؤ اور بات کرو ۔ میں نے کہا کہ ان کو خود دورہ پر جا کر حالات دریافت کرنا چاہئیے جب کہ بڑے بڑے افسران وزراء اور ایگریکلچرل سیکرٹری جا کر ملاحظہ کرتے ہیں ۔ چنانچہ میں نے ان کی خدمت میں عرض کردیا کہ وہ خود آکر علاقہ کو دیکھیں ۔ تو مجھے یہ جواب ملا کہ میں معافی چاہتا ہوں ۔ اگر اس علاقہ کو دیکھا جائے اور نرسری وغیرہ لگا کر جنگلات کا انتظام کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بے حد مفید ثابت ہوگا اور اس سے ملک کی دولت بڑھے گی ۔ محترم وزیر صاحب ناراض نہ ہوں اور خفا نہ ہوں ۔ اگر انہوں نے فوری طور پر اس طرف کوئی قدم نہ اٹھایا تو میں اس ایوان کو واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ملک کو بہت بڑا نقصان ہوگا ۔ اس کے بعد میں عرض کرونگا کہ فارسٹ کے ساڑھے تین لاکھ روپیہ کے نقصان کے لئے ایک گارڈ کو برطرف کر دیا گیا غالباً اس کا نام عبدالمجید ہے ۔ ابھی اس کو تعینات ہوئے ۶۰ دن بھی نہیں گذرے تھے ۔ D.F.O. اور conservator صاحب بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ۶۰ دن میں اتنا بڑا نقصان کیسے ہو سکتا ہے ۔ چنانچہ انکوائری کے لئے انہوں نے وعدہ فرمایا ہے اور کہا ہے کہ گارڈ کی اپیل کو favourably consider کیا جائے گا ۔ اب یہ حالات ہیں اور آپ ان پر غور کر سکتے ہیں ۔ جہاں تک ہسپتالوں کا تعلق ہے میں شکر گذار ہوں کہ ضروریات پوری ہو چکی ہیں لیکن ایک بات ہے جو میں وزیر صحت کی خدمت میں عرض کرونگا اور وہ یہ ہے کہ ایک سول ہسپتال ہمارے علاقہ لورا میں ضرور بنایا جائے جس میں ۱۲ بیڈز ہوں تاکہ تمام آبادی کو فائدہ پہنچے ۔ انگریزوں کے زمانہ میں وہاں ایک پرائمری ہیلتھ سینٹر بنایا گیا تھا ۔ اس میں امراض کی ابتدا کی وجوہات دریافت کی جاتی تھیں ۔ اور وہ ان کے روکنے کی تدابیر کرتے تھے سول ہسپتال کی خصوصیات یہ ہیں کہ متعدی امراض کو ٹھیک کرتے ہیں اس لئے میں گذارش کرتا ہوں کہ یہ مزید سکیم جو آپ بنا رہے ہیں اس کو خدا کے لئے بند نہ کریں یہ لوگ مرجائیں گے ۔ ان کے لئے کوئی بھی علاج کا انتظام نہیں ہے ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ آپ کا ڈاکٹر دورہ پر رہتا ہے اگر کوئی علاج کرانے کے لئے آئیگا تو اس کا کیا انتظام ہوگا ؟

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے ۔

سردار عنائیت الرحمٰن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میں جلدی جلدی ختم کرتا ہوں ۔ یہاں ایسے ایسے دیہات موجود ہیں جن میں تین تین میل

سے پانی لانا پڑتا ہے ۔ تین واٹر سپلائی سکیمیں ہیں ان کے متعلق عرض کروں گا ۔

۱۔نگری توتیال واٹر سپلائی سکیم۔علاقہ لورا

۲۔دلولہ واٹر سپلائی سکیم۔علاقہ بوئی

۳۔ڈبران ڈرنکنگ واٹر سپلائی سکیم۔

اس کے علاوہ ایک اور urban water supply scheme برائے ایبٹ آباد ہے ۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ بھی تشریف لاتے ہیں ۔ اگر وہاں پانی نہ ملا تو آپ کیا کریں گے ۔ ایبٹ آباد کی طرف بھی توجہ دیں ۔ لوگوں کی حالت پر رحم کریں ۔ ہم تو اس بات پر حیران ہیں کہ لکڑی وہاں سے آتی ہے اور ماچس شاہدرہ میں بنتی ہے ۔ وہاں بھی اگر ایک ماچس کا کارخانہ اور چمڑے کا کارخانہ بن جائے اور اس طرح ڈرائی فروٹ کے کارخانہ جات لگ جائیں تو کوئی بڑی بات نہیں ۔ اس سے وہاں کے لوگوں کی employment کا کوئی ذریعہ بن جائے گا ۔

اس سال میرے لئے ایک خوش کن اور قابل مبارک باد بات جو میری بہن وزیر تعلیم نے کی ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے علاقہ کی طرف انہوں نے خاص توجہ دی ہے ۔ (ہئیر ہئیز) اگر اس مبارک باد کو میں تقسیم کر دوں تو پھر بھی اس میں کمی نہیں آئیگی ۔ اس مبارک باد میں میرے دوسرے معزز وزیر بھی حصہ دار ہیں جن کے متعلق یہاں بہت کچھ کہا جاتا ہے اگر کوئی ان میں برائی ہے تو کئی باتیں ایسی بھی ہیں جو قابل تعریف بھی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ تشریف رکھیں ۔

سردار عنایت الرحمٰن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر تعلیم صاحبہ نے پشاور ریجن کے ڈائرکٹر صاحب کو ہدایات بھیجیں اور انہوں نے ایسے ایسے دیہات دیکھے اور ایسے ایسے علاقوں میں دورے کئے جہاں اس سے پہلے کوئی افسر نہ گیا تھا ۔ وہ جہاں بھی گئے لوگوں کے ساتھ نہایت مہربانی اور شفقت سے پیش آئے ان کی تعلیمی ضروریات کی طرف توجہ دی ۔ میں کسی کی ناجائز تعریف نہیں کرتا ۔ وہ جس علاقہ میں بھی گئے لوگ یہ بات تسلیم نہیں کرتے تھے کہ یہ محکمہ تعلیم کا سر براہ ہے وہ کہتے تھے کہ یہ کوئی اے آئی ڈی ہے میں نے انہیں بتایا کہ یہ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ ہے اور بہت بڑا افسر ہے ۔

Mr. Speaker : I cannot allow him any further time. I have reminded him three times and still he has not finished. He should please finish his speech within a second.

سردار عنائیت الرحمٰن خان عباسی ۔ جناب والا ۔ میں ہاتھ جوڑ کر آپ کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ میری constituency یعنی تحصیل ایبٹ آباد کی طرف توجہ دی جائےاور وہاں ایک سڑک ضرور بنائی جائے ۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز (لاہور و ملتان ڈویژن) ۔ صدر محترم ۔ سب سے پہلے میں اپنا ایک اعتراض ریکارڈ کرانا چاہتی ہوں ۔ جہاں تک بجٹ اور فائننس بل کا تعلق ہے وہ فائننس کمیٹی کے پاس جانا چاہئے تھا۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس بل کو کمیٹی کے پاس نہ بھیجنا

It cuts across the fundamental Principles of the Presidential Constitution.

یہ صدارتی آئین کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے ۔ اس لئے اس کا ریکارڈ ہو جانا ضروری ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں اس بجٹ کو کسی حزب مخالف کی کسوٹی پر نہیں پرکھ سکتی میں اس بجٹ کو صاحب اقتدار لوگوں اور treasury benches ہی کی کسوٹی پر پرکھتی ہوں ۔ اور اپنی معروضات آپ کے سامنے اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے رکھنا چاہتی ہوں ۔

صدر محترم ۔ اس ہاؤس کے لیڈر نے اپنے ایک اعلان میں فرمایا تھا کہ وہ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ انہیں heavy industry پر ہی emphasis دینا چاہئیے اور آئیندہ اس بات کا خاص طور پر لحاظ رکھا جائیگا ۔

صدر محترم ۔ یہ بجٹ کی development کا حصہ میرے ہاتھ میں ہے ۔ اور ان کا اعلان یہ میرے سامنے ہے ۔ اس وقت اس بجٹ میں ایک سو چھیاسی کروڑ اور کچھ لاکھ روپے خرچ ہو رہے ہیں ۔ اور انہوں نے اس بجٹ میں مجھے بتائیے کہ کہاں تک اپنے اعلان کا احترام کیا ہے ۔ حالت یہ ہے ۔ محترم ۔ کہ انہوں نے industries کو ایک سو چھیاسی کروڑ روپے میں جو چیزیں directly contribute کرتی ہیں ان کو صرف بیس کروڑ روپے دیئے ہیں ۔ جن میں صرف تین اعشاریہ نو کروڑ روپے نئی انڈسٹری پر خرچ ہوگا یہ دیکھ لیجئے اور کل بارہ کروڑ روپے انڈسٹری پر خرچ ہو رہے ہیں ۔ جس کسوٹی پر کوئی ماہر اقتصادیات بجٹ کو پرکھتا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ جو ترقیاتی سکیمیں یا جو بھی سکیمیں رکھی گئی ہوں ۔ ان میں سے کتنا روپیہ ایسی

سکیموں پر خرچ ہو رہا ہے ۔ کہ جس سے بالواسطہ آمدنی میں اضافہ ہوگا اور کتنا روپیہ ان سکیموں پر خرچ ہوگا کہ جس سے ملک کو بلاواسطہ فائدہ پہنچے گا ۔ اب یہ دیکھئے اس ایک سو چھیاسی کروڑ روپے میں سے صرف بیس کروڑ روپیہ وہ ہے جس سے ہماری آمدنی میں بالواسطہ طور پر اضافہ ہوگا ۔ اور ایک ارب اکسٹھ کروڑ روپیہ ایسی چیزوں پر خرچ ہوگا ۔ جس سے ہماری آمدنی میں بلاواسطہ طور پر اضافہ ہوگا ۔ آپ آئیندہ سال کو لیجئے۔ اس میں چالیس کروڑ روپے ہاؤسنگ پر خرچ ہو رہا ہے۔ سات کروڑ روپیہ کراچی پر خرچ ہو رہا ہے۔ میں آپ سے یعنی treasury benches سے دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ یہ کام ہمارا ہے یا کراچی کارپوریشن کا ۔ کراچی کارپوریشن کو چاہئیے تھا کہ وہ benches float کرتے ۔ اور یہ سات کروڑ روپیہ بلکہ ہماری کوڑی کوڑی (ان کے اعلان کے مطابق ۔ ہمارے اعلان کے مطابق نہیں) کسی بھاری انڈسٹری پر خرچ ہونا چاہئیے تھا۔ تاکہ ہماری اس اقتصادی آزادی کی ابتدا ہوتی ۔ جس کی بناء پر ہم مزید چھ سات سال میں اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکتے ۔ اور یہی میں نے اعلان کا مقصد سمجھا تھا ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ۔ کہ آج وہ اپنی ہی کسوٹی پر بھی بالکل پورے نہیں اترے ۔ انہوں نے بیس کروڑ روپیہ direct آمدن والی چیزوں پر خرچ کیا ۔ اور ایک سو اکسٹھ کروڑ روپیہ ایسی چیزوں پر صرف کیا جس سے ہمیں کبھی indirect فائدہ ہوگا ۔

صدر محترم ۔ آپ یہ فرمائینگے کہ تیس کروڑ روپے پاور کو دیئے گئے ہیں ۔ اور چالیس کروڑ روپیہ سیم اور تھور کو روکنے کے لئے دیا گیا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگی کہ جب آپ نے پاور کا اختیار بڑی بڑی کمپنیوں کو دیدیا ۔ جس میں چھ چھ اور دس دس ہزار روپے ماہوار تنخواہ پانے والے ماہرین ہوتے ہیں ۔ آپ نے یہاں بھی ان کمپنیوں کے ہاتھوں میں انتظام دیدیا ۔ جس نے ہزاروں نہیں بلکہ کروڑوں روپیہ خرچ کیا ۔ لیکن اس کے مقابلے میں ہمیں جو فائدہ ہوا ہے ۔ وہ مقابلتاً بہت تھوڑا ہے ۔ میں آپ سے دریافت کرنا چاہتی ہوں ۔ اور آپ اس ہاؤس کو بتا دیں کہ رچنا دواب پر آپ کا فی ایکڑ کیا خرچ آ رہا ہے ۔ اتنے اتنے قیمتی ٹیوب ویل لگائے گئے۔ اتنی بڑی بڑی تنخواہ پانے والے ماہرین منگائے گئے ۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ یہ قوم کے اتنے بھی خواہ میرے عزیز جو اس وقت میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ خصوصاً ملک قادر بخش صاحب یہ مجھے بتائیں کہ یہ reclamation کا کام کہاں ہو رہا ہے ۔ وہاں

جہاں کروڑوں خرچ ہو کر بھی کامیابی ہو یا نہ ہو ۔ مگر جہاں سیم نئی شروع ہو رہی ہوں مثلاً تھل کا ایریا ہے ۔ جس پر پینتالیس کروڑ روپیہ خرچ ہوا ہے ۔ مگر

سر چشمہ شاید گرفتن بہ میل چوں پُرشد نشاید گرفتن بہ پیل

وہاں سڑکوں پر پانی ابھر آیا ہے ۔ مگر آپ تھوڑے سے خرچ کے ساتھ اس جگہ میں جہاں کہ سیم اور تھور ابھی شروع ہی ہوا ہے ۔ اسے کنٹرول کر سکتے ہیں واپڈا کی کوئی سکیم اس سلسلے میں اس بجٹ میں نہیں ہے ۔ ایک سو چھیاسی کروڑ روپے کا حساب اس بجٹ میں دیا گیا ہے ۔ اور لیڈر آف دی ہاؤس کے اعلان کے مطابق یہ رقوم بنیادی صنعتوں پر صرف کرنا چاہئیے تھی ۔ لیکن ان کا ذکر بھی نہیں ۔ اور اب حالت یہ ہے کہ جب ہمیں ٹریک کی ضرورت ہوتی ہے ۔ تو ہم بارہ تیرہ لاکھ روپیہ خرچ کر کے جاپان یا کسی اور ملک سے خریدنے جاتے ہیں ۔

صدر محترم ۔ آپ مجھے اجازت دیں کہ میں آپکی وساطت سے اس ایوان کے سامنے اس بجٹ کے متعلق چند ایک ضروری گذارشات کروں ۔ میں کسی بھی وقت یہ سننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ یہ بجٹ کسی ماہر اقتصادیات کے مشورے سے بنایا گیا ہے ۔ اور یہ بجٹ بھی اسی پلاننگ کمیشن کی رپورٹوں کی طرح ہے کہ جسکی صدارت آئی ۔ جی ۔ پولیس نے کی تھی ۔ کیونکہ صدر محترم ۔ میرے صاحب اقتدار بزرگوں نے با رہا اعلان کیا ہے کہ وہ اس state کو islamic welfare state بنائینگے ۔ بنانا چاہتے ہیں اور بنا رہے ہیں ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے ۔ کہ انہوں نے اس کو welfare state بنانے کی جانب کیا اقدامات کئے ہیں ۔ دنیا میں تین چار اقتصادی نظام ہیں ۔ ایک کو جمہوریہ یا صدارتی نظام کہتے ہیں ۔ وہ آہستہ آہستہ عوام الناس کی حالت کو بہتر کر کے ایک welfare state بناتے ہیں ۔ اور وہ یہ دیکھتے ہیں کہ لوگوں کی تکالیف میں روز بروز کمی ہو ۔ اور چھوٹے بڑے کی تمیز باقی نہ رہے ۔ اسکے بعد اشتراکی اقتصادی نظام ہے ۔ جس میں حکومت ہی سب کچھ اپنے ہاتھ میں لے لیتی ہے ۔ اور ہر ایک کی تکلیف کو ہر ممکن طریق سے دور کرنے کی کوشش کرتی ہے ۔ وہ بھی آپ کے سامنے ہے برٹین کی welfare state ۔ امریکہ ۔ روس اور چین وغیرہ کی welfare state بھی آپکے سامنے ہیں ۔ پاکستان بننے کے وقت ہم نے یہ کہا تھا اور یہ نعرہ لگایا تھا کہ جہاںتک برطانوی ۔ امریکی اور دیگر یورپی اقتصادی نظاموں کا تعلق ہے ۔ اُن میں بہت سی خامیاں ہیں ۔ اور ان میں سب سے بڑی خامی

یہ ہے کہ معدودے چند لوگ تو سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھائیں ۔ لیکن دوسرے لوگ نان شبینہ کے محتاج ہوں ۔ اور انہیں دو وقت کی روٹی بھی نہ ملے۔ ہم نے کہا کہ اشتراکی اقتصادی نظام میں بھی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ اس میں شخصی آزادی کو ختم کر دیا جاتا ہے ۔ اور شخصی آزادی کوئی چیز ہی نہیں رہتی ۔ ہم نے یہ نعرہ بلند کیا کہ ہمارے پاس اسلامی اقتصادی نظام موجود ہے ۔ اگر اس پر عمل کیا جائے اور اسے بروئے کار لایا جائے تو اس سے ہمیں تمام معاشی خرابیوں کا جواب مل جائیگا ۔

۱۔ اسلامی اقتصادی نظام کی طرف چلئے ۔ کہنے کو تو صاحب اقتدار لوگوں نے کہہ دیا کہ وہ ایک islamic welfare state بنا رہے ہیں ۔ لیکن مجھے بتائیے کہ ان پانچ سالوں میں اس سلسلے میں کیا اقدامات کئے گئے ہیں ۔ کہاں ہے خمس ۔ کہاں ہے عشر ۔ کہاں ہے زکواۃ اور کہاں ہے وہ زکواۃ کمیٹی کی رپورٹ ۔ اسے بھی آپ نے بالائے طاق رکھ دیا ہے ۔ مجھے بتائیے کہ کہاں ہے آپکا بیت‌المال ۔ کہاں ہے آپ کا اسلامی ، اقتصادی نظام کہ جسکا آپ نے نعرہ لگایا تھا ۔ اسکے برعکس وہ ہمارے لئے کیا نظام لا رہے ہیں جو اٹھارویں و انیسویں صدی کا نظام تھا یا وہ نظام جسے اسلام نے بنایا تھا ۔ وہ bureaucratic state capitalism یعنی صاحب اقتدار لوگوں کی حرص سرمایہ ہوس اقتدار ہے جو کہ وہ آہستہ آہستہ بتدریج ان پانچ سالوں میں لایا جا رہا ہے ۔ وہ میں آج آپکے سامنے پیش کرنا چاہتی ہوں ۔ مجھے اس دن ایک ماہر اقتصادیات جو کہ میرے عزیز ہیں ملنے کے لئے آئے اس دن جس دن کہ ہم یہاں سے جرگہ بل (میں اسے ہمیشہ جرگہ بل ہی کہتی ہوں) پاس کر کے گئے تھے ۔ اس دن میں نہایت اداس اور رنجیدہ تھی ۔ اس ماہر اقتصادیات نے مجھے کہا ۔ اسوقت کیا رو رہی ہو ۔ یہ تو پہلا قدم تھا ۔ اب جب ٹیکس لگینگے جو کہ ایسے نظام کا دوسرا قدم ہوتا ہے اسوقت بیٹھکر رونا ۔ اور یہ کیا نظام ہے ۔ اس نظام کو بیوروکریٹک Capitalism کہتے ہیں ۔

یعنی democracy presidential کمیونزم سب کو بالائے طاق رکھکر اسلامی نظام کا نعرہ نہ لگاؤ اور آج ڈیماکریٹک کیپٹل ازم کے نیچے کی طرف لئے جا رہے ہیں صاف سمجھ میں نہیں آتا ہے کیا کریں بجٹ سے آپکو اسکا صاف ثبوت مل رہا ہے ۔ democratic capitalism کیا ہوتا ہے وہ یہ ہے صاحب اقتدار لوگوں کی حرص سرمایہ اور ہوس اقتدار ان سے ایسے قوانین بنواتی ہے اور ایسے ٹیکس لگواتی ہے جن کے لئے کافی گرفت کی ضرورت ہوتی ہے اور ایسی گرفت کیلئے

اور ان کے اخراجات شاہانہ کے لئے بھی سول ایڈمنسٹریشن کے اخراجات میں روزانہ افسروں کی ترقی ہوتی ہے ۔ جناب مجھے آپ کو یہ دکھانا ہے کہ گزشتہ ۵ سال میں کیا اخراجات بڑھے ہیں ۔ اور کسطریقے سے وہ اس گرفت کو آہستہ آہستہ تیز کرتے ہوئے کس طریقے سے bureaucratic capitalism کی طرف آ رہے ہیں ۔ ایوان کے بھائی ذرا اطمینان سے سنیں ۔ جس نظام کو دنیا سے مٹانے کے لئے اسلام آیا تھا یہ وہ نظام ہے جو اٹھارویں صدی اور شروع انیسویں صدی میں بھی رائج تھا اسی کی وجہ سے دنیا میں کمیونزم آیا اور اسکو جمہوریہ صدارتی نظاموں نے آکر بہت سارا مٹایا مگر اشتراکیت نے اسکو ختم کر دیا مگر یاد رکھیں جیسا کہ میں نے آگے بھی کہا ہے کہ ایسا کر کے وہ ایک خونی انقلاب کو دعوت دے رہے ہیں ۔ اور وہ پھر اسکو روک نہیں سکینگے ۔ صدر محترم ۔ مجھ سے سنئے انکے اپنے الفاظ ہیں وہ کیسا ہے ۔ وائٹ پیپر میں اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا ہے کہ گزشتہ ۳ سال میں جنرل ایڈمنسٹریشن پر ۹ کروڑ ۱۵ لاکھ زیادہ خرچ بڑھ گیا ہے ۔ اب یہ دیکھئے کہ گذشتہ بجٹوں سے ۵۴ فیصدی جنرل بجٹوں پر زیادہ خرچ ہو رہا ہے اور پچھلے سال میں ۳ اعشاریہ ۹ یعنی پونے چار فیصدی زیادہ بڑھا ہے ۔ ان مدوں میں یہ اعداد و شمار ہیں ۔ یہ list بڑی ہے آپ دیکھئے پڑھئے میں پڑھوں کوئی پڑھے ۔ چیف سکریٹری کے دفتر کو ایک لاکھ روپیہ اور دئے ہیں ۔ سیٹلمنٹ کو چار لاکھ روپیہ اور دے دو ۔ anti-corruption پر ایک کروڑ ۴۱ لاکھ روپیہ خرچ ہوا ہے اس کا ایک کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ اس سال کر دیا گیا ہے تاکہ corruption اور بڑھے کیونکہ وہ کم تو نہیں ہو رہی ہے ۔ اب صدر محترم ۔ پولیس جس کو سب سے زیادہ میں نے عرض کیا کہ bureaucratic capitalism ہے اس پر ڈھائی کروڑ روپیہ زیادہ ایک سال میں سب ملا کر پونے چار کروڑ ہو گیا ۔ اب دیکھئے ۶ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے کے ٹیکس بڑھے ۔ یہ ۶ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے انہیں کہیں سے تو نکالنا ہے ۔ کوئی ماہر اقتصادیات انکا مشیر ہوتا تو وہ کہتا کہ خدا کیلئے یا تو قوت خرید غریبوں کی بڑھاؤ مفت تعلیم دو مفت طبی امداد دو کم سے کم basic pay سو روپے کر دو تو کچھ تھوڑی بہت قوت خرید لوگوں میں آئے ۔ اب صنعت و حرفت اتنی بڑھ رہی ہیں کہ ۲۳ فیصدی ایک سال میں اضافہ ہوگیا ہے اور آج صرف ایک کلاس کے پاس قوت خرید نہیں ہے اور وہ مڈل کلاس ہے ۔ کیا مرکزی ٹیکس کیا صوبائی ٹیکس انکی کمر آپ نے توڑ دی ہے وہ رہی سہی قوت خرید آپ نے ختم

کر دی - یہ کون سا آپکا مشیر ہے جو آپ کو یہ مشورے دے رہا ہے - میں اس کے لئے آپ سے بجٹ کے صفحہ بتائے دیتی ہوں میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے مہربانی کر کے پڑھ لیجئے صفحہ ۳۵-۳۷ سے ۵۲۸- item ۱۶- تھوڑی سی ایک جگہ چکبندی کرنے کے لئے ضلع دار وہاں آٹھ چاہئیں اور پٹواری ۶۵ چاہئیں - جس پر ۳۰ لاکھ کا خرچ ہے - ایک اور جگہ پر انہیں ایک سریکل میں سیم و تھور کا کام کرنا ہے وہاں پر انہوں نے ۱۸۵ پٹواری لئے ہیں - اگر پانچ فی افسر ہو تو یہ بھی تقریباً ۴۰ چپڑاسی پڑتے ہیں یعنی کسی قسم کی کوئی scrutiny خرچ پر نہیں ہے تو یہ ۶ کروڑ ۷۸ لاکھ ہمارے حساب سے ۱۰ کروڑ روپے نکل سکتے ہیں تو صدر محترم - یہ ٹیکس کیوں لگے ٹیکسوں کی کیوں ضرورت ہوئی - انہیں نے متفرقات کیلئے ۱۰ کروڑ روپیہ مانگا ہے اس کے علاوہ متفرقات کیلئے جو ۱۰ کروڑ روپیہ رکھا ہے پچھلے سال آپ نے ۱۵۰ کروڑ ڈیویلپمنٹ کو دئے جس میں سے صرف ۱۳۸ کروڑ خرچ ہوئے اور باقی ۲۲ کروڑ کے قریب آپ کے لئے short fall رہ گیا اس سال بھی کافی بچیگا ٹیکس لگانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے - اسی بجٹ ہی میں سے یہ رقم نکل سکتی ہے یہ ظاہر ہے کہ یہ bureaucratic capitalism ہے یہ بات آپ بھی جانتے ہیں میں بھی جانتی ہوں وہاں پر صرف ایک middle کلاس ہی ایسی ہوتی ہے جسکو دبانا مشکل ہوتا ہے وہ جانتے ہیں کہ ایسے ٹیکس اس لئے لگائے گئے ہیں کہ ان کی گردنیں ہاتھ میں آئیں - اور وہ جانتے ہیں کہ ٹیکسوں کا جو اثر ہوتا ہے وہ غریب طبقہ پر ہوتا ہے - اسلئے ہم مڈل کلاس کے آدمیونکی کنجیاں مروڑ سکیں کون جا کر جائداد پر ٹیکس کی شرح لگائے گا کہ چار لاکھ کی رقم کس کے پاس ہے اور ۱۰ لاکھ کہاں سے آتا ہے آبیانہ کو ۳۳ فیصدی بڑھا دو - ڈیویلپمنٹ cess لگاؤ - میری ایک محترم مظفر گڑھ کی مثال پیش کرتی ہیں - مظفر گڑھ کی زمینوں کا گورنمنٹ ۳/۴ حصہ کہنے کو مہاجروں کے لئے بے چکی ہے اور ہزاروں روپے ان زمینوں کو بیچ کر خزانے میں داخل کر رہی ہے - آج تھل والوں کی حالت پر رنج نہ ہوتا اگر ان کے نمائندے صدارتی کنجیوں پر الجھے ہوتے تو ان کی کوئی شنوائی ہوتی اور کوئی آواز ان کے لئے اٹھتی - جناب ہم نے خون بہا کر اس جگہ پر بٹھایا ہے اور تھل والوں کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے -

اب صدر محترم - مجھے آپ سے چند گذارشات کرنی ہیں جو یہ ہیں کہ ڈیویلپمنٹ اس طریقہ سے ہونی چاہئے کہ ہم اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں اور

انڈسٹری اس طریقہ سے بڑھائی جائیں کہ ہمیں اقتصادی آزادی جلد سے جلد حاصل ہو جائے۔ یہ صاف ظاہر ہے کہ ہم کو bureaucratic capitalism کی طرف لیجایا جا رہا ہے ۔ ٹیکسوں کی بھر مار ہے ۔ تھوڑی سی قوت خرید لی جا رہی ہے اس وقت آپ اس نظام پر جتنا ناز کریں کم ہے ۔ عوام الناس اس چیز کو سمجھ چکے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ گورنمنٹ عوام الناس میں مقبول ہو رہی ہے ۔ الیکشن آ رہے ہیں معلوم ہو جائیگا bureaucratic capitalism کو پولیس کامیاب نہیں کر سکتی ۔

صدر محترم ۔ اب انتظامیہ کو لیجئے ۔ انتظامیہ کا یہ حال ہے کہ اس دن ایک کمیٹی میں ہم سب بیٹھے ہوئے تھے ہم نے کہا کہ خدا کے لئے کسی ایسی فائل کا انتظار نہ کرو جو گورنمنٹ کو sanction حاصل کرنے کے لئے بھیجی ہوئی ہو ۔ صدر محترم ۔ انتظامیہ کیوں خراب ہو رہی ہے وجہ یہ ہے کہ منسٹروں کے پاس کام کے لئے وقت نہیں ۔ یہ نوکر شاہی ہی کام کر رہی ہے پالیسی تو انہیں کو وضع کرنی ہوتی ہے منسٹروں کے پاس وقت کہاں کہ وہ پالیسی وضع کریں اور بنائیں تو vision, imagination, initiative ability ان چاروں کے combination سے پالیسی وضع کریں ۔ مگر یہاں دوروں سے فرصت کہاں جو پالیسی وضع کریں فائیلوں پر دستخط ہی ہو سکتے ہیں مطالعہ کی فرصت نہیں ۔ ان کے پاس وقت ہی نہیں ۔ تو محترم ہماری انتظامیہ کی یہ حالت ہو رہی ہے ۔ اب خیال فرمائیے ۔ سوچنے کی بات ہے کہ فرم کا کمایا ہوا روپیہ ہے ہم اس کو خرچ کریں اور جس طرف نظر کریں تو یہی پائیں گے کہ بغیر scrutiny کے اور بغیر کسی سوچ , بچار کے خرچ بڑھتے چلے جا رہے ہیں اور قوم بیچاری نان شبینہ کو محتاج ہوتی جا رہی ہے یہ زیادہ افسوس کی بات ہے صدر محترم ۔ یہ نہیں ہونا چاہئے ۔ مجھے وزراء صاحبان کی خدمت میں ایک اور چیز عرض کرنی ہے کہ اس نوکر شاہی کو لیجئے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آئے دن ٹرانسفرز کے کیا معنی ہیں۔ اخبارات میں دیا ہوا ہے کہ ایک ضلع میں پانچ D. S. P. پولیس کے بدلے گئے۔ برٹش گورنمنٹ ہمیشہ ایک سی ایس پی افسر کو تین سال کے لئے ضلع میں کام کرنے دیتی تھی جب تک شدید ضرورت نہیں ہوتی تھی وہ ٹرانسفر نہیں ہوتا تھا ۔ آج چھ چھ مہینے میں ڈپٹی کمشنر و کمشنر سب کو تبدیل کیا جا رہا ہے۔ وہ بیچارے کام بھی کیا کر سکتے ہیں ۔ وہ کام کر نہیں سکتے ۔ وزراء صاحبان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہے کہ وہ فائلیں دیکھیں ۔ لیکن آپ بتائیے کہ کونسا نظام ہے کہ جس میں یہ سنا گیا ہو کہ وزراء صاحبان آئیں نئی پارٹیاں بنائیں ۔

اور وہ انہیں منظم کریں ۔ کیا جمہوری ، کیا صدارتی ، کیا اشتراکی ان سب نظاموں میں پارٹیز ہوتی ہیں اور وہ اپنے نمائندے حکومت بنانے کے لیے دیتی ہیں نہ یہ کہ وزراء ان کی پارٹی بنائیں ۔ یہ ہمیشہ پارٹیز بنایا کرتی ہیں ۔ منسٹرز جو آتے ہیں وہ اپنی کارگزاری سے پارٹی کا نام روشن کرتے ہیں ۔ صدر محترم ہر وقت دورے کرنے کے کیا معنی ؟ آپ کی انتظامیہ کو ایسا ہونا چاہئیے کہ ہر خاص و عام خوش ہو اور وہ خود منہ سے بولے اور غریبوں کی تکلیفیں کم ہوں ۔ یہ نہ ہو کہ دس دس ہزار کے باہر سے experts آئیں اور ۲۷ ہزار کے ٹیوب ویل لگائے جائیں بجائے اس کے اگر لوگ self help basis پر ٹیوب ویل لگانے کے لئے تیار ہوں تو آپ ان کو subsidise کر دیں ۔ مرکز نے ڈیزل آیل پر جو ٹیکس لگایا ہے اس سے آپ کے سیم اور تھور کا مسئلہ کیسے حل ہو گا ۔ کیا وہ یہ نہیں کر سکتے تھے کہ لوئر پاور کا ڈیزل جو تھا اس پر نہ لگاتے اور ہائر پاور ڈیزل پر لگا دیتے ہیں۔ صدر محترم۔ میں نے زیادہ وقت ایوان کا لے لیا لیکن میں اپنے ملکی بھائیوں اور Treasury benches کی خدمت میں عرض کرونگی کہ خدا را یہ اقتصادی مسائل کے متعلق فیصلہ کرتے وقت یہ فراموش نہ کریں کہ جس ideals کو مد نظر رکھیں آپ نے حصول پاکستان کے لئے کوشش کی تھی اس معیار کو فراموش نہ کریں اور وہ معیار جس کا نعرہ لگا کر ہم نے پاکستان حاصل کیا ہے اس کو عملی جامے پہنانے میں پوری سعی کریں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ پوائنٹ آف پرویلیج جناب ۔

مسٹر سپیکر ۔ پوائنٹ آف پرویلیج کے لئے بخاری صاحب نوٹس دیجئے ۔ پوائنٹ آف پرویلیج جو ہے اس کا طریقہ تو معلوم کیجئے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ اخبار کوہستان مورخہ ۲۰-۶-۱۹۶۳ یعنی آج کی اشاعت میں لکھا ہے کہ راؤ خورشید علی خان کی تقریر کے دوران دیوان غلام عباس بخاری نے کہا کہ موجودہ حکومت کا یہ کارنامہ کم ہے کہ ملک میں ایک اسلامک یونیورسٹی قائم ہو رہی ہے ۔

راؤ خورشید علی خاں ۔ انہیں بھی بولنے کا موقعہ دیجئے تاکہ حق نمک ادا ہو جائے ۔ جناب والا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کل آپ تشریف نہیں رکھتے تھے ؟

Minister of Agriculture (Malik Qadir Bakhsh) : He was not here.

Mr. Speaker : I will request the Press to get it corrected.

دیوان سید غلام عباس بخاری - میں کیا امید کر سکتا ہوں کہ وہ ''حق نمک،، کا لفظ کسی ممبر کے لئے استعمال نہ کریں گے - میرے نظریہ کے مطابق چپڑاسی سے لے کر ہمارے صدر مملکت تک ہم مملکت کے معزز رکن ہیں - تو ہم میں سوائے dishonest شخص کے اور کوئی نمک حرام نہیں ہوسکتا اس لئے مجھے امید ہے کہ راؤ صاحب یہ الفاظ کسی ممبر کے لئے نہیں کہیں گے -

Mr. Speaker : I don't think Rao Sahib said this. Did he say something like that regarding Mr. Bokhari.

راؤ خورشید علی خاں - بخاری صاحب کا تو اس میں معاملہ ہی نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - بس آپ تشریف رکھیں -

دیوان سید غلام عباس بخاری - کیا راؤ صاحب نے یہ لفظ نہیں کہے تھے - وہ اسلامی جماعت کے ممبر ہیں جو اخلاقی لائحہ عمل کی زیادہ پابند ہے تو جو نمک حرام ممبر ہے یا اگر کوئی منسٹر بد دیانت ہے تو اس کے لئے کہہ سکتے ہیں -

Mr. Speaker : What word is the Member objecting to ?

دیوان سید غلام عباس بخاری - یہ الفاظ ''حق نمک،، جو ہیں یہ سخت الفاظ ہیں کسی معزز ممبر کے لئے - سب اس ایوان کے رکن ہیں ہمارے اوپر یہ بہت بڑا اتہام ہے - اس چیز کو ریکارڈ سے نکالا جائے -

Mr. Speaker : Alright I will look into it and I will see that if it is unparliamentary and objectionable I will get it expunged.

نوابزادہ غلام قاسم خاں (ملتان - ۱) جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں بجٹ کے متعلق کچھ عرض کروں مجھ پر ایک فرض عائد ہوتا ہے کہ میرے دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے کچھ ارشادات پریذیڈنٹ صاحب کے دورے کے متعلق کئے تھے - کیوں کہ وہ ملتان بھی تشریف لائے تھے اور ان کے الفاظ سن کر مجھے سخت حیرت ہوئی کہ معاملہ بالکل برعکس ہے - وہاں پر جب صاحب صدر تشریف لا رہے تھے تو ڈپٹی کمشنر نے ہمیں بلایا اور ہم سے یہ کہا کہ کیوں کہ صاحب صدر اس وقت پولیٹیکل میٹنگ address کرنے آ رہے ہیں اس لئے میرا کوئی افسر کسی معاملے میں دخل نہیں دے گا - بلکہ

یہاں تک کہا کہ آپ میرے کسی افسر کو کسی جلسے کے لئے invite بھی نہ کریں ۔ کیونکہ میں نے اپنے افسروں کو کہہ دیا ہے وہ جلسے میں بالکل نہیں جائیں گے اور جتنا بھی جلسے کا انتظام تھا یا انہوں نے پولیٹیکل ورکرز یا بنیادی جمہوریت کے ممبران سے خطاب فرمایا اس کی invitation بھی میں نے ہی جاری کی تھیں اور جتنی ان کی reception کی گئی اس میں بھی افسران کا کوئی تعلق نہیں تھا ۔ (ہئیر ۔ ہئیر) بلکہ میں انہیں یہ یاد دلاتا ہوں کہ اگر صاحب صدر تشریف لائے بھی ہیں (قطع کلامی) بہر حال ان کے رفقائے کار تو بیٹھے ہیں اور میری آواز کہیں نہ کہیں وہ بھی سن رہے ہوں گے تو میں یہ گذارش کرونگا کہ صاحب صدر کی دو شخصیتیں ہیں ایک ان کی پریذیڈنٹ کی حیثیت کہیں نہیں جا سکتی وہ جہاں بھی تشریف لائیں یا لے جائیں وہ تو بحیثیت پریذیڈنٹ بھی ضرور ہوں گے ۔ کچھ protocal duties بھی ہوتی ہیں جس کے لئے افسران کو ان کی reception کا انتظام یا ان کی security measure کے لئے ان کے ساتھ ساتھ رہنا پڑتا ہے ۔ ہمیں بھی انہوں نے یہی کہا تھا آپ کے جو بھی انتظامات ہوں ہمیں ان سے مطلع کر دیا جائے تاکہ ہمارے security officers وہاں پر اپنی ڈیوٹی ادا کر سکیں ۔ اب میں ان کو یہ یاد دلاتا ہوں یہ صرف ان کے دورے پر افسران نے اگر کسی انتظام میں کہیں (یہ تو میں نے ملتان کا واقعہ بیان کیا ہے) کسی اور جگہ پر دخل بھی دیا ہے تو کیا ۱۹۵۲ء ، ۵۳ ، ۵۴ اور ۵۵ء میں جب الیکشن میں افسران نے دھاندلی مچائی تھی اور ''جھرلو،، پھیرے تھے اور لوگوں سے زبردستی ووٹ ڈلوائے تھے اس وقت خواجہ صاحب کیوں خاموش تھے؟ ان کی پارٹی کے قائد اس وقت منسٹر تھے یا چیف منسٹر تھے یا پرائم منسٹر تھے وہ پارٹی کے قائد کی حیثیت سے جہاں دورے کرتے تھے کیا وہاں ان کی reception نہیں ہوتی تھی ۔ کیا وہاں آفیسر نہیں جاتے تھے ۔ کیا وہاں لوگوں کو اکٹھا نہیں کیا جاتا تھا ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ کم از کم ہمیں جس چیز کا بھی مطالبہ کرنا چاہئیے یا اس ہاؤس میں یا اس ایوان میں جو بات کہی جائے اس میں تھوڑی سی حقیقت ضرور ہونی چاہئیے ۔ گو میں سمجھتا ہوں کہ خواجہ صفدر صاحب دل سے اس کی حقیقت سمجھتے ہیں مگر اس ہاؤس میں وہ آپوزیشن کے لیڈر بھی ہیں لہذا وہ اس کو اس پہلو میں ہی پیش کرتے ہیں ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ زبردستی لوگوں کو ٹرانسپورٹ میں لایا گیا ۔ میں ان کی خدمت میں جناب سپیکر۔ آپ کی وساطت سے عرض کر دوں کہ ٹرانسپورٹ بھی ہماری پارٹی کے ورکرز کی ہیں اور وہ اس

پارٹی کے رکن ہیں اگر انہوں نے پریذیڈنٹ صاحب کی آمد پر اپنی ٹرانسپورٹوں کو استعمال کیا تو کوئی حرج نہیں۔ خانیوال کا جو ذکر فرمایا تھا۔ خانیوال کے جو convenor ہیں وہ قمرالزماں کھگا ہیں جو نیشنل اسمبلی کے ممبر ہیں وہ بڑے بھاری ٹرانسپورٹر بھی ہیں۔ اگر انہوں نے باہر سے لوگوں کو لا کر پریذیڈنٹ صاحب کی تقریر کے لئے خانیوال میں جمع کیا تو اس میں انہوں نے کون سی غلطی کی ؟

اس کے بعد جناب والا۔ کچھ انہوں نے فسادات کے متعلق فرمایا تھا۔ کوئی محب وطن انسان اس کو condemn کئے بغیر نہیں رہ سکتا اور انہوں نے اس کی ذمہ داری گورنمنٹ پر ڈالی ہے حالانکہ وہ بھی جانتے ہیں کہ انگریزوں کے دور سے لے کر آج تک جتنے محرم پر ذوالجناح یا تازیئے نکالے جاتے ہیں وہاں پر عوام کے نمائندوں کی ڈیوٹی بھی لگائی جاتی ہے۔ پاکستان بننے کے بعد جب ہندو چلے گئے۔ پہلے تو یہ فسادات کا اندیشہ ہوتا تھا مگر جب مسلمان رہ گئے تو فسادات کے اندیشے نہیں تھے۔ تو اب بھی جب محرم آتا ہے ایک ہفتہ کے لئے ایم۔ پی۔ اے حضرات اور ایم۔ ایل۔ اے حضرات اور چیئرمین حضرات جو شہر میں ہوتے ہیں ان کی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے۔ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ گورنمنٹ کا فعل ہے اور گورنمنٹ نے امداد کی ہے یا کوتاہی ہوئی ہے تو میں کہوں گا کہ سراسر غلط ہے۔ اگر ذمہ داری عائد ہوتی ہے تو یہ ان پبلک کے نمائندوں پر بھی ہوتی ہے جو اس وقت ڈیوٹی پر مامور کئے گئے جو ان جلوسوں کے ساتھ ساتھ تھے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ واقعی یہ وہ عناصر ہیں جو حقیقت میں محب الوطن نہیں ہے۔ جس نے یہ فسادات کرائے اور میں یہ سمجھتا ہوں ہمارے شیعہ اور سنی حضرات جتنے بھی ہیں وہ سارے پورے محب الوطن ہیں۔ اگر کوئی شخص بھی اس طرح کی بات تسلیم نہیں کرے گا کہ وہ فسادات کرا کر ذمہ داری گورنمنٹ پر ڈال دے۔ یہ کوئی شخص نہیں چاہتا کہ میں اپنے گھر میں اپنے بچوں میں فسادات کرا کر اس کی ذمہ داری خود اپنے اوپر لے لوں۔ آخر حکومت یہ بھی نہیں چاہتی کہ وہ فسادات کرائے۔

اب میں جناب والا۔ بجٹ کے متعلق گذارش کروں گا۔ یہ خدا وند تعالیٰ کا لاکھ شکر ہے کہ ایک سال کے عرصہ کے بعد ان اپنے محدود اختیارات میں ہم اس پر بحث کر رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو میں محسوس کرتا ہوں اپنی زبان سے وہی کچھ ہوں اور پارٹی ڈسپلن کے تحت بھی مجھے اجازت ہے

کہ میں اپنی ضمیر کی آواز کو ضرور کہوں ۔ مگر گورنمنٹ کا ساتھ نہیں چھوڑوں گا اس لئے کہ اس گورنمنٹ کے بعد مجھے اندھیرا نظر آتا ہے کیونکہ جو پہلا دور گذر چکا ہے اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ میں گورنمنٹ چھوڑ جاؤں کیونکہ مخالفین کی طرف سے جو باتیں ہوتی ہیں، جو تقریریں ہوتی ہیں وہ کسی مقصد کے تحت نہیں ہوتیں ۔ میں نے بڑی تقریریں یہاں سنی ہیں ۔ میں آرام سے بیٹھا رہتا ہوں اور سنتا رہتا ہوں مگر کوئی contructive بات وہاں سے نہیں ہوتی ۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ غلط بیانی کر کے گورنمنٹ کو let down کیا جائے اور constitution پر اعتراض کیا جائے۔ ہمارے معاشرے میں اتنا شعور نہیں ہے کہ وہ constitution کے معاملات میں پڑے ۔ اقتدار حاصل کرنے کے لئے خواہ مخواہ اس موجودہ گورنمنٹ کو let dwon کرنے کے در پے ہیں ۔ بہر حال میں کہتا ہوں کہ یہ بجٹ واقعی حقیقت پسندانہ بجٹ ہے۔ گورنمنٹ نے بڑی ایمان داری سے اپنے مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے مکمل تفاصیل آمدنی اور اخراجات کی ایک وائٹ پیپر کی شکل میں ہمارے سامنے کتاب رکھی ہے اس کے لئے جو محنت انہوں نے کی ہے اور جس ایمانداری کا مظاہرہ کیا ہے میں اس کے لئے ضرور خراج تحسین ادا کروں گا۔ پہلے ریلوے بجٹ پیش ہوا تھا اس میں انہوں نے اپنی کمزوریوں کا اظہار بھی کیا۔ اپنی غلطیوں کا ازالہ کرنے کے وعدے بھی کئے ۔ چند سکیمیں آئندہ کے لئے بھی پیش کیں ۔ اس طرح اس بجٹ میں چند کمزوریاں بھی ہوں گی ۔ چند وعدے بھی ہوں گے مگر حقیقت میں جو بجٹ سامنے آتا ہے اس کی دو تین چیزیں دیکھی جاتی ہیں ۔ جناب سپیکر۔ اس میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ آئندہ اس میں کوئی نیا ٹیکس تو نہیں ہے۔ اور جتنی آمدنی ہے وہ عوام کے مفادات کے لئے خرچ کی گئی ہے یا نہیں کی گئی ۔ علاقائی تعصب کو ختم کیا گیا ہے یا نہیں اور حکومت کی مشینری پر جو خرچ ہو رہا ہے وہ ٹھیک کام کر رہی ہے یا نہیں تو اس سلسلے میں تنقید بھی ضروری ہوتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کوئی بجٹ دنیا میں ایسا نہیں ہوتا جس پر تنقید نہ ہوتی ہو در اصل تنقید کا مقصد صرف بجٹ کے figures پر اعتراض کرنا نہیں ہوتا کیونکہ ہمیں سال میں ایک دفعہ ایسا موقع ملتا ہے ۔ چونکہ constitution کے تحت ممبران کو انتظامیہ میں کوئی دخل نہیں ۔ بہر حال اس ایوان میں ہم انتظامیہ کی ان خامیوں کو بے نقاب کر سکتے ہیں ۔ بے نقاب کرنے کا مقصد بھی صرف یہ ہے کہ ان میں کوئی اصلاح ہو ۔ یہ بھی کہ ممبران اپنی روز مرہ کی زندگی میں وزیر صاحب سے مطالبات یا شکایات کرتے ہیں اور وزیر صاحب اپنی

بے بسی اور بے چارگی کا اظہار کرتے ہیں تو اس ہاؤس میں اس طرح سے اپنے خیالات کے کچھ اظہار کرنے سے وزیر صاحب کی طاقت میں اضافہ کرنے کا خواہش مند بھی ہوں (قطع کلامی) بہر حال میرا مقصد یہ ہے تنقید سے ان کو بھی قوت ملے بلکہ انتظامیہ اور بھی بے نقاب ہو۔

جناب والا۔ میں اس بجٹ میں صرف ایک محکمہ پر بولوں گا اور جناب مجھے موقع دیں گے انشا اللہ دو تین محکمے اور بھی ہیں اس کے متعلق اس پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کرونگا جس subject کو میں لے رہا ہوں وہ agricultural یعنی زراعت ہے۔ افسوس ہے ملک قادر بخش صاحب یہاں موجود نہیں امید ہے وہ جلد آ جائیں گے۔

ہمارے ملک کی معیشت میں زراعت کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری $\frac{3}{4}$ آبادی کی زندگی کا دارو مدار زراعت پر ہے۔ اور ملک کی سلامتی کا انحصار بھی زرعی پیداوار پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری حکومت نے پہلے پانچ سالہ منصوبہ میں اس کو اولیت دی تھی اور اس خیال کے تحت دوسرے منصوبے میں بھی اس کو اولین اہمیت دی۔ اور اس طرح پوری توجہ دے کر جس چابک دستی اور تیز رفتاری سے روپیہ اس پر خرچ کیا ہم جانتے ہیں کہ اس کے نتائج بھی اچھے برآمد ہوئے۔ گندم کی پیداوار میں تین لاکھ ٹن اور کپاس کی پیداوار میں چار لاکھ گانٹھ کا اضافہ ہوا۔ اور چاول میں ایک لاکھ ٹن کا اضافہ ہوا۔ مگر ہم اب تک خود کفیل نہ ہو سکے اور سات لاکھ ٹن گندم باہر سے منگاتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہم خود کفیل نہیں ہو سکے۔ اگر ہم زیادہ سے زیادہ محنت سے کام کریں اور صحیح طور پر روپیہ خرچ کرتے رہیں تو آئندہ پانچ دس سال میں نہ صرف یہ کہ ہم خود کفیل ہو جائینگے بلکہ ہمارے ملک میں کسی قسم کی غذائی قلت بھی نہیں رہے گی۔ اس کے علاوہ صرف یہی نہیں بلکہ ملک کی دفاع اور صنعتی منصوبوں کو تکمیل کے لئے بھی ہمیں پیداوار بڑھا کر گورنمنٹ کو زرمبادلہ فراہم کرنا ہوگا۔ اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ایسا کریں۔

میں اس سلسلے میں حکومت سے گذارش کرونگا کہ وہ بدستور کاشتکاروں کو ان مراعات سے محروم نہ کرے جن کی وجہ سے دن رات محنت کرتے ہوئے انہوں نے منصوبوں کو تکمیل تک پہنچانے کے لئے پوری جد و جہد اور جانفشانی اور تندہی سے کام کیا ہے۔ اور آئندہ بھی کریں گے۔ میں حیران ہوں کہ

کسی فن کار یا صنعت کار کو اپنی مل قائم کرنے کے لئے اس کو tax holiday دے دیا جاتا ہے ۔ اس پر پانچ سال تک کوئی ٹیکس نہیں لگایا جاتا ۔ اس کے بعد مزید مراعات دی جاتی ہیں بلکہ گورنمنٹ نے ان کو اپنی مصنوعات export کرنے کے بعد ان کو زر مبادلہ میں بھی حصہ دار بنا دیا ہے ۔ یہ ایک پہلو ہے جو میں پیش کر رہا ہوں ۔ اور حکومت ان صنعت کاروں کی صنعت کا تحفظ کرنے کے لئے غیر ممالک کی پیداوار بند کر کے جو امپورٹ ہوا کرتی تھیں ان کو موقعہ دیا ہے کہ وہ راتوں رات کروڑوں پتی ہو جائیں ۔

Mr. Speaker : What has this to do with the Provincial Budget ?

نواب زادہ غلام قاسم خان ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ غیر ملکی سامان بند کر دیا جاتا ہے تاکہ ملکی صنعت کو فروغ حاصل ہو اور اس طرح ان کو دس سے بیس فیصد تک منافع کمانے کا موقعہ دیا جاتا ہے ۔ اس طرح ایک ایک سال میں ایک ایک مل اونر کو کروڑ پتی بنایا جاتا ہے ۔ اس کے مقابلے میں کاشتکاروں کو کوئی تحفظ نہیں دیا گیا ہے ۔ آج سے پانچ سال پہلے جو نرخ تھے وہ آہستہ آہستہ گر رہے ہیں ۔ اس کے لئے گورنمنٹ غافل ہے ۔ اندازہ کیجئے گورنمنٹ نے آج سے پانچ سال پہلے گندم کے نرخ ساڑھے تیرہ روپیہ فی من مقرر کئے ۔ مگر آج تک کاشتکار دس یا گیارہ روپیہ سے زیادہ پر گندم نہیں فروخت کر سکتے ۔ گورنمنٹ آڑھتیوں سے گندم لیتی ہے اور آڑھتی middle man's profit لیتے ہیں اور کاشتکاروں کو لوٹتے ہیں ۔ اس کے بعد حکومت وہ گندم لے کر ساڑھے پندرہ روپے من مارکیٹ میں فروخت کرتی ہے ۔ کاشتکار کو آڑھتی نے لوٹا اور گورنمنٹ نے آڑھتی سے لیکر عوام کو لوٹا یعنی ساڑھے پندرہ روپیہ میں فروخت کیا ۔ جب بیج کا وقت آتا ہے تو حکومت اٹھارہ سے بیس روپے من تک گندم کاشت کار کو دیتی ہے ۔ بتلائیے کہ کاشتکار کی پیداوار کا گورنمنٹ نے کیا تحفظ دیا ؟ پھر طرفہ تماشہ یہ کہ دس گیارہ پر کاشتکار نے گندم آڑھتی کو فروخت کی تو اس کی رقم چھ ماہ تک نہیں ملتی ۔ گورنمنٹ نے یہ بھی نہیں کیا کہ کم از کم وہ ٹریبونل قائم کرتی جو آڑھتیوں سے ان کو ان کی رقم دلوائے ۔

اب میں کپاس کے بارے میں عرض کروں گا ۔ اس طرح کپاس کی فروختگی پر کوئی تحفظ نہیں ہے ۔ جب کپاس اترتی ہے تو پہلے ہمارے ''ان داتا'' امریکہ والے ہمیں تیل بھیجنا شروع کر دیتے ہیں ۔ اور ہم سے کہا جاتا ہے کہ اگر ہم نہیں لینگے تو ہمیں وہ aid نہیں دینگے ۔ خدا کے لئے ہمیں نہ ماریں ۔ جن کو آپ

کہتے ہیں کہ یہ ریڑھ کی ہڈی ہیں ۔ اگر آپ اپنی ریڑھ کی ہڈی کو کمزور کر رہے ہیں تو آپ کا جسم کہاں رہے گا ؟ اور آپ کی روح کہاں رہے گی ؟ اس وقت تیل کو برآمد کیا جاتا ہے اور بنولہ کا نرخ گیارہ بارہ روپے من ہوتا ہے ۔ کارخانہ دار آپس میں pool کر لیتے ہیں کہ کاشتکار کو پوری قیمت نہ ملے ۔ جب کاشتکار کے پاس سے کپاس فروخت ہو جاتی ہے تو تیل بند ہو جاتا ہے اور بنولہ کی قیمت چالیس روپے من ہو جاتی ہے اور ڈپٹی کمشنر کو دفعہ ۱۴۴ نافذ کرنی پڑتی ہے کہ میرے ڈسٹرکٹ سے بنولہ باہر جانے نہ پائے ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ اس کا تحفظ گورنمنٹ نے کیا کیا ۔ میں نے پچھلے بجٹ میں عرض کیا تھا کہ یہ نرخ سٹہ بازوں کے ہاتھ میں ہیں ۔ سٹہ باز دوسرے ملکوں میں بھی ہوتے ہیں وہ ہمیشہ اتنا ہی سٹہ کھیلتے ہیں جتنی ان کے ملک کی پیداوار ہو ۔ مگر ہمارے یہاں اگر بیس لاکھ گانٹھ کی پیداوار ہے تو دو کروڑ کا سٹہ کھیلتے ہیں ۔ یہ آج تک میں نے کسی ملک میں نہیں سنا کہ دو کروڑ کا سٹہ چلے گا اور اس کو control storage کرینگے اور کاشتکار سے ساری چیز آ جائے اور پھر مارکیٹ میں بیٹھ کر اپنے اپنے حصے بانٹ لیتے ہیں ۔ گورنمنٹ کو چاہئیے کہ کاشتکار کے تحفظ کے لئے ان کی پیداوار کے تحفظ کے لئے کچھ کرے کہ ان کو جائز نرخ مل رہا ہے یا نہیں ۔

اس کے علاوہ میں گذارش کروں گا کہ کاشتکار کو یہ تو معلوم ہو کہ ہمارا کیا تحفظ ہو رہا ہے اور ہمیں کیا مراعات مل رہی ہیں ؟ میں یہ بھی گلہ کروں گا کہ بیج اٹھارہ سے بیس روپے کے حساب سے ملتا ہے اور ہم سے دس گیارہ کے بھاؤ لیا جاتا ہے۔ بنولہ کا بیج جس وقت ہمیں دیا جاتا ہے وہ بیس روپیہ من ہوتا ہے ۔ یہ ہے ''اے ۔ ڈی ۔ سی'' کی کارگزاری جو اس سال سے آئی ہے ۔ بہر حال جو بیج ہمیں دیا جاتا ہے وہ اس قدر اونچے نرخوں پر دیا جاتا ہے کہ کاشتکار برداشت نہیں کر سکتا ۔ اس کے بعد میں گذارش کرونگا کہ کھاد ہمارے ملک میں تیار ہوتی ہے ۔ اب کھاد کی عادت لوگوں کو ڈال دی گئی ہے ۔ اس کے بعد نرخ اونچے کرنے نہیں دیتے ۔ اور ہم ہوئے ان کے غلام ۔ ہم پر یہ حاوی ہیں کہ یہ آپ کو لینی پڑے گی ۔ میں منسٹر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کھاد پر نرخ بڑھانے کے بعد مجھے اس سال کے یہ figures دیں کہ کتنی کھاد لوگوں نے لی ہے ؟ جہاں جو کھاد پڑی ہوئی ہے لوگوں نے وہ اٹھائی نہیں ہے ۔

اس کے بعد میں یہ گذارش کرونگا کہ کاشتکار کے مالیہ میں ۲۵ فیصد اضافہ ہو گیا ۔ ڈیویلپمنٹ ٹیکس ۱۰ فیصد زیادہ ہوا تو وہ بھی کاشتکار پر ۔

ڈیزل آئل پر ۸۰ فیصد ٹیکس لگا تو وہ بھی کاشتکار کی جان پر پڑا ۔ اسی تیل سے ٹیوب ویل چلتے ہیں اور ٹریکٹر چلتے ہیں ۔ اس طرح آپ خود ہی اندازہ لگا لیں کہ فی ایکڑ کیا خرچ آتا ہے اور کاشتکار کو کچھ بچتا ہے یا نہیں جبکہ آپ کے اندازہ کے مطابق گندم پر اوسط خرچ گیارہ روپیہ فی من ہے ۔ پہلے ٹریکٹر کی قیمت بارہ ہزار یا چودہ ہزار روپیہ تھی اب امریکہ سے حکم آیا ہے کہ ہم سے خریدو ۔ جناب کو غالباً معلوم ہوگا کہ اس کی قیمت ۱۸ ہزار روپیہ ہوگی ۔ پہلے برطانیہ سے آتے تھے ۔ اب اس اندازہ سے اس پر ۵۰ فیصد خرچ بڑھ گیا ہے اور یہ بھی کاشتکار پر ۔ دیہی پولیس کے متعلق ہو یا اشتمال اراضی کے متعلق ہو ہر ٹیکس کاشتکار کو برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ کاشتکار مر جائے تو موت ٹیکس ۔ اگر مرنے سے پہلے اراضی منتقل کرے تو زندگی ٹیکس لگ جاتا ہے ۔ اگر ایک لاکھ سے زائد روپیہ بچوں کو دے تو اس پر ۳۰ فیصدی ٹیکس ہوگا اور اگر بچوں کو نہ دے تو پھر زندگی ٹیکس ۔ یہ بھی کاشتکار پر ۔ زرعی انکم ٹیکس لگا تو کاشت کار پر ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یا حکومت مجھے سمجھا دے کہ کاشتکار پر ہی یہ سب کچھ کیوں ہے ۔ یہاں پر لینڈ ریفارمز کی گئی ہیں ۔ جب ہمیں یہ کہا گیا کہ اپنے بچوں میں ۱۸ ہزار یونٹ تقسیم کر دیں ۔ اور جب ہم نے ایسا کر دیا تو پھر یہ حکم دیا گیا کہ consolidated revenue پر ٹیکس دیا جائے ۔ ہم نے کہا کہ جب ۱۸ ہزار یونٹ بچوں میں تقسیم کر دئے ہیں تو پھر اسکی ذمہ داری ہم پر کیوں آتی ہے کہ ہم آمدنی ملا کر ٹیکس دیں ۔ آپ نے ہمیں کیا سمجھ رکھا ہے ؟ کیا ہم scheduled caste ہیں؟ یہ زمیندار وہ لوگ ہیں جنہیں پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے اور ان کے ساتھ ایسا سلوک نہیں کرنا چاہیئے ۔ پہلے ہماری زمینیں لے لیں ۔ ہم چپ ہوگئے ۔ پھر اب ٹیکسوں کا اتنا بوجھ ڈال دیا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ زمیندار کلاس کو ختم کر دیں ۔ اس احساس کے تحت بیچارے زمینداروں نے اب زمینیں بیچنی شروع کر دی ہیں ۔ میرا دعویٰ ہے کہ یہ mechanized farming سے پیداوار میں بے حد اضافہ ہوا ہے لیکن land reform کے بعد ان رقبوں پر کمی پیدا ہوگئی ہے ۔ land Reform کا مقصد یہ تھا کہ دس سال یا بیس سال تک ان زمینوں پر کام کرنے والوں کو زمین دی جاتی مگر دوسری طرف حکومت نے زمین نیلام کرنا شروع کر دیں ۔ اب میں نہیں سمجھتا کہ اس میں زمینداروں کا کیا مفاد ہے اور ملک کو کیا فائدہ پہنچے گا ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ مسٹر سپیکر ۔ جناب اب مجھے اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے یہ طریق اختیار کیا ہے کہ دو ممبران سرکاری نشستوں کی طرف سے تقریر کرینگے اور ایک اپوزیشن کی طرف سے ۔ اب میں بخاری صاحب سے کہوں گا کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ تو پھر آپ نے یہ کیوں کہا کہ میر محمد بخش تالپور سے مل کر یہ طے کر لیں کہ کون تقریر کریگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس طرح آپکے حقوق مارے تو نہیں جاتے ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ سیکرٹری صاحب نے ہم سے پوچھا تھا کہ ہم میں سے کون تقریر کرے گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے تو کہہ دیا ہے کہ سرکاری نشستوں کی طرف سے دو ممبران کی تقاریر کے بعد آپ کو موقع ملے گا ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ تو پھر مجھے غلط اطلاع دی گئی ہے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ (ملتان ۔ ۷) جناب والا ۔ اس ایوان کا قانون سازی کے وقت عموماً یہ کام ہوتا ہے ۔

میر نبی بخش خان زہری ۔ جب آپ نے فیصلہ دے دیا ہے کہ میں ابھی تقریر کروں تو میں sweet protest کر کے باہر چلا جاتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو سمجھانا بڑا مشکل ہے ۔ میں ہر ایک کو ان کی مرضی کے مطابق موقع نہیں دے سکتا ۔ زہری صاحب ۔ رازق صاحب، بخاری صاحب سب کو ان کی باری کے مطابق موقع ملے گا ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ قانون سازی میں یہ ہوتا ہے کہ جتنے قانون دان معزز ممبران ہوں وہ زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکیں ۔ بجٹ سیشن میں تو موقع ہوتا ہے کہ مفید تجاویز پیش کی جائیں اور تکالیف بیان کی جائیں لیکن میں تکلیفیں بھی بتاؤں گا اور ان کا علاج بھی بتاؤں گا ۔ نیز علاقائی تکالیف بھی عرض کرونگا ۔ جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے میں اپیل کروں گا اور اپنے معزز ممبران اور وزرا کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ تمام وزرا کم از کم جنرل بجٹ پر بحث کے دوران میں یہاں موجود ہوں ۔

ہماری جو تجاویز ہوں ۔ سنیں تاکہ ان پر عمل پیرا ہو سکیں اور جس چیز کو discuss کیا جائے اگر اس کے متعلق وزیر صاحب یہاں نہ ہوں گے تو میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اس چیز کے لئے میں چپ رہوں ۔ اور discuss نہ کروں ۔

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خاں) ۔ جب کوئی وزیر یہاں موجود نہ ہوں گے تو وہ یہ کام اپنے کسی ساتھی کے سپرد کر دینگے تاکہ نوٹ وغیرہ لئے جائیں چنانچہ میں خود نوٹ لے رہا ہوں اور پھر یہ نوٹ متعلقہ وزیر کے حوالے کر دوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ بخاری صاحب ۔ بجٹ بحث کے دوران میں پھر موقع نہیں ملے گا ۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ اپنے تمام نکات کی ابھی وضاحت کردیں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ میں تکالیف بھی عرض کروں گا اور ان کا علاج بھی ۔ اس لئے مجھے تفصیل سے گذارشات پیش کرنے کا موقع دیا جائے ۔ میں نظام سلطنت اور نظام مملکت کے متعلق کچھ عرض کروں گا اور ملک کی اقتصادی حالت کو زیر بحث لاؤنگا ۔ میں ٹیکسوں کے متعلق عرض کرونگا اور اوقاف کی اچھائیوں اور برائیوں کو پیش کرونگا ۔ سماجی برائیوں یعنی Social Evils کے متعلق بھی گذارش کرونگا ۔ زراعت کے متعلق میرے بہت سے points کو تو غلام قاسم خان صاحب نے discuss کیا ہے اب باقی جو رہ گئے ہیں ان کے متعلق عرض کرونگا ۔ پھر پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے متعلق discuss کرونگا پولیس کے متعلق بھی کچھ کہونگا ۔ لیکن اگر اس محکمہ کی تفصیلات بیان کرنے پر آؤنگا تو سال بھر لگ جائیگا ۔ پھر امپروومنٹ ٹرسٹ ہے جس پر اپنے خیالات کا اظہار کرونگا ۔ اس کے بعد ضلعی اور علاقائی تکالیف بیان کرونگا ۔

جناب والا ۔ تو ان تمام چیزوں کی اتنی اہمیت ہے کہ آپ مجھے جنرل ڈسکشن پر کچھ زیادہ ہی وقت دیں ۔ جناب والا ۔ نظام سلطنت کے متعلق مجھے اتنا عرض کرنا ہے کہ تقریباً ہم سب ہی یہ وعدہ کرکے اس اسمبلی میں آئے ہیں ۔ کہ اس ملک میں اسلامی نظام حکومت رائج کرنا ہے ۔ اسلامی نظام کی جو بنیاد ہے ۔ ایک صالح اور سب سے بلند کردار کے لیڈر کی رہبری میں مضمر ہے جیسا کہ خلیفۃالمسلمین کی رہبری تھی ۔ جناب والا ۔ لیڈر کا اثر اوپر سے لیکر ایک چپڑاسی اور ایک کاشتکار تک ہوتا ہے ۔ میرا یہ ایمان ہے کہ جس قوم کو

یا جس خاندان کا لیڈر بلند کردار کا مالک ہوگا ۔ ایماندار اور محنتی ہوگا تو اسکا اثر قوم کے ہر فرد اور کنبے کے ہر فرد پر ہونا لازمی ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم اس طرف لوٹ کر نہیں جائینگے کہ ہماری choice پریذیڈنٹ کے لئے پوری قوم کی choice ہونی چاہئے اور ان کے ذہن میں یہ ہونا چاہئے کہ ہمارا پریذیڈنٹ کلام مجید کو سمجھنے والا ، اسلام کو سمجھنے والا اور صالح ہو ۔ کیونکہ ایک رہبر کا عمل پوری قوم کے لئے ایک نمونہ بن جاتا ہے ۔ ہم نے تاریخ میں دیکھا ہے کہ ہمارے سب سے بڑے بادشاہ یعنی خلفاء جو تھے وہ نماز کے وقت دیگر دنیاوی کاروبار یکسر ترک کر کے نماز با جماعت ادا کرتے تھے ۔ اور اسکا اثر یہ ہوتا تھا کہ انکے جملہ دیگر افسران انکے نقش قدم پر گامزن ہو کر فخر محسوس کرتے تھے ۔ کیونکہ وہ انکے روحانی رہنما اور بادشاہ ہوتے تھے ۔ انکی زندگیاں سادہ ہوتی تھیں ۔ انکے کپڑے سادہ ہوتے تھے انکے مکان سادہ ہوتے تھے اور انکی گفتگو میں ، کردار میں ، انکے ظاہر اور باطن میں کوئی فرق نہیں تھا ۔ اور ان سب چیزوں کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ انکے سارے افسران گورنر ، کمشنر ، ڈپٹی کمشنر وغیرہ یعنی انکا ہر اہلکار سادہ زندگی کو اپناتا تھا ۔ اور اس سادہ زندگی گذارنے کا اثر یہ ہوتا تھا کہ لوگوں میں اور حکومت کے کارکنوں میں رشوت اور حرص کی ہوا نہیں چلتی تھی ۔ تو آج جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے لیڈر بڑی اعلیٰ اعلیٰ جگہوں میں رہتے ہیں ۔ اور اپنی ذات پر زیادہ خرچ کرتے ہیں تو لازماً حرص کا شکار ہو جاتے ہیں ۔ اور رشوت بھی لیتے ہیں اور دیگر ناجائز وسائل بھی اختیار کرتے ہیں ۔

دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ ہے ہماری تعلیم ۔ تعلیم کا اثر ایک قوم پر بے حد ہوتا ہے ۔ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جو ایک بچہ میٹرک پاس کر لیتا ہے ۔ F.A. یا B.A. پاس کر لیتا ہے ۔ اسے آپ B.A. تو کہہ سکتے ہیں لیکن اگر اسکے گھر میں کوئی موت واقع ہو جائے تو وہ نماز جنازہ نہیں پڑھا سکتا ۔ اسے نماز جنازہ نہیں آتی وہ بچہ میٹرک ، F.A. یا B.A. تو ہوگا ۔ لیکن اسے اسلام کے بنیادی اصولوں سے واقفیت نہ ہوگی اور اسے اپنے مالک کی ذات سے کوئی لگاؤ نہیں ہوتا ۔ جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ انجینئر بن کر رشوت کھاتا ہے ۔ سڑکیں ایسی بنا دیتا ہے جو بننے کے ایک سال بعد پھر اکھڑ جاتی ہیں ۔ کیونکہ ہمارا اخلاق روحانی اور اسلامی نہیں ہے ۔ اس لئے ہم اس تعلیم کو دنیاوی تو کہہ سکتے ہیں لیکن دینی ، روحانی اور

اخلاقی نہیں کہہ سکتے۔ میرا سب سے زیادہ زور اس امر پر ہوگا کہ ہم شروع سے آخر تک اس بات پر نظر رکھیں کہ ہمارا تعلیمی نصاب ایسا ہو اور ہمارے بچوں کی تربیت اس طریقے سے ہو کہ جب وہ میٹرک پاس کرے تو وہ ایک باعمل عالم دین بھی ہو ۔ اور وہ اسلام سے پوری واقفیت رکھنے والا ایک مجاہد بھی ہو ۔

اسکے علاوہ جناب والا ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمیں ایک بہت بڑے دشمن سے بھی خطرہ ہے ۔ اس وقت ہندوستان ہم سے دس گنا زیادہ طاقت بنا چکا ہے ۔ لیکن اسکے برعکس ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں غفلت ہے ۔ اور ہم سوئے ہوئے ہیں ہمیں فوجی تربیت نہیں دی جا رہی ہے ۔ نیشنل گارڈ کی ایک اعلیٰ تجویز تھی لیکن اسے بند کر دیا گیا ہے ۔ ہمارے خون میں جہاد موجود ہے ۔ ہماری spirit جہاد سے روشن ہے ۔ لیکن ہمیں فوجی تربیت نہیں دی جا رہی ہے ۔ اور میں آج دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر آج ہندوستان سے جنگ چھڑ گئی تو پاکستان کے اندر افرا تفری ہوگی ۔ کیونکہ ہمیں پتہ ہی نہیں کہ ہم نے اپنی defence کس طرح کرنی ہوگی ۔ اور ہم نے کس طرح ہتھیار استعمال کرنے ہونگے ۔ اسلئے میں درد مندانہ اپیل کرونگا کہ مرکزی حکومت کو ہماری صوبائی حکومت کی طرف سے یہ سفارش جائے کہ ہمارا ہر بچہ جو سکول میں ہے ۔ اور ہر نوجوان جو سکول سے باہر ہے ۔ اسے فوری طور پر فوجی تربیت دی جائے اور اسے اس تربیت سے سال دو سال کے اندر روشناس کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے موجودہ عدالتی نظام میں ایک مدعی جب دعویٰ کرتا ہے اور جب ایک مدعا علیہ کے خلاف ڈگری ہو جاتی ہے یا ملزم کے خلاف فیصلہ ہو جاتا ہے تو مدعی کو ملزم سے زیادہ سزا مل چکی ہوتی ہے ۔ ہمارا عدالتی نظام اتنی لمبی کارروائی کا حامل ہے کہ ایک مدعی کو حق ملنے کے بعد بھی وہ یہ سمجھتا ہے کہ اسکے ساتھ ناحق کیا گیا ہے ۔ میں اپیل کرونگا کہ آپ نے جو یونین کونسل کا نظام اپنایا ہے آپ اس پر اعتبار کریں ۔ اور چھوٹے چھوٹے معاملات میں انہیں جلد اختیارات دئے جائیں تاکہ وہ چھوٹے چھوٹے معاملات اپنے گھر ہی میں فیصلہ کر سکیں اور لوگوں کو ان چھوٹے چھوٹے معاملات میں تحصیل اور ضلع کے دھکے نہ کھانے پڑیں ۔

اسکے علاوہ میری یہ بھی تجویز ہوگی کہ ہمارے آٹھ دس جرائیم ایسے ہیں کہ جسکی بناء پر ہماری قوم بڑی پریشان ہے ۔ اور اس لئے انکو اس پریشانی

سے نجات دلانے کے لئے ان جرائیم کی سزا موت ہونی چاہئیے - اُن میں بچوں کو اٹھا لے جانا ایک سنگین جرم ہے - انکے لئے بھی موت سے کم سزا قطعاً نہیں ہونی چاہیئے- اسکے علاوہ ہمارے عوام کو رشوت ستانی نے بڑا پریشان کر رکھا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ رشوت ستانی کی وجہ سے تمام معاملات خراب ہو رہے ہیں - اسکی سزا بھی سنگین سے سنگین تر کی جائے- اگر اسکی سزا بھی موت ہو تو میں اسے خوش آمدید کہونگا - اسکے علاوہ فرقہ وارانہ کشیدگی پھیلانے والے مقررین ہیں - انہوں نے ہماری قوم ، ہماری اقتصادیات اور ہمارے اتحاد کو کھوکھلا کر دیا ہے - میں تمام علماء اور مقررین کے لئے نہیں کہتا - ان میں ایسے علماء اور مقررین بھی موجود ہیں کہ جنکے دامن پر نماز پڑھی جا سکتی ہے - لیکن اُن میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں کہ جو ایسی زہریلی تقریریں کرتے ہیں کہ جسکی بناء پر بجائے اس کے کہ ہماری قوم یہ سوچے کہ وہ ایک متحد قوم ہے اور انہیں ایک بیرونی دشمن کا مقابلہ کرنا ہے - وہ ایک دوسرے کا سر جدا کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں - اسلئے میں درد مندانہ اپیل کرونگا کہ تمام ریکارڈ اکٹھا کیا جائے اور انتشار پھیلانے والے علماء اور مقررین کو اس قطعۂ زمین سے مفقود کیا جائے اور انہیں گولی سے اڑا دیا جائے -

جناب والا - اسکے علاوہ یہ عرض ہے کہ ہماری پولیس میں ایک عنصر ایسا بھی ہے جو کہ ہمارے لئے بے حد تکلیف کا باعث بنا ہوا ہے - میں نے دیکھا ہے کہ ایسے چالان کر دیئے جاتے ہیں کہ جسکی سزا موت ہو سکتی ہے - اور وہ چالان چونکہ ناجائز ہوتا ہے - اس لئے جب عدالت سے چالان کا ناجائز ہونا ثابت ہو جائے اور ملزم آزاد ہو جائیں اور یہ ثابت ہو جائے کہ یہ چالان کسی پولیس افسر نے ایک بے گناہ کا کیا ہے تو اس افسر کے خلاف بھی سنگین قدم اٹھایا جائے -

جناب والا - اقتصادی حالت کے متعلق میری یہ عرض ہے کہ جتنے projects بنتے ہیں - اور جسقدر بھی planning ہوتی ہے وہ ساری کی ساری اوپر سے ہوتی ہے - اور جو لوگ صوبائی ہیڈ کوارٹر میں بیٹھے ہوتے ہیں - وہ اپنی نشستوں پر بیٹھ کر ہی جس علاقے کے لئے جو بھی مناسب خیال کرتے ہیں- اسکی planning کر کے بجٹ میں اسکے لئے گنجائش نکال لیتے ہیں - لیکن جب ہم نے یونین کونسل کا نظام منظور کر لیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اسکی جڑیں بھی عوام میں موجود ہیں - تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ planning اوپر ہی اوپر سے کیوں کر لی جاتی ہے - مجھے یاد ہے کہ میرے علاقے میں

ایک ہائی سکول جنگل میں بنایا گیا تھا جہاں پر دو سو آدمی بھی نہیں بسنے تھے ۔ لیکن اگر وہی سکول تحصیل کونسل کی سفارشات پر بنتا تو یقیناً وہ ایسی جگہ میں بنتا کہ جہاں اسکی ضرورت ہوتی ۔ میری یہ اپیل ہے کہ اب آئیندہ کیلئے یہ فیصلہ کر لیا جائے کہ جو projects اور ترقیاتی پروگرام تحصیل کونسل ، ڈسٹرکٹ کونسل یا ڈویژنل کونسل سے منظور ہو کر آئیں ۔ ان کی روشنی ہی میں بیٹھکر صوبے کے ترقیاتی پروگرام بنائے جائیں ۔ سرخ فیتے سے رشوت پیدا ہوتی ہے اور رشوت سے سرخ فیتہ پیدا ہوتا ہے ۔ میں نے یہ دیکھا ہے کہ چھ چھ سال دس دس سال ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ میں اور دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں فائلیں رکھ دی جاتی ہیں اور انکا کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا ہے ۔ منسٹر صاحبان دورہ کرتے ہیں انکو چاہئے کہ وہ پوچھیں کہ یہ فائلیں چھ چھ سال دس دس سال سے کیوں پڑی ہوئی ہیں اور ایسی فائلیں جن پر ایک ہفتہ سے زیادہ نہیں لگنا چاہئے ۔ کیوں چھ چھ مہینے اور ایک ایک سال سے پڑی ہوئی ہیں اس طریقہ سے ہمارا ملک ترقی نہیں کر سکتا ۔

محکمہ جات کے متعلق میرا یہ تجربہ ہے کہ ٹڈی دل کی طرح محکمے کھولے جا رہے ہیں ۔ پھر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس funds نہیں ہیں ہم روز بروز کاشتکاروں اور لوگوں پر ٹیکس بڑھائے چلے جا رہے ہیں ۔ آپ معاف کریں کہ آپ کو ڈیپارٹمنٹ پر ڈیپارٹمنٹ نظر آئینگے ۔ checking کرنے والے عہدیدار نظر آئینگے ۔ یہ سلسلہ اتنا بڑھتا جا رہا ہے کہ دس سال پہلے جہاں ایک ڈیپارٹمنٹ نظر آتا تھا وہاں اب چار ہو گئے ہیں ۔ جہاں ایک کلکٹر تھا وہاں اب چار ہوگئے ہیں اسلئے میں دردمندانہ اپیل کرونگا کہ اب ایک کمیٹی بنائیں جو یہ رپورٹ دے کہ فاضل محکمہ اور فاضل عہدیداران ختم کئے جائیں اور ضروری محکمے رکھے جائیں اور ان ہی محکموں کو گرانٹ دیا جائے اور وہ مجبور ہو کر رشوت نہ لیں ۔

ٹیکسوں کے متعلق میری عرض یہ ہے کہ میں یہ سینکڑوں ٹیکسز کے اصول کو مانتا ہی نہیں۔ ہاؤس ٹیکس، 'پراپرٹی ٹیکس، انکم ٹیکس لگ رہے ہیں زراعتی ٹیکس علاوہ ہے مالیہ علاوہ ہے آبیانہ علاوہ ہے پھر کارپوریشن کا ٹیکس علاوہ ہے صوبائی ٹیکس علاوہ ہے مرکزی ٹیکس علاوہ ہے۔ جناب والا۔ ٹیکسوں کی بوچھاڑ ہے اس پر اتنا ہی عملہ لگ جاتا ہے۔ چنانچہ جتنا روپیہ ٹیکس وصول کرنے والے عملے پر خرچ ہوتا ہے اتنا روپیہ ملک کی ترقیات پر خرچ نہیں ہوتا ۔ اسلئے میں یہ اپیل کرونگا کہ خدا کیلئے انکم پر ٹیکس لینا ہے بےلیجئے ۔ انڈسٹری پر ٹیکس لینا

ھے لے لیجئے ۔ تجارت پر ٹیکس لینا ھے لے لیجئے ۔ کسٹم ڈیوٹی پر ٹیکس لینا ھے لے لیجئے لیکن ایک مرتبہ جو کچھ لینا ھے لے لیجئے ۔ عوام کو پتہ تو لگے کہ ھمیں کیا ادا کرنا ھے اور کیا نہیں ادا کرنا ھے ۔ میں کاشتکار کیلئے ثابت کر سکتا ھوں کہ آپ کے لگائے ھوئے ٹیکسوں کی ادائیگی کے بعد کاشتکار کو کھانے کیلئے روٹی نہیں ملتی ۔ اسلئے میں اپیل کرونگا کہ آپ ۱۰۰ روپے پر ۵۰ روپیہ ٹیکس لے لیں لیکن ۱۰ ھزار قسم کے ٹیکس نہ لگائیں ۔

جناب والا ۔ معاشرتی خرابیوں کے متعلق مثلاً جوا ، جو ھماری قوم میں کھل کر کھیلا جاتا ھے ۔ میری آنکھوں کے سامنے کے یہ واقعات ھیں کہ بڑے بڑے ایسے خاندانوں کے نوجوان اپنے آپ کو تباہ کر رھے ھیں ۔ races میں جاکر اپنے خاندان کو اور اپنے مستقبل کو تاریک کر لیتے ھیں ۔ آپ اسکے لئے کوئی قانون کیوں نہیں بناتے اور آپ قانونی طور پر ان چیزوں کو کیوں ختم نہیں کر دیتے ۔

اب میں ایک بات یہ کہوں گا اور مجھے یہ تجربہ ھے کہ ایک عورت اگر اپنی نا تجربہ کاری کیوجہ سے غلط راہ اختیار کر لیتی ھے تو اسکو در در کی ٹھوکریں کھانا پڑتی ھیں سوائے اسکے کہ وہ ایک غلطی کرنیکی وجہ سے ساری عمر جنگلوں میں جاکر پناہ لے اسکے لئے گورنمنٹ کو یہ چاھئے کہ وہ پناہ گاھیں بنائے جسمیں وہ ایک ٹھوکر کھانے کے بعد سنبھل جائے اور وھاں اسکے رھنے سہنے اور کھانے پینے کا انتظام کیا جائے پھر اسے کسی کام پر لگایا جائے تاکہ وہ غلط راستے سے ھٹ کر عزت کی زندگی گزار سکے ۔ اسکے علاوہ بچے جو یتیم ھو کر غلط راستے پر پڑ جاتے ھیں وہ بھی پناہ گاھوں میں آ کر اپنا قانونی protection حاصل کریں اور خوراک حاصل کریں ۔ انکو وھاں انڈسٹری سکھائی جائے اور وہ پھر ساری عمر حرام نہ کرینگے ۔

میں باتیں قوم کی کچھ اور کرتا لیکن ٹائم کم ھے ۔ اسلئے اب میں اپنے علاقے کی باتیں کرتا ھوں میری قوم کے متعلق جو اور باتیں رہ گئی ھیں وہ میرے دوسرے دوست کرینگے اور اب میں قوم کی باتیں نظر انداز کرنے پر مجبور ھوں ۔

جناب والا ۔ ملتان ڈویژن میں اور ضلع میں تعلیمی institutions بہت کم ھیں ملتان میں اسکی مثال نہیں ملتی وھاں بچیاں اور لڑکے اسلئے داخل نہیں ھو سکتے کہ وھاں تعلیمی انسٹیٹیوشن نہیں ھیں ۔ اسلئے میں وزیر متعلقہ بیگم صاحبہ سے

اپیل کرونگا کہ وہ مہربانی کر کے اسکی طرف پوری توجہ دیں ۔ اور اگر ملتان میں علیگڑھ یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے تو یہاں قوم کی خدمت پوری ہوسکے گی ۔ آپ یہ سنکر حیران ہونگے کہ ملتان شہر میں واٹر سپلائی اور اچھی سڑکوں کا انتظام نہیں ہے ۔ گورنمنٹ کی طرف سے ملتان میونسپلٹی کو مناسب گرانٹ دیا جائے تاکہ یہ ضرورت پوری ہو اور ملتان بڑے شہروں میں شمار ہو ۔

آپ کو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ ضلع ملتان ایسا بد نصیب ضلع ہے کہ جہاں نہر کا پانی آنیکے باوجود ابھی وہاں زر چاہی ختم نہیں ہوئی۔ یہ سلسلہ وہاں ختم کر دیا جائے ۔ میرا علاقہ تحصیل لودھران شجاع آباد سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس علاقے کے متعلق میں اتنا عرض کرتا ہوں کہ ملتان جیسے ترقی یافتہ علاقے کا حصہ ہوتے ہوئے بھی وہاں کے لوگوں کو کچھ سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔ نہ تو وہاں کوئی سڑک نظر آئے گی نہ بجلی کی لائنیں وہاں پہنچی ہیں ۔ ملک صاحب کوشش کر رہے ہیں خدا کرے کہ پہنچ جائیں اور نہ وہاں ریلوے لائین ہے اور وزیر ریلوے صاحب سے اپیل کرونگا کہ وہ اس طرف بھی توجہ دیں ۔ جو سڑکیں ہیں وہاں نہ بجلی ہے نہ ٹیلیفون ہے نہ تار گھر ہے نہ سکول ہے نہ وہاں پر تعلیم کا خاطر خواہ انتظام ہے اور نہ ریلوے لائین ہے ۔ جناب والا ۔ ہمارے علاقے کے لوگوں کو جب بہاولپور یا علی پور کی طرف جانا ہوتا ہے تو انہیں ۷۰,۶۰ میل کا چکر کاٹنا پڑتا ہے ۔ میں گذارش کرتا ہوں کہ ستلج پر کشتیوں کا ایک پل بنا دیا جائے تاکہ تجارت کو قائم رکھا جا سکے اور لوگ ۷۰,۶۰ میل کے چکر سے بچ جائیں ۔ میرے شہر پیروالا میں یہ چیز بھی باعث غور ہے ۔ بیگم صاحبہ جو میں عرض کر رہا ہوں کہ بچے باہر دھوپ میں بیٹھ کر اور بارش میں بیٹھ کر پڑھتے ہیں اور بچوں کے لئے سکول کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے ۔ میری تجویز ہے کہ مردانہ ہائی سکول شہر کے باہر چلا جائے اور زنانہ مڈل سکول کے لئے دوسرا حصہ دے دیا جائے جو ڈسٹرکٹ کونسل کے پاس ہے ۔ پھر جناب شجاع آباد کا ہسپتال شہر کے اندر بنا ہوا ہے اور ہسپتال کا شہر کے اندر ہونا صحت کے خلاف ہے تو میں وزیر صاحب سے اپیل کرونگا کہ وہ ایک رقبہ لیکر اسکو الاٹ کراکر وہ ہسپتال وہاں بنایا جائے ۔ جلال پور کا ہسپتال کافی مدت سے گر چکا ہے ۔ اسکو دوبارہ نہیں بنایا گیا ۔ میری گذارش ہے کہ ہیلتھ سنٹر سکیم کا دوبارہ اجرا کیا جائے اور ایک ایل ایم ایس ایف لیڈی ڈاکٹر دی جائے

تحصیل ہیڈ کوارٹر کے بارے میں گذارش یہ ہے کہ وہاں انچارج کا دفتر نہیں ہے اور اسکو عدالت گلی میں لگانی پڑتی ہے اور گلی میں دفتر ہے ۔ اس لئے گذارش ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر نیا بنایا جائے ۔

مسٹر افتخار احمد خان (جھنگ-۱) صدر ایوان ۔ یہ محض ایک اتفاق ہے کہ اس ایوان میں چند ایسے لوگ بھی ہیں جو نا مساعد حالات کے باوجود آنے میں کامیاب ہو گئے ہیں ۔ جنہوں نے اس ملک کی خشت اول اگر خود نہیں رکھی تو اپنے رہنماؤں کو خشت اول رکھتے ہوئے دیکھا ہے اور یہ حضرات نہ صرف ایوان کے اس بازو میں بلکہ اس بازو میں بھی میں ان کو پاتا ہوں ۔ جناب والا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے انگریز کے ظلم و استبداد کا مقابلہ کیا ۔ انگریزوں کی شہنشاہی کو چیلنج کیا تھا اور ان کو سرنگوں کیا اور اس خطے کو آزاد کرایا ۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہندو کی تنگ نظری کو بے نقاب کیا یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے بد مست سکھوں کو خون مسلم سے ہولی کھیلتے ہوئے دیکھا ہے ۔ آج جب ان کے سامنے کوئی منصوبہ ۔ کوئی میزانیہ یا کوئی تحریک پیش ہوتی ہے تو وہ یہ اپنا فرض اولین تصور کرتے ہیں ۔

Major Abdul Majid Khan : Sir, the House is not in quorum.

Mr. Speaker : The House is adjourned for 15 minutes.

(The Assembly then adjourned for fifteen minutes)

The Assembly met at 12-36 p. m. Mr. Speaker in the chair.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : On a point of order Sir. It is well known all over the world that it is the treasury benches, who are responsible for every penny of the exchequer which is wasted. It is, therefore, they who always see to it that quorum is there Sir. I would request you to point out to them to please see that the quorum is complete. Opposition always tries that more time should be lost but it is their duty to complete the quorum.

Mr. Speaker : I will request the leader of the majority party as well as the leader of the minority party to see that the quorum is maintained.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں کوشش کرونگا اور خواجہ صاحب سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ کورم پورا رہے ۔ صبح کے وقت جب خواجہ صاحب تقریر کر رہے تھے تو ان کی پارٹی کے صرف ۵ ممبران بیٹھے ہوئے تھے ۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کورم پورا رکھنے میں مدد دیں ۔

Mr. Speaker : That is why I have requested both the sides.

مسٹر افتخار احمد خان ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ محض سوئے اتفاق ہے کہ اس ایوان میں کچھ لوگ ایسے آ گئے ہیں جنہوں نے اس ملک

کی تخلیق میں نمایاں حصہ لیا ہے اور اہم کردار ادا کیا ہے ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ یہ لوگ نا مساعد حالات میں آئے ہیں مجھے اشارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ آپ خود اس ایوان اوراس ملک کے طریق انتخاب کے متعلق اچھی طرح واقف ہیں ۔ یہ ایک ایسا طریق انتخاب تھا جس میں نہ کسی پارٹی کے بنانے کی اجازت تھی نہ کسی منشور کی اجازت تھی ۔ یہ بنیادی جمہوریت کا سسٹم ایسا تھا ۔ کہ ان لوگوں کے لئے جنہیں کچھ سیاسی شعور تھا انتخاب میں حصہ لینا مشکل ہو گیا ۔

اب جناب والا ۔ اس ایوان میں جب کوئی منصوبہ یا میزانیہ پیش ہوتا ہے تو اس امر کی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ اسے کس کسوٹی پر پرکھا جائے۔ جس طرح آپ دوسری چیزوں کو پرکھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ آیا اس سے استحکام ملک اور بقائے دین و ملت ممکن ہے اور اس سے مدد ملتی ہے یا نہیں اور پھر جب ہم یہاں یہ دیکھتے ہیں کہ ایوان کے اس بازو کے صف اول میں چند ایسے حضرات تشریف فرما ہیں جو شیر خوار شہزادے ہیں یا نا معلوم کوئی پرانے قسم کے بازی گر ہیں جو عمر بھر اغیار کی گلیوں کا طواف کرتے رہے ہیں ۔ اب یہ احساس شدت سے بڑھ رہا ہے کہ ہم ہر شخص کو کسوٹی پر پرکھیں اور دیکھیں کہ ان کا طریق کار اور منصوبہ ہمارے معیار پر پورا اترتا ہے یا نہیں ۔

جناب والا ۔ میں کسی بھی میزانیہ کو سرمایہ کی فراوانی کے نقطہ نظر سے دیکھنے کا قائل نہیں ہوں ۔ میں ایسے میزانیہ کو نذر آتش کر دینا چاہتا ہوں جس کا مقصد محض کاروں کی ریل پیل یا محض عالیشان اور فلک بوس عمارتوں کی تعمیر ہے ۔ میں اس میزانیہ کو دریا میں پھینک دینا چاہتا ہوں ۔ کہ جس کی اساس عوام کے بنیادی حقوق سے انحراف ہو ۔ میں اس میزانیہ کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دینا چاہتا ہوں ۔ کہ جس کا منشاء انسان کی اور اس ملک کی آزادی سے انکار ہو ۔ کیونکہ جناب والا ۔ اس میزانیہ سے ایسے مجسٹریٹوں کو تنخواہیں ملیں گی ۔ جو ہمارے مجاہدین رہنماؤں کو دفعہ ۱۲۴ (الف) کے تحت کٹہرے میں کھڑا کرے گا ۔ اس میزانیے سے ان جیلروں کو تنخواہیں ملینگی ۔ جنہوں نے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں آزادی کے پروانوں کو قید کیا ہوا ہے ۔ جناب والا ۔ میرے نزدیک میزانیہ کا معیار کیا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ میں ایسے میزانیہ کو دیکھنا چاہتا ہوں ۔ جو قوم کی تمناؤں ، جو قوم کی امنگوں اور خواہشات کو پورا کرنے کے لئے بنایا گیا ہے ۔ اور یہ میزانیہ

وہ نہیں ہے ۔ اور اس کی ایک وجہ ہے ۔ جناب عبدالوحید خان اس بچے کی تخلیق کی ذمہ داری اپنے ذمہ لیتے رہے ہیں ۔ اور اس سلسلے میں زچگی کی تکلیف بھی اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے بیان کرتے رہے ہیں ۔ لیکن انہوں نے اب اس بچے کو قائد ایوان کی گود میں پھینک دیا ہے ۔ اور انہیں کہتے ہیں کہ یہ ان کا ہے ۔ لیکن اگر آپ اس بجٹ کی تقریر کا آخری حصہ پڑھیں ۔ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس کا اصل باپ کون ہے ۔ یہ میزانیہ محکمہ مالیات کے قابل افسروں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے ۔ جنہوں نے دن رات محنت کر کے اسے تیار کیا ہے۔ اب جناب والا ۔ آپ نے اس کی نشاندھی تو کر لی کہ اس کو پیدا کرنے والا کون ہے ۔ تو اس کے بعد آپ کو اس کے خط و خال پہچاننے میں پوری مدد ملے گی ۔ اور آپ کو یہ معلوم ہو جائیگا کہ یہ میزانیہ bureaucracy کا میزانیہ ہے ۔ جو کہ ان کی تمناؤں ، ان کی امنگوں اور خواہشات کو پورا کرنے کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اگر اس ملک کے میزانیہ کا مقصد محض سرمایہ کی فراوانی ہے تو پھر میں یہ عرض کروں گا کہ اس ملک کو پھر کیا ضرورت تھی ۔ اس لکشمی دیوی کی پوجا کرینگی ۔ اس لکشمی دیوی کی پوجا تو اکھنڈ بھارت میں اس سے بہتر طریقے پر کی جا سکتی تھی ۔ اکھنڈ بھارت کی فضا سرمایہ دار بننے کے لئے ، مالدار بننے کے لئے اور اچھی اچھی کاریں رکھنے کے لئے زیادہ موزوں تھی ۔ اگر دینوی اور مادی سہولتیں ہی آپ کا مطمح نظر اور مقصد حیات ہیں ۔ تو پھر میں آپ کو دعوت دوں گا کہ آپ اشتراکیت کے خلاف پل نہ باندھیں ۔ بلکہ اسے قبول کر لیجئے ۔ اسے تسلیم کر لیجئے ۔ اور آپ اس حد تک نہ جائیں ۔ آج آپ نے پاکستان کے کئی گوشوں میں اشتراکیت کے مقابلہ کے لئے امریکہ کو bases دیئے ہوئے ہیں ۔ میزانیہ کا مقصد یہ نہیں ہے ۔ بلکہ اس کا مقصد محض یہ ہے کہ قوم کی تمناؤں ، قوم کا اخلاق اور قوم کے کردار کی تشکیل میں اور اسے مضبوط کرنے میں مدد دے ۔

اس تمہید کے بعد جناب والا۔ اب میں اس رستے ہوئے ناسور کی طرف آتا ہوں ۔ جو اس قوم اس صوبے اور اس عوام کے لئے ایک عملہ منصوبہ تھا ۔ جس کو ہماری بحث ، جس کو ہمارے آپس کے پیار ۔ جس کو ہمارے ملکی استحکام اور مضبوطی کا ضامن ہونا چاہئیے تھا ۔ لیکن افسوس کہ وہ ہڈی اور وہ جوڑ جسے اس قوم کی ریڑھ کی ہڈی ہونا چاہئیے تھا ۔ آج ہمارے آپس کے

انتشار کا باعث بن گئی ہے ۔ چنانچہ ہم روزانہ اس ایوان میں سنتے ہیں بلکہ سنتے سنتے ہمارے کان پک چکے ہیں ۔ آج ہر شخص ون یونٹ کے خلاف آواز اٹھا رہا ہے ۔ اس لئے آئیے کہ اس کے اسباب معلوم کریں ۔ اور دیکھیں کہ یہ عظیم منصوبہ اور یہ بہترین منصوبہ کیوں fail ہوا ہے ۔ میں جناب والا۔ اپنی ناقص رائے میں عرض کروں گا اور جیسا کہ اکثر حضرات کو معلوم ہے کہ خدا خوش رکھے نواب مشتاق احمد گورمانی کو کہ یہ خواب پریشان انہوں نے دیکھا تھا ۔ وہ اس منصوبے کے ذریعے سے ایک عظیم تر greater baluchistan کے خواب کی تعبیر کرنا چاہتے تھے ۔ لیکن افسوس کہ ہمارے لئے ایک لاینحل مسئلہ چھوڑ گئے ۔ جس سے قوم پریشان ہے اور حیران ہے ۔ آج ون یونٹ وہ گورکھ دھندا بن چکا ہے ۔ کہ جس کا علاج کسی کی نظر میں کچھ بھی نہیں ۔ محض بیانات دے دینا ، محض اس ایوان میں وزیروں کا بیان دیدینا اور محض سر زمین پنجاب میں یہ بیان دیدینا ان کی دیانت داری پر دلالت نہیں کرتا ۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی اقلیت کا وزیر یہ ثابت کرے کہ اس نے پبلک جلسے میں ون یونٹ کی حمایت میں تقریر کی ہے . . . . . .

وزیر ریلوے (مسٹر عبدالوحید خان) ۔ میں ان کے اس چیلنج کو قبول کرتا ہوں ۔ اور یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے اور شیخ مسعود صادق صاحب نے ون یونٹ کے حق میں باقاعدہ تقریریں سرحد اور سندھ میں کی ہیں ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ آپ تو پنجاب کے ہیں ۔ آپ کے بڑے سے بڑے اکابر اور لیڈر اغماض کرتے ہیں ۔ چوری کرتے ہیں ۔ آیا کبھی وہ سندھ میں جا کر یا بلوچستان میں جا کر یا سرحد میں جا کر ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ یہ ''چوری،، کا لفظ واپس لے لیں ۔

نوابزادہ افتخار احمد خان ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ خان پیر محمد خان نے ون یونٹ کے حق میں فرنٹیئر میں تقریر کی ہے ۔

مسٹر افتخار احمد خان ۔ بہر حال یہ ہے ۔ ان کی ون یونٹ کی طرفداری کا عالم ۔ اور میں تو یہاں تک ان پر الزام لگاتا ہوں کہ جب وہ اپنی نجی محفلوں میں بیٹھے ہوئے گفتگو کرتے ہیں ۔ تو وہاں وہ اس کے خلاف ہی بولتے ہیں ۔ لیکن حضور آپ ہمیں کیوں الزام دیتے ہیں کہ ہم انتشار پیدا کر رہے ہیں ۔

ہم اس ملک میں افراتفری پیدا کر رہے ہیں ۔ آپ اس ون یونٹ کے بدترین دشمن ہیں ۔ آپ اس ون یونٹ کو برباد کرنا چاہتے ہیں ۔ اور آپ نے معاہدہ کیا ہوا ہے کہ اس ملک کو ختم کریں ۔ آپ ون یونٹ کے دشمنوں کے صف اول میں ہیں ۔ یہ میرے ذاتی خیالات ہیں جو میں آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں ۔ میں نہ ون یونٹ کو اپنا مذہب سمجھتا ہوں نہ اسے اپنا ایمان سمجھتا ہوں نہ اسے صحیفۂ آسمانی تصور کرتا ہوں ۔ یہ محض ایک انتظامی مسئلہ ہے ۔ کیا مجھے آپ کو یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ ون یونٹ بننے سے پہلے پاکستان زیادہ مضبوط تھا ۔ ون یونٹ سے پہلے مغربی پاکستان کے عوام کی اقتصادی حالت زیادہ بہتر تھی اور مختلف صوبوں میں اچھی سے اچھی ترقی ہو رہی تھیں ۔ ون یونٹ سے پہلے bureaucracy پر عوام کا اور وزراء کا زیادہ اثر تھا ۔ آپ اسے محض ایمان کا مسئلہ نہ بنائیں ۔ خدا کے لئے آپ اسے پاکستان کے ساتھ منسلک نہ کریں ۔ کل کو آپ یہ بھی کہیں گے کہ اگر ملک قادر بخش نہ ہوئے تو پاکستان چل ہی نہیں سکے گا ۔ پاکستان بڑے خون اور بڑی قربانیوں کے بعد حاصل ہوا ہے ۔ انشا اللہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب اگر ون یونٹ کا مسئلہ ایمان کا مسئلہ ہے تو ہم میں مرتد بھی موجود ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member cannot call any Member of this House as "murtadd." He should withdraw this word. He may criticise anything but he cannot attack the dignity of the Members.

مسٹر حمزہ ۔ جناب صدر ۔ مذہب اسلام کے مطابق اگر ایک مسلمان اپنا دین چھوڑ دے تو اسے مرتد کہا جاتا ہے ۔ اگر میں اپنا ایمان چھوڑ دوں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker. The Member is not a judge on دین and ایمان of the Members of this House. He should withdraw these words.

مسٹر حمزہ ۔ ایک یونٹ دین اور ایمان کا مسئلہ ہے ہی نہیں ۔ اگر گورنمنٹ اسے سمجھتی ہے تو بعض ممبران نے ایک وقت اس کے حق میں ووٹ دی اور دوسری بار اس کے خلاف ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ۔ آپ ''مرتد'' کا لفظ واپس لے لیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر افتخار احمد خان - جناب والا - ون یونٹ جس طریقے سے بنایا گیا - جس مجرمانہ عجلت کے ساتھ بنایا گیا - اور جن غیر جمہوری طریقوں سے بنایا گیا - وہی بنیادی غلطی تھی - اسے تو ناکام کرنے کی کوشش کی گئی ہے کسی شاعر نے کہا ہے - کہ

خشت اول چوں نہد معمار کج تا ثریا میرود دیوار کج

اگر اس وقت عوام سے پوچھ لیا جاتا - اگر اس وقت ان کے ذہنوں کو اس کے لئے تیار کیا جاتا تو اتفاق اور اتحاد کا یہ عظیم منصوبہ یہ عظیم کوشش کبھی ناکام نہ ہوتی - لیکن جو رہی سہی امیدیں تھیں وہ پچھلے سال ان بزرگوں نے ختم کر دیں -

Minister of Railways : May I ask whether he is arguing for one unit or against one unit ?

مسٹر افتخار احمد خان - آپ کو سمجھا نہیں رہا ہوں - یہ ریلوے بجٹ نہیں ہے ؟

وزیر ریلوے - ذرا کم عقل ہوں آپ سمجھا دیں -

مسٹر افتخار احمد خان - اس لئے جناب والا- میں آپ کے لئے یہ عرض کرونگا کہ جب تک آپ ذہنی طور پر سندھ کو ، بلوچستان کو اور فرنٹیئر کو اس کے لئے تیار نہ کریں گے یہ آپ کا کمزور ترین link ہوگا اور یہ آپ کی کمزوری کا باعث ہوگا اور یہ پاکستان کے لئے نقصان دہ ہوگا - میں ذاتی طور پر اس کا حامی ہوں آپ کو بتاؤں میرے لئے بلوچستان کا کونہ یا فرنٹیئر کا کونہ یا سرحد کا کونہ اتنا ہی عزیز ہے جتنا میرا ضلع یا میرا سابق صوبہ - اگر یہ پسماندہ علاقے کا بجٹ ہوتا تو میں بخل سے کام نہ لیتا اور میں خیرمقدم کرتا - پنجاب کا ہر آدمی خوش آمدید کہتا اگر بلوچستان کی ترقی ہوتی اگر فرنٹیئر کی ترقی ہوتی اس میں کسی کو grudge کرنے کی ضرورت نہیں - لیکن جو گیارہ ہزار روپیہ دیا گیا ہے وہ تو rules بنانے پر صرف کریں گے اور وہ انسان کی آزادی کو کچلنے کے لئے صرف کریں گے - ان معروضات کے بعد اب جناب والا - میں دوسرے مسئلہ کی طرف آتا ہوں مجھے میرے دوست گردیزی صاحب معاف فرمائیں گے - جناب ان کو بھی معلوم ہے کہ ذاتی طور پر مجھے ان سے کوئی رنج نہیں ہے اور نہ کوئی چپقلش ہے نہ مخالفت ہے لیکن اس بجٹ سپیچ میں کہا گیا ہے کہ جو محکمے مرکز سے آئے ہیں ان کو آپ نے چنت نشان

بنا دیا ہے آپ نے ان کے حالات بہترین کر دیئے ہیں آپ نے ان کو بڑے اچھے طریقہ سے سنبھالا ہے لیکن شرم و ندامت سے گردن جھک جاتی ہے کہ جب سے آپ نے قلمدان وزارت جنوری ۱۹۶۳ء سے سنبھالا ہے جتنے strikes صوبے میں ہوئی ہیں کبھی اتنی نہیں ہوئیں ۔ مجموعی طور پر یہ آپ کی بد نظمی کی وجہ سے ہوئی ہیں آپ نے مزدوروں پر جتنا لاٹھی چارج کر دیا اس کی مثال ۱۶ سال کی تاریخ میں نہیں ملتی آپ نے مزدوروں کو جتنا تنگ کیا اس کی مثال نہیں ملتی آپ نے سیفٹی قوانین کا استعمال کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی ۔ چونکہ آپ ایک نوجوان شہزادے ہیں اور آپ نے یہ تصور کر لیا ہے کہ لیبر کے مسئلے کا حل فقط لاٹھی چارج ہے محض فائرنگ ہے ۔ لیبر کے مسئلے کا حل محض ڈنڈا rule ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ آپ نے bogus federation بنائی آپ کو یہ نہیں چاہئے تھا آپ نے Pakistan Federation of Labour بنائی آپ نے خفیہ سرمایہ داروں سے چندہ جمع کیا ۔ آپ نے اس چندہ کو مزدوروں پر سختی کرنے کے لئے خرچ کیا ۔ آپ نے فیڈریشن کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا ۔ تو جناب والا ۔ میرا اس سے مطلب یہ ہے کہ لیبر کے مسائل اتنے پیچیدہ و اہم ہیں کہ آج یورپ اور امریکہ کے لوگ بھی اس کا حل تلاش نہ کر سکے ۔ لیکن انہوں نے کیا حل تلاش کیا ہے ؟ ڈنڈا ۔ گولی فائرنگ اور یہ نہ سوچا کہ غریب مزدور ہمارے معاشرے کا جزو ہیں ۔ ان پر ہماری زندگی کا دار و مدار ہے ۔ آپ نے ایک سال کے اندر پاکستان کی صنعت اور پاکستان میں کھل بلی مچا دی افراتفری پھیلا دی ۔ تو اس لئے میں عرض کروں گا کہ آپ اپنی پالیسی کو تبدیل کریں اور Labour Directorate اور Civil Administration کو یہ مشورہ نہ دیں کہ مزدور کو محض ڈنڈوں سے دبایا کرو ۔

دوسری بات جناب والا ۔ میں ایجوکیشن کے متعلق کہوں گا ۔ پہلے میں اپنی طرف سے اور اپنے ضلع کی طرف سے بیگم صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہیں نے ہماری ایک دیرینہ خواہش کو لیڈیز کالج کی شکل میں تسلیم کر لیا ہے ۔ اس سلسلے میں یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ جب تک کالج کے لئے بلڈنگ نہ ہوگی یہ خواہش مکمل نہیں ہوگی ۔ لیکن اس مبارکباد کے ساتھ ہی ساتھ دست بستہ عرض کروں گا کہ ٹیچرز کی تنخواہوں کا مسئلہ نہایت اہم مسئلہ ہے ۔ اساتذہ ہماری قوم کے معمار ہیں اور استادوں نے ہی ہماری آئندہ نسل کو علم مہیا کرنا ہے ۔ آپ یہ دیکھ رہی

ہوں گی کہ روزانہ ان کے ریزولیوشن آپ کے پاس آ رہے ہونگے اور وہ اپنے scale سے مطمئن نہیں ہیں ۔ ان کی تنخواہیں بیحد کم ہیں اور ضرورت ہے کہ آپ ان کو مطمئن کریں ورنہ اگر ٹیچرز ، لیکچررز اور پروفیسرز مطمئن نہیں ہونگے تو ایجوکیشن اچھی نہیں ہو سکتی ۔

اب اگر جناب خانؒ پیر محمد خان صاحب متوجہ ہوں تو میں ان سے عرض کروں کہ ایک سال سے جو آپ نے پالیسی اختیار کر رکھی ہے پنجاب کی آراضیات کو نیلام کرنے کی خدا کے لئے اب وقت ہے کہ آپ اس کو بند کریں ۔ ہر شخص نے آپ سے درخواست کی ہر گوشے سے آپ کو درخواست دی گئی ۔ لیکن افسوس ہے کہ آپ نے اب تک اس طرف توجہ نہیں کی ۔

Mr. Speaker : The Member's time is going to finish.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : I will take my time tomorrow.

Mr. Speaker : He may finish his speech today. I am not going to allow him any time.

Mr. Iftikhar Ahmed Khan : Then you will have to extend the time today.

آپ کو یاد ہوگا کہ آپ نے وعدہ کیا تھا کہ باڑا شرائط کے تحت جو لوگ وہاں آباد ہونگے ان سے ان زمینوں کی نہ صرف قیمت لیجائیگی لیکن افسوس ہے کہ پنجاب کے بعض اضلاع میں وہ زمینیں بیچ دی گئیں ۔ میں تجویز کرتا ہوں کہ آپ نے جھنگ سے جو ایک کروڑ روپیہ اکٹھا کیا ہے ۔ نیلام کی چوتھائی رقم اکٹھی کی ہے کہ وہاں اراضیات کی آمدنی پچاس لاکھ ہے ۔ تو آپ پچاس لاکھ کی آمدنی کو خراب کر رہے ہیں ۔ dam نے ایک دن میں نہیں بن جانا ۔ آپ جو پیسے کا accumulation کرتے ہیں ۔ dam نے آہستہ آہستہ بننا ہے ۔ آپ لوگوں کو کیوں بے گھر کر رہے ہیں جنہوں نے زمینوں کو آباد کیا جنہوں نے ان پر زیادہ محنت کی ۔ آپ ان کو خدا کے لئے بیدخل نہ کیجئے اور اس پالیسی کو تبدیل کیجئے ۔

جناب والا ۔ آج اس ایوان میں ان جلسوں کے متعلق صفائی پیش کی گئی ہے ۔ اس سرکاری مداخلت ، اس سرکاری امداد ، اور سرکاری مشینری کے ناجائز استعمال کے خلاف ہے ۔ جو الزامات قائد حزب اختلاف نے لگائے تھے دو معزز ارکان نے اس کا جواب دیا نہ معلوم کس مصلحت سے کس مجبوری سے ۔ وہ آپ نے سن لیا ۔ ایک صاحب تو تشریف لے گئے پشاور کے کارخانہ دار پشاور کے big magnate جو گورنمنٹ کے محتاج ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ ان کو نہیں دینا چاہئیے تھا ۔

تو یہ صفائی وہ خود پیش کرتے ھیں اور خود کہتے ھیں کہ میں اس میٹنگ کا convenor تھا انتظامات کا convenor تھا ۔ کیا آپ ملزم کی بات پر اس کا فیصلہ کرنا چاھتے ھیں ۔ اس مسئلے کو تمام دنیا نے دیکھا ۔ دوسرے صاحب بھی کہنے لگے کہ میں ملتان کی میٹنگ کا convenor تھا۔ ملزم کی صفائی ملزم کی زبانی کون قبول کرتا ھے ۔ اگر وہ پریس کانفرنس نہ کرتے تو اتنے لوگ ان کی طرف توجہ نہ کرتے۔ آپ نے صدر صاحب کی وھی خدمت کی جو مسٹر شعیب نے راولپنڈی میں کی تھی ۔ میں اس لئے عرض کروں گا کہ اس منسٹری نے صوبے کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ھے ۔ آج کاشتکار پریشان ھیں اس لئے کہ ان پر ٹیکسوں کا بوجھ لگا ھوا ھے ۔ دوکاندار پریشان ھیں کہ ان کو بلیک مارکیٹ میں کپڑا ملتا ھے ۔ گاھک پریشان ھیں کہ ان کو زیادہ قیمتوں پر ھر چیز خریدنی پڑتی ھے اور سرکاری ملازمین کی تنخواھوں میں آپ نے اضافہ نہیں کیا جتنا کہ آپ نے مہنگائی اور ٹیکسوں میں اضافہ کر دیا ھے ۔ اور اس بد نظمی اور افراتفری میں اور اس انتشار کے بعد آپ ایوان سے توقع کرتے ھیں کہ وہ آپ کے بجٹ کو پاس کر دیں ۔ مجھے اس معزز ایوان سے توقع ھے کہ وہ اس بجٹ کو انشاء اللہ نہایت اکثریت کے ساتھ fail کریں گے ۔

Mr. Speaker : The House now stands adjourned till 8.00 a.m. tomorrow.

(The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Friday the 21st June, 1963)

No. 2056/63 O.P. 903—600—8-11-63, Istiqlal Press, Lahore.